جدید ایڈیشن

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا
اور ہم نے ہر چیز کھول کر تفصیل سے بیان کر دی ہے

اشاریہ

مَضامینِ قرآن

جلد اول

تفصیلُ البیان ۔ فی ۔ مَقاصد القرآن

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

الفیصل
ناشران و تاجرانِ کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

297.122016 Mumtaz Ali, Maulana Syed
Esharia Mazameen-e-Quran / Maulana
Syed Mumtaz Ali.- Lahore: Al-Faisal Nashran,
2008.
2v.,(766;536p)

1 Quran Esharia I. Title card

ISBN 969-503-084-x

جولائی 2008ء
محمد فیصل نے
آر۔ آر پرنٹرز سے چھپوا کر شائع کی۔

AL-FAISAL NASHRAN
Ghazni Street, Urdu Bazar, Lahore. Pakistan
Phone : 042-7230777 Fax : 09242-7231387
http : www.alfaisalpublishers.com
e.mail : alfaisal_pk@hotmail.com

(۱)

كِتَابُ العَقَائِد

(۲)

كِتَابُ الاحكام

(۳)

كِتَابُ الرِّسَالَة

(۴)

كِتَابُ المَعَاد

افضل حق قرشی

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

آپ حضرت امام رضاؑ کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کے اجداد بخارا کے رہنے والے تھے، آپ کا خاندان عہد عالمگیری میں ہندوستان آیا اور جگادھری (ضلع انبالہ) کے قریب آباد ہوگیا۔ دو تین نسلیں وہیں مقیم رہیں۔ آخر ایک بزرگ میر ہاشم علی دیوبند میں جا کر آباد ہو گئے، ان کے بھانجے میر ستار علی نواب بہادر گڑھ کے مدار المہام مقرر ہوئے۔ انہی میر ستار علی کے صاحبزادے سید ذوالفقار علی تھے جو سید ممتاز علی کے والد تھے۔ سید ذوالفقار علی ادب فارسی میں امام بخش صہبائی کے شاگرد تھے۔ عربی سینٹ سٹیفنز کالج دلی سے پڑھی۔ شملہ میں ڈپٹی انسپکٹر مدارس، گجرات میں سررشتہ دار اور راولپنڈی میں تحصیلدار رہنے کے بعد ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے اور پنجاب کے متعدد اضلاع میں مقیم رہے۔

سید ممتاز علی ۲۷ ستمبر ۱۸۶۰ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ اتفاق سے یہ دن میلاد النبی ﷺ کا تھا۔ میلاد النبی ﷺ کے دن ولادت ہوئی۔ عمر بھر تحریک میلاد کی اشاعت کرتے رہے اور عید میلاد ہی کے اگلے دن انتقال ہوا۔ آپ کی باقاعدہ تعلیم کا آغاز پانچ برس کی عمر میں ہوا۔ دیوبند میں سید عبداللہ شاہ عرف منے شاہ کے مکتب میں پارہ عم، خالق باری اور کریما کا درس مکمل کیا۔ بعد ازاں والد نے راولپنڈی بلا لیا۔ یہاں آپ نے عربی صرف و نحو، فقہ و منطق اور فارسی ادب کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۷۳ء میں آپ کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ کچھ عرصہ بعد دیوبند جا کر دارالعلوم میں داخل ہو گئے۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ، مولانا سید احمد دہلویؒ، ملا محمود دیوبندیؒ اور مولانا محمد صدیق انبہٹویؒ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔ اس وقت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ بقید حیات تھے۔ آپ نے ان کی صحبت سے بھی بہت کچھ استفادہ کیا۔ اسی زمانہ میں شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ بھی دارالعلوم میں زیر تعلیم تھے۔ سید ممتاز علی ان کے ہم سبق و ہم جماعت رہے اور دونوں بزرگوں میں آخر دم تک محبت و مودت کا رشتہ نہایت استوار رہا۔ اسی اثناء میں آپ کے والد فیروز پور میں ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہو گئے اور انہوں نے آپ کو فیروز پور بلا لیا۔ ۱۸۷۴ء میں اتالیق کی مدد سے آپ نے انگریزی پڑھنا شروع کی۔ دو سال کی قلیل مدت میں آپ نے مڈل سکول کا امتحان پاس کر لیا۔ ۱۸۷۶ء میں گورنمنٹ ہائی سکول لاہور میں داخلہ لیا اور وہیں سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ یہیں شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد سے ملاقات ہوئی۔ آپ کے والد اور آزاد کے والد مولوی محمد باقر کا گہرا دوستانہ تھا۔ اب

دونوں کے صاحبزادوں میں پر خلوص تعلقات قائم ہو گئے جو آزاد کے انتقال تک قائم رہے۔ ۱۸۸۴ء میں بی اے کا امتحان دیا لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ ۱۸۸۷ء میں بی۔اے کا ارادہ ترک کر کے انڈین سول سروس کا امتحان دیا مگر اس میں کامیابی نہ ہوئی۔ اسی سال چیف کورٹ لاہور میں بحیثیت مترجم ملازمت اختیار کر لی۔ ۱۸۸۸ء میں آپ کی شادی بھی ہو گئی لیکن ۱۸۹۱ء میں علالت کی بناء پر ملازمت سے مستعفی ہونا پڑا۔ آپ کی بیماری کی مندرجہ ذیل خبر ہفتہ وار سرور گزٹ، بجن میں "مولوی سید ممتاز علی کی بیماری" کے عنوان سے شائع ہوئی:

> ہم نہایت افسوس اور دلی رنج سے اس بات کو لکھتے ہیں کہ مولوی سید ممتاز علی صاحب مترجم چیف کورٹ پنجاب نہایت سخت بیمار ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ زندگی سے مایوسی ہو گئی تھی۔ مگر شکر کا مقام ہے کہ اب ان کی حالت رو بصحت ہے اور یقین ہے کہ خداوند تعالیٰ آپ کو صحت عاجل اور شفائے کامل بخشے گا۔ صاحب موصوف تو اب تک نہایت مایوسی کی باتیں کرتے ہیں مگر خداوند کریم کی بخشش سے امید ہے کہ ہماری قوم کو کوئی ایسا صدمہ نہ پہنچا دے گا جس کے واسطے وہ اپنے آپ کو تیار ظاہر کرتے ہیں۔ یہ عالم اور نوجوان سید ہماری ہزاروں قومی آرزوؤں کا مرکز ہیں اور خدا ان کا حافظ و ناصر ہوگا۔۲

۱۸۹۲ء میں ایک سرکاری ملازمت کے حصول میں انہیں کامیابی ہوئی۔ غالباً یہ ملازمت بھی حسب منشا نہ تھی اس لئے سال بھر سے زیادہ نہ چلی۔ اب ملازمت کا ارادہ ہی ترک کر دیا اور خانہ نشین ہو گئے۔ ۱۸۹۶ء کے اوائل میں اہلیہ کا انتقال ہو گیا۔ ۱۸۹۷ء میں سید احمد شفیع ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی صاحبزادی محمدی بیگم سے عقد ثانی ہوا۔ اس خاتون نے آپ کے اس ارادے کو بہت تقویت دی کہ عورتوں کی تعلیم و تہذیب کے لئے ایک زنانہ اخبار جاری کیا جائے۔ چنانچہ ۱۸۹۸ء میں رفاہ عام کے نام سے ایک مطبع، دارالاشاعت پنجاب کے نام سے ایک مکتبہ اور تہذیب نسواں کے نام سے زنانہ اخبار جاری کیا۔ ۱۹۰۲ء میں پندرہ روزہ رسالہ "تالیف و اشاعت" کے نام سے جاری کیا۔ اس رسالے نے اقبال کے اہل زبان کے ساتھ معرکے میں اقبال کا بھرپور دفاع کیا۔ ۱۹۰۴ء میں "مشیر مادر" جاری کیا۔ ۳ نومبر ۱۹۰۸ء کو محمدی بیگم بھی فوت ہو گئیں۔ ۱۹۰۹ء میں آپ نے بچوں کیلئے "پھول" جاری کیا۔ علمی و تعلیمی خدمات کے باعث ۱۹۳۴ء میں حکومت کی طرف سے آپ کو شمس العلماء کا خطاب ملا۔ اس کے ایک سال بعد ۱۵ جون ۱۹۳۵ء کو گیارہ بجے شب حرکت قلب بند ہو جانے سے آپ کا انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ دیوبند کے آبائی قبرستان میں دفن کیے گئے۔ مولانا غلام رسول مہر نے آپ کی وفات پر اداریہ میں تحریر کیا۔

> سر سید احمد خان، محسن الملک، وقار الملک، شبلی، حالی، آزاد، نذیر احمد، ذکاء اللہ، شرر ہندوستان میں علم و عمل، ادب و شعر اور ترقی و تمدن کے جلیل القدر علمبردار تھے۔ افسوس کہ ایک ایک کر کے سب رخصت ہو گئے۔ اس بزم شبانہ کی یادگار مولانا سید ممتاز علی باقی تھے۔ آخر ۱۵ جون کو وہ بھی واصل رفیق اعلیٰ ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اب محفل بالکل سونی ہے اور زندہ دل پیران کہن میں سے کوئی باقی نہیں۔

مـــاکـــان قیـــس هـلـکـــہ هـلـک واحـد
ولــکــنـــہ بـــنـیـــان قـــوم تهـدمـــا

آج ہندوستان کے مسلمانوں کو علوم جدیدہ سے جتنا شغف اور تعلیم انگریزی کا جتنا بھی شوق ہے وہ سب کا سب سرسید کی مفید و مبارک تحریک کا نتیجہ ہے۔ اور پشاور سے لے کر راس کماری تک جتنے مسلمان خاندانوں کی عورتیں اور لڑکیاں معمولی شدبد رکھتی ہیں یا اعلیٰ تعلیم پا چکی ہیں یا پا رہی ہیں وہ سب بلا مبالغہ شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی کے شرمندہ احسان ہیں جنہوں نے اپنی ساری عمر تعلیم و تہذیب نسواں کی نذر کر دی۔ مولانا کا علم و فضل، آپ کی اصابت رائے، دیانت فکر اور پابندی وضع کا پایہ اس قدر بلند تھا کہ اگر وہ اپنے محدود دائرہ عمل سے نکل کر قوم کی سیاسی و مذہبی رہنمائی کرتے تو ملک کے بہترین رہبروں کی صف اول میں ہوتے لیکن قوم کے "نصف بہتر" کی تعلیم و تہذیب مدت دراز تک معرض التواء میں پڑ جاتی کیونکہ اس دائرے میں بھی مولانا کا نعم البدل دستیاب ہونا بے حد دشوار تھا۔۳

آپ ۱۸۷۷ء میں دسویں جماعت کے طالب علم تھے کہ اسلام کے بارے میں تشکیک کا شکار ہو گئے۔ اپنے انگریزی کے بنگالی استاد بابو چندر ناتھ متر کے کہنے پر سرسید کو ایک مفصل خط لکھا۔ سرسید نے خط و کتابت کے نتیجے میں آپ کے تمام شکوک رفع ہو گئے اور سرسید آپ کے ذوق علمی اور قرآن فہمی کے اس قدر قائل ہو گئے کہ اپنی تفسیر میں جہاں کوئی دقت و اشکال پیدا ہوتی وہاں آپ سے مشورہ کیے بغیر آگے نہ بڑھتے۔ سرسید آپ کے مداح تھے اور آپ کے بارے میں نیک خواہشات رکھتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں:

میں آپ کی عنایت و محبت کا ہمیشہ شکر گزار ہوں اور آپ سے ایک خاص محبت اس خیال پر رکھتا ہوں کہ مجھ کو آپ سے قومی فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔ خدا آپ کو زندہ رکھے اور بوڑھا کرے اور میرا جو خیال آپ کی نسبت ہے اس کو پورا کرے۔۴

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

شکر خدا کہ ہماری قوم میں تم سا نوجوان لائق پیدا ہوا۔ خدا تم کو زندہ سلامت رکھے...... جو بات خدا نے ہم کو ڈاڑھی سفید ہونے کے بعد دی، وہ خدا نے تم کو اس عمر میں دی کہ شاید ابھی پوری ڈاڑھی بھی نہ نکلی ہوگی ... خدا تم کو زندہ رکھے اور جیسی ہم کو امید تمہاری ذات سے قوم کی بھلائی کی ہے، خدا اس کو پورا کرے۔۵

سرسید اس بات کے خواہشمند تھے کہ ان کا تہذیب الاخلاق، سید ممتاز علی اپنے اہتمام سے لاہور سے جاری کریں۔ سرسید خطوط میں آپ کو "محبی و مکرمی" اور "محبی و مشفقی" کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ آپ کے نام سرسید کے خطوط کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔

شبلی سے بھی آپ کے مخلصانہ تعلقات تھے اور وہ بھی آپ کی علمیت و قابلیت کے مداح تھے۔ شبلی خطوط میں آپ کو "اخ المعظم" اور

''جناب من'' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ ان کی خواہش رہی کہ اپنے تصنیفی کاموں میں آپ کو اپنے ساتھ شریک تصنیف بنائیں۔

ایک خط میں لکھتے ہیں:

حقیقت یہ ہے کہ میں اور آپ مل کر کوئی تصنیف کریں تو بہت کام کی ہو۔ ۲

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

میں ایک سلسلہ تصنیف مشترکہ چھیڑنا چاہتا ہوں جس میں آپ کو ایک مقصد یہ پرٹ لینا تھا۔ ۷

آپ کی کتابوں کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ محاکمہ ولادت مسیح

۲۔ خیر المقال فی ترجمہ المنقذ من الضلال (اردو ترجمہ و حواشی) لاہور اسلامیہ پریس ۱۸۹۰۔ ۱۵۷ص

۳۔ رد السلاحدہ (اردو ترجمہ و حواشی) لاہور مطبع رفاہ عام (س۔ن) ۵۶ص

۴۔ دربار اکبری۔ مصنفہ محمد حسین آزاد۔ ترتیب و تدوین۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۸۹۸

۵۔ حقوق نسواں۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۸۹۸۔ ۱۹۰ص

۶۔ شیخ حسن۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۹۲۰۔ ۸۲ص

۷۔ خانہ داری۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۹۲۲۔ ۲۲۰ص

۸۔ تذکرۃ الانبیاء۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۹۱۹۔ ۲۰۰ص

۹۔ پھول جھڑ نامہ۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۹۲۳۔ ۱۶ص

۱۰۔ تفصیل البیان فی مقاصد القرآن۔ ۷ جلد۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۹۳۱۔ ۱۹۳۵

۱۱۔ سبیل الرشاد۔ لاہور: دار الاشاعت پنجاب، ۱۹۳۵۔ ۲،۵۰۱ص

۱۲۔ ثبوت واجب الوجود

۱۳۔ مخزن الاسرار

۱۴۔ ترجمہ زاد المعاد

آپ کا سب سے بڑا علمی کارنامہ تفصیل البیان ہے جس کو آپ نے پچیس برس کی محنت سے ترتیب دیا تھا۔ یہ آیات قرآنی کا ایک مبسوط اشاریہ ہے جو معانی و مطالب کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں ایک موضوع ایک ہی مقام پر بیان نہیں ہوا بلکہ ایک عنوان پر روشنی ڈالنے والی متعدد آیات مختلف مقامات پر ملتی ہیں۔ لہذا ایک فرد جو کسی خاص موضوع کے ذیل میں آنے والی تمام آیات سے بیک وقت باخبر ہونا چاہتا ہو اس کے لئے یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک وہ تمام قرآن شروع سے آخر تک نہ پڑھے۔ یہ ایک وقت طلب مسئلہ ہے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ قرآن میں زیر بحث آنے والے موضوعات سے متعلق آیات ایک ہی مقام پر جمع کر دی جائیں تا کہ ان سے کما حقہ استفادہ کیا جا سکے۔

اس ضرورت کے پیش نظر آپ نے نہایت جانفشانی اور عرق ریزی سے پانچ ہزار سے زائد عنوانات کا تعین کیا جو قرآن مجید کی جملہ آیات سے قائم ہو سکتے ہیں اور پھر ان کے ذیل میں آنے والی تمام آیات ایک مقام پر جمع کر دیں اور ساتھ ساتھ ان کا ترجمہ بھی درج کر دیا۔ ترجمہ کا کام آپ کے دوست مولانا نجم الدین سیوہاروی نے شروع کیا مگر وہ آدھا ترجمہ بھی نہ کر پائے تھے کہ انتقال فرما گئے۔ بقیہ کی تکمیل آپ نے خود کی۔

تفصیل البیان سات حصوں پر مشتمل ہے۔

کتاب العقائد

کتاب الاحکام

کتاب الرسالت

کتاب المعاد

کتاب الاخلاق

کتاب بدء الخلق

کتاب القصص

اس کام کے دوران آپ مختلف عوارض کا شکار بھی رہے لیکن ہمت نہ ہاری۔ آپ لکھتے ہیں:

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بار ہا کام رکا اور بار ہا شروع کیا گیا۔ ۱۹۲۸ء میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا بلکہ ایسی حالت میں تھا کہ میرے مسودے کی ترتیب مجوزہ کو کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اور میں یہ سوچ کر بے حد کڑھتا تھا کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا اور میری برسوں کی محنت اکارت جائے گی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اڑ گئی تھی بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عہد کیا کہ اگر میں مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آ جائے تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا۔ ۸

اس اشاریے میں موضوعات کی تلاش کے لئے جو طریق کار مقرر کیا گیا ہے اس کی تفصیل انہی کی زبانی پڑھیے:

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔ پھر اس کے تحت میں متعدد ضمنی سرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کیے گئے ہیں۔ پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ایک خط ارضی ڈال کر اس کے نیچے سورۃ کا نمبر دیا ہے اور اوپر آیت کا مثلاً (۲۰/۷) اس سے یہ مطلب ہے کہ ساتویں سورۃ کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حوالہ دے کر سب آیات مجوزہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔ سورۃ و آیت کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے۔ شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔ جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے بموجب کوئی آیت تلاش کریں اور اتفاقاً وہ نہ ملے تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں تو یقیناً آیت مطلوبہ مل جائے گی۔۹

برعظیم پاک و ہند کے تمام جلیل القدر علماء اور بلند پایہ اخبارات و رسائل نے تفصیل البیان کی بے حد تعریف کی ہے اور سب کو تسلیم ہے کہ جو کام علماء کی ایک پوری جماعت سالہا سال میں انجام نہ دے سکتی تھی وہ آپ نے تن تنہا انجام دے دیا۔ ذیل میں چند اکابر کی آراء کے اقتباس درج کیے جاتے ہیں۔

مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ

خاکسار جملہ اہل اسلام خواص و عوام کی عالی خدمت میں باادب عرض گذار ہے کہ میرے علم میں اب تک کسی نے اتنے موضوعات اور عنوانات ترتیب نہیں دیئے جتنے سید صاحب کو سانح ہوئے ہیں۔ شاید بعد کے لوگ اسی سے مستفید ہوں یا کوئی جزئی اضافہ کریں۔ خواجہ امیر خسروؒ کا جو مصرعہ مشہور ہے "من نیز حاضر می شوم تصویر جاناں دربغل۔ حضرت شاہ عبدالقادرؒ اس کو تفسیر قرآن دربغل سے بدلتے تھے۔ سید صاحب کا حق ہے کہ وہ یوں پڑھیں۔ من نیز حاضر می شوم تبویب قرآن دربغل۔ امید ہے کہ سید صاحب کے صحیفہ اعمال میں یہ تبویب تختہ درج ہوگی اور ایسا تحفہ ضرور یمین میں ہوگا۔

مولانا مفتی محمد کفایت اللہؒ

کتاب کا مطالعہ کرنے سے بے حد مسرت ہوئی۔ مطالب قرآنیہ کی تبویب و تفصیل بڑا کٹھن کام ہے۔ مگر میں نے دیکھ کر حق تعالیٰ نے آپ کو اسے انجام دینے کی توفیق عطا فرمائی اور آپ کی اعانت کی۔ آپ نے جس طرز سے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے وہ علماء، طلبہ، واعظین، لیکچرار، عوام مسلمین، غرض ہر طبقہ کے لئے مفید اور نفع بخش ہے۔ اب تک جو کتابیں اس موضوع پر لکھی گئی ہیں یہ کتاب ان سے بہتر اور سہل الماخذ

ثابت ہوگی۔ میں امید رکھتا ہوں کہ ہر طبقہ کے مسلمان اس کی قدر کریں گے اور خدا نے چاہا تو اس کو قبولیت عامہ حاصل ہو جائے گی۔ حق تعالیٰ آپ کو اس محنت شاقہ اور عرق ریزی کا صلہ جمیلہ جزیلہ عطاء فرمائے اور اس کو آپ کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

مولانا محمد قطب الدین عبدالوالیؒ

حقیقتاً جناب نے جو محنت و سعی ہم معنی آیات قرآنی جمع کرنے میں کی ہے اس کی جزا تو صاحب کلام ہی عطاء فرمانے والا ہے۔ مگر آئندہ نسلیں اہل اسلام کی آپ کے اس عظیم الشان کارنامہ کی دوامأ متشکر رہیں گی۔ اس دور الحاد و بے دینی میں یہ بڑی خدمت جناب نے کی ہے۔

مولانا محمد طیبؒ ناظم دارالعلوم دیوبند

علوم قرآن کی یہ تشکیل اور تسلسل کے ساتھ آیات قرآنی کی مضمون وار ترتیب پھر ان مضامین پر حاوی جامع عنوانات پھر کلی عنوانات کے نیچے جزئی سرخیاں پھر اس کے ماتحت نہایت ہی وسیع تتبع و تلاش کے ساتھ جگہ جگہ سے آیتوں کو چننا اور پھر اس طویل الذیل ذخیرہ کا ابتدائی فہرست سے واضح پتہ دینا ایک ایسی زبردست خدمت ہے جو نام ہونے کے ساتھ عام بھی ہے اور جامع ہونے کے ساتھ کلیتہً نافع بھی ہے۔

پھر ان عنوانات سے فقط آیتوں اور مضامین ہی کا پتہ نہیں چل جاتا بلکہ ان آیات میں چھپے ہوئے مضامین کی حقیقت پر بھی اس لئے کافی روشنی پڑ جاتی ہے کہ جامع عنوان ہی مضمون کی روح اور اس کی اساس یا پورے مضمون کا خلاصہ ہوتا ہے۔ نیز جس طرح محدثین کا تفقہ ان کے تراجم حدیث میں سمایا ہوتا ہے اسی طرح یہ تراجم قرآن قرآنی حقائق و انکشاف کرنے کے ساتھ ساتھ مصنف کی دماغی وفکری کاوش اور اس کے تفقہ نفس کو کھلے طور پر نمایاں کر رہے ہیں۔ فجزاہ اللہ عنا و عن جمیع المسلمین احسن الجزاء۔

چاہئے اور چاہئے ہی نہیں بلکہ حق واجب ہے کہ مسلمان جن کا طرہ امتیاز علوم قرآن سے شغف رکھنا اور اپنے اس مرکز و محور علوم کے اردگرد پروانہ وار جمع ہونا ہے اس گنجینہ علوم قرآن کا نہایت شوق کے ساتھ پر تپاک خیر مقدم کریں۔ اور مصنف کے اس احسان و ایثار کی جس کا تنہا مقصد جلب منفعت مالی نہیں بلکہ مسلمانوں کو ان کے اصلی اور حقیقی علوم سے باخبر کرنا ہے قدر کریں۔ وھذا آخر کلامی و اول مرامی والحمد للہ اولا و اخراء

مولانا ابوالکلام آزادؒ

قرآن کی آیات و مطالب کی تقسیم و تبویب پر جتنی کتابیں اس وقت تک شائع ہو چکی ہیں، یہ ان سب سے زیادہ بہتر اور زیادہ مفصل ہے۔ میں ان تمام لوگوں سے جو قرآن حکیم کے مطالعہ و تدبر کا ذوق رکھتے ہیں سفارش کروں گا کہ اس کتاب کا ایک نسخہ ضرور اپنے پاس رکھیں۔

مولانا حبیب الرحمٰن شروانیؒ

کتاب کی عظمت اور اس کے مفید ہونے کا اثر تو اسی وقت قلب پر ہوا تھا جب آپ نے براہ کرم اس کا مسودہ لاہور میں دکھایا تھا۔ اس وقت چاروں جلدوں کی فہرست مطالب پڑھی ہے۔ متن پر ایک نظر متفرق مقامات پر ڈالی ہے۔ اس سے مزید قوت خیال سابق کو ہوئی۔ بڑی دینی اور انسانی خدمت مسلمانوں کو کلام مجید سے قریب کر دینا ہے۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ کی کتاب اس میں بہت مدد بخشے گی۔

اس میں بھی کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ آپ نے بڑی محنت اور جاں فشانی اس کتاب کی تالیف میں کی ہے، جس کا شکر گذار ہر مسلمان کو بلکہ ہر انسان کو ہونا چاہئے۔

مولانا سید سلیمان ندویؒ

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن کی چار جلدوں کے مطالعہ کی سعادت حاصل ہوئی۔ کہہ نہیں سکتا کتنی خوشی حاصل ہوئی۔ اگر یہ جلدیں آج سے دو چار سال پہلے چھپی ہوتیں تو میری بڑی محنت بچ جاتی۔ سیرۃ کی چوتھی اور پانچویں جلد کے لئے آیتوں کی تلاش میں بڑی زحمتیں اٹھائیں۔ موجودہ فہرستیں زیادہ کارآمد نہ ہو سکیں، آپ نے بڑا کام کیا اور اس عمر میں وہ محنت کی جو نوجوانوں کے لئے بھی قابل رشک ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس خدمت کو بہ چشم رضا دیکھے گا اور قبول فرمائے گا۔ آپ اپنے اس مقبول واہم کام پر میری دلی مبارکباد قبول فرمایئے۔

مولانا اسلم جیراجپوریؒ

مؤلف نے اس کتاب میں قرآن کریم کی آیات کو بہ ترتیب موضوع وعنوان فراہم کیا ہے۔ اس طرح پر کہ قرآن کو اول سے پڑھنا شروع کیا۔ ہر ہر آیت جس جس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے یا جس جس موضوع کے تحت میں آنی مناسب ہے اس اس کے تحت میں لکھی گئی۔ جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکی اس کے لئے ایک نیا موضوع یا عنوان قائم کیا اور اس کے ذیل میں لکھی گئی۔ مولوی عبیداللہ صاحب کی اقتباس الانوار اور مولانا وحیدالزماں کی تبویب القرآن بھی ہماری نظر سے گذر چکی ہیں لیکن ان کے مقابلے میں یہ کتاب بہت زیادہ مفید اور کارآمد اور اپنے مقصد کو پورا کرنے والی ہے۔

درحقیقت ایک عرصہ سے طالبان قرآن اس ضرورت کو نہایت شدت کے ساتھ محسوس کر رہے ہیں کہ آیات قرآن بترتیب مضامین مرتب کی جائیں۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی جتنی تفسیریں لکھی گئی ہیں خواہ وہ عربی میں ہوں یا فارسی یا اردو میں حقائق قرآنی سمجھانے سے قاطبۃً قاصر ہیں۔ کیونکہ وہ ایک ایک آیت کی تشریح کرتی ہوئی چلی جاتی ہیں اور بہت کم ان حقائق سے بحث کرتی ہیں جن کا وہ آیت ایک حصہ ہوتی ہے۔ صورت یہ ہے کہ قرآن میں ایک حقیقت کی تعلیم ایک آیت میں شروع ہوتی ہے دوسری جگہ کسی سورۃ میں اس پر کچھ اضافہ ہوتا ہے پھر تیسرے مقام پر کوئی استثناء یا قید یا شرط بڑھائی جاتی ہے پھر کہیں تکمیل یا تتمہ ہوتا ہے۔ اس طرح ایک مسئلہ قرآن کے مختلف مقامات میں پھیلا ہوتا ہے۔ اس کی پوری حقیقت سمجھنے کیلئے ان جملہ آیات کو ایک جگہ فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ مکمل حقیقت ذہن میں آ سکے۔ اس لئے علوم قرآن تفاسیر میں نہیں ہیں بلکہ خود قرآن میں ہیں اور آیات کو آیات کے ساتھ ملانے سے وہ سمجھ میں آتے ہیں۔ چنانچہ بعض لوگوں نے اس ضرورت سے قرآنی آیات کی تبویب شروع کی۔ جن میں سے اب تک سب سے بڑی اور بکارآمد کوشش یہ کتاب ہے ... اس کتاب کی خوبی اور مولف کی محنت کو میں نہایت قابل قدر سمجھتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ اس خدمت قرآن کے صلہ میں اللہ ان کو دین اور دنیا دونوں میں کامیاب کرے گا۔

خواجہ حسن نظامی دہلویؒ

میں اس کتاب کو موجودہ زمانہ میں قرآن مجید کی ہر خدمت سے زیادہ اور بڑی خدمت سمجھتا ہوں۔ میرا بیان اور میری تحریر اس کتاب کی خوبیوں کے لئے کافی نہیں ہے جب تک کہ خود اس کتاب کو اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لیا جائے۔ اور جو دیکھے گا وہ عاشق ہو جائے گا۔ جو لوگ قرآن مجید کی تبلیغ کو اسلامی تبلیغ کے لئے سب سے اعلیٰ مقصد سمجھتے ہیں، میرے عقیدے میں وہ سب سے زیادہ عقل مند ہیں اور دور اندیش ہیں۔ اور میں ان سب سے عرض کرتا ہوں کہ مولانا سید ممتاز علی کی کتاب مقاصد القرآن ایسی کتاب ہے کہ جو تبلیغ القرآن کا سب سے اچھا ذریعہ ہے۔

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ

سید ممتاز علی صاحب ملک کے ان چیدہ افراد میں سے ہیں جو مفید مستقیمین جدت طرازی میں مشہور ہیں۔ آپ کی عمر کا بیشتر حصہ علم کی خدمت میں گذرا ہے۔ بہت سے مفید کام انجام دیئے۔ اس آخری عمر میں ایک نہایت ضروری کام انجام دینا چاہا ہے خدا اس میں آپ کو کامیاب کرے۔ آپ نے مضامین قرآن شریف کے متعلق ایک مفصل فہرست تفصیل البیان چھپوانی شروع کی ہے۔ کتاب اپنی نوعیت میں نہایت مفید اور ضروری ہے۔ عام علماء کو حافظ قرآن نہ ہونے کے سبب ایک مضمون کی آیات بروقت تلاش کرنے اور بیان کرنے میں دقت ہوتی ہے اور قرآن فہمی میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ آپ نے اس کتاب میں اس ضرورت کو پورا اور مشکل کو آسان کر دیا ہے۔ دیگر فہرستیں بھی بنی ہیں لیکن اس میں نفس مضمون کا خلاصہ مطلب مرقوم ہونے کے علاوہ ایک خاص جدت یہ بھی ہے کہ زمانہ حال میں جس قدر تمدنی یا سیاسی یا قومی و اجتماعی ضرورتیں لاحق ہو رہی ہیں سید صاحب ممدوح نے ان کے متعلق بھی قرآن شریف سے آیات منتخب کر کے ان کے مناسب عنوانات مقرر کئے ہیں۔ مثلاً حب وطن، اتحاد و معیت قومی اور سرمایہ داری وغیرہ وغیرہ۔ بہر حال یہ کتاب علماء، واعظین، مدرسین اور مناظرین کے لئے از بس مفید ہے۔"

عبد المجید سالک لکھتے ہیں کہ مدت تک یہ کتاب مسودہ کی صورت میں رہی اور اکثر اکابر علم جو باہر سے لاہور آتے تھے اس مسودے سے استفادہ کرتے تھے۔ وہ مزید لکھتے ہیں:

> ایک دفعہ حضرت سید امین الحسینی مفتی اعظم فلسطین اور علوبہ پاشا لاہور آئے۔ مولوی سید ممتاز علی نے ان کو چائے کی دعوت دی اور تفصیل البیان دکھائی۔ مفتی اعظم نے اس کتاب کی بے حد تعریف کی اور کہا کہ ایسی کتاب عرب دنیا میں بھی موجود نہیں۔ نجوم الفرقان، فتح الرحمن وغیرہ موجود ہیں جن کا فائدہ صرف اس قدر ہے کہ ایک لفظ بھی یاد ہو تو آیت کا پتہ چل جاتا ہے۔ لیکن مسائل کی فہرست اور پھر ہر مسئلے کے متعلق تمام آیات کی یکجائی یہ خوبی عربی زبان کی کسی کتاب میں موجود نہیں۔ اس کتاب کو عربی میں بھی چھپنا چاہئے۔"

آپ کو قرآن مجید سے ایسا عشق تھا کہ وفات سے ایک دن پہلے بھی تفصیل البیان کی آخری جلد کے متعلق کام کر رہے تھے۔ حالانکہ صحت بے حد کمزور ہو رہی تھی اور ڈاکٹروں نے کام کرنے سے بالکل منع کر رکھا تھا۔

حواشی

۱۔ عبدالمجید سالک۔ یاران کہن۔ لاہور: مطبوعات چٹان، ۱۹۵۵۔ ص۔ ۵۸

۲۔ سرمورگزٹ۔ یکم جون ۱۸۹۱

۳۔ انقلاب۔ ۱۹ جون ۱۹۳۵

۴۔ سرسید بنام ممتاز علی۔ مکتوب ۱۲ جولائی ۱۸۷۹

۵۔ ایضاً۔ مکتوب ۱۲ اگست ۱۸۷۹

۶۔ شبلی بنام ممتاز علی۔ مکتوب ۱۱ مئی ۱۸۹۴

۷۔ ایضاً۔ مکتوب ۲۱ اکتوبر ۱۸۹۲

۸۔ تفصیل البیان۔ ص۔ ۵۔ ۶

۔ ایضاً۔ ص۔ ۶۔ ۷

۱۰۔ تعارفی کتابچہ تفصیل البیان فی مقاصد القرآن۔ ص۔ ۸۔ ۱۲

۱۱۔ سالک۔ یاران کہن۔ ص۔ ۶۶

دیباچہ

یورپ میں ہوسِ ملک گیری کی جو آندھی زور شور سے چل رہی ہے اس نے ایشیا والوں کو بیدار کر دیا ہے، اور انہوں نے سمجھ لیا ہے کہ اگر ہم باہمی اتحاد کو ترقی دے کر اپنے بچاؤ کی تدابیر جلد نہ کریں گے تو دنیا میں بحیثیت قوم ہمارا باقی رہنا مشکل ہے۔ اس سلسلے میں ہم مسلمانوں میں بھی قومیت کی روح کو مضبوط کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے اور وہ روز بروز استحکام پکڑتا جاتا ہے۔ اہل اسلام میں کہنے کو تو مدت سے ۷۳ فرقے بتائے جاتے تھے۔ لیکن اب ان کا شمار یقیناً اس تعداد سے کہیں زیادہ ہے اور اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ اسلام میں جس قدر فرقے پیدا ہوئے اس کے متناسب ہی ان کی قوم میں ضعف و افتراق نے ترقی پائی۔ کیونکہ ہر فرقہ بجائے خود موجودہ مسائل اسلام کے علاوہ کوئی نئی خصوصیت لے کر پیدا ہوتا ہے اور اسی خصوصیت کے لئے سب سے لڑتا جھگڑتا اور مناظرے کا ایک نیا لٹریچر پیدا کرتا ہے۔ ان حالات میں جتنی ایسی نئی خصوصیتیں پیدا ہوتی جائیں گی، اتنے ہی اصل مسائل دین سے بُعد بڑھتا جائے گا۔ اس لئے اس زمانے میں جو اتحاد و قومیت کی روح مسلمانوں میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کا مقصد و طریق عمل یہ ہے کہ سب مختلف فرقے اپنی اپنی فرقہ وارانہ خصوصیتوں سے قطع نظر کر کے دین کے اہم مسائل کو جو سب میں مشترک ہیں اور اسلام کی بنیاد ہیں مضبوط کریں۔ اس کا عملی نتیجہ تمام دنیائے اسلام میں یہ نظر آ رہا ہے کہ جس قدر توجہ ہر فرقے کو زمانہ قدیم میں خاص اپنی فقہ کی طرف تھی۔ اس میں بہت کمی آ گئی ہے اور لوگوں نے اس امر کو زیادہ اہم سمجھا کہ بجائے فقہ کے اس کے اس ماخذ کی طرف رجوع کیا جائے جس سے وہ فقہ مستنبط ہوئی ہے۔ چنانچہ اول اس خیال نے فقہ کی بجائے لوگوں کی توجہ حدیث کی طرف زیادہ منعطف کر دی۔ جس کے غائر مطالعہ سے ظاہر ہوا کہ حدیث اصلاً قرآن مجید کی تفسیر و تفصیل ہی ہے۔ یعنی مطالب قرآنی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال سے واضح کیا گیا ہے۔ چنانچہ قرآن مجید کے مسلسل اور بالاستیعاب مطالعہ کا خیال پیدا ہوا۔ بڑے بڑے سیاست دانوں کی جن میں متعدد مستند علمائے دین بھی داخل ہیں۔ یہ رائے ہے کہ چونکہ صرف قرآن مجید ہی سب اسلامی فرقوں کا مشترک فیہ اور معتمد علیہ حصہ ہے۔ اس لئے اگر جماعت اسلامی کو بحیثیت قوم ترقی دی جا سکتی ہے تو وہ اس کی طرف زیادہ توجہ کرنے سے دی جا سکتی ہے۔ ان حالات میں اس زمانے میں قرآن مجید کے مطالعہ کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔

قرآن مجید کے مطالعہ سے ایک اور فائدہ بھی متصور ہے۔ قرآن مجید کے اکثر مقامات میں اللہ تعالیٰ نے مسلم قوم کو شرف خطاب سے

صرف فرمایا ہے اور قومی انحطاط کے بواعث اور ترقی کے وسائل کی طرف بار بار توجہ دلائی ہے۔ اس مخصوص طرز تخاطب سے مخاطبین جوش عمل سے معمور ہو جاتے ہیں اور ان کی قوت عمل مضاعف ہو جاتی ہے۔ ولولۂ عمل پیدا کرنے والا یہ انداز تخاطب کتب حدیث میں نسبتاً کم اور کتب فقہ میں بالکل ناپید ہے۔

اوپر کی تقریر سے یہ ظاہر ہے کہ جن لوگوں کو برسائے سیاسیات اس مطالعہ کی ضرورت ہے۔ وہ صرف اسی نظر سے اس کا مطالعہ نہیں کرنا چاہتے کہ وہ کوئی عبادت ہے اور اس سے انہیں کچھ ثواب حاصل ہوگا۔ بلکہ وہ قوم میں اتحاد اسلامی پیدا کرنے کی غرض سے قوم کے لئے ایک ایسا مجموعہ آداب ملّی مرتب کرنا چاہتے ہیں۔ جس کی بناء سراسر قرآن پر ہو، جس کے منجانب اللہ ہونے میں کسی فرقۂ اسلام کو کلام نہیں۔ لیکن جو ماہرین سیاسیات قرآن مجید کے مطالعہ کے خواہش مند ہیں وہ بے حد مصروف بے انتہا عدیم الفرصت اور رات دن سیاسیات یا معاشیات میں منہمک ہیں۔ ایسی حالت میں وہ صرف ایسی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ جن میں سب مضامین زمانہ حال کی کتابوں کی طرح مرتب ہوں۔ اور اول و آخر میں فہرست مضامین اور مفصل انڈکس ملحق ہوں تاکہ وہ جو مضمون پڑھنا چاہیں صفحہ معلوم کر کے بہت تھوڑے وقت میں پورا کا پورا ایک جگہ پڑھ لیں۔ میں نے اس مقصد کے حصول کے لئے بہت کوشش سے تمام آیات قرآنی کو مضمون وار ایک ترتیب خاص سے ایک ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ جس سے ایک حد تک اب یہ ممکن ہو گیا ہے کہ جس موضوع یا حکم یا مسئلہ پر قرآن مجید کی تعلیم معلوم کرنی ہو۔ وہ پوری کی پوری ایک جگہ نہایت آسانی سے بہت جلد مل جائے۔

جو کام میں نے سرانجام دیا ہے۔ وہ ایسا نہ تھا جس کی ضرورت سب سے پہلے مجھے ہی محسوس ہوئی ہو۔ نہیں مجھ سے پہلے کئی بزرگ خادمان دین نے اس راہ میں قدم رکھا۔ اور گو مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے بالکل اسی نوع کی خدمت قرآن کی ہو جیسی میں نے کی ہے لیکن یہ بزرگ کچھ نہ کچھ ضرور کر گئے ہیں۔ چنانچہ جن کتابوں کے دیکھنے کا اتفاق ہوا اور جن میں سے بعض سے میں نے مدد بھی لی۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔

۱۔ جواہر القرآن۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔

۲۔ فتح الرحمٰن۔ لطالب آیات القرآن۔ ترتیب علمی زادہ فیض اللہ الحسینی مقدسی۔ اس کی مدد سے قرآن مجید کی جو آیت نکالنی مطلوب ہو فوراً نکالی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب میرے کام کے سرانجام دہی میں سب سے زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے۔

۳۔ مفتاح کنوز القرآن۔ یہ کتاب ایک ترک عالم کی تصنیف ہے اور قازان ملک روس میں شائع ہوئی ہے۔ مرجب نواب عماد الملک سید حسین بلگرامی مرحوم حیدرآباد دکن میرے اس کام کی خبر ہوئی تو انہوں نے از راہ عنایت یہ کتاب تحفتہً مجھے ارسال فرمائی۔ یہ کتاب فتح الرحمٰن کی مانند ہے۔

۴۔ تبویب القرآن۔ تصنیف مولانا حافظ وحید الزمان صاحب محدث حیدرآباد دکن۔

۵۔ اقتباس الانوار من کلام الغفار تصنیف مولوی عبید اللہ صاحب مرحوم لاہور۔

۶۔ الجواہر الصمدیہ۔ لاہور۔

۷۔ دلیل الحیران فی الکشف عن آیات القرآن۔ طبع مصر۔

۸۔ سبیکتہ الابریز۔ فی فہرس الکتاب العزیز۔

۹۔ نجوم الفرقان۔ مطبوعہ جرمنی

۱۰۔ مفتاح القرآن۔ مرزا قلیچ بیگ لڑکانہ

۱۱۔ آئینہ قرآن۔ پادری ویری صاحب۔

۱۲۔ تنقید القرآن۔ پادری عماد الدین۔

ان کتابوں میں سے حضرت امام غزالی کا رسالہ جواہر القرآن ایسی کتاب ہے جس کی ترتیب اصولاً کچھ میری کتاب سے ملتی جلتی سی ہے۔ مگر وہ نہایت ہی مختصر رسالہ ہے جس میں صرف اللہ کی ذات و صفات و افعال وغیرہ کے متعلق آیات جمع کی گئی ہیں۔ اس سے زیادہ بہتر اور بہت زیادہ ضخیم مولانا وحید الزمان صاحب کی تبویب القرآن ہے۔ گو اس میں بھی وہ تفصیل و استیعاب نہیں۔ جو مجھے مطلوب تھا۔

مولانا حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم کی فہرست مضامین بھی جو ان کے ترجمۃ القرآن کے شروع میں لگی ہوئی ہے۔ اسی قسم کی کتابوں میں شمار ہو سکتی ہے۔ مگر اول تو وہ بے انتہا مختصر و مجمل و ناکافی ہے۔ دوم اس میں صرف مضامین کے حوالے دینے پر اکتفا کیا گیا ہے آیات نقل نہیں کی گئیں۔

اختصار و اجمال کے علاوہ ان سب کتابوں میں ایک مشترک بات پائی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ کتب مذکورہ میں سے ہر ایک کتاب درحقیقت کسی خاص مقصد کو مدنظر رکھ کر لکھی گئی ہے اور اثنائے تالیف میں اسی مقصد کی طرف دھیان رکھا گیا۔ یا یوں کہنا چاہئے کہ ان مصنفین نے کسی خاص نقطہ نظر کو ملحوظ رکھ کر صرف انہی آیات قرآنی کا تذکرہ کیا ہے۔ جن کی انہیں ضرورت تھی۔ مثلاً کتاب آئینہ قرآن جو اہل اسلام اور عیسائیوں کے مناظرہ میں کام آنے والی کتاب ہے۔ اس کے مصنف نے زیادہ اہتمام انہی آیات کے حوالے دینے کا کیا ہے جن کی ضرورت بیشتر اثنائے مناظرہ میں پڑتی ہے۔ دوسری آیات کی طرف بہت کم توجہ کی ہے۔

اسی طرح اقتباس الانوار ایسے غیر مسلم لوگوں کے مقابلہ میں لکھی گئی ہے جن کا دعویٰ تھا کہ قرآن مجید میں روحانی تعلیم نہیں ہے۔ اس لئے مصنف نے اسی موضوع کی طرف زیادہ خیال رکھا ہے۔ یہاں تک کہ جو آیات معاملات داد و ستد کے متعلق ہیں۔ ان کو قطعاً چھوڑ دیا ہے۔

لیکن میں نے ارادہ کیا کہ قرآن مجید کے جملہ مضامین پر نظر کر کے ہر مضمون کی تمام آیات کو ایک مخصوص عنوان کے ماتحت مرتب کر دیا جائے۔ چنانچہ میں نے قرآن مجید کو اول سے پڑھنا شروع کیا اور ہر آیت کی نسبت یہ سوچا کہ یہ آیت کس کس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے جس جس موضوع کے ماتحت آتی مناسب پائی گئی۔ اس اس کے تحت میں لکھ دی۔ میں نے کام شروع کرنے کے لئے چند بہت مشہور موضوع اپنے سامنے رکھ لئے تھے لیکن جب کوئی آیت ایسی آتی تھی جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکتی تھی۔ تو اس کے لئے ایک نیا موضوع یعنی عنوان قائم کر لیا جاتا تھا اور وہ آیت اس کے ذیل میں لکھ دی جاتی تھی۔ اس طرح یہ عمل انتخاب قرآن مجید کی ہر آیت کے متعلق کیا گیا۔ یہاں تک کہ جملہ آیات مضمون وار مرتب ہو گئیں۔ اس مجموعہ کی ضخامت قرآن مجید سے زیادہ ہو گئی۔ یہ اس لئے کہ ایک ایک دفعہ تو ہر آیت یوں لی گئی جس سے اس میں پورا قرآن مجید آگیا مگر بہت سی آیات کے کئی کئی پہلو نکلتے تھے۔ وہ دوبارہ سہ بارہ مختلف عنوانوں کے تحت میں لانی پڑیں۔

یہ کام دنوں یا مہینوں کا نہیں تھا۔ بلکہ برسوں کا تھا اور میں نے اپنی عمر کا بہت بڑا حصہ قرآن مجید کی اس خدمت میں صرف کیا۔

یہ کام ایسا آسان بھی نہ تھا۔ جیسا یہاں چند سطروں میں بیان کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ اس میں طرح طرح کی دقتیں درپیش آئیں۔ اول یہ کام اس قسم کا تو تھا نہیں کہ میں دوسروں سے مدد لئے بغیر اول سے آخر تک خود سرانجام دے لیتا۔ بلکہ مجھے اس کام کے لئے متعدد مددگار رکھنے پڑے اور ان سے کام لینا پڑا۔ مگر افسوس مجھے ان مددگاروں سے سوا اس کے اور کچھ مدد نہ ملی، کہ جن جن آیات پر نشان کردوں۔ وہ ان کو نقل کردیں۔ مگر میرا کام محض نقل کرانا ہی نہ تھا۔ نقل کرانا اس صورت میں تو مفید ہوسکتا تھا۔ جب عنوان یا موضوع متعین ہوتے۔ مثلاً کسی آیت میں صبر یا توکل یا تو بہ کی تعریف کی گئی ہو۔ تو اس عنوان اور اس کے نیچے آیت کا نقل کرلینا کچھ مشکل نہیں لیکن جب آیت میں ظاہراً کوئی عنوان بیان نہ کیا گیا ہو تو اس کا تعین بعض دفعتوں میں مشکل ہوجاتا ہے۔ مثلاً سورہ ہود میں اس بات کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے پاس اللہ کے رسول آئے۔ تو وہ جلد گھر میں گئے اور ان کے لئے بھنی ہوئی بچھڑے کی ران لے آئے اور جب انہوں نے کھانے سے انکار کیا تو ابراہیمؑ نے پوچھا کہ آپ کھاتے کیوں نہیں اور کھانا آگے بڑھایا۔ میں نے ان آیات کا عنوان مہمانداری قرار دیا ہے اور کھانے کے انکار پر جو پوچھا ہے کہ کیوں نہیں کھاتے۔ تو اس آیت سے یہ نکالا ہے۔ کہ مہمان کے ساتھ کچھ تکلف بھی ہونا چاہئے اور اسی ذیل میں حضرت لوطؑ کے قصے کی وہ آیات نقل کی ہیں جہاں حضرت لوطؑ نے بدکردار لوگوں سے کہا تھا۔ کہ مجھے مہمانوں کے باب میں رسوا نہ کرو۔ اس سے یہ نکالا ہے کہ مہمان کی عزت کرنی چاہئے اور اس کی رسوائی کو اپنی رسوائی سمجھنا چاہئے۔ پھر جس آیت میں فرمایا گیا ہے کہ ہم نے ان بدمعاشوں کو اندھا کردیا۔ اس سے یہ نکالا ہے کہ مہمان کے ساتھ بدسلوکی کرنے سے اللہ بھی ناخوش ہوتا ہے۔

اس زمانے میں حُبّ الوطنی کا بہت جوش ہے اور اتحاد قومی کے لئے اس کی بہت ضرورت ہے۔ اس کا ذکر صراحتاً اس نام سے گو قرآن مجید میں نہیں۔ مگر جن آیات میں لوگوں کو جہاد کے لئے ابھارا گیا ہے۔ وہاں انہیں اس بات کی غیرت دلائی ہے کہ تم ان لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے تمہیں تمہارے ملک اور تمہارے گھروں سے نکالا۔ اس قسم کی آیات کے لئے میں نے جہاد کے علاوہ حُبّ الوطن کا عنوان بھی تجویز کیا ہے۔

جن آیات میں سیم وزر کے جمع کرنے اور اسے سینت سینت کر رکھنے کی مذمت بیان کی گئی ہے۔ اس کو ہمارے علماء بخل یا حرص کے تحت میں لکھتے آئے ہیں۔ میں نے بھی ان کو ان عنوانوں کے تحت میں لکھا لیکن ان کے علاوہ سیاسیات کے ضمن میں میں نے ان آیات کو سرمایہ داری کے عنوان کے تحت میں بھی لیا ہے۔

ہم مسلمانوں کو قومی قوت حاصل کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ میں نے قرآن مجید میں سے ڈھونڈ ڈھونڈ کر ایسی تمام آیات جمع کی ہیں۔ جن میں قوت کی مدح کا کوئی نہ کوئی پہلو نکلتا تھا۔ غرض تعین عنوانات بہت مشکل کام اور کتاب کی جان تھا اور افسوس اس میں مجھے اپنے مددگاروں سے نشان شدہ آیات کو نقل کرنے کے سوا اور کچھ مدد نہ ملی اور اس باب میں مجھے اپنی ذات پر ہی بھروسہ کرنا پڑا اور جب کبھی یہ کام مددگاروں کی رائے پر چھوڑا گیا تو پڑتال کے وقت وہ بالکل ناقابل اطمینان پایا گیا اور رد کرنا پڑا۔

ترجمہ کی وجہ سے بھی ایک مشکل پیش آئی۔ ابتداء میں میرا ارادہ آیات کے ساتھ ترجمہ شائع کرنے کا نہ تھا اور یہ خیال تھا کہ شاید یہ تالیف

عوام الناس کے لئے چنداں کارآمد نہ ہو اور صرف علماء ہی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس لئے ترجمہ کی ضرورت نہیں لیکن بعد میں بعض احباب کے اصرار سے ترجمہ چھاپنا مناسب قرار پایا۔ اگر ارادہ پہلے سے ہوتا۔ تو آسانی سے انجام پا سکتا کہ جس قرآن مجید سے آیات نقل کی جاتی تھیں۔ ان کے ساتھ ہی ان کا ترجمہ بھی نقل کر لیا جاتا لیکن اس مجموعے کے تیار ہونے کے بعد اس کام کے لئے دوبارہ اتنی ہی ورق گردانی کی محنت اٹھانا اور ہر ایک آیت اور آیت کے ٹکڑوں کو پھر ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالنا اور اس کا ترجمہ نقل کرنا بہت محنت کا کام تھا۔ مگر میں اپنے مرحوم دوست مولوی نجم الدین سہواردی سابق مدرس عربی گورنمنٹ ہائی سکول قصور کا بے انتہا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ترجمے کا کام اپنے ذمے لے لیا۔ مگر افسوس وہ ابھی آدھا ترجمہ بھی نہ کرنے پائے تھے کہ انہوں نے انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اگر اس تالیف میں ان کی یہ مدد نہ ہوتی۔ تو شاید یہ تالیف بے ترجمہ ہی رہتی۔

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بار بار کام رکا۔ اور بار بار شروع کیا گیا۔ ۱۹۶۸ء میں میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا۔ اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا بلکہ ایسی حالت میں تھا کہ میرے مسودے کی ترتیب بجز مؤلف کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اور میں یہ سوچ کر بے حد کڑھتا تھا کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا اور میری برسوں کی محنت اکارت جائے گی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا۔ یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اڑ گئی تھی۔ بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عہد کیا کہ اگر میں اس مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آ جائے۔ تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا اور جس قدر مسودہ تیار ہوتا گیا۔ کاتب کو دیتا اور اسے چھپوا تا رہا۔ خدا کا شکر ہے کہ چھ حصوں میں سے چار حصے چھپ کر تیار ہو گئے۔ صرف دو باقی رہ گئے۔ وہ بھی بفضل خدا ان شاء اللہ جلد تیار ہو جائیں گے۔ یہ چار حصے حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ کتاب العقائد: اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات و افعال کا بیان ہے اور وہ سب استدلالات بیان کئے گئے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کا وجود ثابت ہوتا ہے اور دوسرا حصہ ان آیات پر مشتمل ہے جو بدء الخلق سے تعلق رکھتی ہیں۔

۲۔ کتاب الاحکام: اس کے بھی دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں جملہ احکام فقہی جمع کئے گئے ہیں اور دوسرا حصہ جس کا نام کتاب الاخلاق ہے۔ آیات متعلقہ اخلاق پر مشتمل ہے۔

۳۔ کتاب الرسالۃ: اس میں یہ بیان ہے کہ قرآن مجید کب اور کس طرح نازل ہوا اور اس پر کافروں کے کیا کیا شبہات و اعتراضات تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان اعتراضات کے کیا کیا جواب دیئے گئے۔

۴۔ کتاب المعاد یعنی قیامت کو جو واقعات پیش آنے والے ہیں۔ ان کا مفصل بیان موت کے وقت سے بہشت یا دوزخ میں داخل

ہونے تک۔

اس کتاب میں ہر موضوع کس طریق سے بیان کیا گیا ہے۔ تھوڑی سی اس کی تفصیل بھی ضروری ہے۔

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔ پھر اس کے تحت میں متعدد ضمنی سُرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کیے گئے ہیں۔ پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ایک خط عرضی ڈال کر اس کے نیچے سورت کا نمبر دیا ہے اور اوپر آیت کا مثلاً 20/7۔ اس سے یہ مطلب ہے کہ ساتویں سورت کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ حوالہ دے کر سب آیات مع ترجمہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔ میں نے اس مطلب کے لئے سیپارہ اور رکوع کا حوالہ دینا پسند نہیں کیا۔ جیسا کہ ایسے حوالے دینے میں عام دستور ہے۔

افسوس ہے اس طرح کے قرآن مجید نسبتاً کمیاب ہیں۔ کیونکہ عام طور پر قرآن مجید ایسے نہیں چھاپے جاتے۔ جن میں آیات پر ہندسے لگے ہوں۔ پھر بھی تھوڑا بہت رواج اس کا ہو رہا ہے اور ذرا سی کوشش سے ایسے قرآن مجید نہایت ارزاں ہدیے پر بآسانی مل سکتے ہیں۔ مجھے رکوعوں کا حوالہ اس لئے پسند نہیں کہ ایک آیت کی تلاش میں رکوع کی تمام آیات پڑھنا پڑتی ہیں لیکن سورت و آیات کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے۔

شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو۔ مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔ جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے بموجب کوئی آیت تلاش کریں اور اتفاقاً وہ نہ ملے تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں۔ تو یقیناً آیت مطلوبہ بآسانی مل جائے گی۔

اس کتاب میں درحقیقت آیات مضمون وار مرتب کرنا اس قدر مشکل کام نہیں تھا۔ جس قدر ان موضوعوں کے عنوان قائم کرنا۔ جن کی زمانہ حال میں ضرورت ہے اور جن کے متعلق صراحتاً نہیں تو اشارتاً یا دلالتاً قرآن مجید میں کچھ نہ کچھ کہا گیا ہے جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا گیا۔ مجھ سے جہاں تک ہو سکا ہے۔ میں نے ایسے مضامین کے نکالنے اور ان کے عنوان قائم کرنے میں بہت کوشش کی ہے۔ مثلاً اولوالعزمی، ثابت قدمی، پابندیٔ اوقات، حفظ صحت، قوت وغیرہ۔ مگر یہ ایسا کام ہے جس پر ایک سے زیادہ کام کرنے والوں کی کوشش کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں اس اپنی حقیر خدمت کو کوئی کام نہیں بلکہ کام کی صرف داغ بیل ڈالنے کا درجہ دیتا ہوں۔ آگے سڑکیں نکالنا اور انہیں پختہ بنانا مجھ سے زیادہ قابل اصحاب کا کام ہے۔

فہرست مضامین جو ہر جلد کے ساتھ جدا جدا لگی ہے۔ وہ بہت مفصل ہے اور اس خیال سے کہ کسی موضوع کی تلاش میں مطلوبہ موضوع کا خدا جانے کونسا پہلو تلاش کرنے والے کے ذہن میں آئے۔ فہرست میں ہر موضوع کے متعدد پہلوؤں کو درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً نماز سفر میں قصر کا حکم تلاش کرنا ہو۔ تو وہ سفر کے عنوان کے تحت میں بھی ملے گا۔ قصر کے بھی اور نماز کے بھی۔ افسوس جس استقصاء و استیعاب سے میں یہ کام انجام دینا چاہتا تھا۔ ویسا نہ ہو سکا۔ مگر اللہ کا شکر کس زبان سے ادا کروں کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے مجھے اتنا کام کرنے کی توفیق بخشی۔ اگر توفیق الٰہی شامل حال رہی تو باقی حصے بھی جن کا مسودہ تقریباً تیار ہے جلد شائع ہو گئے۔ مجھے بخوبی معلوم ہے کہ اس کام میں بہت

سے سقم رہ گئے ہیں۔ اصولی بھی اور فروعی بھی۔ کوئی شخص مجھ سے زیادہ ان نقصوں سے آگاہ نہیں لیکن اگر یہ نسخے جلد نکل گئے تو دوسری بار چھاپنے کے وقت انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی اصلاحیں ہوسکیں گی اور احباب اور بزرگان دین مجھے جو بھی مشورہ دیں گے۔ ان پر شکریہ کے ساتھ کاربند ہوکر خاطر خواہ درستی کرسکوں گا۔

دیباچہ کو ختم کرنے سے پہلے مجھے اپنے ان دوستوں کا شکریہ ادا کرنا لازمی ہے۔ جن سے مجھے اس کام میں بیش بہا مدد ملی ہے سب سے مقدم مولوی نجم الدین صاحب سیوہاروی مرحوم ہیں۔ جن کا ذکر اوپر گذرا۔ افسوس وہ اس تالیف کے شائع ہونے سے پہلے انتقال کر گئے۔

میں اپنے فاضل دوست مولانا حافظ سید طلحہ صاحب حسنی ایم اے۔ پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور کا بھی نہایت شکر گزار ہوں کہ وہ بھی اس کام میں دلچسپی لیتے اور وقتاً فوقتاً اپنے مفید مشوروں سے مجھے مدد دیتے رہے۔ چنانچہ اس کتاب کی کتاب الاخلاق میں "خلقت انسان از روئے قرآن" کے ضمن میں جو عنوان "جذبات انسان" قائم کیا گیا ہے اور نیز عنوان سیاسیات آپ کے مشورے ہی سے قائم کئے گئے ہیں۔ سب سے آخر میں میرے ذمے اپنے دوست حافظ سلطان احمد صاحب کا شکریہ ہے جنہوں نے اس کتاب کے مسودے کا بہت سا حصہ کئی بار نقل کیا اور کاپیوں اور پروفوں کی تصحیح بھی انہوں نے ہی کی۔ ان کے حافظ اور مصحح ہوتے اور اردو و عربی کتابت میں خوش قلم ہونے کی وجہ سے مجھے اس کام میں بہت ہی مدد ملی۔

اب آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے اور اسے میرے لئے باقیات صالحات میں سے ٹھیرائے اور ناظرین باتمکین سے التجا ہے کہ وہ ازراہ مہربانی اس عاصی کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔

غرض نقشیست کزما یادماند   کہ ہستی را نمے بینم بقائے
مگر صاحبدلے روزے برحمت   کند درکار این مسکیں دعائے

خاکسار سید ممتاز علی لاہور

مورخہ یکم رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ

ترتیب

کتاب العقائد

وجود باری تعالیٰ پر دنیا کی مختلف چیزوں سے استدلال

دلائل توحید وعدم اشتراک در ذات وصفات حق تعالیٰ

توحید باری عزاسمہ

تنزیہ باری تعالیٰ شانہ

آیات تحمید

اللہ کی بے نیازی

اسماء صفات و اسماء حسنیٰ مثبت علم

علم غیب باری تعالیٰ شانہٗ

حکومت باری تعالیٰ شانہٗ

رحمت و رافت

صفت احیاء وقدرت باری عز اسمہٗ

ملکیت باری عز اسمہٗ

رزاقیت

اجر و ثواب

انعام اور نعمتیں

مشیت باری تعالیٰ شانہٗ

برکت جلال وعلو شان

سطوت و جبروت

ہر چیز کا اللہ کے مطیع ہونا

احاطہ

خیر و شر اللہ کی طرف سے

اللہ کا بندوں کو سمجھانا

آزمائش

اللہ تعالیٰ آسمان میں عرش پر

اعضائے انسانی کی نسبت اللہ کی طرف

تقدیر (جبر و اختیار)

کتاب الاحکام

تزکیہ نفس

مایتعلق بالجبر و القدر و اختیار العباد فی افعالھم

اسلام

دعوت اسلام، تبلیغ

اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم

تقویٰ

دین کو جھٹلانا

شرک

کفر

موالات با کفار

ارتداد

عبادت

کتاب العبادات الصلوٰۃ نماز

انبیائے سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم

تمام نبی نماز پڑھا کرتے تھے

نماز اسلام

نماز جنازہ

استعاذہ

استغفار

ذکر

توبہ

رجوع الی اللہ

اعمال موجب مغفرت و فلاح آخرت

زکوٰۃ

صدقات

روزہ

احکام المساجد

ہجرت

جہاد

نکاح

طلاق

رجعت

ایلاء

لعان

ظہار

رضاع

معاشرت النساء

پردہ

وصیت

میراث

قرض و رہن

سود

کتمان حق

شہادت

قصاص و دیت

الکبائر گناہ کبیرہ

(الف، قتل)

حدود، حد زنا

لوٹ، مار، ڈکیتی

چوری کی سزا

حد قذف

ماپ تول میں کمی

شراب خوری و قمار بازی

دوسرے گناہ

امانت

خیانت

ظلم

فساد

امر بالمعروف والنہی عن المنکر

کتاب الرسالت

نزول قرآن

مقاصد نزول قرآن

اوصاف قرآن

قرآن مجید کے منجانب اللہ ہونے کے دلائل

مواعظ القرآن، مناظرات

زہد کی ترغیب

متفرق نصائح

خلقت و فطرات انسانی از روئے قرآن

قرآن کے متعلق کافروں کے اقوال

آداب تلاوت قرآن

تورات

انجیل

صفات رسل

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے دلائل

قرآن میں پیشین گوئیاں

آپ کی رسالت پر کافروں کے اعتراضات اور ان کے جواب

آپؐ کے وہ اوصاف جو دوسرے انبیاء کے ساتھ مشترک ہیں

آپؐ کے مخصوص اوصاف

رسولؐ اور آپؐ کے اصحاب کے ساتھ کفار کی بدسلوکیاں

تکلیف شرعی سے آزادی نہ آپؐ کو اور نہ آپ کے عزیز و اقارب کو

ازواج مطہرات

اصحابؓ

کتاب المعاد

دارِ آخرت

کتابت اعمال

اعمال ضائع نہیں جاتے

جزائے اعمال

موت

موت کے بعد

حشر

قیامت

قیامت کی نشانیاں

نفخ صور

کائنات میں تبدیلیاں

اجرام سماوی میں انقلاب

نفخ صور دوبارہ

حساب

میزان

شفاعت

حساب کے بعد فیصلہ

دوزخ

دوزخ میں کون جائیں گے؟

دوزخیوں کی گفتگو اللہ تعالیٰ سے اور معبودان باطل کی اپنے پرستاروں سے

قیامت میں نیکی کا بدلہ

الاعراف

جنت

جنت میں کون لوگ داخل ہوں گے

جنت میں لذائذ روحانی

دیدار الٰہی سب سے بڑی نعمت

شرف حضوری

كِتابُ العَقائِد

وجودِ باری تعالیٰ پر دنیا کی مختلف چیزوں سے استدلال

۱۔ استدلال آسمان و زمین کی پیدائش اور ان کی اندرونی چیزوں سے

۱۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہارے لئے وہ سب کچھ پیدا کیا جو زمین میں ہے۔ پھر آسمان کی طرف قصد کیا تو ان کو سات آسمان بنا دیا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۹۔

۲۔ (وہ) آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۷۔

۳۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے ادل بدل میں اور کشتیوں میں جو سمندر میں لوگوں کے نفع کے لئے چلتی ہیں اور اس میں کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا اور آسمان اور زمین کے درمیان ہر قسم کے جانوروں کو پھیلا دیا اور ہواؤں کے ادھر سے ادھر پھرانے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہے ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۴۔ العمران ۳: ۱۹۰۔ العمران ۳: ۲۰۲

۴۔ بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور

۱۔ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

۲۔ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

۳۔ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝

۴۔ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

۵۔ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ

۶۔ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ۝

کرتے (اور کہتے) ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۰ ۔ ۱۹۱۔

۵۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔ اور جس دن وہ کہتا ہے کہ ہو جا تو ہو جاتا ہے۔

۔الانعام ۶: ۷۳۔

۶۔ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت پر اور جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے اس پر اور نیز اس بات پر کہ ان کی میعاد قریب ہی آگئی ہو نظر نہیں ڈالی؟ تو اس کے بعد وہ اور کونسی بات پر ایمان لائیں گے۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۵۔

۷۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعے ہر قسم کی روئیدگی (زمین سے) نکالی پھر ہم نے اس سے (لہلہاتا) سبزہ نکالا۔ اس (سبزے) سے ہم تہ بہ تہ چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور میں سے اس کے گابھے سے (زمین کی طرف) جھکے ہوئے خوشے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار باہم ملتے جلتے اور مختلف۔ جب (اس پر) پھل آئے تو تم اس کے پھل اور اس کے پکنے کی طرف دیکھو۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الانعام ۶: ۹۹۔

۸۔ ان کے رسولوں نے کہا کیا (تمہیں) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اللہ (کے ہونے) میں شک ہے۔

۔ ابراھیم ۱۴: ۱۰۔

۲۔ زمین وآسمان مصلحت سے پیدا کیے

۹۔ (اے نبی ﷺ) کیا تو نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔

۔ ابراھیم ۱۴: ۱۹۔

۱۰۔ اللہ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔

۔ ابراھیم ۱۴: ۳۲۔

۱۱۔ اس نے آسمان اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔ تو اللہ تعالیٰ بہت بلند ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں۔

۔ النحل ۱۶: ۳۔

۱۲۔ کیا انہوں نے اپنے دل میں اس بات پر غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو کسی حکمت سے اور ایک مقررہ میعاد کے لیے پیدا کیا ہے اور بے شک اکثر آدمی اپنے پروردگار سے ملنے کا انکار کرتے ہیں۔

۔ الروم ۳۰: ۸۔

۱۳۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔

۔ النحل ۱۶: ۳۔

۱۴۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا اور اس لیے پیدا کیا کہ ہر شخص کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔ الجاثیة ۴۵: ۲۲۔

۱۵۔ ہم نے تو آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو کسی حکمت سے ایک مقررہ میعاد کے لیے پیدا کیا ہے۔ اور جو منکر ہیں وہ ان باتوں سے جن سے انہیں ڈرایا جاتا ہے منہ پھیر لیتے ہیں۔

۔ الاحقاف ۴۶: ۳۔

۷۔ وَهُوَ الَّذِيٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۸۔ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ

۹۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۗ

۱۰۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

۱۱۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۗ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

۱۲۔ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝

۱۳۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۗ

۱۴۔ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۱۵۔ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝

۱۶۔ بے شک آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں کے لیے قدرت کی نشانیاں ہیں۔

۔الجاثیہ ۴۵ : ۳۔

۱۷۔ اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الذاریات ۵۱ : ۲۰۔

۱۸۔ اور آسمان کو ہم نے (اپنے) ہاتھوں سے بنایا اور بے شک ہم سمائی والے ہیں اور ہم ہی نے زمین کو بچھایا۔ تو ہم کیا اچھا بچھانے والے ہیں

۔الذاریات ۵۱ : ۴۷-۴۸۔

۳۔ سات آسمانوں کی طرح زمینیں

۱۹۔ اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان پیدا کیے اور ان ہی کی طرح زمین پیدا کی ان کے درمیان (ہمارا) حکم اترتا ہے۔

۔الطلاق ۶۵ : ۱۲۔

۴۔ آسمان و زمین اور دنیا کو چھ روز میں پیدا کرنے سے استدلال

۲۰۔ بے شک تمہارا پروردگار اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قرار پکڑا۔ وہ رات کو دن کا پردہ پوش بناتا ہے، رات اس کو تیزی سے ڈھونڈتی ہے۔

۔الاعراف ۷ : ۵۴۔

۲۱۔ بے شک تمہارا پروردگار اللہ ہے جس نے آسمان اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر قرار پکڑا۔ وہ کام کا انتظام کرتا ہے کوئی (کسی کا) سفارشی نہیں ہے مگر ہاں اس کی اجازت کے بعد۔ یہ اللہ ہے تمہارا پروردگار۔ تو تم اسی کو پوجو۔ کیا تم سوچتے نہیں؟

۱۶۔ إِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۱۷۔ وَفِي الْأَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝

۱۸۔ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِأَيْدٍ وَّإِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ وَالْأَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝

۱۹۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ

۲۰۔ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا

۲۱۔ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مَا مِنْ شَفِيْعٍ إِلَّا مِنْۢ بَعْدِ إِذْنِهٖ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ أَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

۲۲۔ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا

۲۳۔ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ الرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ۝

۲۴۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

۔یونس ۱۰ : ۳۔

۲۲۔ اور وہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ اور (اس وقت) اس کا تخت پانی پر تھا تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون سب سے اچھے عمل کرنے والا ہے۔

۔ھود ۱۱ : ۷۔

۲۳۔ وہ جس نے آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قرار پکڑا وہ رحمٰن ہے۔ تو اس کو تو کسی خبردار سے پوچھ۔

۔الفرقان ۲۵ : ۵۹۔

۲۴۔ اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قرار پکڑا۔ اس کے سوا تمہارا کوئی

دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔ تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

۔السجدۃ ۳۲: ۴۔

۵۔ زمین دو دن میں

۲۵۔ (اے نبی ﷺ) کہہ کہ کیا تم اس کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا۔ اور تم اس کے لیے شریک ٹھہراتے ہو۔ یہ جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔حم السجدۃ ۴۱: ۹۔

۶۔ پہاڑ وغیرہ چار دن میں

۲۶۔ اور اس نے اس زمین میں اس کے اوپر پہاڑ کھڑے کیے۔ اور اس میں برکت رکھی اور اس میں اس کی پیداوار مقرر کی۔ (کل) چار دن میں۔ پوچھنے والوں کے لیے پورا جواب ہے۔

۔حم السجدۃ ۴۱: ۱۰۔

۷۔ سات آسمان دو دن میں

۲۷۔ پھر اس نے آسمان کی طرف قصد کیا اور وہ ایک دھواں سا تھا پھر اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے یا ناخوشی سے حاضر ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم خوشی سے حاضر ہوئے۔ پھر دو دن میں ان کو سات آسمان بنا دیا اور ہر آسمان میں اس کا کام القا کر دیا اور قریب کے آسمان کو ہم نے (ستاروں کے) چراغوں سے سجایا اور (اس کی) حفاظت کی۔ یہ عزت والے جاننے والے کی ٹھہرائی بات ہے۔

۔حم السجدۃ ۴۱: ۱۱-۱۲۔

۲۸۔ اور بے شک ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے اندر کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا اور تھکن نے ہمیں چھوا تک بھی نہیں۔

۔ق ۵۰: ۳۸۔

عَلَى الْعَرْشِ ۗ مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ ۚ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ۝


۔المومنون ۲۳: ۲۲۔

۱۵۵۔ (اے مخاطب!) کیا تو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ کے فضل سے کشتیاں سمندر میں چلتی ہیں تاکہ وہ تمہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھلائے۔ بے شک اس میں ہر صابر، شکر گزار کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔لقمان ۳۱: ۳۱۔

۱۵۶۔ اور ایک نشانی ان کے لیے یہ ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو (نوح علیہ السلام کی) بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔ اور ان کے لیے ہم نے اسی کی مانند اور سواریاں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔

۔یٰس ۳۶: ۴۱۔۴۲۔

۱۵۷۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے سمندر میں (چلنے والی) پہاڑوں کی مانند کشتیاں ہیں اگر وہ چاہے تو ہوا کو بند کر دے تو وہ اپنی پیٹھ پر کھڑی (کی کھڑی) رہ جائیں۔ بے شک اس میں ہر ایک صابر شکر گزار کے لیے (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں یا وہ (اگر چاہے) تو ان کشتیوں کو ان بد اعمالیوں کی سزا میں جو انہوں نے کی ہیں، تباہ کر دے اور بہتوں کو معاف کر دے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۳۲۔۳۴۔

۱۵۸۔ اور اسی کے لیے چلنے والی کشتیاں ہیں جو سمندر

كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ○ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ كَفُورًا ○

۱۵۴۔ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ○

۱۵۵۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُم مِّنْ آيَاتِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ○

۱۵۶۔ وَآيَةٌ لَّهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ○ وَخَلَقْنَا لَهُم مِّن مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ ○

۱۵۷۔ وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ○ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ○ أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ○

۱۵۸۔ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ○

۱۵۹۔ وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَّحْجُورًا ○

۱۶۰۔ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ○ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ ○

۱۶۱۔ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ○

میں پہاڑوں کی طرح کھڑی ہوئی ہوتی ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۲۴۔

۳۱۔ دو دریاؤں کے باہم چلنے اور ایک دوسرے کا پانی نہ ملنے سے استدلال

۱۵۹۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے دو سمندر باہم ملائے یہ ایک میٹھا ہے، پیاس بجھانے والا۔ اور یہ دوسرا کھاری ہے، کڑوا اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ اور مضبوط روک پیدا کر دی ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۵۳۔

۱۶۰۔ اس نے دو دریاؤں کو ملایا اور ایک دوسرے سے ملے ہوئے چلتے ہیں ان کے درمیان ایک آڑ ہے کہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۱۹۔۲۰۔

۳۲۔ دریا سے موتی اور مونگا نکلنے سے استدلال

۱۶۱۔ ان دونوں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۲۲۔

۳۳۔ شہابِ ثاقب سے استدلال

۱۶۲۔ (اے جنو اور آدمیو!) اگر تم آسمان کی طرف چڑھنا چاہو تو تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑا جائے اور تم بدلہ نہ لے سکو۔

۔الرحمٰن۔۵۵:۳۵۔

۳۴۔ پہاڑوں سے استدلال

۱۶۳۔ اور (اللہ نے) پہاڑوں کو میخ بنایا۔

۔النبا۔۷۸:۷۔

۱۶۴۔ اور (کیا وہ) پہاڑوں کی طرف (نہیں دیکھتے؟) کہ وہ کیسے گاڑے گئے ہیں۔

۔الغاشیہ۔۸۸:۱۹۔

۳۵۔ آگ کے درخت سے استدلال

۱۶۵۔ بھلا تم نے اس آگ کو بھی دیکھا جو تم جلاتے ہو، تم نے اس کا درخت پیدا کیا ہے یا ہم (اس کے) پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم نے ان کو مسافروں کے لیے نصیحت اور فائدہ بنایا ہے۔

۔الواقعۃ۔۵۶: ۷۱۔۷۳۔

۳۶۔ زمین میں جان داروں کے پھیلانے سے استدلال

۱۶۶۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے ادل بدل میں اور کشتیوں میں جو سمندر میں لوگوں کے نفع کے لیے چلتی ہیں اور اس میں کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا اور آسمان اور زمین کے درمیان ہر قسم کے جانوروں کو پھیلا دیا اور ہواؤں کے ادھر سے ادھر پھرانے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہے، ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔البقرۃ۔۲:۱۶۴۔

۱۶۷۔ اور تمہاری پیدائش میں اور جو جان دار وہ (زمین میں) پھیلاتا ہے ان میں، ان لوگوں کے لیے جو یقین لاتے ہیں، (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الجاثیۃ۔۴۵:۴۔

۳۷۔ قسم قسم کے جانوروں اور پرندوں اور ان کے فوائد وغیرہ سے استدلال

۱۶۸۔ اور چوپاؤں کو تمہارے لیے پیدا کیا۔ ان (کی کھالوں اور بالوں) میں گرمی ہے اور بہت سے نفع اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔ اور ان میں تمہارے لیے جمال ہے جب تم شام کو چرا کر لاتے ہو اور جب صبح کو چرانے لے جاتے ہو۔ اور ان شہروں تک تمہارے بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں جن تک تم بغیر ادھ مرا ہوئے نہیں پہنچ سکتے تھے۔ بے شک تمہارا پروردگار شفیق، مہربان ہے۔ اور (ہم نے) گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کیے تاکہ تم ان پر سواری کرو اور وہ تمہارے لیے زینت ہوں اور وہ، وہ چیزیں پیدا کرتا ہے جنہیں تم نہیں جانتے۔

۔النحل۔۱۶: ۵۔۸۔

۱۶۲۔ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ۝

۱۶۳۔ وَالْجِبَالَ أَوْتَادًا ۝

۱۶۴۔ وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝

۱۶۵۔ أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ۝ أَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِئُونَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ ۝

۱۶۶۔ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

۱۶۷۔ وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝

۱۶۸۔ وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ۝ وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝

۱۶۹۔ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ ۝ وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ۝ ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝

۱۷۰۔ أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثًا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ۝ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِمَّا خَلَقَ ظِلَالًا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْجِبَالِ أَكْنَانًا وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيلَ تَقِيكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيلَ تَقِيكُمْ بَأْسَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ۝

۱۷۱۔ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝

۱۶۹۔ اور بے شک تمہارے لیے چوپایوں میں عبرت پکڑنے کی جگہ ہے ہم تم کو اس چیز میں سے جو ان کے پیٹوں میں بھرا ہے، گوبر اور خون کے درمیان سے خالص دودھ نکال کر پلاتے ہیں جو پینے والوں کے حلق سے آسانی سے اتر جاتا ہے اور کھجوروں کے پھلوں اور انگوروں سے (عبرت حاصل کرو) اور اس سے تم نشہ اور اچھی خوراک حاصل کرتے ہو۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل میں ڈال دیا کہ تو پہاڑوں پر اور درختوں پر اور ان (بیلوں) پر جنہیں لوگ ٹٹوں پر چڑھاتے ہیں گھر بنا۔ پھر ہر قسم کے پھل کھا اور اپنے پروردگار کی راہوں میں جو آسان ہیں چل۔ ان کے پیٹوں سے مختلف رنگوں کا شربت نکلتا ہے جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔

۔النحل ۱۶: ۶۶۔۶۹۔

۱۷۰۔ کیا وہ پرندوں کی طرف نہیں دیکھتے جو آسمان کے ادھر میں مسخر ہیں، انہیں اللہ کے سوا کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں نشانیاں ہیں اور اللہ نے تمہارے گھروں سے رہنے کی جگہ بنائی اور چوپایوں کی کھالوں سے تمہارے لیے گھر بنائے جنہیں تم اپنے سفر کے دن اور اپنے ٹھہرنے کے دن ہلکا پاتے ہو۔ اور ان کی اونوں اور ان کی پشموں اور ان کے بالوں سے ایک مدت تک کے لیے (تمہارے) اسباب اور فائدے کی چیزیں بنائیں اور اللہ نے منجملہ اپنی پیدائش کی ہوئی چیزوں کے تمہارے لیے سائے پیدا کیے اور تمہارے لیے پہاڑوں سے چھپنے کی جگہ بنائی اور تمہارے لیے وہ کرتے بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور (نیز) وہ کرتے جو تمہیں تمہاری لڑائی سے بچاتے ہیں۔ یوں وہ تم پر اپنی نعمت پوری کرتا ہے تاکہ تم اطاعت کرو۔

۔النحل ۱۶: ۷۹۔۸۱۔

۱۷۱۔ اور بے شک تمہارے لیے چوپایوں میں عبرت کی جگہ ہے کہ ہم تمہیں اس چیز سے جو ان کے پیٹوں میں ہے (دودھ) پلاتے ہیں اور ان میں تمہارے لیے اور بہت سے نفعے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔

۔المؤمنون ۲۳: ۲۱۔

۱۷۲۔ اور اللہ نے ہر ایک جان دار کو پانی سے پیدا کیا تو کوئی ان میں وہ ہے جو اپنے پیٹ کے بل چلتا ہے۔ اور کوئی ان میں وہ ہے جو دو پاؤں پر چلتا ہے اور کوئی ان میں وہ ہے جو چار (پاؤں) پر چلتا ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۔النور ۲۴: ۴۵۔

۱۷۳۔ اور آدمیوں اور جانوروں اور چارپایوں میں سے جن کے رنگ مختلف ہیں اسی طرح (پیدا کیے)۔ بات یہ ہے کہ اللہ سے تو اس کے بندوں میں سے صرف عالم ہی ڈرتے ہیں۔ بے شک اللہ غالب ہے، بخشنے والا۔

۔فاطر ۳۵: ۲۸۔

۱۷۴۔ کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے ان کے لیے مجملہ ان چیزوں کے جو ہمارے ہاتھوں نے بنائیں، چوپائے پیدا کیے کہ وہ ان کے مالک بنے ہوئے ہیں اور انہیں ہم نے ان کا مطیع کر دیا کہ بعض ان میں سے ان کی سواری ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں اور ان میں ان کے لیے بہت سے نفعے اور پینے کی چیزیں ہیں، تو کیا وہ شکر نہیں کرتے؟

۔یٰسین ۳۶: ۷۱ ۔ ۷۳۔

۱۷۵۔ اور (اللہ ہی نے) تمہارے چوپایوں میں سے آٹھ جوڑے اتارے۔

۔الزمر ۳۹: ۶۔

۱۷۶۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لیے چوپائے پیدا کیے تاکہ تم ان میں سے بعض پر سوار ہو اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو اور تمہارے لیے ان میں اور بھی

۱۷۲۔ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

۱۷۳۔ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝

۱۷۴۔ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝

۱۷۵۔ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ

۱۷۶۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۝

۱۷۷۔ وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۝ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

نفعے ہیں اور (یہ اس لیے ہے) تاکہ تم ان پر (سوار ہو کر) اپنے دل کی مراد کو پہنچو۔ اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھلاتا ہے تو تم اللہ کی کون سی نشانیوں کا انکار کرتے ہو۔

۔المؤمن ۴۰: ۷۹ ۔ ۸۱۔

۱۷۷۔ اور (اللہ وہ ہے) جس نے تمام قسموں کو پیدا کیا اور تمہارے لیے کشتیوں اور چوپایوں سے وہ چیز پیدا کر دی جس پر تم سوار ہوتے ہو تاکہ تم ان کی پیٹھوں پر سوار ہو۔ پھر جب تم ان پر سوار ہو جاؤ تو اپنے پروردگار کی نعمت کو یاد کرو اور کہو کہ پاک ہے وہ جس نے اس کو ہمارے بس میں کیا۔ اور ہم اس کو بس میں کرنے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۲ ۔ ۱۴۔

۱۷۸۔ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ﴿١٩﴾

۱۷۹۔ أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾

۱۸۰۔ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ

۱۸۱۔ وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۚ

۱۸۲۔ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ﴿١٢﴾

۱۸۳۔ وَمِن كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٤٩﴾

۱۸۴۔ وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ﴿٨﴾

۱۸۵۔ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ

۱۸۶۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً ۚ

۱۸۷۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ مُّسَمًّى عِندَهُ ۖ ثُمَّ أَنتُمْ تَمْتَرُونَ ﴿٢﴾

۱۸۸۔ وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ ۗ قَدْ

۱۷۸۔ کیا انہوں نے اپنے اوپر کی طرف پرندوں کو نہیں دیکھا کہ پر کھولے ہوئے ہیں اور سمیٹ لیتے ہیں۔ انہیں رحمن کے سوا کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک وہ ہر شے کا دیکھنے والا ہے۔

۔الملک ۶۷: ۱۹۔

۱۷۹۔ تو کیا وہ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسا (عجیب اور نافع) پیدا کیا گیا ہے۔

۔الغاشیۃ ۸۸: ۱۷۔

۳۸۔ ہر شے کے جوڑا جوڑا پیدا کرنے سے استدلال

۱۸۰۔ اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں نر و مادہ بنایا۔

۔فاطر ۳۵: ۱۱۔

۱۸۱۔ اور اس نے تمہارے لیے چوپایوں میں سے آٹھ جوڑے اتارے۔

۔الزمر ۳۹: ۶۔

۱۸۲۔ اور (اللہ وہ ہے) جس نے تمام قسمیں پیدا کیں اور تمہارے لیے کشتیوں اور چوپایوں سے وہ چیز بنائی جس پر تم سوار ہوتے ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۲۔

۱۸۳۔ اور ہم نے ہر چیز سے جوڑا جوڑا پیدا کیا تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

۔الذٰریٰت ۵۱: ۴۹۔

۱۸۴۔ اور ہم نے تمہیں نر و مادہ پیدا کیے۔

۔النبا ۷۸: ۸۔

۳۹۔ انسان کی پیدائش، اس کے خاص کمالات اور اس کی مختلف حالتوں سے استدلال

۱۸۵۔ وہ (اللہ) وہ ہے جو رحموں میں جس طرح چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۶۔

۱۸۶۔ لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مردوں اور عورتوں کو (زمین) پر پھیلا دیا۔

۔النساء ۴: ۱۔

۱۸۷۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں (گیلی) مٹی سے پیدا کیا پھر تمہاری میعاد مقرر کی اور ایک میعاد اس کے ہاں مقرر ہے پھر بھی تم (اس میعاد میں) شک کرتے ہو۔

۔الانعام ۶: ۲۔

۱۸۸۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا پھر (تمہارے لیے) ایک جگہ ٹھہرنے کی ہے اور ایک جگہ سونپے جانے کی۔ بے شک ہم نے ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں

(اپنی قدرت کی) نشانیاں تفصیل سے بیان کردیں۔

-الانعام ۶:۹۸-

۱۸۹۔وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ وہ اس کی طرف آرام پکڑے۔ پھر جب اس مرد نے اس عورت کو ڈھانپ لیا تو وہ ایک ہلکے بوجھ سے بوجھل ہوگئی اور اس کو لے کر چلی پھری۔

-الاعراف ۷:۱۸۹-

۱۹۰۔اور بے شک ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے جو سڑے ہوئے گارے سے بنی تھی پیدا کیا اور جو جن ہیں انہیں ہم نے اس سے پہلے لو کی آگ سے پیدا کیا۔

-الحجر ۱۵:۲۶-۲۷-

۱۹۱۔(اللہ نے) انسان کو نطفے سے پیدا کیا تو اسی دم وہ کھلا جھگڑالو بن گیا۔

-النحل ۱۶:۴-

۱۹۲۔اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں مارے گا اور کوئی تم میں وہ ہے جو ذلیل ترین عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے تاکہ جاننے کے بعد کچھ بھی نہ جانے بے شک اللہ علم والا، قدرت والا ہے۔

-النحل ۱۶:۷۰-

۱۹۳۔اور اللہ ہی نے تم میں سے بعض کو بعض پر روزی میں فضیلت دی۔ تو جو لوگ فضیلت دیے گئے وہ اپنی روزی ان (لونڈی) غلاموں پر لوٹانے والے نہیں ہیں جو ان کے ہاتھ کا مال ہیں کہ وہ سب اس میں برابر ہو جائیں۔ تو کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

-النحل ۱۶:۷۱-

فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ ﴿﴾

۱۸۹۔هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا ۖ فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا فَمَرَّتْ بِهِ

۱۹۰۔وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ﴿﴾ وَالْجَانَّ خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُومِ ﴿﴾

۱۹۱۔خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ﴿﴾

۱۹۲۔وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفَّاكُمْ ۚ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ﴿﴾

۱۹۳۔وَاللَّهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا بِرَادِّي رِزْقِهِمْ عَلَىٰ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاءٌ ۚ أَفَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿﴾

۱۹۴۔وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَجَعَلَ لَكُم مِّنْ أَزْوَاجِكُم بَنِينَ وَحَفَدَةً وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللَّهِ هُمْ يَكْفُرُونَ ﴿﴾

۱۹۵۔وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿﴾

۱۹۶۔مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ﴿﴾

۱۹۴۔اور اللہ نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے بنائے اور تمہارے جوڑوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کیے اور پاکیزہ چیزوں سے تمہیں روزی دی۔ تو کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

-النحل ۱۶:۷۲-

۱۹۵۔اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے اولادِ آدم کو بزرگی دی اور انہیں خشکی اور سمندر میں (سواریوں پر) سوار کیا، اور پاکیزہ چیزوں سے انہیں روزی دی۔ جو مخلوق ہم نے پیدا کی ہے ان میں سے بہتوں پر انہیں بزرگی دی۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۷۰-

۱۹۶۔اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں ہم تمہیں پھر لوٹائیں گے اور اسی سے تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔

-طٰہٰ ۲۰:۵۵-

۱۹۷۔ اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے ست سے پیدا کیا۔ پھر ہم نے اس کو نطفہ کی شکل میں ایک مضبوط قرارگاہ میں رکھا۔ پھر نطفے کو ہم نے خونِ منجمد بنایا پھر خونِ منجمد کو ہم نے گوشت کا لوتھڑا بنایا۔ پھر گوشت کے لوتھڑے کو ہم نے ہڈیاں بنایا۔ پھر ہڈیوں پر ہم نے گوشت چڑھایا پھر ہم نے اس کو ایک اور طرح کی پیدائش میں پیدا کیا۔ تو برکت والا ہے اللہ، جو سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے۔

۔المومنون: ۲۳: ۱۲۔۱۴۔

۱۹۸۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔المومنون۔ ۲۳: ۷۹۔

۱۹۹۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے آدمی کو پانی سے پیدا کیا پھر اس کے لیے رشتہ اور سسرال مقرر کی اور تیرا پروردگار قدرت والا ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۵۴۔

۲۰۰۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے (ایک) یہ ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر اسی دم تم بشر ہو گئے کہ پھیلے ہوئے ہو۔

۔الروم ۳۰: ۲۰۔

۲۰۱۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے (ایک) یہ ہے کہ اس نے تمہارے تم ہی میں سے جوڑے پیدا کیے تاکہ تم ان کی طرف آرام پکڑو۔ اور تمہارے درمیان محبت اور شفقت پیدا کی۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں، (اس کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۲۱۔

۱۹۷۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ۞ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ ۞ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ ۚ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۞

۱۹۸۔ وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۞

۱۹۹۔ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ۞

۲۰۰۔ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ إِذَا أَنتُم بَشَرٌ تَنتَشِرُونَ ۞

۲۰۱۔ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۞

۲۰۲۔ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ۞

۲۰۳۔ الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ۖ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ ۞ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۞

۲۰۴۔ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا

۲۰۲۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہیں ناتواں پیدا کیا پھر ناتوانی کے بعد قوت دی پھر قوت کے بعد (پھر) ناتوانی اور بڑھاپا دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ اور وہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

۔الروم ۳۰: ۵۴۔

۲۰۳۔ وہ جس نے ہر چیز کو جو اس نے پیدا کی ہے، اچھا بنایا۔ اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی پھر اس کی نسل حقیر پانی کے خلاصے (منی) سے بنائی۔

۔السجدۃ ۳۲: ۷۔۸۔

۲۰۴۔ اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں جوڑ جوڑ بنایا اور بغیر اس کے علم کے نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے اور نہ جنتی ہے اور نہ کوئی بڑی عمر والا عمر دیا جاتا ہے اور نہ اس کی عمر سے

کچھ کم کیا جاتا ہے مگر سب کچھ ایک کتاب میں (لکھا) ہے۔ بے شک یہ بات اللہ پر آسان ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۱۱۔

۲۰۵۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زمین میں (اگلوں کا) جانشین کیا۔

۔فاطر ۳۵: ۳۹۔

۲۰۶۔ اور جسے ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسے ہم پیدائش میں (کمزوری کی طرف) الٹ دیتے ہیں تو کیا وہ (اس بات کو) سمجھتے نہیں۔

۔یٰس ۳۶: ۶۸۔

۲۰۷۔ کیا انسان نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیا۔ تو پیدا ہوتے ہی وہ کھلا جھگڑالو ہو گیا۔

۔یٰس ۳۶: ۷۷۔

۲۰۸۔ اس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا پھر اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور تمہارے لیے چوپایوں کے آٹھ جوڑے پیدا کئے۔ وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تین تاریکیوں میں ایک پیدائش کے بعد دوسری طرح کی پیدائش میں پیدا کرتا رہتا ہے۔ یہی اللہ ہے تمہارا پروردگار جس کی بادشاہت ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں سے پھیرے جاتے ہو؟

۔الزمر ۳۹: ۶۔

۲۰۹۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر جمے ہوئے خون سے پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر نکالتا ہے۔ پھر تمہیں پالتا ہے تا کہ تم اپنی جوانی کو پہنچو۔ پھر تمہاری قوت کو گھٹاتا ہے تا کہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور کوئی تم میں وہ ہے جو (بڑھاپے) سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور (یہ اس لیے ہے) تا کہ تم ایک مقرر میعاد کو پہنچو۔ اور تا کہ تم سمجھو۔

۔المومن ۴۰: ۶۷۔

يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝

۲۰۵۔ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ

۲۰۶۔ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝

۲۰۷۔ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۰۸۔ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۭ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

۲۰۹۔ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

۲۱۰۔ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَاۗبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

۲۱۱۔ اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝

۲۱۲۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۙ وَخَلَقَ الْجَاۗنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

۲۱۳۔ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝

۲۱۰۔ اور (لوگو!) تمہاری پیدائش میں اور جو جاندار وہ (زمین میں) پھیلاتا ہے ان میں، ان لوگوں کے لیے جو یقین لاتے ہیں (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۴۔

۲۱۱۔ رحمٰن نے انسان پیدا کیا۔ اس کو بولنا سکھایا۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۱۔۴۔

۲۱۲۔ انسان کو ٹھیکرے کی مانند کھنکھناتی مٹی سے پیدا کیا۔ اور جنوں کو لپک مارنے والی آگ سے پیدا کیا۔ تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاتے ہو؟

۔الرحمٰن ۵۵: ۱۴۔۱۶۔

۲۱۳۔ ہم نے تمہیں پیدا کیا تو تم تصدیق کیوں نہیں کرتے؟ بھلا بتاؤ تو تم جو منی ٹپکاتے ہو تو تم اسے پیدا کرتے ہو یا ہم (اس کے) پیدا کرنے والے ہیں۔

۔الواقعہ ۵۶: ۵۷۔۵۹۔

۲۱۴۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ پھر کوئی تم میں کافر ہے اور کوئی تم میں مومن اور اللہ ان اعمال کو جو تم کر رہے ہو دیکھتا ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۲۔

۲۱۵۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔الملک ۶۷: ۲۴۔

۲۱۶۔ تمہیں کیا ہوا کہ تم اللہ کی بزرگی کا اعتقاد نہیں کرتے اور حالانکہ اس نے تمہیں کئی طرح کی تبدیلیوں سے پیدا کیا۔

۔نوح ۷۱: ۱۳۔۱۴۔

۲۱۷۔ اور اللہ نے تمہیں زمین سے ایک طرح کا اگانا اگایا پھر وہ اسی میں تمہیں لوٹائے گا اور ایک بار (پھر تمہیں) نکالے گا۔

۔نوح ۷۱: ۱۷۔۱۸۔

۲۱۸۔ بلکہ انسان اپنے اوپر آپ ہی حجت ہے۔ اگرچہ وہ عذر کیا کرے۔

۔القیمۃ ۷۵: ۱۴۔۱۵۔

۲۱۹۔ بے شک انسان پر زمانے میں سے ایک ایسا وقت بھی گزرا ہے کہ وہ کوئی چیز قابلِ تذکرہ نہ تھا۔ ہم نے انسان کو (مرد اور عورت کے) مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ ہم اسے آزمائیں سو ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔ ہم نے اسے راہ دکھلا دی اب یا وہ شکر گزار رہے اور یا ناشکرا۔

۔الدھر ۷۶: ۱۔۳۔

۲۲۰۔ کیا ہم نے تمہیں (منی کے) بے قدر پانی سے نہیں پیدا کیا۔ پھر ہم نے اسے ایک مضبوط قرار گاہ میں

۲۱۴۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنكُمْ كَافِرٌ وَمِنكُم مُّؤْمِنٌ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝

۲۱۵۔ قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝

۲۱۶۔ مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ۝

۲۱۷۔ وَاللَّهُ أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ۝ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝

۲۱۸۔ بَلِ الْإِنسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ ۝ وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ ۝

۲۱۹۔ هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ۝ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ۝

۲۲۰۔ أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝ فَجَعَلْنَاهُ فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ ۝ إِلَىٰ قَدَرٍ مَّعْلُومٍ ۝ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُونَ ۝

۲۲۱۔ وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ۝

۲۲۲۔ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝

۲۲۳۔ وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

۲۲۴۔ ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ ۖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ

رکھا، ایک وقت مقرر تک۔ پھر ہم نے اندازہ کیا سو ہم اچھا اندازہ کرنے والے ہیں۔

۔المرسلت ۷۷: ۲۰۔۲۳۔

۲۲۱۔ اور ہم نے تمہیں نر و مادہ پیدا کیا۔

۔النبا ۷۸: ۸۔

۲۲۲۔ (اے نبی ﷺ!) اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھ جس نے پیدا کیا۔ اس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا۔

۔العلق ۹۶: ۱۔۲۔

۴۰۔ پیدائشِ سمع و بصر اور قلوب سے استدلال

۲۲۳۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کیے۔ تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔المومنون ۲۳: ۷۸۔

۲۲۴۔ پھر اس نے اس (انسان) کو ٹھیک کیا اور اس میں اپنی روح

پھونک دی اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کیے۔ تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔ السجدۃ ۳۲: ۹۔

۲۲۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے۔ تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔ الملک ۶۷: ۲۳۔

۴۱۔ نیند سے بیدار ہونے سے استدلال

۲۲۶۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جو رات کو تمہیں (سلا کر) مار دیتا ہے۔ اور جو کمائی تم دن میں کرتے ہو، وہ جانتا ہے۔ پھر وہ تمہیں دن میں (نیند سے) اٹھاتا ہے تاکہ مقررہ وقت پورا کیا جائے پھر اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں تمہارے اعمال جتلا دے گا جو تم (دنیا میں) کرتے تھے۔

۔ الانعام ۶: ۶۰۔

۴۲۔ انسان کو سختیوں اور تکالیف کے بچانے سے استدلال

۲۲۷۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ تم کو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے جسے تم گڑگڑا گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارتے ہو کہ اگر اس نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی تو ضرور شکر گزاروں سے ہوں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہر سختی سے نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

۔ الانعام ۶: ۶۳-۶۴۔

۴۳۔ لباس سے استدلال

۲۲۸۔ اے بنی آدم! کچھ شک نہیں کہ ہم نے تم پر لباس اتارا جو تمہاری شرم گاہوں کو ڈھانپتا ہے اور زینت کا لباس اتارا اور پرہیز گاری کا جو لباس ہے وہ بہتر ہے۔ یہ (سب) اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔ الاعراف ۷: ۲۶۔

وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

۲۲۵۔ قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۖ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

۲۲۶۔ وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُّسَمًّى ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۲۲۷۔ قُلْ مَن يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً لَّئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ قُلِ اللَّهُ يُنَجِّيكُم مِّنْهَا وَمِن كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِكُونَ ۝

۲۲۸۔ يَا بَنِي آدَمَ قَدْ أَنزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُوَارِي سَوْآتِكُمْ وَرِيشًا ۖ وَلِبَاسُ التَّقْوَىٰ ذَٰلِكَ خَيْرٌ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝

۲۲۹۔ وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ۝

۲۳۰۔ وَفِي أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ۝

۲۳۱۔ وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْعَالِمِينَ ۝

۴۴۔ آسمان میں روزی ہونے سے استدلال

۲۲۹۔ اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور وہ بات جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے۔

۔ الذریت ۵۱: ۲۲۔

۴۵۔ نفوسِ انسانی سے استدلال

۲۳۰۔ اور خود تمہاری جانوں میں (نشانیاں ہیں) تو کیا تم دیکھتے نہیں۔

۔ الذریت ۵۱: ۲۱۔

۴۶۔ رنگوں کے اختلاف سے استدلال

۲۳۱۔ اور اس کی (قدرت) کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری بولیوں اور رنگوں کا اختلاف ہے۔ بے شک اس میں جہان والوں کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔ الروم ۳۰: ۲۲۔

۲۳۲۔ اور جو کچھ اس نے تمہارے لیے زمین میں پھیلایا کہ اس کے رنگ مختلف ہیں۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو نصیحت پکڑتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۳۔

۴۷۔ موت اور حیات سے استدلال

۲۳۳۔ تم اللہ کا کس طرح انکار کرتے ہو حالانکہ تم مردہ تھے اس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر (دوبارہ) تمہیں زندہ کرے گا۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۔

۲۳۴۔ اور وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کا زندے سے نکالنے والا ہے۔

۔الانعام ۶: ۹۵۔

۲۳۵۔ اور بے شک ہم ہی زندہ رکھتے اور مارتے ہیں اور ہم ہی (سب کے) وارث ہیں۔

۔الحجر ۱۵: ۲۳۔

۲۳۶۔ اور ہم نے پانی سے ہر ایک زندہ چیز کو پیدا کیا تو کیا وہ (اس پر) ایمان نہیں لاتے؟

۔الانبیاء ۲۱: ۳۰۔

۲۳۷۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ بے شک انسان ناشکرا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۶۶۔

۲۳۸۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۸۰۔

۲۳۹۔ وہ زندے کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتا ہے اور اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔

۲۳۲۔ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝

۲۳۳۔ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

۲۳۴۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ

۲۳۵۔ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ۝

۲۳۶۔ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۲۳۷۔ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ۝

۲۳۸۔ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

۲۳۹۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝

۲۴۰۔ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِيْنَىِٕذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

۲۴۱۔ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ عَلٰٓي اَنْ نُّبَدِّلَ

۔الروم ۳۰: ۱۹۔

۲۴۰۔ تو کیا تم اس بات کے قبول کرنے میں ڈھیلے پڑتے ہو؟ اور اپنا حصہ تم یہ ٹھہراتے ہو کہ تم (اس کو) جھٹلاتے ہو۔ پس کیوں نہیں (اس وقت) جب جان حلق میں آ پہنچتی ہے اور تم اس وقت (کیفیت) دیکھتے ہو اور تمہاری بہ نسبت ہم اس جان کے زیادہ قریب ہیں لیکن تم دیکھتے نہیں۔ پس اگر تم کسی کے زیر حکم نہیں ہو تو کیوں نہیں اس کو لوٹا لیتے اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۸۱-۸۷۔

۲۴۱۔ ہم نے تمہارے درمیان موت مقدر کی اور ہم عاجز نہیں ہیں اس بات سے کہ تمہیں تمہاری مثل سے بدل دیں اور تمہیں اس جہان

میں پیدا کریں جسے تم نہیں جانتے۔ اور کچھ شک نہیں کہ تم پہلی (دفعہ کی) پیدائش کو جانتے ہو تو تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۶۱۔ ۶۲۔

۲۴۲۔ برکت والا ہے وہ جس کے ہاتھ میں بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون سب سے اچھے عمل کرنے والا ہے اور وہی غالب ہے بخشنے والا۔

۔الملک ۶۷: ۱۔ ۲۔

۴۸۔ غزوۂ بدر کی فتح سے استدلال

۲۴۳۔ (مسلمانو!) بے شک تمہارے لیے ان دو جماعتوں میں (قدرت کی) نشانی تھی، جو بدر کے دن آپس میں بھڑ پڑی تھیں۔ ایک جماعت تو اللہ کی راہ میں لڑ رہی تھی، دوسری کافر تھی۔ وہ ان کو دیکھتی آنکھوں اپنے سے دو چند دیکھ رہے تھے اور اللہ اپنی مدد سے جسے چاہے قوت دے۔ بے شک اس میں آنکھوں والوں کے لیے عبرت ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۔

دلائلِ توحید و عدمِ اشتراک در ذات وصفاتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ

۱۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ تم کو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے جسے تم گڑگڑا گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارتے ہو کہ اگر اس نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی تو ضرور شکر گزاروں سے ہوں

أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ۝

۲۴۲۔ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ ۝

۲۴۳۔ قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُمْ مِثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ ۚ وَاللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَنْ يَشَاءُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ۝

۱۔ قُلْ مَنْ يُنَجِّيكُمْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً لَئِنْ أَنْجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ قُلِ اللَّهُ يُنَجِّيكُمْ مِنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنْتُمْ تُشْرِكُونَ ۝

۲۔ قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ۝ كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہر سختی سے نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

۔الانعام ۶: ۶۳۔ ۶۴۔

۲۔ اے نبی ﷺ! پوچھ کہ تمہیں آسمان اور زمین سے روزی کون پہنچاتا ہے یا کان اور آنکھوں کا کون مالک ہے اور کون زندے کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور کون کام کا انتظام کرتا ہے؟ وہ کہیں گے کہ اللہ۔ تو کہہ کیا تم (اس سے) ڈرتے نہیں؟ پس یہی اللہ ہے تمہارا سچا پروردگار۔ سو حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور کیا ہے۔ تو تم کہاں سے پھیرے جاتے ہو؟ یوں تیرے پروردگار کی بات ان لوگوں پر جو نافرمانی کرتے ہیں، پوری ہوئی کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ پوچھ کہ کیا کوئی تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں ایسا ہے جو پہلے پیدا کرے پھر اس کو دوبارہ کرے۔ کہہ دے کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے

دوبارہ کرے گا تو تم کہاں سے بہکے دیے جاتے ہو۔ پوچھو کیا کوئی تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں ایسا ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے تو کیا جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کا حکم مانا جائے یا وہ جو بغیر اس کے کہ اس کو رستہ بتلایا جائے خود بھی رستہ نہیں پاتا۔ سو تمہیں کیا ہو گیا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو اور ان میں سے اکثر تو محض انکل پر چلتے ہیں کچھ شک نہیں کہ انکل حق کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتی۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۳۴-۳۶-

۳۔ اور اللہ نے زمین میں پہاڑ ڈال دیے کہ وہ تمہیں لے کر ہل نہ جائے اور نہریں اور راہیں پیدا کیں تاکہ تم راہ پاؤ۔ اور راہ کی نشانیاں پیدا کیں اور وہ ستاروں سے راہ پاتے ہیں۔ تو کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اس کے برابر ہے جو کچھ پیدا نہیں کرتا؟ تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

-النحل ۱۶: ۱۵-۱۷-

۴۔ تو کیا تمہارے پروردگار نے تمہیں لڑکوں کے لیے انتخاب کیا اور خود فرشتوں سے بیٹیاں اختیار کیں۔ بے شک تم بڑی (بھاری) بات کہتے ہو۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں بار بار سمجھایا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اور وہ ان کی نفرت ہی بڑھتا ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر اس کے ساتھ جیسا کہ وہ کہتے ہیں اور معبود

الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ قُلْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ قُلِ اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ۝ قُلْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ ۚ قُلِ اللَّهُ يَهْدِي لِلْحَقِّ ۗ أَفَمَن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لَّا يَهِدِّي إِلَّا أَن يُهْدَىٰ ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ۝ وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ۝

۳۔ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَعَلَامَاتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ ۝ أَفَمَن يَخْلُقُ كَمَن لَّا يَخْلُقُ ۗ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝

۴۔ أَفَأَصْفَاكُمْ رَبُّكُم بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ۝ قُل لَّوْ كَانَ مَعَهُ آلِهَةٌ كَمَا يَقُولُونَ إِذًا لَّابْتَغَوْا إِلَىٰ ذِي الْعَرْشِ سَبِيلًا ۝

۵۔ أَمِ اتَّخَذُوا آلِهَةً مِّنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنشِرُونَ ۝ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝

۶۔ مَا اتَّخَذَ اللَّهُ مِن وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُ مِنْ إِلَٰهٍ ۚ إِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَٰهٍ بِمَا

ہوتے تو اس صورت میں وہ ضرور صاحب عرش پر (چڑھائی) کی راہ ڈھونڈ لیتے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۴۰-۴۲-

۵۔ کیا انہوں نے ایسے معبود اختیار کیے ہیں جنہیں وہ زمین سے بنا کر کھڑا کرتے ہیں۔ اگر آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو وہ دونوں ضرور تباہ ہو جاتے۔ تو اللہ عرش کا مالک ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۲۱-۲۲-

۶۔ اللہ نے کوئی بیٹا بھی اختیار نہیں کیا اور اس کے ساتھ کوئی معبود نہیں

ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی پیدا کی ہوئی مخلوق کو الگ لے بیٹھتا اور ضرور ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا۔ اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔المومنون ۲۳: ۹۱۔

۷۔ بھلا آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور کس نے تمہارے لیے آسمان سے پانی اتارا؟ ہم ہی نے اس کو اتار کر اس سے بارونق باغ اگائے۔ تمہاری طاقت نہیں کہ تم ان کے درخت اگاؤ۔ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو راہ حق سے انحراف کرتے ہیں۔ بھلا وہ کون ہے جس نے زمین کو قرار گاہ بنایا اور اس کے درمیان نہریں جاری کیں اور اس میں پہاڑ پیدا کیے اور دو دریاؤں کے درمیان آڑ پیدا کی؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (کوئی بھی نہیں) بلکہ ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔ بھلا وہ کون ہے جو بے قرار کی دعا جب وہ اس سے دعا مانگتا ہے قبول کرتا ہے اور تکلیف کو ہٹا دیتا ہے اور تمہیں زمین میں جانشین کرتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ تم بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہیں خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راہ دکھاتا ہے اور اپنی رحمت (یعنی بارش) کے آگے آگے بشارت دینے والی ہوائیں بھیجتا ہے۔ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ اللہ تو ان کے شرک سے بالاتر ہے۔ بھلا وہ کون ہے جو پہلی بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ کرے گا اور کون تمہیں آسمان اور زمین سے روزی پہنچاتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی سند لاؤ۔

۔النمل ۲۷: ۶۰-۶۴۔

خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝

۷۔ اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

۸۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ۗ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۗ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝

۹۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝

۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ تم پر رات ہی رکھے تو اللہ کے سوا ایسا کونسا معبود ہے جو تمہیں (دن کی) روشنی لا دے تو کیا تم سنتے نہیں؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ بھلا بتلاؤ تو اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ تم پر دن ہی رکھے تو اللہ کے سوا ایسا کون معبود ہے جو تمہیں رات لا دے جس میں آرام کرو تو کیا تم دیکھتے نہیں؟

۔القصص ۲۸: ۷۱-۷۲۔

۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ پھر وہ کہاں سے (حق سے) پھیر دیے جاتے ہیں؟

۔العنکبوت ۲۹: ۶۱۔

۱۰۔ اور اگر تو ان سے پوچھے کہ کس نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہتا کہ اللہ کا شکر ہے لیکن اکثر ان میں سے سمجھتے نہیں۔

۔العنکبوت ۲۹:۶۳۔

۱۱۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ پھر تمہیں رزق دیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ کیا تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان باتوں میں سے کوئی بات کر سکے؟ وہ ان کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

۔الروم ۳۰:۴۰۔

۱۲۔ اس نے آسمانوں کو بغیر ستون جیسے تم دیکھتے ہو، پیدا کیا اور زمین میں پہاڑ ڈال دیے کہ وہ تمہیں لے کر ہل نہ جائے اور اس میں ہر ایک جان دار کو پھیلا دیا اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس میں ہر قسم کی نفیس چیزیں اگائیں۔

۔لقمن ۳۱:۱۰۔

۱۳۔ یہ اللہ کی پیدائش ہے اب تم مجھے دکھلاؤ کہ انہوں نے کیا پیدا کیا جو اس کے سوا ہیں۔ کچھ بھی نہیں، ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔لقمن ۳۱:۱۱۔

۱۴۔ کیا تم نے اس پر نظر نہیں کی کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اللہ نے سب تمہارے بس میں کر دیا اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں کامل کر دیں اور لوگوں میں کوئی وہ بھی ہے جو اللہ کے بارے

۱۰۔ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝

۱۱۔ اَللّٰهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۖ هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ يَفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِنْ شَيْءٍ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

۱۲۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ وَأَلْقٰى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ ۚ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ۝

۱۳۔ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ ۚ بَلِ الظّٰلِمُونَ فِي ضَلٰلٍ مُبِينٍ ۝

۱۴۔ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتٰبٍ مُنِيرٍ ۝

۱۵۔ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۱۶۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلٰى أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

میں بغیر علم اور بغیر ہدایت اور بغیر روشن کتاب کے جھگڑتا ہے۔

۔لقمن ۳۱:۲۰۔

۱۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہہ کہ اللہ کا شکر ہے مگر ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔

۔لقمن ۳۱:۲۵

۱۶۔ (اے مخاطب!) کیا تو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا ہر ایک مقرر وقت تک چلتا ہے۔ اور یہ کہ جو عمل تم کرتے ہو اللہ ان سے خبردار ہے۔

۔لقمن ۳۱:۲۹۔

۱۷۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ ہی (معبود) برحق ہے اور جس کو وہ اس کے سوا پکارتے ہیں باطل ہے اور اللہ ہی بلند مرتبہ، عالی قدر ہے۔

-لقمان ۳۱: ۳۰۔

۱۸۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا یا ہر ایک ایک مقرر وقت تک چلتا ہے۔ یہی اللہ ہے تمہارا پروردگار، اسی کی بادشاہت ہے اور جنہیں تم اس کے سوا پکارتے ہو، تِنکے بھر بھی اختیار نہیں رکھتے۔ اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ سنیں اور اگر سنیں تو تمہاری بات قبول نہ کریں اور قیامت کے دن تمہارے شرک کے منکر ہوں گے اور (اے نبی ﷺ!) خبردار کی مانند تجھے نہ بتلائے گا۔

-فاطر ۳۵: ۱۳-۱۴۔

۱۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا تم نے اپنے ان شریکوں (کے حال) پر نظر ڈالی، جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے بھی تو دکھلاؤ کہ انہوں نے کونسی زمین پیدا کی یا آسمانوں میں ان کا ساجھا ہے یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس (کتاب) سے کسی کھلی دلیل پر ہیں۔ کوئی نہیں بلکہ ظالم بعض بعض کو نرے دھوکے ہی کے وعدے دیتے رہتے ہیں۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو اس بات سے روکے ہوئے ہے کہ وہ (اپنی جگہ سے) ٹل جائیں اور اگر وہ ٹل جائیں تو اس کے بعد کوئی انہیں نہ تھام سکے۔ بے شک وہ بردبار ہے،

۱۷۔ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝

۱۸۔ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۝ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَاۗءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۭ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۭ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۝

۱۹۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰي بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ڬ وَلَىِٕنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

۲۰۔ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۭ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝

بخشنے والا۔

-فاطر ۳۵: ۴۰-۴۱۔

۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہہ تم مجھے یہ تو بتلاؤ کہ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ اس کی بھیجی ہوئی تکلیف ہٹا سکتے ہیں یا اگر وہ مجھ پر رحمت کرنے کا ارادہ کرے تو کیا وہ اس کی رحمت کو روک سکتے ہیں؟ تو کہہ کہ مجھے اللہ کافی ہے۔ بھروسا کرنے والے اسی پر بھروسا کرتے ہیں۔

-الزمر ۳۹: ۳۸۔

۲۱۔ أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ شُفَعَاءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ ۝ قُل لِّلَّهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا ۖ لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۲۲۔ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۝

۲۳۔ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝

۲۴۔ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ۝ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

۲۵۔ لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۗ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۲۱۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا اور سفارشی پکڑے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ اگرچہ وہ کسی چیز کا نہ اختیار رکھتے ہوں اور نہ سمجھتے ہوں۔ تو کہہ ساری سفارش اللہ ہی کے لیے ہے۔ اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الزمر ۳۹: ۴۳۔۴۴۔

۲۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو ضرور یہی کہیں گے کہ ان کو غالب، جاننے والے نے پیدا کیا ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۹۔

۲۳۔ اور اگر تو ان سے پوچھے کہ خود انہیں کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے۔ پھر وہ کہاں سے پھیر دیے جاتے ہیں؟

۔الزخرف ۴۳: ۸۷۔

۲۴۔ کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نظر نہیں ڈالی کہ پر پھیلائے ہوئے ہیں اور سمیٹ لیتے ہیں اور انہیں سوائے رحمٰن کے اور کوئی روکے ہوئے نہیں۔ بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہارے لیے لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابلے میں تمہاری مدد کرے؟ کافر تو نرے دھوکے میں ہیں۔ بھلا وہ کون ہے کہ اگر اللہ اپنی روزی روک لے تو تمہیں روزی دے۔ کوئی نہیں، بلکہ وہ لوگ سرکشی اور نفرت میں بڑھتے جاتے ہیں۔ تو کیا جو شخص اوندھا اپنے منہ کے بل چلتا ہے وہ ہدایت پر ہے یا وہ جو سیدھی راہ پر سیدھا چلتا ہے؟

۔الملک ۶۷: ۱۹۔۲۲۔

۱۔ دلیلِ ابطالِ الوہیتِ مسیح علیہ السلام

۲۵۔ بے شک وہ لوگ کافر ہوئے جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی مریم کا بیٹا مسیح ہے۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ بھلا وہ کون ہے جو اللہ کے ہاں سے کچھ اختیار رکھتا ہو۔ اگر اللہ یہ چاہے کہ مریم کے بیٹے مسیح اور اس کی ماں کو اور ان سب کو جو زمین میں ہیں، ہلاک کر دے اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کی بادشاہت ہے۔ جو وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۱۷۔

۲۶۔ مریم کا بیٹا مسیح تو محض ایک رسول ہے۔ اس سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں اور اس کی ماں صدیقہ ہے وہ دونوں کھانا کھایا کرتے تھے (اے نبی ﷺ!) ہم ان کے لیے کس طرح (اپنی وحدانیت کی) نشانیاں بیان کرتے ہیں۔ پھر دیکھ کہ کہاں سے (حق سے) پھیرے جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ) پوچھ کہ کیا تم اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہو جو نہ تمہیں نقصان ہی پہنچا سکے اور نہ نفع ہی۔ اور اللہ جو ہے وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۵-۷۶۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کے مستحق عبادت ہونے کی دلیل

۲۷۔ اور مجھے کیا ہوا جو میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔یٰس ۳۶: ۲۲۔

۲۸۔ اے انسان! تجھے کس چیز نے تیرے کرم کرنے والے پروردگار کے بارے میں فریب دیا۔ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا۔ پھر تجھے ہموار کیا۔ جس صورت میں چاہا تجھے ترکیب دیا۔ (فریب تو کسی نے) ہرگز نہیں دیا بلکہ تم قیامت کو جھٹلاتے ہو۔

۔الانفطار ۸۲: ۶-۹۔

۲۹۔ (یہ جو کچھ ہوا محض) قریش کو الفت دلانے کے لیے یعنی جاڑوں اور گرمیوں کے سفر کی الفت دلانے کے لیے تو انہیں چاہیے کہ وہ بھی اس گھر کے پروردگار کی عبادت کریں جس نے بھوک میں انہیں کھانا دیا اور انہیں خوف سے امن دیا۔

۔قریش ۱۰۶: ۱-۴۔

٢٣٠۔ اور لوگوں میں کوئی ایسے بھی ہیں جو اللہ کے سوا شریک ٹھہراتے ہیں وہ ان سے اللہ کی محبت کی مانند محبت رکھتے ہیں اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ اللہ سے اس سے بہت زیادہ محبت رکھتے ہیں۔

۔البقرۃ ٢:١٦٥۔

٢٣١۔ رسول ایمان لایا جو اس کے پروردگار کی طرف سے اس پر اتارا گیا ہے اور مومن بھی۔ ہر ایک اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور حکم مانا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم تیری معافی چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۔البقرۃ ٢:٢٨٥۔

٢٣٢۔ مومن تو بس وہی ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ جاتے ہیں اور جب ان پر اس کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ ان کا ایمان اور بڑھا دیتی ہیں اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ جو لوگ نماز کو قائم رکھتے ہیں اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔ وہی سچے مومن ہیں۔ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔الانفال ٨:٢-٤۔

٢٣٣۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے (مسلمانوں کو) جگہ دی اور ان کی مدد کی، وہی سچے مومن ہیں۔ ان کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔الانفال ٨:٧٤۔

٢٣٤۔ اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو کوئی ان میں سے کہتا ہے کہ اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان بڑھایا۔ سو جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کا ایمان اس نے بڑھا دیا اور وہ خوشی کرتے ہیں۔

۔التوبۃ ٩:١٢٤۔

٢٣٥۔ مومنوں کا تو بس یہی قول ہے کہ جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے سنا اور مانا اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۔النور ٢٤:٥١۔

۲۳۶۔ مومن تو بس وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور جب وہ اس کے ساتھ کسی ایسی بات کے لیے جمع ہوتے ہیں، جس میں جمع ہونے کی ضرورت ہے تو جب تک اس سے اجازت نہ لے لیں نہیں جاتے۔ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ تجھ سے اجازت مانگتے ہیں، وہی اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں۔ سو جب وہ تجھ سے اپنے کسی ضروری کام کے لیے اجازت مانگیں تو جس کو تو چاہے ان میں سے اجازت دے دے اور اللہ سے ان کے لیے معافی مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-النور ۲۴: ۶۲-

۲۳۷۔ جو لوگ نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔

-لقمان ۳۱: ۴-۵-

۲۳۸۔ ہماری آیتوں پر تو بس وہی ایمان لاتے ہیں کہ جب انہیں ان آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہیں تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ (اس کی) پاکی بیان کرتے ہیں اور وہ غرور نہیں کرتے۔ خواب گاہوں سے ان کے پہلو علیحدہ ہو جاتے ہیں اپنے پروردگار کو خوف اور طمع سے پکارتے ہیں اور جو ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

-السجدہ ۳۲: ۱۵-۱۶-

۲۳۹۔ مومن تو بس وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر انہوں نے اس میں کچھ شک نہیں کیا اور اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال سے جہاد کیا۔

۲۳۶۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۲۳۷۔ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۲۳۸۔ إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۩ ۝ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝

۲۳۹۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ ۝

۲۴۰۔ لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

وہی (اپنے ایمان میں) سچے ہیں۔

-الحجرات ۴۹: ۱۵-

۲۴۰۔ (اے نبی ﷺ!) تو ان لوگوں کو جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں، ایسا نہیں پائے گا کہ اس شخص سے محبت رکھیں جو اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اگرچہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے والے۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا اور اپنی تائید سے ان کو قوت دی اور وہ انہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے۔ یہی لوگ اللہ کی جماعت ہیں۔ سن لو کہ اللہ کی جماعت ہے، وہی فلاح پانے والی ہے۔

-المجادلہ ۵۸: ۲۲-

تزکیۂ نفس

۱۔ اپنے آپ کو پاک نہ کہو

۱۔ وہ تم کو خوب جانتا ہے جب اس نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے تھے۔ تو اپنے آپ کو پاک نہ کہو۔ وہ خوب جانتا ہے جو متقی ہے۔

۔النجم ۵۳: ۳۲۔

۲۔ تزکیۂ نفس کرنے والوں کو فلاح

۲۔ قسم ہے سورج اور اس کی روشنی کی اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے اور دن کی جب وہ اس کو روشن کرے اور رات کی جب وہ اس پر چھا جائے اور آسمان اور اس کے بنانے کی اور زمین اور اس کے پھیلانے کی اور جان اور اس کے درست بنانے کی۔ پھر اس نے اس کو سمجھ دی اس کی بدکاری اور پرہیزگاری کی۔ بے شک وہ مراد کو پہنچا جس نے اس کو سنوار لیا۔

۔الشمس ۹۱: ۱۔۹۔

۳۔ تزکیۂ نفس نہ کرنے والوں کی نامرادی

۳۔ اور نامراد ہوا جس نے اس کو خاک میں دبا دیا۔

۔الشمس ۹۱: ۱۰۔

ما یتعلق بالجبر والقدر واختیار العباد فی افعالھم

۱۔ اللہ کے ہاں ہر شے کا اندازہ مقرر ہے

۱۔ اور کوئی شے ایسی نہیں ہے جس کے ہمارے پاس خزانے موجود نہ ہوں اور ہم اس کو مقرر اندازے کے ساتھ اتارتے ہیں۔

۔الحجر ۱۵: ۲۱۔

۲۔ بے شک ہم نے ہر شے کو ایک اندازے کے ساتھ پیدا کیا ہے۔

۔القمر ۵۴: ۴۹۔

۳۔ بے شک اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵: ۳۔

۴۔ اور وہ جس نے اندازہ کیا پھر راہ بتائی۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۳۔

۲۔ ہر ایک بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے

۵۔ اور ہم نے جس بستی کو بھی ہلاک کیا اس کے لیے معلوم نوشتہ تھا۔

۔الحجر ۱۵: ۴۔

۶۔ بے شک یہ کتاب میں ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۰۔

۷۔ اور کوئی عورت نہ پیٹ میں رکھتی ہے اور نہ جنتی ہے مگر اللہ کے علم سے۔ اور نہ کوئی دراز عمر عمر دیا جاتا ہے اور نہ اس کی عمر سے کچھ کم کیا جاتا ہے مگر کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۱۱۔

۱۔ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ ۝

۲۔ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ۝ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ۝ وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ۝ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ۝ وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا ۝ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ۝ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ۝ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ۝

۳۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا ۝

۱۔ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ ۝

۲۔ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ ۝

۳۔ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

۴۔ وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدَىٰ ۝

۵۔ وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُومٌ ۝

۶۔ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ

۷۔ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُعَمَّرٍ وَلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ

کے درمیان ان باتوں میں جن میں وہ باہم اختلاف کرتے ہیں کبھی کا فیصلہ ہو چکا ہوتا۔

-یونس ۱۰:۱۹-

۱۷۔ اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی جماعت بنا دیتا اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے مگر وہ جس پر تیرا پروردگار رحم کرے اور اس نے اسی (اختلاف) کے لیے ان کو پیدا کیا ہے اور تیرے پروردگار کی بات پوری ہوگئی کہ میں ضرور دوزخ کو جنوں اور آدمیوں سے سب سے ہی بھر دوں گا۔

-هود ۱۱: ۱۱۸-۱۱۹-

۹۔ لوگوں کا ایمان لانا اللہ کے حکم پر موقوف ہے

۱۸۔ بے شک جن لوگوں پر تیرے پروردگار کی بات پوری ہو گئی وہ ایمان نہیں لائیں گے اگرچہ ان کے پاس ہر ایک نشانی آجائے یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں۔

-یونس ۱۰: ۹۶-۹۷-

۱۹۔ اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو وہ سب جو زمین میں ہیں ایک ساتھ ہی ایمان لے آتے۔ تو کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا کہ وہ ایمان لے آئیں۔ اور کسی جان کا کام نہیں کہ اللہ کے حکم کے بغیر ایمان لے آئے اور اللہ ان پر جو عقل نہیں رکھتے پلیدی ڈالتا ہے۔

-یونس ۱۰: ۹۹-۱۰۰-

۱۰۔ انسان کا دل اللہ کے اختیار میں ہے

۲۰۔ اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔

-الانفال ۸: ۲۴-

مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

۱۷۔ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ۝ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ۝

۱۸۔ إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝

۱۹۔ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا ۚ أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن تُؤْمِنَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝

۲۰۔ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ

۲۱۔ قُل لَّن يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝

۲۲۔ الر ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَقُرْآنٍ مُّبِينٍ ۝ رُّبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ ۝ ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ ۖ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُومٌ ۝ مَّا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝

۱۱۔ اللہ کا لکھا ہوا انسان کو پہنچتا ہے

۲۱۔ کہہ دے کہ ہم کو ہرگز مصیبت نہیں پہنچے گی مگر اتنی ہی جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دی ہے۔ وہی ہمارا مالک ہے اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسا رکھنا چاہیے۔

-التوبۃ ۹: ۵۱-

۱۲۔ کوئی شے مقررہ وقت سے آگے پیچھے نہیں ہٹ سکتی

۲۲۔ یہ کتاب اور بیان کرنے والے قرآن کی آیتیں ہیں۔ بہت ہوگا کہ وہ لوگ جو کافر ہیں، چاہیں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔ انہیں چھوڑ کہ کھائیں اور فائدہ اٹھائیں اور امید ان کو غفلت میں رکھے۔ عنقریب ہی وہ معلوم کر لیں گے اور ہم نے کوئی بستی ہلاک نہیں کی جس کے لیے معلوم نوشتہ نہ ہو۔ کوئی امت نہ اپنی معیاد سے آگے جاتی ہے اور نہ پیچھے رہتی ہے۔

-الحجر ۱۵: ۱-۵-

۲۳۔ اور ہر ایک اُمت کے لیے ایک میعاد ہے جب آجاتی ہے تو نہ ایک ساعت پیچھے رہتے ہیں اور نہ آگے جاتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۳۴۔

۲۴۔ ہر امت کے لیے ایک میعاد ہے پھر جب ان کی میعاد آجاتی ہے تو نہ ایک ساعت پیچھے رہتے ہیں اور نہ آگے جاتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۴۹۔

۲۵۔ پھر جب ان کی میعاد آجاتی ہے تو نہ ایک ساعت پیچھے رہتے ہیں اور نہ آگے جاتے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۶۱۔

۲۶۔ کہہ دے کہ تمہارے لیے ایک دن مقرر ہے۔ اس سے نہ تم ایک ساعت پیچھے رہو گے اور نہ آگے بڑھو گے۔

۔سبا ۳۴: ۳۰۔

۱۳۔ اللہ کسی کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا

۲۷۔ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۳۔

۲۸۔ اللہ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۶۔

۲۹۔ اور ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔المومنون ۲۳: ۶۲۔

۳۰۔ ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔الانعام ۶: ۱۵۲، الاعراف ۷: ۴۲۔

۳۱۔ اللہ کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جس قدر اس نے اسے دیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵: ۷۔

۲۳۔ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

۲۴۔ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

۲۵۔ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

۲۶۔ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ۝

۲۷۔ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۲۸۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۲۹۔ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا

۳۰۔ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۳۱۔ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ

۳۲۔ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ ۝ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ ۝ وَأَمَّا مَن بَخِلَ وَاسْتَغْنَىٰ ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَىٰ ۝ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَىٰ ۝ وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّىٰ ۝

۳۳۔ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ۝

۳۴۔ مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ وَمَا أَصَابَكَ مِن سَيِّئَةٍ فَمِن نَّفْسِكَ ۚ

۱۴۔ اللہ نیکوں کو نیکی کی توفیق دیتا ہے اور بدوں کو بدی کی

۳۲۔ سو جس نے (اللہ کی راہ میں) دیا اور ڈرا اور اچھی بات کو سچ جانا ہم اس کو نیکی کی توفیق دیں گے۔ لیکن جس نے بخل کیا اور بے پروائی کی اور اچھی بات کو جھوٹ جانا، ہم اسے بدی کی توفیق دیں گے۔ اور اس کا مال کچھ کام نہ آئے گا جب وہ اوندھا گرے گا۔

۔اللیل ۹۲: ۵۔۱۱۔

۱۵۔ انسان کو اللہ نے نیک و بد دونوں رستے دکھلا دیے ہیں

۳۳۔ پھر اللہ نے اس کے دل میں اس کی بدکاری اور اس کی پرہیزگاری ڈالی۔

۔الشمس ۹۱: ۸۔

۱۶۔ نیکی اللہ کی طرف سے اور بدی انسان کی طرف سے

۳۴۔ جو بھلائی تجھے پہنچی وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو تکلیف تجھے پہنچی وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے۔

۔النساء ۴: ۷۹۔

اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ جائے (اور) پھر تمہاری مدد نہ کی جائے۔

-الزمر ۳۹:۵۴

۹۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں جہانوں کے پروردگار کا فرماں بردار رہوں۔

-المؤمن ۴۰:۶۶

۳۔ دین اسلام پر قائم رہو

۱۰۔ پس تو جیسا تجھے حکم دیا گیا ہے قائم رہ اور وہ بھی جنہوں نے تیرے ساتھ اللہ کی طرف رجوع کیا ہے اور سرکشی نہ کرو۔ بے شک اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

-ہود ۱۱:۱۱۲

۱۱۔ اور ان کی طرف نہ جھکو جنہوں نے ظلم کیا ہے کہ تمہیں آگ پکڑ لے اور تمہارا اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں اور پھر تمہاری مدد بھی نہیں کی جاتی ہے۔

-ہود ۱۱:۱۱۳

۱۲۔ پس تو اسی کی طرف بلا اور جس طرح تجھے حکم دیا گیا ہے قائم رہ اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور کہہ کہ میں اس کتاب پر جو اللہ نے اتاری ہے ایمان لایا اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں۔ اللہ ہمارا پروردگار ہے اور تمہارا پروردگار بھی۔ ہمارے لیے ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال۔ ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان کچھ جھگڑا نہیں ہے۔

-الشوریٰ ۴۲:۱۵

۱۳۔ پھر ہم نے تجھے دین کی ایک راہ پر لگا دیا ہے تو تو اسی پر چل اور ان لوگوں کی خواہشوں پر نہ چل جو کچھ

لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

۹۔ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۰۔ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

۱۱۔ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

۱۲۔ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

۱۳۔ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

۱۴۔ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

نہیں جانتے۔ وہ اللہ کے مقابلے میں تیرے کچھ کام نہ آئیں گے اور بے شک ظالم ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ متقیوں کا دوست ہے۔

-الجاثیہ ۴۵:۱۸۔۱۹

۴۔ اسلام لانے سے کسی پر احسان نہیں بلکہ خود اسلام لانے والے پر اللہ کا احسان ہے

۱۴۔ کہہ دے کیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتلاتے ہو حالانکہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔ وہ تجھ پر یہ احسان رکھتے ہیں کہ وہ اسلام لائے۔ تو کہہ دے کہ مجھ پر اپنے اسلام کا احسان نہ دھرو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی طرف لگا دیا اگر تم سچے ہو۔

-الحجرات ۴۹:۱۶۔۱۷

ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور محتاجی کی وجہ سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی اور بے حیائی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ جو ان میں ظاہر ہیں، اس کے بھی اور جو چھپی ہیں اس کے بھی۔ اور اس جان کو ناحق نہ مارو جس کا اللہ نے احترام کیا ہے۔ یہ ہے جس کے ساتھ اس نے تم کو وصیت کی ہے شاید تم سمجھو اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ جاؤ مگر ایسے طریق پر کہ وہ بہت ہی اچھا ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا رکھو۔ ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ اور جب تم بات کہو تو انصاف کو مدنظر رکھو اگرچہ کوئی رشتہ دار ہی ہو اور اللہ کے عہد کو پورا کرو۔ یہ ہے جس کی اس نے تمہیں وصیت کی ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ اور یہ کہ یہ میرا رستہ ہے سیدھا۔ تو تم اسی پر چلو اور دوسرے رستوں پر نہ چلو کہ وہ رستے تمہیں اس کے رستے سے جدا کر دیں۔ یہ ہے جس کی اس نے تمہیں وصیت کی ہے تاکہ تم پرہیزگار رہو جاؤ۔

۔الانعام ۶: ۱۵۱-۱۵۳۔

۲۵۔ اور اس سے اچھا کس کا دین جس نے اپنے رخ کو اللہ کا فرماں بردار بنایا اور وہ نیکوکار ہے اور اس نے ایک خدا کا ہو کر دینِ ابراہیم کی پیروی کی ہے؟

۔النساء ۴: ۱۲۵۔

۱۱۔ دینِ اسلام سے بہتر کوئی دین نہیں

۲۶۔ اور اس سے اچھا کس کا قول جس نے (لوگوں کو) اللہ کی طرف بلایا اور نیک کام کئے اور کہا کہ میں فرماں برداروں میں ہوں؟

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۳۳۔

نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۖ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۖ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿۱۵۲﴾ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿۱۵۳﴾

۲۵۔ وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۗ

۲۶۔ وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿۳۳﴾

۲۷۔ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

۲۸۔ مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلَٰكِنْ يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۶﴾

۲۹۔ وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۚ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي

۱۲۔ دینِ اسلام میں اللہ نے آسانی رکھی ہے سختی نہیں رکھی

۲۷۔ اللہ تم پر آسانی کرنا چاہتا ہے اور وہ تم پر سختی کرنا نہیں چاہتا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۵۔

۲۸۔ اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے تاکہ تم شکر کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۲۹۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کی راہ میں جہاد کرنے کا حق ہے۔ اسی نے تم کو برگزیدہ کیا اور دین میں تم پر کوئی تنگی نہیں رکھی۔ تمہارے باپ ابراہیم کا دین مقرر کیا۔ اسی نے تمہارا مسلمان نام

رکھا ہے۔

-الحج ۲۲: ۷۸-

۱۳۔ اللہ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا

۳۰۔اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ اس کے نفع کے لیے ہے جو اس نے اچھا کیا اور اس پر وبال ہے جو اس نے برا کیا۔

-البقرۃ ۲: ۲۸۶-

۳۱۔اور کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جو اس نے اس کو دیا ہے۔

-الطلاق ۶۵: ۷-

۳۲۔ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

-الانعام ۶: ۱۵۲، والاعراف ۷: ۴۲، والمومنون ۲۳: ۶۲-

الَّذِيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۚ مِلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ

۳۰۔لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ

۳۱۔لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا

۳۲۔لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا

۱۴۔ ضعیفوں، لنگڑوں، اندھوں اور مریضوں وغیرہ معذورین پر جمعہ جماعات اور جہاد وغیرہ کی تکلیف نہیں ہے

۳۳۔نہیں ہے کمزوروں پر اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جو شے نہیں پاتے جس کو وہ خرچ کریں، کوئی گناہ۔ جب اللہ اور اس کے رسول کی خیرخواہی کریں، نیکو کاروں پر کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور نہ ان پر گناہ ہے کہ جب وہ تیرے پاس آتے ہیں کہ تو ان کو سوار کر دے تو تو کہتا کہ میں وہ (سواری) نہیں پاتا جس پر میں تم کو سوار کر دوں۔ تب وہ واپس ہوتے ہیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس غم میں کہ وہ نہیں پاتے جو وہ خرچ کریں۔

-التوبۃ ۹: ۹۱-۹۲-

۳۳۔لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ وَلَا عَلَى الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنْفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِنْ سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَأَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنْفِقُونَ ۝

۳۴۔نہ اندھے پر گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر گناہ ہے اور نہ بیمار پر گناہ ہے۔

-النور ۲۴: ۶۱، الفتح ۴۸: ۱۷-

۳۴۔ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ

۱۵۔ اسلام بڑا محکم کڑا ہے

۳۵۔ اور جو اپنے رخ کو اللہ کا فرماں بردار بنا دے اور وہ نیکوکار ہو اس نے بے شک مضبوط رسے کو پکڑ لیا اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

-لقمٰن ۳۱: ۲۲-

۳۵۔ وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ۝

۱۶۔ اللہ دین اسلام سے راضی ہے

۳۶۔آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے تو تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور

۳۶۔ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۚ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ

تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے دین اسلام سے راضی ہوا۔

-المائدة ۵:۳-

۱۷۔ دین اسلام نوح، ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ علیہم السلام وغیرہ کا ایک ہی ہے

۳۷۔(اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب ابراہیم سے اس کے پروردگار نے کہا کہ اسلام لا۔ تو اس نے کہا کہ میں جہانوں کے پروردگار کے لیے اسلام لایا۔ اور اسی کی وصیت ابراہیم اور یعقوب نے اپنے اپنے بیٹوں کو کی کہ بیٹو اللہ نے تمہارے لیے یہ دین منتخب کیا ہے، تو تم مسلمان ہی مرنا۔ (منکرو!) کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کو موت آئی تھی۔ جب اس نے اپنے بیٹوں سے کہا تھا کہ تم میرے بعد کس کو پوجو گے؟ تو انہوں نے کہا کہ ہم تیرے معبود اور تیرے باپ دادوں ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق کے معبود کو (یعنی) ایک ہی معبود کو پوجیں گے اور اسی کے فرماں بردار ہیں۔

-البقرة ۲: ۱۳۱-۱۳۳-

۳۸۔اللہ نے تمہارے لیے وہ دین جاری کیا ہے جس کی اُس نے نوح کو وصیت کی تھی اور جس کی ہم نے تیری طرف وحی کی اور جس کی ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو وصیت کی تھی۔ یہ کہ دین کو قائم رکھو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو۔ مشرکین کو وہ دین ناگوار ہے جس کی طرف تو انہیں بلاتا ہے۔

-الشوریٰ ۴۲: ۱۳-

۳۹۔اور ان کو بجز اس کے اور کچھ حکم نہیں دیا کہ ایک طرف کے ہو کر خالص اللہ ہی کی فرماں برداری کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی سیدھا دین ہے۔

-البینة ۹۸: ۵-

الْإِسْلَامَ دِينًا

۳۷۔ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ وَوَصَّىٰ بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ يَا بَنِيَّ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ لَكُمُ الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ ۝ أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ۝

۳۸۔ شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰ أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ

۳۹۔ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ۝

۴۰۔ فَإِنْ زَلَلْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

۴۱۔ هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَائِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝

۴۲۔ وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ۝

۱۸۔ اسلام سے لغزش کی ممانعت

۴۰۔پھر اگر تم اس کے بعد بھی کہ تمہارے پاس کھلی دلیلیں آ چکی ہیں ڈگمگا گئے تو جان لو کہ بے شک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

-البقرة ۲: ۲۰۹-

۴۱۔کیا یہ (کافر) اسی کے منتظر ہیں کہ اُن کے پاس بادلوں کے سائبانوں میں خدا اور فرشتے آ موجود ہوں اور معاملہ طے ہو جائے اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-البقرة ۲: ۲۱۰-

۱۹۔ غلبۂ اسلام کی پیش گوئیاں

۴۲۔اور (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ حق آ گیا اور باطل پاش پاش ہو گیا۔ بے شک باطل پاش پاش ہونے والا ہی تھا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۱-

۴۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ رات اور دن میں رحمٰن سے تمہاری حفاظت کون کرتا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے ہوئے ہیں۔ کیا ان کے ایسے معبود ہیں جو ہمارے سوا ان کو بچا سکیں؟ وہ نہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں اور نہ ہمارے مقابلے میں کوئی ان کا ساتھی ہے۔ بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو دنیا میں برومند کیا۔ یہاں تک کہ ان پر عمریں طویل ہو گئیں۔ تو کیا یہ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین (کفر) کو اس کی چاروں طرف سے گھٹاتے چلے آتے ہیں، تو کیا وہ غالب آئیں گے؟

۔الانبیاء ۲۱: ۴۲۔۴۴۔

۴۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرا پروردگار چھپی باتوں کا جاننے والا حق کو پھیلا رہا ہے۔ کہہ دے کہ حق آ گیا اور (آئندہ) باطل نہ ابتدا کرے گا اور نہ لوٹ کر آئے گا۔

۔سبا ۳۴: ۴۸۔۴۹۔

۴۵۔اس کی طرف پاکیزہ کلام چڑھتے ہیں اور نیک کاموں کو وہ اپنی طرف اٹھا لیتا ہے اور جو لوگ بری بری تجویزیں سوچتے رہتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان لوگوں کا فریب تباہ ہوگا۔

۔فاطر ۳۵: ۱۰۔

۴۶۔کافر چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (دین اسلام) کو اپنے مونہوں سے (پھونک مار کر) بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے۔ وہ (خدا) وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرکوں کو برا معلوم ہو۔

۔الصف ۶۱: ۸۔۹۔

۴۳۔قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ ۝ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم مِّن دُونِنَا ۚ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم مِّنَّا يُصْحَبُونَ ۝ بَلْ مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ۝

۴۴۔قُلْ إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ۝

۴۵۔إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَمَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ ۝

۴۶۔يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ۝ هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۝

۴۷۔بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِندَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

۴۸۔مِّلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ

۴۹۔صِبْغَةَ اللَّهِ ۖ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ۝

۲۰۔مسلمان نیکوکار بے خوف و بے غم ہیں

۴۷۔ہاں جس نے اپنا رخ اللہ کے سپرد کر دیا اور وہ نیکوکار ہے، اس کے لیے اس کے پروردگار کے ہاں اس کا ثواب ہے اور نہ ان پر کچھ خوف ہی ہے اور وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۲۔

۲۱۔مسلمان نام ابراہیم علیہ السلام نے رکھا ہے

۴۸۔(اسلام) تمہارے باپ ابراہیم کا دین (ہے) اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۸۔

۲۲۔مسلمان اللہ کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں

۴۹۔(مسلمانو! کہو کہ) ہم اللہ کے رنگ میں رنگ گئے اور اللہ سے اچھا رنگنے والا کون ہے، اور ہم صرف اسی کو پوجتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۸۔

۲۳۔ مسلمانوں کا اللہ کارساز ہے

۵۰۔ ان کے لیے پروردگار کے ہاں سلامتی کا گھر ہے اور وہی اُن کا کارساز ہے، بدلہ اس کا جو وہ کرتے تھے۔

۔ الانعام ۶: ۱۲۷۔

۲۴۔ مسلمانوں کی سلطنت کی نسبت زبور کی پیش گوئی

۵۱۔ اور ہم نے نصیحت کی کتاب (یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ ملک (شام) کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔ بے شک اس میں عبادت گزار لوگوں کے لیے پیغام پہنچا دیا ہے۔

۔ الانبیاء ۲۱: ۱۰۵-۱۰۶۔

۲۵۔ مسلمان اللہ کے نور پر ہیں

۵۲۔ تو کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہے (کافروں جیسا ہو سکتا ہے؟)۔

۔ الزمر ۳۹: ۲۲۔

۲۶۔ مسلمانوں پر فرشتوں کا نزول جنت کی بشارت کے ساتھ

۵۳۔ بے شک جنہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ اس پر قائم رہے، اُن پر فرشتے اترتے ہیں کہ تم نہ خوف کرو اور نہ غم کرو۔ اور اس جنت کی بشارت پاؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

۔ حٰمٓ السجدہ ۴۱: ۳۰۔

۵۴۔ ہم تمہارے دنیا کی زندگی اور آخرت میں کارساز ہیں اور تمہارے لیے اس (جنت) میں وہ چیز ہے جس کو تمہارا جی چاہے گا اور (نیز) تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم مانگو گے۔ بخشنے والے مہربان کی طرف سے مہمانی ہے۔

۔ حٰمٓ السجدہ ۴۱: ۳۱-۳۲۔

۵۰۔ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۵۱۔ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۝

۵۲۔ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

۵۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝

۵۴۔ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝

۵۵۔ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ۝ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ۝ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ۝ اَمْ لَهُمْ شُرَكَاۗءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَاۗىِٕهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ۝

۲۷۔ مسلمان اور مجرم برابر نہیں ہیں

۵۵۔ تو کیا ہم مسلمانوں کو گنہگاروں کی برابر کر دیں گے۔ تمہیں کیا ہوا کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو؟ کہ تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم پسند کرو یا تمہارے لیے ہم پر قسمیں ہیں جو قیامت کے دن تک چلی جانے والی ہیں کہ تمہارے لیے وہ ہے جو تم حکم لگاؤ؟ (اے نبی ﷺ!) ان سے پوچھ کہ اس بات کا ان میں سے کون ٹھیکے دار ہے۔ یا ان کے لیے شریک ہیں؟ اگر وہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں والا ئیں۔

۔ القلم ۶۸: ۳۵-۴۱۔

دعوتِ اسلام، تبلیغ

۱۔ تبلیغ کا حکم

۱۔ اے رسول! اس پیغام کو (لوگوں تک) پہنچا دے جو تیرے

۱۔ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا

پروردگار کی طرف سے تجھ پر اتارا گیا ہے اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تو نے اس کا پیغام نہیں پہنچایا۔

-المائدہ ۵:۶۷-

۲۔پس جو تجھے حکم دیا جاتا ہے ظاہر کر اور مشرکوں سے کنارہ کشی اختیار کر۔

-الحجر ۱۵:۹۴-

۳۔اپنے پروردگار کے رستے کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلا اور ان سے ایسے طور پر جھگڑا کر کہ وہ بہت ہی اچھا ہو۔ بے شک تیرا پروردگار خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے پھرا ہوا ہے اور وہی ان کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پر آیا۔

-النحل ۱۶:۱۲۵-

۴۔سو وہ اس بارے میں تجھ سے جھگڑا نہ کریں اور تو (ان کو) اپنے پروردگار کی طرف بلا بے شک تو سیدھے رستے پر ہے۔

-الحج ۲۲:۶۷-

۵۔اور اپنے پروردگار کی طرف بلا اور مشرکوں میں مت ہو۔

-القصص ۲۸:۸۷-

۶۔پس تو اسی کے لیے بلا اور (اس پر) قائم رہ جیسا کہ تجھے حکم دیا گیا ہے اور ان کی خواہشوں پر نہ چل۔

-الشوریٰ ۴۲:۱۵-

۲۔ لوگوں کو سمجھانے کا حکم

۷۔اور جو لوگ (اللہ سے) ڈرتے ہیں ان پر کافروں کے متعلق کوئی مواخذہ نہیں لیکن (ان کا فرض) نصیحت کرنا ہے۔ شاید وہ ڈریں اور (اے پیغمبر ﷺ!) ان کو چھوڑ جنہوں نے اپنا دین کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکہ دے رکھا ہے اور تو اس قرآن سے نصیحت کر۔ کہیں کوئی جان اپنے کئے کی وجہ سے مبتلائے مصیبت نہ ہو جائے۔

-الانعام ۶:۶۹-۷۰-

بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ

۲۔فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ۝

۳۔ ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝

۴۔فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ۝

۵۔وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۶۔فَلِذَٰلِكَ فَادْعُ ۖ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ ۖ

۷۔ وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهِ أَن تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ ۖ

۸۔فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ۝

۹۔وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۱۰۔فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ۝

۱۱۔فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ ۝ سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ ۝

۱۲۔فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ۝

۸۔پس قرآن سے اس کو سمجھا جو میرے ڈرانے سے ڈرتا ہے۔

-ق ۵۰:۴۵-

۹۔اور نصیحت کر۔ بے شک نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے۔

-الذٰریٰت ۵۱:۵۵-

۱۰۔پس تو نصیحت کر۔ تو اپنے پروردگار کے فضل سے نہ جنوں (کو تابع کرنے) والا ہے اور نہ دیوانہ۔

-الطور ۵۲:۲۹-

۱۱۔پس تو نصیحت کر اگر نصیحت نفع دے۔ جو ڈرتا ہے وہ نصیحت پکڑے گا۔

-الاعلیٰ ۸۷:۹-۱۰-

۱۲۔پس تو نصیحت کر۔ تو نصیحت ہی کرنے والا ہے۔

-الغاشیہ ۸۸:۲۱-

۱۳۔ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا۝

۱۴ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۝

۱۵۔ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

۱۶۔ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ۝

۱۷۔ لَا خَيْرَ فِىْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۢ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا۝

۱۸۔ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ

۱۹۔ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ۝

۲۰۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

۲۱۔ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ

۳۔ اللہ کے بندے نصیحت کو بغور سنتے ہیں

۱۳۔ اور وہ (اللہ کے بندے ہیں) کہ جب اُن کو اُن کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے۔

۔الشعراء ۲۵:۷۳۔

۴۔ اچھی باتوں کی حمایت کرنا اور بری باتوں سے منع مسلمانوں کا فرض ہے

۱۴۔ اور تم میں ایک جماعت ہو جو لوگوں کو خیر کی طرف بلائے اور اچھی بات کا حکم دے اور بری بات سے روکے اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۰۴۔

۱۵۔ (مسلمانو!) تم بہتر اُمت ہو جو لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے نکالی گئی ہے تم اچھی بات کا حکم دیتے ہو اور بری بات سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

۔آل عمران ۳:۱۱۰۔

۱۶۔ (مسلمان) اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری بات سے روکتے ہیں اور نیکی کے کاموں کی طرف جلدی کرتے ہیں اور وہی نیک بختوں میں ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۱۴۔

۱۷۔ ان کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں ہے مگر (اس کی) جس نے خیرات کا حکم دیا یا کسی نیک کام کا یا لوگوں میں اصلاح کا اور جو یہ کام اللہ کی رضا مندی چاہنے کے لیے کرے گا ہم عنقریب ہی اُس کو بڑا ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴:۱۱۴۔

۱۸۔ (پیغمبر ﷺ) اُن کو اچھی باتوں کا حکم دیتا ہے اور ان کو بُری باتوں سے روکتا ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۵۷۔

۱۹۔ (اے پیغمبر ﷺ!) معافی کو لازم پکڑ اور نیک بات کا حکم دے اور جاہلوں سے کنارہ کش رہ

۔الاعراف ۷:۱۹۹۔

۲۰۔ اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

۔التوبۃ ۹:۷۱۔

۲۱۔ اور اچھی بات کا حکم دے اور بری بات سے منع کر۔

۔لقمٰن ۳۱:۱۷۔

۵۔ بنی اسرائیل لوگوں کو برے کاموں سے منع نہ کرنے پر داؤد اور عیسیٰ علیہما السلام کی زبانی ملعون قرار دیے گئے

۲۲۔ بنی اسرائیل میں سے جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر ملعون قرار دیے گئے۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے باہر نکل جاتے تھے۔ بری بات سے جو وہ کیا کرتے تھے، کسی کو نہیں روکتے تھے البتہ برا کام ہے جو وہ کرتے تھے۔

-المائدہ ۵: ۷۸-۷۹-

۶۔ اپنی اصلاح کے بعد کسی کی گمراہی سے ضرر نہیں

۲۳۔ مسلمانو! اپنے اوپر اپنی جانوں کی اصلاح لازم پکڑو۔ جب تم خود ہدایت پر ہو گئے تو جو گمراہ ہوگا اس کا گمراہ ہونا تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا۔

-المائدہ ۵: ۱۰۵-

۷۔ لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ

۲۴۔ اور اس قرآن کے ذریعے ان لوگوں کو ڈراؤ جو اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کے ہاں اکٹھے کیے جائیں گے۔ اُن کے لیے اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔

-الانعام ۶: ۵۱-

۲۵۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان ہی میں سے ایک شخص کی طرف وحی بھیجی کہ لوگوں کو (عذاب سے) ڈرا اور مسلمانوں کو بشارت دے کہ ان کے لیے

۲۲۔ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰي لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

۲۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ

۲۴۔ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

۲۵۔ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ڼ

۲۶۔ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ

۲۷۔ يُنَزِّلُ الْمَلٰۗىِٕكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝

۲۸۔ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ

راستی کا قدم (بلند مرتبہ) ہے۔

-یونس ۱۰: ۲-

۲۶۔ اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا جس دن ان پر عذاب آئے گا۔

-ابراہیم ۱۴: ۴۴-

۲۷۔ خدا فرشتوں کو وحی کے ساتھ اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اتارتا ہے کہ لوگوں کو اس بات سے ڈراؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو مجھی سے ڈرو۔

-النحل ۱۶: ۲-

۲۸۔ اور ان کو حسرت کے دن سے ڈراؤ جب (ہر بات کا) فیصلہ کیا جائے گا۔

-مریم ۱۹: ۳۹-

۲۹۔اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرا۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۴۔

۳۰۔اور اُن کو قیامت کے دن سے ڈرا جب دل (مارے خوف کے) حلق کے قریب ہوں گے، غم سے بھرے ہوئے۔

۔المؤمن ۴۰: ۱۸۔

۳۱۔ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو ڈرا اس سے پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے۔

نوح ۷۱: ۱

۳۲۔اے جھرمٹ مارنے والے، اُٹھ اور ڈرا۔

۔المدثر ۷۴: ۱-۲

اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم

۱۔ رسول اس غرض سے بھیجے گئے ہیں کہ لوگ ان کی اطاعت کریں

۱۔اور ہم نے جو رسول بھی بھیجا وہ اسی لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔

۔النساء ۴: ۶۴۔

۲۔ رسولوں کے آنے سے اعمالِ بد کی سزا ملتی ہے

۲۔اور ہر ایک اُمت کے لیے رسول ہوتا ہے پھر جب ان کا رسول آ جاتا ہے تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

۔یونس ۱۰: ۴۷۔

۳۔اور ہم (کسی کو) عذاب دینے والے نہیں جب تک

۲۹۔وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ﴿۲۱۴﴾

۳۰۔وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ ۚ

۳۱۔إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱﴾

۳۲۔يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿۱﴾ قُمْ فَأَنذِرْ ﴿۲﴾

۱۔وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ

۲۔وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿۴۷﴾

۳۔وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ﴿۱۵﴾

۴۔وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۱۸۲﴾ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ﴿۱۸۳﴾

۵۔وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۴۷﴾

کہ ایک رسول نہ بھیج دیں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۵۔

۳۔ رسولوں کے جھٹلانے والوں کو اللہ ڈھیل دیتا ہے

۴۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں ہم درجہ بدرجہ (گمراہی میں) کھینچیں گے ایسی طرح کہ انہیں خبر بھی نہ ہوگی اور میں انہیں ڈھیل دوں گا۔ بے شک میرا داؤ مضبوط ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۲-۱۸۳۔

۴۔ رسولوں کے جھٹلانے والوں کے اعمال اکارت ہیں

۵۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اُن کے عمل اکارت گئے۔ انہیں صرف اسی طرح کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۷۔

۵۔ رسولوں کے جھٹلانے والے دوزخی ہیں

۶۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے غرور کیا وہی دوزخی ہیں۔وہ ہمیشہ (دوزخ) میں رہیں گے۔سو اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا؟ یہی وہ ہیں جنہیں (تقدیر کے) لکھے ہوئے سے اُن کا حصہ پہنچے گا یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے (فرشتے) انہیں وفات دینے آئیں گے تو پوچھیں گے کہ وہ کہاں ہیں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے۔ وہ جواب دیں گے کہ وہ ہم سے کھوئے گئے اور وہ اپنی جانوں پر گواہی دیں گے کہ وہ کافر تھے۔ (اللہ) فرمائے گا کہ تم جنوں اور انسانوں کی اُن جماعتوں میں داخل ہو جاؤ جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ جب (اُس میں) کوئی امت داخل ہو گی وہ اپنی ساتھ والی پر لعنت بھیجے گی۔ یہاں تک کہ جب وہ سب اس میں رل مل جائیں گے تو ان کی پچھلی جماعت پہلی کے بارے میں کہے گی کہ ہمارے رب! یہی ہیں جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا۔تو تو انہیں آگ کا دہرا عذاب دے۔ (اللہ) فرمائے گا کہ ہر ایک کو دہرا ہے لیکن تمہیں معلوم نہیں۔ اور ان کی پہلی جماعت پچھلی جماعت سے کہے گی تمہیں ہم پر کچھ فوقیت نہیں تو تم عذاب (کا مزہ) چکھو، بدلہ اس کا جو تم کمایا کرتے تھے۔ بے شک جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن (کے قبول کرنے) سے غرور کیا، ان کے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے تا وقتیکہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے نہ نکل جائے۔ وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے اور گنہگاروں کو ہم اسی طرح کی سزا دیا کرتے ہیں۔ اُن کے لیے دوزخ سے فرش ہے اور (اسی کا) ان کے اوپر اوڑھنا ہے اور ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

۶۔وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ أُولَٰئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُم مِّنَ الْكِتَابِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوا أَيْنَ مَا كُنتُمْ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا وَشَهِدُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوا كَافِرِينَ ۝ قَالَ ادْخُلُوا فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ فِي النَّارِ ۖ كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَّعَنَتْ أُخْتَهَا ۖ حَتَّىٰ إِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا جَمِيعًا قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لِأُولَاهُمْ رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۖ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَلَٰكِن لَّا تَعْلَمُونَ ۝ وَقَالَتْ أُولَاهُمْ لِأُخْرَاهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّىٰ يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِينَ ۝ لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝

۔الاعراف ۷: ۳۶۔۴۱۔

۷۔ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ۛ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَنَا

۷۔کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے پہلے ہو گذرے ہیں (یعنی) قوم نوح اور عاد اور ثمود کی اور اُن کی جو اُن کے بعد ہوئے انہیں سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا۔ اُن کے رسول اُن کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے تو انہوں نے اُن کے مونہوں کو اپنے ہاتھوں سے بند کر دیا اور کہا کہ جس چیز کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو ہم تو اس کو نہیں مانتے ہیں اور بے شک ہم اس (اللہ) کی طرف سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو شک میں ہیں۔ اُن کے رسولوں نے کہا کیا آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اللہ کے بارے میں بھی

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰي مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ۝ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاۗءٍ صَدِيْدٍ ۝ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ۝

۸۔ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝

۹۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۝ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْــــَٔيْكَةِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَحْزَابُ ۝ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝

تمہیں شک ہے؟ وہ تمہیں اپنی طرف اس لیے بلاتا ہے تاکہ تمہارے گناہ بخش دے اور ایک ٹھہری ہوئی میعاد تک تمہیں مہلت دے۔ انہوں نے کہا کہ تم تو ہماری ہی طرح کے آدمی ہو۔ تم یہ چاہتے ہو کہ ہم کو اُن (معبودوں سے) روک دو جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں۔ تو تم ہمارے پاس کوئی کھلی سند لاؤ۔ اُن کے رسولوں نے اُن سے کہا کہ ہم بھی تمہاری ہی طرح کے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرے اور ہماری طاقت میں نہیں کہ بغیر اللہ کے حکم کے ہم تمہارے پاس کوئی سند لے آئیں اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔ اور ہمیں کیا ہوا کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ رکھیں حال آنکہ ہماری راہوں پر اس نے ہمیں لگا دیا اور جو ایذا تم ہمیں دیتے ہو اس پر ہم ضرور صبر کریں گے اور بھروسہ رکھنے والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم ضرور تمہیں اپنے ملک سے نکال دیں گے یا تم ضرور ہمارے مذہب میں واپس آ جاؤ گے۔ تب اُن کے پروردگار نے اُن کی طرف وحی کی کہ ہم ضرور ان ظالموں کو ہلاک کر کے رہیں گے اور اُن کے (ہلاک کرنے کے) بعد ضرور تمہیں اسی ملک میں بسائیں گے۔ یہ (وعدہ) اس لیے ہے جو میرے آگے کھڑے ہونے سے ڈرا اور میرے ڈراوے سے ڈرا اور انہوں نے (اللہ سے) فتح مانگی اور ہر ایک سرکش دشمن ناکامیاب رہا۔ اس کے آگے دوزخ ہے اور وہ پانی پلایا جائے گا جو پیپ ہے۔ اُسے وہ گھونٹ گھونٹ پیئے گا اور حلق سے نہ اتار سکے گا اور ہر طرف سے اُسے موت گھیرے ہوئے ہوگی اور وہ مرے گا نہیں اور اس کے آگے (پیچھے) سخت

عذاب ہوگا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۱۰۔۱۷۔

۸۔ بے شک ہماری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ عذاب اس پر ہوگا جس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا اور (اُس سے) منہ موڑا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۴۸۔

۹۔ اُن سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور میخوں والے فرعون نے جھٹلایا اور ثمود اور لوط کی قوم اور بن والوں نے۔ یہی (منکرین کی) جماعتیں ہیں۔ سب ہی نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرا عذاب حق ثابت ہوگیا۔

۔صٓ ۳۸: ۱۲۔۱۴۔

۶۔ رسولوں کا اتباع کرنے والے قیامت کو بے خوف و بے غم ہوں گے

۱۰۔ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت آئے تو جو میری ہدایت پر چلا ان پر نہ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۳۸۔

۱۱۔ اے اولادِ آدم! اگر تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آئیں جو تم پر میری آیتیں پڑھیں تو (اُن کو من کر) جو ڈر اور اصلاح پر آ گیا اُن پر نہ کچھ خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔الاعراف ۷: ۳۵۔

۷۔ اللہ سے محبت کرنے والوں کو اتباعِ رسول کا حکم

۱۲۔ کہہ دے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا، رحیم ہے۔

۔آل عمران ۳: ۳۱۔

۸۔ اللہ اور اس کے رسول محمد ﷺ کی اطاعت کا حکم

۱۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ اور رسول کی اطاعت کرو۔

۔آل عمران ۳: ۳۲۔

۱۴۔ اور اللہ اور رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۲۔

۱۵۔ مسلمانو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور جو تم میں سے حاکم ہیں اُن کی بھی۔ پھر اگر تم (اور احکام) کسی بات میں جھگڑ پڑو تو اس (کے فیصلے) کو اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو (تمہارے حق میں) بہتر ہے اور انجام کے لحاظ سے بہت اچھا۔

۔النساء ۴: ۵۹۔

۱۶۔ لوگو! تمہارے پاس رسول تمہارے پروردگار کی طرف سے دینِ حق لے کر آ چکا ہے تو تم (اُس پر) ایمان لاؤ تمہارے حق میں بہتر ہو گا۔ اور اگر تم کفر کرو گے تو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۷۰۔

۱۷۔ اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور ڈرو۔ پھر اگر تم مونہہ موڑو گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کا ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔المائدۃ ۵: ۹۲۔

۱۰۔ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۳۸﴾

۱۱۔ يَا بَنِي آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۳۵﴾

۱۲۔ قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۳۱﴾

۱۳۔ قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ

۱۴۔ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿۱۳۲﴾

۱۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿۵۹﴾

۱۶۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا خَيْرًا لَّكُمْ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿۱۷۰﴾

۱۷۔ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاحْذَرُوا فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿۹۲﴾

۱۸۔ (اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے مال غنیمت کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ مال غنیمت اللہ کے لیے ہے اور رسول کے لیے تو تم اللہ سے ڈرو اور اپنے درمیان (کے معاملات) کو درست کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان دار ہو۔

۔الانفال ۸: ۱۔

۱۹۔ مسلمانو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اُس سے روگردانی نہ کرو اور تم تو سنتے ہو اور ان لوگوں کی مانند نہ ہو جنہوں نے کہا کہ ہم نے سنا حالانکہ وہ سنتے نہیں۔

۔الانفال ۸: ۲۰۔۲۱۔

۲۰۔ مسلمانو اللہ اور رسول کی بات قبول کرو جب رسول تمہیں اُس بات کی طرف بلائے جس میں تمہاری زندگی ہے اور جان لو کہ اللہ انسان اور اس کے دل کے درمیان آڑے آ جاتا ہے اور یہ (بات بھی جان لو) کہ تم اُسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔الانفال ۸: ۲۴۔

۲۱۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ تم بزدل ہو جاؤ اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے اور صبر کرو۔ بے شک اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔

۔الانفال ۸: ۴۶۔

۲۲۔ اور انہوں نے اللہ کی سخت قسمیں کھائیں کہ اگر تو انہیں حکم دے گا تو وہ ضرور نکل جائیں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم قسمیں نہ کھاؤ معقول طریقہ پر فرماں برداری (مقصود) ہے۔ بے شک اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ کی اطاعت کرو۔ اور رسول کی اطاعت کرو پھر اگر تم مونہہ پھیر دو تو اس (رسول) کے ذمے وہ ہے

۱۸۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

۱۹۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝

۳۳۔ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝

۳۴۔ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝

۳۵۔ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۫ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۝

۳۶۔ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝

۳۷۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَاۤ اَرَادُوْۤا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَاۤ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝

بعد اور کونسی بات پر ایمان لائیں گے۔

۔المرسلت ۷۷: ۲۹۔۳۳، ۳۷، ۴۰، ۴۵۔۵۰

۳۱۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی جو انصاف کے دن کو جھٹلاتے ہیں۔

۔المطففین ۸۳: ۱۰۔۱۱

۳۶۔ اللہ کی آیتوں اور قیامت کے منکرین کے اعمال باطل ہیں

۳۲۔ اور جنہوں نے ہماری آیتوں اور قیامت کی ملاقات کو جھٹلایا، ان کے اعمال اکارت گئے۔ ان کو اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کیا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۷

۳۷۔ قیامت کو جھٹلانے والے گھاٹے میں ہیں

۳۳۔ بے شک وہ لوگ گھاٹے میں ہیں جنہوں نے اللہ کے ملنے کو جھٹلایا۔ یہاں تک کہ جب اچانک ان پر قیامت آ گئی تو کہنے لگے ہائے ہماری حسرت! اس پر جو ہم نے قیامت کے بارے میں کوتاہی کی اور وہ اپنی پیٹھوں پر اپنے (گناہوں کے) بوجھ اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ سن لو برا ہے جو وہ اٹھاتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۳۱

۳۴۔ بے شک وہ لوگ گھاٹے میں ہیں جنہوں نے اللہ سے ملنے کو جھٹلایا اور ہدایت پانے والے نہیں ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۴۵

۳۸۔ منکرینِ قیامت کے لیے دوزخ

۳۵۔ بلکہ انہوں نے قیامت کو جھٹلایا اور ہم نے اس کے لیے جس نے قیامت کو جھٹلایا دوزخ تیار کیا ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۱

۳۹۔ منکرینِ قیامت کے لیے ویل

۳۶۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی جو انصاف کے دن کو جھٹلاتے ہیں۔

۔المطففین ۸۳: ۱۰۔۱۱

۴۰۔ منکرینِ دوزخ کے لیے وہی دوزخ

۳۷۔ لیکن جنہوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانا آگ ہے جب کبھی بھی وہ یہ چاہیں گے کہ اس سے نکلیں اسی میں پھر لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ اس آگ کے عذاب کا مزہ چکھو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۰

۳۸۔ اور ہم ان لوگوں سے جنہوں نے ظلم کیا ہے، کہیں گے کہ اس آگ کا مزہ چکھو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴:۴۲۔

۳۹۔ یہی وہ آگ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔الطور ۵۲:۱۴۔

شرک

۱۔ شرک کی ممانعت

۱۔ سو تم اللہ کے شریک نہ ٹھہراؤ حالانکہ تم جانتے ہو۔

۔البقرۃ ۲:۲۲۔

۲۔ اور اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو۔

۔النساء ۴:۳۶۔

۳۔ کہہ دے کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ شریک نہ کروں۔ میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۳۶۔

۴۔ سو جو شخص اپنے پروردگار کی ملاقات کا امیدوار ہو اس کو چاہیے کہ نیک کام کرے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

۔الکہف ۱۸:۱۱۰۔

۵۔ اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے ابراہیم کے لیے خانہ کعبہ کی جگہ مقرر کر دی اور حکم دیا کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرنا۔

۔الحج ۲۲:۲۶۔

۳۸۔ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝

۳۹۔ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝

۱۔ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

۲۔ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا

۳۔ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝

۴۔ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

۵۔ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـــًٔا

۶۔ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝ حُنَفَاۗءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ

۷۔ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

۸۔ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

۹۔ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۶۔ سو تم بتوں کی پلیدی سے بچو اور جھوٹی بات کہنے سے بچو اللہ کی طرف جھکتے ہوئے اس کے ساتھ شریک نہ کرتے ہوئے۔

۔الحج ۲۲:۳۰-۳۱۔

۷۔ اور تم مشرکوں میں ہرگز نہ ہو۔

۔الانعام ۶:۱۴ و یونس ۱۰:۱۰۵ و القصص ۲۸:۸۷۔

۸۔ اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پکار اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

۔القصص ۲۸:۸۸۔

۹۔ اور اللہ کے سوا کسی ایسی چیز کو نہ پکار جو نہ تجھے نفع پہنچائے اور نہ تجھے کچھ نقصان پہنچا سکے۔ اگر تو نے یہ کیا تو اس وقت بے شک تو ظالموں میں ہوگا۔

۔یونس ۱۰:۱۰۶۔

۱۰۔ اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پکار کر تو ملامت کیا ہوا بے مددگار بیٹھا رہ جائے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۲۲۔

۱۱۔ اور اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا کہ تو ملامت کیا ہوا اور راندہ ہو کر دوزخ میں ڈالا جائے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۹۔

۱۲۔ اور نماز کو قائم رکھو اور مشرکوں میں نہ ہو۔

۔الروم ۳۰: ۳۱۔

۱۳۔ بے شک اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرا۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۳۔

۱۴۔ اور (شرک کی) نجاست سے الگ رہ۔

۔المدثر ۷۴: ۵۔

۲۔ اللہ کے ساتھ شرک کرنے میں والدین کی اطاعت نہیں

۱۵۔ اور اگر ماں باپ تجھ سے یہ کوشش کریں کہ میرے ساتھ اس چیز کو شریک کرے جس کا تجھے علم نہیں تو تو ان کا کہا نہ مان، میری ہی طرف تمہارا رجوع ہے۔ پھر میں اس کی تمہیں خبر دوں گا جو تم کیا کرتے تھے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۸۔

۱۶۔ اور اگر ماں باپ تجھ سے یہ کوشش کریں تو اس چیز کو میرا شریک کرے جس کا تجھے علم نہیں ہے تو تو ان کا کہا نہ مان اور دنیا میں ان کے ساتھ پسندیدہ طور پر رہ۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۵۔

۳۔ قباحت شرک کی ایک تمثیل

۱۷۔ صرف ایک اللہ کے ہو کر اور اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہرا کر اور جو شخص (کسی کو) اللہ کے ساتھ شریک مقرر

۱۰۔ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُومًا مَّخْذُولًا

۱۱۔ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ فَتُلْقٰى فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا مَّدْحُورًا

۱۲۔ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ

۱۳۔ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ

۱۴۔ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ

۱۵۔ وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ

۱۶۔ وَإِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰى أَنْ تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا

۱۷۔ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِي بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ

۱۸۔ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ

۱۹۔ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ

۲۰۔ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا

کرے تو وہ گویا ایسا ہے جیسے آسمان سے گر پڑے پھر اس کو پرندے اُچک لے جائیں یا ہوا کسی دور جگہ اُڑا کر پھینک دے۔

۔الحج ۲۲: ۳۱۔

۴۔ شرک بڑا ظلم ہے

۱۸۔ بے شک شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۳۔

۵۔ شرک کی بخشش نہیں

۱۹۔ بے شک اللہ یہ نہیں بخشے گا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور اس کے سوا جس کو چاہے بخش دے گا۔

۔النساء ۴: ۴۸۔

۲۰۔ بے شک اللہ یہ نہیں بخشے گا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور اس کے سوا جس کو چاہے بخش دے گا اور جو کوئی اللہ کا شریک ٹھہرائے وہ بے شک پرلے درجے کی گمراہی میں جا پڑا۔

۔النساء ۴: ۱۱۶۔

۶۔ شرک کی صحت پر کوئی دلیل نہیں ہے

۲۱۔ مشرکین کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم ہی شرک کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا ہی اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کرتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھا (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے جسے تم ہمارے لیے نکالو تو تم صرف گمان پر چلتے ہو اور تم صرف عقلیں دوڑاتے ہو۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کامل حجت اللہ ہی کی ہے اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت پر کر دیتا۔ کہہ دے کہ اپنے گواہوں کو لاؤ جو یہ گواہی دیں کہ اللہ نے یہ حرام کیا پھر اگر وہ گواہی بھی دیں تو تو ان کے ساتھ گواہی نہ دے۔ اور ان لوگوں کی خواہشوں پر نہ چل جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور وہ (دوسروں کو) اپنے پروردگار کے برابر ٹھہراتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۱۴۸۔۱۵۰۔

۲۲۔ اور تم اس کے سوا صرف ناموں کو پوجتے ہو جو خود تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے ان کے بارہ میں کوئی سند تو اتاری نہیں۔

۔یوسف ۱۲: ۴۰۔

۲۳۔ اور وہ اللہ کے سوا اس کو پوجتے ہیں جس کی اس نے کوئی سند نہیں اتاری اور اس کو جس کا انہیں علم بھی نہیں ہے۔ اور ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہیں ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۱۔

۲۱۔ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۖ إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ۝ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۖ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللَّهَ حَرَّمَ هَٰذَا ۖ فَإِنْ شَهِدُوا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ۝

۲۲۔ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ

۲۳۔ وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ۝

۲۴۔ أَمْ أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ يُشْرِكُونَ ۝

۲۵۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا فَهُمْ عَلَىٰ بَيِّنَتٍ مِنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَعِدُ الظَّالِمُونَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ۝

۲۶۔ أَمْ لَكُمْ سُلْطَانٌ مُبِينٌ ۝ فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝

۲۴۔ کیا ہم نے ان پر کوئی سند اتاری ہے جو اس کو بتلائے جس کو وہ اس کے ساتھ شریک کرتے ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۳۵۔

۲۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا تم نے اپنے ٹھہرائے ہوئے ان شریکوں پر بھی نظر کی جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے تو دکھلاؤ کہ انہوں نے کونسی زمین پیدا کی یا ان کا آسمانوں میں کچھ حصہ ہے یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس سے کسی پکی سند پر ہیں۔ کوئی نہیں۔ بلکہ یہ ظالم ایک ایک کو نرا دھوکا دیتے ہیں۔

۔فاطر ۳۵: ۴۰۔

۲۶۔ یا تمہارے پاس کوئی کھلی دلیل ہے تو تم اپنی کتاب لاؤ اگر تم سچے ہو۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۵۶۔۱۵۷۔

۲۷۔ یا ان کے ٹھہرائے ہوئے ایسے شریک ہیں جنہوں نے ان کے لیے وہ دین نکالا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی اور اگر ایک فیصل بات نہ ہو چکی ہوتی (کہ حساب کتاب قیامت کو ہوگا) تو ان کے درمیان ابھی فیصلہ کیا جاتا اور بے شک جو ظالم ہیں، ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۱۔

۲۸۔ یا ہم نے اس (قرآن) سے پہلے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس کو پکڑے ہوئے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳:۲۱۔

۲۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) جو رسول ہم نے تجھ سے پہلے بھیجے تھے ان سے پوچھ کیا ہم نے رحمٰن کے سوا دوسرے معبود بنائے ہیں جو پوجے جائیں۔

۔الزخرف ۴۳:۴۵۔

۳۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا تم نے انہیں بھی دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے بھی تو دکھلاؤ کہ انہوں نے کونسی زمین پیدا کی ہے۔ یا ان کا آسمانوں میں کچھ ساجھا ہے۔ میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب یا کوئی علم روایت لاؤ اگر تم سچے ہو۔

۔الاحقاف ۴۶:۴۔

۳۱۔ یہ (بت) تو صرف کرے نام ہیں جو خود تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے ان کے بارے میں کوئی سند نہیں اتاری۔

۔النجم ۵۳:۲۳۔

۷۔ مشرک اپنے شرک اور بداعمالیوں کا الزام اللہ پر لگاتے

۳۲۔ مشرکین کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک ہی کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا ہی اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کرتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھا (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے جسے تم ہمارے لیے نکالو تو تم صرف گمان پر چلتے ہو اور تم صرف عقلیں دوڑاتے ہو۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کامل حجت اللہ ہی کی ہے اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت پر کر دیتا۔ کہہ دے کہ اپنے گواہوں کو لاؤ جو یہ گواہی دیں کہ اللہ نے یہ حرام کیا پھر اگر وہ گواہی بھی دیں تو تو ان کے ساتھ گواہی نہ دے۔ اور ان لوگوں کی خواہشوں پر نہ چل جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور وہ (دوسروں کو) اپنے پروردگار کے برابر ٹھہراتے ہیں۔

۔الانعام ۶:۱۴۸۔۱۵۰۔

۲۷۔ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ لَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

۲۸۔ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ۝

۲۹۔ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ۝

۳۰۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

۳۱۔ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ

۳۲۔ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ۝ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝

۳۳۔ اور مشرک کہتے ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی چیز کو نہ پوجتے۔ نہ ہم اور ہمارے باپ دادا اور نہ ہم بغیر اس کی مرضی کے کوئی چیز حرام کرتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے کیا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ تو کیا رسولوں کا ذمہ سوائے کھول کر پیغام پہنچا دینے کے اور بھی کچھ ہے۔

۔النحل ۱۶: ۳۵۔

۳۴۔ اور انہوں نے کہا کہ اگر رحمٰن چاہتا تو ہم انہیں نہ پوجتے۔ انہیں اس کے متعلق کچھ علم نہیں ہے۔ وہ نری اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۲۰۔

۸۔ مشرکوں نے اللہ کی قدر نہیں کی

۳۵۔ انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جو اس کی قدر کرنے کا حق ہے۔ بے شک اللہ زبردست، غالب ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۴۔

۳۶۔ اور انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جو اس کی قدر کرنے کا حق ہے حالانکہ تمام زمین اس کی مٹھی میں ہے اور آسمان اس کے دہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوئے ہیں۔

۔الزمر ۳۹: ۶۷۔

۹۔ مشرک مسجدیں آباد نہیں کر سکتے

۳۷۔ مشرکوں کا کام نہیں ہے کہ وہ اپنی جانوں پر کفر کی شہادت دیتے ہوئے اللہ کی مسجدوں کو آباد کریں۔

۔التوبہ ۹: ۱۷۔

۱۰۔ مشرک بتوں کی عبادت سے اللہ کا قرب چاہتے ہیں

۳۸۔ اور جنہوں نے اس کے سوا دوسرے معبود پکڑ رکھے ہیں

۳۳۔ وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝

۳۴۔ وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا عَبَدْنَاهُم ۗ مَّا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ۝

۳۵۔ مَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝

۳۶۔ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ۚ

۳۷۔ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَن يَعْمُرُوا مَسَاجِدَ اللَّهِ شَاهِدِينَ عَلَىٰ أَنفُسِهِم بِالْكُفْرِ ۚ

۳۸۔ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۗ

۳۹۔ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا ۚ يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَن يُعَمَّرَ ۗ

۴۰۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ

(وہ کہتے ہیں کہ) ہم انہیں محض اس لیے پوجتے ہیں کہ وہ اللہ کے ہمیں قریب کر دیں۔ بے شک اللہ ان کے درمیان جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے ہیں فیصلہ کرے گا۔

۔الزمر ۳۹: ۳۔

۱۱۔ مشرک ہزار برس کی زندگی چاہتے ہیں

۳۹۔ اور جنہوں نے شرک کیا ان میں ہر ایک یہی چاہتا ہے کہ کاش وہ ہزار برس کی عمر دیا جائے اور یہ بات کہ اس کو (اتنی) عمر دی جائے اس کو عذاب سے دور کرنے والی نہیں ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۶۔

۱۲۔ مشرک ناپاک ہیں

۴۰۔ مسلمانو! مشرک تو ناپاک ہیں تو وہ اپنے اس سال کے بعد مسجد

الحرام کے قریب نہ جانے پائیں اور اگر تم محتاجی سے ڈرتے ہو، اللہ تمہیں اپنے فضل سے اگر اس نے چاہا غنی کردے گا۔

۔التوبہ ۹: ۲۸۔

۱۳۔ مشرکوں کے لیے استغفار کی ممانعت

۴۱۔ نبی کو اور ان کو جو ایمان لائے مناسب نہیں ہے کہ وہ مشرکوں کی بخشش کی دعا مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی ہوں۔ اس کے بعد کہ ان پر ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ دوزخی ہیں۔

۔التوبہ ۹: ۱۱۳۔

۱۴۔ مشرک اور مومن کی تمثیل عبد سے

۴۲۔ اللہ ایک مثال اور بیان فرماتا ہے کہ غلام ہے جو (بالکل) دوسرے کے اختیار میں ہے اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک ایسا شخص ہے جس کو ہم نے اپنے ہاں سے (بہت سا) مال طیب عطا فرمایا ہے اور وہ اس میں سے (رات دن) پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا رہتا ہے۔ تو کیا یہ دونوں شخص برابر ہیں؟ (ہرگز نہیں) الحمد للہ لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھ رکھتے۔ اور اللہ ایک مثال اور بیان فرماتا ہے کہ دو آدمی ہیں ایک ان میں سے گونگا (اور دوسرے کی ملک) ہے (بے اختیار وناتواں) کہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور اپنے مالک کو دوبھر ہو رہا ہے وہ جہاں اسے بھیجتا ہے (خیر سے کبھی) بھلائی نہیں لاتا۔ کیا ایسا (گونگا بہرا) اور وہ شخص جو (سنتا بولتا اور) لوگوں کو انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے اور خود سیدھے رستے پر چل رہا ہے، دونوں برابر ہیں؟

۔النحل ۱۶: ۷۵-۷۶۔

الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَٰذَا ۚ وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ إِن شَاءَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝

۴۱۔ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَن يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝

۴۲۔ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوكًا لَّا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَمَن رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَجَهْرًا ۖ هَلْ يَسْتَوُونَ ۚ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ أَيْنَمَا يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۖ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَن يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

۴۳۔ وَجَعَلُوا لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْأَنْعَامِ نَصِيبًا فَقَالُوا هَٰذَا لِلَّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَٰذَا لِشُرَكَائِنَا ۖ فَمَا كَانَ لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ ۗ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ شُرَكَاؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ ۖ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ۝ وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ

۱۵۔ مشرک اپنی کھیتی اور مویشیوں میں سے ایک حصہ اللہ کے لیے مقرر کرتے اور ایک حصہ بتوں کے لیے

۴۳۔ اور انہوں نے اللہ کے لیے اس کی پیدا کی ہوئی کھیتی اور مویشیوں میں ایک حصہ مقرر کیا اور اپنے خیال میں کہا کہ یہ اللہ کے لیے ہے اور یہ ہمارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کے لیے۔ سو جو ان کے شریکوں کے لیے ہے، وہ اللہ کو نہیں پہنچتا اور جو اللہ کے لیے ہے، وہ ان کے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے۔ بہت برا ہے جو فیصلہ کرتے ہیں۔ اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کی نظروں میں ان کے ٹھہرائے ہوئے شریکوں نے ان کی اولاد کا قتل کرنا اچھا کر دکھلایا۔ تاکہ وہ ان کو ہلاک کریں اور ان پر ان کا دین مشتبہ کر دیں اور اگر اللہ چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے تو (اے نبی ﷺ!) تو ان کو ان کے افتراؤں میں چھوڑ دے اور

انہوں نے کہا کہ یہ چوپائے اور کھیتی اچھوتی ہیں اس کو سوائے اس کے جسے ہم اپنے خیال کے مطابق چاہیں اور کوئی نہ کھائے اور کچھ چارپائے ایسے ہیں کہ ان کی پیٹھ (پر سواری اور لادنا) حرام ہے اور کچھ چوپائے ایسے ہیں جن پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام نہیں لیتے ۔ اللہ پر افترا کرتے ہیں ۔ سو اللہ انہیں افترا کی جزا دے گا جو وہ کرتے ہیں ۔ اور انہوں نے کہا کہ جو (بچہ) ان چارپایوں کے پیٹوں میں ہے وہ خالص ہمارے مردوں کے لیے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے اور اگر وہ (بچہ) مردہ ہو تو وہ سب اس میں شریک ہیں ۔ اللہ انہیں ان کی ان باتوں کی سزا دے گا ۔ بے شک وہ حکمت والا ، جاننے والا ہے ۔ بے شک وہ لوگ گھاٹے میں رہے جنہوں نے نادانی سے بغیر علم کے اپنی اولاد کو قتل کیا اور اللہ پر بہتان باندھ کر اس روزی کو حرام کیا جو اللہ نے انہیں دی ۔ بے شک وہ گمراہ ہو گئے اور وہ ہدایت پانے والے نہیں ہیں ۔

-الانعام ۶: ۱۳۸-۱۴۰-

۴۴۔ اور ان (بتوں) کے لیے جنہیں وہ جانتے تک نہیں (کہ وہ کون ہیں) اس روزی میں سے ایک حصہ مقرر کرتے ہیں جو ہم نے انہیں دی ۔ اللہ کی قسم! تم سے اس افترا کی بابت پوچھا جائے گا جو تم کر رہے ہو ۔

-النحل ۱۶: ۵۶-

۱۶۔ مشرکوں کے اعمال اکارت ہیں

۴۵۔ اور اگر وہ شرک کرتے تو ضرور ان کے وہ عمل اکارت جاتے جو وہ کیا کرتے تھے ۔

-الانعام ۶: ۸۸-

وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَآ إِلَّا مَن نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِم بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰٓ أَزْوَاجِنَا ۖ وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَآءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوٓا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَآءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝

۴۴۔ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ ۗ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَفْتَرُونَ ۝

۴۵۔ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۴۶۔ أُولَٰٓئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ

۴۷۔ قُلْ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُوٓنِّيٓ أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ ۝ وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝

۴۸۔ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ الظَّآنِّينَ

۴۶۔ یہی لوگ ہیں جن کے اعمال اکارت گئے ۔

-التوبة ۹: ۱۷-

۴۷۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ اے جاہلو! کیا تم مجھے یہ حکم دیتے ہو کہ میں غیر اللہ کی عبادت کروں اور تیری طرف اور ان پیغمبروں کی طرف جو تجھ سے پہلے ہو گزرے ہیں یہ وحی کی گئی کہ اگر تو نے شرک کیا تو تیرا ہر ایک نیک عمل اکارت جائے گا اور تو ضرور گھاٹا اٹھانے والوں میں ہو جائے گا ۔

-الزمر ۳۹: ۶۴-۶۵-

۱۷۔ مشرکوں پر اللہ کا غضب اور لعنت

۴۸۔ اور اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو مشرک

مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کی نسبت بدگمانی رکھتے ہیں عذاب دے۔ انہیں بری گردش ہے اور اللہ کا ان پر غضب نازل ہوا اور اس نے ان پر لعنت کی، اور ان کے لیے دوزخ تیار کیا ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔الفتح ۴۸:۶۔

۴۹۔ اور خرابی ہے مشرکوں کی

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۶۔

۵۰۔ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیں۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۷۔

۱۸۔ مشرک اللہ پر بہتان باندھتے ہیں

۵۱۔ اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے اس نے بے شک بڑا بہتان باندھا۔

۔النساء ۴:۴۸۔

۱۹۔ مشرک شیطان کو پکارتے ہیں

۵۲۔ اور وہ اس کے سوا محض عورتوں ہی کو پکارتے ہیں۔ اور وہ محض شیطان سرکش ہی کو پکارتے ہیں جس پر اللہ نے لعنت کی۔

۔النساء ۴:۱۱۷، ۱۱۸۔

۲۰۔ مشرکین کے معبودوں کا عجز

۵۳۔ کیا وہ ان (بتوں) کو شریک کرتے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کرتے اور خود پیدا کیے جاتے ہیں۔ اور نہ ان کی ہی مدد کر سکتے ہیں اور نہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں اور اگر تم ان کو ہدایت کی طرف بلاؤ تو تمہارا کہا نہ مانیں۔ تمہارے لیے برابر ہے کہ تم ان کو بلاؤ یا تم

بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

۴۹۔ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝

۵۰۔ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

۵۱۔ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝

۵۲۔ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ

۵۳۔ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ؕ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

خاموش رہو۔ بے شک جنہیں تم اللہ کے سوا بلاتے ہو وہ تمہاری ہی طرح کے بندے ہیں۔ تو تم انہیں بلاؤ اگر تم سچے ہو تو وہ تمہاری پکار کا جواب دیں۔ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو بلاؤ پھر مجھ پر ہر ایک داؤ چلاؤ اور مجھے مہلت نہ دو اور جنہیں تم اس کے سوا پکارتے ہو وہ نہ تمہاری ہی مدد کر سکتے ہیں اور نہ اپنی جانوں ہی کی مدد کر سکتے ہیں۔ اور اگر تو انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو سنیں نہیں، اور تو انہیں دیکھتا ہے کہ وہ تیری طرف دیکھ رہے ہیں حالانکہ وہ دیکھتے نہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۹۱-۱۹۸۔

۵۴۔ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

۵۵۔ لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۖ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَسْتَجِيبُونَ لَهُم بِشَيْءٍ إِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهِ ۚ

۵۶۔ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُم مِّن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ ۗ أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

۵۷۔ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ۝

۵۸۔ أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاءٍ ۖ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ۝

۵۹۔ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ شَيْئًا وَلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ فَلَا تَضْرِبُوا لِلَّهِ الْأَمْثَالَ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝

۶۰۔ قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُم مِّن دُونِهِ فَلَا يَمْلِكُونَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنكُمْ وَلَا تَحْوِيلًا ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ

۵۴۔ اور وہ اللہ کے سوا اس کو پوجتے ہیں جو نہ انہیں نقصان ہی پہنچا سکے اور نہ انہیں نفع ہی پہنچا سکے اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیا تم اللہ کو اس بات کی خبر دیتے ہو جسے وہ نہ آسمان میں جانتا ہے اور نہ زمین میں؟ وہ تو پاک ہے اور ان کے شرک سے بالاتر ہے۔

۔یونس ۱۰:۱۸۔

۵۵۔ اسی کو پکارنا حق ہے اور جو لوگ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ ان کو کچھ جواب نہیں دے سکتے (ان کی مثال) اس شخص کی طرح (ہے) جیسے کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے ہوئے ہو تاکہ وہ اس کے منہ میں پہنچ جائے حالانکہ وہ کبھی اس تک پہنچنے والا نہیں ہے۔

۔الرعد ۱۳:۱۴۔

۵۶۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیا تم نے اس کے سوا اور کارساز پکڑ لیے ہیں۔ جو نہ اپنی جانوں کے نفع ہی پر قادر ہیں اور نہ نقصان ہی پر۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیا اندھا اور بینا برابر ہے یا اندھیریاں اور نور برابر ہے یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک ٹھہرائے ہیں جنہوں نے اس کی پیدائش جیسی پیدائش کی ہے پھر پیدائش ان پر مشتبہ ہوگئی ہے۔ کہہ دے کہ اللہ ہی ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی اکیلا زبردست ہے۔

۔الرعد ۱۳:۱۶۔

۵۷۔ اور جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کچھ پیدا نہیں کرتے اور خود پیدا کیے جاتے ہیں۔

۔النحل ۱۶:۲۰۔

۵۸۔ مردہ ہیں بے جان اور وہ نہیں جانتے کہ وہ کب اٹھائے جائیں گے۔

۔النحل ۱۶:۲۱۔

۵۹۔ اور وہ اللہ کے سوا اس کو پوجتے ہیں جو ان کو آسمانوں اور زمین سے کسی چیز کے روزی دینے کا اختیار نہیں رکھتا اور اس کی طاقت نہیں رکھتے تو اللہ کے لیے کہاوتیں بیان نہ کرو۔ بے شک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

۔النحل ۱۶:۷۳-۷۴۔

۶۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ان کو بلاؤ جن کے تم اللہ کے سوا مدعی ہو۔ وہ نہ تو تم سے تکلیف ہٹا سکتے ہیں اور نہ ٹال سکتے ہیں۔ وہ تو

اپنے پروردگار کی طرف خود اپنا وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں سے کون اس سے زیادہ قریب ہے اور وہ اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرے پروردگار کا عذاب ڈرنے ہی کی چیز ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۵۶۔۵۷۔

۶۱۔ اور انہوں نے اس کے سوا دوسرے معبود پکڑے ہیں جو کچھ پیدا نہیں کرتے اور آپ پیدا کیے جاتے ہیں اور وہ اپنی جانوں کے نہ نفع پر قادر ہیں اور نہ نقصان پر اور نہ موت پر اختیار رکھتے ہیں اور نہ زندگی پر اور نہ کھڑا کرنے پر۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۔

۶۲۔ لوگو! ایک مثال بیان کی گئی ہے اسے سنو۔ کچھ شک نہیں کہ وہ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو ایک مکھی تک بھی پیدا نہیں کر سکتے اگرچہ سب اس کے لیے جمع ہو جائیں اور اگر مکھی کوئی چیز ان سے چھین لے جائے تو اس چیز کو اس سے چھڑا نہیں سکتے۔ طالب اور مطلوب (دونوں) کمزور ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۷۳۔

۶۳۔ اور وہ اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہیں جو نہ انہیں نفع ہی پہنچائے اور نہ انہیں نقصان ہی پہنچائے اور کافر اپنے پروردگار کی مخالفت پر کمر باندھے ہوئے ہے۔

الفرقان ۲۵: ۵۵

۶۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم انہیں پکارو جن کے تم اللہ کے سوا مدعی ہو وہ تو ایک ذرہ بھر بھی اختیار نہیں رکھتے نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ان کا ان دونوں میں ساجھا ہے اور نہ ان کا کوئی پشت پناہ ہے۔

۔سبا ۳۴: ۲۲۔

أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُورًا ﴿۵۷﴾

۶۱۔ وَاتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً لَّا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ وَلَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَلَا يَمْلِكُونَ مَوْتًا وَلَا حَيَاةً وَلَا نُشُورًا ﴿۳﴾

۶۲۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ وَإِن يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ ۚ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ ﴿۷۳﴾

۶۳۔ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلَىٰ رَبِّهِ ظَهِيرًا ﴿۵۵﴾

۶۴۔ قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ ۖ لَا يَمْلِكُونَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِن شِرْكٍ وَمَا لَهُ مِنْهُم مِّن ظَهِيرٍ ﴿۲۲﴾

۶۵۔ قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُم بِهِ شُرَكَاءَ ۖ كَلَّا ۚ بَلْ هُوَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲۷﴾

۶۶۔ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا ضَرًّا وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ﴿۴۲﴾

۶۷۔ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِن قِطْمِيرٍ ﴿۱۳﴾

۶۸۔ إِن تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ ۖ

۶۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ مجھے اپنے وہ شریک تو دکھاؤ جنہیں تم نے اس کے ساتھ ملا رکھا ہے (اس کا شریک) ہرگز نہیں بلکہ وہ تو اللہ غالب حکمت والا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۲۷۔

۶۶۔ سو آج کوئی تم میں سے نہ ایک دوسرے کے نفع پر اختیار رکھتا ہے اور نہ نقصان پر اور ہم ان سے جنہوں نے ظلم کیا ہے کہیں گے کہ اس آگ کا عذاب چکھو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴: ۴۲۔

۶۷۔ اور جنہیں تم اس کے سوا پکارتے ہو وہ ایک ریشے کے بھی مالک نہیں ہیں۔

۔فاطر ۳۵: ۱۳۔

۶۸۔ اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ سنیں اور اگر سن بھی لیں تو تمہیں جواب نہ دیں اور قیامت کے دن وہ تمہارے شرک کا انکار

کر دیں گے اور خبردار (اللہ) کی طرح تجھے کوئی بھی خبر نہیں دے گا۔

۔فاطر ۳۵: ۱۴

۶۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا تم نے اپنے ان شریکوں کو بھی دیکھا جن سے تم اللہ کے سوا مدعی ہو۔ مجھے دکھاؤ تو انہوں نے کون سی زمین پیدا کی یا ان کا آسمانوں میں کچھ حصہ ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۴۰

۷۰۔ کیا ان کے ایسے شریک ہیں جنہوں نے ان کے لیے وہ دین مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۲۱

۷۱۔ کیا میں اس کے سوا ایسے معبود اختیار کروں کہ اگر رحمن مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ ان کی سفارش مجھے کچھ نفع پہنچائے اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔ کچھ شک نہیں کہ ایسی صورت میں تو میں کھلی گمراہی میں ہوں۔

۔یٰس ۳۶: ۲۳-۲۴

۷۲۔ اور انہوں نے اللہ کے سوا دوسرے معبود پکڑے ہیں کہ شاید وہ ان کی مدد کریں۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے لیے ایک لشکر ہے جو حاضر کیا جائے گا۔

۔یٰس ۳۶: ۷۴-۷۵

۷۳۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا اور سفارشی پکڑے ہیں (اے نبی ﷺ) کہہ دے اگرچہ وہ کسی بات کا اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ سمجھتے ہوں۔

۔الزمر ۳۹: ۴۳

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ ۚ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ۝

۶۹۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ

۷۰۔ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ

۷۱۔ أَأَتَّخِذُ مِنْ دُونِهِ آلِهَةً إِنْ يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَلَا يُنْقِذُونِ ۝ إِنِّي إِذًا لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

۷۲۔ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ۝ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُحْضَرُونَ ۝

۷۳۔ أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ شُفَعَاءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ ۝

۷۴۔ وَاللَّهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ ۖ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝

۷۵۔ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝

۷۶۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ۖ ائْتُونِي بِكِتَابٍ مِنْ قَبْلِ هَٰذَا أَوْ

۷۴۔ اور اللہ حق حکم کرتا ہے اور وہ جنہیں وہ اس کے سوا پکارتے ہیں کچھ حکم نہیں کرتے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ جو ہے وہی سننے والا دیکھنے والا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۲۰

۷۵۔ اور جنہیں وہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے مگر ہاں جس نے ٹھیک گواہی دی اور وہ (اس بات کو) جانتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۶

۷۶۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے بھلا تم نے انہیں دیکھا بھی جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے بھی تو دکھلاؤ کہ انہوں نے کونسی زمین پیدا کی یا ان کا آسمانوں میں کچھ ساجھا ہے؟ اگر تم سچے ہو تو اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لاؤ یا اس

سے بڑھ کر گمراہ کون جو اللہ کے سوا ایسوں کو پکارے جو اس کو روزِ قیامت تک جواب نہ دیں اور وہ ان کی پکار سے بھی بے خبر ہیں؟

-الاحقاف ۴۶: ۴-۵-

۲۱۔ قیامت کو مشرکوں کے معبود ان سے بیزار ہوں گے

۷۷۔ جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ان لوگوں کو جنہوں نے شرک کیا ہے، حکم دیں گے کہ اپنی جگہ قائم رہو تم اور تمہارے شریک بھی پھر ہم ان کے درمیان پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے ٹھیرائے ہوئے شریک کہیں گے کہ تم ہمیں نہیں پوجتے تھے۔ سو ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔ کچھ شک نہیں کہ ہم تو تمہاری عبادت سے بے خبر تھے۔ اس موقعہ پر ہر شخص ان عملوں کو جو اس نے آگے بھیجے ہیں جانچ لے گا اور وہ اللہ اپنے مالکِ حقیقی کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو افترا وہ کیا کرتے تھے ان سے جاتا رہے گا۔

-یونس ۱۰: ۲۸-۳۰-

۷۸۔ اور جب وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا ہے اپنے ٹھیرائے ہوئے شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہ ہمارے ٹھیرائے ہوئے شریک ہیں جنہیں ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے تو وہ ان کی طرف یہ بات ڈالیں گے کہ بے شک تم جھوٹے ہو۔

-النحل ۱۶: ۸۶-

۷۹۔ اور انہوں نے اللہ کے سوا دوسرے معبود پکڑے

أَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝

۷۷۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ۝ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ أَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا إِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

۷۸۔ وَإِذَا رَاَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

۷۹۔ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝

۸۰۔ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ أَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ أَغْوَيْنَا ۚ أَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّأْنَآ إِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْٓا إِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ۝ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

ہیں تاکہ وہ ان کے لیے مددگار ہوں۔ ہرگز نہیں وہ تو ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور ان کے دشمن ہو جائیں گے۔

-مریم ۱۹: ۸۱-۸۲-

۸۰۔ اور جس دن وہ انہیں پکارے گا پھر پوچھے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کا تم دعویٰ کیا کرتے تھے۔ جن لوگوں پر (عذاب) کی بات ثابت ہو گئی ہے۔ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہی وہ ہیں جنہیں ہم نے گمراہ کیا تھا جیسا کہ ہم خود گمراہ ہوئے تھے۔ ہم تیری طرف (ان سے) بیزاری ظاہر کرتے ہیں۔ یہ ہمیں نہیں پوجتے تھے۔ اور کہا جائے گا کہ اپنے ٹھیرائے ہوئے شریکوں کو بلاؤ تو وہ انہیں بلائیں گے تو وہ ان کو جواب نہیں دیں گے۔ اور وہ عذاب کو دیکھیں گے کاش وہ ہدایت پر ہوتے اور جس دن انہیں پکارے گا پھر کہے گا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ سو اس دن ان سے کچھ جواب نہ بن

پڑے گا اور نہ وہ ایک دوسرے سے پوچھ سکیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۶۲-۶۶

۸۱۔ اور قیامت کے دن وہ تمہارے شرک سے منکر ہو جائیں گے۔

۔فاطر ۳۵: ۱۴

۸۲۔ اور بعض بعض سے پوچھتے ہوئے ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوں گے وہ کہیں گے کہ تم ہمارے پاس داہنی طرف سے آیا کرتے تھے۔ وہ جواب دیں گے نہیں بلکہ تم خود ہی ایمان نہیں لائے تھے اور ہمارا تم پر کچھ دباؤ نہیں تھا۔ بلکہ تم خود گمراہ لوگ تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۲۷-۳۰

۸۳۔ اور جب (قیامت کو) لوگ جمع کئے جائیں گے تو وہ (معبود) ان کے دشمن ہو جائیں گے اور ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۶

۸۴۔ اور جس دن وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر فرشتوں سے پوچھے گا، کیا یہ لوگ تمہیں پوجا کرتے تھے؟ وہ کہیں گے تو پاک ہے تو ہی ہمارا کارساز ہے وہ نہیں ہیں بلکہ یہ تو جنوں کو پوجا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر انہیں پر ایمان رکھتے تھے۔

۔سبا ۳۴: ۴۰-۴۱

۸۵۔ اور جس دن وہ انہیں اور جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے، جمع کرے گا پھر پوچھے گا کیا میرے ان بندوں کو تم نے گمراہ کیا تھا، یا وہ آپ ہی راہ سے بھٹک گئے تھے؟ وہ کہیں گے تو پاک ہے، ہمارا حق نہیں تھا کہ ہم تیرے سوا اور دوسرے کارساز پکڑتے لیکن تو نے

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝

۸۱۔ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ؕ

۸۲۔ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ۝ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ۝

۸۳۔ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝

۸۴۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ۝

۸۵۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًا بُوْرًا ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ

۸۶۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ

انہیں اور ان کے باپ دادوں کو برومند کیا یہاں تک کہ وہ نصیحت کو بھول گئے اور وہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔ سو جو تم کہتے ہو اس میں انہوں نے تمہیں جھٹلایا۔ تم نہ (عذاب کو) ٹال سکتے ہو اور نہ مدد ہی کر سکتے ہو۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۷-۱۹

۲۳۔ قیامت کو مشرک اپنے معبودوں سے بیزار ہوں گے اور اپنے شرک کا انکار کریں گے

۸۶۔ اور جس دن ہم ان سب کو ایک جگہ اکٹھا کریں گے پھر ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا ہے کہیں گے کہ تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریک جن کا تم دعویٰ کیا کرتے تھے کہاں ہیں؟ پھر ان کا عذر بجز اس کے اور کچھ نہ ہوگا کہ وہ کہیں گے کہ ہمیں اپنے پروردگار اللہ کی قسم! ہم تو

مشرک نہیں تھے۔

۔الانعام ۶: ۲۲۔۲۳۔

۸۷۔ اور وہ اس دن اللہ کی طرف صلح (کا پیغام) ڈالیں گے اور جو افترا وہ کیا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہے گا۔

۔النحل ۱۶: ۸۷۔

۸۸۔ اور ان کا ان کے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی۔ سفارشی نہیں ہوگا اور وہ شریکوں (کی عبادت) کا انکار کریں گے۔

۔الروم ۳۰: ۱۳۔

۸۹۔ پھر ان سے کہا جائے گا کہ وہ کہاں ہیں جنہیں تم شریک ٹھہراتے تھے اللہ کے سوا؟ وہ کہیں گے کہ وہ تو ہم سے کھوئے گئے بلکہ ہم تو پہلے کسی چیز کو بھی نہیں پکارا کرتے تھے۔ یوں اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے۔

۔المومن ۴۰: ۷۳۔۷۴۔

۹۰۔ اور جس دن اللہ ان کو پکار کر کہے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے کہ ہم تجھے خبر دیتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی واقف نہیں اور جنہیں وہ پہلے پکارا کرتے تھے وہ ان سے کھوئے جائیں گے اور وہ یقین کرلیں گے کہ ان کے لیے کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں ہے۔

۔حم السجدۃ ۴۱: ۴۷۔۴۸۔

۲۴۔ قیامت کو مشرکوں کا افترا سب جاتا رہے گا

۹۱۔ اس موقع پر ہر ایک شخص جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجا ہے اور وہ اپنے سچے مالک اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو افترا وہ کیا کرتے تھے وہ ان سے جاتا رہے گا۔ دیکھ انہوں نے کیسا اپنی جانوں پر جھوٹ بولا اور جو افترا وہ کیا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہا۔

۔یونس ۱۰: ۳۰۔

۹۲۔ دیکھو انہوں نے اپنے اوپر کیسا جھوٹ بولا اور جو کچھ

قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝

۸۷۔ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

۸۸۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝

۸۹۔ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْئًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۹۰۔ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۝ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝

۹۱۔ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

۹۲۔ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

۹۳۔ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

۹۴۔ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

۹۵۔ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا

یا افترا کیا کرتے تھے سب اُن سے جاتا رہا۔

۔الانعام ۶: ۲۴۔

۹۳۔ اور ہم ہر ایک امت میں سے ایک گواہ نکالیں گے پھر ہم کہیں گے کہ اپنی سند لاؤ۔ اس وقت وہ جان لیں گے کہ حق اللہ ہی کے لیے ہے اور جو افترا وہ کیا کرتے تھے وہ سب ان سے جاتا رہے گا۔

۔القصص ۲۸: ۷۵۔

۹۴۔ اور وہ اس دن اللہ کی طرف صلح (کا پیغام) ڈالیں گے اور جو افترا وہ کیا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہے گا۔

۔النحل ۱۶: ۸۷۔

۲۵۔ قیامت کو مشرکوں سے ان کے شرک اور اجابت انبیا کی نسبت سوال

۹۵۔ اور جس دن وہ انہیں پکارے گا پھر پوچھے گا کہ میرے وہ

شریک کہاں ہیں جن کا تم دعویٰ کیا کرتے تھے۔ جن لوگوں پر (عذاب) کی بات ثابت ہو گئی ہے، وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہی وہ ہیں جنہیں ہم نے گمراہ کیا تھا جیسا کہ ہم خود گمراہ ہوئے تھے۔ ہم تیری طرف (ان سے) بیزاری ظاہر کرتے ہیں۔ یہ ہمیں نہیں پوجتے تھے۔ اور کہا جائے گا کہ اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو بلاؤ۔ وہ انہیں بلائیں گے تو وہ ان کو جواب نہیں دیں گے۔ اور وہ عذاب کو دیکھیں گے کاش وہ ہدایت پر ہوتے اور جس دن انہیں پکارے گا پھر کہے گا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ سو اس دن ان سے کچھ جواب نہ بن پڑے گا اور نہ وہ ایک دوسرے سے پوچھ سکیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۶۲۔ ۶۶۔

۹۶۔ اور جس دن وہ ان کو پکارے گا پھر کہے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کا تم دعویٰ کرتے تھے۔

۔القصص ۲۸: ۷۴۔

۹۷۔ جنہوں نے ظلم کیا ہے انہیں اور ان کی بیویوں کو اور جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے جمع کر دو اور انہیں دوزخ کا راستہ دکھلاؤ اور انہیں ٹھہرا رکھو ان سے پوچھا جائے گا تمہیں کیا ہوا؟ کہ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے بلکہ آج وہ نیچی گردن کیے ہوئے ہیں اور ان میں سے ایک ایک کی طرف متوجہ ہو کر پوچھیں گے۔ کہیں گے کہ تم ہمیں بہکانے کے لیے ہماری داہنی طرف سے ہمارے پاس آتے تھے وہ جواب دیں گے نہیں بلکہ تم خود ایمان والے نہیں

أَغْوَيْنَا تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُونَ ﴿۶۳﴾ وَقِيلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ﴿۶۴﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنْبَاءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاءَلُونَ ﴿۶۶﴾

۹۶۔ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿۷۴﴾

۹۷۔ اُحْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُولُونَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ﴿۲۶﴾ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿۲۷﴾ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ﴿۲۸﴾ قَالُوا بَلْ لَمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا لَذَائِقُونَ ﴿۳۱﴾ فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿۳۲﴾ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿۳۳﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿۳۴﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُو آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَجْنُونٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ﴿۳۷﴾ إِنَّكُمْ لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۳۹﴾

تھے۔ اور ہمارا تم پر کچھ دباؤ تو تھا نہیں بلکہ تم خود ہی گمراہ لوگ تھے۔ سو ہم پر ہمارے پروردگار کی بات پوری ہوئی۔ بے شک ہم (عذاب) چکھنے والے ہیں۔ ہم نے تمہیں گمراہ کیا، بے شک ہم خود ہی گمراہ تھے۔ سو اس دن وہ سب عذاب میں شریک ہوں گے۔ بے شک ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی (سلوک) کرتے ہیں۔ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو وہ اکڑتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں اور وہ دیوانہ نہیں ہے بلکہ وہ تو دین حق لایا ہے اور اس نے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔ بے شک تم دردناک عذاب چکھنے والے ہو اور تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۲۲۔ ۳۹۔

۲۶۔ مشرک باپ دادا کی تقلید کرتے ہیں

۹۸۔ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ۝

۹۹۔ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ مَا أَنزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ قَالُوا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ۝

۱۰۰۔ وَإِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً قَالُوا وَجَدْنَا عَلَيْهَا آبَاءَنَا وَاللَّهُ أَمَرَنَا بِهَا ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ ۖ أَتَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝

۱۰۱۔ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا وَتَكُونَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاءُ فِي الْأَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِينَ ۝

۱۰۲۔ قَالُوا وَجَدْنَا آبَاءَنَا لَهَا عَابِدِينَ ۝

۱۰۳۔ قَالُوا بَلْ وَجَدْنَا آبَاءَنَا كَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ۝

۱۰۴۔ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝

۱۰۵۔ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ۝ فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ۝

۱۰۶۔ بَلْ قَالُوا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم مُّهْتَدُونَ ۝ وَ

۹۸۔ اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھتے ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی انہیں کی تقلید کیے جائیں گے)۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۰

۹۹۔ اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی اور رسول اللہ کی طرف رجوع کرو تو کہتے ہیں کہ جس طریق پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے وہی ہمیں کافی ہے۔ بھلا اگر ان کے باپ دادا نہ تو کچھ جانتے ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی؟)۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰۴۔

۱۰۰۔ اور جب کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے اور اللہ نے بھی ہم کو یہی حکم دیا ہے۔ کہہ دو کہ اللہ بے حیائی کے کام کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتا۔ بھلا تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں۔

۔الاعراف ۷: ۲۸۔

۱۰۱۔ وہ بولے کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ جس (راہ) پر ہم اپنے باپ دادا کو پاتے رہے ہیں اس سے ہم کو پھیر دو اور (اس) ملک میں تم دونوں ہی کی سرداری ہو جائے؟ اور ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۷۸۔

۱۰۲۔ وہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ان کی پرستش کرتے دیکھا ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۵۳۔

۱۰۳۔ انہوں نے کہا (نہیں) بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے۔

۔الشعراء ۲۶: ۷۴۔

۱۰۴۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں کہ ہم تو اسی کی پیروی کریں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ شیطان ان کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا ہو (تب بھی)۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۱۔

۱۰۵۔ انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ ہی پایا۔ سو وہ انہی کے پیچھے دوڑے چلے جاتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۶۹۔۷۰۔

۱۰۶۔ بلکہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک رستے پر پایا ہے اور

ہم ان ہی کے قدم بقدم چل رہے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تم سے پہلے کسی بستی میں کوئی ہدایت کرنے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک راہ پر پایا ہے اور ہم قدم بقدم اُن ہی کے پیچھے چلتے ہیں۔ (پیغمبر نے) کہا اگرچہ میں تمہارے پاس ایسا (دین) لاؤں کہ جس (رستے) پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا وہ اس سے کہیں سیدھا رستہ دکھاتا ہو۔ کہنے لگے کہ جو (دین) تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کو نہیں مانتے۔ اور ہم نے ان سے انتقام لیا سو دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔

۔الزخرف ۴۳: ۲۲۔۲۵۔

۲۷۔ مشرکوں سے نکاح کی ممانعت

۱۰۷۔ اور مشرک عورتوں سے تاوقتیکہ وہ ایمان نہ لائیں نکاح نہ کرو اور بے شک ایمان دار لونڈی (آزاد) مشرکہ سے بہتر ہے اور اگرچہ وہ تمہیں بھلی معلوم ہو اور مشرک مردوں سے تاوقتیکہ وہ ایمان نہ لائیں (عورتوں کا) نکاح نہ کرو اور بے شک ایمان دار غلام (آزاد) مشرک سے بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں بھلا معلوم ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۱۔

۲۸۔ مشرک لوگوں کو آگ کی طرف بلاتے ہیں

۱۰۸۔ یہ لوگ دوزخ کی آگ کی طرف بلاتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۱۔

۲۹۔ مشرکوں پر جنت حرام ہے

۱۰۹۔ بے شک جو کوئی اللہ کا شریک ٹھہرائے گا اس پر اللہ نے جنت کو حرام کر دیا ہے اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۲۔

كَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓي اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓي اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝

۱۰۷۔ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۭ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ

۱۰۸۔ اُولٰۗىِٕكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ

۱۰۹۔ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ

۴۲۔ اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں نہ ان سے روزی چاہتا ہوں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھانا کھلائیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۵۶۔۵۷۔

۴۲۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ۝ مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ ۝

کتاب العبادات

الصلوٰۃ ۔ نماز

انبیائے سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم تمام انبیاء علیہم السلام نماز پڑھا کرتے تھے

۱۔ زکریا علیہ السلام

۱۔ پس فرشتوں نے اس کو پکارا اور وہ (مسجد کی) محراب میں کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا۔

۔آل عمران ۳: ۳۹۔

۲۔ موسیٰ و ہارون علیہما السلام

۲۔ اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ نماز کو قائم رکھو اور مومنوں کو بشارت دو۔

۔یونس ۱۰: ۸۷۔

۳۔ میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تو (اے موسیٰ علیہ السلام) میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز کو قائم رکھ۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۴۔

۳۔ شعیب علیہ السلام

۴۔ انہوں نے کہا اے شعیب کیا تجھے تیری نماز یہ حکم دیتی ہے کہ ہم ان (معبودوں) کو چھوڑ دیں جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آتے ہیں۔

۔ھود ۱۱: ۸۷۔

۴۔ ابراہیم علیہ السلام

۵۔ اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے خانۂ کعبہ کو لوگوں کا مرجع اور امن کی جگہ بنایا اور تم لوگ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل سے عہد لیا کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور مجاوروں اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۵۔

۱۔ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ

۲۔ وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ ...... وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۳۔ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝

۴۔ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَآ

۵۔ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝

۶۔ رَبَّنَآ اِنِّىْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

۷۔ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ڰ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

۸۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۝

۶۔ اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی اولاد کو تیرے حرمت والے گھر کے پاس اس جنگل میں بسایا ہے جس میں کھیتی نہیں۔ اے پروردگار! یہ اس لیے ہے کہ وہ نماز پڑھتے رہیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۳۷۔

۷۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے نماز پر قائم رکھ اور میری اولاد میں سے بھی اور میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ اور مومنوں کو جس دن حساب قائم ہو بخش دینا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۰۔۴۱۔

۵۔ اسمٰعیل علیہ السلام

۸۔ اور کتاب میں اسماعیل کو یاد کر۔ بے شک وہ وعدہ کا سچا اور رسول نبی تھا۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۵۴۔۵۵۔

٦۔ ابراہیم، اسحٰق، یعقوب اور لوط علیہم السلام کی طرف نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کی وحی

٩۔ اور ہم نے ان کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے (لوگوں کو) ہدایت کرتے تھے اور ہم نے ان کی طرف وحی کی نیکی کے کام کرنے اور نماز کے قائم رکھنے اور زکوٰۃ دینے کی اور وہ ہماری عبادت کرتے تھے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۷۳۔

٧۔ عیسیٰ علیہ السلام

١٠۔ میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا اور مجھے برکت والا بنایا جہاں کہیں بھی رہوں اور جب تک میں زندہ ہوں مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔

۔مریم ۱۹: ۳۰۔ ۳۱۔

٨۔ ادریس علیہ السلام کے بعد لوگوں نے نماز چھوڑ دی

١١۔ پھر ان کے بعد ایسے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو کھو دیا اور اپنی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے تو عنقریب وہ گمراہی (کی سزا) سے ملیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۵۹۔

٩۔ لقمان

١٢۔ بیٹا نماز کو قائم رکھ اور نیکی کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کر اور جو تکلیف (اس بارہ میں) تجھے پہنچے، اس پر صبر کر۔ بے شک یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

۔لقمان ۳۱: ۱۷۔

١٠۔ بنی اسرائیل کو نماز کا حکم دیا گیا تھا

١٣۔ اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجنا ..... اور لوگوں سے اچھی بات کہنا اور نماز کو قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا۔

۔البقرۃ ۲: ۸۳۔

١٤۔ اور ان کو ان کے سوا اور کچھ حکم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ ہی کی عبادت کریں خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے، توحید پر قائم رہ کر اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی درست دین ہے۔

۔البینۃ ۹۸: ۵۔

١١۔ بنی اسرائیل سے نماز کا عہد

١٥۔ اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں بارہ سردار کھڑے کیے اور اللہ نے فرمایا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور ان کی مدد کی اور اللہ کو قرضِ حسنہ دیتے رہے تو میں ضرور تمہارے گناہ دور کردوں گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۱۲۔

٩۔ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاۤءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ

١٠۔ اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ ۗ اٰتٰنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ۙ وَّجَعَلَنِىْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا

١١۔ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا

١٢۔ يٰبُنَىَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَاۤ اَصَابَكَ ۗ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ

١٣۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْۤ اِسْرَاۤءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ...... وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

١٤۔ وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَاۤءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ

١٥۔ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِىْۤ اِسْرَاۤءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَىْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۗ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۗ لَٮِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِىْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۱۲۔ اصحابِ رسول اللہ نماز پڑھتے تھے

۱۲۔ یہ وہ ہیں کہ اگر ہم ملک میں ان کے پاؤں جما دیں تو وہ نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور لوگوں کو نیکی کا حکم دیں اور برے کاموں سے روکیں۔

۔الحج ۲۲: ۴۱۔

نمازِ اسلام

۱۔ طہارتِ جامہ

۱۔ اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔

۔المدثر ۷۴: ۴۔

۲۔ وضو

۲۔ مسلمانو! جب تم نماز کی (ادائیگی کی) طرف کھڑے ہو تو اپنے منہ اور اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھولیا کرو اور اپنے سروں پر مسح کر لیا کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولیا کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۳۔ غسل و تیمم

۳۔ مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ یہاں تک کہ تم اس کو سمجھنے لگو جو تم کہتے ہو اور نہ ناپاکی کی حالت میں جاؤ مگر رستہ چلتے ہوئے (مسجد سے گزر جاؤ تو مضائقہ نہیں) یہاں تک کہ تم غسل کر لو، اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر یا کوئی تم میں سے جائے ضرور سے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو۔ پس اپنے مونہوں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کر لو۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

۔النساء ۴: ۴۳۔

۱۲۔ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

۱۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝

۲۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ

۳۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝

۴۔ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

۵۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝

۴۔ اور اگر تم ناپاک ہو تو خوب پاک ہو جاؤ۔ اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر ہو یا تم میں سے کوئی جائے ضرور سے آیا ہو، یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو، پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو۔ بس اس سے اپنے مونہوں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کر لو۔ اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ یہ چاہتا ہے کہ تم کو خوب پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے تاکہ تم شکر کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۴۔ نماز کا حکم

۵۔ اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

۔البقرۃ ۲: ۴۳۔

۶۔ اور مدد مانگو صبر اور نماز کے ذریعے سے۔

۔البقرۃ ۲:۴۵۔

۷۔ اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو۔ اور اپنے لیے جو بھلائی تم آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے۔ بے شک اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۱۰۔

۸۔ مسلمانو! نماز اور صبر کے ذریعے سے مدد مانگو۔ بے شک اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۵۳۔

۹۔ اور یہ کہ نماز کو قائم رکھو اور اس سے ڈرتے رہو اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔الانعام ۶:۷۲۔

۱۰۔ میرے بندوں سے جو ایمان لائے ہیں کہہ دے کہ نماز کو قائم رکھیں اور اس مال میں سے خرچ کرتے رہیں جو ہم نے ان کو دیا ہے چھپا کر اور علانیہ۔ اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی نہ دوستی۔

۔ابراہیم ۱۴:۳۱۔

۱۱۔ پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو۔

۔الحجر ۱۵:۹۸۔

۱۲۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دے اور اس کا بوجھ اٹھا۔ ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے ہم تجھ کو روزی دیتے ہیں اور انجام نیک پرہیزگاری کا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۳۲۔

۱۳۔ مسلمانو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی

۶۔ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

۷۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

۸۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

۹۔ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

۱۰۔ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝

۱۱۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝

۱۲۔ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْــَٔــلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝

۱۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

۱۴۔ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

۱۵۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

۱۶۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

عبادت کرتے رہو اور نیک کام کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔الحج ۲۲:۷۷۔

۱۴۔ تو نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو مضبوط پکڑے رہو۔ وہ تمہارا آقا ہے سو کیا ہی اچھا آقا ہے اور کیا ہی اچھا مددگار۔

۔الحج ۲۲:۷۸۔

۱۵۔ اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور حکم مانو رسول کا تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔النور ۲۴:۵۶۔

۱۶۔ اس کتاب کو پڑھتا رہ جو تیری طرف وحی کی گئی ہے اور نماز کو قائم رکھ۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۵۔

۱۷۔ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ..... مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝

۱۸۔ وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ

۱۹۔ ءَأَشْفَقْتُمْ أَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ ۚ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝

۲۰۔ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ

۲۱۔ إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَوْقُوتًا ۝

۲۲۔ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ۝

۲۳۔ أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَىٰ غَسَقِ اللَّيْلِ وَقُرْآنَ الْفَجْرِ ۖ إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا ۝

۲۴۔ فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ۖ وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَىٰ ۝

۲۵۔ فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ ۝

۱۷۔ تو (ایک اللہ کا ہوکر) اپنا منہ دین پر قائم رکھ..... اسی کی طرف رجوع ہوتے ہوئے اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز کو قائم رکھو اور مشرکوں میں (داخل) نہ ہو۔ (یعنی) ان لوگوں میں (داخل) نہ ہو جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے ہر گروہ اپنے ہی خیالات سے خوش ہے۔

۔الروم ۳۰: ۳۱۔۳۲

۱۸۔ اور (اے پیغمبر کی بی بیو!) نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۳

۱۹۔ کیا تم اس بات سے ڈر گئے کہ اپنی سرگوشیوں سے پہلے خیرات کیا کرو۔ پس جب تم نے یہ کام نہیں کیا اور اللہ تم پر مہربان ہو گیا تو نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۱۳

۲۰۔ ور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو خوش دلی سے قرض دو۔

۔المزمل ۷۳: ۲۰

۵۔ نماز بقید اوقات

۲۱۔ بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقتوں پر فرض کی گئی ہے۔

۔النساء ۴: ۱۰۳

۲۲۔ اور دن کی دونوں طرف نماز کو قائم رکھا اور رات کے ٹکڑوں میں بھی۔ بے شک نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ یاد کرنے والوں کے لیے (میری) یاد ہے۔

۔ھود ۱۱: ۱۱۴

۲۳۔ سورج ڈھلتے وقت نماز کو قائم رکھ رات کی تاریکی کے چھا جانے تک اور فجر کی قرأت بھی۔ بے شک فجر کی قرأت کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۷۸

۲۴۔ تو جو وہ کہتے ہیں اس پر صبر کر اور سورج کے طلوع اور اس کے غروب سے پہلے اور رات کے حصوں میں اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور دن کی طرفوں میں بھی پاکی بیان کرتا کہ تو راضی ہو جائے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۳۰

۲۵۔ تو اللہ کی پاکی بیان کرو جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو۔

۔الروم ۳۰: ۱۷

۲۶۔اور اسی کے لیے تعریف ہے آسمانوں اور زمین میں اور عصر کے وقت بھی پاکی بیان کرو اور جب تم ظہر کرو۔

الروم ۳۰: ۱۸۔

۲۷۔اور سورج کے طلوع اور غروب سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

ق ۵۰: ۳۹۔

۲۸۔اور رات میں بھی اس کی پاکی بیان کرو اور سجدے (نماز) کے بعد بھی۔

ق ۵۰: ۴۰۔

۲۹۔اور اپنے پروردگار کی پاکی بیان کر جب تو اٹھے اور رات میں بھی اس کی پاکی بیان کر اور ستاروں کے ڈوبنے کے وقت بھی۔

الطور ۵۲: ۴۸-۴۹۔

۳۰۔اور صبح اور شام اپنے پروردگار کا نام لے۔

الدھر ۷۶: ۲۵۔

۶۔ درمیانی نماز کی پابندی

۳۱۔تمام نمازوں کی حفاظت کرو اور (خاص کر) بیچ کی نماز (یعنی عصر) کی اور اللہ کے لیے خاموش کھڑے رہا کرو۔

البقرۃ ۲: ۲۳۸۔

۷۔ نماز مسجد میں

۳۲۔اور ہر ایک مسجد کے پاس اپنے مونہوں کو سیدھا رکھو اور خاص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے اس کو پکارو جیسے تم کو ابتدا میں پیدا کیا ہے ویسا ہی تم لوٹو گے۔اس نے ایک فریق کو راہ راست پر لگا دیا اور ایک فریق پر گمراہی ثابت ہو گئی۔

الاعراف ۷: ۲۹-۳۰۔

۸۔ نماز زینت کے ساتھ

۳۳۔اے بنی آدم ہر مسجد (نماز) کے وقت اپنی زینت اپنے ساتھ رکھو اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو۔بے شک وہ فضول خرچوں کو پسند نہیں کرتا۔

الاعراف ۷: ۳۱۔

۹۔ زینت کو کس نے حرام کیا

۳۴۔کہہ دے کہ کس نے حرام کیا اللہ کی زینت کو جو اس نے اپنے بندوں کے لیے نکالی اور ستھری روزیوں کو، کہہ دے کہ وہ دنیا کی زندگی میں ان کے لیے ہے جو ایمان لائے ہیں قیامت کے دن خالص ان ہی کے لیے۔یوں ہم ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں تفصیل سے نشانیاں بیان کرتے ہیں۔

الاعراف ۷: ۳۲۔

۱۰۔ نماز نشہ کی حالت میں منع ہے

۳۵۔مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ۔

النساء ۴: ۴۳۔

۲۶۔وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝

۲۷۔وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۝

۲۸۔وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝

۲۹۔وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝

۳۰۔وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا ۝

۳۱۔حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝

۳۲۔وَأَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۚ

۳۳۔يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝

۳۴۔قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ أَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۚ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

۳۵۔يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكٰرٰى

۱۱۔ قراءتِ نماز متوسط آواز میں

۳۶۔ اور تو اپنی نماز بہت اونچی آواز سے نہ پڑھ اور نہ اس کو بہت ہلکی آواز سے پڑھ اور اس کے درمیان راستہ ڈھونڈ لے۔

۔ بنی اسرائیل ۱۷: ۱۱۰

۱۲۔ حاجت مندوں کو تھوڑی قراءت

۳۷۔ خدا نے معلوم کر لیا کہ کچھ تم میں مریض ہوں گے اور دوسرے اللہ کے فضل (روزی) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہوں گے اور کچھ لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کر رہے ہوں گے تو اس میں سے جس قدر تمہیں آسان معلوم ہو پڑھو اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو قرض حسنہ دو اور جو (نیکی) تم اپنے نفسوں کے لیے آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے وہ بہتر اور بڑا ثواب ہے اور اللہ سے (اپنے گناہوں کی) معافی مانگو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔ المزمل ۷۳: ۲۰

۱۳۔ نمازِ جمعہ

۳۸۔ مسلمانو! جمعے کے دن جب نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کے لیے دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم سمجھو۔ پھر جب نماز ختم کر دی جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔ الجمعہ ۶۲: ۹۔۱۰

۱۴۔ نمازِ خوف و سفر

۳۹۔ اور اللہ کے لیے (نماز میں) خاموش کھڑے رہو۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۳۸

۳۶۔ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ۝

۳۷۔ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۳۸۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

۳۹۔ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ۝

۴۰۔ فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝

۴۱۔ وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَاةِ ۖ إِنْ خِفْتُمْ أَن يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ

۱۵۔ نمازِ خوف پیادہ پڑھو یا سوار

۴۰۔ پھر اگر تمہیں خوف ہو تو پیدل راہ چلتے یا سواری کی حالت میں (نماز پڑھو) پھر جب تم امن میں ہو جاؤ تو اللہ کو اس طرح یاد کرو جیسا اس نے تم کو تعلیم دیا ہے جو تم (پہلے) نہیں جانتے تھے۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۳۹

۱۶۔ نمازِ سفر میں قصر

۴۱۔ اور جب تم ملک میں سفر کرو تو تم پر گناہ نہیں کہ نماز میں سے کچھ کم کر دو (یعنی چار رکعت کی بجائے دو) اگر تمہیں یہ خوف ہو کہ کافر تمہیں مصیبت میں ڈال دیں گے۔

۔ النساء ۴: ۱۰۱

۱۷۔ نمازِ خوف میں جماعت باری باری

۱۸۔ نمازِ خوف میں ہتھیار ساتھ رہیں

۱۹۔ حالتِ عذر میں ہتھیار اتار رکھو مگر اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو

۴۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب تو ان کے درمیان ہو اور انہیں نماز پڑھانے لگے، تو ان میں سے ایک فریق تیرے ساتھ (نماز میں) کھڑا ہو جائے۔ اور وہ اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لیے رہیں۔ پھر جب وہ سجدہ (ایک رکعت پوری) کر چکیں تو تمہارے پیچھے ہٹ جائیں اور دوسرا فریق جس نے نماز نہیں پڑھی آ جائے اور وہ تیرے ساتھ نماز پڑھیں اور اپنا بچاؤ اور اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لیے رہیں۔ کافر چاہتے ہیں کہ تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے (لڑائی کے) اسباب سے غافل ہو جاؤ پھر وہ تم پر ایک دفعہ ہی ٹوٹ پڑیں اور تم پر گناہ نہیں اگر تمہیں بارش کی تکلیف ہو یا تم بیمار ہو کہ تم اپنے ہتھیار اتار رکھو۔ اور اپنا بچاؤ اپنے ساتھ رکھو۔ بے شک اللہ نے کافروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کیا ہے۔

۔النساء ۴:۱۰۲۔

۲۰۔ نمازِ خوف کے بعد کھڑے، بیٹھے، لیٹے جیسی حالت ہو اللہ کو یاد کرو

۴۳۔ پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے کروٹوں پر (لیٹے جیسی حالت ہو) اللہ کو یاد کرو۔ پھر جب تم اطمینان کی حالت میں ہو جاؤ تو نماز کو قائم رکھو۔ بے شک نماز مسلمانوں پر بقیدِ اوقات فرض ہے۔

۔النساء ۴:۱۰۳۔

۴۲۔ وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَائِكُمْ وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰ أَن تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ ۖ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ۝

۴۳۔ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ ۚ فَإِذَا اطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۚ إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَّوْقُوتًا ۝

۴۴۔ يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ نِّصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا ۝ أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ۝ إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا ۝ إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئًا وَأَقْوَمُ قِيلًا ۝ إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۝

۴۵۔ وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ۝

۲۱۔ نمازِ تہجد

۴۴۔ اے کپڑے میں لپٹنے والے رات کو (نماز کے لیے) اٹھ مگر تھوڑا۔ آدھی رات نماز پڑھ یا تھوڑا اس سے کم کر دے یا اس پر کچھ زیادہ کر اور قرآن کا پڑھنا واضح طور پر پڑھ۔ بے شک ہم تجھ پر بھاری بات ڈالیں گے۔ بے شک رات کا قیام نفس کے پامال کرنے کے لیے زیادہ سخت اور قول کو بہت سیدھا کرنے والا ہے۔ بے شک تیرے لیے دن میں بڑا لمبا شغل ہے اور اپنے پروردگار کا نام یاد کر اور اس کی طرف متوجہ ہو کر سب سے علیحدہ ہو جا۔

۔المزمل ۷۳:۱۔۸۔

۴۵۔ اور رات میں اس کو سجدہ کر اور رات میں بہت دیر تک اس کی پاکی بیان کر۔

۔الدھر ۷۶:۲۶۔

٢٢۔ تہجد میں جس قدر ہو سکے اسی قدر قرأت قرآن کافی ہے

٤٦۔ بے شک تیرا پروردگار جانتا ہے کہ تو دو تہائی رات کے قریب اور آدھی رات اور تہائی رات اٹھتا ہے اور ایک جماعت ان میں سے بھی جو تیرے ساتھ ہے، الحق ہے اور اللہ رات اور دن کا اندازہ کرتا ہے۔ اس نے جان لیا کہ تم اس کو نہ نباہ سکو گے، پس وہ تم پر مہربان ہوا تو جتنا قرآن سے آسان ہو پڑھ لیا کرو۔

۔المزمل ٧٣: ٢٠۔

٢٣۔ ابتداءً مسلمانوں کو صرف نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم تھا

٤٧۔ (اے نبی ﷺ) کیا تو نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جن سے کہا گیا کہ (ابھی) اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز کو قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو اسی دم ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسا اللہ سے ڈرنا چاہیے یا اس سے بھی زیادہ ڈرنے لگا، اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کیا۔ تو نے ہم کو ایک قریب مدت تک اور مہلت کیوں نہیں دی۔

۔النساء ٤: ٧٧۔

٢٤۔ شیطان اللہ کی یاد اور نماز سے روکنا چاہتا ہے

٤٨۔ اور (شیطان) چاہتا ہے کہ تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے۔

۔المائدہ ٥: ٩١۔

٢٥۔ اہل کتاب نماز کی ہنسی اڑاتے ہیں

٤٩۔ اور جب تم نماز کے لیے بلاتے ہو تو یہ لوگ نماز کو کھیل اور ہنسی میں اڑاتے ہیں کہ یہ سبب بے عقل ہیں۔

۔المائدہ ٥: ٥٨۔

٤٦۔ إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ

٤٧۔ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ

٤٨۔ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ ۖ

٤٩۔ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ۝

٥٠۔ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ ۝ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝

٥١۔ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا كُسَالَىٰ يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ۝

٥٢۔ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ ۗ

٢٦۔ نماز اللہ سے ڈرنے والوں کے سوا سب پر بھاری ہے

٥٠۔ اور بے شک نماز بھاری ہے مگر ان فروتنی کرنے والوں پر نہیں جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور یہ کہ وہ اسی کی طرف جانے والے ہیں۔

۔البقرۃ ٢: ٤٥۔٤٦۔

٢٧۔ سستی، کاہلی اور ریاکاری سے نماز پڑھنا منافقوں کا کام ہے

٥١۔ بے شک منافق اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور (قیامت کو) وہ ان کو دھوکا دینے والا ہے اور جب وہ نماز کو اٹھتے ہیں تو سست اٹھتے ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا۔

۔النساء ٤: ١٤٢۔

٢٨۔ نماز گناہوں سے روکتی ہے

٥٢۔ بے شک نماز بے حیائیوں اور گناہوں سے روک دیتی ہے۔

۔العنکبوت ٢٩: ٤٥۔

۲۹۔ نماز مجملہ نیکی کے ہے

۵۳۔ یہ کچھ نیکی نہیں ہے کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف پھیر لو لیکن نیکی اس کی ہے جو اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب اور نبیوں پر ایمان لایا اور اس نے مال کو باوجود اس کی محبت کے (یا اللہ کی محبت میں) رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور منگتوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں دیا اور نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتا رہا۔

۔البقرۃ ۲:۱۷۷۔

۳۰۔ مسلمانوں کے رفیق صرف وہی مسلمان ہیں جو نماز پڑھتے ہیں

۵۴۔ تمہارا دوست تو بس اللہ اور اس کا رسول اور وہ مسلمان ہیں جو نماز کو قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرتے ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۵۵۔

۳۱۔ نمازیوں سے لڑنا درست نہیں

۵۵۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو تم ان کی راہ چھوڑ دو۔

۔التوبۃ ۹:۵۔

۵۶۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں۔

۔التوبۃ ۹:۱۱۔

۳۲۔ مومنوں کی صفت نماز پڑھنا ہے

۵۷۔ اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں بعض بعض کے دوست ہیں۔ وہ اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری بات سے روکتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے اور

۵۳۔ لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ

۵۴۔ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝

۵۵۔ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ

۵۶۔ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ

۵۷۔ وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

۵۸۔ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝

۵۹۔ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ۝ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہی ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا۔ بے شک اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔التوبۃ ۹:۷۱۔

۳۳۔ نمازیوں کے لیے دار آخرت

۵۸۔ اور وہ جنہوں نے اپنے پروردگار کی ذات چاہنے کے لیے صبر کیا اور نماز کو قائم رکھا اور اس مال میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے پوشیدہ اور علانیہ طور پر خرچ کیا اور وہ نیکی کے ساتھ بدی کو دفع کرتے ہیں، انہیں کے لیے آخرت کا گھر ہے۔

۔الرعد ۱۳:۲۲۔

۳۴۔ نمازیوں کے لیے بہشت

۵۹۔ اور وہ جو اپنی نمازوں پر محافظت رکھتے ہیں، وہی وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۹۔۱۱

۶۰۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ ..... وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

۶۰۔ اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دھیمے چلتے ہیں اور جب جاہل اُن سے ہم کلام ہوتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام ہے اور جو اپنے پروردگار کے لیے اپنے گھروں میں سجدے اور قیام میں رات گزارتے ہیں اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم سے دوزخ کے عذاب کو ہٹا، بے شک اس کا عذاب جھلسنے والا ہے۔ بے شک وہ بری قرارگاہ اور بُری قیام گاہ ہے ..... اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو متقیوں کا پیشوا بنا۔ یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے (بہشت میں) بالاخانے دیے جائیں گے اور ان میں ان پر دعائے حیات اور سلام ڈالا جائے گا وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ وہ اچھی قرارگاہ اور اچھی قیام گاہ ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۳۔۶۶ ..... ۷۴۔۷۶۔

۶۱۔ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

۶۱۔ ہماری آیتوں پر تو بس وہی ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو ان آیتوں کے ساتھ نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے پروردگار کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ اور وہ غرور نہیں کرتے، اُن کے پہلو خواب گاہوں سے دور رہتے ہیں، اپنے پروردگار کو ڈر کر اور لالچ سے پکارتے ہیں اور جو ہم نے اُن کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۔السجدہ ۳۲: ۱۵۔۱۶۔

۶۲۔ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۶۲۔ سو کوئی شخص نہیں جانتا کہ اُن کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک سے کیا چیز چھپا کر رکھی گئی ہے، اُس کے عوض جو وہ کرتے تھے۔

۔السجدہ ۳۲: ۱۷۔

۶۳۔ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

۶۳۔ اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی بات مانی۔ ورنماز کو قائم رکھا اور ان کا کام اُن کے درمیان مشورہ سے ہوتا رہا اور وہ اُس میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے، خرچ کرتے ہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۳۸۔

۶۴۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝

۶۴۔ بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہیں اُس نعمت کے لیے جو ان کے پروردگار نے ان کو دی ہے۔ بے شک وہ اس سے پہلے (دنیا

میں) نیکوکار تھے۔ رات کے کم تر حصہ میں سوتے تھے اور وہ صبح کے وقتوں میں معافی مانگتے ہیں۔

۔الذٰریٰت ۵۱: ۱۵۔۱۸

۶۵۔ مگر نمازی جو اپنی نمازوں پر ہمیشگی رکھتے ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۲۲۔۲۳

۶۶۔ اور جو لوگ اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں، وہی باغوں میں عزت کیے جائیں گے۔

۔المعارج ۷۰: ۳۴۔۳۵

۶۷۔ اور جو پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے (مصائب پر) صبر کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں اور نیکی سے برائی کو دور کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کے لیے عاقبت کا گھر ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۲

۳۴۔ نماز کا اجر ضائع نہیں ہے

۶۸۔ اور جو کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں اور انہوں نے نماز کو قائم رکھا تو ہم اصلاح کے کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

۔الاعراف ۷: ۱۷۰

۳۵۔ نمازیوں کے لیے فلاحِ آخرت

۶۹۔ یہ کتاب ہے، اس میں شک نہیں ہے۔ ہدایت ہے متقیوں کے لیے جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور اس (مال) میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے خرچ کرتے ہیں ...... یہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی فلاح پانے والے

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

۶۵۔ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝

۶۶۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝

۶۷۔ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝

۶۸۔ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝

۶۹۔ الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۷۰۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝

۷۱۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۷۲۔ الٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۔۵

۷۰۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نماز میں فروتنی کرتے ہیں۔

۔المومنون ۲۳: ۱۔۲

۷۱۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت رکھتے ہیں، وہی (اصلی) وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں۔

۔المومنون ۲۳: ۹۔۱۱

۷۲۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت و رحمت۔ جو نماز قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں، اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور

ہی فلاح پانے والے ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۔۵۔

۷۳۔ بے شک اُس نے فلاح پائی جو پاک ہوا اور جس نے اپنے پروردگار کا نام لیا پھر نماز پڑھی۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۱۴۔۱۵۔

۳۶۔ نمازیوں کو ہدایت

۷۴۔ اللہ کی مسجدوں کو تو بس وہی شخص آباد کرتا ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اور اُس نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتا رہا اور وہ سوائے اللہ کے کسی سے نہ ڈرا۔ تو اُمید ہے کہ ایسے ہی لوگ ہدایت پانے والوں میں ہوں۔

۔التوبہ ۹: ۱۸۔

۷۵۔ وہ جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور اس مال میں سے جو ہم نے ان کو دیا ہے۔۔۔۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۳۔۵۔

۷۶۔ وہ جو نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۴۔۵۔

۷۷۔ یہ قرآن اور کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ مومنوں کے لیے ہدایت اور خوش خبری ہے۔ جو نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۱۔۳۔

یُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۷۳۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی ۝ وَذَکَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰی ۝

۷۴۔ اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَی الزَّکٰوةَ وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓی اُولٰٓئِکَ اَنْ یَّکُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ ۝

۷۵۔ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ ۔۔۔۔ اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ

۷۶۔ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ

۷۷۔ طٰسٓ تِلْکَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَکِتَابٍ مُّبِیْنٍ ۝ هُدًی وَّبُشْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝

۷۸۔ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِیْنَ عَلٰی مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِیْمِی الصَّلٰوةِ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝

۷۹۔ رِجَالٌ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوةِ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۝ لِیَجْزِیَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَیَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ

۳۷۔ نمازیوں کو بشارت

۷۸۔ اور اُن فروتنی کرنے والوں کو بشارت دے کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن کے دل کانپ اُٹھتے ہیں اور (نیز) اُن تکلیفوں میں صبر کرنے والوں کو جو انہیں پہنچتی ہیں اور نماز کے قائم رکھنے والوں کو اور اُن کو جو اُس مال میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۳۴۔۳۵۔

۷۹۔ ایسے مرد کہ انہیں اللہ کی یاد سے اور نماز کے قائم رکھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ بیع۔ وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی۔ تاکہ اللہ اُن کو اُن کے اچھے عملوں کا بدلہ دے اور اپنے فضل سے اُن کو اور زیادہ دے۔

۔النور ۲۴: ۳۷۔۳۸۔

۸۰۔ إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَنْ تَبُورَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ۝

۸۱۔ هُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝

۸۲۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

۸۳۔ لَٰكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ وَالْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أُولَٰئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

۸۴۔ أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝

۸۵۔ مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ۝ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ۝ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝ حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ۝

۸۰۔ بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے رہتے ہیں اور انہوں نے نماز کو قائم رکھا اور اُس مال میں سے جو ہم نے اُن کو دیا ہے چھپا کر اور علانیہ طور پر خرچ کیا، وہ ایسی تجارت کی اُمید رکھتے ہیں جس میں گھاٹا نہیں ہے، تاکہ اللہ اُن کو اُن کے پورے اَجر دے اور اپنے فضل سے اُن کو اور زیادہ دے۔ بے شک وہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۲۹۔۳۰۔

۸۱۔ مومنوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔ وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۲۔۳۔

۳۸۔ نمازی بے خوف و بے غم ہیں

۸۲۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے اور نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اُن کے لیے اُن کا اجر اُن کے پروردگار کے ہاں موجود ہے اور نہ اُن پر خوف ہے اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۷۔

۳۹۔ نمازیوں کو اجرِ عظیم

۸۳۔ لیکن اُن میں سے جو لوگ علم میں پکے ہیں اور مومن اُس پر ایمان لاتے ہیں جو تیری طرف اُتارا گیا ہے اور جو تجھ سے پہلے اُتارا گیا ہے اور نمازیں پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور روزِ آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔ وہی ہیں جن کو ہم عنقریب بڑا ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴: ۱۶۲۔

۴۰۔ نمازی اور بے نماز برابر نہیں ہو سکتے

۸۴۔ (بھلا مشرک بہتر ہے) یا وہ شخص جو رات کے وقتوں سجدہ میں پڑا اور کھڑا عبادت کرتا ہے، آخرت سے ڈرتا ہے، پروردگار کی رحمت کا اُمیدوار ہے۔ کہہ دے کیا وہ لوگ برابر ہیں جو علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے۔ بات یہ ہے کہ نصیحت تو بس عقل مند ہی پکڑتے ہیں۔

۔الزمر ۳۹: ۹۔

۴۱۔ بے نمازوں کے لیے دوزخ

۸۵۔ (پوچھا جائے گا کہ) تمہیں دوزخ میں کس چیز نے ڈالا؟ وہ کہیں گے کہ ہم نمازیوں میں نہ تھے اور مسکین کو کھانا نہیں دیتے تھے اور بکواس کرنے والوں کے ساتھ بکواس کیا کرتے تھے اور انصاف کے دن کو جھوٹ جانتے تھے یہاں تک کہ ہم کو موت آ گئی۔

۔المدثر ۷۴: ۴۲۔۴۷۔

۴۲۔ بے نمازوں کا اللہ کے حضور حاضر کیا جانا

۸۶۔ اس دن اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہوگا۔ تو نے نہ کلام اللہ کی تصدیق کی، نہ نماز ہی پڑھی بلکہ الٹا جھٹلایا اور منہ موڑا۔

۔القیامۃ ۷۵: ۳۰-۳۲

۴۳۔ غفلت اور ریا سے نماز پڑھنے والوں کے لیے ویل

۸۷۔ سو خرابی ہے اُن نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز سے غافل ہیں (آخر وقت میں پڑھتے ہیں) جو (لوگوں کو) دکھلاتے ہیں اور برتنے کی چیز مانگی نہیں دیتے۔

۔الماعون ۱۰۷: ۴-۷

نمازِ جنازہ

۱۔ منافق اور کافر کے جنازے پر نماز نہ پڑھی جائے

۱۔ اور اُن (منافقوں) میں سے کسی پر جو مر جائے نہ کبھی نماز پڑھنا اور نہ (دعا کے لیے) اس کی قبر پر کھڑا ہونا۔ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا اور وہ بدکردار مرے۔

۔التوبۃ ۹: ۸۴

استعاذہ

۱۔ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنے کا حکم

۱۔ پس تو اللہ کی پناہ مانگ۔

۔المؤمن ۴۰: ۵۶

۲۔ اور اگر شیطان کی طرف سے تیرے دل میں کوئی گندگی پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۳۶

۳۔ تو کہہ میں پناہ میں آیا صبح کے پروردگار کی ہر چیز کی بدی سے جو اس نے پیدا کی اور بدی سے اندھیرے کی جب وہ چھا جائے اور بدی سے عورتوں کی جو گرہوں میں پھونک ماریں اور بدی سے حاسد کی جب وہ حسد کرے۔

۔الفلق ۱۱۳: ۱-۵

۴۔ تو کہہ میں پناہ میں آیا لوگوں کے پروردگار کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی، بدی سے چھپ جانے والے (شیطان) کے وسوسے کی جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے، جنوں اور آدمیوں سے۔

۔الناس ۱۱۴: ۱-۶

۸۶۔ إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ ۞ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلَّىٰ ۞ وَلَٰكِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۞

۸۷۔ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ ۞ الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ۞ الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ۞ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ۞

۱۔ وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِّنْهُم مَّاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَىٰ قَبْرِهِ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا وَهُمْ فَاسِقُونَ ۞

۱۔ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ

۲۔ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۞

۳۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۞ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۞ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۞ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ ۞ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۞

۴۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۞ مَلِكِ النَّاسِ ۞ إِلَٰهِ النَّاسِ ۞ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۞ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۞ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۞

استغفار

۱۔ استغفار کا حکم

۱۔ اور اللہ سے معافی مانگو۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۹۔

۲۔ اور اللہ سے معافی مانگو۔

۔النساء ۴:۱۰۶۔

۳۔ اور یہ کہ تم اپنے پروردگار سے معافی مانگو۔

۔ھود ۱۱:۳۔

۴۔ اور کہہ کہ اے میرے پروردگار! معاف فرما اور رحم کر اور تو ہی سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۱۸۔

۵۔ پس صبر کر۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہ کی معافی مانگ اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ صبح و شام اُس کی پاکی بیان کر۔

۔المؤمن ۴۰:۵۵۔

۶۔ پس اُس کی طرف جھکے رہو اور اُس سے معافی مانگو۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۶۔

۷۔ اور اپنے گناہ کی معافی مانگ اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے لیے بھی۔

۔محمد ۴۷:۱۹۔

۸۔ اور اللہ سے معافی مانگو۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المزمل ۷۳:۲۰۔

۹۔ اور اُس سے معافی مانگ۔ بے شک وہ مہربان ہے۔

۔النصر ۱۱۰:۳۔

۲۔ استغفار مقبول ہے

۱۰۔ اور جو برا کام کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے معافی مانگے تو وہ اللہ کو بخشنے والا، مہربان پائے گا۔

۔النساء ۴:۱۱۰۔

۱۔ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ

۲۔ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ

۳۔ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

۴۔ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

۵۔ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

۶۔ فَاسْتَقِيْمُوْۤا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ

۷۔ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

۸۔ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۹۔ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

۱۰۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۱۱۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

۱۲۔ سَابِقُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

۳۔ استغفار کرنے والوں کو عذاب سے امن

۱۱۔ اور اللہ اُن کو عذاب دینے والا نہیں ہے جبکہ وہ معافی مانگتے ہوں۔

۔الانفال ۸:۳۳۔

۴۔ اللہ کی معافی کے ذریعے پیدا کرنے میں جلدی کرو

۱۲۔ اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف دوڑو اور (نیز) جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کے برابر ہے۔ وہ اُن کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۱۔

۱۴۔ اور اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف دوڑو اور جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کے برابر ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۳۳۔

۱۴۔ وَسَارِعُوا إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ

تکبیر

۱۔ اور تاکہ تم گنتی کو پورا کرو اور اللہ کی بڑائی کرو اس پر کہ اس نے تم کو ہدایت کی اور تاکہ تم شکر کرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے نہ اولاد رکھی اور نہ بادشاہت میں کوئی اس کا شریک ہوا اور نہ عجز کی وجہ سے کوئی اس کا کوئی حمایتی ہوا اور اس کی بڑائی کر۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۱۔

۳۔ اللہ کو نہ ان (قربانیوں) کے گوشت پہنچتے ہیں اور نہ ان کے خون لیکن اس کو تمہاری طرف سے پرہیزگاری پہنچتی ہے۔ اسی طرح اس نے ان (مویشیوں) کو تمہارا مطیع بنا دیا تاکہ تم اللہ کی بڑائی کرو اس بنا پر کہ اس نے تم کو ہدایت کی اور (اے نبی ﷺ!) نیکوکاروں کو بشارت دے۔

۔الحج ۲۲:۳۷۔

۴۔ اور اپنے پروردگار کی بڑائی کر۔

۔المدثر ۷۴:۳۔

۱۔ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

۲۔ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

۳۔ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۴۔ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝

تسبیح

۱۔ اور اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

۔الفرقان ۲۵:۵۸۔

۲۔ اور صبح اور شام اس کی پاکی بیان کرو۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۲۔

۳۔ اور صبح اور شام اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

۔المومن ۴۰:۵۵۔

۴۔ جب تو (رات کو) اٹھے تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

۔الطور ۵۲:۴۸۔

۵۔ (یہ حکم اس لیے ہے) کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو اور صبح اور شام اس کی پاکی بیان کرو۔

۔الفتح ۴۸:۹۔

۱۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ

۲۔ وَسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

۳۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

۴۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝

۵۔ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

۶۔ اور سورج کے نکلنے سے پہلے اور چھپنے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر۔

ق ۵۰: ۳۹۔

۷۔ اور رات کی بعض گھڑیوں میں اس کی پاکی بیان کر اور نماز کے بعد بھی۔

ق ۵۰: ۴۰۔

۸۔ اور اپنے پروردگار کے حکم کا انتظار کر۔ کچھ شک نہیں کہ تو ہمارے سامنے ہے اور جب تو (رات کو) اٹھے تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور رات کے بعض وقتوں میں اس کی پاکی بیان کر اور ستاروں کے چھپ جانے کے بعد بھی۔

الطور ۵۲: ۴۸۔۴۹۔

۹۔ تو تو اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی پاکی بیان کر۔

الواقعہ ۵۶: ۷۴، ۹۶ والحاقہ ۶۹: ۵۲۔

۱۰۔ اور رات کی بعض گھڑیوں میں اس کو سجدہ کر اور رات کو دیر تک اس کی پاکی بیان کرتا رہ۔

الدھر ۷۶: ۲۶۔

۱۱۔ اپنے اعلیٰ پروردگار کے نام کی پاکی بیان کر جس نے پیدا کیا پھر درست کیا اور جس نے اندازہ کیا پھر رستہ دکھایا اور جس نے تازہ گھاس نکالی پھر اس کو سیاہ چورا کر دیا۔

الاعلیٰ ۸۷: ۱۔۵۔

۱۲۔ پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور اس سے معافی مانگ۔

النصر ۱۱۰: ۳۔

۶۔ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ

۷۔ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ

۸۔ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ

۹۔ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ

۱۰۔ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا

۱۱۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى

۱۲۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا

۱۔ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ

۲۔ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا

۳۔ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ

تحمید

۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اس کے بندوں پر جن کو اس نے منتخب کیا ہے سلام ہے۔ بھلا اللہ بہتر ہے یا وہ شے جسے وہ اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔

النمل ۲۷: ۵۹۔

۲۔ اور اس زندہ ذات پر بھروسہ رکھو جو (کبھی) نہیں مرے گا اور اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔ اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبر رکھنے کو کافی ہے۔

الفرقان ۲۵: ۵۸۔

۳۔ تو صبر کرو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور صبح و شام اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔

المؤمن ۴۰: ۵۵۔

۴۔ اور تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کیے رہو۔ تم تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہو اور جب اُٹھا کرو تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کیا کرو۔

۔الطور ۵۲:۴۸۔

۵۔ تو جو کچھ یہ (کفار) بکتے ہیں اس پر صبر کرو اور آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔

۔ق ۵۰:۳۹۔

۶۔ تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرو اور اس سے مغفرت مانگو۔ بیشک وہ معاف کرنے والا ہے۔

۔النصر ۱۱۰:۳۔

ذکر

۱۔ اللہ کا ذکر بڑی چیز ہے

۱۔ اور اللہ کا ذکر سب سے بڑی چیز ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۵۔

۲۔ ذکر کرنے کا حکم

۲۔ مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر کرو اور میرا انکار نہ کرو۔

۔البقرہ ۲:۱۵۲۔

۳۔ اور جب تو بھول جائے تو اپنے پروردگار کو یاد کر اور کہہ اُمید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس سے بھی زیادہ راہ کی بات بتلادے۔

۔الکہف ۱۸:۲۴۔

۴۔ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٤٨﴾

۵۔ فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ ﴿٣٩﴾

۶۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ﴿٣﴾

۱۔ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ ﴿٤٥﴾

۲۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ﴿١٥٢﴾

۳۔ وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَنْ يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾

۴۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٤٥﴾

۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾

۶۔ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠﴾

۷۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿٨﴾

۸۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ﴿٢٥﴾

۳۔ اللہ کو کثرت سے یاد کرو

۴۔ مسلمانو! جب تم (کافروں کی) جماعت کے مقابل ہو تو جمے رہو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔الانفال ۸:۴۵۔

۵۔ مسلمانو! اللہ کو کثرت سے یاد کرو۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۱۔

۶۔ اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔الجمعۃ ۶۲:۱۰۔

۷۔ اور اپنے پروردگار کا نام لے کر اور اس کی طرف (سب سے علیحدہ ہو کر) رجوع ہو۔

۔المزمل ۷۳:۸۔

۸۔ اور اپنے پروردگار کا نام لے کر صبح و شام اس کو یاد کر۔

۔الدھر ۷۶:۲۵۔

۴۔ اللہ کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو

۹۔ پھر جب تم عرفات سے لوٹو تو اللہ کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو اور جیسا کہ اُس نے تم کو ہدایت کی ہے اُس کو یاد کرو اگر چہ اس سے پہلے تم گمراہوں میں تھے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۸۔

۵۔ حج سے فارغ ہونے کے بعد اللہ کو اپنے باپ دادوں کی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد کرو

۱۰۔ پھر جب تم اپنے حج کے احکام پورے کر چکو تو اللہ کو اپنے باپ دادوں کی طرح یاد کرو یا اُس سے بھی زیادہ یاد کرو۔ پھر لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے جو کہتا ہے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں دے اور آخرت میں اُس کا حصہ نہیں ہے اور کوئی اُن میں سے وہ ہے جو کہتا ہے اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچا۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے اُن کی کمائی میں سے حصہ ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے اور اللہ کو گنتی کے دنوں میں یاد کرو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۰۰۔۲۰۳۔

۶۔ امن میں اللہ کو یاد کرو

۱۱۔ پھر جب تم امن میں ہو جاؤ تو اللہ کو یاد کرو جیسا کہ اُس نے تم کو بتلایا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۹۔

۷۔ اللہ کو گڑگڑا گڑگڑا کر اور ڈر کر صبح و شام آہستہ سے یاد کرو

۱۲۔ اور اپنے دل میں اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور چپکے سے

۹۔ فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِندَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ۝

۱۰۔ فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ أُولَٰئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ وَاذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ

۱۱۔ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝

۱۲۔ وَاذْكُر رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ الْغَافِلِينَ ۝

۱۳۔ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ۝

۱۴۔ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ

۱۵۔ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ۝ الَّذِينَ

اور بغیر آواز بلند کے صبح و شام یاد کر اور غافلوں میں نہ ہو۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۵۔

۱۳۔ کیا ان کے لیے جو ایمان لائے ہیں وقت نہیں آیا کہ اللہ کی یاد سے اُن کے دل کانپ جائیں اور اُس حق سے جو نازل ہوا ہے اور ان کی مانند نہ ہوں جن کو پہلے کتاب دی گئی پھر اُن پر مدتِ دراز گزر گئی تو اُن کے دل سخت ہو گئے اور اکثر اُن میں بدکار ہیں۔

۔الحدید ۵۷: ۱۶۔

۸۔ اللہ کی نعمت یاد کرو

۱۴۔ اور اللہ کی نعمت جو تم پر ہے یاد کرو۔

۔آل عمران ۳: ۱۰۳۔

۹۔ اللہ کی یاد سے دل تسلی پاتے ہیں

۱۵۔ کہہ دے بے شک اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو رجوع

ہوتا ہے اُس کو اپنی طرف راہ دکھاتا ہے اور جو ایمان لائے اور اللہ کی یاد سے اُن کے دل تسلی پاتے ہیں۔ سن لو کہ اللہ کی یاد سے دل تسلی پاتے ہیں۔

۔الرعد ۱۳: ۲۷-۲۸۔

۱۰۔ تجارت اور بیع اللہ کی یاد اور دیگر عبادات سے مانع نہیں ہے

۱۶۔مرد ہیں اُن کو اللہ کی یاد اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ بیع۔ وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی۔

۔النور ۲۴: ۳۷۔

۱۱۔ اللہ کی یاد سے جن کے دل سخت ہیں ان کو ویل

۱۷۔سو اُن کے لیے ویل ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہیں۔ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔الزمر ۳۹: ۲۲۔

۱۲۔ اللہ کی یاد سے غافلوں پر شیطان کا تسلط

۱۸۔اور جو کوئی رحمٰن کی یاد سے غافل ہوگا ہم اس پر شیطان مقرر کر دیں گے۔ پس وہی اس کا ساتھی ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۳۶۔

۱۳۔ اللہ کو بھولنے والے بدکار ہیں

۱۹۔اور اُن لوگوں کی مانند نہ ہو جو اللہ کو بھول گئے سو اللہ نے اُن کو اُن کی جانوں کی تدبیر سے بھلا دیا۔ وہی لوگ بدکار ہیں۔

۔الحشر ۵۹: ۱۹۔

۱۴۔ اللہ کی یاد سے غافل ٹوٹے میں ہیں

۲۰۔مسلمانو! کہیں تمہارے مال اور تمہاری اولاد تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دے اور جو یہ کرے گا تو وہی لوگ گھاٹا اُٹھانے والے ہیں۔

۔المنافقون ۶۳: ۹۔

آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ﴿٢٨﴾

۱۶۔ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ ۙ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ﴿٣٧﴾

۱۷۔ فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٢٢﴾

۱۸۔ وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ ﴿٣٦﴾

۱۹۔ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿١٩﴾

۲۰۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٩﴾

۲۱۔ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿١٧﴾

۱۔ وَأَنِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُمَتِّعْكُم مَّتَاعًا حَسَنًا إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى وَيُؤْتِ كُلَّ ذِي فَضْلٍ فَضْلَهُ ۖ وَإِن تَوَلَّوْا فَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيرٍ ﴿٣﴾

۲۔ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣١﴾

۱۵۔ اللہ کی یاد سے روگردانی کرنے میں عذاب

۲۱۔اور جو اپنے پروردگار کی یاد سے روگردانی کرے گا اللہ اُس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔

۔الجن ۷۲: ۱۷۔

توبہ

۱۔ توبہ کرنے کا حکم

۱۔اور یہ کہ اپنے پروردگار سے معافی مانگو پھر اُس کی طرف توبہ کرو تا کہ وہ تم کو اچھا فائدہ ایک وقت مقرر تک دے اور ہر بڑائی والے کو اُس کی بڑائی دے اور اگر تم روگردانی کرو تو میں تم کو ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈراتا ہوں۔

۔ہود ۱۱: ۳۔

۲۔اور مسلمانو! تم سب اللہ کی طرف رجوع ہوتا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔النور ۲۴: ۳۱۔

۲۔ توبہ کے ساتھ عمل صالح بھی شرط ہے

۳۔ مسلمانو! اللہ کی طرف توبہ کرو خالص توبہ۔

۔التحریم ۶۶:۸۔

۳۔ اللہ توبہ قبول فرماتا ہے

۴۔ مگر جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح پر آ گئے اور (صحیح صحیح) بیان کر دیا تو یہی وہ لوگ ہیں جن کی توبہ میں قبول کرتا ہوں اور میں توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہوں۔

۔البقرۃ ۲:۱۶۰۔

۵۔ مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔آل عمران ۳:۸۹۔

۶۔ مگر جنہوں نے توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے اور اللہ کو مضبوط پکڑا اور اپنا دین خالص اللہ کے لیے کیا تو یہی لوگ مومنوں کے ساتھ ہیں اور اللہ مومنوں کو عنقریب بڑا ثواب دے گا۔

۔النساء ۴:۱۴۶۔

۷۔ اور جنہوں نے برے کام کیے پھر اُس کے بعد توبہ کی اور ایمان لائے تو بے شک تیرا پروردگار اُس کے بعد بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۵۳۔

۸۔ کیا انہوں نے یہ معلوم نہیں کیا کہ اللہ جو ہے وہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور خیرات منظور فرماتا ہے اور یہ کہ اللہ جو ہے وہی توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

۔التوبۃ ۹:۱۰۴۔

۹۔ مگر جس نے توبہ کر لی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو

۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا

۴۔ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

۵۔ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۟ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۶۔ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۷۔ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۸۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

۹۔ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَـيْـــًٔا ۝

۱۰۔ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝

۱۱۔ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝

۱۲۔ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ

یہی ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے اور اُن پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔مریم ۱۹:۶۰۔

۱۰۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک عمل کیے تو وہ بے شک اللہ کی طرف رجوع ہوتا ہے۔

۔الفرقان ۲۵:۷۱۔

۱۱۔ اور وہ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور خطائیں معاف کرتا ہے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۵۔

۴۔ توبہ کرنے والوں کے گناہ نیکیوں سے بدل جاتے ہیں بشرطیکہ عمل صالح ساتھ ہو

۱۲۔ اور جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے تو یہی ہیں جن

کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۷۰-

۵۔ توبہ کرنے والوں کے لیے فرشتے مغفرت کی دعا کرتے ہیں

۱۳۔ جو (فرشتے) عرش کو اُٹھاتے ہیں اور جو اُس کے ارد گرد ہیں وہ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اُس پر ایمان رکھتے ہیں اور ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں دعائے مغفرت کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے رحمت اور علم کے ساتھ ہر چیز کو گھیر لیا ہے۔ سو تو ان لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اور ہمارے پروردگار! ان کو ہمیشہ رہنے والے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کو بھی جو اُن کے باپوں اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد میں سے لائق ہوں۔ بے شک تو ہی غالب، حکمت والا ہے اور اُن کو بدیوں سے بچا اور جس کو تو نے اُس دن بدیوں سے بچایا اُس پر تو نے بے شک رحم کیا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

-المؤمن ۴۰: ۷-۹-

۶۔ توبہ کرنے والوں سے اللہ محبت کرتا ہے

۱۴۔ بے شک اللہ محبت رکھتا ہے توبہ کرنے والوں سے اور محبت رکھتا ہے پاک رہنے والوں سے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۲-

۷۔ توبہ صرف بھول چوک کے گناہ سے ہوتی ہے

۱۵۔ اس کے سوا کچھ نہیں کہ اللہ کے ذمے اُن لوگوں کی توبہ

سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۱۳۔ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۱۴۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝

۱۵۔ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَي اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

۱۶۔ وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۱۷۔ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

قبول کرنا ہے جو نادانی سے گناہ کرتے ہیں پھر جلدی ہی توبہ کر لیتے ہیں۔ تو یہی لوگ ہیں جن کی توبہ اللہ قبول کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴: ۱۷-

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب تیرے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو تو اُن سے کہہ کہ تم پر سلامتی ہے۔ تمہارے پروردگار نے اپنے اوپر رحمت لازم ٹھہرائی ہے کہ جس نے تم میں سے براہِ نادانی کوئی برا کام کیا پھر اُس کے بعد توبہ کر لی اور راہ پر آ گیا تو بے شک وہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الانعام ۶: ۵۴-

۱۷۔ پھر بے شک تیرا پروردگار اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے نادانی سے گناہ کیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے۔ بے شک تیرا

پروردگار اُس کے بعد بخشنے والا مہربان ہے۔

-النحل ۱۱۹:۱۶-

۸۔ موت کے وقت کی توبہ قبول نہیں

۱۸۔اور اُن کے لیے توبہ نہیں ہے جو بدیاں کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ جب اُن میں سے کسی کے پاس موت آ موجود ہو تو کہنے لگے کہ اب میں نے توبہ کی اور نہ اُن کے لیے ہے جو کفر ہی کی حالت میں مر جائیں۔ یہی تو ہیں جن کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

-النساء ۱۸:۴-

۹۔ مجرم اگر پکڑے جانے سے پہلے توبہ کرلیں تو جرم معاف ہے۔

۱۹۔مگر جو لوگ اس سے پہلے ہی توبہ کرلیں کہ تم اُن پر قابو پاؤ تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-المائدۃ ۳۴:۵-

۱۰۔ چوری سے توبہ

۲۰۔پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کی اور صلاح پر آ گیا تو بے شک اللہ اُس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-المائدۃ ۳۹:۵-

۱۱۔ توبہ شرک سے

۲۱۔لیکن جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک کام کیے تو اُمید ہے کہ وہ لوگ فلاح پانے والوں میں سے ہوں۔

-القصص ۶۷:۲۸-

وَأَصْلَحُوا إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۱۸۔ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ حَتَّىٰ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

۱۹۔ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۲۰۔ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۲۱۔ فَأَمَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسَىٰ أَن يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ ۝

۲۲۔ وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝

۲۳۔ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝

۲۴۔ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ ۝

۲۲۔اور وہ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور خطائیں معاف کرتا ہے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

-الشوریٰ ۲۵:۴۲-

۱۲۔ توبہ نہ کرنے والے ظالم ہیں

۲۳۔اور جس نے توبہ نہ کی تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

-الحجرات ۱۱:۴۹-

۱۳۔ مرتدوں کی توبہ قبول نہیں

۲۴۔مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ جو لوگ ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے گئے ایسوں کی توبہ ہرگز قبول نہیں ہوگی اور یہ لوگ گمراہ ہیں۔

-آل عمران ۹۰-۸۹:۳-

رجوع الی اللہ

۱۔ اللہ کی طرف دوڑو

۱۔ پس اللہ کی طرف بھاگو۔ بے شک میں تمہیں اُس کی طرف سے کھول کر ڈرانے والا ہوں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۵۰۔

۲۔ اور اپنے پروردگار کا نام یاد کر اور اُس کی طرف متوجہ ہو کر سب سے علیحدہ ہو۔

۔المزمل ۷۳:۸۔

۳۔ اور اپنے پروردگار کی طرف راغب ہو۔

۔الانشراح ۹۴:۸۔

اعمال موجبِ مغفرت وفلاحِ آخرت

۱۔ اللہ کا خوف، ایمان، نیک کام، صبر، عبادت، پاک بازی

۱۔ بے شک وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے خوف سے لرزتے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے اور وہ جو دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے ہیں اور اُن کے دل اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں، یہی لوگ ہیں جو نیکیوں (کے حصول) میں جلدی کرتے ہیں اور وہ اُن کے لیے آگے بڑھ جاتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۵۷۔۶۱۔

۲۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں اور مطیع مرد اور مطیع عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صابر مرد اور صابر عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کو محفوظ رکھنے والے مرد اور محفوظ رکھنے والی عورتیں، اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں، اللہ نے ان کے لیے مغفرت اور اجرِ عظیم تیار کیا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۳۵۔

۳۔ اور جو لوگ قیامت کے دن کی تصدیق کرتے ہیں اور جو لوگ اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شک ان کے پروردگار کا عذاب نڈر ہونے کی چیز نہیں ہے اور جو لوگ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں پر یا ان پر جن کے مالک اُن کے ہاتھ ہوگئے ہیں سو یہ لوگ ملامت کے قابل نہیں ہیں اور جس نے اس

۱۔ فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

۲۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۝

۳۔ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

۱۔ اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ یُؤْمِنُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا یُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَاۤ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓىِٕكَ یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝

۲۔ اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِیْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِیْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآىِٕمِیْنَ وَالصّٰٓىِٕمٰتِ وَالْحٰفِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِیْنَ اللّٰهَ كَثِیْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ۝

۳۔ وَالَّذِیْنَ یُصَدِّقُوْنَ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَیْرُ مَاْمُوْنٍ ۝ وَالَّذِیْنَ

کے سوا چاہا تو وہی ہیں جو حد سے گزر جانے والے ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۲۹۔۳۱

۴۔ قسم ہے عصر کی۔ بے شک انسان گھاٹے میں ہے سوائے اُن کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی وصیت کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے۔

۔العصر ۱۰۳: ۱۔۳

زکوٰۃ

انبیائے سابقین علیہم السلام اور اُمم سابقہ کو زکوٰۃ کا حکم دیا گیا تھا

۱۔ انبیائے سابقین علیہم السلام کو زکوٰۃ کا حکم

۱۔ اور اُن کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے اور اُن کو نیک کام کرنے اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم بھیجا اور وہ ہماری عبادت کیا کرتے تھے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۷۳

۲۔ اسمٰعیل علیہ السلام

۲۔ اور کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کرو وہ وعدے کے سچے اور (ہمارے) بھیجے ہوئے نبی تھے۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۵۴۔۵۵

۳۔ عیسیٰ علیہ السلام

۳۔ (عیسیٰ علیہ السلام نے) کہا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اُس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا اور مجھے برکت

هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ إِلَّا عَلٰٓى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝

۴۔ وَالْعَصْرِ ۙ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۙ إِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

۱۔ وَجَعَلْنٰهُمْ أَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَآ إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَإِقَامَ الصَّلٰوةِ وَإِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۙ

۲۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِسْمٰعِيْلَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۚ وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا ۝

۳۔ قَالَ إِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۗ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۙ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا أَيْنَ مَا كُنْتُ ۠ وَأَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ

۴۔ أَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّإِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝

۵۔ وَلَقَدْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۗ وَقَالَ اللّٰهُ إِنِّيْ مَعَكُمْ ۗ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ

والا بنایا جہاں کہیں بھی میں رہوں اور مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔

۔مریم ۱۹: ۳۰

۴۔ بنی اسرائیل سے نماز اور زکوٰۃ کا عہد

۴۔ کیا یہ (کافر) اللہ کے دین کے سوا کسی اور دین کے طالب ہیں حالانکہ اہل آسمان و زمین خوشی یا زبردستی سے خدا کے فرمانبردار ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۸۳

۵۔ اور اللہ نے بنی اسرائیل سے اقرار لیا اور ان میں ہم نے بارہ سردار مقرر کیے۔ پھر اللہ نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اگر تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ گے اور ان کی مدد کرو گے اور اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو میں تم سے

تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تم کو بہشتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ پھر جس نے اس کے بعد تم میں سے کفر کیا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا۔

۔المائدۃ ۵: ۱۲۔

۵۔ اہل کتاب

۶۔اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور یہی نہایت صحیح و درست دین ہے۔

۔البینۃ ۹۸: ۵۔

۶۔ اصحاب رسول اللہ زکوٰۃ دیتے تھے

۷۔یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں دسترس دیں تو نماز پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کام کرنے کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں۔ اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

۔الحج ۲۲: ۴۱۔

۷۔ زکوٰۃ دینے کا حکم

۸۔اور زکوٰۃ دیا کرو۔

۔البقرۃ ۲: ۴۳، ۸۳، ۱۱۰ والحج ۲۲: ۷۸ والنور ۲۴: ۵۶ والمجادلۃ ۵۸: ۱۳ والمزمل ۷۳: ۲۰۔

۹۔(پیغمبر ﷺ کی بیبیو!) زکوٰۃ دو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۳۔

۸۔ زکوٰۃ دینے والوں پر اللہ کی رحمت

۱۰۔اور میری رحمت ہر شے پر حاوی ہے تو میں اُن کو ان لوگوں کے لیے لکھ لوں گا جو اللہ سے ڈرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۶۔

وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِیْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَیِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱۲﴾

۶۔وَیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِیْنُ الْقَیِّمَةِ ﴿۵﴾

۷۔اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾

۸۔وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

۹۔وَاٰتِیْنَ الزَّكٰوةَ

۱۰۔وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ۚ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾

۱۱۔اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْۤا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۫ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۷۷﴾

۱۲۔اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى

۹۔ ابتدا میں صرف نماز اور زکوٰۃ ہی کا حکم تھا

۱۱۔بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو (پہلے یہ) حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھوں کو (جنگ سے) روکے رہو اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو۔ پھر جب اُن پر جہاد فرض کر دیا گیا تو بعض لوگ ان میں سے لوگوں سے یوں ڈرنے لگے جیسے اللہ سے ڈرا کرتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ اور بڑبڑانے لگے کہ اے اللہ تو نے ہم پر جہاد (جلد) کیوں فرض کر دیا۔ تھوڑی مدت اور ہمیں کیوں مہلت نہ دی۔ (اے پیغمبران سے) کہہ دو کہ دنیا کا فائدہ بہت تھوڑا ہے۔ اور بہت اچھی چیز تو پرہیزگار کے لیے (نجات) آخرت ہے اور تم پر دھاگے برابر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النساء ۴: ۷۷۔

۱۰۔ زکوٰۃ دینے والے ہدایت پر ہیں

۱۲۔اللہ کی مسجدوں کو تو وہ لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ پر اور روز

قیامت پر ایمان لاتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ یہی لوگ اُمید ہے کہ ہدایت یافتہ لوگوں میں (داخل) ہوں۔

-التوبہ ۹:۱۸-

۱۳۔ وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

-النمل ۲۷:۳ و لقمٰن ۳۱:۴

۱۱۔ زکوٰۃ دینا منجملہ نیکی کے ہے

۱۴۔ نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق و مغرب (کو قبلہ سمجھ کر اُن) کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور یوم آخرت پر اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور جب عہد کرلیں تو اس کو پورا کریں اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (اللہ سے) ڈرنے والے ہیں۔

-البقرۃ ۲:۱۷۷-

۱۲۔ مسلمانوں کے رفیق وہ جو زکوٰۃ دیں

۱۵۔ تمہارے دوست تو خدا اور اس کے پیغمبر اور مومن لوگ ہی ہیں جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور (اللہ کے آگے) جھکتے ہیں۔

-المائدۃ ۵:۵۵-

الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤى اُولٰۤىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ۝

۱۳۔ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۝

۱۴۔ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰۤىِٕكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّاۤىِٕلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَاۤءِ وَالضَّرَّاۤءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰۤىِٕكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَاُولٰۤىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۝

۱۵۔ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ۝

۱۶۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۤءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۗ اُولٰۤىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۝

۱۷۔ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا

۱۳۔ مومنوں کی صفت زکوٰۃ دینا ہے

۱۶۔ اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اچھے کام کرنے کو کہتے اور بری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور اللہ اور اس کے پیغمبر کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا۔ بیشک اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

-التوبہ ۹:۷۱-

۱۴۔ زکوٰۃ دینے والوں سے لڑنا درست نہیں

۱۷۔ جب عزت کے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور پکڑ لو اور گھیر لو اور ہر گھات کی جگہ اُن کی تاک میں بیٹھے رہو۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان

کی راہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-التوبہ ۹: ۵

۱۸۔ اگر یہ توبہ کریں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو دین میں تمہارے بھائی ہیں۔ اور سمجھنے والے لوگوں کے لیے ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

-التوبہ ۹: ۱۱

۱۵۔ زکوٰۃ نہ دینا مشرکوں کی صفت ہے

۱۹۔ اور خرابی ہے مشرکوں کی جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے (بھی) منکر ہیں۔

-حٰم السجدۃ ۴۱: ۶-۷

۱۶۔ زکوٰۃ اللہ لیتا ہے

۲۰۔ کیا انہوں نے یہ معلوم نہیں کیا کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور خیرات لیتا ہے اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

-التوبہ ۹: ۱۰۴

۱۷۔ زکوٰۃ دینے والوں کا مال دگنا ہوتا ہے

۲۱۔ اور جو زکوٰۃ تم اللہ کی ذات حاصل کرنے کے لیے دیتے ہو تو ایسے ہی لوگ (اپنے مال کو) دگنا کرنے والے ہیں۔

-الروم ۳۰: ۳۹

۱۸۔ زکوٰۃ دینے والوں کو فلاحِ آخرت

۲۲۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نماز میں عاجزی کرتے ہیں اور جو بیہودہ بات سے منہ پھیرتے ہیں اور جو زکوٰۃ دیتے ہیں۔

-المؤمنون ۲۳: ۱-۴

۲۳۔ الٓمّٓ۔ یہ حکمت کی (بھری ہوئی) کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔ جو نماز کی پابندی کرتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے

الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۱۸۔ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۭ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

۱۹۔ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

۲۰۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

۲۱۔ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝

۲۲۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ

۲۳۔ الۗمّۗ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۙ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۙ

۲۴۔ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۲۵۔ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاۗءِ الزَّكٰوةِ ڽ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۙ

ہیں۔

-لقمٰن ۳۱: ۱-۴

۲۰۔ زکوٰۃ دینے والوں کے لیے بہشت

۲۴۔ یہی لوگ وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۱۰-۱۱

۲۱۔ زکوٰۃ دینے میں اصل سے زیادہ ملے گا

۲۵۔ (یعنی ایسے) لوگ جن کو اللہ کے ذکر اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ سوداگری غافل کرتی ہے نہ خرید و فروخت۔ وہ اس دن سے جب دل (خوف اور گھبراہٹ کے سبب) الٹ جائیں گے اور آنکھیں (اوپر چڑھ جائیں گی) ڈرتے ہیں۔ تاکہ اللہ ان کو ان

میں چل پھر نہیں سکتے، سوال سے بچنے کی وجہ سے انجان انہیں مال دار خیال کرتے ہیں تو انہیں ان کی علامت سے پہچان لیتا ہے وہ چمٹ کر لوگوں سے نہیں مانگتے۔

البقرة ۲: ۲۷۳۔

۳۲۔ خیرات تو بس فقیروں کا حق ہے اور مسکینوں کا اور ان کا جو اس کے وصول کرنے والے ہیں اور ان کا جن کے دل پرچائے گئے ہیں اور گردنوں کے چھڑانے میں خرچ کی جائے اور جن پر قرض ہو اور اللہ کی راہ میں (جہاد) میں اور مسافروں کا حق ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے ٹھہرایا ہوا ہے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

التوبة ۹: ۶۰۔

۲۶۔ زکوٰۃ پر کفار کا اعتراض

۳۳۔ اللہ نے ان کا قول سن لیا جنھوں نے کہا کہ اللہ محتاج ہے اور ہم مال دار ہیں۔ تو جو انہوں نے کہا ہم اس کو لکھ لیتے ہیں اور ان کے نبیوں کو ناحق قتل کرنے کو بھی اور ہم کہیں گے کہ جلن کا عذاب چکھو۔ یہ اس کے عوض ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے۔

آل عمران ۳: ۱۸۱-۱۸۲۔

۲۷۔ زکوٰۃ کے بارے میں منافقوں کا آنحضرت ﷺ کو عیب لگانا

۳۴۔ اور ان میں سے بعض تجھ پر خیرات کے بارے میں عیب لگاتے ہیں اگر انہیں دے دیا جاتا ہے تو راضی ہو جاتے ہیں اگر ان میں سے انہیں نہیں دیا جاتا تو فوراً ہی بگڑ بیٹھتے ہیں اور اگر وہ اس پر راضی ہو جاتے جو اللہ اور اس کے رسول نے انہیں دیا تھا اور کہتے کہ اللہ ہم کو کافی ہے اور ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اس کا رسول کچھ دے گا ہم تو اللہ کی طرف راغب ہیں (تو ان

بِسِيمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ

۳۲۔ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

۳۳۔ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ

۳۴۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِى الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ۝

۱۔ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ

۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِىْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

کے حق میں بہتر ہوتا)۔

التوبة ۹: ۵۸-۵۹۔

صدقات

۱۔ صدقہ دے کر احسان جتانا نہیں چاہیے

۱۔ پسندیدہ بات کہنا اور معاف کر دینا اس خیرات سے بہتر ہے جس کے پیچھے ایذا رسانی ہو۔

البقرة ۲: ۲۶۳۔

۲۔ احسان جتا کر صدقات کا اجر باطل نہ کرو

۲۔ مسلمانو اپنی خیرات کو (مسکینوں پر) احسان رکھ اور (ان کو) تکلیف دے کر اکارت نہ کرو اس شخص کی طرح جو اپنا مال لوگوں کو دکھلانے کے لیے خرچ کرتا ہے اور اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں لاتا۔

البقرة ۲: ۲۶۴۔

۳۔ صدقہ دینا بہتر ہے

۳۔ اور یہ بات کہ تم خیرات کرو تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۰۔

۴۔ صدقہ ظاہر کر کے اور چھپا کر دونوں طرح دینا اچھا ہے

۴۔ اگر تم خیرات ظاہر کر کے دو تو اچھی بات ہے۔ اور اگر تم اس کو چھپاؤ اور فقیروں کو دو تو وہ بھی تمہارے حق میں اور بھی بہتر ہے اور اللہ تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۱۔

۵۔ صدقہ دینے والوں کو اللہ جزا دے گا

۵۔ بے شک اللہ خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۸۸۔

۶۔ صدقہ دینے والوں کو عزت کا اجر ملے گا

۶۔ بے شک خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور جنہوں نے قرضِ حسنہ دیا اُن کو دو نا دیا جائے گا اور ان کے لیے عزت کا اجر ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۱۸۔

۷۔ صدقاتِ نافلہ کے مستحقین

۷۔ اور اُس نے مال کو باوجود اُس کی محبت کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو اور (نیز) گردنوں کے چھڑانے میں دیا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۷۔

۸۔ پس تو رشتہ دار کو اُس کا حق دے اور محتاج اور مسافر کو بھی یہ اُن لوگوں کے حق میں بہتر ہے جو اللہ کی ذات چاہتے ہیں اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۳۸۔

۳۔ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

۴۔ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۚ

۵۔ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ ۝

۶۔ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝

۷۔ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ

۸۔ فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۖ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۹۔ وَفِىْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝

۱۰۔ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝

۱۱۔ وَاَنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚ

۱۲۔ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۖ

۱۳۔ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ

۹۔ اور اُن کے مالوں میں مانگنے والوں اور تنگ دستوں کا حق ہے۔

۔الذٰریٰت ۵۱: ۱۹۔

۱۰۔ مانگنے والے اور تنگ دست کا (اُن کے مالوں میں حق ہے)

۔المعارج ۷۰: ۲۵۔

۸۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم

۱۱۔ اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں (سے اپنے آپ) کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۵۔

۱۲۔ اور اُس (مال) میں سے خرچ کرو جس میں اُس نے تم کو جانشین کیا ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۷۔

۱۳۔ اور تمہارا کیا عذر ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو حالانکہ آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کے لیے ہے۔ تم میں وہ جس نے

۱۴۔ محبوب چیز کو خرچ کیے بغیر نیکی حاصل نہیں ہو سکتی

۲۰۔ تم ہر گز نیکی کو نہیں پہنچو گے جب تک اس چیز میں سے خرچ نہ کرو جس سے محبت رکھتے ہو۔

-آل عمران ۳: ۹۲-

۱۵۔ خرچ کرنے والوں کو بشارت

۲۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) فروتنی کرنے والوں کو بشارت دے کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ اٹھتے ہیں اور نیز ان تکلیفوں پر صبر کرنے والوں کو جو انہیں پہنچتی ہیں اور ان کو جو اس مال میں سے خرچ کرتے ہیں جو ہم نے ان کو دیا ہے۔

-الحج ۲۲: ۳۴، ۳۵-

۱۶۔ خرچ کرنے والوں کو پورا اجر ملے گا

۲۲۔ اور جو مال تم خرچ کرو وہ تمہاری ذات کے نفع کے لیے ہے اور تمہیں لائق نہیں کہ تم سوائے اللہ کی ذات کی طلب کے خرچ کرو اور جو مال تم خرچ کرو گے تمہیں اس کا ثواب پورا دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

-البقرۃ ۲: ۲۷۲-

۲۳۔ اور جو شے تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تمہیں پورا دیا جائے گا۔ اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

-الانفال ۸: ۶۰-

۱۷۔ خرچ کرنے والوں کو اجرِ کبیر

۲۴۔ سو جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے خرچ کیا ان کے لیے بڑا ثواب ہے۔

-الحدید ۵۷: ۷-

۱۸۔ اللہ کی راہ میں بے منت خرچ کرنے والے بے خوف و بے غم ہیں

۲۵۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں

۲۰۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ

۲۱۔ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

۲۲۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

۲۳۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَىْءٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

۲۴۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

۲۵۔ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَاۤ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَاۤ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

۲۶۔ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

۲۷۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِىْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ

پھر اس کے خرچ کرنے کے پیچھے نہ احسان جتاتے ہیں اور نہ ایذا دیتے ہیں، اُن کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں اُن کا ثواب موجود ہے اور نہ اُن پر خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۲-

۱۹۔ چھپا کر اور علانیہ خرچ کرنے والے بے خوف و بے غم ہیں

۲۶۔ جو لوگ رات میں اور دن میں چھپا کر اور علانیہ طور پر (اللہ کی راہ میں) اپنے مال خرچ کرتے ہیں ان کے لیے ان کا ثواب اُن کے پروردگار کے ہاں موجود ہے اور نہ اُن پر خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

-البقرۃ ۲: ۲۷۴-

۲۰۔ اللہ کی راہ میں خرچ دانۂ گندم جیسا

۲۷۔ جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان (کے مال) کی مثال اس دانے کی سی ہے جس سے سات بالیں اگیں اور ہر ایک

بنا میں سو سو دانے ہوں۔ اور اللہ جس (کے مال) کو چاہتا ہے زیادہ کرتا ہے۔ اور اللہ بڑی کشائش والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۱-

۲۱۔ نمودی خرچ گرد آلود پتھر جیسا

۲۸۔ مومنو! اپنے صدقات (و خیرات) احسان رکھنے اور ایذا دینے سے اس شخص کی طرح برباد نہ کر دینا جو لوگوں کو دکھاوے کے لیے مال خرچ کرتا ہے اور اللہ اور روز آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔ تو اس (کے مال) کی مثال اس چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اسے صاف کر ڈالے۔ (اسی طرح) یہ (ریاکار) لوگ اپنے اعمال کا کچھ بھی صلہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اور اللہ ایسے ناشکروں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۴-

۲۲۔ اللہ کی راہ خرچ کرنے والے مثل باغ کے

۲۹۔ اور جو لوگ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور خلوص نیت سے اپنا مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہو (جب) اس پر مینہ پڑے تو دگنا پھل لائے اور اگر مینہ نہ بھی پڑے تو ہلکی پھوار ہی کافی ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۵-

۲۳۔ نمودی خرچ والے مثل خزاں زدہ باغ کے

۳۰۔ بھلا تم میں کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو جس میں نہریں بہ رہی ہوں اور اس میں اس کے لیے ہر قسم کے میوے موجود ہوں اور اسے بڑھاپا آ پکڑے اور اس کے ننھے ننھے بچے بھی ہوں تو (ناگہاں) اس باغ پر آگ کا بھرا ہوا بگولا چلے اور وہ جل (کر راکھ کا ڈھیر ہو) جائے۔ اس طرح اللہ تم سے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو (اور سمجھو)۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۶-

۲۴۔ دنیا کا خرچ مثل ہوائے یخ

۳۱۔ یہ جو مال دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو اور وہ ایسے لوگوں کی کھیتی پر جو اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے چلے اور اسے تباہ کر دے۔ اور اللہ نے ان پر کچھ ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں۔

-آل عمران ۳: ۱۱۷-

۲۵۔ اللہ کو قرض دو

۳۲۔ اور اللہ کو قرض حسنہ دو۔

-المزمل ۷۳: ۲۰-

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

۲۸۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۲۹۔ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

۳۰۔ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاۗءُ ښ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

۳۱۔ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

۳۲۔ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ

۲۶۔ اللہ اپنے قرض دینے والوں کو دوگنا دے گا

۳۳۔ وہ کون ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے کہ وہ اُس کو اُس کے لیے دگنا کر دے، کئی چند۔

۔البقرۃ ۲:۲۴۵۔

۳۴۔ وہ کون ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے کہ وہ اس کو اس کے لیے دگنا کر دے اور اس کے لیے عزت کا اجر ہے۔

۔الحدید ۵۷:۱۱۔

۳۵۔ بے شک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور جنہوں نے اللہ کو قرضِ حسنہ دیا اُن کو دگنا دیا جائے گا اور ان کے لیے عزت کا اجر ہے۔

۔الحدید ۵۷:۱۸۔

۳۶۔ اگر تم اللہ کو قرضِ حسنہ دو گے تو وہ اس کو تمہارے لیے دگنا کر دے گا اور تم کو بخش دے گا۔

۔التغابن ۶۴:۱۷۔

۲۷۔ اللہ کو قرض دینے میں گناہوں کا کفارہ اور دخولِ جنت

۳۷۔ اور البتہ اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں بارہ سردار کھڑے کئے اور اللہ نے کہا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن کو مدد دی اور اللہ کو قرضِ حسنہ دیا تو میں ضرور تم سے تمہارے گناہ دور کردوں گا اور ضرور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۱۲۔

۳۳۔ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗۤ اَضْعَافًا كَثِیْرَةً

۳۴۔ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِیْمٌ

۳۵۔ اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِیْمٌ

۳۶۔ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ

۳۷۔ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَیْ عَشَرَ نَقِیْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّیْ مَعَكُمْ ؕ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَیْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِیْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَیِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

۱۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ

۲۔ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ

۳۔ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ

روزہ

۱۔ روزہ اسی طرح فرض ہے جس طرح پہلی امتوں پر فرض تھا

۱۔ مسلمانو! تم پر روزہ اُسی طرح فرض کیا گیا ہے جس طرح تم سے اگلوں پر فرض کیا گیا تھا تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۳۔

۲۔ روزہ گنتی کے چند دنوں میں ہے

۲۔ چند روز ہیں گنتی کے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۴۔

۳۔ مریض اور مسافر کو دوسرے ایام میں روزہ رکھ لینا چاہیے

۳۔ پھر جو تم میں سے مریض ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں سے گنتی پوری کرے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۴۔

۳۔ اور جو تم میں سے مریض ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں سے گنتی پوری کرے۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵

۴۔ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ

۴۔ مریض اور مسافر کو روزہ کی تاخیر کی کیوں مہلت دی گئی

۵۔ اللہ تم پر آسانی کرنا چاہتا ہے اور تم پر سختی کرنا نہیں چاہتا اور (یہ) اس لیے ہے کہ تم گنتی پوری کر دو اور تا کہ تم اللہ کی بڑائی کرو اس پر کہ اس نے تم کو ہدایت کی اور تا کہ تم شکر کرو۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵

۵۔ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۵۔ جن پر روزہ رکھنا مشکل ہو وہ ایک محتاج کو کھانا دیں

۶۔ اور ان پر جو اس کو دشوار سمجھتے ہیں فدیہ ہے ایک مسکین کا کھانا۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۴

۶۔ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ

۶۔ روزہ رکھنا بہر حال بہتر ہے

۷۔ پھر جو کوئی اپنی خوشی سے نیکی کرے تو وہ اس کے لیے بہتر ہے اور یہ بات کہ تم روزہ رکھو تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۴

۷۔ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ وَأَن تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

۷۔ روزوں کا مہینہ رمضان کا ہے

۸۔ مہینہ رمضان کا اس میں نازل ہوا قرآن جو ہدایت ہے لوگوں کے لیے اور ہدایت کی روشن دلیلیں اور حق کو باطل سے جدا کرنے والی۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵

۸۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ

۸۔ جو ماہِ رمضان پائے وہ روزہ رکھے

۹۔ تو جو کوئی تم میں سے یہ مہینہ پائے تو وہ اس کے روزے ضرور رکھے۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵

۹۔ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ

۹۔ روزوں کی راتوں میں عورتوں کے پاس جانا اور کھانا پینا صبح صادق تک درست ہے

۱۰۔ تمہارے لیے روزے کی رات میں اپنی عورتوں سے مباشرت حلال کی گئی۔ وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔ اللہ نے معلوم کر لیا کہ تم اپنی جانوں سے خیانت کرتے تھے سو وہ تم پر مہربان ہوا اور تم کو معاف کر دیا۔ تو اب ان سے مباشرت کرو اور جو (لڑکی لڑکا) اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے اس کو طلب کرو اور کھاؤ اور پیو جب تک کہ صاف نظر آنے تم کو سفید دھاگا فجر کا کالے دھاگے سے (رات کے)

-البقرۃ ۲: ۱۸۷

۱۰۔ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ

۱۰۔ صبح صادق سے رات تک روزہ پورا کرو

۱۱۔ پھر تم روزہ کو رات تک پورا کرو۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۷

۱۱۔ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ

۱۱۔ اعتکاف میں عورتوں کے پاس نہ جاؤ

۱۲۔ اور تم اُن سے مباشرت نہ کرو جب تم مسجدوں میں اعتکاف میں (بیٹھے) ہو۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں تم ان کے قریب نہ جاؤ۔ یوں اللہ لوگوں کے لیے کھول کر نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۷۔

لیلۃ القدر

۱۔ لیلۃ القدر میں قرآن نازل ہوا

۱۔ بے شک ہم نے اس کو ایک برکت والی رات میں اتارا، ہم ہیں ڈرانے والے۔

۔الدخان ۴۴: ۳۔

۲۔ بے شک ہم نے اُس کو لیلۃ القدر میں اُتارا۔

۔القدر ۹۷: ۱۔

۲۔ لیلۃ القدر میں ہر کام کی تقسیم

۳۔ اُس (مبارک رات) میں ہر ایک مضبوط کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ ہم نے اُس کو اپنے ہاں سے وحی بھیج کر اُتارا، بے شک ہم پیغام بھیجنے والے ہیں۔ تیرے پروردگار کی طرف سے رحمت بنا کر۔ بے شک وہی سننے والا جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین اور اُن کے درمیان کی چیزوں کے پروردگار کی طرف سے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔

۔الدخان ۴۴: ۴-۷۔

۳۔ لیلۃ القدر میں اللہ کے حکم سے ملائکہ اور جبریل علیہ السلام زمین پر اترتے ہیں

۴۔ اپنے ہاں سے وحی بھیج کر بے شک ہم (پیغام) بھیجنے والے ہیں۔

۔الدخان ۴۴: ۵۔

۱۲۔ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝

۱۔ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ ۝

۲۔ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝

۳۔ فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ۝ أَمْرًا مِنْ عِنْدِنَا ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ۝ رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ مُوقِنِينَ ۝

۴۔ أَمْرًا مِنْ عِنْدِنَا ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ۝

۵۔ تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ ۝

۶۔ سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

۷۔ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝

۱۔ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَنْ لَا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ

۵۔ اُس میں فرشتے اور جبریل ہر ایک حکم لے کر تیرے پروردگار کے حکم سے اُترتے ہیں۔

۔القدر ۹۷: ۴۔

۴۔ لیلۃ القدر صبح تک امن کی رات ہے

۶۔ سلامتی (کی رات) ہے وہ فجر کے طلوع تک ہے۔

۔القدر ۹۷: ۵۔

۵۔ لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے

۷۔ اور تو کیا جانے لیلۃ القدر کیا چیز ہے، لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

۔القدر ۹۷: ۲-۳۔

حج

۱۔ ابراہیم علیہ السلام کو حکم کہ لوگوں میں حج کی منادی کرو

۱۔ اور (وہ وقت یاد کر) جب ہم نے ابراہیم کے لیے کعبہ کی جگہ مقرر کر دی

کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرنا اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور کھڑے رہنے والوں اور رکوع، سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو اور لوگوں میں حج کے لیے پکار دے وہ پیدل اور ہر ایک دبلی اونٹنی پر ہر ایک راہ دور سے چلی آ رہی ہوں گی، آ موجود ہوں گے۔

۔الحج ۲۲: ۲۶۔۲۷۔

۲۔ مقدور والوں پر حج فرض ہے

۲۔اور اللہ کے لیے لوگوں پر خانہ کعبہ کا حج (فرض) ہے جو اُس تک راہ طے کرنے کی طاقت رکھتا ہو۔

۔آل عمران ۳: ۹۷۔

۳۔ حج کا حساب چاند پر ہے

۳۔(اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے نئے چاندوں کی بابت پوچھتے ہیں کہہ دے کہ وہ لوگوں کے لیے اور حج کے لیے وقت ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۹۔

۴۔ حج کے مہینے مقرر ہیں

۴۔حج کے مقررہ مہینے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۷۔

۵۔ حج میں فسق اور لڑائی جھگڑا نہیں چاہیے

۵۔پھر جس نے اُن مہینوں میں (احرام باندھ کر) حج لازم کر لیا تو حج میں نہ عورتوں سے مخالطت ہے اور نہ بدکاری اور نہ جھگڑا اور جو نیکی تم کرو گے اللہ کو اس کو جانتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۷۔

۶۔ حج میں توشہ ساتھ لینا چاہیے

۶۔اور (حج میں) توشہ ساتھ لو کیونکہ بہتر توشہ (سوال سے) بچنا ہے اور اے عقل مندو! مجھ سے ڈرو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۷۔

لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ۝

۲۔وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ

۳۔يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ

۴۔اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ

۵۔فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ

۶۔وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوْنِ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ۝

۷۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝

۸۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ ...... وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ

۹۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ

۷۔ احرام میں شکار کی ممانعت

۷۔(مسلمانو!) تمہارے لیے مویشی چوپائے سوائے اُن کے جو تم کو پڑھ کر سنائے جائیں گے، حلال کیے گئے ہیں جبکہ تم اس وقت شکار کو حلال جاننے والے نہ ہو جبکہ تم احرام میں ہو۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۱۔

۸۔(مسلمانو!) جب تم احرام میں ہو تو شکار نہ کرو...... اور تم پر جنگل کا شکار حرام کیا گیا ہے جب تک تم احرام میں ہو۔

۔المائدۃ ۵: ۹۶۔

۸۔ شکار کا کفارہ

۹۔(مسلمانو!) شکار نہ مارو جبکہ تم احرام میں ہو اور جو تم میں سے اُس کو قتل کر دے جان کر تو اس کا عوض اُسی کی مانند چوپایہ ہے جو اُس نے قتل کیا ہے۔ تم میں سے دو منصف آدمی اُس کا فیصلہ کریں۔ وہ چوپایہ

قربانی ہو کعبہ پہنچنے والی یا کفارہ ہے محتاجوں کو کھانا دینا یا اس کی برابر روزے تاکہ وہ شخص اپنے کئے کی سزا چکھے۔ جو پہلے ہو چکا ہے خدا نے وہ معاف کیا اور جو کوئی دوسری دفعہ کرے گا تو اللہ اس کا بدلہ لے گا اور اللہ غالب ہے، بدلہ لینے والا۔

۔المائدہ: ۹۵۔

۹۔ دریا کا شکار حلال ہے

۱۰۔ تمہارے لیے دریا کا شکار اور اس کا کھانا حلال کیا گیا تاکہ تمہارے لیے اور قافلوں کے لیے فائدہ ہو اور تم پر جب تک تم احرام میں ہو بیابان کا شکار حرام کیا گیا اور اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم (قیامت کو) اکٹھے کئے جاؤ گے۔

۔المائدہ: ۹۶۔

۱۰۔ (احرام کے بعد) حج اور عمرہ پورا کرو

۱۱۔ اور اللہ کے لیے حج اور عمرہ پورا کرو۔

۔البقرہ: ۱۹۶۔

۱۱۔ صفا و مروہ کا طواف

۱۲۔ پھر جو کوئی کعبہ کا حج کرے یا عمرہ کرے تو اس پر اس میں کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں (پہاڑیوں صفا اور مروہ) کا طواف کرے اور جو کوئی اپنی خوشی سے نیکی کرے تو اللہ قبول کرنے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرہ: ۱۵۸۔

۱۲۔ عرفات سے لوٹنے کے بعد اللہ کو مشعر الحرام کے پاس یاد کرو

۱۳۔ پھر جب تم عرفات سے لوٹو تو اللہ کو مشعر الحرام کے

۳۰۔ مدینے والوں اور ان کے گرد و نواح کے دیہاتیوں کو لائق نہیں تھا کہ وہ رسول اللہ سے پیچھے رہ جائیں۔ ورنہ یہ کہ اس کی جان کو چھوڑ کر اپنی جانوں کی حفاظت کی طرف راغب ہوں۔ یہ اس لیے کہ ان کو اللہ کی راہ میں نہ پیاس پہنچتی ہے اور نہ تکلیف اور نہ بھوک اور وہ کسی ایسی جگہ نہیں چلتے جو کافروں کو غصہ دلائے اور نہ دشمن سے کوئی چیز حاصل کرتے ہیں مگر اس سب کے باعث ان کے لیے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا اور وہ کوئی خرچ نہیں کرتے تھوڑا اور نہ بہت اور نہ کسی میدان کو طے کرتے ہیں مگر وہ کام ان سے لکھ جاتا ہے تاکہ اللہ ان کو اس بہترین کام کا بدلہ دے جو وہ کرتے تھے۔ اور مسلمانوں سے یہ ہو نہیں سکتا تھا کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوتے۔ پس کیوں ان کی ہر ایک جماعت میں سے ایک

آدمی نہ نکلے تا کہ دین میں سمجھ حاصل کریں اور اپنی قوم کو جب ان کی طرف لوٹ کر جائیں، ڈرائیں شاید وہ ڈریں۔

۔التوبۃ ۹: ۱۲۰۔۱۲۲۔

۲۰۔ اللہ کی راہ میں مرنے والوں کو ہدایت

۳۱۔اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے وہ ہرگز ان کے اعمال اکارت نہیں کرے گا۔ ان کو ہدایت کرے گا اور ان کے دل کو درست کرے گا۔

۔محمد ۴۷: ۴۔۵۔

۲۱۔ اللہ کی راہ میں لڑنے والوں کو عذاب الیم سے نجات

۳۲۔مسلمانو! کہو تو میں تمہیں ایسی تجارت بتلاؤں جو تم کو دردناک عذاب سے نجات دے۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

۔الصف ۶۱: ۱۰۔۱۱۔

۲۲۔ اللہ کی راہ میں لڑنے والوں کی مغفرت

۳۳۔ اس کی طرف سے درجے اور مغفرت اور رحمت ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔النساء ۴: ۹۶۔

۳۴۔ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں اور پاکیزہ گھروں کے رہنے کے باغوں میں، یہی بڑی کامیابی ہے اور ایک اور چیز دے گا جسے تم

نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝

۳۱۔ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَنْ يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝

۳۲۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

۳۳۔ دَرَجَاتٍ مِنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

۳۴۔ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۳۵۔ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝

۳۶۔ أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَوُونَ عِنْدَ اللَّهِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي

چاہتے ہو۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتح اور (اے پیغمبر ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

۔الصف ۶۱: ۱۲۔۱۳۔

۲۳۔ اللہ کی راہ میں لڑنے والوں کے لیے بہشت اور ان کے لیے اجرِ عظیم

۳۵۔اور بہشت میں داخل کرے گا جس کا اس نے ان سے بیان کر دیا ہے۔

۔محمد ۴۷: ۶۔

۳۶۔ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد حرام کے آباد کرنے کو ان لوگوں کے کام کے برابر ٹھیرایا ہے جو اللہ اور یوم آخر پر ایمان لائے اور اللہ کی راہ میں لڑے؟ اللہ کے نزدیک یہ دونوں برابر نہیں

ہے۔ اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ جو لوگ ایمان لائے، جنہوں نے حق کی خاطر گھر بار چھوڑا اور اللہ کی راہ میں جان و مال سے لڑے ان کا درجہ اللہ کے نزدیک زیادہ بڑا ہے، اور وہی لوگ ہیں جو حقیقت میں کامیاب ہیں۔

۔التوبہ ۹:۱۹۔۲۰۔

۳۷۔ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں اور پاکیزہ گھروں کے رہنے کے باغوں میں، یہی بڑی کامیابی ہے اور ایک اور چیز دے گا جسے تم چاہتے ہو۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتح اور (اے پیغمبر ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

۔الصف ۶۱:۱۲۔۱۳۔

۳۸۔ پس چاہیے کہ اللہ کی راہ میں وہ لوگ لڑیں جو دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے بیچتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں لڑے پھر قتل کیا جائے یا غالب آئے اس کو ہم عنقریب بڑا ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴:۷۴۔

۳۹۔ اور اللہ نے مجاہدین کو بیٹھ رہنے والوں پر اجرِ عظیم میں فضیلت دی ہے۔

۔النساء ۴:۹۵۔

۴۴۔ اللہ کی راہ میں مرنے اور مارے جانے والوں کی مغفرت

۴۰۔ اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے گئے یا (خود) مر گئے تو اللہ کی طرف سے مغفرت اور رحمت اس (مال) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۵۷۔

۴۵۔ اللہ کی راہ میں جم کر لڑنے والوں سے اللہ کی محبت

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝

۳۷۔ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۳۸۔ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۳۹۔ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَي الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۴۰۔ وَلَىِٕنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

۴۱۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝

۴۲۔ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝

۴۳۔ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَ

۴۱۔ بے شک اللہ ان لوگوں سے محبت رکھتا ہے جو اس کی راہ میں صف میں کھڑے ہو کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ لوگ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔

۔الصف ۶۱:۴۔

۴۶۔ شہید مرتے نہیں زندہ رہتے ہیں۔ اللہ کے ہاں سے روزی کھاتے اور خوش و خرم بے خوف و بے غم زندگی گزارتے ہیں

۴۲۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جاتے ہیں ان کو یہ نہ کہو کہ وہ مردہ ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں خبر نہیں۔

۔البقرہ ۲:۱۵۴۔

۴۳۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے انہیں تو مردہ خیال نہ کر بلکہ وہ اپنے پروردگار کے نزدیک زندہ ہیں، روزی پہنچائے جاتے ہیں۔ اس میں مگن ہیں جو اللہ نے اپنے

فضل سے ان کو دیا ہے اور ان لوگوں کی وجہ سے خوش ہیں جو ان کے پیچھے والوں میں سے ابھی ان سے نہیں ملے کہ نہ ان پر خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔ اللہ کی نعمت اور فضل سے خوش ہیں اور اس بات سے کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

-آل عمران ۳: ۱۷۰-۱۷۱

۲۷۔ معذوروں سے جہاد ساقط ہے

۴۴۔ کمزوروں پر حرج نہیں اور نہ مریضوں پر، اور نہ ان پر جو خرچ کرنے کے لیے مال نہیں پاتے، جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کریں۔ نیکو کاروں پر کوئی الزام نہیں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے اور نہ ان پر کہ جب وہ تیرے پاس اس غرض سے آتے ہیں کہ تو ان کو (سواری پر) سوار کر دے تو تو کہتا ہے کہ میں وہ (سواری) نہیں پاتا جس پر تم کو سوار کر دوں۔ اُس وقت وہ واپس ہو جاتے ہیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس غم میں کہ وہ وہ چیز نہیں پاتے جس کو وہ خرچ کریں۔ الزام تو بس انہیں پر ہے جو تجھ سے (پیچھے رہ جانے کی) اجازت مانگتے ہیں اور وہ ہیں مال دار۔ وہ اس بات سے خوش ہوئے کہ پیچھے رہنے والوں کے ساتھ رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے سو وہ جانتے ہیں۔

-التوبۃ ۹: ۹۱-۹۳

۲۸۔ جہاد کی مصلحتیں

۴۵۔ اور اس فتنے سے ڈرو جو خاص انہیں کو نہیں پہنچے گا جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ہے اور جان لو کہ اللہ سخت

يَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ وَّأَنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۴۴۔ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ وَلَا عَلَى الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِن سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوا وَّأَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنفِقُونَ ۝ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ وَهُمْ أَغْنِيَاءُ ۚ رَضُوا بِأَن يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۴۵۔ وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً ۖ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝

۴۶۔ إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ۝ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ

عذاب والا ہے۔

-الانفال ۸: ۲۵

۴۶۔ بے شک اللہ (مخالفوں کے حملوں کو) ان لوگوں سے دفع کرتا رہتا ہے جو ایمان لائے ہیں۔ بے شک اللہ کسی خیانت کرنے والے ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔ جن لوگوں سے (ناحق) لڑائی کی جاتی ہے ان کو اس بنا پر (مدافعت کی) اجازت دی گئی کہ ان پر ظلم کیا گیا ہے اور بے شک اللہ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے۔ ان کو جو ناحق اپنے گھروں سے نکالے گئے، صرف اس قصور پر کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے اور اگر اللہ کا لوگوں کو بعض کو بعض کے ذریعے سے دفع کرنا نہ ہوتا تو ضرور درویشوں کے خلوت خانے اور گرجے اور یہودیوں کے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں اللہ کا کثرت سے ذکر کیا جاتا ہے گرا دیے جاتے اور اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرتا ہے۔ بے شک

اللہ قوت والا ہے، غالب۔

۔الحج ۲۲: ۳۹۔۴۰۔

۲۹۔ دین میں زبردستی نہیں

۴۷۔ دین میں زبردستی نہیں ہے ہدایت گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے سو جو بتوں کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے مضبوط رسّے کو پکڑ لیا جس کے لیے ٹوٹنا نہیں ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرہ ۲: ۲۵۶۔

۴۸۔ تم اس کے سوا جس کی چاہو عبادت کرو۔

۔الزمر ۳۹: ۱۵۔

۴۹۔ تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین۔

۔الکافرون ۱۰۹: ۶۔

۳۰۔ اگر کافر نہ لڑیں تو ان سے لڑنا درست نہیں

۵۰۔ (مسلمانو) تم کچھ اور لوگوں کو پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں۔ جب کبھی بھی وہ فتنہ انگیزی (لڑائی) کی طرف بلائے جاتے ہیں اس میں اوندھے گرائے جاتے ہیں۔ پس اگر وہ (لڑائی میں) تم سے علیحدہ نہ ہوں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام نہ ڈالیں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو ان کو پکڑو اور جہاں پاؤ ان کو قتل کرو اور یہی لوگ ہیں جن پر ہم نے تم کو (لڑائی کی) کھلی سند دی ہے۔

۔النساء ۴: ۹۱۔

مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

۴۷۔ لَاۤ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

۴۸۔ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ

۴۹۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

۵۰۔ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْۤا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْۤا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝

۵۱۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝

۵۲۔ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

۵۱۔ پھر اگر وہ منہ موڑیں تو ان کو پکڑو اور جہاں پاؤ ان کو قتل کرو اور نہ ان میں سے کسی کو دوست بناؤ اور نہ مددگار۔ مگر وہ لوگ جو ان لوگوں سے جا ملیں کہ تمہارے اور ان کے درمیان عہد ہے یا وہ تمہارے پاس ایسی صورت سے آئیں کہ ان کے دل اس بات سے تنگ ہوں کہ وہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو تم پر غالب کر دیتا پھر وہ ضرور تم سے لڑتے۔ سو اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں اور تم سے نہ لڑیں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام ڈالیں تو اللہ نے تم کو ان پر الزام کی راہ نہیں دی۔

۔النساء ۴: ۸۹۔۹۰۔

۳۱۔ صلح کا حکم

۵۲۔ اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو تو بھی اس کی طرف جھک اور اللہ پر بھروسا رکھ۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ تجھے

دھوکا دینا چاہیں گے تو بے شک تجھے اللہ کافی ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تجھے اپنی مدد اور مومنوں سے قوت دی اور ان کے دلوں میں محبت ڈالی۔ اگر تو وہ سب کچھ بھی خرچ کر ڈالتا جو زمین میں ہے تو بھی ان کے دلوں میں محبت نہ ڈال سکتا لیکن اللہ نے ان میں محبت ڈالی۔ بے شک وہی غالب ہے، حکمت والا۔ اے نبی تجھے اللہ اور مسلمان جو تیرے پیرو ہیں کافی ہیں۔

الْعَلِيمُ ۝ وَإِنْ يُرِيدُوا أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ۝ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۔الانفال ۸: ۶۲-۶۴

۳۴۲۔ اسیرانِ جنگ کو احسان کر کے یا فدیہ لے کر چھوڑ دو

۵۳۔ پھر جب تم کافروں کے مقابل ہو تو گردنوں کا مارنا ہے یہاں تک کہ جب تم خوب خونریزی کر چکو تو (ان کی) قید کو مضبوط کرو پھر اس کے بعد یا احسان رکھ کر چھوڑ دینا ہے ورنہ فدیہ لے کر۔ یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار (نیچے) رکھ دے۔ یہ حکم ہے اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے بدلہ لے لیتا لیکن وہ چاہتا ہے کہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے سے آزمائے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے وہ ان کے اعمال اکارت نہیں کرے گا۔

۵۳۔ فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّىٰ إِذَا أَثْخَنْتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّىٰ تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ۚ ذَٰلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَٰكِنْ لِيَبْلُوَ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَنْ يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝

۔محمد ۴۷: ۴

۳۴۳۔ مالِ غنیمت اللہ اور رسول کا ہے

۵۴۔ لوگ تجھ سے غنیمتوں کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ غنیمتیں اللہ اور رسول کے لیے ہیں۔

۵۴۔ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ ۖ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلَّهِ وَالرَّسُولِ ۖ

۔الانفال ۸: ۱

۳۴۴۔ مالِ غنیمت کے مستحق

۵۵۔ اور جان لو کہ جو شے تم (لڑائی میں دشمنوں سے) لوٹو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے ہے اور رسول کے لیے اور رشتہ داروں کے لیے اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے اگر تم اللہ پر اور اس (وحی) پر ایمان لائے ہو، جو ہم نے فیصلہ کے دن اپنے بندے پر اتاری، جس دن (مسلمانوں اور کافروں کی) دو جماعتیں آپس میں بھڑ پڑی تھیں اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۵۵۔ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ إِنْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاللَّهِ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۔الانفال ۸: ۴۱

۳۴۵۔ مالِ فے کی تعریف

۵۶۔ اور جو (مال) اللہ نے ان سے اپنے رسول کے ہاتھ لگوا دیا تو تم نے اس پر نہ گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ لیکن اللہ جس پر چاہتا ہے اپنے رسولوں کو غالب کر دیتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۵۶۔ وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۔الحشر ۵۹: ۶

٣٦۔ فے کے مصرف

۵۷۔ جو کچھ اللہ نے بستیوں والوں سے اپنے رسول کے ہاتھ لگوا دیا وہ اللہ کے لیے ہے اور رسول اور (رسول کے) رشتہ داروں، یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے۔ (یہ حکم اس لیے ہے) تاکہ دولت تم میں سے دولت مندوں کے درمیان دائر نہ رہے اور جو کچھ رسول تمہیں دے وہ لے لو اور جس چیز سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سخت عذاب والا ہے۔ (یہ مال) مہاجرین محتاجوں کے لیے ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے باہر نکال دیے گئے۔ وہ اپنے پروردگار کا فضل اور (اس کی) خوشنودی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔ وہی لوگ (قول کے) سچے ہیں۔ اور (نیز) ان کے لیے ہے جنہوں نے ان (مہاجرین) سے پہلے دار ہجرت اور ایمان میں جگہ لی، جو ان کی طرف ہجرت کر کے آتا ہے اس سے محبت کرتے ہیں اور اپنے دلوں میں اس سے خلجان نہیں پاتے جو مہاجرین کو دیا جاتا ہے اور اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود حاجت مند ہوں۔ اور جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچایا گیا تو ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں اور (نیز) ان کے لیے ہے جو ان کے بعد آئے۔ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے آگے بڑھ گئے ہیں بخش دے اور ہمارے دلوں میں ان کی طرف سے کینہ نہ رکھ جو ایمان لائے ہیں اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی بڑا شفیق، مہربان ہے۔

۔الحشر ۵۹: ۷۔ ۱۰۔

۵۷۔ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَىْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۚ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِىْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِىْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

۱۔ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ

۲۔ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا

نکاح

۱۔ چار نکاح تک کی اجازت

۱۔ اور اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف پر قائم نہ رہ سکو گے تو (اور) عورتوں میں سے جو تمہیں اچھی معلوم ہوں نکاح کر لو۔ دو دو اور تین تین اور چار چار۔

۔النساء ۴: ۳۔

۲۔ اگر کئی عورتوں میں انصاف نہ ہو سکنے کا اندیشہ ہو تو صرف ایک نکاح

۲۔ پھر اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تم عدل نہیں کرو گے تو ایک ہی (نکاح کرو) یا جو (لونڈیاں) تمہارے ہاتھ کا مال ہیں۔ یہ اس کے زیادہ

قریب ہے کہ تم ظلم نہ کرو۔

۔النساء ۴:۳

۳۔ بیوہ عورتوں اور نیک بخت لونڈی کا نکاح کردو

۳۔اور اپنی بیوہ عورتوں کا نکاح کردو اور اپنے غلاموں اور لونڈیوں میں سے نیک بختوں کا۔ اگر وہ محتاج ہوں گے تو اللہ انہیں اپنے فضل سے مال دار کردے گا اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے۔

۔النور ۲۴:۳۲

۴۔ نکاح حصولِ عفت کے لیے ہو

۴۔جبکہ تم پاک دامنی حاصل کرنے والے ہو نہ مستی جھاڑنے والے۔

۔النساء ۴:۲۴ و المائدہ ۵:۵

۵۔جب کہ وہ پاک دامنی حاصل کرنے والی ہوں نہ مستی جھاڑنے والی۔

۔النساء ۴:۲۵

۵۔ اگر آزاد عورتوں کا خرچ اٹھانے کی طاقت نہ ہو اور زنا کا اندیشہ ہو تو ایمان دار لونڈی کے ساتھ اس کے آقا کی اجازت سے نکاح کرلو

۶۔اور جو تم میں سے اس بات کا مقدور نہ رکھتا ہو کہ پاک دامن مومن عورتوں سے نکاح کر سکے تو جو تمہاری مسلمان لونڈیوں میں سے تمہارے ہاتھ کا مال ہیں (ان سے نکاح کرلو) اور اللہ تمہارے ایمان کو جانتا ہے۔ تم ایک دوسرے کی جنس ہو۔ تو ان کے مالکوں کی اجازت سے ان سے نکاح کرلو اور دستور کے مطابق اُن کو دو، جبکہ وہ قید میں آنے والی ہوں مستی جھاڑنے والی نہ ہوں اور نہ (چھپے طور پر) یارانہ کرنے والی...... یہ اجازت اس کے لیے ہے جو تم میں سے زنا کا خوف کرے اور یہ بات کہ تم صبر کرو، تمہارے حق میں

تعولوا ۝

۳۔ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

۴۔ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۭ

۵۔ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ

۶۔ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۭ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَھْلِهِنَّ وَاٰتُوْھُنَّ اُجُوْرَھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ...... ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ

۷۔ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ

۸۔ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ

۹۔ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۭ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ

بہتر ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔النساء ۴:۲۵

۶۔ کتابیہ عورت سے نکاح درست ہے

۷۔اور مسلمان پاک دامن عورتیں اور ان میں سے پاک دامن عورتیں جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے (نکاح کے لیے روا ہیں)۔

۔المائدہ ۵:۵

۷۔ جنہیں نکاح کا مقدور نہیں وہ بچے رہیں

۸۔اور وہ لوگ بچے رہیں جو نکاح کا مقدور نہیں رکھتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے مال دار کردے۔

۔النور ۲۴:۳۳

۸۔ مسلمان مرد کو مشرکہ سے اور مسلمان عورت کو مشرک سے نکاح جائز نہیں

۹۔اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان نے

آ جائیں اور بے شک مسلمان لونڈی آزاد مشرکہ سے بہتر ہے اگر چہ وہ تمہیں اچھی معلوم ہو اور مشرکوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں اور بے شک مسلمان غلام آزاد مشرک سے بہتر ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۲۱-

۱۰- نہ وہ (مسلمان) عورتیں اُن کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (مشرک) مردان (عورتوں) کے لیے حلال ہیں۔

-الممتحنۃ ۶۰: ۱۰-

۹- زنا کاروں سے نکاح جائز نہیں

۱۱- زانی زانیہ یا مشرکہ ہی سے نکاح کرتا ہے اور زانیہ سے سوائے زانی یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرتا اور مومنوں پر تو یہ (نکاح) حرام کیا گیا ہے۔

-النور ۲۴: ۳-

۱۰- زبردستی عورتوں کے وارث نہ بنو

۱۲- مسلمانو! تمہارے لیے حلال نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ۔

-النساء ۴: ۱۹-

۱۱- اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو

۱۳- اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ نکاح کر چکے ہیں مگر جو ہو چکا (سو ہو چکا)۔ بے شک یہ بے حیائی اور بڑے غضب کی بات ہے اور بُری راہ ہے۔

-النساء ۴: ۲۲-

۱۲- جن عورتوں سے نکاح حرام ہے ان کی تفصیل

۱۴- حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں اور بہن کی لڑکیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہے اور تمہاری دودھ شریکی بہنیں اور

وَلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ

۱۰- لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۭ

۱۱- اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۡ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۱۲- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَاۗءَ كَرْهًا ۭ

۱۳- وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَاۗؤُكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۝

۱۴- حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَاۗىِٕكُمْ وَرَبَاۗىِٕبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۡ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ۡ وَحَلَاۗىِٕلُ اَبْنَاۗىِٕكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۱۵- وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَاۗءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ

۱۶- وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَاۗءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ

تمہاری ساسیں اور تمہاری ربیبہ لڑکیاں جو تمہاری پرورش میں ہوں تمہاری اُن عورتوں سے جن کے ساتھ تم صحبت کر چکے ہو۔ پھر اگر تم نے ان کے ساتھ صحبت نہیں کی تو تم پر کچھ گناہ نہیں اور تمہارے بیٹوں کی بیبیاں جو تمہارے صلبی بیٹے ہوں اور یہ کہ تم دو بہنوں کو (نکاح میں) جمع کرو مگر جو ہو چکا سو ہو چکا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

-النساء ۴: ۲۳-

۱۳- خاوند والی عورتیں حرام ہیں

۱۵- اور خاوند والی عورتیں مگر جو تمہارے ہاتھ کا مال ہے یہ تم پر اللہ کا نوشتہ ہے۔

-النساء ۴: ۲۴-

۱۴- مفصلہ بالا کے سوا کل عورتوں سے نکاح جائز ہے

۱۶- اور تمہارے لیے حلال کی گئیں جو ان کے سوا ہیں کہ تم ان کو اپنے

مالوں کے بدلے تلاش کرو جب کہ تم قید میں رہنے والے ہو نہ کہ مستی جھاڑنے والے۔

۔النساء ۴:۲۴۔

۱۵۔ مہر مقرر اور ادا کرنے کا حکم

۱۷۔ اور عورتوں کو ان کے مہر دو یہ تمہارا عطیہ ہے۔

۔النساء ۴:۴۔

۱۸۔ یہ کہ تم اپنے مالوں کے بدلے تلاش کرو جبکہ تم قید میں رہنے والے ہو نہ کہ مستی جھاڑنے والے۔ پھر ان میں جس سے تم نے نفع اُٹھایا تو ان کو ان کے مہر دو۔ (یہ اللہ کا) مقرر کیا ہوا ہے اور دستور کے مطابق اُن کے مہر دو جبکہ وہ قید میں آنے والی ہوں نہ کہ مستی جھاڑنے والی اور نہ چھپے طور پر یارانہ کرنے والی۔

۔النساء ۴:۲۵۔

۱۹۔ جب کہ تم ان کو ان کے مہر دو (اور) تم قید میں رہنے والے ہو کہ نہ مستی جھاڑنے والے اور نہ چھپے طور پر یارانہ کرنے والے۔

۔المائدۃ ۵:۵۔

۲۰۔ اور تم پر گناہ نہیں کہ تم ان سے نکاح کرو جب کہ تم اُن کو اُن کے مہر دو۔

۔الممتحنۃ ۶۰:۱۰۔

۱۶۔ یتیم لڑکیوں سے نکاح کرنا ہو تو ان کو ان کا پورا مہر دو

۲۱۔ اور لوگ تجھ سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اللہ تم کو ان کے بارے میں اجازت دیتا ہے اور جو تم پر کتاب میں پڑھا جاتا ہے ان یتیم لڑکیوں

مُسٰفِحِيْنَ ؕ

۱۷۔ وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ

۱۸۔ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ

۱۹۔ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ

۲۰۔ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ

۲۱۔ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ۝

۲۲۔ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓــًٔا مَّرِيْٓــًٔا ۝

۲۳۔ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْــًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

کے بارے میں ہے جن کو تم وہ (مہر) نہیں دیتے جو ان کے لیے لکھا گیا ہے اور تم راغب ہو کہ ان سے نکاح کرو اور کمزور بچوں کے بارے میں ہے اور یہ حکم ہے کہ تم یتیموں کے بارے میں انصاف پر قائم رہو اور جو نیکی تم کرو گے تو بے شک اللہ اس کو جانتا ہے۔

۔النساء ۴:۱۲۷۔

۱۷۔ اگر عورتیں اپنی خوشی سے مہر چھوڑ دیں تو جائز ہے

۲۲۔ پھر اگر وہ (عورتیں) اپنی خوشی دلی سے اس میں سے کچھ چھوڑ دیں تو اس کو کھاؤ رچتا، پچتا۔

۔النساء ۴:۴۔

۱۸۔ اگر عورت کو طلاق دینے کا ارادہ ہو تو اس سے مہر یا جو کچھ دے چکے ہو واپس لینا جائز نہیں

۲۳۔ اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی بدلنا چاہو اور ان میں سے

کسی کو تم نے ڈھیروں مال دے دیا ہو تو اس میں سے کچھ واپس نہ لو۔ کیا تم اس کو جھوٹا الزام لگا کر اور کھلا گناہ کر کے لینا چاہتے ہو اور تم اس کو کس طرح لیتے ہو حالانکہ تم آپس میں ایک دوسرے سے بے حجاب ہو چکے ہو اور وہ عورتیں تم سے پکا عہد لے چکی ہیں۔

۔النساء ۴: ۲۰۔۲۱

وَ كَيْفَ تَأْخُذُوْنَهٗ وَ قَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّ اَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝

۱۹۔ مہر مقرر ہوئے پیچھے زوجین کی رضامندی سے اس میں کمی ہو سکتی ہے

۲۴۔اور تم پر گناہ نہیں اس میں جس پر تم ٹھہرائے پیچھے باہم رضامند ہو جاؤ۔ بے شک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۲۴

۲۴۔ وَ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

طلاق

۱۔ طلاق اصلی صرف دو ہیں

۱۔طلاق (کل) دو ہیں پھر ان کے بعد خوبی کے ساتھ روک رکھنا ہے یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دینا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۹

۱۔ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ

۲۔ تین طلاقوں والی عورت بغیر حلالہ خاوند کے نکاح میں نہیں آسکتی

۲۔پھر اگر اس کو تیسری بار طلاق دے دی تو اس کے بعد وہ اس کو حلال نہیں یہاں تک کہ اس کے سوا دوسرے خاوند سے نکاح کر لے۔ پھر اگر اس کو (دوسرے خاوند نے) طلاق دے دی تو ان پر گناہ نہیں کہ وہ دونوں پھر نکاح کی طرف لوٹ آئیں اگر جانیں کہ اللہ کے احکام کو قائم رکھ سکیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں۔ وہ ان کو ان لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے جو جانتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۰

۲۔ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَاۤ اَنْ يَّتَرَاجَعَاۤ اِنْ ظَنَّاۤ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

۳۔ طلاق والی عورتوں کو خوبی کے ساتھ روک رکھو یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دو۔ انہیں ضرر پہنچانے کے لیے نہ روکو

۳۔اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ اپنی (عدت کی) میعاد کو پہنچ جائیں تو انہیں خوبی کے ساتھ (نکاح کر کے) روک رکھو یا خوبی کے ساتھ چھوڑ دو اور ان کو نقصان پہنچانے کے لیے نہ روکو تاکہ تم زیادتی کرو اور جو کوئی یہ کرے اس نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا نہ بناؤ اور اللہ کی نعمت جو تم پر ہے یاد کرو اور جو کتاب اور حکمت تم پر اتاری گئی ہے اس کے ساتھ تم کو اللہ نصیحت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۱

۳۔ وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّ لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَ لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۟ وَّ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مَاۤ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَ الْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ۝

۴۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو انہیں خوبی کے ساتھ روک رکھو یا خوبی کے ساتھ علیحدہ کردو۔

۔الطلاق ۶۵: ۲۔

۴۔ طلاق والی عورتوں کو نکاح سے نہ روکو

۵۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دو پھر وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو (اے اولیا) ان کو اس بات سے نہ روکو کہ وہ اپنے خاوندوں سے پھر نکاح کرلیں جب وہ خوش اسلوبی سے آپس میں رضامند ہوجائیں۔ اس کے ساتھ اس کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے۔ یہ بات تمہارے لیے زیادہ ستھرائی اور پاکیزگی کا باعث ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

۔البقرہ ۲: ۲۳۲۔

۵۔ عورتوں کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دینی گناہ نہیں

۶۔ تم پر کچھ گناہ نہیں اگر تم عورتوں کو طلاق دو جب کہ تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو یا اُن کے لیے مہر مقرر نہ کیا ہو۔

۔البقرہ ۲: ۲۳۶۔

۶۔ مطلقہ عورتوں سے نکاح کرنے کے زیادہ حق دار ان کے خاوند ہیں

۷۔ اور اس بارے میں ان کے خاوند اُن کی واپسی کے زیادہ حق دار ہیں اگر وہ دونوں اصلاح چاہتے ہوں اور عورتوں کا حق اسی کے مانند ہے جو ان پر (مردوں کا) ہے، خوبی کے ساتھ اور مردوں کو ان پر بڑائی ہے اور اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔البقرہ ۲: ۲۲۸۔

۴۔ فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ فَارِقُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ

۵۔ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ ۗ ذَٰلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۗ ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝

۶۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ

۷۔ وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَٰلِكَ إِنْ أَرَادُوا إِصْلَاحًا ۚ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

۸۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ

۹۔ وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ۝

۱۰۔ وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝

۷۔ طلاق دینی ہو تو زمانہ عدت یعنی پاکی کے دنوں میں دو

۸۔ اے نبی جب تم عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے دنوں (یعنی پاکی کے دنوں) میں دو اور عدت کو گنتے رہو۔

۔الطلاق ۶۵: ۱۔

۸۔ طلاق والی عورتیں کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ دو

۹۔ اور ان کو خرچ دو وسعت والے پر اس کی وسعت کے مطابق ہے اور تنگ دست پر اس کے مطابق۔ عمدگی سے خرچ کردینا یہ نیکوکاروں پر حق ہے۔

۔البقرہ ۲: ۲۳۶۔

۱۰۔ اور طلاق والیوں کے لیے خوبی کے ساتھ خرچ دینا ہے یہ متقیوں پر حق ہے۔

۔البقرہ ۲: ۲۴۱۔

۹۔ بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں آدھا مہر ہے

۱۱۔ اور اگر تم ان کو اس سے پہلے ہی طلاق دے دو کہ تم نے ان کو ہاتھ لگایا ہو اور تم ان کا مہر مقرر کر چکے ہو تو جو تم نے مقرر کیا اس کا آدھا دو مگر یہ کہ وہ عورتیں معاف کر دیں یا وہ شخص جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے، معاف کر دے (پورا مہر دے دے) اور یہ کہ تم مرد معاف کرو (پورے دو) پرہیز گاری کے زیادہ قریب ہے اور اپنے درمیان بڑائی کو نہ بھولو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۷۔

۱۱۔ وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ

۱۰۔ بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں مطلقہ کو خرچ بھی دینا چاہیے

۱۲۔ مسلمانو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر تم ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے ہی طلاق دے دو تو تمہارے لیے اُن پر عدت نہیں ہے کہ تم اس کی گنتی پوری کرواؤ۔ پس ان کو خرچ (کپڑوں کا جوڑا) دو اور خوبی سے ان کو چھوڑ دو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۹۔

۱۲۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا ۖ فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ۝

خلع

۱۔ زوجین کی رضامندی سے خلع میں گناہ نہیں

۱۔ اور تمہارے لیے حلال نہیں ہے کہ جو تم ان عورتوں کو دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لے لو مگر یہ کہ وہ دونوں اس بات سے ڈریں کہ وہ اللہ کی حدوں پر قائم نہ رہ سکیں گے سو اگر تم اس بات سے ڈرو کہ وہ دونوں اللہ کی حدوں پر قائم نہ رہ سکیں گے تو ان پر اس میں کچھ گناہ نہیں جو وہ عورت اپنا عوض دے یہ اللہ کی حدیں ہیں ان سے آگے نہ بڑھو اور جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھے گا تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۹۔

۱۔ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۖ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ۚ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝

عدت

۱۔ طلاق والی عورتوں کی عدت تین حیض (یا طہر) ہیں۔

۱۔ اور مطلقہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض (یا طہر) تک (نکاح سے) روکے رہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۸۔

۱۔ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ ۚ

۲۔ جن کو حیض نہیں آتا ان کی عدت تین ماہ

۲۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے ناامید ہوں اگر تم کو شک ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے ...... یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری طرف اتارا ہے اور جو اللہ سے ڈرے گا اس کے گناہ اتار دے گا اور اس کو بڑا ثواب دے گا۔

۔الطلاق ۶۵: ۴، ۵

۲۔ وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ ...... ذَٰلِكَ أَمْرُ اللَّهِ أَنْزَلَهُ إِلَيْكُمْ ۚ وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ لَهُ أَجْرًا ۝

۳۔ موت کی عدت چار مہینے دس روز

۳۔ اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑ مریں تو وہ بیویاں اپنے آپ کو چار مہینے دس دن تک (نکاح سے) روکے رہیں۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو جو وہ اپنے لیے خوبی کے ساتھ کریں تم پر اس میں کچھ گناہ نہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۴

۴۔ مرنے والوں کو اپنی بیویوں کو سال بھر کی نان نفقہ اور سکونت کی وصیت کرنی چاہیے

۴۔ اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں ان پر اپنی بیویوں کے لیے وصیت کرنا ہے کہ سال بھر تک ان کو فائدہ دیں، گھر سے نہ نکالیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۰

۵۔ عدت کے دنوں کو گنتے رہو

۵۔ اور عدت کے دن گنتے رہو۔

۔الطلاق ۶۵: ۱

۶۔ عدت شوہر کے گھر گزارے شوہر بغیر جرمِ بے حیائی اسے نہ نکالے

۶۔ (اور) ان کو ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ خود نکلیں مگر یہ کہ کھلی بے حیائی کریں، اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا اس نے اپنی جان پر ظلم کیا تو نہیں جانتا شاید اللہ اس کے بعد کوئی بات پیدا کر دے۔

۔الطلاق ۶۵: ۱

۷۔ بغیر ہاتھ لگائے طلاق دینے کی صورت میں عدت نہیں

۷۔ مسلمانو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر اس سے پہلے ہی کہ تم ان کو چھوؤ ان کو طلاق دے دو تو تمہارے لیے ان پر کوئی عدت نہیں کہ تم اس کو شمار کراؤ۔ پس ان کو فائدہ دو انہیں خوبی کے ساتھ چھوڑ دو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۹

۸۔ عدت والی کو اور حاملہ ہو تو جننے تک مکان کے ساتھ نفقہ بھی دو

۸۔ ان کو رکھو جہاں تم رہتے ہو اپنے مقدور کے مطابق اور ان کو ایذا نہ دو کہ ان پر تنگی کرو اور اگر وہ حمل والی ہیں تو ان پر خرچ کرو یہاں تک کہ بچہ جن لیں۔

۔الطلاق ۶۵: ۶

۹۔ عدت والی کو حمل کا چھپانا

۹۔ اور ان کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ اس چیز کو چھپائیں جو اللہ نے

۳۔ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ

۴۔ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ښ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ

۵۔ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ

۶۔ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝

۷۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝

۸۔ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَاۗرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ۭ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ

۹۔ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ

ان کے رحموں میں پیدا کی ہے اگر وہ اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہیں۔

البقرۃ ۲: ۲۲۸۔

۱۰۔ عدت میں منگنی کا کنایہ کرنے میں گناہ نہیں

۱۰۔ اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم (ایام عدت) عورتوں سے کنایۃً منگنی کا ذکر کرو یا اپنے دلوں میں چھپاؤ۔ اللہ کو معلوم ہے کہ تم ان کا ذکر تذکرہ کرو گے لیکن پوشیدہ طور پر ان سے قول نہ کرو مگر یہ کہ تم پسندیدہ بات کہو۔

البقرۃ ۲: ۲۳۵۔

۱۱۔ عدت میں نکاح نہ کرو

۱۱۔ اور نکاح کی گرہ لگانے کا ارادہ نہ کرو جب تک کہ میعاد اپنے اختتام کو نہ پہنچ جائے۔

البقرۃ ۲: ۲۳۵۔

رجعت

۱۔ رجعت یا تفریق پر معتبر گواہ کر لینے چاہییں

۱۲۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو انہیں پسندیدہ طور پر روکے رکھو یا انہیں پسندیدہ طور پر چھوڑ دو اور اپنے لوگوں میں دو معتبر گواہ کر لو اور اللہ کے لیے درست شہادت دو۔ یہ ہے جس کے ساتھ ان کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں۔

الطلاق ۶۵: ۲۔

ایلاء

۱۔ ایلاء میں چار مہینے تک مہلت

۱۔ جو لوگ اپنی عورتوں سے ایلا کرتے ہیں ان کے لیے

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

۱۰۔ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ

۱۱۔ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ

۱۲۔ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

۱۔ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ

۲۔ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۳۔ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

۱۔ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ

چار مہینے کا انتظار کرنا ہے۔

البقرۃ ۲: ۲۲۶۔

۲۔ پھر رجوع

۲۔ پھر اگر وہ رجوع کر لیں تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

البقرۃ ۲: ۲۲۶۔

۳۔ یا طلاق

۳۔ اور اگر وہ طلاق کا ارادہ کر لیں تو اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

البقرۃ ۲: ۲۲۷۔

لعان

۱۔ لعان عورتوں پر الزام لگانا

۱۔ اور جو لوگ اپنی عورتوں پر الزام لگاتے ہیں اور ان کے پاس گواہ نہیں

ہیں سوائے ان کی اپنی ذات کے۔ تو ان میں سے ایک کی گواہی ہے، خدا کی قسم کے ساتھ چار بار کہ بے شک وہ سچوں میں ہے۔ اور پانچویں بار یہ کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں ہو اور اس عورت سے یہ بات سزا کو ٹال دیتی ہے کہ وہ چار بار گواہی دے، اللہ کی قسم کے ساتھ کہ بے شک وہ مرد جھوٹوں میں ہے اور پانچویں دفعہ یہ کہ اس پر (یعنی مجھ پر) اللہ کا غضب نازل ہو اگر وہ مرد سچوں میں ہو۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت اور یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ مہربان، حکمت والا ہے تو کیا کچھ نہ ہو جاتا۔

۔النور ۲۴: ۶۔۱۰۔

ظہار

۱۔ بیوی کو ماں کہہ دینے سے حقیقی ماں نہیں بن جاتی

۱۔ اللہ کسی مرد کے سینے میں دو دل پیدا نہیں کیے اور تمہاری ان عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور تمہارے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا۔ یہ تمہارے منہ کی کہن ہے اور اللہ حق کہتا ہے۔ اور وہ راہ راست دکھاتا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۔

۲۔ بیوی کو ماں کہنا گناہ ہے لیکن وہ اس کہنے سے حقیقی ماں نہیں بن جاتی، حقیقی ماں صرف وہی ہے جس سے پیدا ہوا ہے

۲۔ اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو اپنے خاوند کے بارے میں تجھ سے جھگڑتی اور اللہ سے شکایت کرتی ہے اور اللہ تم دونوں کی باتیں سنتا ہے۔ بے شک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۱۔

لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ ۙ إِنَّهُ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝

۱۔ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهِ ۚ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ الّٰئِيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ أُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ۚ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ ۖ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝

۲۔ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْ إِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ۝

۳۔ الَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَائِهِمْ مَّا هُنَّ أُمَّهٰتِهِمْ ۖ إِنْ أُمَّهٰتُهُمْ إِلَّا الّٰئِيْ وَلَدْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۚ وَإِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝

۴۔ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ أَنْ يَّتَمَاسَّا ۚ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهِ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّتَمَاسَّا ۖ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

۳۔ جو لوگ تم میں سے اپنی بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ہیں، وہ ان کی مائیں نہیں ہیں۔ ان کی مائیں صرف وہی ہیں جنہوں نے ان کو جنا ہے اور کچھ شک نہیں کہ وہ ایک نامعقول بات اور جھوٹ کہتے ہیں اور بے شک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۲۔

۳۔ بیوی کو ماں کہنے پر ایک غلام آزاد کرو، اتنی مقدرت نہ ہو تو لگاتار ساٹھ روزے رکھو، اس کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ، یہ سب کچھ عورت کو ہاتھ لگانے سے پیشتر ہو

۴۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ہیں پھر جو انہوں نے کہا ہے اس سے لوٹنا چاہتے ہیں تو اس پر ایک گردن کا آزاد کرنا ہے اس سے پہلے کہ وہ دونوں آپس میں ملیں۔ یہ تم کو نصیحت کی جاتی ہے اور اللہ جو تم کرتے ہو جانتا ہے۔ پھر جو نہ پائے تو دو مہینے کے لگاتار روزے ہیں اس

سے پہلے کہ وہ دونوں ایک دوسرے سے ملیں۔ پھر جو اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو ساٹھ محتاجوں کو کھانا دینا ہے۔ یہ اس لیے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-المجادلۃ ۵۸: ۳-

رضاع

۱۔ پوری مدت رضاع (شیر خواری) دو برس ہیں

۱۔ اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو برس دودھ پلائیں یہ حکم اس کے لیے ہے جو چاہے کہ پورا دودھ پلوائے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۲۔ رضیع (شیر خوار) کے باپ پر مرضعہ کا نفقہ اور کسوت لازم ہے

۲۔ اور باپ پر ان دودھ پلانے والیوں کا نفقہ اور پوشاک ہے عمدگی کے ساتھ۔ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۳۔ بچے کے دودھ پلانے میں اس کی ماں کو ضرر نہ دیا جائے

۳۔ نہ ماں کو اس کے بچے کے سبب سے نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کے بچے کے سبب سے اور وارث پر بھی اسی کی مانند ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۴۔ رضامندی سے بچے کی ماں سے دودھ چھڑانا گناہ نہیں

۴۔ پھر اگر ماں و باپ آپس کی رضامندی اور مشورہ سے (دو برس سے پہلے ہی) دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا ۚ ذَٰلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۱۔ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ۖ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۚ

۲۔ وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا ۚ

۳۔ لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ ۗ

۴۔ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ

۵۔ وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَا آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ ۗ

۶۔ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۖ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوفٍ ۖ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ۝

۷۔ لِيُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ مِنْ سَعَتِهِ ۖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنْفِقْ مِمَّا آتَاهُ

۵۔ دودھ پلانے میں بچے کی ماں کو اجرت دینا

۵۔ اور اگر تم چاہو کہ اپنی اولاد کو (دایہ سے) دودھ پلواؤ تو تم پر کچھ گناہ نہیں جب تم، وہ جو تم نے ٹھہرایا ہے عمدگی کے ساتھ دے دو۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۳-

۶۔ پھر اگر وہ تمہارے کہنے سے دودھ پلائیں تو ان کو ان ہی کی اجرت دو اور عمدگی کے ساتھ آپس میں موافقت رکھو اور اگر تم مضائقہ کرو گے تو اس کے کہنے سے دوسری عورت دودھ پلا دے گی۔

-الطلاق ۶۵: ۶-

۶۔ دودھ پلانے میں بچے کی ماں کو مقدور کے مطابق نفقہ دینا چاہیے

۷۔ چاہیے کہ وسعت والا اپنی وسعت میں سے خرچ کرے اور وہ جس پر روزی تنگ کی گئی ہے جس قدر اللہ نے اس کو دیا ہے اس میں سے

خرچ کرے۔ اللہ کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اس کو دیا ہے۔ عنقریب خدا تنگی کے بعد فراخی کر دے گا۔

-الطلاق ۶۵:۷

معاشرت النساء

۱۔ مرد عورتوں کے سردھرے ہیں

۱۔ مرد عورتوں کے سردھرے ہیں اس لیے کہ اللہ نے ان میں سے ایک کو ایک پر بزرگی دی ہے نیز اس لیے کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کیے ہیں پس نیک بخت عورتیں فرماں بردار ہیں۔ خاوندوں کی غیبت میں، اللہ کی حفاظت کے ساتھ حفاظت کرنے والی ہیں۔

-النساء ۴:۳۴

۲۔ نافرمان عورتوں کو نصیحت اور تنبیہ کرو

۲۔ اور جن عورتوں کی نافرمانی کا تمہیں اندیشہ ہو ان کو سمجھاؤ اور (اپنے) بستروں سے ان کو علیحدہ کردو اور ان کو مارو۔

-النساء ۴:۳۴

۳۔ مطیع عورتوں پر الزام کی راہ نہ ڈھونڈو

۳۔ پس اگر وہ تمہاری اطاعت کریں تو (ان پر الزام کی) راہ تلاش نہ کرو۔ بے شک اللہ اونچی شان والا، بڑا ہے۔

-النساء ۴:۳۴

۴۔ اگر میاں بیوی میں اتفاق نہ ہو تو ان کے رشتہ داران میں صلح کرادیں

۴۔ اور اگر تم ان کے درمیان اختلاف سے ڈرو تو ایک پنچ مرد کے خاندان سے اور ایک پنچ عورت کے خاندان سے مقرر کردو۔ اگر وہ دونوں (پنچ) صلاح چاہیں گے تو خدا ان کے درمیان موافقت پیدا کردے گا۔ بے شک اللہ جاننے

اللہ ۗ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۚ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝

۱۔ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۚ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۚ

۲۔ وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِى الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

۳۔ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝

۴۔ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝

۵۔ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۚ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۚ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

۶۔ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ

والا خبردار ہے۔

-النساء ۴:۳۵

۵۔ میاں بیوی میں صلح ہی بہتر ہے

۵۔ اور اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی طرف سے لڑائی یا روگردانی کا اندیشہ کرے تو ان دونوں (میاں بیوی) پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں صلح کرلیں اور صلح ہی بہتر ہے اور جانیں بخیلی پر حاضر کی گئی ہیں اور اگر تم نیکی کرو اور (اللہ سے) ڈرو تو بے شک اللہ اس سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔

-النساء ۴:۱۲۸

۶۔ خاوندوں کو بالکل ایک ہی طرف جھکنا نہیں چاہیے

۶۔ اور تم عورتوں کے درمیان ہرگز انصاف نہیں کرسکو گے اگرچہ تم (اس پر) حریص ہو۔ پس تم پورے ایک ہی طرف کو نہ جھک جاؤ کہ تم

اُن کو اَدھر میں لٹکا ہوا چھوڑ دو۔ اور اگر تم اِصلاح کرو اور (اللہ سے) ڈرو تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور اگر وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تو اللہ اپنی کشائش سے ہر ایک کو (ایک دوسرے سے) بے پروا کر دے گا اور اللہ وسعت والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۲۹-۱۳۰۔

۷۔ تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں

۷۔ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو تم اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو آؤ اور اپنی جانوں کے لیے اعمال صالح آگے بھیجو اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم اس سے ملنے والے ہو اور (اے نبی ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۳۔

۸۔ حیض کیا ہے؟

۸۔ اور لوگ تجھ سے حیض کی بابت پوچھتے ہیں۔ تو کہہ وہ ناپاکی ہے، تو حیض کے دنوں میں عورتوں سے الگ رہو اور ان کے قریب نہ جاؤ جب تک وہ پاک نہ ہو لیں۔ پھر جب وہ پاک ہو جائیں تو ان کے پاس آؤ جہاں سے اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔ بے شک اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک لوگوں کو دوست رکھتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۲۔

۹۔ عورتیں مردوں کا اور مرد عورتوں کا لباس ہیں

۹۔ وہ (عورتیں) تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۷۔

۱۰۔ عورتوں سے نیک برتاؤ کرو

۱۰۔ اور ان کے ساتھ پسندیدہ طور پر رہو سہو۔ پھر اگر تم ان سے نفرت کرو تو شاید کہ تم ایک شے سے نفرت کرو اور اللہ اس میں بہت سی خوبی پیدا کر دے۔

۔النساء ۴: ۱۹۔

۱۱۔ عورتوں کو کسی قسم کی ایذا نہ دو

۱۱۔ اور ان کو ضرر نہ پہنچاؤ کہ تم ان کو تنگ کرو۔

۔الطلاق ۶۵: ۶۔

الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۚ وَإِنْ تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللَّهُ كُلًّا مِنْ سَعَتِهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ وَاسِعًا حَكِيمًا ۝

۷۔ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ۖ وَقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ مُلَاقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۸۔ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ ۖ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ ۖ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ ۖ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝

۹۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ ۗ

۱۰۔ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ۝

۱۱۔ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ

پردہ

۱۔ کسی کے گھر میں بغیر اجازت مانگے داخل ہونا جائز نہیں

۱۔ مسلمانو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو یہاں تک کہ تم اجازت مانگ لو اور سلام کرو ان کے رہنے والوں پر۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے شاید کہ تم نصیحت پکڑو۔ پھر اگر تم ان میں کسی کو نہ پاؤ تو تاوقتیکہ تم کو اجازت نہ دی جائے ان میں داخل نہ ہوا اور اگر تم سے

۱۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِنْ لَمْ

کہا جائے کہ لوٹ جاؤ تو لوٹ جاؤ۔ یہ تمہارے لیے زیادہ ستھرائی کا باعث ہے اور اللہ جو تم کرتے ہو جانتا ہے۔

۔النور ۲۴: ۲۷۔۲۸۔

۲۔ مکانِ غیر مسکونہ میں ضرورت کی وجہ سے داخل ہونا جائز ہے

۲۔ تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم ان گھروں میں جن میں کوئی نہیں رہتا اور ان میں تمہارا اسباب ہے (بغیر پوچھے) داخل ہو جاؤ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

۔النور ۲۴: ۲۹۔

۳۔ مرد اور عورتیں نیچی نگاہ رکھیں، کھلے حصے کے سوا اپنی زینت ظاہر نہ کریں، کن کن کے سامنے اپنی زینت کا اظہار جائز ہے؟

۳۔ مومنوں سے کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لیے زیادہ پاکیزگی کا باعث ہے۔ بے شک اللہ خبردار ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور مسلمان عورتوں سے کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہے اور اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے خاوندوں پر یا اپنے باپوں پر یا اپنے خاوندوں کے باپوں پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں پر یا اپنے بھائیوں پر یا اپنے بھتیجوں پر یا اپنے بھانجوں پر یا اپنی عورتوں پر یا ان (لونڈی غلاموں) پر جو ان کے ہاتھ کا مال ہیں یا ساتھ رہنے والے مردوں پر جن کو (عورتوں کی) حاجت نہیں یا ان لڑکوں پر جو ابھی تک عورتوں کی شرم گاہوں سے واقف نہیں اور زمین

تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ ۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا فَارْجِعُوا ۖ هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ﴿۲۸﴾

۲۔ لَّيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ مَسْكُونَةٍ فِيهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿۲۹﴾

۳۔ قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ﴿۳۰﴾ وَقُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ۖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۳۱﴾

۴۔ وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ

۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ

پر اپنے پاؤں نہ ماریں تاکہ اپنی جو زینت وہ چھپاتی ہیں معلوم ہو جائے اور مسلمانو! سب ایک ساتھ اللہ کی طرف رجوع ہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔النور ۲۴: ۳۰۔۳۱۔

۴۔ ازواجِ نبی ﷺ کو گھر میں رہنے کا حکم

۴۔ اور (اے نبی ﷺ کی بیویو!) اپنے گھروں میں ٹِکی رہو اور پہلے زمانہ جاہلیت کی طرح بناؤ سنگھار کرتی نہ پھرو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۳۔

۵۔ باندی، غلاموں اور نابالغوں کو صبح اور عشا اور دوپہر کے وقت اپنے مالکوں کے گھروں میں بغیر اجازت داخل ہونا جائز نہیں، باقی وقتوں میں اجازت کی ضرورت نہیں

۵۔ مسلمانو! تمہارے باندی غلام اور وہ جو حد بلوغت کو نہیں پہنچے تین

وقت اندر آنے کی تم سے اجازت لیا کریں۔ فجر کی نماز سے پہلے اور جب تم دوپہر کو اپنے کپڑے اتار رکھتے ہو اور عشا کی نماز کے بعد۔ یہ تین وقت تمہارے پردے کے ہیں۔ اُن وقتوں کے بعد نہ تم پر گناہ ہے اور نہ ان پر کہ وہ تم پر آنے والے ہیں تم میں سے بعض بعض پر۔ یوں اللہ تم سے نشانیاں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

-النور ۲۴:۵۸-

۶۔ بالغوں کو کسی وقت بھی گھر میں بلا اجازت داخل ہونا نہیں چاہیے

۶۔ اور جب تم میں سے لڑکے حدِ بلوغت کو پہنچ جائیں تو وہ اجازت لیں جیسا کہ وہ اجازت لیتے تھے جو ان سے پہلے تھے۔ یوں اللہ تم سے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النور ۲۴:۵۹-

۷۔ بوڑھی عورتوں کو لباس کی کم تاکید مگر سنگھار بنا کر باہر پھرنا کہیں بھی درست نہیں

۷۔ اور بوڑھی عورتیں جو نکاح کی اُمید نہیں رکھتیں ان پر گناہ نہیں کہ اپنے کپڑے اُتار رکھیں۔ بشرطیکہ وہ زینت ظاہر کرنے والی نہ ہوں اور اگر وہ اس سے بچیں تو ان کے لیے بہتر ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

-النور ۲۴:۶۰-

۸۔ عورتوں سے کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کی اوٹ سے مانگ لو

۸۔ مسلمانو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر یہ کہ تم کو

يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۚ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۚ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ ۚ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۚ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

۶۔ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

۷۔ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍ بِزِيْنَةٍ ۚ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ۚ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

۸۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔــلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ۝

۹۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

اجازت دی جائے، کھانے کی طرف پکنے کا انتظار نہ کرتے ہوئے لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو داخل ہو۔ پھر جب تم کھا چکو تو متفرق ہو جاؤ اور باتوں میں نہ لگ جاؤ۔ یہ بات نبی کو ایذا دیتی ہے اور وہ تم سے شرماتا ہے اور اللہ حق کے اظہار سے نہیں شرماتا اور جب تم پیغمبر کی بیویوں سے کچھ اسباب مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو۔ یہ بات تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کو پاک کرنے والی ہے اور تمہارا حق نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو اور نہ یہ کہ اس کے بعد بھی اس کی بیویوں سے نکاح کرو۔ بے شک یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۳-

۹۔ عورتوں کو سر پر چادر اوڑھنی چاہیے

۹۔ اے نبی اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے

کھڑے کرا پنے اوپر اپنی چادریں لٹکائے رہیں۔ یہ اس کے زیادہ قریب ہے کہ وہ پہچانی جائیں اور ستائی نہ جائیں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۹۔

۱۰۔ جن لوگوں سے پردہ نہیں ہے

۱۰۔ان پر گناہ نہیں ہے کہ ان کے باپوں میں اور نہ ان کے بیٹوں میں اور نہ ان کے بھائیوں میں، ور نہ ان کے بھتیجوں میں اور نہ ان کے بھانجوں میں اور نہ ان کی عورتوں میں اور نہ ان کے لونڈی غلاموں میں (کہ ان سے پردہ نہ کریں) اور اے عورتو! اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ ہر شے پر موجود ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۵۔

وصیت

۱۔ وصیت مال چھوڑنے والوں پر فرض ہے

۱۔تم پر فرض کیا گیا ہے جب کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آ موجود ہو، اگر وہ مال چھوڑے، وصیت کر جانا۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۰۔

۲۔ وصیت والدین اور اقربا کے لیے

۲۔ماں باپ اور رشتہ داروں کے لیے پسندیدہ طور پر۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۰۔

۳۔ وصیت متقیوں پر ایک حق ہے

۳۔یہ متقیوں پر لازم ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۰۔

۴۔ وصیت بدلنے والے گنہگار ہیں

۴۔پھر جو کوئی اس کو بدل دے اس کے بعد کہ اس نے اس کو سنا ہے تو اس کا گناہ انہیں پر ہے جو اس کو بدلتے

عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

۱۰۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۗ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ۝

۱۔ كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖ الْوَصِيَّةُ

۲۔ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ

۳۔ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝

۴۔ فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝

۵۔ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

۶۔ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ ۚ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا

ہیں۔ بے شک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۱۔

۵۔ وصیت ناحق کی اصلاح کرنے میں گناہ نہیں

۵۔پھر جو وصیت کرنے والے کی طرف سے ظلم یا گناہ سے ڈرا اور اس نے ان کے درمیان اصلاح کر دی تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۲۔

۶۔ مرنے والوں کو اپنی جوروؤں کو ایک سال کی وصیت کرنی چاہیے

۶۔اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑیں، وہ اپنی بیویوں کے لیے وصیت کر جائیں ایک سال تک فائدہ دینے کے، بغیر (گھر سے) نکالے۔ پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو تم کو اس بات میں کچھ گناہ نہیں جو

وہ پسندیدہ طور پر اپنے لیے کریں اور اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

-البقرۃ ۲: ۲۴۰-

۷۔ سفر میں وصیت پر گواہ کرنے چاہییں

۷۔مسلمانو! تمہارے درمیان گواہی کا نصاب جب تم میں سے کسی کے پاس موت آ موجود ہو، وصیت کے وقت دو معتبر آدمی ہیں جو تم میں سے ہوں یا دوسرے دو تمہارے غیروں میں سے اگر تم سفر میں ہو اور تم کو موت کی مصیبت آ جائے۔ تم ان دونوں گواہوں کو نماز (عصر) کے بعد روک لو۔ اگر تم شک میں ہو، وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم اس قسم کے بدلے کچھ قیمت مول نہیں لیں گے اگر چہ وہ (جس کے نفع کے لیے ہم گواہی دیتے ہیں) رشتہ داری ہو اور ہم اللہ کی گواہی کو چھپائیں گے نہیں، بے شک ہم اس صورت میں گنہگار ہوں گے۔ پھر اگر یہ معلوم ہو کہ (وہ جھوٹ بول کر) گناہ کے مرتکب ہوئے تو دوسرے دو آدمی ان کی جگہ ان میں سے کھڑے ہوں، جن پر پہلوں نے جھوٹ بول کر حق ثابت کیا ہے۔ پس وہ دونوں اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہماری گواہی ان کی گواہی سے زیادہ معتبر ہے، ہم نے زیادتی نہیں کی۔ بے شک ہم اس وقت ظالموں میں سے ہوں گے۔

-المائدۃ ۵: ۱۰۶-۱۰۷-

۸۔یہ بات اس کے زیادہ قریب ہے کہ وہ صحیح صحیح گواہی دیں یا اس بات سے ڈریں کہ ہماری قسمیں ان کی قسموں کے بعد رد کی جائیں گی اور اللہ سے ڈرو اور اس کا حکم سنو اور اللہ بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المائدۃ ۵: ۱۰۸-

فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

۷۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَـمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓي اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ڮ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۸۔ذٰلِكَ اَدْنٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰي وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

۱۔لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝

۲۔وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْھُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝

میراث

۱۔ والدین اور اقربا کے ترکہ میں مرد اور عورت دونوں کا حصہ

۱۔مردوں کا اس (مال) میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں اور عورتوں کا (بھی) اس (مال) میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں۔ مال تھوڑا ہو یا بہت، اس میں ٹھہرایا ہوا حصہ ہے۔

-النساء ۴: ۷-

۲۔ تقسیم ترکہ پر اگر غیر حق دار یتیم، مسکین اور اقربا آموجود ہوں تو انہیں بھی کچھ دو

۲۔اور جب (ترکہ کی) تقسیم کے وقت رشتہ دار (جن کا حصہ مقرر نہیں ہے) اور یتیم اور مسکین آموجود ہوں تو اپنے طور پر ان کو اس میں سے کچھ دو اور ان سے معقول بات کہو۔

-النساء ۴: ۸-

۳۔ اور ایسے لوگ ڈریں کہ اگر وہ اپنے پیچھے کمزور اولاد چھوڑ مریں تو ان کو اس کے بارے میں اندیشہ ہو تو ان کو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور راہ کی بات کہیں۔

ـالنساء ۴: ۹ـ

۳۔ لڑکے کا حصہ لڑکی سے دو چند

۴۔ اللہ تم کو تمہاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۴۔ دو لڑکیوں سے زیادہ ہوں تو ان کا حصہ دو تہائی

۵۔ پھر اگر لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زیادہ، تو ان کے لیے اس کا مال دو تہائی ہے جو وہ چھوڑ مرا ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۵۔ ایک ہی لڑکی ہو تو اس کا آدھا ہے

۶۔ اور اگر ایک ہی ہے تو اس کے لیے آدھا (مال) ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۶۔ اولاد ہو تو ماں باپ میں ہر ایک کا چھٹا حصہ

۷۔ اور میت کے ماں باپ کے لیے ان دونوں میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے اس مال میں سے جو وہ چھوڑ مرا ہے اگر اس کے اولاد ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۷۔ اولاد نہ ہو تو ماں کا حصہ ایک تہائی

۸۔ پھر اگر اس کے اولاد نہ ہو اور اس کے وارث اس کے ماں باپ ہی ہوں تو اس کی ماں کے لیے ایک تہائی ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۸۔ بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ

۹۔ پھر اگر اس کے بھائی بھی ہوں تو اس کی ماں کے لیے چھٹا حصہ ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۹۔ میراث وصیت اور دین کے بعد ہے

۱۰۔ وصیت کے بعد جو وہ کر جائے یا قرض کے بعد۔ وصیت

۳۔ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝

۴۔ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ

۵۔ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ

۶۔ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ

۷۔ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ

۸۔ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ

۹۔ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ

۱۰۔ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ...... مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ

۱۱۔ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ...... مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ

۱۲۔ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

۱۳۔ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ

کے بعد جو وہ عورتیں کر جائیں یا قرض کے بعد۔

ـالنساء ۴: ۱۱-۱۲ـ

۱۱۔ وصیت کے بعد جو تم کر جاؤ یا قرض کے بعد۔۔۔ وصیت کے بعد جو کی جائے یا قرض کے بعد۔

ـالنساء ۴: ۱۱-۱۲ـ

۱۰۔ میراث اللہ کی طرف سے مقرر ہے

۱۲۔ تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے، تم نہیں جانتے کہ تمہارے لیے ان میں سے کون نفع پہنچانے کے زیادہ قریب ہے۔ یہ اللہ کا مقرر کیا ہوا ہے۔ بے شک اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

ـالنساء ۴: ۱۱ـ

۱۱۔ اولاد نہ ہو تو خاوند کا نصف

۱۳۔ اور تمہارے لیے اس (مال) کا آدھا ہے جو تمہاری بیویاں چھوڑ مریں اگر ان کے اولاد نہ ہو۔

ـالنساء ۴: ۱۲ـ

۱۲۔ اولاد ہو تو چوتھائی

۱۳۔ پھر اگر ان کے اولاد ہے تو تمہارے لیے اس کا چوتھائی ہے جو وہ چھوڑ مریں۔

۔النساء ۴: ۱۲۔

۱۳۔ اولاد نہ ہو تو بیوی کا چوتھائی حصہ ہے

۱۵۔ اور ان کے لیے اس مال میں سے چوتھائی ہے جو تم چھوڑ مرو اگر تمہارے اولاد نہیں ہے۔

۔النساء ۴: ۱۲۔

۱۴۔ اولاد ہو تو بیوی کا آٹھواں حصہ ہے

۱۶۔ پھر اگر تمہارے اولاد ہے تو ان کے لیے اس مال میں سے آٹھواں حصہ ہے جو تم چھوڑ مرو۔

۔النساء ۴: ۱۲۔

۱۵۔ اگر میت کلالہ (اولاد نہ ہو) ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے تو ان میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے

۱۷۔ اور اگر مرد مردہ جس کی میراث لیتے ہیں کلالہ ہے یا مرد و عورت کلالہ ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے تو ان (بھائی بہنوں) میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے۔

۔النساء ۴: ۱۲۔

۱۶۔ ایک سے زیادہ بہن بھائی ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک

۱۸۔ پھر اگر وہ اس سے زیادہ ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک ہیں وصیت کے بعد جو کی جائے یا (بعد ادائے) قرض کے۔

۔النساء ۴: ۱۲۔

۱۷۔ وصیت میں کسی کو نقصان نہ پہنچایا جائے

۱۹۔ بغیر اس کے کہ وہ (وصیت میں) کسی کو نقصان پہنچانے والا ہو۔ یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے اور اللہ جاننے والا بردبار ہے۔

۔النساء ۴: ۱۲۔

۱۳۔ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ

۱۵۔ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ

۱۶۔ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ

۱۷۔ وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ

۱۸۔ فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ بِهَا أَوْ دَيْنٍ

۱۹۔ غَيْرَ مُضَارٍّ وَصِيَّةً مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ

۲۰۔ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا وَلَدٌ فَإِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ وَإِنْ كَانُوا إِخْوَةً رِجَالًا وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ أَنْ تَضِلُّوا وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

۲۱۔ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَالَّذِينَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ

۱۸۔ کلالہ کے اگر صرف ایک بہن ہے تو اس کا آدھا ہے اگر وہ دو ہیں تو دونوں کا دو تہائی اور اگر بھائی بہنیں دونوں ہیں تو مرد کا حصہ عورت سے دگنا

۲۰۔ لوگ تجھ سے فتویٰ پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اللہ تم کو کلالہ کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے۔ اگر کوئی مرد مر جائے اور اس کے اولاد نہ ہو اور اس کے ایک بہن ہو تو اس بہن کے لیے اس کا نصف ہے جو وہ چھوڑ مرا اور وہ بھی اس بہن کا وارث ہے اگر اس کے اولاد نہیں ہے۔ پھر اگر دو بہنیں ہیں تو ان دونوں کے لیے اس مال کا دو تہائی ہے جو وہ چھوڑ مرے اور اگر وہ وارث بہن بھائی ہوں مرد اور عورتیں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے۔ اللہ تمہارے لیے بیان کرتا ہے کہ تم گمراہ نہ ہو اور اللہ ہر بات کو جانتا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۷۶۔

۱۹۔ میراث صرف اقربا کے لیے ہے دوستوں سے زندگی میں سلوک کرو

۲۱۔ اور ہم نے اس مال میں جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں ہر

ایک کے وارث ٹھہرا دیے ہیں اور جن سے تم نے (بھائی چارے کا) عہد کیا ہے ان کو (زندگی میں) ان کا حصہ دو۔ بے شک اللہ ہر شے پر حاضر ہے۔

۔النساء ۴: ۳۳

۲۰۔ منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہو جاتا

۲۲۔ اللہ نے کسی مرد کے سینے میں دو دل نہیں رکھے اور تمہاری بیویوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا۔ یہ صرف تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ حق کہتا ہے اور وہی سیدھا رستہ دکھلاتا ہے۔ ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو۔ یہی اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے اور اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو وہ دین میں تمہارے بھائی اور تمہارے آزاد کیے ہوئے ہیں اور اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم غلطی سے کہہ چکے ہو لیکن اس میں گناہ ہے جس کا تمہارے دل قصد کریں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴-۵

قرض و رہن

۱۔ ہر ایک معاملے کو لکھنا اور اس پر گواہ کرنا

۱۔ مسلمانو! جب تم ایک مقررہ میعاد تک آپس میں قرض کا معاملہ کرو تو اس کو لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ تمہارے درمیان لکھنے والا انصاف سے لکھے اور لکھنے والا جیسا کہ اللہ نے اس کو سکھایا ہے لکھنے سے انکار نہ کرے۔ پس چاہیے کہ وہ لکھے اور مضمون وہ بتلائے جس کے ذمے قرض ہے اور اپنے پروردگار خدا سے ڈرے اور اس قرض میں سے

شَيْءٍ شَهِيدًا ۝

۲۲۔ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۱۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ۭ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۠ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَـيْـــًٔـا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ۭ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا

(لکھنے میں) کچھ کم نہ کرے۔ پھر اگر وہ شخص جس کے ذمے قرض ہے کم عقل یا کمزور ہے یا وہ (صحیح مضمون) لکھوا نہیں سکتا تو اس کا سرپرست انصاف سے لکھوائے اور اپنے مردوں میں سے دو گواہ کر لیا کرے۔ پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں، ان میں سے جن کو تم گواہوں میں سے پسند کرو تاکہ اگر ایک عورت بھول جائے تو ان میں سے ایک دوسری کو یاد دلا دے اور گواہ جب وہ گواہی کے لیے بلائے جائیں تو انکار نہ کریں اور اس بات میں کاہلی نہ کرو کہ تم اس کو لکھوا لو چھوٹا معاملہ ہو یا بڑا، اس کی میعاد تک۔ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے اور گواہی کے لیے درست طریقہ اور اس کے زیادہ قریب ہے کہ تم شک نہ کرو مگر جبکہ وہ معاملہ ہاتھوں ہاتھ سوداگری ہو کہ اس کو تم اپنے درمیان دائر کرتے ہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم اس کو نہ لکھو اور جب تم سودا کرو تو اس پر گواہ کر لیا کرو اور نہ کاتب کو ایذا

پہنچائی جائے اور نہ گواہ کو اور اگر تم یہ کام کرو تو یہ تمہاری گنہگاری ہے اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں تعلیم دیتا ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۲۔

۲۔ سفر میں رہن

۲۔اور اگر تم مسافر ہو اور کوئی کاتب نہ پاؤ تو رہن اپنے قبضے میں رکھ لو۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۳۔

سود

۱۔ سود خوار قیامت کو شیطان کے چھوئے ہوئے شخص کی طرح مخبوط الحواس اٹھیں گے

۱۔جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قبروں سے نہیں اٹھیں گے مگر جس طرح وہ شخص اٹھتا ہے جس کو شیطان نے آسیب پہنچا کر دیوانہ بنا دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا کہ بیع بھی سود ہی کی مانند ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۷۵۔

۲۔ سود کو اللہ نے حرام کیا

۲۔اور اللہ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۷۵۔

۳۔ ممانعت سے پہلے کا سود حلال

۳۔سو جس کے پاس اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت آ گئی اور وہ اس سے باز رہا تو اس کے واسطے (حلال) ہے جو پہلے ہو چکا اور اس کا معاملہ اللہ کی طرف ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۷۵۔

۴۔ حرام ہونے کے بعد جو سود کھائے

۴۔اور جس نے پھر سود کھایا تو ایسے ہی لوگ دوزخی ہیں وہ

دُعُوا ۗ وَلَا تَسْـَٔمُوٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۗ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ۗ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۖ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۚ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

۲۔وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۗ

۱۔اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ

۲۔وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۗ

۳۔فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۗ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۗ

۴۔وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۵۔يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۗ

۶۔وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

۷۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲:۲۷۵۔

۵۔ اللہ سود کو گھٹاتا ہے

۵۔اللہ سود کو گھٹاتا ہے اور خیرات کی برکتوں کو زیادہ کرتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۷۶۔

۶۔اور جو سود تم دیتے ہو تاکہ لوگوں کے مالوں میں زیادتی ہو تو وہ اللہ کے نزدیک بڑھتا نہیں۔

۔الروم ۳۰:۳۹۔

۶۔ باقی سود چھوڑ دو

۷۔مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور اگر تم ایمان دار ہو تو جو سود (لوگوں کے ذمے) باقی رہا ہے اس کو چھوڑ دو

۔البقرۃ ۲:۲۷۸۔

۷۔ سود خواروں کی اللہ اور رسول سے لڑائی

۸۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اس کے رسول سے لڑنے کے لیے تمہیں اطلاع دی جاتی ہے اور اگر تم توبہ کرو تو تمہارے لیے تمہارے اصل مال ہیں۔ نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر مقروض محتاج ہے تو اس کو فراخی تک مہلت (دینا) ہے اور یہ بات کہ تم خیرات کے طور پر چھوڑ دو تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ پھر ہر جان کو اس کی کمائی کا پورا عوض دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۹۔۲۸۱

۸۔ دگنے پر دگنا سود نہ کھاؤ

۹۔ مسلمانو! دگنے پر دگنا سود نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۰

۸۔ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ۖ وَإِن تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ۝ وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ وَأَن تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۹۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

کتمانِ حق

۱۔ اللہ کا حکم چھپانے والوں پر اللہ کی پھٹکار

۱۔ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں اس بات کو جو ہم نے روشن دلیلوں اور ہدایت کی قسم سے اُتاری ہے اس کے بعد کہ ہم اس کتاب میں لوگوں کے لیے بیان کر چکے ہیں، ان پر اللہ بھی لعنت کرتا ہے اور تمام لعنت کرنے والے بھی لعنت کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۵۹

۱۔ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ۝

۲۔ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ۝

۲۔ اللہ کا حکم چھپانے والوں کو دردناک عذاب

۲۔ بے شک وہ لوگ جو اس کو چھپاتے ہیں جو اللہ نے کتاب کی قسم سے اتارا ہے اور اس کے عوض تھوڑی قیمت مول لیتے ہیں، وہ اپنے پیٹوں میں سوائے آگ کے اور کچھ نہیں کھاتے اور قیامت کے دن اللہ ان سے کلام نہیں کرے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ وہی ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی اور مغفرت کے بدلے عذاب مول لیا۔ سو وہ آگ پر کیسے بڑے صابر ہیں۔ یہ اس لیے کہ اللہ نے سچی کتاب اتاری اور بے شک جنہوں نے کتاب میں اختلاف کیا وہ بڑے دور کے اختلاف میں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۴۔۱۷۶

شہادت

۱۔ سچی گواہی دینے کا حکم

۱۔ اور اللہ کے لیے درست گواہی دو۔
-الطلاق-۶۵:۲-

۲۔ مسلمانو! اللہ کے لیے گواہ بن کر انصاف کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ اگرچہ (وہ گواہی) خود تمہارے اپنے ہی خلاف ہو یا ماں باپ اور رشتہ داروں کے۔ اگر کوئی مال دار یا محتاج ہے تو ان دونوں سے اللہ زیادہ حق دار ہے۔ سو تم انصاف کے مقابلے میں خواہش کی پیروی نہ کرو اور اگر تم دبی زبان سے گواہی دو گے یا روگردانی کرو گے تو اللہ تمہارے عملوں سے خبر دار ہے۔
-النساء-۴:۱۳۵-

۳۔ مسلمانو! انصاف کے ساتھ گواہ بن کر اللہ کے لیے اٹھ کھڑے ہو اور کسی قوم کی عداوت تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔
-المائدۃ-۵:۸-

۲۔ گواہی نہ چھپاؤ جو چھپائے وہ گنہگار

۴۔ اور گواہی نہ چھپاؤ اور جو اس کو چھپائے گا تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے۔
-البقرۃ:۲:۲۸۳-

۳۔ گواہی چھپانے والے سے بڑھ کر ظالم کون؟

۵۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اس گواہی کو چھپایا جو اللہ کی طرف سے اس پر واجب تھی؟
-البقرۃ:۲:۱۴۰-

۴۔ سچی گواہی دینے اور جھوٹی گواہی سے بچنے والوں کی مدح

۶۔ اور وہ (خدا کے بندے ہیں) جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔
-الفرقان-۲۵:۷۲-

۱۔ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ

۲۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۗ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا

۳۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا

۴۔ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۗ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ

۵۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ

۶۔ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ

۷۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ

۱۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى

۲۔ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى

۳۔ فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ

۷۔ اور وہ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔
-المعارج-۷۰:۳۳-

قصاص و دیت

۱۔ قصاصِ قتل مومنوں پر فرض ہے

۱۔ مسلمانو! مقتولوں کا قصاص (خون کا عوض) تم پر فرض کیا گیا ہے۔
-البقرۃ-۲:۱۷۸-

۲۔ قصاص میں مساوات

۲۔ آزاد بدلے آزاد کے اور غلام بدلے غلام کے اور عورت بدلے عورت کے۔
-البقرۃ-۲:۱۷۸-

۳۔ قصاص معاف ہو تو دیت (خون بہا) لازم

۳۔ پھر جس کے لیے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ (حصہ) معاف

کر دیا جائے پس اس کا حکم خوبی سے پیروی کرنا ہے اور اس کی طرف خوبی کے ساتھ (دیت) ادا کرنا ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

بِإِحْسَانٍ

۴۔ یہ آسانی خدا کی رحمت ہے

۴۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۴۔ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

۵۔ دیت قبول کرنے کے بعد تعدی کرنے والے کو عذاب الیم

۵۔ پھر جس نے اس کے بعد زیادتی کی اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۷۸-

۵۔ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۶۔ قصاص میں لوگوں کی زندگی ہے

۶۔ اور اے عقل مندو! قصاص میں تمہارے لیے زندگی ہے تا کہ تم (قتل سے) ڈرو۔

-البقرۃ ۲:۱۷۹-

۶۔ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝

۷۔ غلطی سے قتل ہو تو دیت اور مسلمان غلام آزاد کرنا

۷۔ اور کسی مسلمان کو سزاوار نہیں ہے کہ کسی مسلمان کو مار ڈالے مگر غلطی سے۔ اور جو کسی مسلمان کو غلطی سے مار ڈالے تو اس پر ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے اور دیت ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں۔ پھر اگر مقتول تمہارے دشمنوں میں سے ہو اور وہ ہو مسلمان تو ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے اور اگر ان لوگوں میں سے ہو جن کے درمیان تمہارے عہد و پیمان ہے تو دیت ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے اور ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا۔

-النساء ۴:۹۲-

۷۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَن قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ إِلَّا أَن يَصَّدَّقُوا ۚ فَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ

۸۔ جسے مسلمان غلام دستیاب نہ ہو تو لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے

۸۔ پھر جو کوئی (مسلمان گردن یعنی بردہ) نہ پائے تو اس پر لگاتار دو مہینے کے روزے ہیں اور کفارہ اللہ کی جناب میں، توبہ قبول ہونے کے لیے ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴:۹۲-

۸۔ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝

۹۔ توریت میں قصاص فرض تھا

۹۔ اور ہم نے اُن پر اس میں لکھ دیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے دانت اور سب زخم ادلے کا بدلہ۔ پھر جس نے اس کو معاف کر دیا تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے اور جس نے اس کے مطابق فیصلہ نہ کیا جو اللہ نے اُتارا ہے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

-المائدۃ ۵:۴۵-

۹۔ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنفَ بِالْأَنفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ ۚ فَمَن تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝

١٠- مقتول کے اولیا قصاص لینے میں زیادتی نہ کریں

١٠- اور جو شخص ظلم سے مارا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ قتل میں زیادتی نہ کرے، اُس کی مدد (کافی) کی گئی ہے۔

-بنی اسرائیل ١٧: ٣٣-

١١- یہ تو حکم ہو چکا اور جس نے اتنی ہی تکلیف پہنچائی کہ جتنی اُس کو پہنچائی گئی تھی پھر اس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

-الحج ٢٢: ٦٠-

الکبائر

گناہِ کبیرہ

ا۔ قتل

ا۔ قتل کی ممانعت

ا۔ اور اپنی جانوں کو قتل نہ کرو۔

-النساء ٤: ٢٩-

٢- اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو۔

-الانعام ٦: ١٥١-

٣- اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو۔ اور جو کوئی ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے سو اس کو چاہیے کہ قتل میں (یعنی بدلہ لینے میں) زیادتی نہ کرے۔ بے شک وہ مدد کیا گیا ہے۔

-بنی اسرائیل ١٧: ٣٣-

٢- قتل اولاد کی ممانعت

٤- اور محتاجی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو بھی روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی۔

-الانعام ٦: ١٥١-

٥- اور اپنی اولاد کو محتاجی کے خوف سے قتل نہ کرو ہم ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی۔ بے شک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے۔

-بنی اسرائیل ١٧: ٣١-

٣- اولاد کے قاتل ٹوٹے میں

٦- بے شک وہ لوگ گھاٹے میں پڑ گئے جنہوں نے ناسمجھی سے، بغیر علم کے اپنی اولاد کو قتل کیا۔

-الانعام ٦: ١٤٠-

٤- قیامت کو دختر کشی کی بابت بازپرس

٧- اور (وہ وقت یاد کرو) جب اس لڑکی سے جو زندہ دفن کی گئی پوچھا جائے گا کہ وہ کس جرم میں قتل کی گئی۔

-التکویر ٨١: ٨-٩-

١٠- وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۝

١١- ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝

١- وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ

٢- وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ

٣- وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۝

٤- وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ

٥- وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝

٦- قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

٧- وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُىِٕلَتْ ۝ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝

۵۔ قتل عمد کی سزا ہمیشہ کو دوزخ اور اللہ کا غضب اور لعنت اور بڑا عذاب

۸۔ اور جو کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے گا اس کی سزا دوزخ ہے۔ وہ ہمیشہ اُسی میں رہے گا اور اللہ کا اس پر غضب ہوگا اور اس کی لعنت اور اللہ نے اس کے لیے بڑا بھاری عذاب تیار کیا ہے۔

۔النساء ۴: ۹۳۔

۶۔ قاتل کو دوہرا عذاب

۹۔ اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہیں پکارتے اور جس جاندار کو مار ڈالنا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر جائز طریق (یعنی شریعت کے حکم) سے اور بدکاری نہیں کرتے۔ اور جو یہ کام کرے گا سخت گناہ میں مبتلا ہوگا۔ قیامت کے دن اس کو دونا عذاب ہوگا اور ذلت و خواری سے ہمیشہ اس میں رہے گا۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۸ ۔ ۶۹۔

۷۔ قتل کی دنیوی سزائیں

۱۰۔ اور کسی مومن کو شایاں نہیں کہ مومن کو مار ڈالے مگر بھول کر۔ اور جو بھول کر بھی مومن کو مار ڈالے تو (ایک تو) ایک مسلمان غلام آزاد کر دے اور (دوسرے) مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے۔ ہاں اگر وہ معاف کر دیں (تو ان کو اختیار ہے)۔ اگر مقتول تمہارے دشمنوں کی جماعت میں سے ہو اور وہ خود مومن ہو تو صرف ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیے اور اگر مقتول ایسے لوگوں میں سے ہو جن میں اور تم میں صلح کا عہد ہو تو وارثان مقتول کو خون بہا دینا اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیے اور جس کو یہ میسر نہ ہو وہ متواتر دو مہینے کے روزے رکھے۔ یہ (کفارہ) اللہ کی طرف سے (قبول) توبہ (کے لیے) ہے۔ اور خدا سب کچھ جانتا (اور) بڑی حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۹۲۔

۸۔ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ۝

۹۔ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۝

۱۰۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

ب۔ زنا

۸۔ زنا کی ممانعت

۱۔ اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ بے شک وہ بے حیائی ہے اور بری راہ۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۲۔

۲۔ اللہ کے بندے وہ ہیں جو زنا نہیں کرتے اور زنا کاروں کو قیامت کو دوہرا عذاب ہوگا

۲۔ اور اللہ کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دھیمے چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے کلام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام ..... اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور اس جان کو جس کا اللہ نے احترام کیا ہے ناحق قتل نہیں کرتے اور زنا نہیں کرتے اور جو ایسا کرے

۱۔ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۝

۲۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ ..... وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ

گا وہ گناہ (کی سزا) سے ملے گا قیامت کے دن اسے دہرا عذاب دیا جائے گا اور وہ ہمیشہ اسی میں ذلیل پڑا رہے گا۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۸، ۶۹۔

۳۔ پیغمبر صاحب کو عورتوں سے زنا اور دیگر گناہوں کے ترک پر بیعت لینے کا حکم

۳۔اے نبی جب تیرے پاس مسلمان عورتیں اس لیے آئیں کہ وہ تجھ سے اس بات پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کریں گی اور چوری نہیں کریں گی اور زنا نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور بہتان کی بات جسے وہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان سے اٹھا کھڑا کر نہیں لائیں گی اور اچھی بات میں تیری نافرمانی نہیں کریں گی تو ان سے بیعت لے اور اللہ سے ان کے لیے مغفرت مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔الممتحنة ۶۰: ۱۲۔

۴۔ زنا کی دنیوی سزا

دیکھو بیان حدود

حدِ زِنا

۱۔ عورتیں فواحش کی مرتکب ہوں تو گواہی کے بعد انہیں مرتے دم تک گھروں میں بند رکھو

۱۔اور تمہاری عورتوں میں سے جو عورتیں بے حیائی کے کام لاتی ہیں تو ان پر اپنے درمیان سے چار گواہ کر لو۔ پس اگر وہ شہادت دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر رکھو یہاں تک کہ ان کو موت آ جائے یا اللہ ان کے لیے کوئی اور راہ نکال دے۔

۔النساء ۴: ۱۵۔

النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ۝ يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا ۝

۳۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ ۙ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

۱۔ وَاللَّاتِي يَأْتِينَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِسَائِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوا عَلَيْهِنَّ أَرْبَعَةً مِنْكُمْ ۖ فَإِنْ شَهِدُوا فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّىٰ يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلًا ۝

۲۔ وَاللَّذَانِ يَأْتِيَانِهَا مِنْكُمْ فَآذُوهُمَا ۖ فَإِنْ تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُوا عَنْهُمَا ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ تَوَّابًا رَحِيمًا ۝

۳۔ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۲۔ اگر مرد ایسا کریں تو انہیں سزا دو

۲۔اور جو دو شخص تم مردوں میں سے یہ کام لائیں تو ان کو تکلیف پہنچاؤ پھر اگر وہ دونوں توبہ کر لیں اور درست ہو جائیں تو ان سے درگزر کرو۔ بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

۔النساء ۴: ۱۶۔

۳۔ زنا کی سزا سو درے ہیں

۳۔زنا کار عورت اور زنا کار مرد، ان میں سے ہر ایک کے سو سو کوڑے لگاؤ اور اللہ کے دین کے مقابلے میں تم کو ان پر شفقت نہ آئے اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود ہونی چاہیے۔

۔النور ۲۴: ۲۔

۳۔ زانی و زانیہ کا نکاح زانی یا مشرک ہی کے ساتھ ہو

۴۔ زانی سوائے زانیہ یا مشرکہ کے اور کسی سے نکاح نہیں کرتا اور زانیہ سے سوائے زانی یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرتا اور مومنوں پر تو یہ حرام کیا گیا ہے۔

۔النور ۲۴: ۳۔

۴۔ لونڈیوں کو فواحش کی سزا بیبیوں سے آدھی

۵۔ پھر جب وہ (لونڈیاں) نکاح میں آ جائیں اگر بدکاری کریں تو ان پر اس سے آدھی سزا ہے جو آزاد عورتوں کے لیے ہے۔

۔النساء ۴: ۲۵۔

ج۔ لوٹ مار۔ ڈکیتی

۱۔ محاربین کی سزا

۱۔ ان لوگوں کی سزا جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلانے کے لیے دوڑے پھرتے ہیں، بس یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی دیے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں اُلٹے سیدھے کاٹ دیے جائیں (دہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں) یا اس ملک سے نکال دیے جائیں۔ یہ ذلت ان کے لیے دنیا کی (زندگی) میں ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۳۳۔

۲۔ محاربین توبہ کر چکے تو سزا معاف

۲۔ مگر جو اس سے پہلے ہی کہ تم ان پر قابو پاؤ توبہ کر لیں تو

۴۔ اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِکَةً ۫ وَّالزَّانِیَةُ لَا یَنْکِحُهَاۤ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

۵۔ فَاِذَاۤ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَیْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَیْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَی الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ

۱۔ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْۤا اَوْ یُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِکَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝

۲۔ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَیْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

۱۔ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْۤا اَیْدِیَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝

۲۔ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ یَتُوْبُ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۳۴۔

د۔ چوری کی سزا

۱۔ چور کے ہاتھ کاٹو

۱۔ اور چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ لو بدلہ اس کا جو انہوں نے کیا ہے۔ سزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب ہے، حکمت والا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۳۸۔

۲۔ توبہ سے سزا معاف

۲۔ پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گیا تو بے

شک اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔المائدہ ۵: ۳۹۔

ہ۔ قذف

ا۔ مومنوں کو بدنام کرنے کا عذاب

۱۔ جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ان لوگوں کی نسبت بے حیائی کی بات مشہور ہو جو ایمان لائے ہیں، ان کے لیے دردناک عذاب ہے، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

۔النور ۲۴: ۱۹۔

۲۔ بے خبر، پاک دامن مومنات پر تہمت لگانے والوں پر لعنت اور عذاب عظیم

۲۔ بے شک جو لوگ ایماندار، بے خبر، پاک دامن عورتوں کو تہمت کرتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

۔النور ۲۴: ۲۳۔

۳۔ تہمت لگانا کھلے گناہ کا بوجھ اٹھانا ہے

۳۔اور جو لوگ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بغیر اس کے کہ انہوں نے (گناہ) کیا ہو، ایذا پہنچاتے ہیں انہوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اٹھایا۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۸۔

۴۔ پاک دامن عورتوں پر بہتان لگانے کی سزا اسی کوڑے اور عدم قبول شہادت

۴۔ اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر (اس پر) چار گواہ نہ لائیں تو تم ان کے اسی

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۱۔ إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝

۲۔ إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

۳۔ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا ۝

۴۔ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝

۵۔ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۱۔ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ

۲۔ فَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ

کوڑے لگاؤ اور کبھی ان کی گواہی قبول نہ کرو اور وہی بدکار ہیں۔

۔النور ۲۴: ۴۔

۵۔ بہتان لگانے کی سزا توبہ کے بعد معاف ہے

۵۔ مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔النور ۲۴: ۵۔

و۔ ماپ تول میں کمی

ا۔ پورا ماپنے اور تولنے کا حکم

۱۔اور انصاف کے ساتھ ماپ اور تول کو پورا رکھو۔

۔الانعام ۶: ۱۵۲۔

۲۔ سو ماپ اور تول کو پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو۔

۔الاعراف ۷: ۸۵۔

۳۔ اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کی عبادت کرو، تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور پیمانہ اور ترازو میں کمی نہ کرو۔ میں تمہیں اچھی حالت میں دیکھتا ہوں اور میں تم پر چھا جانے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں اور بھائیو! ماپ اور ترازو کو انصاف کے ساتھ پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

۔ھود ۱۱:۸۴۔۸۵

۲۔ صحیح ترازو سے تولو

۴۔ اور جب تم ناپو تو پورا ناپو اور سیدھی ترازو سے تولو۔ یہ بہتر اور انجام کے لحاظ سے اچھا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۳۵۔

۵۔ پیمانہ پورا رکھو اور کم دینے والوں میں نہ ہو۔

۔الشعراء ۲۶:۱۸۱۔

۶۔ اور سیدھی ترازو سے تولو۔

۔الشعراء ۲۶:۱۸۲۔

۷۔ اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

۔الشعراء ۲۶:۱۸۳۔

۸۔ غرض یہ ہے کہ تم ترازو میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور تول انصاف کے ساتھ قائم رکھو اور ترازو میں کمی نہ کرو۔

۔الرحمن ۵۵:۸۔۹۔

۹۔ ہم نے اپنے رسول کھلی دلیلیں دے کر بھیجے اور ان

۳۔ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ ۚ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ۝ وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝

۴۔ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۝

۵۔ أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ۝

۶۔ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۝

۷۔ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝

۸۔ أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ۝ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ۝

۹۔ لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ

۱۰۔ وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ۝ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ۝ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ۝ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

کے ساتھ کتاب اور ترازو اتاری تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔

۔الحدید ۵۷:۲۵۔

۳۔ کم ماپنے اور تولنے والوں کو ویل

۱۰۔ خرابی ہے کم تولنے والوں کی جب وہ لوگوں سے اپنے لیے ناپ کرلیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو کم کردیں۔ کیا یہ لوگ یہ یقین نہیں کرتے کہ وہ اٹھائے جائیں گے ایک بڑے دن کے لیے، جس دن لوگ جہانوں کے پروردگار کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

۔المطففین ۸۳:۱۔۶۔

ز۔ شراب خواری و قمار بازی

ا۔ شراب خواری اور قمار بازی کی ممانعت

۱۔(اے پیغمبر ﷺ!) لوگ تجھ سے شراب اور جوے کا حکم پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ ان میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے فائدے بھی ہیں اوران کا گناہ ان کے نفع سے بہت بڑا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۱۹۔

۲۔مسلمانو! اس کے سوا کچھ نہیں کہ شراب اور جوا اور بُت اور استخارے کے پانسے ناپاک شیطانی کام ہیں۔ تو تم ان سے بچتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ شیطان تو بس یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوے میں (تمہیں پھنسا کر) تمہارے درمیان عداوت اور نفرت ڈالے اور تم کو اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے۔ تو کیا تم رُکنے والے ہو؟

۔المائدۃ ۵: ۹۰۔۹۱۔

۱۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۗ

۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝

دوسرے گناہ

ا۔ فواحش سے بچنے کا حکم

۱۔اور بے حیائی کے کاموں کے، جوان میں سے ظاہر ہیں اور جوان میں چھپے ہیں، پاس بھی نہ جاؤ۔

۔الانعام ۶: ۱۵۱۔

۲۔کہہ دے کہ اللہ بے حیائی کا حکم نہیں دیتا۔

۔الاعراف ۷: ۲۸۔

۳۔کہہ دے کہ میرے پروردگار نے تو بس بے حیائی کے کاموں کو حرام کیا ہے جوان میں ظاہر ہیں اور جوان میں چھپے ہیں اور گناہ اور ناحق کی زیادتی کو بھی اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرو جس کی شرکت کی اس نے کوئی سند نہیں اُتاری اور یہ کہ تم اللہ کی نسبت وہ بات کہو جس کا تمہیں علم نہیں۔

۔الاعراف ۷: ۳۳۔

۴۔اور اللہ بے حیائی اور بُری باتوں اور ظلم سے منع کرتا ہے وہ تم کو نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

۔النحل ۱۶: ۹۰۔

۲۔ چھپے اور کھلے سب گناہوں کے چھوڑنے کا حکم

۵۔اور کھلے اور چھپے (ہر ایک) گناہ کو چھوڑ دو بے شک جو لوگ گناہ کماتے ہیں اُن کو اس کی سزا دی جائے گی جو وہ کماتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۱۲۰۔

۱۔ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ

۲۔ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ۗ

۳۔ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

۴۔ وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

۵۔ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۚ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ۝

امانت

۱۔ امانت کے ادا کرنے کا حکم

۱۔ پس اگر تم میں سے بعض نے بعض کو امین جانا تو چاہیے کہ وہ شخص جس کو امین جانا گیا ہے اس کی امانت ادا کرے اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرے۔

۔البقرة ۲: ۲۸۳۔

۲۔ اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ امانتوں کو ان کے مالکوں کو ادا کر دو۔

۔النساء ۴: ۵۸۔

۲۔ امانت داروں کی خوبی

۳۔ اور جو اپنی امانتوں اور عہد کی حفاظت کرتے ہیں۔

۔المومنون ۲۳: ۸ والمعارج ۷۰: ۳۲۔

۴۔ ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس بات سے انکار کیا کہ اس (کے بوجھ) کو اٹھائیں اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔

۔الاحزاب ۳۳: ۷۲۔

۱۔ فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُم بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ رَبَّهُ ۗ

۲۔ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَىٰ أَهْلِهَا

۳۔ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ﴿۸﴾

۴۔ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ ۖ

خیانت

۱۔ نبی خائن نہیں ہوتے

۲۴۔ قُلْ مَن كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۲۵۔ وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

۲۶۔ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۲۷۔ وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ

۲۸۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُم

۲۹۔ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا

۳۰۔ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ

۳۱۔ وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَىٰ مِن دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ

ہے تصدیق کرتی ہے اور اُس پر نگہبان ہے تو (اے نبی ﷺ!) تو اُس کے مطابق فیصلہ کر جو اللہ نے اُتارا ہے اور اُس حق سے علیحدہ ہو کر جو تیرے پاس آیا ہے اُن کی خواہشوں پر نہ چل۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک گھاٹ اور رستہ مقرر کر دیا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۴۸۔

۳۰۔ اور یہ (قرآن) ایک مبارک کتاب ہے جسے ہم نے اتارا ہے۔ اُس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

۔الانعام ۶: ۹۲۔

۳۱۔ اور یہ قرآن وہ نہیں ہے کہ غیر اللہ کی طرف سے گھڑ لیا گیا ہو لیکن اس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور کتاب (تورات) کی تفصیل ہے پروردگار کی طرف سے۔ اس (کے ہونے) میں شک نہیں۔

۔یونس ۱۰: ۳۷۔

۳۲۔ بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے۔ یہ گھڑی ہوئی بات نہیں ہے لیکن اس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور ہر شے کی تفصیل ہے۔ اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۱۱۱۔

۳۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) جو کتاب ہم نے تیری طرف وحی کی ہے وہ حق ہے اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۱۔

۳۴۔ اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو لوگوں کے لیے امام اور رحمت ہے اور یہ ایک کتاب ہے جو تصدیق کرنے والی ہے، عربی زبان میں تاکہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا ہے۔ اور نیکوکاروں کے لیے بشارت ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۲۔

۳۵۔ (جنوں نے) کہا بھائیو! ہم نے ایک کتاب سنی جو موسیٰ کے بعد اتاری گئی ہے۔ وہ اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔ وہ حق کی طرف اور سیدھی راہ کی طرف لگاتی ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۳۰۔

۳۲۔ لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۳۳۔ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ

۳۴۔ وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ۝

۳۵۔ قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

اوصافِ قرآن

۱۔ قرآن ہدایت ہے

۱۔ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۲۔ قُلْ مَن كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

۱۔ یہ کتاب ہے اس میں شک (کی گنجائش) نہیں ہے پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہے جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ) خرچ کرتے ہیں اور جو اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں جو تجھ پر اتاری گئی ہے اور (نیز) اس پر جو تجھ سے پہلے اتاری گئی ہے اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۔۵۔

۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو شخص جبریل کا دشمن ہے تو (ہوا کرے) اس نے تو یہ (قرآن) اللہ کے حکم سے تیرے دل پر اتارا ہے جو اس کی تصدیق کرتا ہے جو اس سے پہلے ہے اور مومنوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۷۔

۳۔ رمضان کا مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا ہے وہ لوگوں کے لیے ہدایت ہے۔ اور (اس میں) ہدایت اور حق و باطل میں فرق کرنے والی کھلی نشانیاں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۵۔

۴۔ سو کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی ہے۔

۔الانعام ۶: ۱۵۷۔

۵۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم اُن کے پاس ایسی کتاب لائے ہیں۔ جس کو ہم نے علم کے ساتھ ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت بنا کر مفصل بیان کیا ہے۔

۔الاعراف ۷: ۵۲۔

۶۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے مجھ پر وحی کیا گیا ہے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۳۔

۷۔ لوگو! کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور اُن (مرضوں) کی جو سینوں میں ہیں، شفا آ چکی ہے اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ (یہ قرآن) اللہ کے فضل اور اُس کی رحمت سے ہے تو اس سے انہیں خوش ہونا چاہیے۔ وہ اُس (مال) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۵۷۔۵۸۔

۸۔ اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۱۱۱۔

۳۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ

۴۔ فَقَدْ جَاءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ

۵۔ وَلَقَدْ جِئْنَاهُمْ بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلَىٰ عِلْمٍ هُدًى وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۶۔ قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ مِنْ رَبِّي ۚ هَٰذَا بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۷۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ ۝

۸۔ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۹۔ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۰۔ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۝

۱۱۔ قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِنْ رَبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ آمَنُوا وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۝

۹۔ اور ہم نے تیری طرف یہ کتاب محض اس لیے اتاری ہے کہ تو اُن سے وہ باتیں بیان کرے جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اور یہ (کتاب) ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۶۴۔

۱۰۔ اور ہم نے تجھ پر یہ کتاب اتاری جو ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والی (اور مسلمانوں کے لیے) ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۸۹۔

۱۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اس کو تیرے پروردگار کی طرف سے روح القدس نے اتارا ہے کہ انہیں ثابت قدم رکھے جو ایمان لائے ہیں اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۰۲۔

۱۲۔ إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا كَبِيرًا ۝

۱۳۔ هُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝

۱۴۔ وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

۱۵۔ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ ۝ هُدًى وَرَحْمَةً لِلْمُحْسِنِينَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۱۶۔ وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ هُوَ الْحَقَّ وَيَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝

۱۷۔ قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ فَإِنَّمَا أَضِلُّ عَلَىٰ نَفْسِي ۖ وَإِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِي إِلَيَّ رَبِّي ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ۝

۱۸۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ۖ

۱۹۔ هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝

۲۰۔ أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ

۱۲۔ بے شک یہ قرآن اُس راہ پر لگاتا ہے جو بہت ہی سیدھی ہے اور اُن ایمان داروں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کے لیے بڑا ثواب ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۔

۱۳۔ ہدایت اور بشارت ہے ایمان والوں کے لیے جو نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۲۔۳۔

۱۴۔ اور بے شک وہ (قرآن) مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔النمل ۲۷: ۷۷۔

۱۵۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہیں۔ وہ (نیکوکار) جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۔۵۔

۱۶۔ اور جنہیں علم دیا گیا ہے یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ تیرے پروردگار کی طرف سے تیری طرف اتارا گیا ہے وہی حق ہے اور وہ غالب، قابلِ تعریف کی راہ پر لگاتا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۶۔

۱۷۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میں گمراہ ہوں تو میں صرف اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوں اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو اُس وحی کے سبب سے جو میرے پروردگار کی طرف سے مجھ پر کی جاتی ہے۔ بے شک وہ سننے والا (اور) قریب ہے۔

۔سبا ۳۴: ۵۰۔

۱۸۔ کہہ دے کہ وہ تو اُن کے لیے جو ایمان لائے ہیں ہدایت اور شفا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۴۴۔

۱۹۔ یہ لوگوں کے لیے سوجھ کی باتیں ہیں اور جو لوگ یقین رکھتے ہیں اُن کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۰۔

۲۰۔ یا (یہ نہ) کہو کہ اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہوتی تو ہم ان لوگوں کی نسبت کہیں سیدھے رستے پر ہوتے۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے دلیل اور ہدایت اور رحمت آ گئی ہے۔ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرے اور ان سے (لوگوں کو) پھیرے۔ جو لوگ ہماری آیتوں سے پھیرتے ہیں

اس پھیرنے کے سبب ہم ان کو برے عذاب کی سزا دیں گے۔

الانعام ۶: ۱۵۷۔

۲۱۔ لوگو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے۔ کہہ دو کہ (یہ کتاب) اللہ کے فضل اور اس کی مہربانی سے (نازل ہوئی ہے) تو چاہیے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔ یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

یونس ۱۰: ۵۷-۵۸

۲۲۔ ان کے قصے میں عقلمندوں کے لیے عبرت ہے۔ یہ (قرآن) ایسی بات نہیں ہے جو (اپنے دل سے) بنائی گئی ہو بلکہ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں اُن کی تصدیق (کرنے والا) ہے اور ہر چیز کی تفصیل (کرنے والا) اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

یوسف ۱۲: ۱۱۱۔

۲۳۔ اور (اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے اور (اے پیغمبر!) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے تم پر (ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

النحل ۱۶: ۸۹

۲۴۔ کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْۗءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ۝

۲۱۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ڏ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

۲۲۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲۳۔ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰي هٰٓؤُلَاۗءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

۲۴۔ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

۲۵۔ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۲۶۔ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝

۲۷۔ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ

رکھے اور حکم ماننے والوں کے لیے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے۔

النحل ۱۶: ۱۰۲۔

۲۵۔ اور بیشک یہ مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

النمل ۲۷: ۷۷۔

۲۶۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

لقمٰن ۳۱: ۳۔

۲۷۔ اور مومن لوگ کہتے ہیں کہ (جہاد کی) کوئی سورت کیوں نازل نہیں ہوتی؟ لیکن جب کوئی صاف معنوں کی سورت نازل ہو اور اس میں جہاد کا بیان ہو تو جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے تو تم ان کو دیکھو کہ تمہاری طرف اس طرح دیکھنے لگیں جس طرح کسی پر موت کی بے ہوشی (طاری) ہو رہی ہو۔ سو اُن

کے لیے خرابی ہے۔

۔محمد ۴۷: ۲۰

۲۔ قرآن رحمت ہے

۲۸۔ اور ہم قرآن کے ذریعہ وہ چیز اتارتے ہیں جو ایمان داروں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۲

۲۹۔ بے شک اس (قرآن) میں ایمان والوں کے لیے رحمت اور نصیحت ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۱

۳۔ قرآن بشارت ہے

۳۰۔ کہہ دو کہ جو شخص جبریل کا دشمن ہو (اس کو غصے میں مر جانا چاہیے) اس نے تو (یہ کتاب) خدا کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۷

۳۱۔ اور (اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے اور (اے پیغمبر!) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے تم پر (ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۸۹

۳۲۔ کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور حکم ماننے والوں

مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ

۲۸۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

۲۹۔ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ

۳۰۔ قُلْ مَن كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ

۳۱۔ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ

۳۲۔ قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ آمَنُوا وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ

۳۳۔ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ وَإِنْ عُدتُّمْ عُدْنَا وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا

۳۴۔ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ

۳۵۔ لِيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ

کے لیے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۰۲

۳۳۔ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر وہی (حرکتیں) کرو گے تو ہم بھی وہی (پہلا سلوک) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا رکھا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸

۳۴۔ وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۴

۳۵۔ تاکہ جنہوں نے ظلم کیا ہے انہیں ڈرائے اور نیکوکاروں کے لیے بشارت ہو۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۲

۴۔ قرآن شفا ہے

۳۶۔ لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور اُن (مرضوں) کی جو سینوں میں ہیں، شفا آ چکی ہے اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یونس ۱۰:۵۷۔

۳۷۔ اور ہم قرآن کے ذریعے وہ چیز اتارتے ہیں جو ایمان داروں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۸۲۔

۳۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ ایمان داروں کے لیے ہدایت اور شفا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۴۴۔

۵۔ قرآن نور ہے

۳۹۔ لوگو! کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے یقینی دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمہاری طرف کھلا نور اتارا ہے۔

۔النساء ۴:۱۷۴۔

۴۰۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور آ چکا ہے اور کھلی کتاب بھی۔

۔المائدۃ ۵:۱۵۔

۴۱۔ لیکن ہم نے اس (قرآن) کو نور قرار دیا ہے۔ اس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲:۵۲۔

۶۔ قرآن برہان ہے

۴۲۔ تو جو لوگ آخرت (کو خریدتے اور اس) کے بدلے دنیا کی زندگی کو بیچنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ اللہ کی راہ میں جنگ کریں اور جو شخص اللہ کی راہ میں جنگ کرے پھر شہید ہو جائے یا غلبہ پائے ہم عنقریب اس کو بڑا ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴:۷۴۔

۷۔ قرآن کتاب مبارک ہے

۴۳۔ یہ مبارک کتاب ہے جسے ہم نے اتارا ہے۔ جو کتاب اس سے پہلے ہے اس کی تصدیق کرتی ہے اور اس لیے اتاری ہے کہ تو مکے والوں اور اس کے آس پاس والوں کو ڈرائے۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی نماز کی حفاظت رکھتے ہیں۔

۔الانعام ۶:۹۲۔

۴۴۔ اور یہ مبارک کتاب ہم نے اتاری ہے تو تم اسی پر چلو اور (اللہ سے) ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔الانعام ۶:۱۵۵۔

۳۶۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

۳۷۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

۳۸۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ

۳۹۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُبِينًا ۝

۴۰۔ قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللَّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُبِينٌ ۝

۴۱۔ وَلَٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا

۴۲۔ فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يَشْرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۚ وَمَنْ يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

۴۳۔ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ مُصَدِّقُ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا ۚ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ يُؤْمِنُونَ بِهِ ۖ وَهُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝

۴۴۔ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝

۴۵۔اور یہ مبارک نصیحت ہم نے اُتاری ہے تو کیا تم اس کا انکار کرتے ہو۔

ـالانبیاء ۲۱:۵۰ـ

۴۶۔مبارک کتاب ہے جو ہم نے تیری طرف اتاری ہے تاکہ وہ ان آیتوں میں غور کریں اور عقل والے نصیحت پکڑیں۔

ـص ۳۸:۲۹ـ

۴۷۔یہ ہے جو ہم آیتوں اور پکی نصیحت سے تجھ پر پڑھتے ہیں۔

ـآل عمران ۳:۵۸ـ

۸۔ قرآن حکمت والی کتاب ہے

۴۸۔یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

ـیونس ۱۰:۱ـ

۴۹۔یہ کتاب ہے۔اس کی آیتیں مضبوط کی گئی ہیں، پھر حکمت والے خبردار کی طرف سے تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

ـھود ۱۱:۱ـ

۵۰۔یہ اس حکمت میں سے ہے جو تیرے پروردگار نے تیری طرف وحی کی ہے۔

ـبنی اسرائیل ۱۷:۳۹ـ

۵۱۔یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

ـلقمٰن ۳۱:۲ـ

۵۲۔حکمت والے قرآن کی قسم۔

ـیٰس ۳۶:۲ـ

۵۳۔اور کچھ شک نہیں کہ وہ ہمارے ہاں اصل کتاب (لوحِ محفوظ) میں عالی مرتبہ، حکمت والا ہے۔تو کیا ہم تم سے اس بنا پر نصیحت کو ہٹا لیں کہ تم لوگ حد سے باہر نکل جانے والے ہو؟۔

ـالزخرف ۴۳:۴ـ۵ـ

۹۔ قرآن کتاب مبین ہے

۵۴۔بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور آ چکا ہے اور کھول کر بیان کرنے والی کتاب بھی۔

ـالمائدۃ ۵:۱۵ـ

۵۵۔یہ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

ـیوسف ۱۲:۱ـ

۵۶۔یہ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

ـالشعراء ۲۶:۱ـ۲ والقصص ۲۸:۱ـ۲ـ

۵۷۔یہ قرآن اور کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

ـالنمل ۲۷:۱ـ

۴۵۔وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ۚ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝

۴۶۔كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

۴۷۔ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝

۴۸۔الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝

۴۹۔الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝

۵۰۔ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۚ

۵۱۔تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝

۵۲۔وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝

۵۳۔وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝

۵۴۔قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝

۵۵۔الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

۵۶۔طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

۵۷۔طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝

۵۸۔ اور ہم نے اُسے شعر نہیں سکھلایا اور وہ اس کے لیے مناسب بھی نہیں، وہ تو محض نصیحت اور کھول کر بیان کرنے والا قرآن ہے۔

۔یٰس ۳۶:۶۹۔

۵۹۔ قسم ہے کھول کر بیان کرنے والے کی۔

۔الزخرف ۴۳:۱۔۲ و الدخان ۴۴:۱۔۲۔

۱۰۔ قرآن کتاب عزیز ہے

۶۰۔ بے شک وہ لوگ جنھوں نے نصیحت کا جب وہ ان کے پاس آئی انکار کیا (نا حق پر ہیں) اور کچھ شک نہیں کہ وہ عزت والی کتاب ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۴۱۔

۱۱۔ قرآن کتاب بزرگ ہے

۶۱۔ قسم ہے بزرگ قرآن کی۔

۔قٓ ۵۰:۱۔

۶۲۔ بلکہ وہ تو بزرگ قرآن ہے۔

۔البروج ۸۵:۲۱۔

۱۲۔ قرآن عظمت والا ہے

۶۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) کچھ شک نہیں کہ ہم نے تجھے سات آیتیں دیں جو دہرائی جاتی ہیں اور عظمت والا قرآن دیا۔

۔الحجر ۱۵:۸۷۔

۱۳۔ قرآن بشیر و نذیر ہے

۶۴۔ (قرآن) بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ہے۔ پر ان میں سے اکثر نے مونہہ پھیر لیا، وہ سنتے ہی نہیں۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۴۔

۱۴۔ قرآن عزت والی کتاب ہے

۶۵۔ سو میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی اور اگر تم جانو تو بے شک یہ بڑی (چیز کی) قسم ہے۔ بے شک وہ عزت والا قرآن ہے۔

۔الواقعۃ ۵۶:۷۵۔۷۷۔

۵۸۔ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝

۵۹۔ حٰمۗ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

۶۰۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝

۶۱۔ قۗ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝

۶۲۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝

۶۳۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝

۶۴۔ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝

۶۵۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝

۶۶۔ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

۶۷۔ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝

۶۸۔ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ۝

۱۵۔ قرآن فرقان (حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے)

۶۶۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور ہدایت اور حق و باطل میں فرق کرنے والی کھلی دلیلیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۱۶۔ قرآن آسان ہے

۶۷۔ سو کچھ شک نہیں کہ ہم نے اس سے تیری زبان میں آسان کر دیا کہ تو اس کے ذریعے پرہیزگاروں کو بشارت دے اور تیز اس کے ذریعے سے (نصاریٰ کی) جھگڑالو قوم کو ڈرائے۔

۔مریم ۱۹:۹۷۔

۶۸۔ سو کچھ شک نہیں کہ ہم نے اُسے تیری زبان میں آسان کر دیا ہے تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ سو تو انتظار کر، وہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔

۔الدخان ۴۴:۵۸۔۵۹۔

۶۹۔ اور بے شک ہم نے نصیحت کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے پس کوئی نصیحت پکڑنے والا ہے؟

-القمر ۵۴: ۱۷، ۲۲، ۳۲، ۴۰-

۱۷۔ قرآن کی آیتیں واضح اور صاف ہیں

۷۰۔ اور بے شک ہم نے تیری طرف کھلی آیتیں اُتاریں۔

-البقرۃ ۲: ۹۹-

۷۱۔ اور (قرآن) ہدایت اور حق اور باطل میں فرق کرنے والی کھلی دلیلیں ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵-

۷۲۔ اور (اے پیغمبر ﷺ!) اسی طرح ہم نے اس کو کھلی آیتیں اُتارا ہے۔

-الحج ۲۲: ۱۶-

۷۳۔ یہ ایک سورت ہے اور ہم نے اُسے اُتارا ہے اور ہم نے (اس کے احکام) کو فرض کیا ہے اور اُس میں کھلی آیتیں اُتاری ہیں تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

-النور ۲۴: ۱-

۷۴۔ اور بے شک ہم نے تمہاری طرف کھول کر بیان کرنے والی آیتیں اتاری ہیں اور (نیز) جو لوگ گذر گئے ان کی کہاوتیں اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت۔

-النور ۲۴: ۳۴-

۷۵۔ بے شک ہم نے کھول کر بیان کرنے والی آیتیں اتاری ہیں۔

-النور ۲۴: ۴۶-

۷۶۔ وہی (اللہ) ہے۔ جو اپنے بندے پر کھلی آیتیں اُتارتا ہے تاکہ اُنہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکالے اور بے شک اللہ تم پر شفیق، مہربان ہے۔

-الحدید ۵۷: ۹-

۶۹۔ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ۝

۷۰۔ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ

۷۱۔ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

۷۲۔ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ

۷۳۔ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۝

۷۴۔ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ۝

۷۵۔ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۭ

۷۶۔ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۝

۷۷۔ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۭ

۷۸۔ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ

۷۹۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ

۸۰۔ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ۝

۷۷۔ اور بے شک ہم نے کھلی آیتیں اتاری ہیں۔

-المجادلۃ ۵۸: ۵-

۷۸۔ (ہم نے بھیجا) رسول جو تم پر اللہ کی کھول کر بیان کرنے والی آیتیں پڑھتا ہے۔

-الطلاق ۶۵: ۱۱-

۷۹۔ لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت آ چکی ہے اور اُس (مرض) کی شفا بھی جو سینوں میں ہے۔

-یونس ۱۰: ۵۷-

۸۰۔ (اے نبی ﷺ!) تیری طرف اُتاری گئی ہے کتاب تو اُس سے تیرے دل میں (کسی طرح کی) تنگی پیدا نہ ہو۔ تاکہ تو اُس کے ذریعے لوگوں کو ڈرائے اور مومنوں کے لیے نصیحت ہو۔

-الاعراف ۷: ۲-

۸۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) اس میں تیرے پاس حق آ چکا اور ایمان داروں کے لیے نصیحت اور خیر خواہی بھی۔

۔ھود ۱۲۰:۱۱۔

۸۲۔ (اے نبی ﷺ) ہم نے تجھ پر قرآن اس لیے نہیں اُتارا کہ تو مشقت میں پڑے۔ ہاں اُس کے لیے نصیحت ہے جو ڈرے۔ اُس کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱-۴۔

۸۳۔ بے شک ہم ہی نے اس نصیحت کو اُتارا ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔

۔الحجر ۹:۱۵۔

۸۴۔ بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک کتاب اتاری ہے۔ اُس میں تمہاری خیر خواہی ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟

۔الانبیاء ۱۰:۲۱۔

۸۵۔ اور یہ (قرآن) مبارک نصیحت ہے ہم نے اسے اُتارا ہے تو کیا تم اس کا انکار کرتے ہو؟

۔الانبیاء ۵۰:۲۱۔

۸۶۔ اور ہم نے اس کو شعر نہیں سکھایا اور وہ اُس کے مناسب بھی نہیں وہ تو محض نصیحت اور کھول کر بیان کرنے والا قرآن ہے۔

۔یٰسٓ ۶۹:۳۶۔

۸۷۔ نصیحت والے قرآن کی قسم۔

۔صٓ ۱:۳۸۔

۸۸۔ وہ تو جہان والوں کے لیے محض نصیحت ہے اور بس۔ اور تم ایک وقت کے بعد ضرور اس کی خبر معلوم کرلو گے۔

۔صٓ ۸۷:۳۸-۸۸۔

۸۹۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے نصیحت کا جب ان کے پاس آئی انکار کیا (ناحق پر ہیں) اور بے شک وہ عزت والی کتاب ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۴۱۔

۸۱۔ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۸۲۔ طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝

۸۳۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝

۸۴۔ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

۸۵۔ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ۭ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝

۸۶۔ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝

۸۷۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝

۸۸۔ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝

۸۹۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝

۹۰۔ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ۝

۹۱۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۹۲۔ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝

۹۳۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

۹۴۔ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

۹۰۔ اور بے شک وہ تیرے اور تیری قوم کے لیے نصیحت ہے اور عنقریب ہی تم سے (اُس کی بابت) پوچھا جائے گا۔

۔الزخرف ۴۴:۴۳۔

۹۱۔ بے شک اس میں ایمان دار لوگوں کے لیے رحمت اور نصیحت ہے۔

۔العنکبوت ۵۱:۲۹۔

۹۲۔ بے شک اُس نے تمہاری طرف نصیحت اُتاری ہے۔

۔الطلاق ۱۰:۶۵۔

۹۳۔ اور وہ تو جہان والوں کے لیے محض نصیحت ہے اور بس۔

۔القلم ۵۲:۶۸۔

۹۴۔ اور بے شک وہ پرہیزگاروں کے لیے یاددہانی ہے۔

۔الحاقۃ ۴۸:۶۹۔

۹۵۔ بے شک یہ ایک نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ اختیار کرلے۔

۔المزمل ۱۹:۷۳، والدھر ۲۹:۷۶۔

۹۶۔ ہرگز یوں نہیں ہے، وہ تو نصیحت ہے تو جو چاہے اس سے نصیحت پکڑے۔

۔المدثر ۵۴:۷۴۔۵۵۔

۹۷۔ ہرگز یوں نہیں ہے، وہ تو ایک نصیحت ہے تو جو چاہے اس سے نصیحت پکڑے۔

۔عبس ۸۰:۱۱۔۱۲۔

۹۸۔ وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔ اس کے لیے جو تم میں سے سیدھا ہونا چاہے۔

۔التکویر ۸۱:۲۷۔۲۸۔

۱۹۔ قرآن برحق اور سچی کتاب ہے

۹۹۔ اور وہ (قرآن) حق ہے اس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو ان کے پاس ہے۔

۔البقرۃ ۹۱:۲۔

۱۰۰۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تجھ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲۵۲:۲، وآل عمران ۱۰۸:۳۔

۱۰۱۔ (اے نبی ﷺ!) تجھ پر دین حق کے ساتھ کتاب اُتاری جو اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

۔آل عمران ۳:۳۔

۱۰۲۔ بے شک ہم نے تیری طرف دین حق کے ساتھ کتاب اتاری تا کہ تو لوگوں کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سمجھائے اور تو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑا نہ کر۔ اور اللہ سے معافی مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔النساء ۱۰۵:۴۔۱۰۶۔

۱۰۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اتاری۔

۔المائدۃ ۴۸:۵۔

۱۰۴۔ اور تیری قوم نے اسے جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے۔

۔الانعام ۶۶:۶۔

۱۰۵۔ اور وہ (اللہ) وہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اتاری اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے، وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے دین حق کے ساتھ اتاری گئی ہے۔

۔الانعام ۱۱۴:۶۔

۱۰۶۔ بے شک تیرے پاس تیرے پروردگار کی طرف سے حق آیا ہے۔

۔یونس ۹۴:۱۰۔

۹۵۔ إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ ۖ فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا

۹۶۔ كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ

۹۷۔ كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ

۹۸۔ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ

۹۹۔ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ

۱۰۰۔ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ

۱۰۱۔ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۱۰۲۔ إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ ۚ وَلَا تَكُن لِّلْخَائِنِينَ خَصِيمًا ۝ وَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا

۱۰۳۔ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ

۱۰۴۔ وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ

۱۰۵۔ وَهُوَ الَّذِي أَنزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا ۚ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ

۱۰۶۔ لَقَدْ جَاءَكَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ

۱۰۷۔ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيلٍ ۝

۱۰۷۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ لوگو! تمہارے پاس پروردگار کی طرف سے حق آ چکا ہے۔ پس جو ہدایت پر ہو گیا تو وہ اپنے ہی نفع کے لیے ہدایت پر ہوا اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے اور میں تم پر داروغہ نہیں ہوں۔

۔یونس ۱۰:۱۰۸۔

۱۰۸۔ إِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

۱۰۸۔ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے حق ہے لیکن (اس بات کو) اکثر آدمی نہیں جانتے۔

۔ھود ۱۱:۱۷۔

۱۰۹۔ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

۱۰۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اس بیان میں تیرے پاس حق اور ایمان داروں کے لیے نصیحت اور خیر خواہی آ چکی ہے۔

۔ھود ۱۱:۱۲۰۔

۱۱۰۔ المر ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ ۗ وَالَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

۱۱۰۔ یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہ حق ہے۔ لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے۔

۔الرعد ۱۳:۱۔

۱۱۱۔ وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ

۱۱۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے اس کو حق کے ساتھ اُتارا ہے اور وہ حق ہی کے ساتھ اترا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۵۔

۱۱۲۔ وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ

۱۱۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) جنہیں علم دیا گیا ہے وہ یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہی حق ہے۔

۔سبا ۳۴:۶۔

۱۱۳۔ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۚ

۱۱۳۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے دین حق کے ساتھ خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔

۔فاطر ۳۵:۲۴۔

۱۱۴۔ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ۝

۱۱۴۔ (اے نبی ﷺ!) جو کتاب ہم نے تیری طرف بذریعہ وحی بھیجی ہے، وہ حق ہے۔ اس کتاب کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔ بے شک اللہ اپنے بندوں سے خبردار ہے، (انہیں) دیکھتا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۳۱۔

۱۱۵۔ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ۝

۱۱۵۔ بلکہ وہ تو حق لایا ہے اور اس نے (پہلے) رسولوں کی تصدیق کی ہے۔

۔الصفت ۳۷:۳۷۔

۱۱۶۔ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ۝

۱۱۶۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اُتاری ہے تو تو اللہ کی عبادت خاص اسی کی اطاعت کرتا ہوا کر۔

۔الزمر ۳۹:۲۔

۱۱۷۔ إِنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۖ

۱۱۷۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ پر لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے حق کے ساتھ کتاب اُتاری ہے۔

۔الزمر ۳۹:۴۱۔

۱۱۸۔ اللہ ہی ہے جس نے کتاب برحق اور ترازو اتاری اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہی (آ لگی) ہو۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۷۔

۱۱۹۔ سو آسمان اور زمین کے پروردگار کی قسم وہ (ایسا ہی) حق ہے جیسے تم بولتے ہو۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۲۳۔

۱۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ) بے شک وہ یقینی حق ہے۔

۔الحاقہ ۶۹: ۵۱۔

۱۲۱۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۔

۲۰۔ قرآن میں شک کی گنجائش نہیں

۱۲۲۔ یہ کتاب ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۔

۱۲۳۔ اس میں جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہونے میں کچھ شک نہیں ہے۔

۔یونس ۱۰: ۳۷۔

۱۲۴۔ کتاب کا نازل کرنا اس میں شک نہیں کہ جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۔

۲۱۔ قرآن میں کچھ کجی نہیں

۱۲۵۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اس میں کسی قسم کی کجی نہیں رکھی۔

۔الکہف ۱۸: ۱۔

۱۲۶۔ قرآن عربی جس میں کچھ کجی نہیں تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں۔

۔الزمر ۳۹: ۲۸۔

۱۱۸۔ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ۝

۱۱۹۔ فَوَرَبِّ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝

۱۲۰۔ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ۝

۱۲۱۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۲۲۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

۱۲۳۔ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۲۴۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۲۵۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝

۱۲۶۔ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝

۱۲۷۔ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝

۱۲۸۔ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۱۲۹۔ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

۲۲۔ قرآن میں باطل کا دخل نہیں

۱۲۷۔ اس میں باطل نہ اس کے آگے سے آتا ہے اور نہ اس کے پیچھے سے۔ حکمت والے، قابلِ تعریف کا اتارا ہوا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۴۲۔

۲۳۔ قرآن سوجھ بوجھ پیدا کرنے والا ہے

۱۲۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۳۔

۱۲۹۔ یہ لوگوں کے لیے سوجھ کی باتیں ہیں اور جو لوگ یقین کرتے ہیں ان کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۲۰۔

۲۴۔ قرآن اللہ کی طرف سے کھلی دلیل ہے

۱۳۰۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی۔

۔الانعام ۶:۱۵۷۔

۱۳۱۔ تو کیا میں اللہ کے سوا فیصل ڈھونڈوں حال آنکہ وہ وہ ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری۔

۔الانعام ۶:۱۱۴۔

۲۵۔ قرآن مفصل ہے اور اس میں ہر شے کا بیان ہے

۱۳۲۔ اور بے شک ہم اُن کے پاس ایسی کتاب لائے ہیں جس کو ہم نے علم کے ساتھ مفصل بیان کیا ہے۔ ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الاعراف ۷:۵۲۔

۱۳۳۔ اور یہ قرآن وہ نہیں کہ سوائے خدا کے گھڑ لیا جائے لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور کتاب (تورات) کی تفصیل ہے۔ اس میں شک نہیں ہے جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۔یونس ۱۰:۳۷۔

۱۳۴۔ بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے۔ گھڑی ہوئی بات نہیں ہے لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور ہر شے کی تفصیل ہے۔

۔یوسف ۱۲:۱۱۱۔

۱۳۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر کتاب اتاری ہر شے کا بیان اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶:۸۹۔

۱۳۰۔ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ

۱۳۱۔ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ

۱۳۲۔ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰي عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۱۳۳۔ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰي مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۳۴۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ

۱۳۵۔ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

۱۳۶۔ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

۱۳۷۔ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ڰ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝

۱۳۶۔ یہ ایک کتاب ہے کہ جس کی آیتیں اُن لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں قرآن عربی بنا کر تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۳۔

۲۶۔ قرآن کا اللہ سے ڈرنے والوں کے دل پر اثر ہوتا ہے

۱۳۷۔ اللہ نے سب سے اچھی بات اُتاری ہے (یعنی) یکساں کتاب۔ دہرائی جانے والی۔ اس سے ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں۔ پھر اللہ کے ذکر کے لیے اُن کی کھالیں اور اُن کے دل نرم پڑ جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے جسے وہ چاہتا ہے یہ ہدایت دیتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔

۔الزمر ۳۹:۲۳۔

۲۷۔ اہلِ کتاب قرآن سن کر روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں

۱۳۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، بے شک اس سے پہلے جنھیں علم دیا گیا ہے جب وہ اُن پر پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں پر سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بے شک ہمارے پروردگار کا وعدہ پورا ہو کر ہی تھا۔ اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں پر گر پڑتے ہیں اور وہ اُن کی فروتنی (اور) بڑھاتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۷۔۱۰۹۔

۲۸۔ اگر قرآن کسی پہاڑ پر اترتا تو وہ اللہ کے خوف سے پھٹ جاتا

۱۳۹۔ اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو تو اُسے اللہ کے خوف سے دب جانے والا، پھٹ جانے والا دیکھتا اور یہ کہاوتیں ہیں جو ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔

۔الحشر ۵۹: ۲۱۔

۲۹۔ رسول اللہ ﷺ کا قرآن بھولنے سے محفوظ ہونا

۱۴۰۔ (اے نبی ﷺ) ہم تجھے پڑھائیں گے پس نہیں بھولے گا مگر جس قدر اللہ چاہے۔ وہ جانتا ہے کھلی بات کو بھی اور جو چھپا ہے (اس کو بھی) اور ہم تیرے لیے آسانی کی راہ مہیا کریں گے۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۶۔۸۔

۳۰۔ قرآن اس چھپی کتاب میں مندرج ہے جسے پاک اشخاص ہی چھوتے ہیں

۱۴۱۔ (قرآن) چھپی کتاب میں ہے۔ اُس کو سوائے پاکوں کے کوئی نہیں چھوتا۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۷۸۔۷۹۔

۱۳۸۔ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۝

۱۳۹۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

۱۴۰۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۭ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝

۱۴۱۔ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۙ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝

۱۴۲۔ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍۢ ۙ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۙ كِرَامٍۢ بَرَرَةٍ ۝

۱۴۳۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

۱۴۴۔ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۭ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝

۳۱۔ قرآن پاک صحیفوں میں لکھا ہوا ہے

۱۴۲۔ (قرآن) عزت والے صحیفوں میں ہے۔ اونچے (اور) پاک صحیفوں میں جو لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ (اور وہ لکھنے والے) بزرگ اور نیکوکار ہیں۔

۔عبس ۸۰: ۱۳۔۱۶۔

۳۲۔ قرآن لوح محفوظ میں مندرج ہے

۱۴۳۔ بلکہ وہ تو قرآن بزرگ ہے لوح محفوظ میں (مندرج ہے)۔

۔البروج ۸۵: ۲۱۔۲۲۔

۳۳۔ قرآن کا رسول اللہ ﷺ کو یاد کرانا اور اس کی تفسیر سمجھانا اللہ کے ذمے ہے

۱۴۴۔ قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو اس لیے حرکت نہ دے کہ تو اُسے جلدی سے یاد کر لے۔ بے شک اُس کا (تیرے سینے میں) جمع

کرنا اور پڑھوا دینا ہمارا ذمہ ہے۔ پھر جب ہم (بذریعہ جبریل علیہ السلام) اس کو پڑھیں تو اُس کے بعد اُس کی قرأت تو بھی کر۔ پھر اُس کو سمجھانا بھی ہمارا ذمہ ہے۔

-القیامۃ ۷۵: ۱۶-۱۹

۴۳۔ قرآن میں ہر قسم کی امثال ہیں

۱۴۵۔ اور بے شک ہم نے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اس قرآن میں بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی۔ سو اکثر لوگوں نے سوائے ناشکری کے کسی بات کو منظور نہ کیا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۹

۱۴۶۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی اور انسان بڑا ہی جھگڑالو ہے۔

-الکہف ۱۸: ۵۴

۱۴۷۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی اور اگر تو اُن کے پاس کوئی نشانی لائے تو جو لوگ کافر ہوئے ہیں وہ ضرور یہی کہیں گے کہ تم تو محض باطل پر ہو۔

-الروم ۳۰: ۵۸

۱۴۸۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھنے کے) لیے ہر قسم کی کہاوت بیان کی تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

-الزمر ۳۹: ۲۷

قرآنِ مجید کے من جانب اللہ ہونے کی دلائل

۱۔ قرآن کے بنانے پر سوا اللہ کے کوئی قادر نہیں

۱۔ اور اگر تم اس کی طرف سے جو ہم نے اپنے بندے پر

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝

۱۴۵۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝

۱۴۶۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝

۱۴۷۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَىِٕنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ۝

۱۴۸۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

۱۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰي عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَاۗءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُھَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ښ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝

۲۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ

اتارا ہے شک میں ہو تو اسی طرح کی ایک سورت تم بھی (بنا) لاؤ اور اللہ کے سوا اپنے گواہوں کو بلا لو اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر تم یہ نہ کر سکو اور تم ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں وہ (آگ) کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳-۲۴

۲۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے خود اُسے گھڑ لیا ہے (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ اسی طرح کی ایک سورت تم بھی لے آؤ اور اللہ کے سوا جسے تم بلا سکو بلا لو اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ بلکہ انہوں نے اُس بات کو جس کا علم سے انہوں نے احاطہ نہیں کیا، جھٹلایا۔ حالانکہ ابھی تک اُس کی اصل حقیقت اُن کے پاس نہیں آئی اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو اُن سے پہلے ہوئے ہیں۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ظالموں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

اور کوئی ان میں سے اُس پر ایمان لاتا ہے اور کوئی ان میں سے اُس پر ایمان نہیں لاتا اور تیرا پروردگار مفسدوں کو خوب جانتا ہے اور اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو کہہ دے کہ میرے لیے میرے عمل اور تمہارے لیے تمہارے عمل۔ تم اُس سے بیزار ہو جو میں کرتا ہوں اور میں اُس سے بیزار ہوں جو تم کرتے ہو۔

۔یونس ۱۰: ۳۸۔۴۱۔

۳۔کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود گھڑ لیا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم بھی ایسی ہی گھڑی ہوئی دس سورتیں لے آؤ اور اللہ کے سوا جس کو بلا سکو (اپنی مدد کے لیے) بلا لو۔ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر کچھ جواب نہ دیں تو جان لو کہ وہ اللہ کے علم سے اُتارا گیا ہے اور یہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں تو کیا تم اسلام لانے والے ہو؟

۔ھود ۱۱: ۱۳۔۱۴۔

۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر (سارے) انسان اور جن اس بات پر جمع ہو جائیں کہ اس جیسا قرآن لے آئیں تو وہ اُس جیسا (ہرگز) نہ لا سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۸۔

۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب لاؤ جو ہدایت میں ان دونوں (تورات و قرآن) سے بڑھ کر ہو۔ میں اُسی پر چلنے لگوں گا اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر وہ تجھے کچھ جواب نہ دیں تو جان لے کہ وہ محض اپنی خواہشوں پر چلتے ہیں اور اُس سے بڑھ کر گمراہ کون جو اللہ کی ہدایت کے بغیر اپنی

وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾

۳۔ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٣﴾ فَإِلَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا أُنزِلَ بِعِلْمِ اللَّهِ وَأَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٤﴾

۴۔ قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾

۵۔ قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ أَهْدَىٰ مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٩﴾ فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٠﴾

۶۔ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٣٤﴾

۷۔ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٤﴾

خواہش پر چلا؟ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔القصص ۲۸: ۴۹۔۵۰۔

۶۔ پس انہیں چاہیے کہ وہ بھی ایسی ہی ایک حدیث لے آئیں اگر وہ (اپنے دعوے میں) سچے ہیں۔

۔الطور ۵۲: ۳۴۔

۲۔ قرآن میں غیب کی خبروں کا ہونا

۷۔(اے نبی ﷺ!) یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اور تو (اس وقت) ان کے پاس نہیں تھا جب وہ اپنے قلم (پانی میں بطور قرعہ اندازی کے) ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کا ذمہ لے اور تو ان کے پاس نہیں تھا جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔

۔آل عمران ۳: ۴۴۔

۸۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اس سے پہلے نہ تو ان کو جانتا تھا اور نہ تیری قوم ہی۔ تو تو صبر کر۔ بے شک انجام (نیک) پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

۔ھود ۱۱:۴۹۔

۹۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اور تو ان کے پاس نہیں تھا جب وہ اپنے کام کو ٹھہرا رہے تھے اور وہ مکر کر رہے تھے اور اکثر آدمی اگرچہ تو حرص کرے، ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور تو اس پر ان سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔

۔یوسف ۱۲:۱۰۲۔۱۰۴۔

۱۰۔ اسی طرح ہم تجھ سے وہ خبریں بیان کرتے ہیں جو پہلے ہو چکی ہیں اور بے شک ہم نے تجھے اپنے پاس سے نصیحت دی۔

۔طٰہٰ ۲۰:۹۹۔

۱۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو (طور کی) مغربی جانب میں نہ تھا جب ہم نے موسیٰ کی طرف حکم کا فیصلہ کیا تھا اور تو (اُس وقت وہاں) موجود نہ تھا۔ لیکن (بات یہ ہے کہ) ہم نے (اُس کے بعد) بہت سے قرن پیدا کیے پھر ان کی لمبی عمریں گذر گئیں اور مدین کے رہنے والوں میں مقیم نہ تھا کہ ان پر ہماری آیتیں پڑھتا ہو لیکن (بات یہ ہے کہ) ہم (تجھے پیغمبر بنا کر) بھیجنے والے ہیں اور تو طور کے کنارے پر نہ تھا جب ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) پکارا تھا لیکن (یہ تجھے) تیرے پروردگار کی رحمت سے (معلوم ہوا) تاکہ تو ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔القصص ۲۸:۴۴۔۴۶۔

۸۔ تِلْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهَا إِلَيْكَ ۖ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هَٰذَا ۖ فَاصْبِرْ ۖ إِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ ۝

۹۔ ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۖ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ۝ وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ۝

۱۰۔ كَذَٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِنْ لَدُنَّا ذِكْرًا ۝

۱۱۔ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ إِذْ قَضَيْنَا إِلَىٰ مُوسَى الْأَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَلَٰكِنَّا أَنْشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَلَٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ۝ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّورِ إِذْ نَادَيْنَا وَلَٰكِنْ رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَا أَتَاهُمْ مِنْ نَذِيرٍ مِنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝

۱۲۔ وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ

۱۳۔ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا ۝

۱۴۔ إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

۳۔ قرآن کا حق ہونا اہل علم جانتے ہیں

۱۲۔ اور جنہیں علم دیا گیا ہے انہیں یقین ہے کہ جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی جانب سے نازل کیا گیا ہے، وہی حق ہے۔

۔سبا ۳۴:۶۔

۴۔ قرآن میں اختلاف کا نہ ہونا

۱۳۔ تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر وہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو بے شک وہ اس میں بہت سا اختلاف پاتے۔

۔النساء ۴:۸۲۔

۵۔ بنی اسرائیل کے صحیح صحیح حالات بیان کرنا

۱۴۔ بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

۔النمل ۲۷:۷۶۔

۶۔ انبیائے سابقین کے صحیفوں میں مذکور ہونا

۱۵۔ اور بے شک وہ پہلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۹۶۔

۱۶۔ بے شک یہ (قرآن) پہلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۱۸۔۱۹۔

۷۔ قرآن کی حقیقت اہلِ کتاب جانتے تھے

۱۷۔ تو کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو فیصل تلاش کروں اور وہ وہ ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ دینِ حق کے ساتھ تیرے پروردگار کی طرف سے اتارا گیا ہے۔ تو تو ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہو۔

۔الانعام ۶: ۱۱۴۔

۱۸۔ کیا اُن کے لیے یہ نشانی (کافی) نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے عالم اُس کو جانتے ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۹۷۔

۸۔ قرآن کے من جانب اللہ ہونے پر ایک عالمِ بنی اسرائیل کی شہادت

۱۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتلاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اس جیسے (قرآن) کی گواہی بھی دے چکا۔ چنانچہ وہ ایمان لے آیا اور تم نے غرور کیا (تو اس حالت میں تمہارا کیا انجام ہوگا)۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۰۔

۱۵۔ وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ۝

۱۶۔ إِنَّ هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ۝ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ۝

۱۷۔ أَفَغَيْرَ اللَّهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي أَنزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا ۚ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝

۱۸۔ أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝

۱۹۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

۲۰۔ وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ ۖ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا ۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ ۝ قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءُ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝

۹۔ قرآن پر جنوں کا ایمان لانا

۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) وہ وقت یاد کر کہ جب ہم نے جنوں کے کچھ اشخاص تیری طرف پھیر دیے کہ قرآن سنیں۔ سو جب وہ اُس (کی تلاوت) پر آ موجود ہوئے تو بولے کہ خاموش رہو۔ پھر تلاوت ختم کی گئی اور وہ ڈرانے کے لیے اپنی قوم کی طرف واپس آئے۔ کہنے لگے کہ بھائیو! ہم نے ایک کتاب سنی جو موسیٰ کے بعد اتاری گئی ہے۔ وہ اس کی تصدیق کرتی ہے جو اُس سے پہلے ہے، حق کی طرف اور سیدھی راہ پر لگاتی ہے۔ بھائیو! اللہ کے منادی کی بات قبول کرو اور اس پر ایمان لاؤ۔ وہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور دردناک عذاب سے تمہیں نجات دے گا۔ اور جو اللہ کے منادی کی بات قبول نہ کرے گا وہ زمین پر عاجز کرنے والا نہیں ہے اور اس کے اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں، وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۲۹۔۳۲۔

۲۱۔ قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ﴿١﴾ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ ۖ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا ﴿٢﴾ وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ﴿٣﴾ وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطًا ﴿٤﴾ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ﴿٥﴾ وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا ﴿٦﴾ وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَدًا ﴿٧﴾ وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ﴿٨﴾ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ﴿٩﴾ وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿١٠﴾ وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا دُونَ ذَٰلِكَ ۖ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا ﴿١١﴾ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن نُّعْجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَبًا ﴿١٢﴾ وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَلَا رَهَقًا ﴿١٣﴾ وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿١٤﴾ وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿١٥﴾ وَأَن لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقًا ﴿١٦﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿١٧﴾ وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ﴿١٨﴾ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿١٩﴾

۲۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ جنوں کے کچھ اشخاص نے (قرآن) سنا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے عجیب قرآن سنا۔ وہ ہدایت کی طرف لگاتا ہے۔ سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ ہرگز کسی کو شریک نہیں کریں گے۔ اور بے شک ہمارے پروردگار کی عزت بلند ہے۔ اس نے نہ بیوی اختیار کی نہ اولاد۔ اور بے شک ہمارے بیوقوف اللہ پر زیادتی کی باتیں کہا کرتے تھے۔ اور ہم خیال کرتے تھے کہ انسان اور جن ہرگز اللہ پر جھوٹ نہ بولیں گے اور انسانوں میں سے کچھ اشخاص جنوں میں سے بعض اشخاص کی پناہ پکڑتے تھے تو انہوں نے ان کا غرور اور بڑھا دیا۔ اور جیسے تم نے گمان کیا انہوں نے بھی یہی گمان کیا تھا کہ اللہ کسی کو (پیغمبر بنا کر) نہیں بھیجے گا اور ہم نے آسمانوں کو ٹٹولا تو ہم نے اُن کو سخت چوکیداروں اور آگ کے شعلوں سے بھرا ہوا پایا۔ اور (پہلے) ہم اُن میں سننے کی جگہ بیٹھ جایا کرتے تھے مگر جو اب سنتا ہے تو وہ اپنے لیے آگ کا ایک شعلہ گھات میں لگا ہوا پاتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ ان لوگوں کے لیے جو زمین میں ہیں شر کا ارادہ کیا گیا ہے یا اُن کے لیے اُن کے پروردگار نے بھلائی کا ارادہ کیا ہے اور بے شک ہم میں سے بعض نیک ہیں اور بعض ہم میں سے اس کے برعکس ہیں۔ ہم مختلف راہوں والے ہیں اور بے شک ہمیں یقین ہو گیا کہ ہرگز ہم اللہ کو نہ زمین میں (چھپ کر) عاجز کر سکیں گے اور نہ کہیں بھاگ کر اُس کو عاجز کر سکیں۔ اور ہم ہدایت کی بات پر جب ہم نے اُس کو سنا، ایمان لے آئے۔ سو جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے گا وہ نہ کمی سے ڈرے گا نہ زیادتی سے۔ اور بے شک ہم میں بعض مسلمان ہیں اور بعض ہم میں نا انصاف۔ پس جو اسلام لایا تو انہیں نے بھلائی کا قصد کیا اور جو ظالم ہیں وہ دوزخ کا ایندھن بنے۔ اور (میری طرف یہ وحی کی گئی ہے) کہ اگر یہ لوگ راہ پر قائم رہتے تو ہم ان کو ضرور وافر پانی پلاتے۔ تاکہ ہم ان کو اس میں آزمائیں۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے گا وہ اس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔ اور یہ (وحی کی گئی ہے) کہ مسجدیں سب اللہ (کی عبادت) کے لیے ہیں تو تم اللہ کے ساتھ اور کسی کو نہ پکارو۔ اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ (محمد ﷺ) اس کو پکارنے کھڑا ہوا تو وہ (جن) قریب تھے کہ اس پر ایک کے اوپر ایک گر پڑیں۔

۔الجن ۷۲: ۱۔۱۹۔

مناظرات

۱۔ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ قُلْ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ قُلْ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۱۔(اللہ نے مویشیوں کے) آٹھ جوڑے پیدا کیے۔ بھیڑ کے دو (نرو مادہ) اور بکری کے دو۔(اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ اللہ نے دونروں کو حرام کیا ہے یا مادینوں کو یا اس کو جو دونوں مادینوں کے رحم کے اندر ہے؟ اگر تم سچے ہو تو مجھے علم سے بتلاؤ۔ اور اونٹ سے دو اور گائے سے دو۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ (اللہ نے) دونروں کو حرام کیا ہے یا دو مادینوں کو۔ یا اُس کو جو دونوں مادینوں کے رحم کے اندر ہے؟ یا تم اس وقت موجود تھے جب تمہیں اللہ نے اُس کی وصیت فرمائی تھی؟ سو اس سے بڑھ کر ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا تاکہ بغیر علم کے لوگوں کو گمراہ کرے۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔الانعام ۶: ۱۴۳۔ ۱۴۴

۲۔ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

۲۔ بلکہ انہوں نے اُسی طرح کہا جس طرح (ان سے) پہلوں نے کہا تھا۔ کہا کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم پھر اٹھائے جائیں گے۔ یہ وعدہ ہم سے بھی کیا گیا اور اب سے پہلے ہمارے باپ دادوں سے بھی۔ یہ تو کچھ بھی نہیں صرف اگلوں کی کہانیاں ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ زمین اور جو (آدمی) اس میں ہیں۔ وہ کس کی ملک ہیں؟ اگر تم جانتے ہو تو (بتلاؤ)۔ وہ اس کا جواب دیں گے کہ اللہ کی۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ پھر تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے؟ پوچھ کہ ساتوں آسمانوں کا پروردگار اور عرش عظیم کا پروردگار کون ہے؟ وہ کہیں گے کہ یہ اللہ ہی کی ملک ہیں۔ (اے نبی ﷺ) کہہ کہ پھر تم ڈرتے نہیں؟ پوچھ کہ وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر شے کی سلطنت ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اُس کے خلاف ہو کر (کسی کو) پناہ نہیں دی جاتی؟ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ)۔ وہ کہیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ کا ہے۔ کہہ دے کہ پھر تم کو جادو کہاں سے ہو جاتا ہے؟ بلکہ ہم تو اُن کے پاس حق لائے ہیں اور بے شک وہ جھوٹے ہیں۔

۔المومنون ۲۳: ۸۱۔ ۹۰

۳۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ اِذْ قَالَ

۳۔(اے پیغمبر ﷺ!) کیا تم نے اس شخص پر نظر نہیں کی جو ابراہیم سے اُن کے پروردگار کے بارے میں محض اس لیے حجت کرنے لگا کہ اللہ نے اُس کو سلطنت دی تھی۔ جب ابراہیم نے کہا کہ میرا پروردگار تو وہ ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ وہ بولا کہ میں بھی جلاتا اور مارتا ہوں۔ ابراہیم نے کہا اچھا اللہ تو آفتاب کو مشرق سے نکالتا

ہے تو اُس کو مغرب سے نکال لے تو جانیں۔ اس پر وہ کافر ہکا بکا ہو کر رہ گیا۔ اللہ ضدی لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا؟

۔البقرۃ ۲:۲۵۸۔

مواعظ القرآن

۱۔ عبرت امم سابقہ کے حالات سے

۱۔(لوگو!) تم سے پہلے دستور پڑ چکے ہیں تو تم ملک میں سیر کرو اور دیکھو کر جھٹلانے والوں کا انجام کیا (برا) ہوا۔ یہ لوگوں کے لیے بیان ہے اور متقیوں کے لیے ہدایت اور نصیحت۔

۔آل عمران ۳:۱۳۷۔۱۳۸۔

۲۔اور اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی آتی ہے اُسی کی طرف سے وہ مونہہ پھیر لیتے ہیں۔ سو بے شک وہ تو حق کو جب اُن کے پاس آیا جھٹلا چکے۔ اب عنقریب ہی اُن کے پاس اُس بات کی خبریں آئیں گی جس کی (وہ) ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ اُن سے پہلے ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر ماریں، ہم نے انہیں ملک میں وہ عروج دیا تھا جو تمہیں نہیں دیا اور ہم نے ان پر آسمان کی دھاریں چھوڑ دی تھیں۔ اور ان کے (محلوں کے) نیچے ہم نے نہریں جاری کر رکھی تھیں پھر ہم نے انہیں اُن کے گناہوں (کی سزا) میں ہلاک کر دیا اور اُن کے بعد ہم نے دوسرے لوگ پیدا کر دیے۔

۔الانعام ۶:۴۔۶۔

إِبْرٰهِيمُ رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ قَالَ أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ ۖ قَالَ إِبْرٰهِيمُ فَإِنَّ اللَّهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ۝

۱۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ هٰذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِلْمُتَّقِينَ ۝

۲۔ وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبٰؤُا مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ مَكَّنّٰهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهٰرَ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوبِهِمْ وَأَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝

۳۔ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝

۴۔ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝

۵۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَخَذْنٰهُمْ بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ

۳۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تجھ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ ٹھٹھا کیا گیا تھا تو جو لوگ ان میں ٹھٹھا کرتے تھے اُن کو اسی عذاب نے آگھیرا جس کی وجہ سے وہ ٹھٹھا کیا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶:۱۰۔

۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم ملک کی سیر کرو پھر غور کرو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

۔الانعام ۶:۱۱

۵۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلی اُمتوں کی طرف بھی پیغمبر بھیجے۔ پھر ہم نے انہیں محتاجی اور تکلیفوں میں مبتلا کیا تا کہ وہ (ہمارے آگے) گڑگڑائیں۔ پس جب ہمارا عذاب اُن پر آیا وہ کیوں نہ گڑگڑائے۔ بلکہ ان کے دل (اور) سخت ہو گئے اور جو (برے) کام وہ کیا کرتے تھے اُن کو

شیطان نے اُن کی نظر میں اچھا کر دکھلایا۔ پس جب وہ اُس نصیحت کو بھول گئے جو انہیں کی گئی تھی تو ہم نے اُن پر ہر (آرام کی) چیز کے دروازے کھول دیے۔ یہاں تک کہ جب وہ اُس (نعمت) سے جو اُنہیں دی گئی تھی خوش ہو گئے تو اچانک اُنہیں ہم نے (عذاب میں) دھر پکڑا، تو فوراً ہی وہ ناامید تھے۔ سو اُن لوگوں کی، جو ظلم کرتے تھے جڑ کاٹ دی گئی اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

-الانعام ٦: ٤٣-٤٥-

٦-اور کتنی ہی بستیاں ہیں جن کو ہم نے ہلاک کر مارا اُن پر رات کو سوتے وقت ہمارا عذاب آیا یا اُس وقت جب وہ دوپہر کو سو رہے تھے۔ سو جب اُن پر ہمارا عذاب آیا اس وقت اُن کا قول بجز اس کے اور کچھ نہ تھا کہ بے شک ہم ہی ظالم تھے۔

-الاعراف ٧: ٤-٥-

٧-اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی نبی بھیجا اُس کے باشندوں کو محتاجی اور مرض میں مبتلا کیا تا کہ وہ (ہمارے آگے) گڑگڑائیں پھر ہم نے تکلیف کی جگہ کو آرام سے بدل دیا۔ یہاں تک کہ وہ کثیر ہو گئے اور کہنے لگے کہ تکلیف اور آرام تو ہمارے پہلے باپ دادوں کو بھی پہنچا تھا۔ تب ناگہاں ہم نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا اور انہیں خبر تک بھی نہ ہوئی۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور (اللہ سے) ڈرتے تو ہم ضرور اُن پر برکتوں کے دروازے کھول دیتے، آسمان سے بھی اور زمین سے بھی۔ لیکن انہوں نے (دینِ حق کو) جھٹلایا تو ہم نے انہیں اُن کی بری کمائی کی سزا میں پکڑ

يَتَضَرَّعُونَ ۝ فَلَوْلَا إِذْ جَاءَهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَٰكِنْ قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُونَ ۝ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

٦- وَكَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا فَجَاءَهَا بَأْسُنَا بَيَاتًا أَوْ هُمْ قَائِلُونَ ۝ فَمَا كَانَ دَعْوَاهُمْ إِذْ جَاءَهُمْ بَأْسُنَا إِلَّا أَنْ قَالُوا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ۝

٧- وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا أَخَذْنَا أَهْلَهَا بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُونَ ۝ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتَّىٰ عَفَوْا وَقَالُوا قَدْ مَسَّ آبَاءَنَا الضَّرَّاءُ وَالسَّرَّاءُ فَأَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَىٰ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَلَٰكِنْ كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُمْ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا بَيَاتًا وَهُمْ نَائِمُونَ ۝ أَوَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ يَلْعَبُونَ ۝ أَفَأَمِنُوا مَكْرَ اللَّهِ ۚ فَلَا يَأْمَنُ مَكْرَ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ ۝ أَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِينَ

لیا۔ کیا بستیوں والے اس سے نڈر ہو گئے ہیں کہ ہمارا عذاب اُن پر رات کو جب وہ پڑے سو رہے ہوں آ نازل ہو۔ یا بستیوں والے اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں؟ کہ ہمارا عذاب اُن پر پھر دن چڑھے جب وہ کھیل رہے ہوں آ نازل ہو۔ کیا وہ اللہ کی تدبیر سے نڈر ہو گئے ہیں سو اللہ کی تدبیر سے تو صرف وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو خسارہ اٹھانے والے ہیں۔ کیا ان لوگوں کو جو زمین کے (پہلے) باشندوں کے بعد اُس کے وارث ہوئے ہیں، اس بات سے ہدایت نہیں ہوئی کہ اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کے گناہوں (کی سزا) میں پکڑ لیں اور (اے نبی ﷺ!) ہم اُن کے دلوں پر مُہر کر دیتے ہیں تو وہ سنتے ہی نہیں۔ (اے نبی ﷺ!) یہ بستیاں ہیں ہم ان کی خبریں تجھ سے بیان کرتے ہیں اور بے شک اُن کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے۔ تو وہ ایسے کہاں تھے کہ جس بات کو وہ پہلے جھٹلا چکے

تھے اس پر ایمان لے آتے۔ یوں اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے اور ہم نے ان میں سے اکثر کے لیے عہد (پر قیام) نہ پایا۔ اور بے شک ہم نے ان میں سے اکثر کو بدکار پایا۔ پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے لوگوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان (نشانیوں) کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان مفسدوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

الاعراف ۷: ۹۴-۱۰۲۔

۸۔ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں اپنے پہلو پر (لیٹا) یا بیٹھا یا کھڑا (ہر حالت میں) پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس سے اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اس نے ہم کو کبھی کسی تکلیف کی طرف جو اس کو پہنچی تھی، بلایا ہی نہیں تھا۔ اسی طرح حد سے باہر نکل جانے والوں کی نظر میں وہ کام اچھے دکھلائے گئے ہیں جو وہ کرتے ہیں۔ اور بے شک ہم نے تم سے پہلے قوموں کے لوگوں کو جب انہوں نے ظلم کیا ہلاک کر دیا اور ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے اور وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے۔ اسی طرح کی سزا ہم گنہگار لوگوں کو دیتے ہیں پھر ہم نے ان کے بعد ملک میں تمہیں (ان کا) جانشین بنایا تا کہ ہم

يرثون الارض من بعد اهلها ان لو نشاء اصبنهم بذنوبهم ۚ و نطبع على قلوبهم فهم لا يسمعون ○ تلك القرى نقص عليك من انبائها ۚ و لقد جاءتهم رسلهم بالبينت ۚ فما كانوا ليؤمنوا بما كذبوا من قبل ۚ كذلك يطبع الله على قلوب الكفرين ○ و ما وجدنا لاكثرهم من عهد ۚ و ان وجدنا اكثرهم لفسقين ○ ثم بعثنا من بعدهم موسى بايتنا الى فرعون و ملايه فظلموا بها ۚ فانظر كيف كان عاقبة المفسدين ○

۸۔ و اذا مس الانسان الضر دعانا لجنبه او قاعدا او قائما ۚ فلما كشفنا عنه ضره مر كان لم يدعنا الى ضر مسه ۚ كذلك زين للمسرفين ما كانوا يعملون ○ و لقد اهلكنا القرون من قبلكم لما ظلموا ۙ و جاءتهم رسلهم بالبينت و ما كانوا ليؤمنوا ۚ كذلك نجزي القوم المجرمين ○ ثم جعلنكم خلئف في الارض من بعدهم لننظر كيف تعملون ○

۹۔ فانظر كيف كان عاقبة المنذرين ○

۱۰۔ ذلك من انباء القرى نقصه عليك منها قائم و حصيد ○ و ما

دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

یونس ۱۰: ۱۲-۱۴۔

۹۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان ڈرائے ہوؤں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

یونس ۱۰: ۷۳۔

۱۰۔ (اے نبی ﷺ!) یہ بستیوں کی خبریں ہیں جو ہم تجھ سے بیان کرتے ہیں۔ بعض ان میں سے موجود ہیں اور بعض اجڑ گئیں اور

ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ سو اُن کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے جب تیرے پروردگار کا حکم و عذاب آ پہنچا اُن کے لیے کچھ بھی مفید ثابت نہ ہوئے اور انہوں نے اُن کی ہلاکت ہی بڑھائی۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار کی پکڑ جب وہ بستیوں کو اُن کے ظلم کے سبب پکڑتا ہے ایسی ہی ہوتی ہے۔ بے شک اس کی پکڑ سخت درد دینے والی ہے۔ بے شک اس (بیان) میں اُس شخص کے لیے (کافی) نشانی ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہے۔ یہ (آخرت) ایک دن ہے جس کے لیے لوگ اکٹھے کئے جائیں اور وہ (سب کی) حاضری کا دن ہے اور ہم اُس کو صرف ایک گنی ہوئی میعاد کے لیے ہٹائے ہیں۔

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ۝ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝

۔ھود ۱۰۱-۱۰۳۔

۱۱۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ۝ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؐ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ حَتّٰىٓ اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ

۱۱۔ اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر وہ گزرتے ہیں اور وہ اُن سے منہ پھیر لیتے ہیں اور اُن سے اکثر بغیر شرک کئے اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔ تو کیا وہ اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ اُن پر اللہ کا چھا جانے والا عذاب آ جائے یا اُن پر ایسے حال میں قیامت آ جائے کہ انہیں خبر تک بھی نہ ہو؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ یہ میری راہ ہے۔ میں بصیرت پر ہو کر تمہیں اللہ کی طرف بلاتا ہوں اور جو میرے پیرو ہیں وہ بھی اور اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور میں مشرکوں میں نہیں ہوں۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے بستیوں میں سے آدمی ہی رسول بنا کر بھیجے۔ ہم اُن کی طرف وحی بھیجتے تھے تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو وہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے ہوئے ہیں، ان کا انجام کیسا (بُرا) ہوا؟ اور بے شک آخرت کا گھر اُن کے لیے جو ڈرتے ہیں بہتر ہے۔ تو کیا تم ڈرتے نہیں؟

یہاں تک کہ جب رسول (فتح سے) مایوس ہو گئے اور انہیں یہ خیال ہو گیا کہ اُن سے جھوٹ بولا گیا۔ تب ہماری مدد اُن کے پاس آ پہنچی۔ تو جسے ہم چاہتے تھے اُسے نجات دی گئی اور گنہگار لوگوں سے ہمارا عذاب ہٹایا نہیں جاتا۔ بے شک اُن کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے (بڑی) عبرت ہے (یہ جو ہم نے بیان کیا ہے) بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ جو (کتاب) اُس سے پہلے ہے اُس کی تصدیق اور ہر چیز کی تفصیل اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۱۱۰۔۱۱۱

۱۲۔ ان سے پہلے لوگوں نے بھی داؤ کھیلا تھا اور اللہ کا عذاب اُن کی عمارتوں پر ان کی بنیادوں کی طرف سے آ موجود ہوا اور چھت اُن کے اوپر سے گر پڑی اور اُن پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں کی انہیں خبر بھی نہ تھی۔

۔النحل ۱۶: ۲۶۔

۱۳۔ کیا یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ اُن کے پاس (عذاب کے) فرشتے آ پہنچیں یا تیرے پروردگار کا حکم (عذاب) آ جائے۔ اسی طرح اُن لوگوں نے کیا تھا جو اُن سے پہلے ہوئے ہیں اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ سو جو برے کام وہ کیا کرتے تھے اُن کی برائیاں اُن پر آ موجود ہوئیں اور اُن کو اُسی (عذاب) نے گھیرا جس کی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

۔النحل ۱۶: ۳۳۔۳۴

۱۴۔ اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک رسول یہ

لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۲۔ قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللَّهُ بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ۝

۱۳۔ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝

۱۴۔ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝

۱۵۔ وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ آمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَأْتِيهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّن كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ اللَّهِ فَأَذَاقَهَا اللَّهُ لِبَاسَ الْجُوعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظَالِمُونَ ۝

پیغام دے کر بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور گمراہ کرنے والوں (بتوں) سے علیحدہ رہو۔ سو اُن میں سے کسی کو تو اللہ نے ہدایت کی اور کوئی ان میں سے وہ ہوا جس پر گمراہی آ کر چمٹ گئی۔ تو تم ملک کی سیر کرو پھر دیکھو کہ ظالموں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

۔النحل ۱۶: ۳۶

۱۵۔ اور اللہ نے ایک گاؤں کی کہاوت بیان فرمائی۔ وہ ہر طرح سے امن و اطمینان میں تھا۔ ہر طرف سے کثرت سے اُس کے پاس اُس کی روزی آتی تھی۔ اُس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی۔ تب اللہ نے اُس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا۔ بدلہ اُن برے اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور بے شک اُن کے پاس اُن ہی میں سے ایک رسول آیا اور انہوں نے اُسے جھٹلایا۔ سو عذاب نے انہیں پکڑ لیا اور وہ لوگ ظالم تھے۔

۔النحل ۱۶: ۱۱۲۔۱۱۳

١٦۔ اور جب ہم یہ چاہتے ہیں کہ کسی بستی کو ہلاک کریں تو اُس کے خوش حال لوگوں کو ہم امارت میں اور بڑھاتے ہیں پھر وہ اُس امارت میں نافرمانی کرتے ہیں تو (عذاب کی) بات اُس بستی پر ثابت ہو جاتی ہے اور اُس وقت ہم اُس کو تباہ کر ڈالتے ہیں اور ہم نے نوح کے بعد کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا اور تیرا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے (اور) دیکھنے والا۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۶-۱۷-

١٧۔ اور (اے نبی ﷺ!) یہ بستیاں جنہیں ہم نے اُن کے ظلم کی سزا میں ہلاک کر دیا اور ہم نے اُن کی ہلاکت کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا تھا۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۵۹-

١٨۔ اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا (اے نبی ﷺ!) کیا تو اُن میں سے کسی کو پاتا ہے یا اُن کی بھنبھناہٹ سنتا ہے؟

-مریم ۱۹:۹۸-

١٩۔ کیا ان کو اس بات سے ہدایت نہیں کی کہ ہم نے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کے گھروں میں چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں اور (اے نبی ﷺ) اگر تیرے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے ہی صادر نہ ہو چکی ہوتی اور ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ضرور انہیں عذاب آ چمٹتا۔

-طٰہٰ ۲۰:۱۲۸-۱۲۹-

٢٠۔ اور (اے نبی ﷺ) کتنی ہی بستیاں جو ظالم تھیں ہم نے توڑ پھوڑ ڈالیں۔ اور ان کے بعد دوسری قوموں کو پیدا کیا۔ سو جب ان لوگوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ

١٦۔ وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا ۝ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِنْ بَعْدِ نُوحٍ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ۝

١٧۔ وَتِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَوْعِدًا ۝

١٨۔ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ ۗ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝

١٩۔ أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِأُولِي النُّهَىٰ ۝ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى ۝

٢٠۔ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنْشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا آخَرِينَ ۝ فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُمْ مِنْهَا يَرْكُضُونَ ۝ لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَىٰ مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ۝ فَمَا زَالَتْ تِلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّىٰ جَعَلْنَاهُمْ حَصِيدًا خَامِدِينَ ۝

٢١۔ وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ ۝ وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ۝ وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ ۖ وَكُذِّبَ مُوسَىٰ فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝ فَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا

پائی تو وہ اس بستی سے بھاگنے لگے۔ (ہم نے کہا) کہ بھاگو نہیں اور اسی عیش و آرام کی طرف جس میں تم تھے اور اپنے مکانوں کی طرف لوٹو شاید تم سے کچھ پوچھ کی جائے۔ انہوں نے کہا ہائے ہماری شامت! بے شک ہم ظالم تھے۔ سو برابر ان کی یہی پکار رہی یہاں تک کہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی (کھیتی) بجھی ہوئی (آگ) بنا دیا۔

-الانبیاء ۲۱:۱۱-۱۵-

٢١۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو بے شک ان سے پہلے نوح کی قوم اور (قوم) عاد و ثمود نے بھی (اپنے پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا۔ اور ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم نے بھی۔ اور مدین والوں نے بھی اور موسیٰ بھی جھٹلائے گئے تھے۔ تو اول میں نے ان کافروں کو مہلت دی۔ پھر میں نے انہیں پکڑا تو (دیکھو کہ) میرا عذاب کیسا (سخت) تھا۔ سو کتنی ہی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ان کو ظلم کے سبب

ہلاک کر دیا کہ وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے ہی ناکارہ کنوئیں ہیں اور کتنے ہی اونچے محل (اجاڑ) پڑے ہیں۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی کہ ان کے دل ہوتے جن سے وہ سمجھتے یا کان ہوتے جن سے وہ سنتے۔ کچھ شک نہیں کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں، جو سینوں میں ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۴۵۔۴۶۔

۲۲۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جو ظالم تھیں ہم نے (اول) انہیں ڈھیل دی پھر ہم نے انہیں (عذاب میں) پکڑا اور میری ہی طرف (انہیں) لوٹ کر آنا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۴۸۔

۲۳۔ سو (اے نبی ﷺ!) دیکھ مفسدوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

۔النمل ۲۷: ۱۴۔

۲۴۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ تم ملک کی سیر کرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

۔النمل ۲۷: ۶۹۔

۲۵۔ اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو اپنی خوش حالی میں اکڑتی تھیں۔ سو یہ ان کے گھر ہیں جو ان کے بعد (ابھی تک) سوا چند کے آباد نہیں ہوئے اور ہم ہی (ان کے) وارث ہوئے۔

۔القصص ۲۸: ۵۸۔

۲۶۔ کیا وہ ملک کی سیر نہیں کرتے جو دیکھ لیتے کہ ان سے پہلوں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔ وہ طاقت میں ان سے زیادہ تھے اور انہوں نے زمین کو جوتا اور جتنا انہوں نے اس کو آباد کیا ہے اس سے زیادہ انہوں نے اس کو

وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ۝ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۝

۲۲۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝

۲۳۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

۲۴۔ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

۲۵۔ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ ۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْ ۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

۲۶۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْۗآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

۲۷۔ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝

آباد کیا تھا اور ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے۔ سو اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہتے تھے۔ پھر جو لوگ برائی کیا کرتے تھے ان کا انجام بھی برا ہی ہوا کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

۔الروم ۳۰: ۹۔۱۰۔

۲۷۔ خشکی اور تری میں بسبب ان بدیوں کے جو لوگوں کے ہاتھوں نے کمائی ہیں، فساد پھیل پڑا ہے تا کہ اللہ انہیں بعض ان بدیوں کی سزا کا مزہ چکھائے جو انہوں نے کی ہیں تا کہ وہ راہِ راست کی طرف لوٹ آئیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ملک کی سیر کرو اور دیکھو کہ جو لوگ پہلے ہو گزرے ہیں ان کا انجام کیسا (برا) ہوا۔ ان میں اکثر لوگ مشرک تھے۔

۔الروم ۳۰: ۴۱۔۴۲۔

۲۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلے بھی پیغمبر ان کی قوموں کی طرف بھیجے وہ پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے۔ سو ہم نے ان لوگوں سے جنہوں نے گناہ کیا تھا بدلہ لے کر چھوڑا اور مسلمانوں کی مدد کرنا ہم پر ضروری تھا۔

۔الروم ۳۰:۴۷۔

۲۹۔ کیا انہیں اس بات سے ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کے گھروں میں وہ چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں، تو کیا تم سنتے نہیں؟

۔السجدۃ ۳۲:۲۶۔

۳۰۔ پھر جو لوگ کافر ہوئے تھے میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا ہوا۔

۔فاطر ۳۵:۲۶۔

۳۱۔ کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے تھے۔ وہ طاقت میں ان سے زیادہ تھے اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں اور زمین میں اسے کوئی چیز عاجز کر دے۔ بے شک وہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۴۴۔

۳۲۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا، جو ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں۔

۔یٰسین ۳۶:۳۱۔

۳۳۔ اور بے شک ان سے پہلے اگلے لوگوں میں سے

۲۸۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَاءُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَانتَقَمْنَا مِنَ الَّذِينَ أَجْرَمُوا ۖ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۲۹۔ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ ۖ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ۝

۳۰۔ ثُمَّ أَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝

۳۱۔ أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِن شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَلِيمًا قَدِيرًا ۝

۳۲۔ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝

۳۳۔ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ۝ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ۝ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ۝

۳۴۔ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ۝ فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝

۳۵۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِن بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ ۖ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ

بہت سے گمراہ ہو گئے تھے اور بے شک ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان ڈرائے ہوؤں کا کیسا (برا) انجام ہوا مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے بچ رہے تھے۔

۔الصافات ۳۷:۷۱-۷۴۔

۳۴۔ انہوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے گزر رہے ہیں تو ان پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں کی انہیں خبر بھی نہ تھی۔ تو اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی ہی میں ذلت کا مزہ چکھایا اور کچھ شک نہیں کہ آخرت کا عذاب بہت بڑا ہے۔ کاش وہ (اس بات کو) جانتے ہوتے۔

۔الزمر ۳۹:۲۵-۲۶۔

۳۵۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے اور ان کے بعد دوسری قوموں نے جھٹلایا اور ہر امت نے اپنے رسول کے ساتھ یہی

ارادہ کیا کہ وہ اس کو قید کر لیں اور انہوں نے ناحق جھگڑا کیا تا کہ وہ اس سے حق کو دبا دیں۔ تو میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا تھا۔

۔المؤمن ۴۰:۵۔

۳۶۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ طاقت اور زمین میں اپنی نشانیاں چھوڑنے میں ان سے زیادہ تھے۔ سو اللہ نے ان کے گناہوں (کی سزا) میں انہیں پکڑ لیا اور کوئی انہیں اللہ سے بچانے والا نہ تھا۔ یہ اس لیے کہ ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آتے تھے۔ اس پر بھی انہوں نے کفر کیا۔ تب اللہ نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا۔ بے شک وہ زبردست ہے، سخت عذاب والا۔

۔المؤمن ۴۰: ۲۱-۲۲۔

۳۷۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا برا ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ طاقت اور زمین میں نشانیاں چھوڑنے میں ان سے زیادہ اور سخت تر تھے۔ سو جو (برے) کام وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے۔ سو جب ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ اس علم پر جو ان کے پاس تھا، خوش ہوئے اور انہیں اسی (عذاب) نے آ گھیرا جس کی وہ ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ پس جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم تو صرف اکیلے اللہ پر

فَاَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝

۳۶۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

۳۷۔ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ۝

۳۸۔ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

۳۹۔ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَاۗءَنَا عَلٰٓي اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓي اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ

ایمان لائے ہیں اور انہیں ہم نہیں مانتے جنہیں ہم اس کا شریک کیا کرتے تھے۔ سو جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تو اس وقت کا ان کا ایمان لانا انہیں نفع نہیں دے سکتا تھا۔ یہ اللہ کی عادت ہے جو اس کے بندوں میں پہلے گزر چکی ہے اور اس موقعہ پر کافر گھاٹے میں رہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۸۲-۸۵۔

۳۸۔ سو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا جو پکڑ (دھکڑ) میں ان سے زیادہ سخت تھے اور پہلوں کی مثال گزر چکی ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۸۔

۳۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اسی طرح ہم نے تجھ سے پہلے جو ڈرانے والا بھی کسی بستی میں بھیجا، اس کے دولت مندوں نے (اس سے) یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریق پر پایا ہے اور ہم

شک ہم تو انہیں کے نقش قدم پر پیروی کرنے والے ہیں۔ رسول نے کہا اگرچہ میں اس سے بڑھ کر ہدایت لے کر آیا ہوں، جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا۔ انہوں نے کہا جو دین تم دے کر بھیجے گئے ہو، ہم تو اسے مانتے نہیں۔ سو ہم نے ان سے بدلہ لے لیا تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

۔الزخرف ۴۳:۲۳۔۲۵

۴۰۔ بھلا وہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور وہ لوگ جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا۔ بے شک وہ گنہگار تھے۔

۔الدخان ۴۴:۳۷

۴۱۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے وہ بستیاں جو تمہارے اردگرد تھیں ہلاک کر دیں اور ہم نے (اپنی) آیتوں کو طرح طرح سے بار بار بیان کیا تاکہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کریں۔ سو ان کو انہوں نے کیوں مدد نہ دی جن کو انہوں نے اللہ کے سوا قرب حاصل کرنے کے لیے معبود پکڑا تھا بلکہ وہ (معبود) تو ان سے کھوئے گئے اور یہ ان کا جھوٹ ہے اور جو کچھ وہ افترا کیا کرتے تھے۔

۔الاحقاف ۴۶:۲۷۔۲۸

۴۲۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ اللہ نے ان پر ہلاکت ڈالی اور کافروں کے لیے ایسا ہی ہوا کرتا ہے۔

۔محمد ۴۷:۱۰

۴۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) کتنی ہی بستیاں ہیں جو طاقت میں تیری اس بستی سے جس نے تجھے (وطن سے)

بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ ۖ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿٢٤﴾ فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿٢٥﴾

۴۰۔ أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿٣٧﴾

۴۱۔ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ الْقُرَىٰ وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢٧﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ قُرْبَانًا آلِهَةً ۖ بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ ۚ وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٨﴾

۴۲۔ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۖ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا ﴿١٠﴾

۴۳۔ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿١٣﴾

۴۴۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ ﴿١٢﴾ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ ﴿١٣﴾ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾

۴۵۔ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشًا فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ ﴿٣٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى

نکالا، بڑھی ہوئی تھیں۔ ہم نے انہیں ہلاک کر دیا۔ سو کوئی ان کا مددگار نہیں ہے۔

۔محمد ۴۷:۱۳

۴۴۔ ان سے پہلے نوح کی قوم اور کنوئیں والوں اور (قوم) ثمود نے جھٹلایا تھا اور (نیز قوم) عاد اور فرعون اور لوط کے بھائیوں اور بن والوں اور تبع کی قوم نے (ان) سب نے ہی پیغمبروں کو جھٹلایا تو میرا عذاب ثابت ہو گیا۔

۔ق ۵۰:۱۲۔۱۴

۴۵۔ اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا جو پکڑ (دھکڑ) میں ان سے زیادہ سخت تھے۔ انہوں نے تمام شہروں کو چھان مارا کہ آیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے۔ بے شک اس میں اس شخص کے لیے نصیحت ہے جس کے پاس دل ہے یا اس نے دل سے حاضر ہو کر

السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ ۝

۴۶۔ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝

۴۷۔ فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ ۝

۴۸۔ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۴۹۔ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝

۵۰۔ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا ۝ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ

۵۱۔ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝

۵۲۔ أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِينَ ۝ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِينَ ۝ كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ۝

۵۳۔ فَأَخَذَهُ اللَّهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ وَالْأُولَىٰ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَن يَخْشَىٰ ۝

اس کی طرف کان لگایا ہے۔

۔قٓ ۵۰:۳۶۔۳۷۔

۴۶۔اور بے شک ہم نے (تم سے پہلے) تمہارے ہم مذہبوں کو ہلاک کر دیا۔ پس کیا کوئی نصیحت پکڑنے والا ہے؟

۔القمر ۵۴:۵۱۔

۴۷۔پس اے آنکھوں والو عبرت پکڑو۔

۔الحشر ۵۹:۲۔

۴۸۔کیا تمہارے پاس ان کی خبر جنہوں نے تم سے پہلے کفر کیا تھا نہیں پہنچی کہ انہوں نے اپنے کیے کا وبال چکھا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔التغابن ۶۴:۵۔

۴۹۔یہ اس لیے کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی دلیلیں لے کر آتے تھے تو انہوں نے کہا کہ آدمی ہمیں راہ دکھلائیں گے؟ پھر انہوں نے کفر کیا اور منہ پھیر لیا اور اللہ نے بے پروائی کی اور اللہ بے پروا ہے، تعریف کیا گیا۔

۔التغابن ۶۴:۶۔

۵۰۔اور کتنی ہی بستیاں ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے حکم اور اس کے پیغمبروں سے سرکشی کی تو ہم نے ان سے سختی کے ساتھ حساب لیا اور ہم نے انہیں بری طرح کا عذاب دیا، سو اس نے اپنے کیے کا وبال چکھا اور ان کے کام کا آخر انجام گھاٹا ہی تھا۔ اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ تو اے عقل مندو! اللہ سے ڈرو۔

۔الطلاق ۶۵:۸۔۱۰۔

۵۱۔اور بے شک ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں تو (دیکھا کہ) میرا انکار کیسا (برا) تھا۔

۔الملک ۶۷:۱۸۔

۵۲۔کیا ہم نے پہلوں کو ہلاک نہیں کیا؟ پھر پچھلوں کو ہم (ہلاکت میں) ان کے پیچھے لگاتے ہیں۔ گنہگاروں کے ساتھ ہم اسی طرح کیا کرتے تھے۔

۔المرسلات ۷۷:۱۶۔۱۸۔

۵۳۔سو اللہ نے اس کو آخرت اور دنیا کے عذاب میں پکڑ لیا۔ بے شک اس میں اس کے لیے عبرت ہے جو ڈرے۔

۔النّٰزعٰت ۷۹:۲۵۔۲۶۔

زہد کی ترغیب

۱۔ متاعِ دنیا قلیل ہے

۱۔(اے نبی ﷺ!) جو لوگ کافر ہیں کہیں تجھے ان کا شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈال دے۔ تھوڑا سا نفع ہے پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ (ان کے لیے) برا بچھونا ہے۔

۔ال عمران ۳: ۱۹۶۔ ۱۹۷۔

۲۔(اے نبی ﷺ!) کیا تو نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جن سے کہا گیا تھا کہ تم اپنے ہاتھوں کو (لڑائی سے) روکے رکھو اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو پھر جب ان پر قتال فرض کیا گیا تو اسی دم ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسا خدا سے ڈرنا چاہیے یا وہ اس سے بھی زیادہ ڈرنے لگے اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کر دیا۔ ہمیں ایک قریب مدت تک کے لیے اور مہلت کیوں نہیں دی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ دنیا کی پونجی تھوڑی ہے اور آخرت اس کے لیے جو (اللہ سے) ڈرے بہتر ہے اور تم پر ایک بال بھر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النساء ۴: ۷۷۔

۲۔ متاعِ دنیا ناپائیدار ہے

۳۔اور جو چیز بھی تمہیں دی گئی ہے وہ دنیا کی زندگی کا فائدہ اور اس کی آرائش ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ تو کیا وہ شخص جس سے ہم نے نیک وعدہ کیا ہے پھر وہ اسے ملنے والا ہے اس جیسا ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیا کی زندگی کا فائدہ پہنچایا پھر وہ قیامت کے دن پکڑا آئے گا۔

۔القصص ۲۸: ۶۰۔ ۶۱۔

۴۔اور یہ دنیا کی زندگی تو نرا کھیل اور تماشا ہے اور جو آخرت کا گھر ہے وہی اصلی زندگی ہے۔ کاش وہ اس بات کو جانتے ہوتے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۶۴۔

۳۔ متاعِ دنیا نرا دھوکا ہے

۵۔ ہر شخص موت کو چکھنے والا ہے اور قیامت کے دن تمہارے اجر تمہیں پورے پورے دیے جائیں گے۔ سو جو شخص آگ سے دور رکھا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ بے شک کامیاب ہوا اور دنیا کی زندگی دھوکے کی پونجی ہے اور بس۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۵۔

۱۔ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۲۔ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِمَنِ اتَّقَىٰ وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝

۳۔ وَمَا أُوتِيتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَزِينَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ أَفَمَنْ وَعَدْنَاهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيهِ كَمَنْ مَتَّعْنَاهُ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ۝

۴۔ وَمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝

۵۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۖ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۗ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ ۝

۴۔ مال اور اولاد فقط جیتے جی کی زینت ہے

۶۔ مال اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہیں اور نیک عمل جو ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں وہ تیرے پروردگار کے ہاں بلحاظ ثواب بھی بہتر ہیں اور بلحاظ عمل بھی بہتر ہیں۔

۔الکہف ۱۸: ۴۶۔

۵۔ مال اور اولاد کی زیادتی موجب خیر نہیں ہے

۷۔ کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ مال اور بیٹے جن کے ساتھ ہم ان کی امداد کرتے ہیں (اس سے) ہم ان کے لیے نیکیوں میں جلدی کر رہے ہیں (کوئی نہیں) بلکہ وہ شعور نہیں رکھتے۔

۔المومنون ۲۳: ۵۵-۵۶۔

۶۔ مال اور اولاد آزمائش ہے

۸۔ (لوگو!) تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو نری آزمائش ہیں اور اللہ جو ہے اس کے پاس بڑا ثواب ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۱۵۔

۶۔ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝

۷۔ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝

۸۔ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

متفرق نصائح

۱۔ رضاجویانِ الٰہی کے درجے

۱۔ تو کیا ایسا شخص جو اللہ کی رضا پر چلتا ہے اس جیسا ہو سکتا ہے جس نے اللہ کے غصے کی طرف رجوع کیا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور وہ بری جگہ ہے ان کے لیے اللہ کے ہاں درجے ہیں اور اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۶۲-۱۶۳۔

۲۔ اللہ کی قدرت سے ڈرانا

۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتاؤ تو اگر اللہ تمہارے کان اور آنکھیں لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کونسا ایسا معبود ہے جو تمہیں یہ چیزیں لا دے۔ (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ہم کس طرح ہیر پھیر کر آیتیں بیان کرتے ہیں پھر بھی وہ پھر جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتلاؤ تو اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا علانیہ طور پر آجائے تو کیا ظالم لوگوں کے سوا اور کوئی ہلاک کیا جائے گا؟

۔الانعام ۶: ۴۶-۴۷۔

۳۔ گنہگاروں کو اللہ کے عذاب سے مطمئن نہ ہونا چاہیے

۳۔ تو کیا وہ لوگ جو بری بری چالیں سوچتے رہتے ہیں اس بات کی طرف سے مطمئن ہو گئے ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے یا ان پر ایسی طرح عذاب آجائے کہ انہیں خبر بھی نہ ہو یا وہ ان کو چلتا پھرتا پکڑ لے۔ سو وہ تو اس کو عاجز کرنے والے نہیں ہیں یا نہیں ڈرا ڈرا کر

۱۔ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَاۗءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

۲۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

۳۔ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰي تَخَوُّفٍ ۭ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ

وقت ہی پکڑ لے۔ سو بے شک تمہارا پروردگار شفیق، مہربان ہے۔

۔النحل ۱۶: ۴۵۔۴۷۔

۴۔ سو کیا تم اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ وہ تمہیں جنگل کی کسی طرف میں دھنسا دے یا تم پر پتھر برسائے پھر تم اپنے لیے کوئی کارساز بھی نہ پاؤ۔ یا تم اس بات کی طرف سے نڈر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں پھر دوبارہ اسی دریا میں لوٹا لے جائے اور تمہارے کفر کی سزا میں تم پر کشتی توڑ دینے والی ایک ہوا بھیج کر تمہیں غرق کر دے۔ پھر تم اس بارہ میں اپنے لیے کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا نہ پاؤ۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۶۸۔۶۹۔

۵۔ کیا تم اس کی طرف سے جو آسمان میں ہے اس بات سے نڈر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے۔ پھر وہ یکایک وہ زمین جنبش کرنے لگے یا تم اس کی طرف سے جو آسمان میں ہے اس بات سے نڈر ہو گئے کہ وہ تم پر پتھر برسائے۔ سو عنقریب ہی تم معلوم کر لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے اور جو ان سے پہلے ہوئے ہیں انہوں نے بھی جھٹلایا تھا تو (دیکھا بھی کہ) میرا عذاب کیسا ہوا۔

۔الملک ۶۷: ۱۶۔۱۸۔

۴۔ اللہ کی نافرمانی باعثِ عذاب ہے

۶۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو بے شک میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں جو شخص اس دن اس سے دور رکھا گیا تو بے شک اس نے اس پر (بڑا ہی) رحم کیا اور یہی کھلی کامیابی ہے۔

۔الانعام ۶: ۱۵۔۱۶۔

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۞

۴۔ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۞ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۞

۵۔ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۞ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۞ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۞

۶۔ قُلْ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۞ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ۚ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۞

۷۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۞

۸۔ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞

۹۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ

۷۔ مسلمانو! اللہ کسی قدر شکار کے ساتھ ضرور تمہارا امتحان لے گا جس تک تمہارے ہاتھ اور تیر پہنچ سکیں گے تاکہ اللہ یہ ظاہر کر دے کہ کون اس سے بن دیکھے ڈرتا ہے۔ سو جو کوئی اس کے بعد بھی حد سے باہر نکل گیا، اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۹۴۔

۵۔ اللہ کی نعمتوں اور عہد کو یاد کرو

۸۔ اور (مسلمانو!) اپنے اوپر اللہ کا انعام اور اس کا وہ عہد جو وہ پختہ طور پر تم سے لے چکا ہے یاد کرو۔ جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے سنا اور مانا۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۔

۹۔ مسلمانو! اپنے اوپر اللہ کا وہ احسان یاد کرو جب کہ کچھ لوگوں نے یہ چاہا تھا کہ تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں اور اس نے تمہاری

طرف سے ان کے ہاتھ روک دیے تھے اور اللہ سے ڈرو اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

۔المائدہ ۵:۱۱۔

۶۔ تقویٰ اور رجوع الی اللہ

۱۰۔ مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔المائدہ ۵:۳۵۔

۷۔ بت پرستوں کو برا کہہ کر اللہ کو برا نہ کہلاؤ

۱۱۔ اور (مسلمانو!) جو لوگ اللہ کے سوا دوسروں کو پکارتے ہیں انہیں برا نہ کہو کہ وہ زیادتی میں آ کر بے علمی سے اللہ کو برا کہنے لگیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر امت کو ان کے عمل اچھے کر دکھائے ہیں۔ پھر انہیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ سو وہ انہیں جتا دے گا جو عمل وہ کیا کرتے ہیں۔

۔الانعام ۶:۱۰۸۔

۱۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اے اہل کتاب، اس بات کی طرف آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر (مانی جاتی) ہے کہ ہم سوائے اللہ کے اور کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کریں اور اللہ کے سوا ہم میں سے بعض، بعض کو رب نہ پکڑیں۔ پھر اگر وہ (اس بات سے) مونہہ

يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

۱۰۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

۱۱۔ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۱۲۔ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاۗءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَـيْـــًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝

۱۳۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَۨا ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَاۗءَ قَرِيْنًا ۝ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَھُمُ اللّٰهُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِــيْمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ

پھیریں تو (مسلمانو) تم کہو کہ تم لوگ گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔

۔آل عمران ۳:۶۴۔

۹۔ بخل، تکبر وریا سے بچو

۱۳۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو پسند نہیں کرتا جو اترانے والا، شیخی خورا ہے۔ وہ جو خود بخل کرتے اور لوگوں کو بخل کی ہدایت کرتے ہیں اور جو مال اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا ہے اس کو چھپاتے ہیں اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کیا ہے۔ اور جو اپنے لوگوں کے

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَإِن تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِن لَّدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ۝ يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّىٰ بِهِمُ الْأَرْضُ وَلَا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا ۝

۱۴۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

۱۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۚ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝ وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝

دکھلانے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور جس کا ساتھی شیطان ہوا تو وہ برا ہی ساتھی ہے۔ اور ان کا کیا بگڑ جاتا اگر وہ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لے آتے اور اس مال میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے جو اللہ نے انہیں دیا تھا اور اللہ ان کو جانتا ہے۔ بے شک اللہ ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا۔ اور اگر وہ (عمل) نیکی کا ہوتا ہے تو وہ اس کو دو چند کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا بھاری ثواب دیتا ہے تو اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور (اے نبی ﷺ!) تجھے ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی چاہیں گے کہ کاش ان کے ساتھ زمین ہموار کر دی جائے اور وہ اللہ سے کوئی بات نہ چھپا سکیں گے۔

۔النساء ۴: ۳۸-۴۲

۱۰۔ یہود و نصاریٰ اور دین کی ہنسی اڑانے والوں سے محبت نہ رکھو

۱۴۔ مسلمانو! یہود اور نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو کوئی انہیں اپنا دوست بنائے گا تو کچھ شک نہیں کہ وہ ان ہی میں سے ہے۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔المائدۃ ۵: ۵۱۔

۱۵۔ مسلمانو! جو تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو عنقریب ہی اللہ ایسے لوگ لا موجود کرے گا جن سے وہ محبت رکھتا ہوگا اور وہ اس سے محبت رکھتے ہوں گے۔ مسلمانوں کے حق میں نرم دل اور کافروں پر سخت وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے۔ جسے وہ چاہے یہ فضل دے اور اللہ گنجائش والا، جاننے والا ہے۔ تمہارا دوست تو بس اللہ اور اس کا رسول ہے اور وہ ایمان دار ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے اور وہ رکوع کرتے ہیں اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کو دوست رکھے گا تو کچھ شک نہیں کہ جو اللہ کا گروہ ہے، وہی غالب آئے گا۔ مسلمانو! ان لوگوں کو اپنا دوست نہ بناؤ جنہوں نے تمہارے دین کو ٹھٹھا اور کھیل بنا رکھا ہے۔ یہ لوگ ان میں سے ہیں جنہیں تم سے پہلے کتاب (تورات) دی گئی ہے اور کفار کو بھی (اپنا دوست نہ بناؤ) اور اگر تم ایمان دار ہو تو اللہ سے ڈرو۔

۔المائدۃ ۵: ۵۴-۵۷۔

خلقت وفطرتِ انسانی از روئے قرآن

۱۔ کبھی انسان کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا

۱۔ بے شک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا۔

۔الدھر ۷۶:۱۔

۲۔ انسان کی اصل مٹی سے

۲۔اور بے شک ہم نے انسان کو کھنکھن بولتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا جو سڑی ہوئی کیچڑ سے بنی تھی۔

۔الحجر ۱۵:۲۶۔

۳۔جب تیرے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں ایک آدمی سڑی ہوئی کیچڑ سے خمیر کی ہوئی کھنکھن بولنے والی مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں۔

۔الحجر ۱۵:۲۸۔

۴۔اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے ست سے پیدا کیا۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۲۔

۵۔وہ (ذات) جس نے ہر چیز کو جو اس نے پیدا کی اچھا بنایا اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی۔

۔السجدۃ ۳۲:۷۔

۶۔اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر (اس کے بعد) نطفے سے پھر تمہیں جوڑا جوڑا بنا دیا۔

۔فاطر ۳۵:۱۱۔

۷۔بے شک ہم نے انہیں لیس دار مٹی سے پیدا کیا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۱۔

۸۔وہ (ذات) وہ ہے جس نے (اول) تمہیں مٹی سے پھر اس کے بعد نطفے (اور) پھر (اس کے بعد) جمے ہوئے خون سے پیدا کیا پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر نکالتا ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۶۷۔

۱۔ هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ۝

۲۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝

۳۔ وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِّن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝

۴۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ۝

۵۔ الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ ۝

۶۔ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا

۷۔ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ ۝

۸۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

۹۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝

۱۰۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ۝

۱۱۔ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۝

۱۲۔ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝ ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

۹۔انسان کو ٹھیکرے کی طرح بجنے والی مٹی سے پیدا کیا۔

۔الرحمٰن ۵۵:۱۴۔

۳۔ انسان کی پیدائش نطفے سے

۱۰۔انسان کو نطفے سے پیدا کیا تو (پیدا ہوتے ہی) وہ کھلم کھلا جھگڑنے والا بن گیا۔

۔النحل ۱۶:۴۔

۱۱۔پھر ہم نے اسے نطفے سے بنا کر ایک مضبوط جگہ میں رکھا پھر ہم نے نطفے کو جما ہوا خون بنایا پھر ہم نے جمے ہوئے خون کو گوشت کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے گوشت کے لوتھڑے کو ہڈیاں بنایا پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھایا پھر ہم نے اس کو ایک اور پیدائش میں پیدا کیا۔سو برکت والا ہے اللہ جو بہتر پیدا کرنے والا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۳-۱۴۔

۱۲۔پھر اس (آدم) کی نسل کو ذلیل پانی کے خلاصہ (منی) سے پیدا کیا پھر اس کو ٹھیک کیا اور اپنی روح اس میں پھونک دی اور تمہارے کان اور آنکھ اور دل پیدا کئے تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

۔السجدۃ ۳۲:۸-۹۔

۱۳۔ اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر (اس کے بعد) نطفے سے پھر تمہیں جوڑا جوڑا بنایا۔

۔فاطر ۳۵: ۱۱۔

۱۴۔ کیا انسان یہ نہیں دیکھتا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا تو وہ فوراً ہی وہ کھلا جھگڑالو بن گیا۔

۔یٰس ۳۶: ۷۷۔

۱۵۔ وہ (ذات) وہ ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر (اس کے بعد) نطفے سے پھر (اس کے بعد) جمے ہوئے خون سے پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر (رحم سے) نکالتا ہے پھر (وہ تمہیں بڑھاتا ہے) تاکہ تم اپنی پوری قوت کو پہنچ جاؤ پھر (تمہیں گھٹاتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ۔

۔المومن ۴۰: ۶۷۔

۱۶۔ (وہ جو کہتے ہیں) ہرگز نہیں ہم نے ان کو اس چیز سے پیدا کیا ہے جس کو وہ بھی جانتے ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۳۹۔

۱۷۔ کیا وہ منی کا ایک قطرہ نہیں تھا جو ٹپکایا جاتا تھا۔ پھر وہ جما ہوا خون ہو گیا پھر اللہ نے اس کو پیدا کیا پھر ٹھیک بنایا۔

۔القیمۃ ۷۵: ۳۷۔۳۸

۱۸۔ بے شک ہم نے انسان کو (مرد و عورت) کے مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ ہم اسے آزمائیں۔ سو ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔

۔الدھر ۷۶: ۲۔

۱۹۔ کیا ہم نے تمہیں ذلیل پانی سے پیدا نہیں کیا؟ پھر ہم نے اس (ذلیل پانی) کو ایک محفوظ قرارگاہ میں رکھا ایک مقررہ وقت تک پھر ہم نے اندازہ ٹھہرایا۔ سو ہم کیا اچھا اندازہ کرنے والے ہیں۔

۔المرسلات ۷۷: ۲۰۔۲۳

۱۳۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا

۱۴۔ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ

۱۵۔ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا

۱۶۔ كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ

۱۷۔ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى

۱۸۔ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا

۱۹۔ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ

۲۰۔ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ مِنْ نُّطْفَةٍ

۲۱۔ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ

۲۲۔ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

۲۳۔ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ

۲۰۔ اس کو کس چیز سے پیدا کیا، محض نطفے سے۔

۔عبس ۸۰: ۱۸۔۱۹

۲۱۔ انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ کودنے والے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو کمر اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

۔الطارق ۸۶: ۵۔۷

۴۔ انسان کی پیدائش ماں کے پیٹ میں

۲۲۔ اور اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا اس وقت تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیے تاکہ تم شکرگزار رہو۔

۔النحل ۱۶: ۷۸

۲۳۔ وہ تم کو خوب جانتا ہے جب تم کو مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی

ماؤں کے پیٹ میں بچے تھے تو اپنی پاکیزگی نہ جتایا کرو، پرہیزگاروں کو وہی خوب جانتا ہے۔

-النجم ۵۳: ۳۲-

۵۔ انسان کی پیدائش تین اندھیروں میں

۲۴۔ لوگو اس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔ پھر اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور تمہارے لیے مویشیوں کے آٹھ جوڑے اتارے۔ وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تین قسم کی تاریکیوں میں ایک پیدائش سے دوسری پیدائش میں تبدیل کر کے پیدا کرتا رہتا ہے۔

-الزمر ۳۹: ۶-

۶۔ انسان کی ساخت سب سے خوب صورت

۲۵۔ بے شک ہم نے انسان کو زیبا ترین ساخت میں پیدا کیا پھر اسے نیچوں کے بھی نیچے پہنچا دیا۔ لیکن جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لیے بے انتہا اجر ہے۔

-التین ۹۵: ۴-۶-

۷۔ انسان خون کی پھٹکی سے پیدا ہوا

۲۶۔ اس نے آدمی کو خون کی پھٹکی سے بنایا۔

-العلق ۹۶: ۲-

۲۷۔ پھر نطفے کا لوتھڑا بنایا۔ پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست) چڑھایا۔ پھر اس کو نئی صورت میں بنا دیا۔ تو اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا بڑا بابرکت ہے۔

-المؤمنون ۲۳: ۱۴-

۲۸۔ وہی تو ہے جس نے تم کو (پہلے) مٹی سے پیدا کیا۔ پھر نطفہ بنا کر پھر لوتھڑا بنا کر پھر تم کو نکالتا ہے (کہ تم) بچے

أُمَّهَاتِكُمْ ۖ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ ۝

۲۴۔ خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۚ يَخْلُقُكُمْ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ خَلْقًا مِّن بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ ۚ

۲۵۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝

۲۶۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝

۲۷۔ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ ۚ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۝

۲۸۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُونُوا شُيُوخًا ۚ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ مِن قَبْلُ ۖ وَلِتَبْلُغُوا أَجَلًا مُّسَمًّى وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝

۲۹۔ أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيمٍ ۝

۳۰۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ ۝

۳۱۔ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا

(ہوتے ہو) پھر تم اپنی جوانی کو پہنچتے ہو پھر بوڑھے ہو جاتے ہو۔ اور کوئی تم میں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور تم (موت کے) وقت مقرر تک پہنچ جاتے ہو اور تا کہ تم سمجھو۔

-المؤمن ۴۰: ۶۷-

۲۹۔ کیا ان میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جائے گا؟

-المعارج ۷۰: ۳۸-

۸۔ انسان مشقت جھیلنے کے لیے پیدا ہوا ہے

۳۰۔ بے شک ہم نے انسان کو تکلیف میں پیدا کیا ہے۔

-البلد ۹۰: ۴-

۹۔ انسان کو اللہ نے نیکی و بدی کی تمیز دی ہے

۳۱۔ اور لوگوں کو جب ان کے پاس ہدایت آچکی کوئی چیز اس بات سے کہ وہ ایمان لائیں اور اپنے پروردگار سے معافی مانگیں، روکنے والی

نہیں ہے۔ مگر (وہ) یہ (چاہتے ہیں) کہ ان پر بھی پہلوں کا دستور جاری ہو یا ان کے روبرو عذاب آ موجود ہو۔

۔الکہف ۱۸: ۵۵۔

۳۲۔ بے شک ہم نے اسے (نیکی و بدی کا) رستہ دکھلا دیا۔ اب وہ یا تو شکرگزار ہے اور یا ناشکرا۔

۔الدھر ۷۶: ۳۔

۳۳۔ اور ہم نے اس کو (نیکی اور بدی کی) دونوں راہیں دکھلا دیں۔

۔البلد ۹۰: ۱۰۔

۳۴۔ سو اللہ نے اس کی بدی اور اس کی پرہیزگاری اس کے دل میں ڈال دی۔

۔الشمس ۹۱: ۸۔

۱۰۔ ہر قوم اپنے ہی اعمال کو اچھا جانتی ہے

۳۵۔ اسی طرح ہم نے ہر امت کو ان کے عمل (ان کی نظر میں) اچھے کر دکھلائے ہیں۔ پھر وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔ سو وہ انہیں جتا دے گا، جو وہ کرتے تھے۔

۔الانعام ۶: ۱۰۸۔

۳۶۔ پھر انہوں نے اپنے درمیان اپنے دین کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ ہر فرقہ اسی (دین سے) خوش ہے جو ان کے پاس ہے۔ تو (اے نبی ﷺ) تو انہیں ایک مدت تک ان کی غفلت میں پڑا رہنے دے۔

۔المومنون ۲۳: ۵۳-۵۴۔

۱۱۔ انسان کی ہٹ دھرمی اور ناشکری

۳۷۔ اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پہلو کروٹ پر (لیٹا) اور بیٹھا اور کھڑا (ہر حالت میں) پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس کی تکلیف اس سے دور کر دیتے ہیں

اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝

۳۲۔ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝

۳۳۔ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝

۳۴۔ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝

۳۵۔ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۳۶۔ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝

۳۷۔ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَاۗىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۳۸۔ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْ بَعْدِ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝

۳۹۔ وَلَىِٕنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـــُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝ وَلَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَاۗءَ بَعْدَ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُــوْرٌ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا

تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اس نے ہمیں کبھی کسی تکلیف کے وقت، جو اسے پہنچی تھی بلایا ہی نہیں تھا۔ اسی طرح حد سے باہر نکل جانے والوں کو ان کے اعمال جو وہ کرتے تھے اچھے دکھلائے گئے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۱۲۔

۳۸۔ اور جب لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد ہم رحمت کا ذائقہ چکھا دیتے ہیں تو بس ہماری آیتوں کی مخالفت میں کارسازیاں کرنے لگتے ہیں۔ تو ان سے کہہ دے کہ اللہ کی کارسازی زیادہ چلتی ہوئی ہے۔ ہمارے فرشتے تمہاری سب کارسازیاں لکھتے جاتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۲۱۔

۳۹۔ اور اگر ہم انسان کو اپنی رحمت کی لذت چکھائیں پھر اس کو اس سے چھین لیں تو وہ ناامید ہو جانے والا ناشکرا ہے۔ اور اگر اس کو کوئی

تکلیف پہنچے اور اس کے بعد ہم اس کو آرام کی لذت چکھائیں تو کہنے لگتا ہے کہ اب مجھ پر سے سب سختیاں دور ہو گئیں کیونکہ وہ بہت ہی جلد خوش ہو جانے والا اور شیخی خورہ ہے۔ مگر جو لوگ نیک عمل کرتے ہیں وہ ایسے نہیں۔ ان کے لیے ہی بخشش اور بڑا اجر ہے۔

۔ھود ۱۱:۹۔۱۱۔

۴۰۔ اور جو کچھ تم نے مانگا، تم کو دیا اور اگر خدا کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو ان کو پورا پورا گن نہ سکو۔ کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا ہی بے انصاف اور بڑا ہی ناشکرا ہے۔

۔ابراھیم ۱۴:۳۴۔

۴۱۔ اور آدمی جس طرح (اپنے حق میں) بہتری کی دعا مانگتا ہے، اسی طرح برائی کی بھی دعا مانگنے لگتا ہے اور انسان بڑا جلد باز ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۔

۴۲۔ اور جب سمندر میں تم کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو جن کو تم پکارا کرتے تھے سب بھولے بسرے ہو جاتے ہیں مگر وہی ایک یاد رہتا ہے۔ پھر جب وہ تم کو خشکی پر نکال لاتا ہے تو تم اس سے پھر بیٹھتے ہو اور انسان بڑا ہی ناشکرا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۶۷۔

۴۳۔ اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ (ہماری طرف سے) سونہہ پھیر لیتا ہے اور اپنا پہلو ہٹا لیتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۸۳۔

۴۴۔ پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے (اس تکلیف کو ہٹا کر) کوئی

الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

۴۰۔ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝

۴۱۔ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاۗءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝

۴۲۔ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ۝

۴۳۔ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَي الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَــــُٔـوْسًا ۝

۴۴۔ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰي عِلْمٍ ۭ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

۴۵۔ لَا يَسْـَٔـمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَاۗءِ الْخَيْرِ ۡ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَــــُٔـوْسٌ قَنُوْطٌ ۝ وَلَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَاۗىِٕمَةً ۙ وَّلَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۡ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَي الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ

نعمت دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے میرے علم کے سبب سے ملی ہے۔ (کوئی نہیں) بلکہ وہ تو آزمائش ہے لیکن ان میں سے اکثر (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔الزمر ۳۹:۴۹۔

۴۵۔ بھلائی مانگنے سے انسان تھکتا نہیں اور جب اسے تکلیف پہنچے تو بہت نا امید ہو جاتا ہے اور اگر ہم اسے اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی ہے اپنی رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ ضرور یہی کہے کہ یہ (نعمت) تو میرے ہی لیے ہے اور مجھے یقین نہیں کہ قیامت قائم ہو اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی گیا تو کچھ شک نہیں کہ اس کے ہاں بھی بھلائی ہی بھلائی ہے۔ سو ہم کافروں کو ضرور ان کے اعمال سے انہیں سخت عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ ہماری طرف سے اپنا مونہہ پھیر لیتا ہے اور پہلو

بدل لیتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے۔

۔حم السجدۃ ۴۱: ۴۹۔ ۵۱۔

۴۶۔ اور جب ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر انہیں ان اعمال کی شامت سے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں کوئی مصیبت آ پکڑے تو (اس وقت) انسان بے شک ناشکرا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۸۔

۴۷۔ اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کا جز ٹھیرایا۔ بے شک انسان کھلا ناشکرا ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۵۔

۴۸۔ بے شک انسان بے صبر پیدا کیا گیا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا جاتا ہے اور جب اس کے ہاتھ لگ جاتا ہے تو کنجوس بن جاتا ہے۔

۔المعارج ۷۰: ۱۹۔ ۲۱۔

۴۹۔ انسان غارت ہو وہ کیسا بڑا ناشکرا ہے! اسے کس چیز سے پیدا کیا ہے (محض) نطفے سے۔ اللہ نے اسے پیدا کیا پھر اس کا اندازہ ٹھیرایا پھر اس کے لیے (نیکی و بدی کی) راہ آسان کر دی۔ پھر اسے موت دی پھر اسے قبر دی پھر جب وہ چاہے گا اسے اٹھا کھڑا کرے گا۔ واقعی بات تو یہ ہے کہ جو کچھ اللہ نے اس کو حکم دیا وہ اس کو بجا نہ لایا۔

۔عبس ۸۰: ۱۷۔ ۲۳۔

۵۰۔ لیکن انسان کو جب اس کا پروردگار آزمائش میں ڈالتا ہے اور وہ اس کا اکرام کرتا ہے اور اس کو نعمت دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے میری عزت کی۔ لیکن

دُعَاءٍ عَرِيضٍ ○

۴۶۔ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ ○

۴۷۔ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ ○

۴۸۔ إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ○ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ○ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعًا ○

۴۹۔ قُتِلَ الْإِنسَانُ مَا أَكْفَرَهُ ○ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ○ مِن نُّطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ ○ ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ ○ ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ○ ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنشَرَهُ ○ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ ○

۵۰۔ فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ○ وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ○ كَلَّا ۖ بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ○ وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ○ وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ○ وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ○

۵۱۔ لَا أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ ○ وَأَنتَ حِلٌّ بِهَٰذَا الْبَلَدِ ○ وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ ○ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ ○ أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ

جب اس کا پروردگار اسے آزماتا ہے اور اس پر اس کی روزی تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا۔ (ایسا) ہرگز نہیں ہے بلکہ (بات یہ ہے کہ) تم یتیم کی عزت نہیں کرتے اور محتاج کے کھانا کھلانے پر ایک دوسرے کو رغبت نہیں دلاتے اور تم مردوں کا مال ڈھوک ڈھوک کر کھاتے ہو اور مال سے بڑی محبت رکھتے ہو۔

۔الفجر ۸۹: ۱۵۔ ۲۰۔

۵۱۔ میں اس شہر (مکے) کی قسم کھاتا ہوں اور (اے نبی ﷺ!) اس کی قسم (اس لیے کہ) تو اس شہر میں رہتا ہے اور باپ (آدم علیہ السلام) اور اس کی اولاد کی قسم کھاتا ہوں۔ بے شک ہم نے انسان کو مصیبت میں پیدا کیا ہے وہ یہ خیال کرتا ہے کہ کوئی اس پر قدرت نہیں رکھتا۔ کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں

مال خرچ کر ڈالا۔ کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس کو (بے جا کام کرتے ہوئے) کسی نے نہیں دیکھا؟ کیا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟ ایک زبان اور دو لب نہیں دیے اور ہم نے اس کی (نیکی اور بدی کی) دونوں راہیں دکھلا دیں۔ سو وہ (پھر بھی) گھاٹی میں سے ہو کر نہ نکلا اور تو کیا سمجھا گھاٹی کیا ہے۔ گردن کا (غلامی یا قید سے) آزاد کرنا ہے یا بھوک کے دن کھانا کھلانا ہے رشتہ دار یتیم کو یا مٹی میں ملے ہوئے محتاج کو۔

۔البلد ۹۰:۶۔۱۶۔

۵۲۔ بے شک انسان اپنے پروردگار کا ناشکرا ہے۔ بے شک وہ خود اس بات پر گواہ ہے۔

۔العٰدیٰت ۱۰۰:۶۔۷۔

۵۳۔ انسان جلدی کا (پتلا) بنایا گیا ہے ہم عنقریب تم کو اپنی نشانیاں دکھائے دیتے ہیں تو تم جلدی نہ کرو۔

۔الانبیاء ۲۱:۳۷۔

۵۴۔ بے شک انسان بڑا ناشکرا ہے۔

۔الحج ۲۲:۶۶۔

۵۵۔ اور شیطان (وقت پڑنے پر) انسان کو چھوڑ کر الگ ہو جاتا ہے۔

۔الفرقان ۲۵:۲۹۔

۵۶۔ اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہو کر اسی کو پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ ان کو اپنی رحمت کی لذت چکھا دیتا ہے تو ان میں سے کچھ لوگ پھر اپنے پروردگار کا شریک ٹھیرانے

أَحَدٌ ۝ يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ۝ أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُ أَحَدٌ ۝ أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ ۝ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝ فَكُّ رَقَبَةٍ ۝ أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ ۝ يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝ أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝

۵۲۔ إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ۝ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ۝

۵۳۔ خُلِقَ الْإِنسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۚ سَأُورِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ۝

۵۴۔ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ۝

۵۵۔ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ خَذُولًا ۝

۵۶۔ وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُم مُّنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُم مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ۝

۵۷۔ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ ۖ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ۝ لِّيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝

۵۸۔ وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيبًا إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً

لگتے ہیں۔

۔الروم ۳۰:۳۳۔

۵۷۔ ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ بے شک وہ (اپنے حق میں) بڑا ہی ظالم، بڑا ہی نادان تھا۔ کہ اللہ منافقین و منافقات اور مشرکین و مشرکات کو سزا دے اور مومنین اور مومنات پر مہر کرے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۷۲۔۷۳۔

۵۸۔ اور جب آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہو کر اس کو پکارتا ہے۔ پھر جب وہ اپنی طرف سے اس کو کوئی نعمت عطا فرما دیتا ہے تو جس کے لیے اس نے پہلے اللہ کو پکارا تھا اس کو

بھول جاتا اور اللہ کے شریک ٹھیرانے لگتا ہے تاکہ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے گمراہ کرے۔ تو کہہ دے کہ چند روز تو اپنے کفر میں عیش کر لے، آخر تو دوزخیوں میں ہی ہوگا۔

۔الزمر ۳۹:۸۔

۱۲۔ انسان کمزور پیدا ہوا ہے

۵۹۔ اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔

۔النساء ۴:۲۸۔

۱۳۔ انسان بے صبر پیدا ہوا

۶۰۔ بے شک انسان بے صبر پیدا کیا گیا۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا جاتا ہے۔

۔المعارج ۷۰:۱۹-۲۰۔

۱۴۔ انسان جلد باز ہے

۶۱۔ اور انسان جلد باز ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۔

۶۲۔ اور انسان جلد باز پیدا کیا گیا ہے۔

۔انبیاء ۲۱:۳۷۔

۱۵۔ انسان جھگڑالو ہے

۶۳۔ اور انسان بڑا جھگڑالو ہے۔

۔الکہف ۱۸:۵۴۔

۶۴۔ کیا انسان یہ نہیں دیکھتا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا۔ تو وہ فوراً ہی کھلا جھگڑالو بن گیا۔

۔النحل ۱۶:۴ ویٰس ۳۶:۷۷۔

۱۶۔ مصیبت کے وقت انسان ناامید ہو جاتا ہے

۶۵۔ اور جب ہم آدمیوں کو رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتے ہیں اور اگر انہیں ان کے اعمال کے بدلے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں

مِنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوا إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَادًا لِّيُضِلَّ عَن سَبِيلِهِ ۚ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ۝

۵۹۔ وَخُلِقَ الْإِنسَانُ ضَعِيفًا ۝

۶۰۔ إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝

۶۱۔ وَكَانَ الْإِنسَانُ عَجُولًا ۝

۶۲۔ خُلِقَ الْإِنسَانُ مِنْ عَجَلٍ

۶۳۔ وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝

۶۴۔ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ۝

۶۵۔ وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ۝

۶۶۔ لَا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ ۝

۶۷۔ قُل لَّوْ أَنتُمْ تَمْلِكُونَ خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّي إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْإِنفَاقِ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ قَتُورًا ۝

۶۸۔ وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝

۶۹۔ وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝

کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اسی دم وہ مایوس ہو جاتے ہیں۔

۔الروم ۳۰:۳۶۔

۶۶۔ انسان بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا اور اگر تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ناامید، بے آس ہو جاتا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۴۹۔

۱۷۔ انسان کی محبت مال سے

۶۷۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میرے پروردگار کی رحمت کے خزانے تمہارے اختیار میں ہوتے تو خرچ ہو جانے کے ڈر سے تم ان کو بند کر رکھتے۔ انسان بڑا ہی تنگ دل ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۰۔

۶۸۔ اور تم مال سے سخت محبت رکھتے ہو۔

۔الفجر ۸۹:۲۰۔

۶۹۔ اور بے شک وہ مال کی محبت میں سخت (پھنسا ہوا) ہے۔

۔العدیات ۱۰۰:۸۔

۱۸۔ انسان مال دار ہو کر سرکشی کرتا ہے

۷۰۔ ہرگز یوں نہیں ہے۔ بے شک انسان سرکش ہو جاتا ہے جبکہ وہ اپنے آپ کو مال دار دیکھتا ہے۔

۔العلق ۹۶: ۶۔۷۔

۱۹۔ ایمان نہیں تو انسان گھاٹے میں ہے

۷۱۔ قسم ہے عصر کی! بے شک انسان گھاٹے میں ہے مگر وہ لوگ (نہیں) جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی وصیت کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے۔

۔العصر ۱۰۳: ۱۔۳۔

قرآن کے متعلق کافروں کے اقوال

۱۔ کافر کہتے ہیں کہ قرآن کو خود اس شخص نے دوسروں کی مدد سے بنالیا ہے

۱۔ جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ (قرآن) تو کچھ نہیں نرا بہتان ہے جو اس نے باندھ لیا ہے اور اس (کے بنانے) پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے۔ سو بے شک وہ ظلم اور جھوٹی بات لائے ہیں۔

۔الفرقان ۲۵: ۴۔

۲۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں جو اس نے لکھوالی ہیں۔ سو وہی اس پر صبح اور شام پڑھی جاتی ہیں۔

۔الفرقان ۲۵: ۵۔

۳۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ تو میرے پروردگار کی طرف سے حق ہے تا کہ تو ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے

۷۰۔ كَلَّآ إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰٓ ۝ أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰٓ ۝

۷۱۔ وَالْعَصْرِ ۝ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

۱۔ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ افْتَرَاهُ وَأَعَانَهُ عَلَيْهِ قَوْمٌ آخَرُونَ ۖ فَقَدْ جَاءُوا ظُلْمًا وَزُورًا ۝

۲۔ وَقَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝

۳۔ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ۝

۴۔ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا رَجُلٌ يُرِيدُ أَن يَصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ وَقَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ مُّفْتَرًى ۚ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝ وَمَا آتَيْنَاهُم مِّن كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا ۖ وَمَا أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِن نَّذِيرٍ ۝

۵۔ أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ۝

والا نہیں آیا۔ شاید وہ ہدایت پر آجائیں۔

۔السجدہ ۳۲: ۳۔

۴۔ اور جب ان پر ہماری صاف آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں یہ تو صرف ایک آدمی ہے جو یہ چاہتا ہے کہ تمہیں ان معبودوں سے روک دے، جنہیں تمہارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں کہ یہ (قرآن) تو ایک گھڑے ہوئے بہتان کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے حق کی نسبت، جب وہ ان کے پاس آیا کہا کہ یہ تو کھلے جادو کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ اور حال یہ ہے کہ ہم نے نہیں کوئی ایسی کتابیں تمہیں دی تھیں جنہیں وہ پڑھتے ہوں اور ہم نے ان کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا۔

۔سبا ۳۴: ۴۳۔۴۴۔

۵۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنا لیا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ ایمان نہیں لاتے۔

۔الطور ۵۲: ۳۳۔

۶۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنالیا ہے؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میں نے اسے خود بنالیا ہے تو میرا گناہ مجھ پر ہے اور جو گناہ تم کرتے ہو اس سے میں بری ہوں۔

۔ہود ۱۱: ۳۵۔

۷۔ یہ (قرآن) تو کچھ بھی نہیں محض آدمی کا قول ہے۔

۔المدثر ۷۴: ۲۵۔

۲۔ قرآن کو کافر جادو کہتے

۸۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے حق کی نسبت جب وہ ان کے پاس آیا کہا، کہ یہ تو کھلم کھلا جادو ہے۔ اور بس۔

۔سبا ۳۴: ۴۳۔

۹۔ (اے نبی ﷺ!) مجھے اور اسے چھوڑ، جس کو اکیلا پیدا کیا اور اس کو دور دراز تک پھیلا ہوا مال دیا۔ اور بیٹے ہر وقت موجود رہنے والے اور میں نے اس کا بڑا پھیلاؤ پھیلایا۔ پھر وہ یہ طمع رکھتا ہے کہ میں اسے اور زیادہ دوں۔ ہرگز نہیں۔ وہ ہماری آیتوں سے عناد رکھتا تھا۔ عنقریب میں اس کو چڑھائی پر چڑھاؤں گا۔ اس نے فکر کیا اور اندازہ لگایا سو وہ قتل کیا جائے اس نے کیسا (غلط) اندازہ لگایا۔ پھر وہ قتل کیا جائے اس نے کیسا (غلط) اندازہ لگایا۔ پھر اس نے دیکھا پھر تیوری چڑھائی اور ترش رو ہوا۔ پھر پیٹھ پھیری اور گھمنڈ کیا۔ پھر کہا یہ تو کچھ بھی نہیں محض ایک جادو ہے جو قدیم سے چلا آتا ہے۔ یہ تو کچھ بھی نہیں آدمی کا قول ہے۔ میں اسے دوزخ میں داخل کروں گا۔

۔المدثر ۷۴: ۱۱-۲۶۔

۶۔ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تُجْرِمُونَ ۝

۷۔ إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝

۸۔ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝

۹۔ ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيدًا ۝ وَجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَّمْدُودًا ۝ وَبَنِينَ شُهُودًا ۝ وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيدًا ۝ ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ ۝ كَلَّا ۖ إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا ۝ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۝ إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝ فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ۝

۱۰۔ وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ۩ ۝

۱۱۔ كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ۝ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝ فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ۝ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ۝ ثُمَّ جَاءَهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ۝ مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ۝

۳۔ جب قرآن پڑھا جاتا تو کافر سجدہ نہ کرتے

۱۰۔ اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ (اس کو سن کر) سجدہ نہیں کرتے۔

۔الانشقاق ۸۴: ۲۱۔

۱۱۔ اسی طرح ہم نے (انکار و تکذیب کو) گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیا ہے۔ وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔ وہ ان پر اچانک آجائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔ اس وقت وہ کہیں کہ بھلا ہمیں مہلت بھی دی جا سکتی ہے۔ تو کیا وہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟ سو کیا تو نے غور کیا کہ اگر ہم چند سال ان کو فائدہ پہنچائیں (اور) پھر ان پر وہ (عذاب) آجائے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو جو فائدہ انہیں پہنچایا جاتا تھا وہ ان کے کیا کام آئے گا۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۰۰-۲۰۷۔

۵۔ قرآن کو کافروں نے جھٹلایا

۱۲۔ وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۚ قُلْ لَسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيلٍ ۝ لِكُلِّ نَبَإٍ مُسْتَقَرٌّ ۚ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝

۱۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) اس کو تیری قوم نے جھٹلایا۔ حالانکہ وہ حق ہے (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ تم پر کچھ داروغہ تو ہوں نہیں۔ ہر خبر کا ایک مقرر وقت ہے اور عنقریب ہی تم معلوم کر لو گے۔

۔الانعام ۶: ۶۶۔۶۷۔

۶۔ قرآن کو کافروں نے چھوڑ دیا

۱۳۔ وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا ۝

۱۳۔ اور رسول نے (بطور شکایت) کہا کہ اے میرے پروردگار! بے شک میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ دیا۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۰۔

۷۔ قرآن سے اعراض کرنے والوں کی گمراہی اور ظلم

۱۴۔ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِنْ تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَنْ يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ۝

۱۴۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی گئی تو اس نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور اس کو بھول گیا جو اس کے ہاتھوں نے زاد (آخرت بنا کر) آگے بھیجا ہے؟ بے شک ہم نے ان کے دلوں پر اس بات کی طرف سے پردے ڈال دیے کہ وہ اسے سمجھیں نہیں اور ان کے کانوں میں گرانی ڈال دی ہے اور اگر تو انہیں ہدایت کی طرف بلائے تو اس وقت وہ کبھی بھی راہ ہدایت پر نہ آئیں۔

۔الکہف ۱۸: ۵۷۔

۱۵۔ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ ۝

۱۵۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اپنے پروردگار کی آیتوں کے ساتھ نصیحت کیا گیا پھر اس نے ان سے منہ پھیر لیا۔ بے شک ہم گنہگاروں سے بدلہ لینے والے ہیں۔

۔السجدۃ ۳۲: ۲۲۔

۱۶۔ كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ۝

۱۶۔ اسی طرح وہ لوگ (دین حق سے) پھیرے جاتے ہیں جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۳۔

۸۔ قرآن سے اعراض کرنے والے قیامت کو اندھے اٹھیں گے

۱۷۔ وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَىٰ ۝ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِي أَعْمَىٰ وَقَدْ كُنْتُ بَصِيرًا ۝ قَالَ كَذَٰلِكَ أَتَتْكَ آيَاتُنَا فَنَسِيتَهَا ۖ وَكَذَٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسَىٰ ۝ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِآيَاتِ رَبِّهِ ۚ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَىٰ ۝

۱۷۔ اور جس نے میری یاد سے روگردانی کی بے شک اس کے لیے تنگ گزران ہے اور قیامت کے دن ہم اسے اندھا اٹھائیں گے۔ وہ کہے گا اے میرے پروردگار! تو نے مجھے اندھا (کر کے) کیوں اٹھایا، میں بینا تھا۔ اللہ کہے گا اسی طرح تیرے پاس ہماری آیتیں آئیں تو تو نے انہیں بھلا دیا اور اسی طرح آج تجھے بھلایا جاتا ہے۔ اور اسی طرح کی سزا ہم اس شخص کو دیتے ہیں جو حد سے باہر نکل گیا اور ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لایا اور بے شک عذاب آخرت زیادہ سخت اور (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴۔۱۲۷۔

۹۔ قرآن سے اعراض کرنے والے قیامت کو گناہوں کا بوجھ اٹھائیں گے

۱۸۔ مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وِزْرًا ۝ خَالِدِينَ فِيهِ ۖ

۱۸۔ اور جو اس سے روگردانی کرے گا، بے شک وہ قیامت کے

دن (گناہوں کا) بوجھ اٹھائے گا۔ وہ ہمیشہ اس (گناہ) میں رہیں گے اور وہ قیامت کے دن ان کے لیے برا بوجھ ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۰۰-۱۰۱۔

۱۹۔ اور جب ان سے کہا گیا کہ تمہارے پروردگار نے کیا (حکم) نازل کیا تو کہا کہ اگلوں کی کہانیاں۔ تاکہ وہ قیامت کے دن اپنے (گناہوں کے) پورے بوجھ اٹھائیں اور ان کے بوجھ بھی جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کرتے ہیں۔ سن لو کہ برا بوجھ ہے جو وہ اٹھاتے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۲۴-۲۵۔

۲۰۔ اور جنہوں نے جھٹلایا ہماری نشانیوں کو انہیں عذاب پکڑے گا اس لیے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶: ۴۹۔

۱۰۔ قرآن کا انکار بدکار ہی کرتے ہیں

۲۱۔ اور اس کا انکار صرف بدکار ہی کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۹۹۔

۱۱۔ قرآن نہ ماننے والوں کے لیے عذاب نار

۲۲۔ تو کیا جو شخص اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی سند پر ہے اور اس کی طرف سے ایک گواہ اس کے پیچھے لگا ہو ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو (لوگوں کے لیے) امام اور رحمت ہے (منکر کی برابر ہو جائے گا)۔ یہی لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں اور جماعتوں میں سے جو اس کا انکار کرے گا وعدہ کے مطابق اس کا ٹھکانا آگ ہے۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو اس کی طرف سے شک میں نہ ہو۔ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے۔

۔ہود ۱۱: ۱۷۔

وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۝

۱۹۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝

۲۰۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

۲۱۔ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۝

۲۲۔ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۤ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۲۳۔ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۝

۲۴۔ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

۲۵۔ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝

۲۶۔ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْعَذَابِ

۲۳۔ اور اسی طرح کی سزا ہم اس شخص کو دیتے ہیں جو حد سے باہر نکل گیا اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لایا اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا سخت اور (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۲۷۔

۲۴۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ہرانے کی کوشش کی وہی دوزخی ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۵۱۔

۲۵۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ہرانے کی کوشش کی انکے لیے سخت قسم کا دردناک عذاب ہے۔

۔سبا ۳۴: ۵۔

۲۶۔ اور جو ہماری آیتوں کے ہرانے کی کوشش کرتے ہیں وہی عذاب

میں حاضر کئے جائیں گے۔

۔سبا۳۴: ۳۸۔

۲۷۔ بلکہ ان کے دل اس کی طرف سے غفلت میں ہیں اور ان کے لیے اس کے علاوہ عمل ہیں، جو وہ کر رہے ہیں یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے خوش حال لوگوں کو عذاب میں دھر پکڑا، تو اسی دم وہ چلا اٹھے۔ آج تم نہ چلاؤ۔ بے شک تم (ہمارے مقابلے میں کسی طرف سے بھی) مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ میری آیتیں تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم اپنی ایڑیوں پر (کفر کی طرف) الٹ جاتے تھے، گھمنڈ کرتے ہوئے اس کو افسانہ بناتے ہوئے (اور) فضول بکواس کرتے ہوئے۔

۔المومنون ۲۳: ۶۳۔ ۶۷۔

۲۸۔ اور اس (نصیحت) سے وہ بدبخت دور رہے گا جو بڑی آگ میں داخل ہوگا۔ پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ زندہ ہی رہے گا۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۱۱۔ ۱۳۔

۱۲۔ قرآن سے انحراف کرنے سے زندگی میں اور مرنے کے بعد دہرا عذاب

۲۹۔ (اگر تو قرآن سے اعراض کرتا تو) اس وقت ہم تجھے زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی ضرور دہری دہری مار کا مزہ چکھاتے پھر تو ہمارے مقابلے میں کوئی اپنا مددگار بھی نہ پاتا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۷۵۔

۱۳۔ قرآن سے ظالموں کو نقصان ہی پہنچتا ہے

۳۰۔ اور (قرآن) ظالموں کے لیے گھاٹا ہی بڑھاتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۲۔

مُعْرِضُوْنَ ۞

۲۷۔ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۞ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ۞ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۞ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ۞ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ۞

۲۸۔ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۞ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۞ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۞

۲۹۔ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ۞

۳۰۔ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۞

۳۱۔ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا

۳۲۔ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ۞ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۞

۳۳۔ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۞ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۞

۱۴۔ قرآن کافروں کا کفر اور بڑھاتا ہے

۳۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک جو تیرے پروردگار کی طرف سے تجھ پر اترا ہے، ان میں بہتوں کی سرکشی اور کفر کو بڑھاتا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۶۴، ۶۸۔

۱۵۔ قرآن کافروں کے لیے موجب حسرت ہے

۳۲۔ اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ تم میں بعض جھٹلانے والے ہیں اور بے شک وہ کافروں کے لیے موجب حسرت ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۴۹۔ ۵۰۔

۱۶۔ اگر قرآن عجمی زبان میں نازل ہوتا مگر تب بھی نہ مانتے

۳۳۔ اور (اے نبی ﷺ) اگر ہم اس (قرآن) کو کسی عجمی پر اتارتے پھر وہ اس کو ان پر پڑھتا تو (بھی) وہ اس پر ایمان نہ لاتے۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۹۸۔ ۱۹۹۔

۴۴۔ اور اگر ہم اس کو عجمی قرآن بنا دیتے تو وہ ضرور یہی کہتے کہ اس کی آیتیں کھولی نہیں گئیں۔ بھلا (قرآن) عجمی اور (قوم) عربی! (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ تو ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں ہدایت اور شفا ہے اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی ہے اور وہ ان پر اندھا ہے۔ یہی لوگ ہیں جو دور کے فاصلے سے پکارے جاتے ہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۴۴۔

آدابِ تلاوتِ قرآن

۱۔ قرآن پڑھنا شروع کرو تو پہلے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو

۱۔پس جب تو قرآن پڑھنا شروع کرے تو (پہلے) شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کر۔

۔النحل ۱۶:۹۸۔

۲۔ قرآن اللہ کا نام لے کر پڑھنا چاہیے

۲۔(اے نبی ﷺ) اپنے پروردگار کا نام لے کر جس نے پیدا کیا (یہ قرآن) پڑھ۔

۔العلق ۹۶:۱۔

۳۔ قرآن ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے

۳۔اور قرآن کو ہم نے پارہ پارہ کر کے اتارا تاکہ تو اس کو لوگوں پر وقفہ دے دے کر پڑھے اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر اتارا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۶۔

۴۔یا اس پر زیادہ کر اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھ۔

۔المزمل ۷۳:۴۔

۴۴۔ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ۭ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ۭ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاۗءٌ ۭ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝

۱۔ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝

۲۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝

۳۔ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَي النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝

۴۔ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝

۵۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۡ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

۶۔ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

۷۔ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰي يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰي مَعَ

۵۔پس بلند مرتبہ ہے بادشاہِ برحق اور (اے نبی ﷺ) قرآن (کے یاد کرنے) میں اس سے پہلے ہی کہ تیری طرف اس کی وحی ختم کی جائے جلدی نہ کر اور کہہ کہ اے میرے پروردگار! مجھے اور زیادہ علم دے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۱۴۔

۴۔ جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو خاموش ہو کر سنو

۶۔اور جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔الاعراف ۷:۲۰۴۔

۵۔ جہاں قرآن کی توہین ہو وہاں نہ بیٹھو

۷۔اور (اے نبی ﷺ!) جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیتوں میں فضول بکواس کرتے ہیں تو ان سے کنارہ کشی کر یہاں تک کہ وہ اس کے سوا کسی اور بات میں بکواس کرنے لگیں۔ اور یہ

بات شیطان تجھے بھلا دے تو یاد آنے کے بعد ان ظالم لوگوں کے پاس نہ بیٹھو۔

-الانعام ۶: ۶۸-

۶۔ قرآن کے اتباع کا حکم

۸۔(اے نبی ﷺ!) جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی جانب سے وحی کیا گیا ہے اس پر چل۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور مشرکوں کی طرف سے منہ پھیر لے۔

-الانعام ۶: ۱۰۶-

۹۔(اے نبی ﷺ) یہ ایک کتاب ہے جو تیری طرف اتاری گئی ہے تو اس سے تیرے دل میں کسی قسم کی تنگی پیدا نہ ہو۔ تاکہ تو اس کے ذریعے سے (لوگوں کو) ڈرائے اور ایمان داروں کے لیے بشارت ہو۔ اس پر چلو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف اتارا گیا ہے اور اس کے سوا کارسازوں کی پیروی نہ کرو۔ تم بہت تھوڑی نصیحت پکڑتے ہو۔

-الاعراف ۷: ۱-۳-

۱۰۔(اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے۔

-الاعراف ۷: ۲۰۳-

۱۱۔اور (اے نبی ﷺ!) جو وحی تیری طرف کی جاتی ہے اس پر چل اور اللہ کے فیصلہ کرنے تک صبر کر اور وہ سب حاکموں سے بہتر ہے۔

-یونس ۱۰: ۱۰۹-

۱۲۔اور (اے نبی ﷺ!) جو وحی تیرے پروردگار کی طرف سے کی جاتی ہے اسی پر چل۔ اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۲-

۱۳۔اور (لوگو!) اس اچھی بات پر چلو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف نازل کی گئی ہے، اس سے پہلے کہ اچانک تم پر عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

-الزمر ۳۹: ۵۵-

۱۴۔پس (اے نبی ﷺ!) جو وحی تیری طرف کی جاتی ہے اس کو مضبوطی سے پکڑے رہ۔ بے شک تو سیدھی راہ پر ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۴۳-

۷۔ تبلیغ قرآن کا حکم

۱۵۔(اے نبی ﷺ!) اسی طرح ہم نے تجھے اس امت میں بھیجا جس سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں تاکہ ان پر وہ (قرآن) پڑھے جو ہم نے تیری طرف بذریعہ وحی بھیجا ہے اور وہ تو رحمٰن ہی کا انکار کرتے ہیں۔ کہہ دے کہ وہ میرا پروردگار ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے۔

-الرعد ۱۳: ۳۰-

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۸۔ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

۹۔ الٓمّٓصٓ ۝ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

۱۰۔ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ

۱۱۔ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝

۱۲۔ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

۱۳۔ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝

۱۴۔ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

۱۵۔ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر ہم تجھے (تیری زندگی میں) بعض وہ عذاب جن کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں دکھلا دیں یا (اس سے پہلے ہی) تجھے مار دیں (تو ایک ہی بات ہے)۔ تیرا کام صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور ہمارا ذمہ حساب لینا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۴۰۔

۱۷۔ سو (اے نبی ﷺ!) جس بات کا تجھے حکم دیا جاتا ہے اس کو ظاہر کر اور جاہلوں سے مونہہ پھیر لے۔

۔الحجر ۱۵: ۹۴۔

۱۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تیری طرف یہ نصیحت اس لیے اتاری ہے تاکہ تو لوگوں سے اس بات کو بیان کر دے جو ان کی طرف اتاری گئی ہے تاکہ وہ سوچیں۔

۔النحل ۱۶: ۴۴۔

۱۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر یہ کتاب محض اس لیے اتاری ہے تاکہ تو ان سے وہ باتیں بیان کر دے جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اور وہ ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہو۔

۔النحل ۱۶: ۶۴۔

۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) تیرے پروردگار کی جو کتاب بذریعۂ وحی تیرے طرف بھیجی گئی ہے، اس کو پڑھتا رہ۔ کوئی اس کی باتوں کا بدلنے والا نہیں ہے اور تو ہرگز اس کے سوا کوئی پناہ کی جگہ نہیں پائے گا۔

۔الکہف ۱۸: ۲۷۔

۲۱۔ اور یہ کہ میں قرآن پڑھتا رہوں۔ سو جو ہدایت پر آئے وہ اپنے ہی نفع کے لیے ہدایت پر آتا ہے اور جو کوئی گمراہ ہو تو کہہ دے کہ میں تو ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔النمل ۲۷: ۹۲۔

۱۶۔ وَإِن مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝

۱۷۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ۝

۱۸۔ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝

۱۹۔ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۲۰۔ وَاتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ رَبِّكَ ۖ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَلَن تَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَدًا ۝

۲۱۔ وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَا أَنَا مِنَ الْمُنذِرِينَ ۝

۲۲۔ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ إِلَيْكَ ۖ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۲۳۔ اتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ

۲۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) کہیں وہ تجھے اللہ کی آیتوں سے بعد اس کے کہ وہ تیری طرف اتاری گئی ہیں روک نہ دیں اور تو اپنے پروردگار کی طرف بلا اور مشرکوں سے ہرگز نہ ہو۔

۔القصص ۲۸: ۸۷۔

۲۳۔ (اے نبی ﷺ!) جو کتاب تیری طرف وحی کی گئی ہے اس کو پڑھتا رہ۔

۔العنکبوت ۲۹: ۴۵۔

تورات

۱۔ توریت کی تصدیق قرآن نے کی

۱۔ وَآمِنُوا بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا

۱۔ اور جو کتاب میں نے (اپنے رسول محمد پر) نازل کی ہے جو تمہاری

کتاب (تورات) کو سچا کہتی ہے اس پر ایمان لاؤ اور اس سے منکر اول نہ بنو اور میری آیتوں میں (تحریف کرکے) ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی منفعت) نہ حاصل کرو اور مجھ ہی سے خوف رکھو۔

۔البقرۃ ۲: ۴۱۔

۲۔ اور جب اللہ کے ہاں سے ان کے پاس کتاب آئی جو ان کی (آسمانی) کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے اور وہ پہلے (ہمیشہ) کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے۔ تو جس چیز کو وہ خوب پہچانتے تھے جب ان کے پاس آ پہنچی تو اس سے کافر ہو گئے پس کافروں پر اللہ کی لعنت۔

۔البقرۃ ۲: ۸۹۔

۳۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے (اب) نازل فرمائی ہے اس کو مانو تو کہتے ہیں کہ جو کتاب ہم پر (پہلے) نازل ہو چکی ہے ہم تو اسی کو مانتے ہیں (یعنی) یہ اس کے سوا اور (کتاب) کو نہیں مانتے حالانکہ وہ (سراسر) سچی ہے اور جو ان کی (آسمانی) کتاب ہے اس کی بھی تصدیق کرتی ہے۔ (ان سے) کہہ دو کہ اگر تم صاحب ایمان ہوتے تو اللہ کے پیغمبروں کو پہلے ہی کیوں قتل کیا کرتے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۱۔

۴۔ کہہ دو کہ جو شخص جبرئیل کا دشمن ہو (اس کو غصے میں مرجانا چاہیے) اس نے تو (یہ کتاب) اللہ کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۷۔

تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ۝

۲۔ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝

۳۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

۴۔ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰي قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۵۔ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

۶۔ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰي ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

۵۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے پیغمبر (آخر الزماں) آئے اور وہ ان کی (آسمانی) کتاب کی تصدیق بھی کرتے ہیں تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی ان میں سے ایک جماعت نے اللہ کی کتاب کو پیٹھ پیچھے پھینک دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۰۱۔

۶۔ اور جب خدا نے پیغمبروں سے عہد لیا کہ جب میں تم کو کتاب اور دانائی عطا کروں پھر تمہارے پاس کوئی پیغمبر آئے جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرے تو تمہیں ضرور اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہوگی۔ اور (عہد لینے کے بعد) پوچھا کہ بھلا تم نے اقرار کیا اور اس اقرار پر میرا ذمہ لیا (یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا)۔ انہوں نے کہا (ہاں) ہم نے اقرار کیا۔ (اللہ نے) فرمایا کہ تم (اس عہد و پیمان کے) گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔

۔آل عمران ۳: ۸۱۔

۷۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝

ہیں۔ اور ہماری آیتوں کا انکار تو صرف ظالم ہی کرتے ہیں اور انہوں نے کہا کہ اس (نبی ﷺ!) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کچھ نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ نشانیاں تو بس اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔ کیا انہیں یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے تجھ پر کتاب اتاری جو ان پر پڑھی جاتی ہے؟ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں رحمت اور نصیحت ہے۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۸۔۵۱۔

۲۳۔ اور (اے نبی ﷺ) اسی طرح ہم نے تیری طرف اپنے حکم سے روح اتاری۔ تو نہیں جانتا تھا کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ جانتا تھا کہ ایمان کیا ہے؟ لیکن ہم نے اس کو ایک نور ٹھہرایا تو اس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت کر دیتے

ہیں اور تو بے شک (لوگوں کو) سیدھے رستے پر لگاتا ہے۔ اس اللہ کے رستے پر جس کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے۔ اور جو زمین میں ہے۔ سنتے ہو سب کام اللہ ہی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۵۲۔۵۳۔

۱۰۔ آپ شاعر نہ تھے

۲۴۔کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ ایک شاعر ہے جس کے بارے میں ہم زمانہ کی گردش کا انتظار کر رہے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔ کیا ان کی عقلیں ان کو اس بات کا حکم دیتی ہیں یا وہ گمراہ لوگ ہیں یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس (نبی ﷺ!) نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ کوئی بھی نہیں بلکہ وہ ایمان نہیں لاتے تو اگر وہ (اپنے وعدے میں) سچے ہیں تو وہ ایسی ایک ہی بات کہیں سے لے آئیں۔

۔الطور ۵۲: ۳۰۔۳۴۔

۱۱۔ قرآن کے اتارنے پر شیاطین کو قدرت نہیں ہے

۲۵۔اور اس کو شیطانوں نے نہیں اتارا اور نہ یہ ان کو سزاوار ہے اور نہ وہ ایسا کر سکتے ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۰۔۲۱۱۔

۱۲۔ اور یہ قرآن شیطان کا کلام نہیں

۲۶۔وہ تو (کلام الٰہی کو) سننے سے ایک طرف ہٹا دیے گئے ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۲۔

۲۷۔اور وہ شیطان مردود کا کلام نہیں ہے۔ تو تم لوگ

عِبَادِنَا ۚ وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ ۝

۲۴۔أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ ۝ قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُتَرَبِّصِينَ ۝ أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُم بِهَٰذَا ۚ أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ ۝ أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ۝

۲۵۔وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ۝ وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ۝

۲۶۔إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ۝

۲۷۔وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝ فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ۝

۲۸۔وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ۝ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝

۲۹۔أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۖ فَإِن يَشَإِ اللَّهُ يَخْتِمْ عَلَىٰ قَلْبِكَ ۗ وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝

کدھر جا رہے ہو؟

۔التکویر ۸۱: ۲۵۔۲۶۔

۱۳۔ قرآن کسی شاعر یا کاہن کا کلام نہیں ہے

۲۸۔اور وہ کسی شاعر کا کلام نہیں ہے تم بہت ہی کم یقین کرتے ہو اور نہ وہ کسی کاہن کا کلام ہے۔ تم لوگ بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۴۱۔۴۲۔

۱۴۔ اللہ چاہتا تو آپ کے قلب پر مہر کر دیتا

۲۹۔کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھ لیا ہے سو اگر چاہتا اللہ تو تیرے دل پر مہر لگا دیتا اور اللہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور حق کو اپنی باتوں سے ثابت کر دیتا ہے۔ بے شک وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۲۴۔

۱۵۔ آپ اللہ پر بہتان باندھتے تو سب سے پہلے اللہ آپ کا دشمن ہوتا

۳۰۔ اور اگر وہ بعض باتیں خود بنا کر ہماری طرف منسوب کر دیتا تو ہم ضرور اس کا دہنا ہاتھ پکڑ لیتے۔ پھر اس کی گردن کی رگ کاٹ ڈالتے پھر کوئی تم میں سے اس سے باز رکھنے والا نہیں ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۴۴-۴۷۔

۱۶۔ آپ کو فرشتوں کی اعلیٰ جماعت کا علم

۳۱۔ (فرشتوں کی) اونچی جماعتوں کی جب وہ جھگڑ رہے تھے مجھے کیا خبر تھی۔

۔ص ۳۸-۶۹۔

۱۷۔ آپ پر ایمان لانے میں قریش کے فضول عذرات

۳۲۔ اور انہوں نے کہا کہ اگر ہم تیرے ساتھ ہو کر ہدایت پر چلیں تو ہم اپنے ملک سے اچک لیے جائیں۔ کیا ہم نے انہیں حرم میں جگہ نہیں دی جو امن والی جگہ ہے؟ اس کی طرف ہر قسم کے پھل کھچے چلے آتے ہیں جو ہماری طرف سے (لوگوں کا) رزق ہے لیکن ان میں سے اکثر (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔القصص ۲۸-۵۷۔

قرآن میں پیشین گوئیاں

۱۔ مراجعتِ وطن کی پیشین گوئی

۱۔ بے شک وہ (اللہ) جس نے تجھ پر قرآن (کے احکام کو) فرض کیا ہے ضرور تجھے واپس کی جگہ (مکے میں) واپس لانے والا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا ہے اور اس کو بھی جو کھلی گمراہی میں ہے۔

۔القصص ۲۸: ۸۵۔

۲۔ بے شک اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچ کر دکھایا کہ تم انشاء اللہ ضرور مسجد الحرام میں داخل ہو گے۔ امن (وامان) کے ساتھ، اپنے سر منڈوانے والے اور بال کتروانے والے ہو کر۔ بالکل (کسی سے) نہ ڈرتے ہوئے جو تم نے نہ جانا اس نے جان لیا۔ سو اس سے پہلے ہی ایک فتح عطا فرمائی۔

۔الفتح ۴۸: ۲۷۔

۲۔ کفار بدر کی شکست کی پیشین گوئی

۳۔ کیا تمہارے کفار ان (اگلے کافروں) سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے صحیفوں میں برأت (لکھی ہوئی) ہے یا وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم بدلہ لینے والی جماعت ہیں؟ عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔

۔القمر ۵۴: ۴۳-۴۵۔

۳۰۔ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ۝ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ۝ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ۝ فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ۝

۳۱۔ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ۝

۳۲۔ وَقَالُوا إِن نَّتَّبِعِ الْهُدَىٰ مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا ۚ أَوَلَمْ نُمَكِّن لَّهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَىٰ إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّن لَّدُنَّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۱۔ إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاءَ بِالْهُدَىٰ وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝

۲۔ لَّقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۖ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِن دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

۳۔ أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُم بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ۝ أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ ۝ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ۝

۳۔ کفارِ مکہ و اہلِ اسلام میں اتحاد ہونے کی پیشین گوئی

۴۔ امید ہے کہ اللہ تمہارے درمیان اور ان لوگوں کے درمیان جن سے تم عداوت رکھتے ہو، محبت پیدا کر دے اور اللہ قادر ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔الممتحنة ۶۰: ۷۔

۴۔ فارس پر رومیوں کی فتح کی پیشین گوئی

۵۔ روم مغلوب ہو گیا قریب ہی کے ملک میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب ہی غالب ہوں گے چند سال میں۔ پہلے اور پیچھے اللہ ہی کا حکم ہے اور اس دن ایمان دار خوش ہوں گے، اللہ کی فتح سے۔ وہ جسے چاہے فتح دے اور وہی غالب، رحم والا ہے۔ یہ اللہ نے وعدہ کیا ہے۔ اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے وہ دنیا کی زندگی کی ظاہر باتوں کو جانتے ہیں اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۱-۷۔

۵۔ مسلمانوں کے ایک جنگ جو قوم کو فتح کرنے کی پیشین گوئی

۶۔ (اے نبی ﷺ! جہاد سے) پیچھے رہ جانے والے دیہاتیوں سے کہہ دے کہ تم عنقریب ہی ایک سخت لڑنے والی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے۔ تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔ سو اگر (اس موقع پر) تم حکم مانو گے تو اللہ تمہیں اچھا عوض دے گا اور اگر تم نے اسی طرح پیٹھ پھیری جیسا کہ تم پہلے پیٹھ پھیر چکے ہو تو وہ تمہیں

۴۔ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً ۚ وَاللّٰهُ قَدِيرٌ ۚ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

۵۔ الٓمٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّومُ ۝ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ۝ فِي بِضْعِ سِنِينَ ۗ لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ۚ وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۚ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ۖ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ يَعْلَمُونَ ظَاهِرًا مِنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْآخِرَةِ هُمْ غَافِلُونَ ۝

۶۔ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

۷۔ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝

۸۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي

دردناک عذاب دے گا۔

۔الفتح ۴۸: ۱۶۔

۶۔ مسلمانوں کے عروج کی پیشین گوئی

۷۔ اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا ہجرت کی، ہم انہیں ضرور دنیا میں اچھے ٹھکانے پر لگا کر دیں گے اور البتہ آخرت کا اجر (اس سے بھی) بڑا ہے۔ کاش وہ جانتے ہوتے! (یعنی انہیں) جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۴۱-۴۲۔

۸۔ (مسلمانو!) جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ضرور انہیں ملک میں (اپنا) جانشین کرے گا جیسا کہ ان لوگوں کو جانشین کیا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں اور ضرور ان کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے ان

کے لیے پسند کیا ہے جما کر رہے گا اور ان کے خوف کھانے کے بعد ان (کے خوف) کو ضرور امن سے بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے، کسی چیز کو میرے ساتھ شریک نہیں کریں گے اور جس نے اس (نعمت) کے بعد بھی ناشکری کی تو وہی لوگ بدکار ہیں۔

۔النور ۲۴:۵۵۔

۹۔ بے شک اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچ کر دکھایا کہ تم انشاء اللہ ضرور مسجد الحرام میں داخل ہو گے۔ امن (و امان) کے ساتھ، اپنے سر منڈوانے والے اور بال کتروانے والے ہو کر۔ بالکل (کسی سے) نہ ڈرتے ہوئے جو تم نے نہ جانا اس نے جان لیا۔ سو اس سے پہلے ہی ایک فتح عطا فرمائی۔

۔الفتح ۴۸:۲۷۔

۷۔ غلبۂ اسلام کی پیشین گوئی

۱۰۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی گواہ ہے۔

۔الفتح ۴۸:۲۸۔

۱۱۔ وہ (اللہ) وہ ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو سب دینوں پر غالب کرے گا۔ خواہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو۔

۔التوبۃ ۹:۳۳۔

۸۔ شق القمر

۱۲۔ قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا اور اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو (اس سے) منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جادو ہے جو ہمیشہ سے چلا آتا ہے۔

ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝

۹۔ لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۖ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِن دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

۱۰۔ هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝

۱۱۔ هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۝

۱۲۔ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانشَقَّ الْقَمَرُ ۝ وَإِن يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَكُلُّ أَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝

۱۔ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِذْ قَالُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ عَلَىٰ بَشَرٍ مِّن شَيْءٍ ۗ قُلْ مَنْ أَنزَلَ الْكِتَابَ الَّذِي جَاءَ بِهِ مُوسَىٰ نُورًا وَهُدًى لِّلنَّاسِ ۖ تَجْعَلُونَهُ قَرَاطِيسَ تُبْدُونَهَا وَتُخْفُونَ كَثِيرًا ۖ وَعُلِّمْتُم مَّا لَمْ تَعْلَمُوا

انہوں نے (اس کو) جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کے پیچھے لگ گئے اور ہر ایک کام کا ایک وقت مقرر ہے۔

۔القمر ۵۴:۱-۳۔

آپ کی رسالت پر کافروں کے اعتراض اور ان کے جواب

۱۔ یہ اعتراض کہ بشر رسول نہیں ہوتا

۱۔ اور انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جو اس کی قدر کرنے کا حق ہے جب انہوں نے یہ کہا کہ اللہ نے کسی بشر پر کوئی چیز نہیں اتاری (اے نبی ﷺ ان سے) پوچھ کہ کتاب کو کس نے اتارا جو موسیٰ لائے تھے،

جو لوگوں کے لیے نور اور ہدایت ہے۔ تم اس کو پارہ پارہ کرتے ہو کچھ اس میں سے ظاہر کرتے ہو اور بہت سا چھپاتے ہو اور (اسی کتاب کے ذریعے) تمہیں وہ کچھ سکھلایا گیا جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی نے (کتاب اتاری) پھر انہیں ان کی بکواس میں چھوڑ دے کہ کھیل میں لگے رہیں۔

-الانعام ۶: ۹۱-

۲۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان ہی میں سے ایک آدمی کی طرف یہ وحی بھیجی کہ لوگوں کو (ہمارے عذاب سے) ڈرا۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں انہیں یہ بشارت دے کہ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں راستی کا قدم (یعنی بلند مرتبہ) ہے (اور) کافروں نے کہا کہ بے شک یہ تو کھلا جادوگر ہے۔

-یونس ۱۰: ۲-

۳۔ اور لوگوں کو ایمان لانے سے جب ان کے پاس ہدایت آئی، صرف اسی بات نے روکا کہ انہوں نے کہا کہ کیا اللہ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر زمین میں فرشتے چلتے پھرتے ہوتے تو ہم ضرور ان پر آسمان سے کسی فرشتے کو رسول بنا کر اتارتے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں سے خبردار ہے، (انہیں) دیکھنے والا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۹۴-۹۶-

۴۔ لوگوں کے لیے ان کے حساب (دینے) کا وقت قریب آ گیا اور وہ منہ پھیرے غفلت میں پڑے ہیں۔ ان کے پاس جب بھی کوئی نئی نصیحت ان کے پروردگار کی طرف

أَنتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ ۖ قُلِ اللَّهُ ۖ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ ۝

۲۔ أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ رَجُلٍ مِّنْهُمْ أَنْ أَنذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ قَالَ الْكَافِرُونَ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ مُّبِينٌ ۝

۳۔ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ إِلَّا أَن قَالُوا أَبَعَثَ اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا ۝ قُل لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلَائِكَةٌ يَمْشُونَ مُطْمَئِنِّينَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ مَلَكًا رَّسُولًا ۝ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ۝

۴۔ اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ۝ مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ ۝ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ ۗ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۖ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ۝ قَالَ رَبِّي يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ بَلْ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ۝ مَا آمَنَتْ قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا ۖ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِمْ ۖ فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝

سے آتی ہے اس کو وہ کھیل بناتے ہوئے سنتے ہیں اور ان کے دل (اس سے) غافل ہوتے ہیں اور ظالموں نے چپکے چپکے ایک دوسرے کے کان میں کہا کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے۔ تو کیا تم آنکھوں دیکھتے جادو میں پھنسنا چاہتے ہو؟ رسول نے کہا کہ میرا پروردگار بات کو جانتا ہے، آسمان میں ہو خواہ زمین میں اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ بلکہ انہوں نے یہ بھی کہا کہ (قرآن تو) پریشان خواب ہیں، بلکہ خود اس نے اسے بنا لیا ہے، بلکہ وہ تو ایک شاعر ہے سو وہ ہمارے پاس کوئی نشان لائے جیسا کہ پہلے (پیغمبر نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھے۔ ان سے پہلے کوئی بستی بھی جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا، ایمان نہیں لائی تھی تو کیا وہ ایمان لے آئیں گے؟ (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول بھی بھیجے وہ آدمی ہی تھے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے تو (لوگو!) اگر تم نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھ لو۔

-الانبیاء ۲۱: ۱-۷-

۲۔ یہ اعتراض کہ آپ کھانا کیوں کھاتے اور بازاروں میں کیوں پھرتے ہیں

۵۔ اور ہم نے انہیں ایسا جسم نہیں دیا تھا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور وہ ہمیشہ رہنے والے بھی نہیں تھے۔ پھر ہم نے انہیں اپنا وعدہ سچا کر دکھلایا اور ہم نے انہیں اور جس کو ہم نے چاہا نجات دی اور حد سے باہر نکل جانے والوں کو ہلاک کر دیا۔

۔الانبیاء ۲۱: ۸۔۹

۶۔ اور انہوں نے کہا کہ اس رسول کو کیا ہوا کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں پھرتا ہے۔ اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا کہ وہ بھی اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا۔

۔الفرقان ۲۵: ۷

۳۔ یہ اعتراض کہ اللہ خود ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا

۷۔ اور جو لوگ کچھ بھی نہیں جانتے انہوں نے کہا کہ اللہ ہم سے خود کیوں نہیں باتیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔ اسی طرح ان ہی کا سا قول ان لوگوں نے کہا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان کے دل ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ ہم نے تو نشانیاں ان لوگوں کے لیے بیان کر دیں جو یقین کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۸

۴۔ یہ اعتراض کہ آپ کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے

۸۔ اور جو لوگ کچھ نہیں جانتے انہوں نے کہا کہ اللہ خود ہم سے باتیں کیوں نہیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔ اسی طرح ان ہی کا سا قول ان لوگوں نے کہا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان سب کے دل ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ ہم نے تو نشانیاں ان لوگوں کے لیے بیان کر دیں جو یقین کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۸

۹۔ اور انہوں نے کہا کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) کہہ دے کہ بے شک اللہ اس بات پر قادر ہے کہ وہ کوئی نشانی اتارے لیکن ان میں سے اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔الانعام ۶: ۳۷

۱۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب تو ان کے پاس کوئی نشانی نہیں لاتا تو وہ کہتے ہیں کہ تو اسے کیوں نہیں کھینچ لاتا۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف میرے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔ جب قرآن پڑھا جائے تو اسے (غور سے) کان لگا کر سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۳۔۲۰۴

۵۔ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَأَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝

۶۔ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْأَسْوَاقِ ۚ لَوْلَآ أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝

۷۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ أَوْ تَأْتِيْنَآ اٰيَةٌ ۗ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ۘ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ۗ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

۸۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ أَوْ تَأْتِيْنَآ اٰيَةٌ ۗ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ۘ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ۗ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

۹۔ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ قُلْ إِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى أَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

۱۰۔ وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ إِنَّمَآ أَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى إِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَأَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

۱۱۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اس (نبی ﷺ!) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نہیں اتاری گئی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ علم غیب تو بس اللہ ہی کے لیے ہے۔ تو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔

۔یونس ۱۰: ۲۰۔

۱۲۔ اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی۔ سو تو تو محض ایک ڈرانے والا ہے اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہوتا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۷۔

۱۳۔ اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع ہوتا ہے اسے اپنی طرف ہدایت کرتا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۷۔

۱۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر کوئی ایسا قرآن بھی ہوتا کہ اس (کی تاثیر) سے پہاڑ چلائے جاتے یا اس سے زمین کاٹی جاتی یا اس سے مردے بلائے جاتے (تو کافر تو تب بھی ایمان نہ لاتے) بلکہ سب کام اللہ کے اختیار میں ہیں۔

۔الرعد ۱۳: ۳۱۔

۱۵۔ اور وہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتا؟ کیا ان کے پاس وہ کھلی دلیل نہیں آئی جو اگلوں کے صحیفوں میں (مندرج) ہے اور اگر ہم اس (کے آنے) سے پہلے ہی عذاب بھیج کر انھیں ہلاک کر دیتے تو (اس وقت) وہ ضرور یہی عذر کرتے کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا تھا کہ اس سے پہلے ہم ذلیل وخوار ہوں تیری آیتوں پر چلتے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ہر ایک انتظار کرنے والا ہے تم بھی انتظار کرو۔ عنقریب تم جان لو گے کہ کون سیدھی راہ والے ہیں اور کون ہدایت پر ہے۔

۔مریم ۱۹: ۱۳۳، ۱۳۵۔

۱۶۔ بلکہ انھوں نے کہا کہ (قرآن تو) پریشان خواب ہیں بلکہ اس نے خود اسے بنا لیا ہے بلکہ وہ شاعر ہے تو اسے چاہیے کہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جیسا کہ اگلے پیغمبر (نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھے۔ ان سے پہلے کوئی بستی بھی جنھیں ہم نے ہلاک کر دیا، ایمان نہیں لائی تھی تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۵-۶۔

۱۱۔ وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ۝

۱۲۔ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ ۖ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝

۱۳۔ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ۝

۱۴۔ وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا

۱۵۔ وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِّن رَّبِّهِ ۚ أَوَلَمْ تَأْتِهِم بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ۝ وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم بِعَذَابٍ مِّن قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ وَنَخْزَىٰ ۝ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ ۝

۱۶۔ بَلْ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ۝ مَا آمَنَتْ قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا ۖ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۷۔ انہوں نے کہا کہ اس کے پروردگار کی طرف سے اس پر کچھ نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ نشانیاں تو بس اللہ ہی کے پاس ہیں۔ میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔ کیا انہیں یہ (نشانی) کافی نہیں کہ ہم نے تجھ پر کتاب اتاری جو ان پر پڑھی جاتی ہے۔ بے شک جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کے لیے اس میں رحمت اور نصیحت ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۰۔۵۲۔

۵۔ یہ اعتراض کہ قربانی کو آگ آسمان سے آکر کیوں نہیں کھا جاتی

۱۸۔ (یہ وہ ہیں) جنہوں نے کہا کہ بے شک اللہ نے ہم سے یہ عہد لیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں تاوقتیکہ وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے جس کو (آسمان سے آکر) آگ کھا جائے۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) کہہ دے کہ تمہارے پاس مجھ سے پہلے کتنے ہی رسول کھلی دلیلیں اور وہ چیز جو تم کہتے ہو، لے کر آچکے ہیں۔ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو، تو تم نے انہیں کیوں قتل کر دیا۔ پھر اگر وہ (اس پر بھی) تجھے جھٹلائیں تو تجھ سے پہلے کتنے ہی رسول جھٹلائے جا چکے ہیں جو کھلی دلیلیں اور صحیفے اور چمکتی کتاب لے کر آئے تھے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۳۔۱۸۴۔

۶۔ یہ اعتراض کہ آپ پر سب کے سامنے فرشتے کیوں نہیں اترتے

۱۹۔ اور انہوں نے کہا کہ اس (نبی ﷺ!) پر کوئی فرشتہ

۱۷۔ وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا ۖ

۱۸۔ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ عَهِدَ إِلَيْنَا أَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُولٍ حَتَّىٰ يَأْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَأْكُلُهُ النَّارُ ۗ قُلْ قَدْ جَاءَكُمْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِي بِالْبَيِّنَاتِ وَبِالَّذِي قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوهُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ فَإِن كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ جَاءُوا بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتَابِ الْمُنِيرِ ۝

۱۹۔ وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۖ وَلَوْ أَنزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا يُنظَرُونَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا يَلْبِسُونَ ۝

۲۰۔ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ صَدْرُكَ أَن يَقُولُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ كَنزٌ أَوْ جَاءَ مَعَهُ مَلَكٌ ۚ إِنَّمَا أَنتَ نَذِيرٌ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ ۝

۲۱۔ وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝ لَّوْ مَا تَأْتِينَا

کیوں نہیں اتارا گیا۔ اور اگر ہم کوئی فرشتہ اتارتے تو جھگڑا ہی طے ہو جاتا۔ اور پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی۔ اور اگر ہم اس کو فرشتہ بناتے تو بھی ہم اسے ضرور آدمی ہی کی صورت بناتے البتہ ان پر وہی شبہ ڈالتے جو شبہ وہ اب کر رہے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۸۔۹۔

۲۰۔ تو (اے نبی ﷺ!) شاید تو بعض وہ باتیں جو تیری طرف وحی کی جاتی ہیں چھوڑنے والا ہے اور ان سے تیرا دل تنگ ہوتا ہے۔ محض ان کے اس کہنے سے کہ اس کے پاس کوئی خزانہ کیوں نہ اتارا گیا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا۔ سو تو محض ایک ڈرانے والا ہے اور اللہ ہر شے پر کارساز ہے۔

۔ہود ۱۱: ۱۲۔

۲۱۔ اور انہوں نے کہا کہ اے شخص جس پر نصیحت اتاری گئی، بے

شک تو تو دیوانہ ہے۔ اگر تو سچا ہے تو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا۔ ہم تو فرشتے حق کے ساتھ ہی اتارتے ہیں اور (جس وقت فرشتے آئیں گے) اس وقت انہیں مہلت نہیں دی جائے گی۔ بے شک ہم نے ہی اس نصیحت کو اتارا ہے اور بے شک ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں اور بے شک ہم نے تجھ سے پہلے امتوں میں بھی رسول بھیجے تھے۔ اور جو رسول بھی ان کے پاس آتا تھا اسی کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔ اسی طرح ہم اس (تکذیب و انکار) کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں وہ اس (رسول) پر ایمان نہیں لاتے اور پہلوں کی رسم پڑ چکی ہے اور اگر ہم ان پر آسمان سے ایک دروازہ کھول دیں پھر وہ دن میں اس میں چڑھ جائیں تو وہ ضرور یہی کہیں کہ ہماری آنکھوں پر تو بس نشہ چڑھ گیا ہے۔ بلکہ ہم لوگوں پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔

۔الحجر ۱۵: ۶۔۱۵۔

۲۲۔ اس (نبی ﷺ) کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اترا کہ وہ بھی اس کے ساتھ (لوگوں کو) ڈرانے والا ہوتا۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۔

۷۔ یہ اعتراض کہ آپ پر لکھی لکھائی کتاب آسمان سے کیوں نہیں اتری

۲۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر ہم تجھ پر کاغذ پر لکھی ہوئی کتاب بھی اتارتے پھر وہ اس کو اپنے ہاتھوں سے بھی چھو لیتے تو بھی کافر ضرور یہی کہتے کہ یہ تو کھلا جادو ہے اور بس۔

۔الانعام ۶: ۷۔

بِالْمَلٰٓئِكَةِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا إِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْأَوَّلِيْنَ ۝ وَمَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ إِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْأَوَّلِيْنَ ۝ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝ لَقَالُوْٓا إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝

۲۲۔ لَوْلَآ أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝

۲۳۔ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِأَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۴۔ أَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَنْ يُّؤْمِنُوْٓا إِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى إِلَّآ أَنْ قَالُوْٓا أَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝

۲۵۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً كَذٰلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝ وَلَا يَأْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا

۲۴۔ یا (ہم تجھے جب مانیں گے کہ) تیرے لیے سونے کا ایک گھر ہو یا تو آسمان پر چڑھ اور ہم تیرے چڑھنے پر بھی ایمان نہیں لائیں گے تاوقتیکہ تو ہم پر ایک ایسی کتاب نازل نہ کرے جسے ہم خود پڑھ لیں۔ (اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دے کہ میرا پروردگار پاک ہے اور میں تو ایک بھیجا ہوا آدمی ہوں اور بس۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۳۔۹۴

۸۔ یہ اعتراض کہ سارا قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نازل نہیں ہوا

۲۵۔ اور کافروں نے کہا کہ اس پر سارا قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہیں اتارا گیا (ہم نے) اسی طرح اتارا تاکہ ہم اس سے تیرا دل جمائے رکھیں اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا۔ اور (اے نبی ﷺ!) وہ تیرے پاس جو مثل بھی لاتے ہیں (اس کے مقابلے میں) ہم تیرے

حق میں اور اچھا بیان لاتے ہیں۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۲۔۳۳۔

۹۔ یہ اعتراض کہ آپ دوسری طرح کا قرآن کیوں نہیں لاتے

۲۶۔اور (اے نبی ﷺ) جب ان پر ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کے سوا کوئی دوسرا قرآن لاؤ یا اس کو کچھ بدل دے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرے اختیار میں نہیں کہ میں اپنی طرف سے اس کو بدل دوں۔ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر اللہ چاہتا تو میں یہ (قرآن) تم پر نہ پڑھتا اور نہ تمہیں اس کی خبر دیتا۔ میں تو تم میں اس (دعوٰی سے پہلے ایک عمر (دراز) تک رہ چکا ہوں تو کیا تم سمجھتے نہیں۔ سو اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا۔ کچھ شک نہیں کہ گنہگار فلاح نہیں پاتے۔

۔یونس ۱۰: ۱۵۔۱۷۔

۱۰۔ یہ اعتراض کہ قرآن کسی بڑے امیر پر کیوں نہیں اترا

۲۷۔اور انہوں نے کہا کہ یہ قرآن (مکے اور طائف) دونوں بستیوں میں سے کسی بڑے شخص پر کیوں نہیں اتارا گیا؟ کیا وہ تیرے پروردگار کی رحمت کو بانٹتے ہیں ہم نے دنیا کی زندگی میں ان کے درمیان ان کی معیشت تقسیم کی اور ان میں بعض کے بعض پر درجے بلند کیے تاکہ ان میں سے بعض کو (اپنا) محکوم بنالیں اور تیرے پروردگار کی

جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا۝

۲۶۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ۭ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَاۗئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ۝ قُلْ لَّوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ڮ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۝ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ۝

۲۷۔ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰي رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ۝ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ۝

۲۸۔ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّھٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ۝

۲۹۔ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَاۗىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا

رحمت اس (مال) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۳۱۔۳۲۔

۱۱۔ یہ اعتراض کہ قرآن آپ کو کوئی دوسرا شخص تعلیم کرتا ہے

۲۸۔اور بے شک ہم جانتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ قرآن تو اس کو ایک آدمی سکھلاتا ہے (حالانکہ) اس کی زبان جس کی طرف وہ کج راہی (سے اس کو منسوب) کرتے ہیں عجمی ہے اور یہ (قرآن) فصیح عربی زبان ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۰۳۔

۱۲۔ یہ اعتراض کہ آپ کے پاس خزانہ، باغ اور امیرانہ ٹھاٹھ کیوں نہیں

۲۹۔تو (اے نبی ﷺ!) شاید تو بعض ان باتوں کو جو تیری طرف وحی کی

جاتی ہے، چھوڑنے والا ہے اور تیرا دل ان سے تنگ ہوتا ہے محض اس وجہ سے کہ وہ کہتے ہیں کہ اس پر خزانہ کیوں نہیں اتارا گیا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ نہیں آیا۔ سو تو صرف ایک ڈرانے والا ہے اور اللہ ہر شے پر کارساز ہے۔

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝

-ھود ۱۱: ۱۲-

۳۰۔ یا (ہم جب ایمان لائیں گے کہ) اس کی طرف (آسمان سے) کوئی خزانہ ڈالا جائے یا اس کے لیے باغ ہو جس میں سے یہ کھائے اور ظالموں نے کہا کہ تم تو بس ایک جادو کے مارے ہوئے آدمی کے پیچھے ہو لیے ہو۔ (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ انہوں نے تجھ پر کیسی مثالیں ڈھالیں۔ سو وہ گمراہ ہو گئے اب راہ نہیں پا سکتے۔ برکت والا ہے وہ (اللہ) کہ اگر چاہے تو وہ تیرے پاس اس سے بھی بہتر سامان مہیا کر دے۔ (یعنی) ایسے باغ جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہوں اور تیرے لیے محل مہیا کر دے۔

۳۰۔ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَاۗءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝

-الفرقان ۲۵: ۸-۱۰-

۱۳۔ یہ اعتراض کہ ہم اللہ یا فرشتوں کو کیوں نہیں دیکھتے

۳۱۔ اور جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے انہوں نے کہا کہ ہم پر فرشتے کیوں نہیں اتارے گئے یا (یہ نہیں تھا تو) ہم اپنے پروردگار ہی کو دیکھ لیتے۔ بے شک انہوں نے اپنے دلوں میں گھمنڈ کیا اور بڑی بھاری سرکشی کی۔ جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن گنہگاروں کے لیے کچھ بشارت نہیں ہوگی اور کہیں گے کہ ہمیں (چھپنے کے لیے) کوئی مضبوط آڑ ہو۔

۳۱۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَوْ نَرٰي رَبَّنَا ۭ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ۝ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰۗىِٕكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَىِٕذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝

-الفرقان ۲۵: ۲۱-۲۲-

۱۴۔ یہ اعتراض کہ آپ کو موسیٰ علیہ السلام کے سے معجزات نہ ملے

۳۲۔ پھر جب ہمارے ہاں سے ان کے پاس حق آیا تو انہوں نے کہا کہ اس (نبی ﷺ!) کو ویسی ہی کچھ کیوں نہیں دیا گیا جو موسیٰ کو دیا گیا تھا۔ کیا انہوں نے اس کا انکار نہیں کیا جو پہلے موسیٰ کو دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ (تورات اور قرآن) دونوں جادو ہیں جو ایک دوسرے کو مدد پہنچاتے ہیں اور انہوں نے کہا کہ ہم تو سب ہی کے منکر ہیں۔

۳۲۔ فَلَمَّا جَاۗءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰي ۭ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰي مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۣ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝

-القصص ۲۸: ۴۸-

۱۵۔ کافروں کا آپ سے فرمائشی معجزے طلب کرنا

۳۳۔ اور انہوں نے کہا کہ ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ تو ہمارے لیے زمین سے چشمے جاری کر دے یا تیرے لیے

۳۳۔ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ۝ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۝

کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو پھر تو اس کے درمیان نہریں جاری کر دے یا جیسا کہ تیرا دعویٰ ہے ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا توڑ کر گرا دے یا تو اللہ اور فرشتوں کو ہمارے سامنے لے آئے یا تیرے لیے سونے کا ایک گھر ہو یا تو (ہمارے سامنے) آسمان پر چڑھ جائے اور ہم تو تیرے چڑھ جانے پر بھی ہرگز ایمان نہیں لائیں گے تاوقتیکہ تو ہم پر ایک ایسی کتاب نہ اتارے جس کو ہم خود پڑھ لیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرا پروردگار (عجز سے) پاک ہے میں تو صرف بھیجا ہوا ایک آدمی ہوں اور بس۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۹۰-۹۳-

۱۶- یہ اعتراض کہ قیامت اسی وقت کیوں نہیں آجاتی

۳۴-اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنی جان کے نہ نقصان کا مالک نہ نفع کا مگر ہاں اتنا ہی جتنا اللہ چاہے۔ ہر ایک امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے پھر جب ان کا وقت آجاتا ہے تو وہ نہ ایک گھڑی پیچھے رہتے ہیں اور نہ ایک گھڑی آگے جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتاؤ تو اگر اس کا عذاب تم پر رات کو یا دن کو آجائے تو اس میں سے گنہگار لوگ کس چیز کے لیے جلدی مچا رہے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۴۸-۵۰-

۱۷- نسخ پر اعتراض

۳۵-اور (اے نبی ﷺ!) جب ہم کسی ایک آیت کو بدل کر اس کی جگہ دوسری آیت لاتے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے

أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ۝ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ ۚ وَلَنْ نُؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَقْرَؤُهُ ۗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَسُولًا ۝

۳۴- وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ۝

۳۵- وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً مَكَانَ آيَةٍ ۙ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مُفْتَرٍ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِنْ رَبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ آمَنُوا وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۝

۳۶- وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ۖ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا ۝

جو وہ اتارتا ہے، تو وہ کہتے ہیں کہ تو تو محض بہتان باندھنے والا ہے۔ کوئی نہیں بلکہ ان میں سے اکثر جانتے نہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اس کو روح پاک نے تیرے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ اتارا ہے تاکہ وہ مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہو۔

-النحل ۱۶: ۱۰۱-۱۰۲-

۱۸- کافروں کا آپ سے روح کی بابت سوال

۳۶-اور (اے نبی ﷺ!) وہ تجھ سے روح کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ روح تو میرے پروردگار کا ایک حکم ہے اور تمہیں بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۵-

آپ کے وہ اوصاف جو دوسرے انبیا کے ساتھ مشترک ہیں

۱۔ آپ اللہ کے رسول ہیں

۱۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تو رسولوں میں سے ہے۔
۔البقرۃ ۲:۲۵۲۔

۲۔اور محمد (ﷺ) تو صرف ایک رسول ہے اور بس۔
۔آل عمران ۳:۱۴۴۔

۳۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھے لوگوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے اور اللہ کافی گواہ ہے۔
۔النساء ۴:۷۹۔

۴۔(اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ لوگو! بے شک میں تم سب کی طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں۔
۔الاعراف ۷:۱۵۸۔

۵۔محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کا باپ نہیں ہے لیکن وہ اللہ کا رسول اور نبیوں کا خاتم ہے۔اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔
۔الاحزاب ۳۳:۴۰۔

۶۔(اے نبی ﷺ!) بے شک تو رسولوں میں سے ہے۔
۔یٰسٓ ۳۶:۳۔

۷۔محمد (ﷺ) اللہ کا رسول ہے۔
۔الفتح ۴۸:۲۹۔

۲۔ آپ نے رسولوں کی تصدیق کی

۸۔بلکہ وہ حق لے کر آیا ہے اور اس نے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔
۔الصّٰفّٰت ۳۷:۳۷۔

۳۔ آپ کو اللہ نے بندوں پر حجت پورا کرنے کے لیے بھیجا

۹۔اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ جو اعمال ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں، ان کی شامت سے ان پر کوئی مصیبت آ نازل ہو اور پھر وہ کہنے لگیں کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے ہماری طرف رسول کیوں نہیں بھیجا تھا کہ ہم تیری آیتوں پر چلتے اور ایمان داروں میں ہوتے (تو رسول بھیجنے کی ضرورت نہ تھی)۔
۔القصص ۲۸:۴۷۔

۱۰۔اور ہم نے انہیں (ایک ہی) بات کو بار بار سمجھایا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔
۔القصص ۲۸:۵۱۔

۱۱۔تاکہ وہ اس شخص کو ڈرائے جو زندہ ہے اور کافروں پر (عذاب کی) بات پوری ہو جائے۔
۔یٰسٓ ۳۶:۷۰۔

۴۔ آپ بشیر و نذیر ہیں

۱۲۔(اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے دین حق کے ساتھ خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور تجھ سے دوزخیوں (کے اعمال) کی بابت کچھ نہیں پوچھا جائے گا۔
۔البقرۃ ۲:۱۱۹۔

۱۔وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝
۲۔وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ
۳۔وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝
۴۔قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا
۵۔مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَٰكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝
۶۔إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝
۷۔مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ
۸۔بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ۝
۹۔وَلَوْلَا أَنْ تُصِيبَهُمْ مُصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝
۱۰۔وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝
۱۱۔لِيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝
۱۲۔إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۖ وَلَا تُسْأَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ ۝

۱۳۔ اے اہلِ کتاب! رسولوں کے بند ہو جانے کے بعد تمہارے پاس ہمارا رسول آیا جو تم سے (احکامِ شریعت) بیان کرتا ہے تاکہ تم یہ نہ کہنے لگو کہ ہمارے پاس تو کوئی بشارت دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا تھا۔ سو تمہارے پاس بشارت دینے والا اور ڈرانے والا آ چکا۔

۔المائدۃ ۵:۱۹۔

۱۴۔ میں تو ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں صرف ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔

۔الاعراف ۷:۱۸۸۔

۱۵۔ بے شک میں اللہ کی طرف سے تمہیں ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔

۔ھود ۱۱:۲۔

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تو تجھے محض بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۵ و الفرقان ۲۵:۵۶۔

۱۷۔ اے نبی بے شک ہم نے تجھے (قوموں پر) گواہ اور بشارت دینے والا بنا کر بھیجا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۵۔

۱۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھے سب لوگوں کے لیے بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے۔

۔سبا ۳۴:۲۸۔

۱۹۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے دینِ حق کے ساتھ بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور کوئی امت ایسی نہیں ہے جس میں ایک ڈرانے والا نہ ہو گزرا ہو۔

۔فاطر ۳۵:۲۴۔

۲۰۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے (قوموں

۱۳۔ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُوا مَا جَاءَنَا مِن بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ

۱۴۔ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۵۔ إِنَّنِي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ ۝

۱۶۔ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝

۱۷۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝

۱۸۔ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۱۹۔ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا

۲۰۔ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝

۲۱۔ إِنَّمَا أَنتَ نَذِيرٌ

۲۲۔ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝

۲۳۔ وَقُلْ إِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ ۝

۲۴۔ أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ a

کے مقابلے میں) گواہ اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۵۔

۲۱۔ (اے نبی ﷺ!) تو تو محض ایک ڈرانے والا ہے۔

۔ھود ۱۱:۱۲۔

۲۲۔ (اے نبی ﷺ!) تو تو محض ایک ڈرانے والا ہے اور ہر ایک کے لیے راہبر ہے۔

۔الرعد ۱۳:۷۔

۲۳۔ اور (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ بے شک میں کھول کر ڈرانے والا ہوں۔

۔الحجر ۱۵:۸۹۔

۲۴۔ کیا انہوں نے یہ غور نہیں کیا کہ ان کے ساتھی (محمد ﷺ) کو کوئی جنون نہیں ہے۔ وہ تو ایک کھول کر ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔الاعراف ۷:۱۸۴۔

۲۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ لوگو! میں تو تمہارے لیے ایک کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔الحج ۲۲: ۴۹۔

۲۶۔برکت والی ہے وہ (ذات) جس نے اپنے بندے پر فرقان اتارا تاکہ وہ جہان والوں کو ڈرانے والا ہو۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۔

۲۷۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں اور بس۔

۔النمل ۲۷: ۹۲۔

۲۸۔اور میں تو ایک کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۰ و الملک ۶۷: ۲۶۔

۲۹۔وہ تو ایک سخت وقت (کے آنے) سے پہلے تمہارے لیے ایک ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔سبا ۳۴: ۴۶۔

۳۰۔تو تو محض ایک ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔فاطر ۳۵: ۲۳۔

۳۱۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو محض ایک ڈرانے والا ہوں اور سوائے ایک زبردست اللہ کے اور کوئی معبود نہیں ہے۔

۔ص ۳۸: ۶۵۔

۳۲۔میری طرف تو بس یہی وحی کی جاتی ہے کہ میں تو محض ایک کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔ص ۳۸: ۷۰۔

۳۳۔میں تو صرف اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو ایک کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔الاحقاف ۴۶: ۹۔

۳۴۔بے شک میں اس کی طرف سے تمہارے لیے کھول کر ڈرانے والا ہوں۔

۔الذریت ۵۱: ۵۰، ۵۱۔

۳۵۔پہلے ڈرانے والوں میں ایک یہ ڈرانے والا بھی ہے۔

۔النجم ۵۳: ۵۶۔

۲۵۔قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۶۔تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰي عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۝

۲۷۔فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝

۲۸۔وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۹۔اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ۝

۳۰۔اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ۝

۳۱۔قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ڰ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

۳۲۔اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۳۳۔اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۳۴۔اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۳۵۔هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ۝

۳۶۔اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ۝

۳۷۔وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۝

۳۸۔وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝

۳۹۔اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝

۳۶۔(اے نبی ﷺ!) تو تو بس اسی کو ڈرانے والا ہے جو قیامت سے ڈرتا ہے۔

۔النزعت ۷۹: ۴۵۔

۶۔ آپ لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں

۳۷۔اور جو کوئی منہ پھیرے تو ہم نے تجھ کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔

۔النساء ۴: ۸۰۔

۳۸۔اور ہم نے تجھ کو ان پر داروغہ بنا کر نہیں بھیجا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۵۴۔

۳۹۔(اے نبی ﷺ!) بھلا تو نے اسے بھی دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا ہے تو کیا تو ان پر داروغہ بنا چاہتا ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۴۳۔

۴۰۔ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ۝

۴۱۔ وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۚ قُلْ لَسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيلٍ ۝

۴۲۔ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيلٍ ۝

۴۳۔ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ اللَّهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ۝

۴۴۔ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا

۴۵۔ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَا أَنْتَ بِمَلُومٍ ۝

۴۶۔ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝

۴۷۔ وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ

۴۸۔ فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝

۴۹۔ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝

۵۰۔ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللَّهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ ۝

۴۰۔ اور تو ان پر داروغہ نہیں ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۴۱۔

۴۱۔ اور اس (قرآن) کو تمہاری قوم نے جھٹلایا حالانکہ وہ سراسر حق ہے۔ کہہ دو کہ میں تمہارا داروغہ نہیں ہوں۔

۔الانعام ۶: ۶۶۔

۴۲۔ کہہ دو کہ لوگو تمہارے پروردگار کے ہاں سے تمہارے پاس حق آ چکا ہے تو جو کوئی ہدایت حاصل کرتا ہے تو ہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور میں تم پر وکیل نہیں ہوں۔

۔یونس ۱۰: ۱۰۸۔

۴۳۔ اور جنہوں نے اس کے سوا دوسرے کارساز پکڑے اللہ ان پر نگہبان ہے اور تو ان پر داروغہ نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۶۔

۴۴۔ پھر اگر وہ (نصیحت سے) منہ پھیریں تو (اے نبی ﷺ) ہم نے تجھے ان پر داروغہ بنا کر نہیں بھیجا۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۸۔

۴۵۔ سو (اے نبی ﷺ!) تو ان کی طرف سے منہ پھیر لے تجھ پر کچھ الزام نہیں ہے۔

۔الذاریات ۵۱: ۵۴۔

۴۶۔ (اے نبی ﷺ!) تو ان پر گماشتہ نہیں ہے۔

۔الفجر ۸۸: ۲۲۔

۷۔ آپ کا کام صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور بس

۴۷۔ اور اگر وہ منہ پھیریں تو تیرا ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔آل عمران ۳: ۲۰۔

۴۸۔ پھر اگر تم منہ پھیرو تو جان لو کہ ہمارے رسول کا ذمہ صرف کھول کر پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔المائدۃ ۵: ۹۲۔

۴۹۔ (اے نبی ﷺ!) تیرا ذمہ تو صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور ہمارا ذمہ حساب لینا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۴۰۔

۵۰۔ پھر اگر وہ (نصیحت سے) منہ پھیریں تو تیرا ذمہ صرف کھول کر پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔ وہ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر کافر ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۸۲-۸۳۔

۵۱۔ (اے نبی ﷺ!) تیرا ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۸۔

۵۲۔ پھر اگر تم منہ پھیر لو تو ہمارے رسول کا ذمہ صرف کھول کر پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔التغابن ۶۴: ۱۲۔

۵۳۔ بجز اللہ کی طرف سے پہنچا دینے اور اس کے پیغام لانے کے (میرے لیے اور کوئی چارہ نہیں ہے)

۔الجن ۷۲: ۲۳۔

۸۔ آپ کو کافروں پر کچھ حق نہیں

۵۴۔ (اے نبی ﷺ!) تجھے اس معاملہ میں کچھ اختیار نہیں یا اللہ ان کو توبہ کی توفیق دے یا انہیں عذاب دے، بہر حال وہ ظالم ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۲۸۔

۹۔ آپ سے دوزخیوں کی باز پرس نہیں

۵۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) دوزخیوں کے بارہ میں تجھ سے کچھ نہیں پوچھا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۹۔

۱۰۔ آپ کی زندگی پر دینِ اسلام موقوف نہیں

۵۶۔ اور محمد (ﷺ) تو صرف ایک رسول ہے۔ اس سے پہلے اور رسول بھی ہو چکے ہیں۔ اگر وہ (اپنی موت سے) مر جائے یا (لڑائی میں) مارا جائے تو کیا تم اپنی ایڑیوں پر (کفر کی طرف) الٹے لوٹ جاؤ گے اور جو شخص اپنی ایڑیوں پر الٹ جائے گا، وہ اللہ کو ہرگز کچھ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ اور اللہ عنقریب شکر گزاروں کو عوض دے گا۔

۔آل عمران ۳: ۱۴۴۔

۵۷۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر ہم تجھے (تیری زندگی ہی میں) بعض وہ عذاب دکھا دیں جن کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا (اس سے پہلے ہی) تجھے (دنیا سے) اٹھا لیں تو بہر حال انہیں تو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ پھر اللہ دیکھتا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۴۶۔

۱۱۔ آپ بے راہ نہیں تھے

۵۸۔ قسم ہے ستارے کی جس وقت وہ ٹوٹے تمہارا رفیق (محمد ﷺ) نہ گمراہ ہوا ہے اور نہ بہکا ہے۔

۔النجم ۵۳: ۱۔۲۔

۱۲۔ آپ مجنون نہ تھے

۵۹۔ کیا انہوں نے اس پر غور نہیں کیا کہ ان کے رفیق (محمد ﷺ) کو کوئی جنون نہیں ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۴۔

۶۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تمہیں صرف ایک ہی بات کی نصیحت کرتا ہوں (وہ یہ ہے) کہ دو دو اور ایک ایک اللہ کے لیے اٹھ کھڑے

۵۱۔ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ

۵۲۔ فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝

۵۳۔ إِلَّا بَلَاغًا مِنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ

۵۴۔ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ ۝

۵۵۔ وَلَا تُسْأَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ ۝

۵۶۔ وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ أَفَإِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ ۚ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللَّهَ شَيْئًا ۗ وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ۝

۵۷۔ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ۝

۵۸۔ وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ ۝

۵۹۔ أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا ۗ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِنْ جِنَّةٍ

۶۰۔ قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۖ أَنْ تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَادَىٰ ثُمَّ

ہو۔ پھر سوچو کہ تمہارے رفیق کو کچھ جنون تو نہیں ہے۔

۔سبا ۳۴:۴۶۔

۶۱۔ سو (اے نبی ﷺ!) تو نصیحت کر تو اپنے پروردگار کے فضل سے نہ سیانا ہے اور نہ دیوانہ۔

۔الطور ۵۲:۲۹۔

۶۲۔ قسم ہے قلم کی اور اس کی جو وہ لکھتے ہیں، تو اپنے پروردگار کے فضل سے دیوانہ نہیں ہے۔

۔القلم ۶۸:۱-۲۔

۶۳۔ اور تمہارا رفیق (محمد ﷺ) دیوانہ نہیں ہے۔

۔التکویر ۸۱:۲۲۔

۱۳۔ آپ کاہن نہ تھے

۶۴۔ سو (اے نبی ﷺ!) تو نصیحت کر۔ تو اپنے پروردگار کے فضل سے نہ سیانا ہے اور نہ دیوانہ۔

۔الطور ۵۲:۲۹۔

۱۴۔ آپ شاعر نہ تھے

۶۵۔ اور ہم نے اس کو شعر کہنا نہیں سکھایا اور وہ اس کو لائق بھی نہیں ہے وہ تو نری نصیحت اور کھول کر بیان کرنے والا قرآن ہے۔

۔یٰس ۳۶:۶۹۔

۱۵۔ آپ اپنی خواہش سے نہیں صرف وحی سے بولتے

۶۶۔ اور وہ (اپنی) خواہش سے نہیں بولتا وہ تو وحی ہے جو اس کی طرف بھیجی جاتی ہے۔

۔النجم ۵۳:۳-۴۔

۱۶۔ آپ روشن چراغ ہیں

۶۷۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھے اپنے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۶۔

تَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِنْ جِنَّةٍ

۶۱۔ فَذَكِّرْ فَمَا أَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ﴿۲۹﴾

۶۲۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ﴿۱﴾ مَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ﴿۲﴾

۶۳۔ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ ﴿۲۲﴾

۶۴۔ فَذَكِّرْ فَمَا أَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ﴿۲۹﴾

۶۵۔ وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُبِينٌ ﴿۶۹﴾

۶۶۔ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ﴿۳﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ﴿۴﴾

۶۷۔ وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ﴿۴۶﴾

۶۸۔ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ وَلَا تَكُنْ لِلْخَائِنِينَ خَصِيمًا ﴿۱۰۵﴾

۶۹۔ هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ﴿۳۳﴾

۷۰۔ فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكَ لَقَدْ جَاءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ فَلَا

۱۷۔ آپ دین حق لائے

۶۸۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تیری طرف دین حق کے ساتھ کتاب اتاری تا کہ لوگوں کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سمجھائے اور تو خیانت کرنے والوں کا طرفدار ہو کر جھگڑا نہ کر۔

۔النساء ۴:۱۰۵۔

۶۹۔ وہ (ذات) وہ ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس دین کو سب دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرکوں کو برا معلوم ہو۔

۔التوبۃ ۹:۳۳ والصف ۶۱:۹۔

۷۰۔ سو (اے نبی ﷺ!) اگر تو اس کی طرف سے شک میں ہو جو ہم نے تیری طرف اتارا ہے تو ان لوگوں سے پوچھ لے جو تجھ سے پہلے

سے کتاب (تورات) پڑھ رہے ہیں۔ بے شک تیرے پاس تیرے پروردگار کی طرف سے حق آیا۔ تو تو شک کرنے والوں میں ہرگز نہ ہو۔

۔یونس ۱۰:۹۴۔

۷۱۔اور (اے نبی ﷺ!) پیغمبروں کی خبروں میں سے ہم تجھ پر ہر ایک بات بیان کرتے ہیں تاکہ اس سے تیرے دل کو ڈھارس بندھائیں۔ اور اس (بیان) میں تیرے پاس حق اور مومنوں کے لیے نصیحت اور خیر خواہی سب کچھ آچکا۔ اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دے کہ تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ ہم بھی عمل کرتے ہیں اور انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔

۔ہود ۱۱:۱۲۰-۱۲۲

۱۸۔ آپ حق پر تھے

۷۲۔(اے نبی ﷺ!) بے شک تو کھلے حق پر ہے۔

۔النمل ۲۷:۷۹۔

۷۳۔وہ (ذات) وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس دین کو سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی ہے گواہی دینے والا۔

۔الفتح ۴۸:۲۸۔

۱۹۔ آپ راہِ راست پر تھے اور لوگوں کو سیدھی راہ پر بلاتے

۷۴۔ہر ایک امت کے لیے ہم نے عبادت کا ایک خاص طریق مقرر کر دیا ہے وہ اسی طریق پر عبادت کرتے ہیں۔ تو وہ تجھ سے اس معاملے میں نہ جھگڑیں اور انہیں اپنے پروردگار کی طرف بلا۔ بے شک تو سیدھی راہ پر ہے اور اگر وہ (اس پر بھی) تجھ سے جھگڑا کریں تو کہہ دے کہ اللہ ہی جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

۔الحج ۲۲:۶۷-۶۸۔

تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾

۷۱۔وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ ﴿١٢١﴾ وَانتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ ﴿١٢٢﴾

۷۲۔إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾

۷۳۔هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ﴿٢٨﴾

۷۴۔لِّكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ ۚ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾

۷۵۔وَإِنَّكَ لَتَدْعُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٧٣﴾

۷۶۔عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٤﴾

۷۷۔وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٢﴾ صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ ﴿٥٣﴾

۷۸۔إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٤٣﴾

۷۹۔وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿٢﴾

۷۵۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تو انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاتا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۷۳۔

۷۶۔(اے نبی ﷺ! تو) سیدھی راہ پر ہے۔

۔یٰس ۳۶:۴۔

۷۷۔اور (اے نبی ﷺ) بے شک تو سیدھے رستے کی طرف ہدایت کرتا ہے۔ اس اللہ کے رستے کی طرف جس کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ سن لو کہ سب کاموں کا رجوع اللہ کی طرف ہے۔

الشوریٰ ۴۲:۵۲-۵۳۔

۷۸۔اور بے شک تو سیدھی راہ پر ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۴۳۔

۷۹۔ اور (اللہ چاہتا ہے کہ) تجھے سیدھے رستے پر چلائے۔

۔الفتح ۴۸:۲۔

۸۰۔ اور (اے نبی ﷺ) اس نے تجھے گمراہ پایا تو راہ پر لگا دیا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۷۔

۲۰۔ آپ لوگوں کو پاک بناتے اور کتاب و حکمت سکھاتے

۸۱۔ جس طرح ہم نے تم میں تمہارے ہی درمیان سے ایک رسول بھیجا وہ تم پر ہماری آیتیں پڑھتا ہے اور تمہیں پاک کرتا ہے اور تمہیں کتاب اور حکمت سکھلاتا ہے اور تمہیں وہ باتیں سکھلاتا ہے جو (پہلے) تم نہیں جانتے تھے۔

۔البقرۃ ۲:۱۵۱۔

۸۲۔ بے شک اللہ نے مسلمانوں پر احسان کیا جب اس نے ان میں ان ہی کے درمیان سے ایک رسول بھیجا۔ وہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھلاتا ہے اگرچہ وہ (اس سے) پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

۔آل عمران ۳:۱۶۴۔

۸۳۔ وہ (ذات) وہ ہے جس نے ان پڑھوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا۔ وہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھلاتا ہے اگرچہ (اس سے) پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

۔الجمعۃ ۶۲:۲۔

۲۱۔ آپ کا اللہ حامی ہے

۸۴۔ بے شک میرا حامی اللہ ہے جس نے یہ کتاب اتاری اور وہی (سب نیک) بختوں کا حامی ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۹۶۔

۸۰۔ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝

۸۱۔ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝

۸۲۔ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

۸۳۔ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

۸۴۔ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝

۸۵۔ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

۸۶۔ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

۲۲۔ آپ کو فیصل بنانے میں ایمان ہے

۸۵۔ سو (اے نبی ﷺ!) تیرے پروردگار کی قسم! انہیں ایمان نصیب نہیں ہوگا جب تک ان کی یہ حالت نہ ہو کہ جو جھگڑا ان کے درمیان پیدا ہو، اس میں تجھے فیصل ٹھہرائیں پھر جو فیصلہ تو کر دے اس سے اپنے دلوں میں کچھ تنگی نہ پائیں اور اس کو خوشی سے مان لیں۔

۔النساء ۴:۶۵۔

۲۳۔ آپ کی امت پر اللہ کا فضل اور اس کا جنتی ہونا

۸۶۔ پھر ہم نے کتاب کا وارث انہیں کیا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے انتخاب کیا۔ سو ان میں سے کوئی تو اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہے اور کوئی ان میں میانہ رفتار پر ہے اور کوئی ان میں سے بحکم اللہ نیکیوں میں سب سے آگے بڑھ گیا ہے۔ یہی (اللہ کا) بڑا فضل ہے۔ (ان کے لیے) رہنے کے

باغ ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے۔ ان باغوں میں ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کی پوشاک ریشمی ہوگی۔ اور وہ کہیں گے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہم سے غم کو دور کر دیا۔ نہ اس میں کوئی تکلیف چھوتی ہے اور نہ اس میں ہمیں ماندگی چھوتی ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۳۔۳۵۔

۲۴۔ آپ کے منکر زیاں کار ہیں

۸۷۔ اور جو کوئی اس (نبی ﷺ!) کا انکار کرے تو ایسے ہی لوگ گھاٹے میں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۱۔

۲۵۔ آپ کے ایذا دینے والوں کو عذاب الیم

۸۸۔ اور جو لوگ اللہ کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۶۱۔

۲۶۔ آپ کو ایذا دینا یا آپ کی ازواج سے نکاح کرنا گناہ ہے

۸۹۔ اور (مسلمانو!) تمہیں یہ مناسب نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا پہنچاؤ اور نہ یہ (مناسب ہے) اس کے بعد کبھی بھی اس کی بیویوں سے نکاح کرو۔ بے شک اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۳۔

آپ کے مخصوص اوصاف

۱۔ آپ کا امی ہونا

۱۔ (اے موسیٰ علیہ السلام میں اپنی رحمت ان لوگوں کے

مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۖ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ۝ الَّذِي أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهِ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ ۝

۸۷۔ وَمَنْ يَكْفُرْ بِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

۸۸۔ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ رَسُولَ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۸۹۔ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْ تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللَّهِ عَظِيمًا ۝

۱۔ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ

۲۔ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝

۳۔ هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

لیے لکھے دیتا ہوں) جو اس رسول، نبیٔ امی کی پیروی کریں گے۔ وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا پائیں گے۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۷۔

۲۔ تو تم اللہ اور اس کے رسول، نبیٔ امی پر ایمان لاؤ جو اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لایا اور اس کا حکم مانا تاکہ تم ہدایت پر ہو جاؤ۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۸۔

۳۔ وہ (ذات) وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا۔ وہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتا اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت کی باتیں سکھلاتا ہے اگرچہ (اس کے آنے سے) پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔

۔الجمعۃ ۶۲: ۲۔

۲۔ آپ کا فترت کے وقت آنا

۴۔ اے اہل کتاب! تمہارے پاس رسولوں کے بند ہو جانے کے بعد ہمارا رسول آیا ہے جو تم سے (شریعت کے احکام) بیان کرتا ہے کہ کہیں تم یہ نہ کہنے لگو کہ ہمارے پاس تو کوئی بشارت دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا تھا۔ سو تمہارے پاس بشارت دینے والا اور ڈرانے والا آگیا۔

۔المائدۃ ۵:۱۹۔

۳۔ آپ کی نبوت کا عام ہونا

۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ ذات کا بھیجا ہوا ہوں جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی سلطنت ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۵۸۔

۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھے سب لوگوں کے لیے بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔سبا ۳۴:۲۸۔

۷۔ وہ (اللہ) وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا وہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتا اور انہیں پاک کرتا ہے اور نیز انہیں کتاب اور حکمت سکھلاتا ہے اگرچہ (اس کے آنے سے) پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے اور ان ہی میں سے ایک اور جماعت میں بھیجا جو ابھی تک ان کے ساتھ نہیں ملی اور وہی غالب، حکمت والا ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے وہ چاہے یہ فضل دے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

۔الجمعۃ ۶۲:۲-۴۔

۴۔ آپ کا خاتم النبیین ہونا

۸۔ محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کا باپ نہیں ہے، ہاں وہ اللہ کا رسول اور نبیوں کا خاتم ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۰۔

۵۔ آپ کا عذاب الٰہی سے روک ہونا

۹۔ اور (اے نبی ﷺ) اللہ ایسا نہیں ہے کہ تو ان میں موجود ہو اور وہ انہیں عذاب دے۔

۔الانفال ۸:۳۳۔

۶۔ آپ کی استغفار کا ظالموں کے حق میں مقبول ہونا

۱۰۔ اور (اے نبی ﷺ) اگر وہ اس وقت جب انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا تیرے پاس آجاتے پھر اللہ سے معافی مانگتے اور ان کے لیے رسول بھی مغفرت مانگتا تو وہ ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنے والا، مہربان پاتے۔

۔النساء ۴:۶۴۔

۴۔ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ

۵۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ا۟لَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ

۶۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

۷۔ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۤ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

۸۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۭ

۹۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۭ

۱۰۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

۷۔ آپ کا قیامت کو اپنی امت پر گواہ ہونا

۱۱۔اور (یہ اس لیے ہے کہ) رسول تم پر گواہ ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۳۔

۱۲۔پس کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے (اے نبی ﷺ) تجھے ہم ان پر گواہ لائیں گے۔

۔النساء ۴: ۴۱۔

۱۳۔اور (اے نبی ﷺ! وہ دن یاد کر) جس دن ہم ہر امت میں ان پر (گواہی دینے کے لیے) ان ہی میں سے ایک گواہ کھڑا کریں اور تجھے ان (لوگوں) پر گواہ لائیں گے۔

۔النحل ۱۶: ۸۹۔

۱۴۔اس قرآن سے پہلے بھی تمہارا نام مسلمان رکھا اور اس میں بھی تا کہ رسول تم پر گواہ ہو۔

۔الحج ۲۲: ۷۸۔

۸۔ آپ کے اگلے پچھلے گناہوں کا معاف کیا جانا

۱۵۔(اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تیرے وہ گناہ جو پہلے ہوئے، اور وہ جو پیچھے ہوئے بخش دے اور اپنی نعمت تجھ پر پوری کرے اور تجھے سیدھے رستے پر چلائے۔

۔الفتح ۴۸: ۱۔۲۔

۹۔ آپ پر ایمان لانے اور آپ کی نصرت کا نبیوں سے عہد لیا جانا

۱۶۔اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب اللہ نے نبیوں سے عہد لیا کہ جو میں تمہیں کتاب اور حکمت کی قسم سے دوں پھر تمہارے پاس اس کتاب کی تصدیق کرنے

۱۱۔وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۗ

۱۲۔فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ۝

۱۳۔وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ ۖ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ

۱۴۔مِن قَبْلُ وَفِي هَٰذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ

۱۵۔إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝

۱۶۔وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ ۚ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي ۖ قَالُوا أَقْرَرْنَا ۚ قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ ۝ فَمَن تَوَلَّىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝

۱۷۔إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

والا رسول آئے جو تمہارے پاس ہے تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا۔ (اللہ نے) فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور تم نے اس بات پر میرے بھاری عہد کا ذمہ لے لیا؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا۔ خدا نے فرمایا تو تم گواہ رہو اور گواہوں میں تمہارے ساتھ میں بھی ہوں۔ پھر جس نے اس کے بعد بھی مونہہ پھیرا تو ایسے ہی لوگ بدکار ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۸۱۔۸۲۔

۱۰۔ آپ سے بیعت، اللہ سے بیعت

۱۷۔(اے نبی ﷺ!) کچھ بھی شک نہیں کہ جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں وہ (درحقیقت) اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے پھر جس نے اس کو توڑ دیا تو وہ محض اپنے برے کو توڑتا ہے اور جس نے اس عہد کو جو اس نے اللہ سے کیا ہے پورا کیا، وہ اسے عنقریب ہی بڑا بھاری ثواب دے گا۔

۔الفتح ۴۸: ۱۰۔

۱۱۔ اللہ اور کل فرشتے اور نیک بندے آپ کے رفیق اور مددگار ہیں

۱۸۔اور (نبی ﷺ کی بیبیو) اگر تم دونو اس کے خلاف ہو کر ایک دوسری کی مدد کرو گی تو بے شک اللہ اس کا دوست ہے اور جبریل اور نیک بندے اور اس کے بعد سب فرشتے (اس کے) مددگار ہیں۔

۔التحریم ۶۶:۴۔

۱۲۔ آپ نے جبریل علیہ السلام کو دوبار دیکھا

۱۹۔اس کو (یہ قرآن) سخت قوتوں والے نے تعلیم کیا ہے (یعنی) صاحب طاقت نے۔ سو وہ اس کو صاف دکھلائی دیا اور (اس وقت) وہ (آسمان کے) اونچے کنارے پر تھا۔ پھر وہ قریب ہوا پھر نیچے لٹک آیا۔ پھر کل دو کمان کا فاصلہ رہ گیا یا وہ اس سے بھی زیادہ قریب ہو گیا۔ پھر اس نے اللہ کے بندے کی طرف وحی کی جو کی۔ جو (آنکھوں نے) دیکھا دل نے اس کو نہ جھٹلایا۔ تو کیا تم اس سے اس چیز میں جھگڑتے ہو جو اس نے دیکھی ہے اور بے شک اس نے اس کو ایک اور دفعہ بھی دیکھا (یعنی) سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔

۔النجم ۵۳:۵-۱۴۔

۲۰۔اور بے شک اس نے اس کو ظاہر کنارے پر دیکھا اور وہ غیب (کی بات بتانے) پر بخیل نہیں ہے۔

۔التکویر ۸۱:۲۳-۲۴۔

۱۳۔ آپ کو مقام محمود ملنے کی امید

۲۱۔(اے نبی ﷺ!) امید ہے کہ تیرا پروردگار (قیامت کو) تجھے تعریف کے مقام میں کھڑا کرے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۷۹۔

۱۴۔ آپ کو اللہ رات کو مسجد الحرام سے مسجد الاقصیٰ لے گیا

۲۲۔پاک ہے وہ (اللہ) جو اپنے بندے کو راتوں رات مسجد

۱۸۔ وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَٰلِكَ ظَهِيرٌ ۝

۱۹۔ عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ ۝ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ ۝ وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ ۝ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ ۝ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ ۝ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَىٰ ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَىٰ ۝

۲۰۔ وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ۝

۲۱۔ عَسَىٰ أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا ۝

۲۲۔ سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَىٰ بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝

۲۳۔ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ ۚ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا ۝

۲۴۔ عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ ۝ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ ۝ وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ ۝ فَأَوْحَىٰ

الحرام (خانہ کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) کی طرف لے گیا۔ وہ (مسجد اقصیٰ) جس کے ارد گرد ہم نے برکت رکھی ہے تاکہ ہم اس کو اپنی بعض نشانیاں دکھلائیں۔ بے شک وہی سننے والا دیکھنے والا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۔

۱۵۔ آپ کو رؤیا دکھانے کا مقصد لوگوں کی آزمائش تھا

۲۳۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے وہ رؤیا جو تجھے دکھلایا لوگوں کی آزمائش کا ذریعہ قرار دیا ہے اور (اسی طرح سینڈھ کے) اس درخت کو بھی جس پر قرآن میں لعنت کی گئی ہے اور ہم تو انہیں ڈراتے ہیں۔ سو وہ ان کے لیے سوائے بہت بڑی سرکشی کے اور کسی بات میں زیادتی نہیں کرتا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۶۰۔

۱۶۔ رؤیا کی تفصیل، قرب کے درجے

۲۴۔اس کو (یہ قرآن) سخت قوتوں والے (فرشتے) نے تعلیم کیا ہے یعنی صاحب طاقت نے۔ سو وہ اس کو صاف نظر آیا اور (اس وقت) وہ

(آسمان کے) اونچے کنارے پر تھا۔ پھر وہ اور قریب ہوا پھر اور نیچے لٹک آیا سو وہ دو کمان کے فاصلہ پر ہو گیا یا اس سے بھی زیادہ قریب ہو گیا۔ پھر اس نے اللہ کے بندے کی طرف وحی کی جو کی۔ دل نے اس کو جھوٹ نہیں جانا جو اس نے دیکھا تو کیا تم اس سے اس چیز میں جھگڑتے ہو جو اس نے خود دیکھی اور بے شک اس نے اس (فرشتے) کو ایک اور دفعہ بھی دیکھا (یعنی) سدرۃ المنتہٰی کے پاس، جس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ (اس وقت) بیری (سدرۃ المنتہٰی) پر چھا گیا تھا جو کچھ چھا گیا تھا (اس وقت آپ کی) نظر نہ بہکی اور نہ اچٹی۔ بے شک اس نے اپنے پروردگار کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔

۔النجم ۵۳:۵۔۱۸

۱۷۔ آپ کا مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق ہے اور آپ کی ازواج ان کی مائیں ہیں

۲۵۔ نبی کا مسلمانوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی کتاب میں مومنوں اور مہاجروں سے زیادہ ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے (زندگی میں) بھلائی کر جاؤ۔ یہ کتاب میں لکھا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۶۔

۱۸۔ آپ کا ابراہیم علیہ السلام سے سب سے زیادہ تعلق تھا

۲۶۔ بے شک ابراہیم سے سب لوگوں سے زیادہ تعلق ان لوگوں کو ہے جنہوں نے اس کا اتباع کیا اور اس نبی کو اور ان کو جو ایمان لائے ہیں اور اللہ مومنوں کا دوست ہے۔

۔آل عمران ۳:۶۸۔

إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ ۝ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ ۝ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَىٰ ۝ عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَىٰ ۝ عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ ۝ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَىٰ ۝ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ ۝ لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَىٰ ۝

۲۵۔ النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ ۖ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ ۗ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَىٰ أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا ۝

۲۶۔ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۗ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۲۷۔ فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ۝ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ۝

دیکھو حالات حضرت ابراہیم علیہ السلام (کتاب القصص حصہ دوم جلد سوم)

۱۹۔ آپ کو عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں مباہلہ کا حکم

۲۷۔ پھر (اے نبی ﷺ!) جو شخص اس کے بعد بھی کہ تیرے پاس علم آ چکا ہے عیسیٰ کے بارے میں تجھ سے جھگڑے تو کہہ دے کہ آؤ ہم (اور تم) اپنے بیٹوں اور تمہارے بیٹوں اور اپنی عورتوں اور تمہاری عورتوں اور اپنی جانوں اور تمہاری جانوں کو (ایک جگہ) بلا لیں پھر ہم (اللہ کے آگے) گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجیں۔ بے شک یہ جو بیان ہوا، یہی سچا بیان ہے اور سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں ہے۔ بے شک اللہ ہی غالب، حکمت والا ہے پھر اگر وہ منہ پھیریں تو بے شک اللہ مفسدوں کو جانتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۶۱۔۶۳۔

دیکھو حالات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کتاب القصص حصہ دوم جلد سوم

۲۰۔ جو عورتیں آپ کو حلال تھیں

۲۸۔ اے نبی ہم نے تیرے لیے تیری بیویاں جن کے مہر تو دے چکا ہے حلال کیں اور وہ لونڈیاں بھی جو تیرے ہاتھ کا مال ہیں، اس (مالِ غنیمت) میں سے جو اللہ نے بغیر لڑے کافروں سے تیرے ہاتھ لگوا دیا ہے۔ نیز تیرے چچا کی بیٹیاں اور تیری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموؤں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے تیرے ساتھ ہجرت کی ہے اور جو مسلمان عورت بھی ہو اگر وہ اپنی جان نبی کو بخش دے۔ اگر نبی بھی اس سے نکاح کرنا چاہے (یہ اجازت) اور مومنوں کے سوا خالص تیرے لیے ہے۔ ہمیں معلوم ہے جو کچھ ہم نے ان کی بیویوں اور ان کے ہاتھ کے مال (لونڈیوں) کے بارہ میں ان پر فرض کیا ہے (اور یہ اس لیے ہے) تاکہ تجھ پر کسی قسم کی تنگی نہ ہو اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۰۔

۲۱۔ آپ کو ازواج میں تقدیم و تاخیر کا اختیار

۲۹۔ (تجھے اختیار ہے کہ) تو ان عورتوں میں سے جسے چاہے امید میں رکھے اور جسے چاہے اپنی طرف جگہ دے اور جس کو تو (اپنے پاس) ان میں سے بلوائے جسے تو نے ایک کنارے کر دیا تھا تو (اس میں بھی) تجھ پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ اس بات کے بہت قریب ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں، اور وہ غم نہ کریں اور جو انہیں دے اس سے وہ سب راضی رہیں اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ جاننے والا اور حلم والا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۱۔

۲۸۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۗ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

۲۹۔ تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ ۖ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَلِيمًا ۝

۳۰۔ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ

۳۱۔ لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ۚ قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۲۲۔ آپ کو اور نکاح یا طلاق کی ممانعت

۳۰۔ اس کے بعد تیرے لیے عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ یہ (حلال ہے) کہ ان سے اور بیویاں بدل لے اگرچہ تجھے ان کا حسن اچھا معلوم ہو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۲۔

۲۳۔ آپ کو عام لوگوں کی طرح پکارنے کی ممانعت

۳۱۔ لوگو! اپنے درمیان رسول کو اس طرح نہ پکارا کرو جس طرح کہ تم میں ایک ایک کو پکارتا ہے۔ بے شک اللہ انہیں جانتا ہے جو تم میں آنکھ بچا کر سٹک جاتے ہیں۔ تو جو لوگ اس کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ڈرنا چاہیے کہ وہ کسی بلا میں مبتلا نہ ہو جائیں یا انہیں دردناک عذاب نہ پہنچے۔

۔النور ۲۴: ۶۳۔

۲۴۔ آپ سے سرگوشی سے پہلے صدقہ دینے کا حکم

۳۲۔ مسلمانو! جب تم رسول سے کان میں بات کہو تو اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دے دیا کرو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر اور زیادہ ستھرائی کا باعث ہے۔ پھر اگر تم (اپنے پاس خیرات کرنے کو کچھ) نہ پاؤ تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸:۱۲

۲۵۔ آپ پر اللہ کا فضلِ خاص

۳۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تجھ پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو ان میں سے ایک جماعت نے تو ٹھان ہی لیا تھا کہ وہ تجھے گمراہ کر دیں اور بجز اپنی جانوں کے اور کسی کو گمراہ نہیں کرتے اور تجھے کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے اور اللہ نے تجھ پر کتاب اور حکمت نازل کی اور وہ علم تجھے سکھلایا جو تو نہیں جانتا تھا اور اللہ کا تجھ پر بڑا فضل ہے۔

۔النساء ۴:۱۱۳

۳۴۔ مگر (یہ قرآن) تیرے پروردگار کی رحمت سے (نازل ہوا ہے)۔ بے شک تجھ پر اس کا بڑا فضل ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۸۷

۳۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھے یہ امید نہیں تھی کہ تیری طرف کتاب اتاری جائے گی مگر (یہ) تیرے پروردگار کی رحمت سے ہوا۔ تو تو کافروں کی پشت پناہ ہرگز نہ بن۔

۔القصص ۲۸:۸۶

۳۶۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تیرے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کرے اور تجھ پر اپنی نعمت پوری کرے اور تجھے سیدھی راہ پر چلائے۔

۔الفتح ۴۸:۱-۲

۲۶۔ آپ سے اللہ ناخوش نہیں

۳۷۔ قسم ہے دوپہر کی اور رات کی جب وہ چھا جائے نہ تو تیرے پروردگار نے تجھے چھوڑا ہے اور نہ (تجھ سے) دشمنی کی ہے۔

۔الضحیٰ ۹۳:۱-۳

۲۷۔ آپ کا آخیر اول سے بہتر ہے

۳۸۔ اور بے شک تیرا آخیر اول سے بہتر ہے۔

۔الضحیٰ ۹۳:۴

۲۸۔ آپ کو اللہ عطا سے خوش کرے گا

۳۹۔ اور عنقریب ہی تیرا پروردگار تجھے وہ کچھ دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۵

۳۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۳۳۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝

۳۴۔ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝

۳۵۔ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

۳۶۔ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝

۳۷۔ وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝

۳۸۔ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝

۳۹۔ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝

۲۹۔ یتیمی میں آپ کو پناہ دی

۴۰۔کیا یہ بات نہیں ہے کہ اس نے تجھے یتیم پایا اور ٹھکانے پر لگایا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۶۔

۳۰۔ آپ کو اللہ نے غنی کیا

۴۱۔اور اس نے تجھے محتاج پایا تو مال دار کردیا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۸۔

۳۱۔ آپ کا شرح صدر و رفع ذکر

۴۲۔(اے نبی ﷺ!) کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا اور ہم نے تیرا بوجھ (نہیں) اتار دیا جس نے تیری کمر توڑ رکھی تھی اور تیرے لیے تیرے ذکر کو بلند کیا۔ سو بے شک سختی کے ساتھ آسانی ہے۔ بے شک سختی کے ساتھ آسانی ہے تو (اے نبی ﷺ!) جب تو (لوگوں کو سمجھانے سے) فرصت پائے تو (عبادت کے لیے) کھڑا ہو۔ اور اپنے پروردگار کی طرف راغب ہو۔

۔الانشراح ۹۴:۱۔۸۔

۳۲۔ آپ کو بے انتہا اجر

۴۳۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرے لیے بے انتہا اجر ہے۔

۔القلم ۶۸:۳۔

۳۳۔ آپ کو کوثر کا ملنا

۴۴۔(اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے (حوض) کوثر عطا کیا۔ تو تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھ اور قربانی کر۔ بے شک تیرا عیب لگانے والا ہی اُوت ہے۔

۔الکوثر ۱۰۸:۱۔۳۔

۳۴۔ آپ کی مدد کا اللہ کی طرف سے وعدہ

۴۵۔اور اللہ تیری غالب آنے والی مدد کرے گا۔

۔الفتح ۴۸:۳۔

۴۰۔ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ ۝

۴۱۔ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ ۝

۴۲۔ أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِي أَنقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانصَبْ ۝ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَب ۝

۴۳۔ وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝

۴۴۔ إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

۴۵۔ وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝

۴۶۔ قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۴۷۔ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝

۴۸۔ وَمَا أَنتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ

۳۵۔ آپ کے پیروؤں سے اللہ کی محبت

۴۶۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اطاعت کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمھیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔آلِ عمران ۳:۳۱۔

۳۶۔ آپ پر اللہ اور فرشتے رحمت بھیجتے ہیں

۴۷۔ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود (یعنی رحمت) بھیجتے ہیں۔ مسلمانو تم بھی اس پر درود اور سلام بھیجو۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۶۔

۳۷۔ آپ قبلۂ اہل کتاب کے تابع نہیں

۴۸۔اور (اے نبی ﷺ!) تو ان کے قبلے کی پیروی کرنے والا نہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۴۵۔

۳۸۔ آپ سے یہود و نصاریٰ کبھی راضی نہ ہوں گے

۴۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے یہود اور نصاریٰ تاوقتیکہ ان ہی کا مذہب قبول نہ کر لے ہر گز راضی نہیں ہوں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ کی ہدایت (اصلی) ہدایت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۰۔

۳۹۔ آپ کی امت سب امتوں سے افضل ہے

۵۰۔ اور (مسلمانو) اسی طرح ہم نے تمہیں بہتر امت بنایا تاکہ تم (قیامت میں) لوگوں پر گواہ ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۳۔

۵۱۔ (مسلمانو!) تم بہتر امت ہو جو لوگوں کے نفع کے لیے نکالی گئی ہے تم (لوگوں کو) اچھی باتوں کی ہدایت کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

۔آل عمران ۳: ۱۱۰۔

۴۰۔ آپ کی امت کا قیامت کو گواہ ہونا

۵۲۔ اور (یہ اس لیے ہے کہ) تم (اور) لوگوں پر (قیامت کو) گواہ ہو۔

۔الحج ۲۲: ۷۸۔

۵۳۔ اور (مسلمانو) اسی طرح ہم نے تمہیں بہتر امت بنایا تاکہ تم (قیامت میں) لوگوں پر گواہ ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۳۔

۴۱۔ آپ کے متبعین کو فلاح

۵۴۔ سو جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کو قوت دی اور اس کی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۷۔

۴۹۔ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۗ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ

۵۰۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

۵۱۔ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۗ

۵۲۔ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

۵۳۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

۵۴۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۵۵۔ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۠ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝

۵۶۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۤ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًۢا بَلِيْغًا ۝

۵۷۔ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ

۴۲۔ آپ کے اخلاقِ حسنہ

۵۵۔ تو (اے نبی ﷺ!) یہ اللہ ہی کی رحمت ہے کہ تو ان کے لیے نرم ہو گیا اور اگر (کہیں) تو بدخلق، سخت دل ہوتا تو وہ ضرور تیرے پاس سے بکھر جاتے۔ تو تو انہیں معاف کر اور ان کے لیے (اللہ سے) معافی مانگ اور (لڑائی کے) کام میں ان سے مشورہ لے۔ پھر جب تو ایک بات پر جم جائے تو اللہ پر بھروسا رکھ۔ بے شک اللہ توکل کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۹۔

۵۶۔ یہ وہی لوگ ہیں کہ جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اس کو اللہ ہی جانتا ہے تو تو ان سے درگزر کر اور انہیں سمجھا اور ان سے وہ بات کہہ جو ان کے دلوں میں گھر کر جائے۔

۔النساء ۴: ۶۳۔

۵۷۔ اور (اے نبی ﷺ!) اس (قرآن) کے ذریعے سے ان

وَّ نِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ لَّعَلَّہُمْ یَتَّقُوْنَ ۝ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّہُمْ بِالْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْہَہٗ ؕ مَا عَلَیْکَ مِنْ حِسَابِہِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِکَ عَلَیْہِمْ مِّنْ شَیْءٍ فَتَطْرُدَہُمْ فَتَکُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ وَکَذٰلِکَ فَتَنَّا بَعْضَہُمْ بِبَعْضٍ لِّیَقُوْلُوْۤا اَہٰۤؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ مِّنْ بَیْنِنَا ؕ اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰکِرِیْنَ ۝ وَاِذَا جَآءَکَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ کَتَبَ رَبُّکُمْ عَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ ۙ اَنَّہٗ مَنْ عَمِلَ مِنْکُمْ سُوْٓءًۢا بِجَہَالَۃٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِہٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّہٗ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ وَکَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ وَلِتَسْتَبِیْنَ سَبِیْلُ الْمُجْرِمِیْنَ ۝

۵۸۔ لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْکَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِہٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْہُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْہِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَکَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ ۝

۵۹۔ وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّہُمْ بِالْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْہَہٗ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰکَ عَنْہُمْ ۚ تُرِیْدُ زِیْنَۃَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَہٗ عَنْ ذِکْرِنَا وَاتَّبَعَ ہَوٰىہُ وَکَانَ اَمْرُہٗ فُرُطًا ۝ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکُمْ ۟ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَکْفُرْ ۙ

کو لوگوں کو ڈرا جو اس بات سے ڈر رہے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف اکٹھے کئے جائیں گے۔ ان کا اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ سفارشی تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں اور ان لوگوں کو اپنے پاس سے نہ نکال جو صبح اور شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں۔ اسی کی ذات کے خواہاں ہیں تم پر ان کے حساب میں سے کچھ بھی نہیں اور نہ تیرے حساب میں سے ان کا کچھ ذمہ ہے۔ (کہیں ایسا نہ ہو) کہ تو انہیں (اپنے پاس سے) نکال دے پھر تو (بھی) ظالموں میں سے ہو جائے۔ اور اسی طرح ہم نے ان میں سے ایک کو ایک سے آزمایا تاکہ وہ کہیں کہ کیا یہی وہ لوگ ہیں جن پر ہمارے درمیان میں سے اللہ نے احسان کیا ہے۔ (تو) کیا اللہ شکر گزاروں کو اچھی طرح سے نہیں جانتا؟ اور (اے نبی ﷺ!) جب تیرے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو کہہ تم پر سلامتی ہے۔ تمہارے پروردگار نے اپنی ذات پر رحمت فرض کر لی ہے کہ جو تم میں سے نادانی سے کوئی برا کام کر بیٹھے اور پھر اس کے بعد توبہ کر لے اور اصلاح پر آ جائے تو وہ بخشنے والا مہربان ہے اور اسی طرح ہم آیتوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں اور اس لیے (کرتے ہیں) تاکہ گنہگاروں کی راہ ظاہر ہو جائے۔

۔الانعام ۶: ۵۱۔۵۵۔

۵۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو اپنی آنکھیں اس مال کی طرف نہ پھیلا جس کے ساتھ ہم نے ان میں سے کتنی ہی جماعتوں کو فائدہ پہنچایا اور ان پر غم نہ کر اور مومنوں کے لیے اپنے (عاجزی کے) بازو جھکا دے۔

۔الحجر ۱۵: ۸۸۔

۵۹۔ اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ رہنے پر مجبور کر جو صبح اور شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں (اور) اس کی ذات چاہتے ہیں اور چاہیے کہ تیری آنکھیں ان سے تجاوز نہ کریں کہ تو دنیا کی آرائش چاہنے لگے اور اس کا کہنا نہ مان جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش (نفسانی) کے پیچھے پڑا ہوا ہے اور اس کا کام حد سے بڑھ گیا ہے۔ اور کہہ کہ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔ سو جو چاہے (اس پر) ایمان لائے اور جو چاہے (اس کا) انکار کرے۔

۔الکہف ۱۸: ۲۸۔۲۹۔

۶۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) مومنوں میں سے جو تیرے تابع ہو گئے ہیں ان کے لیے (تواضع) کے بازو بچھا دے۔ پھر اگر وہ تیری نافرمانی کریں تو کہہ دے کہ جو تم کرتے ہو میں اس سے بیزار ہوں۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۵۔۲۱۶۔

۶۱۔ تو (اے نبی ﷺ) ایک وقت تک ان سے مونہہ پھیرے رکھ اور ان کو دیکھتا رہ، عنقریب ہی وہ دیکھ لیں گے۔ تو کیا وہ ہمارے عذاب ہی کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟ سو جب وہ (عذاب) ان کے صحنوں میں اترے گا تو ان ڈرائے گیوں کی صبح بری ہوگی۔ اور تو ایک مدت تک ان سے مونہہ پھیر لے اور دیکھتا رہ۔ عنقریب ہی وہ بھی دیکھ لیں گے۔

۔صٰفّٰت ۳۷: ۱۷۴۔۱۷۹۔

۶۰۔ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۚ فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ

۶۱۔ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ۙ وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ۝ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ۝ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنذَرِينَ ۝ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ۙ وَأَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ۝

۶۲۔ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ۝

۶۳۔ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ۝

۶۴۔ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ۝

۶۵۔ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ ۚ

۶۶۔ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝

۶۷۔ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَىٰ آثَارِهِمْ إِن لَّمْ يُؤْمِنُوا بِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَسَفًا ۝

۶۸۔ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ۝

۶۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تو بڑے (اعلیٰ) خلق پر ہے۔

۔القلم ۶۸: ۴۔

۶۳۔ تو تو اپنے پروردگار حکم کا انتظار کر اور مچھلی والے (یونس) کی طرح (بے صبر) نہ ہو۔ جب اس نے اپنے پروردگار کو پکارا تھا اور وہ دل ہی دل میں گھٹ رہا تھا۔

۔القلم ۶۸: ۴۸۔

۶۴۔ اور وہ (رسول) غیب (کے بتلانے) پر بخیل نہیں ہے۔

۔التکویر ۸۱: ۲۴۔

۳۴۔ آپ کی شفقت و رحمت

۶۵۔ اور جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں (نبی ﷺ) ان کے حق میں رحمت ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۶۱۔

۶۶۔ بے شک تمہارے پاس، تم ہی میں سے ایک رسول آیا۔ اس پر تمہاری تکلیف شاق ہے، تم پر حریص ہے، مومنوں پر شفیق و مہربان ہے۔ پھر اگر وہ مونہہ موڑیں تو (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ میں نے اسی پر توکل کیا ہے اور وہ عرش عظیم کا پروردگار ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۱۲۸۔

۶۷۔ سو (اے نبی ﷺ!) شاید تو اس غم میں کہ وہ اس بات پر ایمان نہیں لاتے، ان کے پیچھے اپنی جان کھونے والا ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۶۔

۶۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تو تجھے جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۷۔

۶۹۔ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ

۷۰۔ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝

۷۱۔ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

۷۲۔ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

۷۳۔ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝

۷۴۔ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝

۷۵۔ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۝

۷۶۔ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ

۷۷۔ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ۝ؕ

۷۸۔ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۭ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝

۶۹۔ تو (اے نبی ﷺ) ان کے پیچھے کہیں حسرتوں کے مارے تیری جان ہی نہ جاتی رہے۔

-فاطر-۳۵:۸-

۴۴۔ آپ کا لوگوں سے بے غرض اور مستغنی رہنا

۷۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اس پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا وہ تو جہان والوں کے لیے نصیحت ہے اور بس۔

-الانعام ۶:۹۱-

۷۱۔ اور میں اس پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔

-یوسف ۱۲:۱۰۴-

۷۲۔ (اے نبی ﷺ!) کیا تو ان سے کچھ مال مانگتا ہے سو تیرے پروردگار کا مال بہتر ہے اور وہ بہتر روزی دینے والا ہے۔

-المومنون ۲۳:۷۲-

۷۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تم سے اس پر کچھ مزدوری نہیں مانگتا مگر جو شخص یہ بات چاہے کہ وہ اپنے پروردگار کی راہ اختیار کرلے (وہ کرلے)۔

-الفرقان-۲۵:۵۷-

۷۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو کچھ مزدوری میں نے تم سے مانگی ہو تو وہ تم ہی کو مبارک ہو۔ میری مزدوری تو صرف اللہ کے ذمے ہے اور وہ ہر شے پر موجود ہے۔

-سبا ۳۴:۴۷-

۷۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اس پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا اور میں بناوٹی آدمیوں میں سے نہیں ہوں۔

-ص ۳۸:۸۶-

۷۶۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اس پر تم سے بجز رشتے کی محبت (قائم رکھنے) کے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔

-الشوریٰ ۴۲:۲۳-

۷۷۔ (اے نبی ﷺ!) کیا تو ان سے کچھ مزدوری مانگتا ہے کہ وہ تاوان کے بوجھ سے دبے جا رہے ہیں۔

-الطور ۵۲:۴۰ والقلم ۶۸:۴۶-

۴۵۔ آپ کا اظہار عجز، معجزات، دیگر خوارق سے

۷۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر ان کی (حق سے) روگردانی تجھ پر شاق گزرتی ہے تو اگر تجھ سے یہ ہو سکے کہ تو زمین میں کوئی سوراخ ڈھونڈھ نکالے یا آسمان پر کوئی سیڑھی (لگا کر چڑھ جائے) اور تو ان کے پاس کوئی نشانی دے آئے (تو تو اپنی سی کر دیکھ) اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو ہدایت پر جمع کر دیتا۔ تو تو جاہل نہ بن۔ قبول تو بس وہی کرتے ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو تو اللہ ہی اٹھائے گا۔ پھر وہ اسی کی طرف اٹھائے جائیں گے۔

-الانعام ۶:۳۵-۳۶-

۷۹۔ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

۸۰۔ قُلْ اِنِّىْ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ۝ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

۸۱۔ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۚ

۸۲۔ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَاۗءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝

۸۳۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰي سَوَاۗءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝

۸۴۔ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝

۷۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور میں غیب نہیں جانتا ہوتا۔ اور میں تم سے یہ بھی نہیں کہتا کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کیا اندھے اور بینا برابر ہیں تو کیا تم سوچتے نہیں۔

۔الانعام ۶: ۵۰۔

۸۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور تم نے اسے جھٹلا دیا۔ میرے پاس وہ (عذاب) تو ہے نہیں جس کے لیے تم جلدی مچا رہے ہو۔ حکم تو بس اللہ ہی کا ہے۔ وہ حق بیان فرماتا ہے اور وہی بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میرے پاس وہ (عذاب) ہوتا جس کے لیے تم جلدی مچارہے ہو تو میرے اور تمہارے درمیان معاملہ طے ہی ہو چکا اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

۔الانعام ۶: ۵۷۔۵۸

۸۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنی جان کے نہ نفع کا مالک ہوں اور نہ نقصان کا مگر اتنا ہی جتنا اللہ چاہے اور اگر میں غیب جانتا ہوتا تو میں (اپنے لیے) ضرور بہت سی بھلائی جمع کر لیتا اور مجھے (کبھی کوئی) تکلیف نہ پہنچتی۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۸۔

۸۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنی جان کے نہ نقصان (پہنچانے) پر قادر ہوں اور نہ نفع مگر اتنا ہی جتنا اللہ چاہے۔ ہر ایک امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے، جب ان کا وقت آ جاتا ہے تو وہ نہ ایک گھڑی پیچھے رہتے ہیں اور نہ (ایک گھڑی) آگے ہی جاتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۴۹۔

۸۳۔ پھر (اے نبی ﷺ!) اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دے کہ میں تمہیں برابری کی حالت میں (جنگ کا) اعلان کرتا ہوں۔ اور میں نہیں جانتا کہ جو وعدہ تم سے کیا جاتا ہے قریب ہی آ لگا ہے یا دور ہے۔ بے شک وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور اس کو بھی جو تم چھپاتے ہو۔ اور میں نہیں جانتا شاید یہ (ڈھیل) تمہارے لیے آزمائش اور ایک وقت تک فائدہ پہنچانا ہو۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۹۔۱۱۱۔

۸۴۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تو مُردوں کو نہیں سنا سکتا اور نہ بہروں کو پکار سنا سکتا ہے (خصوصاً اس وقت) جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں اور تو اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر) ہدایت کرنے والا

نہیں ہے۔ تو صرف انہیں کو سنا تا ہے جو ہماری آیتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ سو وہی مسلمان ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۸۰۔۸۱۔

۸۵۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تو جسے چاہے ہدایت نہیں کر سکتا لیکن اللہ جسے چاہے ہدایت کرے اور وہ ان کو خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہے۔

۔القصص ۲۸: ۵۶۔

۸۶۔ اور اگر ہم ایک ہوا بھیج دیں پھر وہ اس کھیتی کو زرد دیکھیں تو وہ اس کے بعد بھی ضرور ہی کفر کریں۔ سو بے شک تو نہ مردوں کو سنا سکتا ہے اور نہ بہروں کو پکار ہی سنا سکتا ہے (خصوصاً اس وقت) جب وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں اور تو اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر) ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔ تو تو صرف انہیں کو سنا تا ہے جو ہماری آیتوں پر یقین رکھتے ہیں بلکہ وہی مسلمان ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۵۱۔۵۳۔

۸۷۔ تو کیا جس پر عذاب کا وعدہ پورا ہو گیا (تو اسے بچائے گا) کیا تو اسے چھڑا لے گا جو آگ میں ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۱۹۔

۸۸۔ اور زندے اور مردے برابر نہیں ہیں۔ بے شک اللہ جسے چاہے سنادے اور تو انہیں سنانے والا نہیں ہے جو قبروں میں (دبے پڑے) ہیں۔ تو تو صرف ایک ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔فاطر ۳۵: ۲۲۔۲۳۔

۸۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تمہاری طرح کا ایک آدمی ہوں، میری طرف وحی کی جاتی

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِی الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

۸۵۔ اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ۝

۸۶۔ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِیْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ یَكْفُرُوْنَ ۝ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

۸۷۔ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَیْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِی النَّارِ ۝

۸۸۔ وَمَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ ۝ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ ۝

۸۹۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِیْمُوْۤا اِلَیْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَیْلٌ لِّلْمُشْرِكِیْنَ ۝

۹۰۔ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِی الْعُمْیَ وَمَنْ كَانَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝

۹۱۔ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

ہے۔ تمہارا معبود تو صرف ایک ہی معبود ہے تو سیدھے اسی کی طرف (جھکے) رہو اور اس سے مغفرت مانگو اور مشرکوں کے لیے خرابی ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۶۔

۹۰۔ تو کیا تو بہرے کو سنا دے گا یا اندھے کو راہ پر لگا دے گا اور اس کو جو کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۴۰۔

۹۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں رسولوں میں کچھ نیا نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا پیش آئے گا۔ میں تو صرف اس پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے اور میں صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔الاحقاف ۴۶: ۹۔

۹۲۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں نہیں جانتا کہ جس (عذاب) کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا میرا پروردگار اس کے لیے میعاد مقرر کرے گا۔

۔الجن ۷۲: ۲۵۔

۹۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اپنے پروردگار ہی کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ کہہ دے کہ میں تمہارے لیے نہ نقصان کا مالک ہوں اور نہ راہ پر لانے کا۔

۔الجن ۷۲: ۲۰۔۲۱۔

۴۶۔ آپ کو اللہ کی طرف سے تنبیہ ہوئی

۹۴۔(اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تیری طرف برحق کتاب اتاری تاکہ تو لوگوں کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سمجھائے اور تو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑا نہ کر اور اللہ سے معافی مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور ان کی طرف سے نہ جھگڑ جو اپنی جانوں کی خیانت کرتے ہیں۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو پسند نہیں کرتا جو خیانت کرنے والا، گنہگار ہو۔ یہ لوگ لوگوں سے چھپتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھپ سکتے اور جب وہ ناپسندیدہ باتوں کا مشورہ کرتے ہیں وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے اور اللہ ان کے کاموں کو گھیرے ہوئے ہے۔ خبردار ہو تم وہ لوگ ہو کہ تم نے دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے جھگڑ لیا تو قیامت کے دن ان کی طرف سے کون جھگڑے گا یا کون ان کا کارساز ہوگا۔

۔النساء ۴: ۱۰۵۔۱۰۹۔

۹۲۔ قُلْ إِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ مَا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّي أَمَدًا ۝

۹۳۔ قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَدًا ۝ قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا رَشَدًا ۝

۹۴۔ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ ۚ وَلَا تَكُنْ لِلْخَائِنِينَ خَصِيمًا ۝ وَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا ۝ يَسْتَخْفُونَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللَّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لَا يَرْضَىٰ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطًا ۝ هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُجَادِلُ اللَّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَمْ مَنْ يَكُونُ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ۝

۹۵۔ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

۹۶۔ عَفَا اللَّهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَتَعْلَمَ الْكَاذِبِينَ ۝

۹۵۔ نبی کو زیب نہیں دیتا کہ جب تک وہ ملک میں اچھی طرح مار دھاڑ نہ کر لے تو اس کے پاس قیدی ہوں۔ تم تو دنیا کا مال و متاع چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اگر اللہ کی طرف سے پہلے تحریر نہ ہو چکی ہوتی تو جو (فدیہ) تم نے لیا ہے اس (کی سزا) میں تمہیں ضرور بڑا بھاری عذاب پہنچتا۔

۔الانفال ۸: ۶۷۔۶۸۔

۹۶۔(اے نبی ﷺ!) اللہ تجھے معاف کرے۔ تو نے انہیں (جہاد سے پیچھے رہ جانے کی) کیوں اجازت دی۔ (اس وقت تک صبر کرتا) کہ تو ان لوگوں کو ممتاز کر لیتا جو اپنے ایمان میں سچے ہیں اور جھوٹوں کو بھی جان لیتا۔

۔التوبۃ ۹: ۴۳۔

۹۷۔ نبی اور مومنوں کو مناسب نہیں کہ وہ مشرکوں کی مغفرت کی دعا کریں خواہ وہ ان کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ جبکہ ان پر ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ لوگ دوزخی ہیں۔

-التوبة ۹: ۱۱۳۔

۹۸۔ اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب تو اس شخص سے کہتا تھا جس پر اللہ نے انعام کیا ہے کہ اپنے پاس اپنی بیوی کو روکے رکھ اور اللہ سے ڈر۔ اور تو اپنے دل میں وہ بات چھپاتا تھا جس کو اللہ ظاہر کرنے والا ہے اور تو لوگوں سے ڈرتا تھا حالانکہ اللہ ہی اس بات کا زیادہ حق رکھتا ہے کہ تو اس سے ڈرے۔ پھر جب زید اس عورت سے اپنی حاجت پوری کر چکا تو ہم نے اس کا نکاح تجھ سے کر دیا تاکہ مسلمانوں پر اپنے لے پالکوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں جب وہ ان سے اپنی حاجت پوری کر چکیں کسی قسم کی تنگی نہ ہو۔ اللہ کا کام ہو کر رہتا ہے۔ نبی پر اس بات میں کوئی تنگی نہیں جو اللہ نے اس کے لیے ٹھہرا دی ہے۔ یہ اللہ کا دستور ہے ان لوگوں میں جو پہلے ہو گزرے ہیں اور اللہ کا کام اندازہ پر ٹھہرا ہوا ہے۔ وہ (پہلے) جو اللہ کے پیغام (لوگوں کو) پہنچاتے ہیں اور اسی سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور حساب لینے والا اللہ کافی ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۷ - ۳۹۔

۹۹۔ (نبی ﷺ نے) تیوری چڑھائی اور منہ پھیر لیا اس بنا پر کہ اس کے پاس ایک اندھا آیا اور (اے نبی ﷺ!) تو کیا جانے شاید وہ پاک ہو جاتا یا وہ نصیحت سنتا اور نصیحت اس کو فائدہ دیتی۔ مگر جو بے پروائی

۹۷۔ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَن يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝

۹۸۔ وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِي أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللَّهَ وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَاهُ ۖ فَلَمَّا قَضَىٰ زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ۝ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ ۖ سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا ۝ الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللَّهَ ۗ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا ۝

۹۹۔ عَبَسَ وَتَوَلَّىٰ ۝ أَن جَاءَهُ الْأَعْمَىٰ ۝ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّهُ يَزَّكَّىٰ ۝ أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنفَعَهُ الذِّكْرَىٰ ۝ أَمَّا مَنِ اسْتَغْنَىٰ ۝ فَأَنتَ لَهُ تَصَدَّىٰ ۝ وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكَّىٰ ۝ وَأَمَّا مَن جَاءَكَ يَسْعَىٰ ۝ وَهُوَ يَخْشَىٰ ۝ فَأَنتَ عَنْهُ تَلَهَّىٰ ۝

۱۔ أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ رَجُلٍ مِّنْهُمْ أَنْ أَنذِرِ النَّاسَ

کرتا ہے تو اس کے پیچھے پڑتا ہے اور تیرا اس میں کیا نقصان ہے اگر وہ پاک نہ ہو۔ لیکن جو تیرے پاس دوڑ کر آتا ہے۔ اور وہ (اللہ سے) ڈرتا ہے تو تو اس کی طرف سے غفلت کرتا ہے۔

-عبس ۸۰: ۱ - ۱۰۔

رسول ﷺ اور آپ کے اصحاب کے ساتھ کفار کی بدسلوکیاں

۱۔ کافر آپ کو جادوگر کہتے تھے

۱۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک آدمی

کی طرف یہ پیغام بھیجا کہ لوگوں کو (عذاب اللہ سے) ڈرا اور جو لوگ ایمان لائے ہیں انہیں یہ بشارت دے کہ ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے راستی کا قدم (یعنی بلند مرتبہ ہے) اور کفار نے کہا کہ یہ (پیغمبر) تو کھلا جادوگر ہے اور بس۔

۔یونس ۱۰:۲۔

۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے یہ کہے کہ تم موت کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو کافر ضرور یہی کہیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہے اور بس۔

۔ھود ۱۱:۷۔

۳۔ اور جو لوگ ظالم ہیں انہوں نے پوشیدہ ایک دوسرے کے کان میں کہا کہ یہ (پیغمبر) تو تم ہی جیسا ایک بشر ہے تو کیا تم آنکھوں دیکھتے جادو میں پھنستے جاتے ہو؟

۔الانبیاء ۲۱:۳۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۔ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۳۔ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝

۴۔ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۟ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝

۵۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۳۔ اور جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس آدمی کی سی ہے جو ایک چیز کے پیچھے جو سنتی نہیں، پڑا چلا رہا ہے، محض بلانا اور پکارنا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۷۱-

۴۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل ایسے سخت ہو گئے کہ گویا وہ پتھر ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ سخت۔ اور پتھروں میں تو بعض ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں۔ اور بعض ایسے جو پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی جھڑتا ہے۔ اور بعض پتھر ایسے بھی جو خدا کے خوف سے گر پڑتے ہیں۔ اور جو تم کر رہے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔

-البقرۃ ۲: ۷۴-

۵۔ تو اس کی خیرات کی مثال چٹان کی سی ہے کہ اس پر مٹی تھی۔ پھر اس پر زور کا مینہ برسا اور اس کو صاف سپاٹ کر گیا۔ ان کو اس خیرات میں سے جو انہوں نے کی، کچھ بھی ہاتھ نہیں لگے گا۔ اور اللہ ناشکر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۴-

۶۔ جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس دانہ کی سی ہے جس سے سات بالیں پیدا ہوئیں۔ ہر بال میں سو دانے۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے، برکت دیتا ہے۔ اور اللہ گنجائش والا اور ہر حال سے واقف ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۶۱-

۷۔ اور جو لوگ اللہ کی خوشنودی کے لیے اور اپنی نیت ثابت رکھ کر اپنے مال خرچ کرتے ہیں، ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے۔ جو اونچی جگہ پر ہے۔ اس پر زور کا مینہ برسا تو وہ اپنا دوچند پھل لایا۔ اگر اس پر زور کا مینہ نہ پڑا تو ہلکی پھوار ہی کافی ہے۔ اور تم لوگ جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔

۔البقرۃ۲: ۲۶۵۔

۸۔ بھلا تم میں سے کوئی یہ بات پسند کرے گا کہ کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو، اس کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں اور اس میں ہر طرح کے پھل مالک کو میسر ہوں اور بڑھاپے نے اس کو آلیا اور اس کے ناتواں بچے ہیں۔ اب اس باغ پر ایک بگولا چلا۔ جس میں آگ بھری تھی تو باغ جل بھن کر رہ گیا۔ اسی طرح اللہ احکام کھول کھول کر تم لوگوں سے بیان کرتا ہے کہ شاید تم غور کرو۔

۔البقرۃ۲: ۲۶۶۔

۹۔ اللہ کے ہاں عیسیٰ کی مثال آدم کی سی ہے کہ خدا نے اس کو مٹی سے بنا کر حکم دیا کہ (آدم) ہو جا۔ وہ بن گیا۔

۔آل عمران۳: ۵۹۔

۱۰۔ دنیا کی اس زندگی میں جو کچھ بھی یہ لوگ خرچ کر رہے ہیں۔ اس کی مثال اس ہوا کی سی ہے جس میں بڑی ٹھر تھی۔ وہ ان لوگوں کے کھیت کو جا لگی جو اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے تھے۔ اور اس کو تباہ کر گئی اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ بلکہ وہ اپنے اوپر آپ ہی ظلم کیا کرتے تھے۔

۔آل عمران۳: ۱۱۷۔

۷۔ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

۸۔ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۚ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

۹۔ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

۱۰۔ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

۱۱۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ سَآءَ مَثَلَاۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝

۱۱۔ اور ان لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنا جس کو ہم نے اپنی کرامتیں دی تھیں۔ پھر اس نے وہ کینچلی اتار دی تو شیطان اس کے پیچھے لگا تو وہ گمراہوں میں جا ملا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی برکت سے اس کا مرتبہ بلند کرتے۔ مگر اس نے پستی میں گرنا چاہا اور اپنی خواہش نفسانی کے پیچھے ہو لیا۔ تو اس کی مثال کتے کی سی مثال ہو گئی کہ اگر اس کو کہہ دو تو زبان باہر لٹکائے رہے۔ اور اگر اس کو چھوڑ دو تو بھی زبان باہر لٹکائے رہے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔ تو یہ قصے ان سے بیان کرتا کہ یہ لوگ سوچیں۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، ان کی بری مثال ہے۔ اور وہ کچھ اپنا ہی بگاڑتے رہے ہیں۔

۔الاعراف۷: ۱۷۵-۱۷۷۔

۱۲۔ اللہ کے نزدیک بدترین حیوان بہرے اور گونگے ہیں کہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اور اگر اللہ ان میں بہتری پاتا تو ان کو شنوائی کی طاقت ضرور عطا فرماتا۔ لیکن اگر خدا ان کو شنوائی بھی دیتا تب بھی یہ لوگ ضرور منہ پھیر کر الٹے بھاگتے۔

۔الانفال ۸: ۲۲۔۲۳

۱۳۔ دنیا کی زندگی کی مثال تو پانی کی سی ہے کہ ہم نے اس کو آسمان سے برسایا۔ پھر زمین کی روئیدگی جس کو آدمی اور چارپائے کھاتے ہیں، پانی کے ساتھ مل گئی۔ یہاں تک کہ جب زمین نے اپنا سنگار کر لیا اور خوش نما ہوگئی اور کھیت والوں نے سمجھا کہ وہ اس پر قابو پا گئے تو رات کے وقت یا دن کے وقت ہمارا حکم اس پر آ پہنچا۔ پھر ہم نے اس کا ایسا ستھراؤ کر دیا کہ گویا کل اس کا نام ونشان ہی نہ تھا۔ جو لوگ سوچتے اور سمجھتے ہیں ان کے لیے دلیلیں ہم اسی طرح تفصیل کے ساتھ بیان فرماتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۲۴

۱۴۔ دونوں فریقوں کی مثال اندھے اور بہرے اور آنکھوں والے اور سننے والے کی سی ہے۔ کیا دونوں کی حالت یکساں ہو سکتی ہے؟ کیا تم لوگ غور نہیں کرتے؟

۔ھود ۱۱: ۲۴

۱۵۔ اس نے آسمان سے پانی برسایا۔ پھر نالے (اپنی سمائی کے) بموجب بہہ نکلے۔ پھر جھاگ جو اوپر آ گیا تھا۔ اس کو ریلا بہا لے گیا۔ اور یہ جو زیور یا دوسرے ساز وسامان کے لیے (دھاتوں) کو تپاتے ہیں اس

۱۲۔ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَلَوْ عَلِمَ اللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَّأَسْمَعَهُمْ ۖ وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوا وَّهُم مُّعْرِضُونَ ۝

۱۳۔ إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُونَ عَلَيْهَا أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝

۱۴۔ مَثَلُ الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ۚ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝

۱۵۔ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ۚ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ ۝

۱۶۔ مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ لَّا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ۝

۱۷۔ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا

میں بھی اسی طرح کا جھاگ ہوتا ہے۔ یوں اللہ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے۔ سو جھاگ تو رائیگاں جاتا ہے۔ اور (پانی) جو لوگوں کے کام آتا ہے زمین میں ٹھہرا رہتا ہے۔ اللہ اسی طرح کی مثالیں بیان فرماتا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۱۷

۱۶۔ جو لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کی مثال ایسی ہے کہ ان کے عمل گویا راکھ ہیں کہ آندھی کے دن اس کو ہوا لے اڑی۔ جو کچھ یہ لوگ کرتے رہے اس میں سے کچھ بھی ان کے ہاتھ نہیں آئے گا۔ یہی تو پرلے درجے کی ناکامیابی ہے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۱۸

۱۷۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا نے کلمہ طیبہ کی کیسی مثال دی کہ کلمہ طیبہ گویا ایک پاکیزہ درخت ہے۔ اس کی جڑ مضبوط ہے اور اس کی

شاخیں آسمان میں ہیں۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر وقت اپنا پھل لاتا رہتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے اس لیے مثالیں بیان فرماتا ہے کہ شاید وہ سوچیں۔ اور گندی بات کی مثال گندے درخت کی سی ہے۔ اس کو کچھ ٹھہراؤ نہیں۔ زمین کے اوپر سے اکھاڑ پھینکا۔

-ابراہیم ۱۴: ۲۴-۲۶-

۱۸۔ اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملک جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا۔ اور ایک دوسرا شخص ہے جس کو ہم نے اپنی سرکار سے اچھی روزی دے رکھی ہے۔ تو وہ اس میں سے چھپ چھپاتے اور ظاہر (جس طرح چاہے) خرچ کرتا ہے۔ کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ (نہیں) الحمد للہ مگر ان میں بہتیرے اتنا بھی نہیں سمجھتے اور اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ دو آدمی ہیں ان میں سے ایک گونگا، کچھ نہیں کر سکتا اور وہ اپنے آقا پر بار بھی ہے۔ جہاں کہیں اس کو بھیجے اس سے کچھ بھی نیک بن نہیں آتا۔ کیا ایسا آدمی اور وہ شخص برابر ہو سکتے ہیں جو اعتدال پر رہنے کو کہتا ہے اور خود بھی سیدھے رستے پر ہے۔

-النحل ۱۶: ۷۵-۷۶-

۱۹۔ اور اس عورت جیسے نہ ہو جس نے اپنا اچھا کتا کاتا یا سوت ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ ڈالا کہ لگو اپنے قسموں کو آپس کے فساد کا سبب بنانے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زبردست ہو جائے۔ خدا اس اختلاف سے تم لوگوں کی آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے ہو، قیامت کے دن خدا تم پر ضرور ظاہر کر دے گا۔

-النحل ۱۶: ۹۲-

ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۙ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝

۱۸۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۭ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰي مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

۱۹۔ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِىَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝

۲۰۔ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـــًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۝ وَّمَآ اَظُنُّ

۲۰۔ اور ان لوگوں سے ان دو شخصوں کی مثال بیان کرو جن میں سے ایک کو ہم نے دو باغ دے رکھے تھے۔ اور ہم نے ان کے گرداگرد کھجور کے درخت لگا رکھے تھے۔ اور ہم نے دونوں کے بیچ میں کھیتی بوئی تھی۔ دونوں باغ اپنا پھل لائے۔ اور پھل میں کسی طرح کی کمی نہ کی۔ اور دونوں کے درمیان ہم نے نہر جاری کر رکھی تھی۔ (باغوں کے مالک کے) پاس پیداوار موجود رہتی تھی۔ (ایک دن) یہ شخص اپنے دوست سے باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تم سے زیادہ مال دار ہوں اور جتھے کے اعتبار سے بھی زبردست ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں گیا اور اپنے نفس پر آپ ہی ظلم کر رہا تھا۔ لگا کہنے کہ میں نہیں سمجھتا کہ یہ باغ کبھی بھی برباد ہو۔ اور میں یہ بھی نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہو۔ اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جاؤں گا تو جہاں جاؤں گا میں

السَّاعَةَ قَائِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ إِلٰى رَبِّيْ لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۝ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ أَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۝ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ أُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ أَحَدًا ۝ وَلَوْلَآ إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ إِنْ تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝ فَعَسٰى رَبِّيْٓ أَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۝ أَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ۝ وَأُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ أَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ أَحَدًا ۝ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۝ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝

اس کو اس (دنیا سے) بہتر پاؤں گا۔ اس کا دوست جو اس سے باتیں کرتا جاتا تھا، بول اٹھا کہ کیا تو اس کا منکر ہے جس نے تجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تجھ کو پورا آدمی بنایا؟ لیکن میرا تو یہ عقیدہ ہے کہ وہی اللہ میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا اور جب تو اپنے باغ میں آیا تو تو نے یہ کیوں نہ کہا کہ یہ خدا کے کہنے سے ہوا ہے۔ اللہ کی مدد کے بغیر کچھ بھی طاقت نہیں اگر مال اور اولاد کے اعتبار سے تو مجھ کو اپنے سے کم دیکھتا ہے تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار تیرے باغ سے بہتر مجھ کو عطا فرمائے اور اس پر آسمان سے کوئی ایسی بلا نازل کرے کہ وہ چٹیل میدان ہو کر رہ جائے۔ یا اس کا پانی بہت نیچے اتر جائے۔ پھر تو اس کو کسی طرح نہ پا سکے۔ چنانچہ (عذاب نازل ہوا) اور اس کی پیداوار (عذاب) کے گھیر میں آ گئی۔ تو وہ اس لاگت پر جو باغ پر لگائی تھی اپنے دونوں ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی ٹہنیوں پر گرا ہوا پڑا تھا اور وہ کہہ رہا تھا کہ اے کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔ اور اس کا جتھا ایسا نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا۔ اور نہ وہ انتقام لے سکا۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ سب اختیار اللہ برحق ہی کو ہے۔ وہی بہتر ثواب دینے والا اور وہی بہتر عوض دینے والا ہے۔ اور ان لوگوں سے ایک یہ بھی مثال بیان کر کہ دنیا کی زندگی کی مثال پانی کی سی ہے جس کو ہم نے آسمان سے برسایا۔ پھر زمین کی روئیدگی پانی کے ساتھ مل گئی۔ پھر (آخرکار) وہ چورا ہو کر رہ گئی، جسے ہوائیں اڑائے پھرتی ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۳۲-۴۵۔

۲۱۔ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝

۲۱۔ جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اس کی مدد کرے گا ہی نہیں تو اس کو چاہیے کہ اوپر کی طرف کو ایک رسی تانے۔ پھر تعلق قطع کرکے دیکھے کہ آیا اس کی تدبیر سے وہ شکایت جس کی وجہ سے ناخوش تھا، رفع ہوئی یا نہیں۔

۔الحج ۲۲: ۱۵۔

۲۲۔ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝

۲۲۔ اور جو کوئی اللہ کا شریک بنائے تو اس کا حال ایسا ہے گویا وہ آسمان سے گر پڑا۔ پھر اس کو راہ میں سے پرندے اچک لے جائیں گے یا ہوا اس کو کسی دور جگہ لے جا کر ڈال دے گی۔

۔الحج ۲۲: ۳۱۔

۲۳۔ اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق۔ طاق میں ایک چراغ رکھا ہے۔ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہے۔ قندیل گویا موتی کی طرح چمکتا ہوا ایک ستارہ ہے۔ وہ زیتون کے ایک مبارک درخت کے (تیل) سے روشن کیا جاتا ہے جو نہ پورب کے رخ واقع ہے نہ پچھم کے رخ۔ اس کا تیل ایسا کہ اس کو آگ بھی نہ چھوئے، تاہم معلوم ہوتا ہے کہ آپ جل اٹھے گا۔ (ایک نور نہیں بلکہ) نور پر نور۔ اللہ اپنے نور کی طرف جس کو چاہتا ہے راہ دکھاتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے مثال بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

۔النور ۲۴: ۳۵۔

۲۴۔ اور جو لوگ کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے جنگل میں چمکتی ہوئی ریت کہ پیاسا اس کو پانی سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو کچھ بھی نہ پایا اور (مرگیا تو) اللہ کو اپنے پاس موجود پایا۔ سو اس نے اس کا حساب (نوزا) پورا پورا چکا دیا۔ اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔ یا (ان کی مثال) بڑے گہرے دریا کے اندرونی اندھیروں کی سی ہے کہ دریا کو لہر نے ڈھانک لیا۔ اور لہر کے اوپر لہر، اس کے اوپر بادل۔ (غرض) اندھیرے ہیں ایک کے اوپر ایک۔ کہ آدمی اپنا ہاتھ نکالے تو ایسا لگتا ہے کہ اس کو دیکھ نہ سکے۔ اور جس کو اللہ ہی نور نہ دے تو اس کے لیے کوئی روشنی نہیں۔

۔النور ۲۴: ۳۹۔۴۰۔

۲۵۔ جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں ان کی مثال مکڑی کی سی ہے۔ اس نے گھر بنایا اور کچھ

۲۳۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

۲۴۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۢ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۗءً ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

۲۵۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ښ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

۲۶۔ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَاۗءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَاۗءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝

۲۷۔ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ڰ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَاۗىِٕغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ

شک نہیں کہ گھروں میں سے بودا گھر مکڑی کا ہے۔ کاش یہ لوگ (اتنا) سمجھتے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۴۱۔

۲۶۔ تمہارے لیے تمہی میں کی ایک مثال بیان فرمائی۔ جن غلاموں کے تم مالک ہو ان میں سے اس رزق میں جو ہم نے تم کو دے رکھا ہے کوئی بھی تمہارا شریک ہے کہ تم اس میں برابر کا حق رکھتے ہو اور تم ان کی ایسی پروا کرتے ہو جیسی تم اپنی پروا کرتے ہو۔ عقل لوگوں کے لیے ہم آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۲۸۔

۲۷۔ اور دو سمندر برابر نہیں۔ ایک ایسا کہ اس کا پانی میٹھا، خوش ذائقہ خوش گوار ہے۔ اور ایک ایسا کہ کھاری کڑوا۔ اور تم ان دونوں میں سے تازہ گوشت کھاتے اور زیور نکالتے ہو، جن کو پہنتے ہو۔ اور تو دیکھتا ہے

کہ کشتیاں اس میں پھاڑتی چلی جارہی ہیں تاکہ تم خدا کے فضل (تجارت) کے طالب بنو اور شکر گزار رہو۔

۔فاطر ۳۵: ۱۲۔

۲۸۔ اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں۔ اور نہ تاریکی اور نور اور نہ چھاؤں اور نہ دھوپ۔

۔فاطر ۳۵: ۱۹۔۲۱۔

۲۹۔ اور نہ زندے اور مردے برابر ہو سکتے ہیں۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے اسے سننے کی قوت دیتا ہے۔ اور جو لوگ قبروں میں ہیں۔ تو ان کو (اپنی بات) سنا نہیں سکتا۔ تو تو ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔فاطر ۳۵: ۲۲۔۲۳۔

۳۰۔ اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے۔ اس میں کئی ساجھی ہیں۔ وہ آپس میں بڑی کشمکش رکھتے ہیں۔ اور ایک غلام پورے کا پورا ایک آدمی کا ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۲۹۔

۳۱۔ جان رکھو کہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا اور زینت اور آپس میں ایک دوسرے پر فخر کرنا اور ایک دوسرے سے بڑھ کر مال اور اولاد کا خواہش مند ہونا ہے۔ (اس کی مثال) مینہ کی سی مثال ہے۔ کاشت کار کھیتی کو دیکھ کر خوشیاں کرنے لگتے ہیں۔ پھر وہ پک کر خشک ہو جاتی ہے تو اس کو دیکھتا ہے کہ پیلی پڑ گئی ہے۔ پھر روندن میں آجاتی ہے۔ اور آخرت میں عذاب سخت اور اللہ کی طرف سے معافی اور خوشنودی ہے۔ اور دنیا کی زندگی

أُجَاجٌ ۖ وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۲۸۔ وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۝ وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ ۝ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ ۝

۲۹۔ وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ ۝ إِنْ أَنْتَ إِلَّا نَذِيرٌ ۝

۳۰۔ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَجُلًا فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِرَجُلٍ ۖ

۳۱۔ اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ۖ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا ۖ وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ ۚ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ ۝

۳۲۔ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ۖ ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنْسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِنْكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ۝ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ۝

دھوکے کی جنس ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۲۰۔

۳۲۔ ان لوگوں کی سی مثال ہے جو ابھی ان سے ذرا پہلے اپنی شامت اعمال کا مزہ چکھ چکے ہیں اور ان کو دردناک عذاب ہونا ہے۔ شیطان کی سی مثال ہے کہ وہ انسان کو کہتا ہے کہ کفر کر۔ پھر جب وہ کفر کر بیٹھتا ہے تو کہتا ہے مجھے تجھ سے کچھ واسطہ نہیں۔ میں تو جہانوں کے پروردگار اللہ سے ڈرتا ہوں۔ پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوتا ہے کہ دونوں دوزخ میں جائیں گے، اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی سزا ہے سرکشوں کی۔

۔الحشر ۵۹: ۱۵۔۱۷۔

۳۳۔ جن لوگوں پر تورات لادی گئی پھر وہ اس کو نہ اٹھا سکے، ان کی مثال گدھے کی سی مثال ہے، جس پر کتابیں لدی ہیں۔ جو لوگ خدا کی آیتوں کو جھٹلایا کرتے ہیں۔ ان کی بری مثال ہے۔ اور اللہ بے انصافوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

۔ الجمعہ ۶۲:۵۔

۳۴۔ کافروں کے لیے خدا نے نوح کی بی بی اور لوط کی بی بی کی مثال بیان فرمائی۔ یہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں۔ دونوں نے ان سے خیانت کی، تو دونوں کے شوہر اللہ کے مقابلہ میں ان کے کچھ کام نہ آئے۔ اور انہیں حکم دیا گیا کہ (جہنم میں) داخل ہونے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی داخل ہو۔ اور ایمان داروں کے لیے خدا نے فرعون کی بیوی کی مثال دی۔ جب کہ اس بی بی نے کہا کہ اے میرے پروردگار! میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا۔ اور مجھ کو فرعون اور اس کے عمل سے نجات دے۔ اور مجھے ظالم لوگوں سے بچا۔ اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثال دی) جنہوں نے اپنی عصمت کو محفوظ رکھا۔ تو ہم نے ان کے پیٹ میں اپنی روح پھونک دی۔ اور وہ اپنے پروردگار کے کلام اور اس کی کتابوں کی تصدیق کرتی رہی اور وہ فرماں بردار بندوں میں سے تھی۔

۔ التحریم ۶۶:۱۰۔۱۲۔

۳۳۔ مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا ۚ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ۝

۳۴۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوحٍ وَّامْرَاَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِينَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِي اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِنْ رُّوحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِينَ ۝

۱۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّينِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّينَ ۝

۲۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا

قرآن کریم کی دعائیں

۱۔ اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم والا ہے۔ سب طرح کی تعریف خدا ہی کو ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ نہایت رحم والا، مہربان۔ روزِ جزا کا مالک۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھا رستہ دکھا۔ ان لوگوں کا رستہ جن پر تو نے فضل کیا۔ نہ ان کا جن پر غضب نازل ہوا۔ اور نہ گمراہوں کا۔

۔ الفاتحہ ۱:۱۔۷۔

۲۔ اے ہمارے پروردگار! ہماری یہ (خدمت) قبول کر۔ بے شک

تو ہی سننے والا جاننے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنا فرماں بردار بنا۔ اور ہماری نسل میں ایک امت پیدا کر جو تیری فرماں بردار رہے۔ اور ہم کو ہماری عبادت کے طریقے بتا۔ اور (ہمارے گناہوں سے) درگزر فرمایا۔ بے شک تو ہی بڑا درگزر کرنے والا، مہربان ہے۔

۔البقرہ ۲: ۱۲۷۔۱۲۸۔

۳۔ اے رب ہمارے! دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

۔البقرہ ۲: ۲۰۱۔

۴۔ اے رب ہمارے! ڈال دے ہم پر صبر اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

۔البقرہ ۲: ۲۵۰۔

۵۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے سنا اور تسلیم کیا۔ تیری ہی مغفرت چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے ہمارے پروردگار نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں۔ اے رب ہمارے! نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر۔ اے رب ہمارے! اور نہ اٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں اور درگزر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر۔ تو ہی ہمارا مالک ہے۔ تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

۔البقرہ ۲: ۲۸۵۔۲۸۶۔

۶۔ اے رب ہمارے! نہ پھیر ہمارے دل ہدایت کرنے کے بعد۔ اور ہمیں اپنے پاس سے دے ایک رحمت کہ بے شک تو ہی دینے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! تو ایک دن جس میں شبہ ہی نہیں لوگوں کو

مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝

۳۔ رَبَّنَآ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

۴۔ رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

۵۔ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِن نَّسِينَآ أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَآ أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

۶۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝

۷۔ رَبَّنَآ إِنَّنَآ آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

۸۔ قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَآءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ تُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَن تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اکٹھا کرے گا۔ بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔

۔آل عمران ۳: ۸۔۹

۷۔ اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے۔ پس بخش دے ہمارے گناہ۔ اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔

۔آل عمران ۳: ۱۶۔

۸۔ تو یوں کہہ کہ اے اللہ ملک کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی دے اور تو جس سے چاہے بادشاہی چھین لے۔ اور تو ہی جس کو چاہے عزت دے اور تو ہی جسے چاہے ذلت دے۔ سب طرح کی خیر تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو گھٹا کر دن میں شامل کرتا ہے۔ اور تو ہی دن کو رات میں شامل کرتا ہے۔ اور تو ہی بے جان سے جاندار اور تو ہی جاندار سے بے جان نکالتا ہے۔ اور تو ہی جس کو چاہے بے حساب روزی دے۔

۔آل عمران ۳: ۲۶۔۲۷۔

۹۔ اے میرے پروردگار! اپنی جناب سے مجھ کو نیک اولاد عنایت فرما۔ بے شک تو دعا کیں سنتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۳۸۔

۱۰۔ اے ہمارے پروردگار! جو (کتاب) تو نے اتاری، اس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے رسول کی پیروی کی۔ تو ہم کو تصدیق کرنے والوں میں لکھ رکھ۔

۔آل عمران ۳:۵۳۔

۱۱۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ معاف کر۔ اور ہمارے کاموں میں جو ہم سے زیادتیاں ہوگئی ہیں ان سے درگزر فرما اور ہمارے پاؤں جمائے رکھ۔ اور کافر لوگوں پر ہمیں فتح دے۔

۔آل عمران ۳:۱۴۷۔

۱۲۔ ہم کو اللہ کافی ہے۔ اور وہ بہترین کارساز ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۷۳۔

۱۳۔ اے رب ہمارے! تو نے عبث نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے۔ پس بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے! تو جسے دوزخ میں ڈالے تو ضرور اسے رسوا کر دیا اور سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں۔ اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لیے پکارتے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ۔ سو ہم ایمان لے آئے۔ اے رب ہمارے! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو ہم سے اتار دے اور ہمارا نیکیوں کے ساتھ خاتمہ کر۔ اے رب ہمارے! اور دے ہمیں جو اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا۔ اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر کہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۔آل عمران ۳:۱۹۱۔۱۹۴۔

۹۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

۱۰۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

۱۱۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۱۲۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝

۱۳۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

۱۴۔ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

۱۵۔ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝

۱۶۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

۱۴۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے نکال، یہاں کے رہنے والے ظلم کر رہے ہیں۔ اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار بنا۔

۔النساء ۴:۷۵۔

۱۵۔ اے میرے پروردگار! اپنی ذات اور اپنے بھائی کے سوا اور کوئی میرے بس کا نہیں ہے۔ تو ہم میں اور ان نافرمان لوگوں میں امتیاز کیجیو۔

۔المائدۃ ۵:۲۵۔

۱۶۔ اے ہمارے پروردگار! ہم تو ایمان لے آئے، تو ہم کو تصدیق کرنے والوں کے ساتھ لکھ رکھ۔

۔المائدۃ ۵:۸۳۔

۱۷۔ اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار، جو ہمارے لیے اور ہمارے اگلوں اور پچھلوں سب کے لیے عید قرار پائے اور تیری طرف سے نشانی۔ اور ہم کو روزی دے۔ اور تو سب روزی دینے والوں میں بہتر ہے۔

۔المائدہ ۵: ۱۱۴۔

۱۸۔ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور مجھ کو یہی حکم دیا گیا ہے۔ اور میں اس کا (سب سے) پہلا فرماں بردار ہوں۔

۔الانعام ۶: ۱۶۲۔۱۶۳۔

۱۹۔ اے رب ہمارے! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی۔ اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم برباد ہو جائیں گے۔

۔الاعراف ۷: ۲۳۔

۲۰۔ اے رب ہمارے! ہمیں ظالم لوگوں میں شامل نہ کر۔

۔الاعراف ۷: ۴۷۔

۲۱۔ ہمارا پروردگار علم کے رو سے سب چیزوں پر حاوی ہے۔ ہمارا بھروسہ اللہ ہی پر ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم میں اور ہماری قوم میں حق کے ساتھ فیصلہ کر اور تو سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔

۔الاعراف ۷: ۸۹۔

۲۲۔ اے رب ہمارے! ہم پر صبر ڈال دے۔ اور مسلمانی کی حالت موت دے۔

۔الاعراف ۷: ۱۲۶۔

۱۷۔ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

۱۸۔ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

۱۹۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۲۰۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۲۱۔ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۚ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ۝

۲۲۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝

۲۳۔ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

۲۴۔ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۚ

۲۵۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

۲۶۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ

۲۳۔ اے میرے پروردگار! میرا اور میرے بھائی کا (قصور) معاف فرما۔ اور ہم کو اپنی رحمت میں لے لے۔ اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۱۔

۲۴۔ تو ہی ہمارا مددگار ہے۔ پس بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے اور اس دنیا اور آخرت کی بہتری ہمارے نام لکھ دے۔ ہم تیری ہی طرف رجوع ہوئے۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۵۔۱۵۶۔

۲۵۔ مجھ کو خدا بس کرتا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

۔التوبہ ۹: ۱۲۹۔

۲۶۔ اے رب ہمارے! نہ کیجیو ہمیں ستم کش ظالم لوگوں کا اور اپنی

رحمت سے ہمیں کافر لوگوں سے بچا لے۔

-یونس ۱۰: ۸۵-۸۶

۲۷۔ اے میرے پروردگار! میں تیری ہی پناہ مانگتا ہوں کہ جس چیز کا علم مجھ کو نہیں اس کی تجھ سے درخواست کروں۔ اور اگر تو میرا (قصور) معاف نہیں فرمائے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں برباد ہو جاؤں گا۔

-ہود ۱۱: ۴۷

۲۸۔ اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے، تو ہی ہے رفیق میرا دنیا اور آخرت میں۔ اٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔

-یوسف ۱۲: ۱۰۱

۲۹۔ کچھ شک نہیں کہ میرا پروردگار دعا سنتا ہے۔ اے رب میرے! کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی۔ اے رب ہمارے! اور میری دعا قبول کر۔ اے رب ہمارے! بخش دے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مومنین کو جس دن حساب قائم ہو۔

-ابراہیم ۱۴: ۳۹-۴۱

۳۰۔ اے رب! رحم کر میرے والدین پر جیسا انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۲۴

۳۱۔ اے رب میرے! داخل کر مجھے داخل کرنا سچائی کا۔ اور نکال مجھے نکالنا سچائی کا۔ اور میرے لیے اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوت مہیا فرما۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۰

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۲۷۔ رَبِّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ أَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۲۸۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۣ أَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

۲۹۔ إِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

۳۰۔ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝

۳۱۔ رَّبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّأَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

۳۲۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ۝

۳۳۔ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ أَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝

۳۴۔ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

۳۵۔ أَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

۳۲۔ اے رب ہمارے! دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت اور ہمارے لیے کام میں درستی کا سامان کر دے۔

-الکہف ۱۸: ۱۰

۳۳۔ اے رب میرے! کھول دے سینہ میرا۔ اور آسان کر مجھ پر میرا کام۔ اور کھول دے گرہ میری زبان کی کہ میری بات کو لوگ سمجھیں۔

-طٰہٰ ۲۰: ۲۵-۲۸

۳۴۔ اے میرے پروردگار! مجھے اور زیادہ علم نصیب کر۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۱۴

۳۵۔ کہ مجھ کو بیماری لگ گئی ہے۔ اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

-الانبیاء ۲۱: ۸۳

۳۶۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے۔ میں نے ظلم کیا۔

۔الانبیاء ۲۱: ۸۷۔

۳۷۔ اے رب میرے! نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۸۹۔

۳۸۔ اے میرے پروردگار! حق کے ساتھ فیصلہ کر دے۔ اور ہم (مسلمانوں کا) پروردگار رحمٰن ہے جس سے ہم (ان باتوں پر جو تم بتاتے ہو، مدد مانگتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۱۲۔

۳۹۔ اے رب میرے! اتار مجھے مبارک جگہ میں اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۲۹۔

۴۰۔ تو اے میرے پروردگار! مجھ کو ظالم لوگوں میں شامل نہ کریجیو۔

۔المؤمنون ۲۳: ۹۴۔

۴۱۔ اے رب میرے! میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطان کی چھیڑ سے۔ اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب! اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۹۷-۹۸۔

۴۲۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بدبختی نے آ دبایا۔ اور ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو یہاں سے نکال۔ بے شک پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو ہم بے شک قصوروار ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۰۶-۱۰۷۔

۴۳۔ اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے، بخش دے

۳۶۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ

۳۷۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۚ

۳۸۔ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

۳۹۔ رَّبِّ اَنْزِلْنِىْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝

۴۰۔ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِىْ فِى الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۴۱۔ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

۴۲۔ رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝

۴۳۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ

۴۴۔ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

۴۵۔ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

۴۶۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

۴۷۔ رَبِّ هَبْ لِىْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِىْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۙ وَاجْعَلْ لِّىْ لِسَانَ

ہمیں۔ اور رحم کر ہم پر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۰۹۔

۴۴۔ اے رب میرے! بخش دے مجھ کو اور رحم کر مجھ پر۔ اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۱۸۔

۴۵۔ اے رب ہمارے! ٹال دے ہم سے دوزخ کا عذاب کہ اس کا عذاب گلوگیر ہے۔ بے شک وہ برا ٹھکانہ ہے، چاہے تھوڑی دیر رہو یا ہمیشہ کو۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۵-۶۶۔

۴۶۔ اے رب ہمارے! ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک دے اور کر دے ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۴۔

۴۷۔ اے میرے پروردگار! مجھ کو سمجھ عنایت فرما اور مجھ کو نیک

بندوں میں شامل کر اور آنے والی نسلوں میں میرا ذکرِ خیر جاری رکھ اور آرام گاہِ جنت کے وارثوں میں سے مجھ کو بھی وارث بنا۔

-الشعراء ۲۶: ۸۳-۸۵-

۴۸۔ جب لوگ اٹھا کھڑے کیے جائیں گے اس دن مجھ کو رسوا نہ کیجو کہ اس دن نہ مال ہی کام آئے گا اور نہ بیٹے (کام آئیں گے) مگر جو پاک دل لے کر خدا کے حضور میں حاضر ہوگا۔

-الشعراء ۲۶: ۸۷-۸۹-

۴۹۔ مجھ میں اور ان لوگوں میں ایک قطعی فیصلہ کر دے۔ اور مجھ کو اور ایمان والوں کو جو میرے ساتھ ہیں، بچا لے۔

-الشعراء ۲۶: ۱۱۸-

۵۰۔ اے میرے پروردگار مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے جو یہ (لوگ) کر رہے ہیں، نجات دے۔

-الشعراء ۲۶: ۱۶۹-

۵۱۔ اے رب میرے! مجھے توفیق دے کہ جو احسان تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیا، اس کا شکر کروں۔ اور ایسے نیک کام کروں جو تو پسند کرے۔ اور داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں۔

-النمل ۲۷: ۱۹-

۵۲۔ اے رب میرے! بے شک ظلم کیا میں نے اپنی جان پر۔ پس مجھ کو بخش دے۔

-القصص ۲۸: ۱۶-

۵۳۔ اے رب میرے! نجات دے مجھ کو ظالم لوگوں سے۔

-القصص ۲۸: ۲۱-

صِدْقٍ فِي الْآخِرِينَ ۝ وَاجْعَلْنِي مِنْ وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيمِ ۝

۴۸۔ وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ۝ إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۝

۴۹۔ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۵۰۔ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ ۝

۵۱۔ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ ۝

۵۲۔ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي

۵۳۔ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

۵۴۔ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۝

۵۵۔ رَبِّ انْصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ ۝

۵۶۔ فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ ۝ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ ۝ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ۝

۵۴۔ اے رب میرے! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے، محتاج ہوں۔

-القصص ۲۸: ۲۴-

۵۵۔ اے رب میرے! غالب کر مجھے مفسد لوگوں پر۔

-العنکبوت ۲۹: ۳۰-

۵۶۔ پس جس وقت تم لوگوں کو شام ہو اور جس وقت تم کو صبح ہو، اللہ کی پاکیزگی بیان کرو۔ اور آسمان اور زمین میں وہی اللہ تعریف کے لائق ہے۔ اور تیسرے پہر اور جب تم لوگوں کو دوپہر ہو۔ وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندہ سے نکالتا ہے۔ اور زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتا ہے۔ اور اسی طرح تم (مرنے کے بعد) نکالے جاؤ گے۔

-الروم ۳۰: ۱۷-۱۹-

۵۷۔ رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِينَ ۝

۵۷۔ اے میرے پروردگار! مجھ کو نیک روحوں میں سے (ایک نیک روح) عطا فرما۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۰۰۔

۵۸۔ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

۵۸۔ بارِ خدایا! آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے والے جن باتوں میں تیرے بندے آپس میں اختلاف کر رہے ہیں تو ہی ان کے جھگڑوں کو چکائے گا۔

۔الزمر ۳۹: ۴۶۔

۵۹۔ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِي وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

۵۹۔ اے رب ہمارے! محیط ہوا ہے ہر چیز کو تیرا رحم اور علم۔ تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے۔ اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ اے رب ہمارے! اور داخل کر انہیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ اور ان کے آباؤ اجداد کو اور ان کی بیبیوں کو اور ان کی اولاد میں سے جو نیک ہوں ان کو۔ کیونکہ تو ہی زبردست، حکمت والا ہے۔

۔المومن ۴۰: ۷-۸۔

۶۰۔ سُبْحٰنَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ۝ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ۝

۶۰۔ پاک ہے وہ جس نے ان چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا ہے اور ہم ایسے نہ تھے کہ ان کو قابو میں کر لیتے۔ اور بے شک ہم کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۳-۱۴۔

۶۱۔ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۚ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝

۶۱۔ اے میرے پروردگار! مجھ کو توفیق دے کہ جو احسانات تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں، میں تیرے ان احسانات کا شکریہ ادا کرتا رہوں۔ اور ایسے نیک عمل کروں جن سے تو خوش ہو۔ اور میری اولاد میں نیک بختی پیدا کر۔ میں تیری طرف رجوع لاتا ہوں۔ اور میں تیرے فرماں بردار بندوں میں ہوں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۵۔

۶۲۔ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ ۝

۶۲۔ میں عاجز ہوں سو اب تو ہی بدلہ لے۔

۔القمر ۵۴: ۱۰۔

۶۳۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝

۶۳۔ اے رب ہمارے! بخش دے ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے آگے رہے۔ اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کدورت ایمان والوں کے ساتھ۔ اے رب ہمارے! تو بہت مہربان، رحم والا ہے۔

۔الحشر ۵۹: ۱۰۔

۶۴۔ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

۶۴۔ اے رب ہمارے! تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے رب ہمارے! نہ کر ہمیں

ستم کش کافر لوگوں کا۔ اور بخش دے ہمیں اے رب ہمارے! کیونکہ تو ہی زبردست، حکمت والا ہے۔

-الممتحنة ۶۰: ۵-

۶۵۔ اے رب ہمارے! کامل کر دے ہمیں ہمارا نور اور بخش دے ہمیں۔ کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔

-التحریم ۶۶: ۸-

۶۶۔ اے رب! بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو کوئی میرے گھر میں ایمان دار ہو کر آئے۔ اور تمام ایمان دار مردوں اور عورتوں کو۔ اور ایسا کر کہ ظالموں کی تباہی بڑھتی چلی جائے۔

-نوح ۷۱: ۲۸-

۶۷۔ کہہ کہ میں تمام مخلوقات کے شر سے صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور ہونسے والے کے شر سے، جب وہ ہونسے لگے۔

-الفلق ۱۱۳: ۱-۵-

۶۸۔ کہہ کہ (شیطان) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ جنات اور آدمیوں کے۔ ان کے شر سے میں لوگوں کے پروردگار، لوگوں کے بادشاہ، لوگوں کے معبود کی پناہ مانگتا ہوں۔

-الناس ۱۱۴: ۱-۶-

فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

۶۵۔ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۶۶۔ رَّبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۖ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا تَبَارًا ۝

۶۷۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

۶۸۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلَٰهِ النَّاسِ ۝ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

کِتابُ المَعاد

کتاب المعاد

دارِ آخرت

۱۔ دنیا سے آخرت بہتر ہے

۱۔(اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ دنیا کی پونجی تھوڑی ہے اور آخرت بہتر ہے اس کے لیے جو ڈرے۔

۔النساء۴:۷۷۔

۲۔اور دنیا کی زندگی تو نرا کھیل تماشا ہے۔ اور بے شک پچھلا گھر ان کے لیے جو ڈرتے ہیں بہتر ہے۔تو کیا تم سمجھتے نہیں؟

۔الانعام۶:۳۲۔

۳۔اور پچھلا گھر ان کے لیے جو ڈرتے ہیں، بہتر ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں۔

۔الاعراف۷:۱۶۹۔

۴۔مسلمانو! تمہیں کیا ہو گیا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تم (بوجھل ہو کر) زمین کی طرف گرے پڑتے ہو۔تو کیا تم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی پسند کرتے ہو؟ تو آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کا نفع تو بہت تھوڑا ہے۔

۔التوبۃ۹:۳۸۔

۵۔اور بے شک آخرت کا گھر ان کے لیے جو ڈرتے ہیں، بہتر ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟

۔یوسف۱۲:۱۰۹۔

۶۔اور آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی تو عارضی نفع ہے۔

۔الرعد۱۳:۲۶۔

۷۔اور بے شک آخرت کا گھر بہتر ہے اور ڈرنے والوں کا گھر کیا ہی اچھا ہے۔

۔النحل۱۶:۳۰۔

۱۔ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ ۚ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقَىٰ

۲۔ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

۳۔ وَالدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

۴۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ ۚ أَرَضِيتُم بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ

۵۔ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ اتَّقَوْا ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

۶۔ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ

۷۔ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ

۸۔ بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ

۹۔ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ

۱۰۔ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ

۱۱۔ وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ وَسَعَىٰ لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ كَانَ

۸۔بلکہ تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔

۔الاعلیٰ۸۷:۱۶-۱۷۔

۲۔ اللہ آخرت چاہتا ہے

۹۔تم دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے۔

۔الانفال۸:۶۷۔

۳۔ آخرت کا اجر بہتر ہے

۱۰۔اور بے شک آخرت کا ثواب ان کے لیے جو ایمان لائے اور (اللہ سے) ڈرتے رہے، بہتر ہے۔

۔یوسف۱۲:۵۷۔

۴۔ آخرت کی کوشش مشکور ہوگی

۱۱۔اور جس نے آخرت چاہی اور اس کے لیے کوشش کی جیسا اس کے کوشش کرنے کا حق ہے اور وہ ایمان دار ہے تو یہی وہ لوگ ہیں جن کی

کوشش کی قدر کی جائے گی۔

—بنی اسرائیل ۱۷: ۱۹۔

۵۔ آخرت کی فضیلت اور درجے

۱۲۔اور بے شک آخرت بلحاظ درجوں کے بڑی ہے اور بلحاظِ فضیلت بھی بڑی ہے۔

—بنی اسرائیل ۱۷: ۲۱۔

۶۔ دارِ آخرت انہیں کے لیے ہے جو متکبر اور فسادی نہیں

۱۳۔یہ پچھلا گھر ہے جسے ہم ان لوگوں کو دیں گے جو ملک میں نہ سرکشی چاہتے ہیں اور نہ فساد اور انجام نیک متقیوں کا ہے۔

—القصص ۲۸: ۸۳۔

۷۔ دارِ آخرت متقیوں کے لیے ہے

۱۴۔اور (اچھی) آخرت تیرے پروردگار کے ہاں پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

—الزخرف ۴۳: ۳۵۔

۸۔ زندگی حقیقت میں آخرت ہی کی ہے

۱۵۔اور یہ دنیا کی زندگی تو نرا کھیل تماشا ہے اور بے شک جو پچھلا گھر ہے حقیقت میں وہی زندگی ہے۔کاش وہ اس بات کو جانتے

—العنکبوت ۲۹: ۶۴۔

۹۔ دارِ آخرت دارِ پائدار ہے

۱۶۔بھائیو یہ دنیا تو بس عارضی فائدہ ہے اور جو آخرت ہے وہی پائدار گھر ہے۔

—المومن ۴۰: ۳۹۔

سَعْيُهُم مَّشْكُورًا ۝

۱۲۔ وَلَلْآخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلًا ۝

۱۳۔ تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۚ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ۝

۱۴۔ وَالْآخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ ۝

۱۵۔ وَمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝

۱۶۔ يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝

۱۷۔ كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ ۝ وَتَذَرُونَ الْآخِرَةَ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝

۱۸۔ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝

۱۹۔ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَىٰ ۝

۱۰۔ آخرت میں بہتیرے اللہ کو دیکھیں گے بہتیرے مصیبت کا انتظار کریں گے

۱۷۔ہرگز نہیں بلکہ تم دنیا چاہتے ہو اور آخرت کو چھوڑے ہوئے ہو۔کتنے ہی چہرے اس دن تر و تازہ ہوں گے، اپنے پروردگار کی طرف دیکھ رہے ہوں گے اور کتنے ہی چہرے اس دن برے ہوں گے۔وہ یقین کریں گے کہ ان پر کمر توڑنے والی مصیبت آپڑے گی۔

—القیٰمۃ ۷۵: ۲۰-۲۵۔

۱۱۔ آخرت کا عذاب بڑا ہے

۱۸۔اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا ہے کاش وہ جانتے ہوتے!

—الزمر ۳۹: ۲۶ والقلم ۶۸: ۳۳۔

۱۲۔ آخرت کا عذاب سخت ہے

۱۹۔اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا سخت اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔

—طٰہٰ ۲۰: ۱۲۷۔

۱۳۔ آخرت میں سخت عذاب بھی ہے اور خدا کی مغفرت ورضا بھی

۲۰۔ وَفِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝

۲۰۔ اور آخرت میں سخت عذاب ہے اور (نیکوں کے لیے) اللہ کی طرف سے بخشش اور رضا مندی ہے اور دنیا کی زندگی تو محض دھوکے کا سامان ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۲۰۔

۱۴۔ منکرین آخرت کو عذاب الیم

۲۱۔ وَّاَنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ اَعْتَدْنَا لَہُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ۝

۲۱۔ اور یہ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۔

کتابتِ اعمال

۱۔ بندوں کے اعمال لکھے جاتے ہیں

۱۔ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰہَ فَقِیْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِیَآءُ ۘ سَنَکْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَہُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۝

۱۔ بے شک اللہ نے ان لوگوں کا قول سنا جنہوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں۔ ہم اس کو جو انہوں نے کہا اور نبیوں کو ان کے ناحق قتل کرنے کو لکھ رکھتے ہیں اور (قیامت کو) ہم ان سے کہیں گے کہ جلنے کا عذاب چکھو۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۱۔

۲۔ وَیَقُوْلُوْنَ طَاعَۃٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِکَ بَیَّتَ طَآئِفَۃٌ مِّنْہُمْ غَیْرَ الَّذِیْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰہُ یَکْتُبُ مَا یُبَیِّتُوْنَ ۚ

۲۔ اور یہ کہہ دیتے ہیں کہ جو کہتے ہو ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن جب تمہارے پاس سے باہر جاتے ہیں تو ان سے کچھ لوگ راتوں کو اپنے کہے کے خلاف مشورہ کرتے ہیں اور جیسے جیسے مشورے راتوں کو کرتے ہیں اللہ لکھتا جاتا ہے۔

۔النساء ۴: ۸۱۔

۳۔ مَا کَانَ لِاَہْلِ الْمَدِیْنَۃِ وَمَنْ حَوْلَہُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ یَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ وَلَا یَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِہِمْ عَنْ نَّفْسِہٖ ؕ ذٰلِکَ بِاَنَّہُمْ لَا یُصِیْبُہُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَۃٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا یَطَئُوْنَ مَوْطِئًا یَّغِیْظُ الْکُفَّارَ وَلَا یَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّیْلًا اِلَّا کُتِبَ لَہُمْ بِہٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ وَلَا یُنْفِقُوْنَ نَفَقَۃً صَغِیْرَۃً وَّلَا کَبِیْرَۃً وَّلَا یَقْطَعُوْنَ وَادِیًا اِلَّا کُتِبَ لَہُمْ لِیَجْزِیَہُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝

۳۔ اہل مدینہ اور ان کے گرد نواح کے دیہاتیوں کو مناسب نہ تھا کہ رسول اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ رسول کی جان کی پروا نہ کر کے اپنی جانوں کی فکر میں پڑ جائیں۔ یہ اس لیے کہ ان کو اللہ کی راہ میں پیاس اور محنت اور بھوک کی تکلیف پہنچتی ہے تو اور جن مقامات پر کافروں کو ان کا چلنا ناگوار گزرتا ہے وہاں چلتے ہیں تو اور دشمنوں سے کچھ مال ملتا ہے تو ہر ہر کام کے بدلے ان کا عمل نیک لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ خلوص دل سے اسلام کی خدمت کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں ہونے دیتا اور اسی طرح تھوڑا یا بہت جو کچھ خرچ کرتے ہیں اور جو میدان ان کو طے کرنے پڑتے ہیں یہ سب ان کے نام لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ ان کو ان کے عملوں کا بہتر سے بہتر بدلہ عطا فرمائے۔

۔التوبہ ۹: ۱۲۰۔۱۲۱۔

۴۔ ہمارے فرشتے تمہاری سب کارسازیاں لکھتے جاتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۲۱-

۵۔ اور ہم نے ہر آدمی کی برائی بھلائی کو اس کے ساتھ لازم کر کے اس کے گلے کا ہار بنا دیا ہے اور قیامت کے دن ہم نامۂ اعمال نکال کر اس کے سامنے پیش کر دیں گے وہ اس کو اپنے روبرو کھلا ہوا دیکھ لے گا۔ یہ اپنا نامۂ اعمال پڑھ لے گا۔ آج اپنا حساب لینے کے لیے تو آپ ہی بس کرتا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۳-۱۴-

۶۔ جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے پیشواؤں سمیت بلا کر کھڑا کریں گے تو جن کا نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ اپنے نامۂ اعمال کو پڑھنے لگیں گے اور ان پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۷۱-

۷۔ اور کتاب (اعمال لا کر) رکھی جائے گی تو تو گنہگاروں کو دیکھے گا کہ اس سے جو اس میں لکھا ہوگا ڈر رہے ہوں گے۔ اور کہیں گے ہائے ہماری خرابی! یہ کیسی کتاب ہے جو نہ کسی چھوٹی بات کو چھوڑے اور نہ کسی بڑی کو، سب ہی کو گھیر رکھا ہے۔ اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا، اس کو وہ موجود پائیں گے اور (اے نبی ﷺ) تیرا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

-الکہف ۱۸: ۴۹-

۸۔ ہرگز نہیں۔ جو کچھ یہ بکتا ہے ہم سب لکھ لیتے ہیں اور اس کے حق میں عذاب بڑھاتے چلے جائیں گے۔

-مریم ۱۹: ۷۹-

۴۔ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ۝

۵۔ وَكُلَّ إِنسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ ۖ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنشُورًا ۝ اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا ۝

۶۔ يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ ۖ فَمَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَأُولَٰئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝

۷۔ وَوُضِعَ الْكِتَابُ فَتَرَى الْمُجْرِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا فِيهِ وَيَقُولُونَ يَا وَيْلَتَنَا مَالِ هَٰذَا الْكِتَابِ لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً إِلَّا أَحْصَاهَا ۚ وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا ۝

۸۔ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝

۹۔ فَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهِ وَإِنَّا لَهُ كَاتِبُونَ ۝

۱۰۔ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ۝

۱۱۔ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَٰنِ إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ ۝

۹۔ تو جو شخص نیک کام کرے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو اس کی کوشش اکارت ہونے والی نہیں اور ہم اس کے اعمال سب لکھتے جاتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۹۴-

۱۰۔ بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور جو عمل انہوں نے آگے بھیجے ہیں ان کو اور ان کے پیچھے چھوڑے ہوئے نشانوں کو لکھتے ہیں اور ہم نے ہر ایک شے کو کھول کر بیان کرنے والی کتاب میں گھیر رکھا ہے۔

-یٰس ۳۶: ۱۲-

۱۱۔ اور فرشتوں کو جو خدا کے بندے ہیں، عورت ذات ٹھہرا دیا گیا ان کے پیدا کرنے کے وقت ان کی شہادت لکھی جائے گی اور ان سے بازپرس کی جائے گی۔

-الزخرف ۴۳: ۱۹-

۱۲۔ کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی چھپی بات اور ان کی سرگوشی کو نہیں سنتے۔ کیوں نہیں اور ہمارے رسول ان کے پاس لکھتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۰۔

۱۳۔ اور تو ہر امت کو گھٹنوں پر گرا دیکھے گا۔ ہر امت اپنی کتاب (اعمال) کی طرف بلائی جائے گی اور کہا جائے گا کہ آج تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے۔ یہ ہماری کتاب ہے جو تمہارے مقابل صحیح صحیح بولتی ہے۔ بے شک ہم لکھتے رہتے تھے جو تم کیا کرتے تھے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۸۔۲۹۔

۱۴۔ بے شک ہم جانتے ہیں جو اجزاء زمین ان سے گھٹاتی ہے اور ہمارے حفاظت کرنے والی ایک کتاب ہے۔

۔ق ۵۰: ۴۔

۱۵۔ جب دو لینے والے لیتے ہیں، ایک داہنی طرف بیٹھا اور دوسرا بائیں طرف، جو لفظ بھی وہ بولتا ہے ایک نگہبان اس کے پاس مستعد ہوتا ہے۔

۔ق ۵۰: ۱۷۔۱۸۔

۱۶۔ اور اس کا ساتھی کہے گا یہ وہ ہے جو میرے پاس تیار رہا۔

۔ق ۵۰: ۲۳۔

۱۷۔ اور لوگ جو کچھ کر چکے ہیں اعمال ناموں میں موجود ہے اور چھوٹا اور بڑا سب کچھ لکھا ہوا ہے۔

۔القمر ۵۴: ۵۲۔۵۳۔

۱۸۔ جب اللہ ان کو جلا اٹھائے گا پھر جیسے جیسے عمل یہ لوگ

۱۲۔ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ ۝

۱۳۔ وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ هَٰذَا كِتَابُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۱۴۔ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ ۖ وَعِندَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ ۝

۱۵۔ إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ ۝ مَّا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ ۝

۱۶۔ وَقَالَ قَرِينُهُ هَٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ۝

۱۷۔ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ۝ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ۝

۱۸۔ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۚ أَحْصَاهُ اللَّهُ وَنَسُوهُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝

۱۹۔ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ۝

۲۰۔ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ۝ كِرَامًا كَاتِبِينَ ۝ يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ ۝

۲۱۔ إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝

کرتے رہے، وہ ان کو بتا دے گا۔ اللہ نے اس عمل کو گن رکھا ہے اور وہ اسے بھول گئے اور اللہ ہر شے پر موجود ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۶۔

۱۹۔ اور ہم نے کتاب میں ہر شے کو گن رکھا ہے۔

۔النبا ۷۸: ۲۹۔

۴۔ ہر شخص پر کراماً کاتبین یعنی لکھنے والے فرشتے متعین ہیں

۲۰۔ اور بے شک تم پر نگہبان مقرر ہیں (یعنی) بزرگ لکھنے والے۔ وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔

۔الانفطار ۸۲: ۱۰۔۱۲۔

۲۱۔ کوئی شخص نہیں جس پر محافظ فرشتے تعینات نہ ہوں۔

۔الطارق ۸۶: ۴۔

۳۔ قیامت کو اعمال نامے کھولے جائیں گے

۲۲۔ اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھے گی اور عمل کی کتاب سامنے رکھ دی جائے گی اور پیغمبر اور گواہ حاضر کیے جائیں گے اور لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

۔الزمر ۳۹: ۶۹۔

۲۳۔ اور جب نامۂ اعمال کھولے جائیں گے۔

۔التکویر ۸۱: ۱۰۔

۴۔ جس کا اعمال نامہ دہنے ہاتھ میں دیا جائے گا اس کی خوشیاں

۲۴۔ سو جس کا اعمال نامہ اس کے دہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (خوش ہو کر) کہے گا کہ آؤ میرا اعمال نامہ پڑھو۔ میں یقین رکھتا تھا کہ اپنے حساب سے ملنے والا ہوں۔ سو وہ پسندیدہ عیش میں ہوگا اونچی جنت میں، جس کے خوشے جھکے ہوئے ہوں گے اور پیو خوش گوار صلہ اس کا جو تم نے گزشتہ دنوں میں کیا ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۱۹۔۲۴۔

۲۵۔ لیکن جس کا اعمال نامہ اس کے دہنے ہاتھ میں دیا گیا اس سے آسان حساب لیا جائے گا اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوش لوٹے گا۔

۔الانشقاق ۸۴: ۷۔۹۔

۵۔ جس کا اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ دوزخ میں جائے گا

۲۶۔ لیکن جس کا اعمال نامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا کہ کاش مجھے اعمال نامہ نہ دیا جاتا اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۲۵۔۲۶۔

۲۲۔ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۲۳۔ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝

۲۴۔ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ إِنِّيْ ظَنَنْتُ أَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَآ أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝

۲۵۔ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝ وَّيَنْقَلِبُ إِلٰٓى أَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝

۲۶۔ وَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ أُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝ وَلَمْ أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝

۲۷۔ وَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝

۱۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ

۲۔ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۶۔ جس کا اعمال نامہ پیٹھ پیچھے سے دیا جائے گا وہ موت مانگے گا

۲۷۔ لیکن جس کا اعمال نامہ اس کی پیٹھ پیچھے دیا گیا وہ موت مانگے گا۔

۔الانشقاق ۸۴: ۱۰۔۱۱۔

اعمال ضائع نہیں جاتے

۱۔ اللہ کسی کے اعمال ضائع نہیں کرتا

۱۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ وہ تمہارے ایمان (کے کام) کو ضائع کر دے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۳۔

۲۔ اور یہ کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔آل عمران ۳: ۱۷۱۔

۳۔ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ ۖ

۴۔ وَالَّذِينَ يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ۝

۵۔ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝

۶۔ وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝

۷۔ إِنَّهُ مَن يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝

۸۔ وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا

۹۔ مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنفُسِهِمْ يَمْهَدُونَ ۝

۱۰۔ فَمَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ

۱۱۔ إِنْ أَحْسَنتُمْ أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا

۱۲۔ مَّنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝

۱۳۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝

۱۴۔ إِنَّمَا تُنذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۚ وَمَن

۳۔ سو ان کے پروردگار نے ان کی بات منظور کی کہ میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا۔ تم ایک دوسرے کے ہم جنس ہو۔

۔آل عمران ۳:۱۹۵۔

۴۔ اور جو لوگ کتاب کو پکڑے ہوئے ہیں اور نماز پڑھتے رہتے ہیں۔ تو بے شک ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

۔الاعراف ۷:۱۷۰۔

۵۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔التوبۃ ۹:۱۲۰۔

۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) صبر کر۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔ھود ۱۱:۱۱۵۔

۷۔ بے شک جو ڈرے گا اور صبر کرے گا تو کچھ شک نہیں کہ اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔یوسف ۱۲:۹۰۔

۸۔ اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال کے ثواب سے کچھ کم نہیں کرے گا۔

۔الحجرات ۴۹:۱۴۔

۲۔ کفر اور نیکی و بدی ہر شخص اپنے ہی لیے کرتا ہے

۹۔ جو کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے اور جس نے نیک کام کیے وہ اپنے لیے جگہ بناتے ہیں۔

۔الروم ۳۰:[illegible]۔

۱۰۔ سو جو کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے۔

۔فاطر ۳۵:۳۹۔

۱۱۔ اگر تم نیکی کرو گے تو اپنی ہی جان کے لیے نیکی کرو گے اور اگر تم برا کرو گے تو اسی پر اس کا وبال بھی ہے۔

۔بنی اسرائیل [illegible]۔

۱۲۔ جس نے نیک کام کیا اس نے اپنی ہی جان کے بھلے کے لیے کیا۔ اور جس نے برا کیا تو اسی کے برے کے لیے ہے۔ اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

۔حم السجدہ [illegible]۔

۱۳۔ جس نے نیک کام کیا اس نے اپنی ہی جان کے بھلے کے لیے کیا اور جس نے برا کیا تو اسی کے برے کے لیے ہے۔ پھر تم اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الجاثیۃ [illegible]۔

۳۔ جو اپنے نفس کو پاک کرتا ہے اپنے ہی لیے کرتا ہے

۱۴۔ (اے نبی ﷺ!) تو تو صرف انہیں کو ڈرا سکتا ہے جو بن دیکھے

اپنے پروردگار سے ڈرتے اور نماز پڑھتے ہیں اور جو پاک ہوتا ہے تو وہ اپنی ہی جان کے نفع کے لیے پاک ہوتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

-فاطر ۳۵: ۱۸-

۴۔ ہدایت اور گمراہی ہر شخص اپنے ہی لیے اختیار کرتا ہے

۱۵۔ جو ہدایت پاتا ہے وہ اپنی ہی جان کے نفع کے لیے ہدایت پاتا ہے اور جو گمراہ ہوتا ہے وہ اسی کے نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۵-

۱۶۔ جو ہدایت پاتا ہے وہ اپنی ہی جان کے نفع کے لیے ہدایت پاتا ہے اور جو گمراہ ہوا تو (اے نبی ﷺ!) تو کہہ دے کہ میں تو ڈرانے والوں میں سے ہوں۔

-النمل ۲۷: ۹۲-

۱۷۔ جس نے ہدایت پائی اس نے اپنی جان ہی کے نفع کے لیے ہدایت پائی اور جو گمراہ ہوا تو وہ اسی کے نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے۔

-الزمر ۳۹: ۴۱-

۵۔ جو شخص گناہ کرتا ہے اپنے ہی لیے کرتا ہے

۱۸۔ اور جو شخص گناہ کمائے وہ اپنی جان کے نقصان کے لیے کماتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴: ۱۱۱-

۶۔ اور آخرت میں بینا اور اندھا ہونا اپنے ہی لیے ہے

۱۹۔ (لوگو!) تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں آ چکی ہیں۔ سو جس نے دیکھا اس نے اپنے ہی نفع کے لیے دیکھا اور جو اندھا رہا اس کا وبال اسی پر ہے اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں۔

-الانعام ۶: ۱۰۴-

۷۔ بخیل اپنے آپ ہی سے بخل کرتا ہے

۲۰۔ اور جو بخل کرتا ہے وہ اپنی ہی جان سے بخل کرتا ہے۔

-محمد ۴۷: ۳۸-

تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝

۱۵۔ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ

۱۶۔ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝

۱۷۔ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ

۱۸۔ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

۱۹۔ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝

۲۰۔ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ

۲۱۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۚ

۲۲۔ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

۲۳۔ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۲۴۔ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ

۸۔ سرکشی کا وبال سرکش ہی پر ہے

۲۱۔ لوگو! تمہاری سرکشی کا وبال تم ہی پر ہے۔

-یونس ۱۰: ۲۳-

۹۔ عہد شکن کا وبال اسی پر ہے

۲۲۔ جو عہد شکنی کرتا ہے وہ اپنے ہی نقصان کے لیے کرتا ہے۔

-الفتح ۴۸: ۱۰-

۱۰۔ مجاہدہ کرنے والا اپنے ہی لیے مجاہدہ کرتا ہے

۲۳۔ اور جو کوئی محنت کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لیے محنت کرتا ہے۔ بے شک اللہ جہان والوں سے بے پرواہ ہے۔

-العنکبوت ۲۹: ۶-

۱۱۔ جو شکر کرتا ہے اپنے ہی لیے کرتا ہے

۲۴۔ اور جو شکر کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لیے شکر کرتا ہے۔

-النمل ۲۷: ۴۰-

جزائے اعمال

۱۔ ہر عمل کی جزا ملے گی

۱۔ اور جو کچھ انہوں نے کیا، اسے وہ موجود پائیں گے۔

۔الکہف ۱۸: ۴۹۔

۲۔ ہر شخص اپنے کیے کے بدلے گرو ہے۔

۔الطور ۵۲: ۲۱۔

۳۔ ہر جان اپنے کیے کے بدلے گرو ہے۔

۔المدثر ۷۴: ۳۸۔

۲۔ بدی کی جزا بقدر اعمال ہی ملے گی

۴۔ انہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۷ و سبا ۳۴: ۳۳۔

۵۔ تمہیں صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو کمائی تم کرتے تھے۔

۔یونس ۱۰: ۵۲۔

۶۔ تمہیں صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔النمل ۲۷: ۹۰۔

۷۔ سو جنہوں نے بدیاں کی ہیں، انہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے تھے۔

۔القصص ۲۸: ۸۴۔

۸۔ اور تمہیں اسی کا بدلہ جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔یٰس ۳۶: ۵۴۔

۹۔ اور تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۳۹۔

۱۰۔ آج تمہیں اس کا بدلہ جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۸۔

۱۱۔ تمہیں صرف اسی کا بدلہ جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الطور ۵۲: ۱۶ و التحریم ۶۶: ۷۔

۱۔ وَ جَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّ حَرِیْرًا ۙ
۲۔ كُلُّ امْرِئٍۭ بِمَا كَسَبَ رَهِیْنٌ
۳۔ كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِیْنَةٌ ۙ
۴۔ هَلْ یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ
۵۔ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ
۶۔ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
۷۔ فَلَا یُجْزَى الَّذِیْنَ عَمِلُوا السَّیِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ
۸۔ وَ لَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
۹۔ وَ مَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
۱۰۔ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
۱۱۔ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
۱۲۔ وَ اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۙ
۱۳۔ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَیْرٍ یُّوَفَّ اِلَیْكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ
۱۴۔ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ
۱۵۔ وَ اِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ

۱۲۔ اور یہ کہ انسان کے لیے اس کی کوشش سے زیادہ کچھ نہیں۔

۔النجم ۵۳: ۳۹۔

۳۔ ہر شخص کو اس کے اعمال کی پوری جزا ملے گی اور اس پر کچھ ظلم نہیں ہوگا

۱۳۔ جو مال بھی تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب انہیں پورا دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۲۔

۱۴۔ پھر ہر شخص کو اس کی کمائی کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۱ و آل عمران ۳: ۱۶۱۔

۱۵۔ اور قیامت کے دن تمہارے ثواب تمہیں پورے دیے جائیں گے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۵۔

۱۶۔ اور ہر شخص کو اس کی کمائی کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔آل عمران ۳:۲۵۔

۱۷۔ اور تم پر تل بھر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النساء ۴:۷۷۔

۱۸۔ اور جو شے بھی تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تمہیں پورا دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الانفال ۸:۶۰۔

۱۹۔ اور ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے کہ تیرا پروردگار انہیں ان کے اعمال کا پورا بدلہ نہ دے۔ بے شک جو وہ کرتے ہیں وہ اس سے خبردار ہے۔

۔ہود ۱۱:۱۱۱۔

۲۰۔ جس دن ہر شخص اپنی طرف سے جھگڑتا ہوا آئے گا اور ہر شخص کو اس کے کیے کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النحل ۱۶:۱۱۱۔

۲۱۔ اور ان پر تل بھر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۷۱۔

۲۲۔ اور ان پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔مریم ۱۹:۶۰۔

۲۳۔ پس آج کسی جان پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔یٰسین ۳۶:۵۴۔

۲۴۔ اور ہر جان کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے گا اور وہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

۔الزمر ۳۹:۷۰۔

۱۶۔ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۱۷۔ وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝

۱۸۔ وَمَا تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ۝

۱۹۔ وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

۲۰۔ يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَن نَّفْسِهَا وَتُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۲۱۔ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝

۲۲۔ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْئًا ۝

۲۳۔ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا

۲۴۔ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ ۝

۲۵۔ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۲۶۔ وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۲۷۔ ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ۝

۲۸۔ وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ

۲۵۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا اور اس لیے کیا تا کہ ہر جان کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الجاثیہ ۴۵:۲۲۔

۲۶۔ اور تا کہ انہیں ان کے اعمال کا پورا بدلہ دے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الاحقاف ۴۶:۱۹۔

۲۷۔ پھر وہ پورا بدلہ دیا جائے گا۔

۔النجم ۵۳:۴۱۔

۴۔ جزائے اعمال نیت پر ہے

۲۸۔ اور جو دنیا کا ثواب چاہے گا، اسے ہم وہی دیں گے اور جو آخرت کا ثواب چاہے گا، اسے وہی دیں گے اور ہم شکر گزاروں کو

جزا دیں گے۔

۔آل عمران ۳:۱۴۵۔

۲۹۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کل اپنی نیت پر عمل کرتا ہے تو تمہارا پروردگار ہی اسے خوب جانتا ہے جو زیادہ رو براہ ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۸۴۔

۳۰۔جو آخرت کی کھیتی چاہتا ہے اس کے لیے ہم اس کی کھیتی میں زیادتی کر دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے، اسے ہم اس میں سے دیں گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۰۔

۵۔ مؤاخذہ دلوں کے فعل پر ہوگا

۳۱۔لیکن گرفت اس پر ہے جو تمہارے دلوں نے قصد کیا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۔

۳۲۔لیکن تمہیں اس پر پکڑے گا جو تمہارے دلوں نے کمایا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۲۵۔

۳۳۔اور اگر تم اس بات کو جو تمہارے دلوں میں ہے، ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ، اس پر اللہ تم سے محاسبہ کرے گا۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۴۔

موت

۱۔ دنیا میں ہمیشگی کسی کو نہیں

۱۔اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے کسی آدمی کو ہمیشگی نہیں دی، اگر تو مر گیا تو کیا وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۳۴۔

مِنْهَا ۚ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝

۲۹۔قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝

۳۰۔مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝

۳۱۔وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ

۳۲۔وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ

۳۳۔وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ

۱۔وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝

۲۔كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

۳۔ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝

۴۔كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

۵۔اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝

۶۔كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝

۲۔ ہر شخص مرنے والا ہے

۲۔ہر شخص موت چکھنے والا ہے اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں پھانس کر آزماتے ہیں اور تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الانبیاء ۲۱:۳۵۔

۳۔پھر بے شک اس کے بعد تم مرنے والے ہو۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۵۔

۴۔ہر شخص موت چکھنے والا ہے۔ پھر تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔العنکبوت ۲۹:۵۷۔

۵۔(اے نبی ﷺ!) کچھ شک نہیں کہ تو بھی مرنے والا ہے اور وہ بھی مرنے والے ہیں۔

۔الزمر ۳۹:۳۰۔

۶۔ہر ایک جو زمین پر ہے، فنا ہونے والا ہے۔

۔الرحمٰن ۵۵:۲۶۔

۳۔ موت کا وقت مقرر ہے

۷۔اور ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے۔

۔الاعراف ۷:۳۴۔

۸۔تو (اے نبی ﷺ!) تو ان پر (بد دعا کرنے میں) جلدی نہ کر۔ہم ان کی عمر کی گنتی گن رہے ہیں۔

۔مریم ۱۹:۸۴۔

۴۔ موت کا وقت آگے پیچھے نہیں ہو سکتا

۹۔پھر جب ان کا وقت آ جاتا ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے رہتے ہیں نہ آگے جاتے ہیں۔

۔الاعراف ۷:۳۴ و النحل ۱۶:۶۱۔

۱۰۔پھر ان کے بعد ہم نے بہت سی امتیں پیدا کیں کوئی امت اپنے وقت سے نہ آگے جاتی ہے اور نہ وہ پیچھے ہی رہتے ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۴۲-۴۳۔

۱۱۔پھر جب ان کا وقت آ جائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو دیکھتا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۴۵۔

۱۲۔اور اللہ کسی شخص کو جب اس کا وقت آ جائے گا ہرگز پیچھے نہیں چھوڑے گا اور اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

۔المنافقون ۶۳:۱۱۔

۱۳۔بے شک جب اللہ کا ٹھہرایا ہوا وقت آ جاتا ہے تو وہ پیچھے نہیں ہٹایا جاتا۔کاش تم جانتے ہوتے!

۔نوح ۷۱:۴۔

۵۔ موت سے بھاگنا نفع نہیں دے سکتا

۱۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگو تو بھاگنا تمہیں ہرگز نفع نہیں دے گا اور اس وقت تمہیں تھوڑا ہی فائدہ پہنچایا جائے گا۔

۔الاحزاب ۳۳:۱۶۔

۷۔وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ

۸۔فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝

۹۔فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

۱۰۔ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝

۱۱۔فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيرًا ۝

۱۲۔وَلَنْ يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝

۱۳۔إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

۱۴۔قُلْ لَنْ يَنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِنْ فَرَرْتُمْ مِنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذًا لَا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلًا ۝

۱۵۔قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۱۶۔وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ۝

۱۷۔كَلَّا إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝ وَقِيلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ۝ وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝ إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ

۱۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو تم سے ضرور ملاقات کرنے والی ہے۔اور پھر تم چھپے اور کھلے کے جاننے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔سو وہ تمہیں تمہارے عملوں سے آگاہ کر دے گا۔

۔الجمعۃ ۶۲:۸۔

۶۔ موت کا وقت اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں

۱۶۔اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔بے شک اللہ جاننے والا خبردار ہے۔

۔لقمٰن ۳۱:۳۴۔

۷۔ جان کنی کا وقت

۱۷۔ہرگز یوں نہیں۔جب جان گلے میں آ جائے گی اور کہا جائے گا، کون ہے جھاڑ پھونک کرنے والا؟ اور وہ یقین کرے گا کہ رخصت کا وقت آ گیا اور ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جائے گی۔اس دن

روانگی تیرے پروردگار کی طرف ہے۔

۔القیامۃ ۷۵: ۳۰۔

۸۔ مارتا ملک الموت ہے

۱۸۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تمھیں موت کا فرشتہ جو تم پر تعینات کیا گیا ہے، مارے گا۔ پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۱۔

۹۔ موت کے بعد لوٹنا نہیں

۱۹۔ اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کیا، یہ ممکن نہیں کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر آئیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۹۵۔

۲۰۔ یہاں تک کہ جب ان میں کسی کو موت آتی ہے تو کہتا ہے کہ اے میرے پروردگار! مجھے (دنیا میں) پھر واپس بھیج تاکہ میں اس میں جسے چھوڑ آیا ہوں، نیک عمل کروں۔ ہرگز نہیں یہ تو ایک بات ہے جو وہ کہے گا اور ان کے آگے ایک پردہ ہے اس دن تک کہ وہ اٹھائے جائیں۔

المؤمنون ۲۳: ۹۹۔۱۰۰

۱۰۔ موت کی بے ہوشی

۲۱۔ اور موت کی بے ہوشی جو حق ہے، آئی۔ یہ وہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔

ق ۵۰: ۱۹۔

۱۱۔ موت کے وقت کافروں کا ایمان لانا مقبول نہیں

۲۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) کاش دیکھے جب وہ گھبرا رہے ہوں گے۔ سو وہ بھاگ نہ سکیں گے اور قریب ہی جگہ سے پکڑے جائیں گے۔ اور کہیں گے کہ ہم اس پر ایمان لائے اور ان کے لیے دور جگہ سے اس کو پکڑنا کہاں۔ جبکہ وہ پہلے اس کا انکار کر چکے ہیں اور بغیر دیکھے دور کے فاصلے

الْمَسَاقُ ۝

۱۸۔ قُلْ يَتَوَفَّاكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝

۱۹۔ وَحَرَامٌ عَلَىٰ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝

۲۰۔ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ۚ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِن وَرَائِهِم بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝

۲۱۔ وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ ۝

۲۲۔ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ ۝ وَقَالُوا آمَنَّا بِهِ وَأَنَّىٰ لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ۝ وَقَدْ كَفَرُوا بِهِ مِن قَبْلُ ۖ وَيَقْذِفُونَ بِالْغَيْبِ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ۝ وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِم مِّن قَبْلُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُّرِيبٍ ۝

۱۔ وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ۝

۲۔ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا

سے انکلیں دوڑاتے تھے۔ اور ان کے اور ان کی خواہشوں کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے گا جیسا کہ پہلے ان کے ہم مشربوں کے ساتھ کیا گیا ہے بے شک وہ شک در شک میں تھے۔

۔سبا ۳۴: ۵۱۔۵۴۔

موت کے بعد

۱۔ کافر کہتے ہیں کہ دنیا کی زندگی کے بعد کوئی زندگی نہیں

۱۔ اور کہتے ہیں کہ یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے اور بس اور ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے۔

۔الانعام ۶: ۲۹۔

۲۔ اور وہ خدا کی سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے خدا اسے

زندہ کر کے نہیں اٹھائے گا۔ ضرور وعدہ برحق ہے۔ اس پر لیکن اکثر آدمی یقین نہیں کرتے تا کہ جن چیزوں میں یہ لوگ اختلاف کرتے ہیں انہیں خود ان پر ظاہر کر دے اور تا کہ کافر جان لیں کہ وہ ہی غلطی پر تھے۔

-النحل ۱۶: ۳۸-۳۹

۳۔ یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے اور بس ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم پھر جی کر نہیں اٹھیں گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۳۷-

۴۔ یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا پہلی ہی دفعہ مرنا ہے اور بس اور ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے۔

-الدخان ۴۴: ۳۴-۳۵

۵۔ اور کہتے ہیں یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے اور بس ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہمیں مارتا ہے۔

-الجاثیہ ۴۵: ۲۴-

۶۔ کافر سمجھے بیٹھے ہیں کہ وہ ہرگز دوبارہ زندہ کر کے نہیں اٹھائے جائیں گے۔ تو کہہ دے کہ مجھے اپنے پروردگار کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم نے کیا وہ تمہیں بتایا جائے گا اور یہ اللہ کے لیے آسان ہے۔

-التغابن ۶۴: ۷-

۷۔ ہم روز قیامت کی قسم کھاتے ہیں اور ملامت کرنے والے کی، کیا انسان یہ جانتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہ کریں گے۔ ہاں ہاں ہم قادر ہیں کہ اس کے پور پور ٹھیک بنا دیں۔

-القیامۃ ۷۵: ۱-۴

عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ۝

۳۔ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝

۴۔ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ لَيَقُوْلُوْنَ ۙ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ۝

۵۔ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ

۶۔ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝

۷۔ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۭ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۭ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓي اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝

حشر

ا۔ موت کے بعد زندہ ہو کر اللہ کے حضور میں حاضر ہونا ہوگا

۱۔ پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں جلائے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-البقرۃ ۲: ۲۸-

۲۔ اور ہر ایک کے لیے ایک طرف مقرر ہے جدھر وہ منہ پھیرتا ہے۔ تو تم نیکیوں کی طرف لپکو، جہاں کہیں بھی تم ہو گے اللہ تم سب کو (میدانِ حشر میں) لے آئے گا۔ بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۴۸-

۳۔ اور جان لو کہ تم اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

-البقرۃ ۲: ۲۰۳-

۱۔ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

۲۔ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

۳۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

۴۔ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۵۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝

۶۔ وَلَئِنْ مُّتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُونَ ۝

۷۔ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ

۸۔ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

۹۔ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۱۰۔ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُولُ مَاذَا أُجِبْتُمْ ۖ قَالُوا لَا عِلْمَ لَنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝

۱۱۔ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ۘ وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝

۱۲۔ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ ۚ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ۝

۱۳۔ ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللّٰهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ۚ

۱۴۔ وَأَنْ أَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَاتَّقُوهُ ۚ وَهُوَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝

۱۵۔ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ مَرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۱۶۔ قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ ۝

۴۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

-البقرۃ ۲:۲۴۵ و یونس ۱۰:۵۶، ۲۲:۸۳ و الزخرف ۴۳:۸۵-

۵۔ اور اس اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

-المائدۃ ۵:۹۶-

۶۔ اور اگر تم مر گئے یا قتل کیے گئے تو کچھ شک نہیں کہ تم اللہ ہی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

-آل عمران ۳:۱۵۸-

۷۔ وہ تمہیں ضرور قیامت کے دن، جس میں شک نہیں ہے جمع کرے گا۔

-النساء ۴:۸۷-

۸۔ تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ تمہیں تمہاری وہ باتیں جتلا دے گا جن میں اختلاف کرتے تھے۔

-المائدۃ ۵:۴۸-

۹۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے، سو وہ تمہیں تمہارے اعمال سے آگاہ کر دے گا۔

-المائدۃ ۵:۱۰۵-

۱۰۔ جس دن اللہ رسولوں کو جمع کرے گا پھر پوچھے گا کہ تمہیں (امت کی طرف سے) کیا جواب دیا گیا تھا۔ وہ کہیں گے کہ ہمیں کچھ خبر نہیں۔ بے شک چھپی باتوں کا تو ہی خوب جاننے والا ہے۔

-المائدۃ ۵:۱۰۹-

۱۱۔ ماننے تو بس وہی ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو تو اللہ ہی اٹھائے گا پھر وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-الانعام ۶:۳۶-

۱۲۔ اور زمین میں نہ کوئی چلنے والا اور نہ کوئی پرندہ جو اپنے دو بازوؤں پر اڑے مگر سب تمہاری مانند امتیں ہیں۔ ہم نے کتاب میں کسی بات کی کمی نہیں کی پھر وہ اپنے پروردگار کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔

-الانعام ۶:۳۸-

۱۳۔ پھر وہ اپنے برحق آقا اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-الانعام ۶:۶۲-

۱۴۔ اور یہ کہ تم نماز کو قائم رکھو اور اس سے ڈرو اور تم اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

-الانعام ۶:۷۲-

۱۵۔ پھر انہیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے۔ سو وہ انہیں ان کے اعمال سے آگاہ کر دے گا۔

-الانعام ۶:۱۰۸-

۱۶۔ فرمایا تم اسی زمین میں زندہ رہو گے اور اسی میں مرو گے اور (قیامت کو) اسی سے نکالے جاؤ گے۔

-الاعراف ۷:۲۵-

۲۸۔ جیسا ہم نے پہلی دفعہ پیدا کیا، ہم اسے لوٹائیں گے۔ یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے۔ بے شک ہم یہ کرنے والے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۱۰۴۔

۲۹۔ پھر کچھ شک نہیں کہ قیامت کے دن تم (قبروں سے) اٹھائے جاؤ گے۔

۔المومنون ۲۳:۱۶۔

۳۰۔ اور تم اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔

المومنون ۲۳:۷۹ و الملک ۶۷:۲۴۔

۳۱۔ اور وہ جو مجھے مارتا ہے پھر مجھے زندہ کرے گا۔

۔الشعراء ۲۶:۸۱۔

۳۲۔ اور اسی کا حکم ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔القصص ۲۸:۷۰۔

۳۳۔ میری ہی طرف تمہیں لوٹ کر آنا ہے۔ سو میں تمہیں تمہارے عملوں سے آگاہ کر دوں گا۔

۔العنکبوت ۲۹:۸۔

۳۴۔ تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔العنکبوت ۲۹:۱۷۔

۳۵۔ وہ جسے چاہے عذاب دے اور جس پر چاہے رحم کرے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔العنکبوت ۲۹:۲۱۔

۳۶۔ پھر تم ہماری ہی طرف لوٹ جاؤ گے۔

۔العنکبوت ۲۹:۵۷۔

۳۷۔ اللہ پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اس کو دوبارہ لوٹائے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الروم ۳۰:۱۱۔

۲۸۔ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ۝

۲۹۔ ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُونَ ۝

۳۰۔ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝

۳۱۔ وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِ ۝

۳۲۔ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۳۳۔ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۳۴۔ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۳۵۔ يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ۝

۳۶۔ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ۝

۳۷۔ اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۳۸۔ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ تَقُومَ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ بِأَمْرِهِ ۚ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنْتُمْ تَخْرُجُونَ ۝

۳۹۔ وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ

۴۰۔ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ۝

۴۱۔ قُلْ يَتَوَفَّاكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝

۳۸۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس کے حکم سے آسمان اور زمین کھڑے ہیں پھر جب وہ تمہیں زمین سے ایک بلاوا بلائے گا تو اسی دم نکل کھڑے ہو گے۔

۔الروم ۳۰:۲۵۔

۳۹۔ اور وہ وہ ہے جو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ دوہرائے گا اور وہ اس پر بہت آسان ہے۔

۔الروم ۳۰:۲۷۔

۴۰۔ میری ہی طرف لوٹنا ہے۔

۔لقمان ۳۱:۱۴۔

۴۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تمہیں وہ موت کا فرشتہ مارتا ہے جو تم پر تعینات کیا گیا ہے۔ پھر تم اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔السجدہ ۳۲:۱۱۔

۴۲۔ اور جس دن وہ ان سب کو اکٹھا کرے گا۔ پھر فرشتوں سے پوچھے گا کہ کیا یہ لوگ تمہیں پوجا کرتے تھے۔

-سبا ۳۴: ۴۰-

۴۳۔ میری ہی طرف لوٹنا ہے۔

-الحج ۲۲: ۴۸، والتغابن ۶۴: ۳-

۴۴۔ اور وہ سب ہی اکٹھے ہمارے سامنے حاضر کیے جائیں گے۔

-یٰس ۳۶: ۳۲-

۴۵۔ وہ (قیامت) تو صرف ایک ڈانٹ ہے اس کے ہوتے ہی وہ سب ہمارے سامنے حاضر کیے جائیں گے۔

-یٰس ۳۶: ۵۳-

۴۶۔ پھر تمہیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹنا ہے۔ سو وہ تمہیں تمہارے اعمال سے آگاہ کر دے گا۔

-الزمر ۳۹: ۷-

۴۷۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-الزمر ۳۹: ۴۴-

۴۸۔ اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

-المومن ۴۰: ۳-

۴۹۔ اور یہ کہ اللہ ہی کی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔

-المومن ۴۰: ۴۳-

۵۰۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو صبر کر۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ سو اگر ہم تجھے بعض وہ (عذاب) جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں، دکھا دیں یا (اس سے پہلے ہی) تجھے مار دیں تو وہ تو ہر حال میں ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-المومن ۴۰: ۷۷-

۴۲۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ أَهَٰؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ ۝

۴۳۔ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ۝

۴۴۔ وَإِنْ كُلٌّ لَمَّا جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

۴۵۔ إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

۴۶۔ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ

۴۷۔ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۴۸۔ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

۴۹۔ وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللَّهِ

۵۰۔ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ۝

۵۱۔ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

۵۲۔ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝

۵۳۔ قُلِ اللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۵۴۔ يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ ۝ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ ۝ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا

۵۱۔ اللہ ہمیں تمہیں جمع کرے گا اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

-الشوریٰ ۴۲: ۱۵-

۵۲۔ پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-الجاثیۃ ۴۵: ۱۵-

۵۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں زندہ رکھتا ہے پھر تمہیں مارے گا پھر قیامت کے دن تمہیں جمع کرے گا، جس میں شک نہیں ہے لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

-الجاثیۃ ۴۵: ۲۶-

۵۴۔ اس دن حق کے ساتھ چنگھاڑ سنیں گے۔ یہ (قبروں سے) نکلنے کا دن ہے۔ بے شک ہم ہی جلاتے اور مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اس دن ان سے زمین پھٹ جائے گی۔ جلدی کرتے ہوں

گے۔ یہ اکٹھا کرنا ہم پر آسان ہے۔

ـ ق ۵۰: ۴۴۔

۵۵۔ اور یہ کہ تیرے پروردگار ہی کی طرف انتہا ہے۔

ـ النجم ۵۳: ۴۲۔

۵۶۔ اور یہ کہ اس کے ذمے ہے پچھلی پیدائش۔

ـ النجم ۵۳: ۴۷۔

۵۷۔ پھر تم چھپے اور کھلے جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

ـ المنافقون ۶۲: ۸۔

۵۸۔ اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

ـ التغابن ۶۴: ۳۔

۵۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیوں نہیں، مجھے اپنے پروردگار کی قسم! تم ضرور (زندہ کرکے) اٹھائے جاؤ گے۔

ـ التغابن ۶۴: ۷۔

۶۰۔ اور اسی کی طرف جی اٹھنا ہے۔

ـ الملک ۶۷: ۱۵۔

۶۱۔ پھر جب وہ چاہے گا اسے جلا اٹھائے گا۔

ـ عبس ۸۰: ۲۲۔

۶۲۔ اور جب جانیں ملائی جائیں گی۔

ـ التکویر ۸۱: ۷۔

۶۳۔ اے انسان! تو اپنے پروردگار کی طرف مشقت کے ساتھ کھینچنے والا ہے، پھر اس سے ملنے والا ہے۔

ـ الانشقاق ۸۴: ۶۔

۶۴۔ بے شک ہماری ہی طرف ان کو لوٹنا ہے۔

ـ الغاشیۃ ۸۸: ۲۵۔

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ۝

۵۵۔ وَأَنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنْتَهَىٰ ۝

۵۶۔ وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَىٰ ۝

۵۷۔ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

۵۸۔ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

۵۹۔ قُلْ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ

۶۰۔ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ۝

۶۱۔ ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ ۝

۶۲۔ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝

۶۳۔ يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ۝

۶۴۔ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ۝

۶۵۔ إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الرُّجْعَىٰ ۝

۶۶۔ وَقَالُوا أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا وَرُفَاتًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ۝ قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا ۝ أَوْ خَلْقًا مِمَّا يَكْبُرُ فِي صُدُورِكُمْ ۚ فَسَيَقُولُونَ مَنْ يُعِيدُنَا ۖ قُلِ الَّذِي فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ ۖ قُلْ عَسَىٰ أَنْ يَكُونَ قَرِيبًا ۝

۶۵۔ بے شک تیرے پروردگار ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

ـ العلق ۹۶: ۸۔

۲۔ حشر پر منکروں کا استعجاب اور اس کا جواب

۶۶۔ اور کہتے ہیں کہ کیا جب ہم (مر کر) ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم کو از سر نو پیدا کرکے اٹھا کھڑا کیا جائے گا۔ تو کہہ دے کہ تم پتھر یا لوہا یا کوئی اور چیز بھی بن جاؤ جو تمہارے خیال میں بڑی سخت ہو۔ اس پر یہ پوچھیں گے کہ ہم کو دوبارہ کون زندہ کرے گا؟ تو کہہ دے کہ وہی جس نے تم کو اول بار پیدا کیا۔ اس پر یہ لوگ تیرے آگے سر ہلانے لگیں گے اور پوچھیں گے کہ بھلا قیامت کب آئے گی؟ تو ان سے کہہ دے کہ عجب نہیں کہ قیامت قریب آ گئی ہو۔

ـ بنی اسرائیل ۱۷: ۴۹۔ ۵۱۔

۶۷۔ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝

۶۸۔ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ۝ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ۝

۶۹۔ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

۷۰۔ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝

۶۷۔ یہ جہنم ان کی سزا ہے کہ وہ ہماری آیتوں سے انکار کیا کرتے اور کہا کرتے تھے کہ جب ہم (مر کر) ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا کر کے اٹھا کھڑے کئے جائیں گے؟ کیا ان لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اس پر بھی قادر ہے کہ ان جیسے آدمی دوبارہ پیدا کر دے اور اس نے ان کے لیے ایک میعاد مقرر کر رکھی ہے جس میں کسی طرح کا شک ہی نہیں۔ اس پر بھی یہ ظالم انکار کیے بدوں نہ رہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۸۔۹۹

۶۸۔ اور انسان کہتا ہے کہ بھلا جب میں مر گیا تو کیا میں (قبر سے) زندہ نکالا جاؤں گا۔ کیا انسان یہ یاد نہیں کرتا کہ ہم نے پہلے اسے پیدا کیا اور وہ کچھ چیز نہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۶۶۔۶۷

۶۹۔ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے اور صرف ہڈیاں تو کیا ہم (دوبارہ) اٹھا کھڑے کئے جائیں گے؟ ہم سے اور پہلے ہمارے بڑوں سے اس کا وعدہ ہوتا چلا آیا ہے۔ ہو نہ ہو یہ صرف اگلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں۔ تو ان سے پوچھو اگر تم سمجھ دار ہو تو بتاؤ کہ زمین اور جو کچھ اس میں ہے وہ کس کا ہے؟ وہ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ کا۔ پوچھو کہ پھر تم کیوں غور نہیں کرتے؟ پوچھو کہ سات آسمانوں کا مالک کون ہے اور عظیم الشان عرش کا مالک کون؟ وہ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ۔ پوچھو کہ پھر کیا تم کو ڈر نہیں لگتا؟ تو ان سے کہو اگر تم سمجھ دار ہو تو بتاؤ کہ کون ہے کہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور وہ پناہ دیتا اور اس کے مقابلے میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا؟ وہ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ۔ تب ان سے کہو کہ تم پر کیسی پھٹکی پڑ جاتی ہے۔ حق یہ ہے کہ سچی بات ہم نے ان کو پہنچا دی ہے اور بے شک یہ جھوٹے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۸۲۔۹۰

۷۰۔ کیا آدمی کو معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا۔ پھر وہ کھلم کھلا مقابل بن کر جھگڑنے لگا اور ہماری

نسبت باتیں بنانے لگا اور اپنی اصلیت کو بھول گیا۔ کہتا ہے کہ کون ہے کہ ہڈیاں گل کر خاک ہو گئی ہوں تو وہ ان کو زندہ کر کے کھڑا کرے؟ تو کہہ دے کہ جس نے ہڈیوں کو اول بار پیدا کیا تھا وہی ان کو زندہ کرے گا اور وہ سب کا پیدا کرنا جانتا ہے۔ وہی ہے کہ بعض ہرے درختوں سے تمہارے لیے آگ پیدا کرتا ہے۔ پھر تم اس سے آگ سلگا لیتے ہو۔ کیا جس نے آسمان و زمین پیدا کیے وہ اس بات پر قادر نہیں کہ ان جیسے دوبارہ پیدا کرے؟ ہاں ہے اور وہ بڑا پیدا کرنے والا ماہر ہے۔ اس کی یہ شان ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس سے اتنا ہی فرما دیتا ہے کہ ہو۔ سو وہ ہو جاتی ہے۔ پس پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور تم مر کر اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔یٰس ۳۶: ۷۹-۸۳۔

۷۱۔ اور کافر سب جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے تاکہ اللہ ناپاک (لوگوں) کو پاک (لوگوں) سے الگ کر دے اور ناپاک (لوگوں) کو ایک دوسرے پر رکھ کر ان سب کا (ایک) ڈھیر بنائے پھر اس ڈھیر (کے ڈھیر) کو جہنم میں جھونک دے۔ یہی لوگ خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہیں۔

۔الانفال ۸: ۳۶-۳۷۔

۳۔ حشر سے غرض جزاو سزا

۷۲۔ اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ وعدہ برحق ہے۔ وہی اول بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے اور پھر دوبارہ ان کو زندہ کرے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل بھی کئے، انصاف کے ساتھ ان کو بدلہ دے۔

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ۝ الَّذِي جَعَلَ لَكُمْ مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنْتُمْ مِنْهُ تُوقِدُونَ ۝ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ۝ إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ۝ فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۷۱۔ وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ۝ لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

۷۲۔ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ

۷۳۔ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ ۖ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ ... لِيَجْزِيَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝

۷۴۔ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَنْ يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كَاذِبِينَ ۝

۔یونس ۱۰: ۴۔

۷۳۔ جبکہ زمین بدل کر دوسری طرح کی زمین کر دی جائے گی اور آسمان اور لوگ اللہ واحد زبردست کے سامنے نکل کھڑے ہوں گے۔ ... اس غرض سے کہ خدا ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دے۔ بے شک خدا حساب لینے میں جلدی کرنے والا ہے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۸، ۵۱۔

۷۴۔ اور یہ اللہ کی سخت سے سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اس کو اللہ نہیں اٹھائے گا۔ ضرور وعدہ برحق ہے۔ لیکن اکثر لوگ یقین نہیں کرتے۔ اس لیے کہ جن چیزوں میں یہ لوگ اختلاف کرتے رہے ہیں، اللہ ان پر ظاہر کر دے اور تاکہ کافر جان لیں کہ وہی غلطی پر تھے۔

۔النحل ۱۶: ۳۸-۳۹۔

۷۵۔ قیامت آنے والی ہے ہم اس کو پوشیدہ رکھنے کو ہیں تا کہ ہر شخص کو اس کی کوشش کا بدلہ ملے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۵۔

۷۶۔ تو اس سے پہلے کہ خدا کی طرف سے وہ دن آموجود ہو جو نہیں ٹل سکتا۔ سیدھے دین پر اپنا رخ کیے رہو۔ اس دن جدا جدا ہو جائیں گے...... تا کہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ان کو اللہ اپنے فضل سے عوض دے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔

۔الروم ۳۰:۴۳-۴۵۔

۷۷۔ اور منکر کہتے ہیں کہ ہم کو تو قیامت آئی نہیں۔ کہو ہاں ہاں، مجھ کو اپنے پروردگار کی قسم جو عالم غیب ہے، قیامت تو تم کو ضرور پیش آ کر رہے گی..... تا کہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کو بدلہ دے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔سبا ۳۴:۳.....۴۔

۷۸۔ جو لوگ بدکرداریوں کے مرتکب ہوتے رہتے ہیں کیا انہوں نے یہ سمجھا ہے کہ ہم ان کو ان ہی لوگوں جیسا کر دیں گے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے کہ ان کا مرنا اور ان کا جینا ایک ہی طرح کا ہو۔ یہ برے حکم لگاتے ہیں اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو مصلحت سے پیدا کیا ہے اور مقصود یہ ہے کہ ہر شخص کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے اور لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الجاثیہ ۴۵:۲۱-۲۲۔

۷۵۔ إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَىٰ ۝

۷۶۔ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ۝ ...... لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ۝

۷۷۔ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَأْتِينَا السَّاعَةُ ۖ قُلْ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتَأْتِيَنَّكُمْ عَالِمِ الْغَيْبِ ۖ ...... لِّيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۷۸۔ أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ۝ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۷۹۔ وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنَاهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَنزَلْنَا بِهِ الْمَاءَ فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۚ كَذَٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝

۸۰۔ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيهِ فَأَبَى الظَّالِمُونَ إِلَّا كُفُورًا ۝

۴۔ دلائل حشر

۷۹۔ اور وہ اللہ ہے جو اپنی رحمت کے آگے بشارت دینے والی ہوائیں بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ بھاری بادل اٹھاتی ہیں تو ہم اسے کسی مردہ بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر اس سے بارش نازل کرتے ہیں پھر ہم اس سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں۔ یوں ہی ہم مردوں کو نکالیں گے تا کہ تم سمجھو۔

۔الاعراف ۷:۵۷۔

۸۰۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اس پر بھی قادر ہے کہ ان جیسے پیدا کر دے اور اس نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے جس میں شک نہیں ہے۔ اس پر بھی ظالموں نے ناشکری کے سوا ہر بات سے انکار کیا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۹۹۔

۸۱۔ وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ۝ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ۝

۸۲۔ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ۝

۸۳۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاءُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ۖ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِن بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا ۚ وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهُ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ ۝

۸۴۔ أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ۚ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۸۵۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ

۸۱۔ اور انسان کہتا ہے کہ بھلا جب میں مر گیا تو کیا میں پھر زندہ (زمین سے) نکالا جاؤں گا؟ کیا انسان یہ یاد نہیں کرتا کہ پہلے ہم نے اسے پیدا کیا اور وہ کچھ چیز نہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۶۶۔۶۷۔

۸۲۔ جیسا ہم نے پہلی دفعہ پیدا کیا ہم اسے دوبارہ کریں گے۔ یہ وعدہ ہمارے ذمے ہے۔ بے شک ہم یہ کرنے والے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۴۔

۸۳۔ لوگو! اگر تم جی اٹھنے سے شک میں ہو تو ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔ پھر نطفے سے پھر خون کی پھٹکی سے پھر تمام اور ناتمام گوشت کے لوتھڑے سے تاکہ ہم تم سے بیان کریں۔ اور ایک وقت مقرر تک جتنا ہم چاہتے ہیں رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر نکالتے ہیں پھر تمہیں پالتے ہیں تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو اور کوئی تم میں سے مار دیا جاتا ہے اور کوئی تم میں سے ناکارہ عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے تاکہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے اور تو زمین کو خشک دیکھتا ہے جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہ ہلتی اور پھولتی ہے اور ہر قسم کا خوش نما سبزہ اگاتی ہے۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ جو ہے وہی حق ہے اور یہ کہ وہ مردوں کو زندہ کرتا ہے اور یہ کہ وہ ہر شے پر قادر ہے اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے اس میں شک نہیں ہے اور یہ کہ اللہ ان لوگوں کو اٹھائے گا جو قبروں میں ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۵۔۷۔

۸۴۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں ڈالی کہ اللہ کس طرح خلق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ کرتا ہے۔ بے شک یہ اللہ پر آسان ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ملک کی سیر کرو پھر غور کرو کہ اس نے خلق کو کس طرح پہلی بار پیدا کیا پھر اللہ ہی دوسری پیدائش پیدا کرے گا۔ بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۹۔۲۰۔

۸۵۔ وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا

ہے اور زمین کو اس مرے پیچھے زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔

۔الروم ۳۰: ۱۹۔

۸۶۔ اور اللہ وہ ہے جو ہوائیں بھیجتا ہے پھر وہ بادل اٹھاتی ہیں پھر ہم اسے ایک مردہ بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر ہم اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتے ہیں۔ یوں ہی جی اٹھنا ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۹۔

۸۷۔ اور اس نے ہمارے لیے کہاوت بیان کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہتا ہے کہ ہڈیوں کو جب وہ گل گئیں کون زندہ کرے گا؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا اور وہ تمام مخلوق کو جانتا ہے۔ وہ جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی کہ تم اس سے فوراً ہی جلا لیتے ہو۔ کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس پر قادر نہیں ہے کہ ان جیسے اور پیدا کر دے۔ کیوں نہیں، حالانکہ وہی بڑا پیدا کرنے والا، جاننے والا ہے۔ اس کا کام تو جب وہ کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے صرف یہ ہے کہ اس سے کہہ دے کہ ہو جا، سو وہ ہو جاتی ہے۔ سو وہ ذات پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۷۸-۸۳۔

۸۸۔ بے شک تمہارا معبود ایک ہی ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے اس کا پروردگار اور مشرقوں کا پروردگار۔ بے شک ہم نے قریب کے

بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ۝

۸۶۔ وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ كَذَٰلِكَ النُّشُورُ ۝

۸۷۔ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ۝ الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ ۝ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ۝ إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَن يَقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ۝ فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۸۸۔ إِنَّ إِلَٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ۝ لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُورًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ۝ إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ ۝

۸۹۔ اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا ۖ

آسمان کو ستاروں کی ایک طرح کی زینت سے سجایا۔ اور ہر ایک سرکش شیطان سے محفوظ رکھا۔ وہ (فرشتوں کی) عالی جماعت کی طرف کان نہیں لگا سکتے۔ اور ہر طرف سے انگارے پھینکے جاتے ہیں بھگانے کے لیے اور ان کے لیے ہمیشہ کا عذاب ہے۔ مگر جو کوئی ایک اچکی اچک لے گیا تو چمکتا ہوا شعلہ اس کے پیچھے لگتا ہے۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو ان سے پوچھ کیا وہ پیدائش میں زیادہ سخت ہیں یا وہ جو ہم نے پیدا کیے ہیں۔ بے شک ہم نے انہیں چپکتے گارے سے پیدا کیا ہے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۶-۱۱۔

۸۹۔ اللہ جانوں کو ان کی موت کے وقت مار دیتا ہے اور جو نہیں مریں انہیں ان کی نیند میں۔ پس جس پر اس نے موت کا حکم صادر کر دیا اسے روک لیتا ہے اور دوسری کو ایک مقرر وقت تک

کے لیے چھوڑ دیتا ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں (ثبوت حشر کی) نشانیاں ہیں۔

-الزمر ۳۹: ۴۲-

۹۰- بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش لوگوں کی پیدائش سے بڑھ کر ہے۔ لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

-المومن ۴۰: ۵۷-

۹۱- اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تو زمین کو دبا ہوا دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہ ہلتی اور پھولتی ہے۔ بے شک وہ (اللہ) جس نے اسے زندہ کر دیا مردوں کا جلانے والا ہے۔ بے شک وہ ہر شے پر قادر ہے۔

-السجدۃ ۴۱: ۳۹-

۹۲- اور وہ جس نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی اتارا۔ پھر ہم نے اس سے ایک مردہ بستی کو جلا اٹھایا۔ یوں ہی تم بھی نکالے جاؤ گے۔

-الزخرف ۴۳: ۱۱-

۹۳- کیا انھوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے سے عاجز نہیں ہوا، مردوں کے زندہ کرنے پر بھی قادر ہے۔ کیوں نہیں! بے شک وہ ہر شے پر قادر ہے۔

-الاحقاف ۴۶: ۳۳-

۹۴- اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا پھر ہم نے اس سے باغ اور کاٹنے والے اناج اگائے اور اونچی اونچی کھجوریں، جن کے خوشے تہ برتہ ہیں،

فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْأُخْرَىٰ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝

۹۰- لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۹۱- وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۚ إِنَّ الَّذِي أَحْيَاهَا لَمُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۚ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۹۲- وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ۝

۹۳- أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

۹۴- وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُّبَارَكًا فَأَنبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ ۝ وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۖ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ الْخُرُوجُ ۝

۹۵- أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝

۹۶- لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ ۝ وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝ أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّن نَّجْمَعَ عِظَامَهُ ۝ بَلَىٰ قَادِرِينَ عَلَىٰ أَن نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ ۝

بندوں کی روزی کے لیے اور اس سے ہم نے مردہ بستی کو زندہ کیا۔ یوں ہی (قبروں سے) نکلنا ہے۔

-ق ۵۰: ۹-۱۱-

۹۵- تو کیا ہم پہلی پیدائش سے تھک گئے ہیں؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ نئی پیدائش کی طرف سے شک میں ہیں۔

-ق ۵۰: ۱۵-

۹۶- میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں اور (بدی پر) ملامت کرنے والے نفس کی قسم کھاتا ہوں، کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ ہم ہرگز اس کی ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے کیوں نہیں ہم اس بات پر قادر ہیں کہ اس (کی انگلیوں) کے پوروں کو درست کر دیں۔

-القیمۃ ۷۵: ۱-۴-

۹۷۔ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۙ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۙ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۭ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۙ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۭ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۭ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۙ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۙ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۭ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۝

۹۷۔ سو اس نے نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی لیکن جھٹلایا اور منہ موڑا پھر اکڑتا ہوا اپنے گھر کو چل دیا۔ تف ہے تجھ پر۔ پھر تف ہے۔ پھر تف ہے تجھ پر۔ پھر تف ہے۔ کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ وہ بے کار چھوڑ دیا جائے گا؟ کیا وہ منی کا قطرہ نہ تھا جو ٹپکایا گیا تھا۔ پھر وہ جما ہوا خون تھا پھر اسے پیدا کیا اور تندرست کیا پھر اس سے نر اور مادہ دو جوڑے پیدا کئے؟ کیا یہ اللہ اس پر قادر نہیں کہ مردوں کو زندہ کر دے۔

۔القیمۃ ۷۵: ۳۱۔۴۰

۹۸۔ عَمَّ يَتَسَاۗءَلُوْنَ ۚ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۙ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۭ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۙ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَاۗءً ثَجَّاجًا ۙ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۙ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۙ

۹۸۔ وہ کس بات کی بابت ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں؟ کیا اس بڑی خبر کی بابت جس میں وہ ایک دوسرے سے اختلاف کر رہے ہیں؟ یہ ہرگز نہیں ہے۔ عنقریب ہی معلوم کر لیں گے پھر یہ ہرگز نہیں وہ عنقریب ہی معلوم کر لیں گے۔ کیا ہم نے زمین کو فرش نہیں بنایا۔ اور پہاڑوں کو میخ اور ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا۔ اور تمہاری نیند کو ہم نے آرام بنایا۔ اور رات کو ہم نے پردہ پوش بنایا اور دن کو ہم نے ذریعۂ معاش بنایا۔ اور تمہارے اوپر ہم نے سات مضبوط آسمان بنائے اور ہم نے ایک چمکتا چراغ بنایا اور نچوڑنے والی بدلیوں سے ہم نے موسلا دھار پانی اتارا تاکہ ہم اس سے زمین سے اناج اور بوٹیاں نکالیں اور گھن کے باغ۔ بے شک فیصلے کا دن وقت مقرر کیا ہوا ہے۔

۔النبا ۷۸: ۱۔۱۷

۹۹۔ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَاۗءُ ۭ بَنٰىهَا ۝ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۙ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ۝ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝ اَخْرَجَ مِنْهَا مَاۗءَهَا وَمَرْعٰىهَا ۝ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ۙ مَتَاعًا لَّكُمْ وَ

۹۹۔ کیا تم پیدائش میں زیادہ سخت ہو یا آسمان، جسے اس نے بنایا۔ اس کا اونچان بلند کیا۔ پھر اسے ٹھیک کیا اور اس کی رات ڈھانک دی اور اس کا دن نکالا اور اس کے بعد زمین بچھائی اس سے اس کا پانی اور

اس کا چارہ نکالا اور پہاڑ گاڑے تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کے لیے۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۲۷۔۳۳۔

۱۰۰۔ انسان کو اس پر نظر کرنی چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ کودنے والے پانی سے جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔ بے شک وہ اس کے لوٹانے پر قادر ہے۔

۔الطارق ۸۶: ۵۔۸۔

۱۰۱۔ سو اس کے بعد تجھے قیامت کے بارے میں کیا چیز جھٹلاتی ہے؟ کیا اللہ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں ہے؟

۔التین ۹۵: ۷۔۸۔

قیامت

۱۔ قیامت ضرور آئے گی

۱۔ بے شک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور آنے والی ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھائیو! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں بھی عمل کرتا ہوں۔ عنقریب ہی تم جان لو گے کہ عاقبت کا گھر کس کے لیے ہے۔ کچھ شک نہیں کہ ظالم فلاح نہیں پاتے۔

۔الانعام ۶: ۱۳۴۔۱۳۵۔

۲۔ اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور بے شک قیامت آنے والی ہے تو (اے نبی ﷺ!) تو خوبی کے ساتھ (ان سے) درگزر کر۔

۔الحجر ۱۵: ۸۵۔

لِاَنۡعَامِكُمۡ ﴿۳۳﴾

۱۰۰۔ فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ﴿۸﴾

۱۰۱۔ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعۡدُ بِالدِّيۡنِ ؕ﴿۷﴾ اَلَيۡسَ اللّٰهُ بِاَحۡكَمِ الۡحٰكِمِيۡنَ ﴿۸﴾

۱۔ اِنَّ مَا تُوۡعَدُوۡنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلۡ يٰقَوۡمِ اعۡمَلُوۡا عَلٰى مَكَانَتِكُمۡ اِنِّىۡ عَامِلٌ ۚ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ مَنۡ تَكُوۡنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۱۳۵﴾

۲۔ وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَـقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصۡفَحِ الصَّفۡحَ الۡجَمِيۡلَ ﴿۸۵﴾

۳۔ مَنۡ كَانَ يَرۡجُوۡا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ

۴۔ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِىَ يَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوۡمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوۡنَ ﴿۴۳﴾

۵۔ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَا تَاۡتِيۡنَا السَّاعَةُ ؕ قُلۡ بَلٰى وَرَبِّىۡ لَتَاۡتِيَنَّكُمۡ ۙ عٰلِمِ الۡغَيۡبِ ۚ لَا يَعۡزُبُ عَنۡهُ مِثۡقَالُ ذَرَّةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الۡاَرۡضِ وَلَاۤ اَصۡغَرُ مِنۡ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكۡبَرُ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ ۙ﴿۳﴾

۳۔ جو شخص اللہ سے ملنے کی امید رکھتا ہے تو اللہ کا ٹھہرایا ہوا وقت ضرور آنے والا ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۔

۴۔ اس سے پہلے (نیک عمل کر لو) کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آموجود ہو جو ٹل نہیں سکتا۔ اس دن وہ ایک دوسرے سے بچھڑ جائیں گے۔

۔الروم ۳۰: ۴۳۔

۵۔ اور کافروں نے کہا کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کیوں نہیں؟ مجھے اپنے پروردگار کی قسم! وہ تم پر ضرور آئے گی۔ وہ غیب کا جاننے والا ہے اس سے ایک ذرہ بھر چیز چھپی ہوئی نہیں ہے نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ذرہ سے چھوٹی اور نہ بڑی۔ سب کچھ کھول کر بیان کرنے والی کتاب میں مندرج ہے۔

۔سبا ۳۴: ۳۔

۶۔ بھلا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے یا ہمارے اگلے باپ دادا؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے، ہاں۔ اور تم ذلیل ہو گے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۶۔۱۸۔

۷۔ لوگو! اپنے پروردگار کو قبول کرو اس سے پہلے کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آ موجود ہو جسے ٹلنا نہیں ہے۔ اس دن تمہارے لیے نہ کوئی جائے پناہ ہے اور نہ تمہارے لیے انکار ہی کی گنجائش ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۷۔

۸۔ بے شک فیصلہ کا دن ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔

۔الدخان ۴۴: ۴۰۔

۹۔ بے شک قیامت آنے والی ہے اور ہم اس کا وقت چھپانے والے ہیں تاکہ ہر شخص کو اس کی کوشش کا بدلہ دیا جائے۔ سو کہیں وہ شخص تجھے اس سے غافل نہ کر دے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہش نفسانی پر چلتا ہے کہ پھر تو ہلاک ہو جائے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۵۔۱۶۔

۱۰۔ قریب آنے والی قریب آ گئی، اللہ کے سوائے کوئی اسے ٹالنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں اور تم غافل ہو۔

۔النجم ۵۳: ۵۷۔۶۱

۱۱۔ اور بے شک انصاف کا دن ضرور آنے والا ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۶۔

۶۔ وَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۝

۷۔ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ۝

۸۔ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

۹۔ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝

۱۰۔ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ۝ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ۝ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ۝ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝

۱۱۔ وَاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۝

۱۲۔ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝ لَمَجْمُوْعُوْنَ ڏ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝

۱۳۔ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ

۱۴۔ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝

۱۵۔ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ڼ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ڤ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝

۱۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ سب اگلے اور پچھلے ایک مقررہ دن کے وقت پر جمع کیے جائیں گے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۴۹۔۵۰۔

۱۳۔ بے شک قیامت آنے والی ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۵۹۔

۱۴۔ اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔

۔المزمل ۷۳: ۱۸۔

۲۔ قیامت حق ہے

۱۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) وہ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا وہ حق ہے؟ کہہ دے ہاں۔ مجھے اپنے پروردگار کی قسم! بے شک وہ حق ہے اور تم ہمیں عاجز کرنے والے نہیں ہو۔

۔یونس ۱۰: ۵۳۔

۱۶۔ یہ (قیامت کا) دن بے تو جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہو۔

۔النبا ۷۸: ۳۹۔

۳۔ قیامت کا وعدہ سچا ہے

۱۷۔ قسم ہے (بادلوں کو) اڑانے والیوں کی پھر (مینہ کا) بوجھ اٹھانے والیوں کی۔ پھر آہستہ آہستہ چلنے والیوں کی۔ پھر ایک چیز (یعنی بارش) کو بانٹنے والیوں کی۔ بے شک وہ (قیامت) جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، سچ ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۱۔۵۔

۱۸۔ جب واقع ہونے والی، واقع ہو گی اس کے واقع ہونے میں جھوٹ نہیں ہے۔

۔الواقعۃ۔ ۵۶: ۱۔۲۔

۱۹۔ قسم ہے آہستگی سے چھوڑی ہوئی ہواؤں کی۔ پھر زور باندھ کر چلنے والیوں کی اور بادلوں کو پھیلانے والیوں کی پھر (ان سے مینہ کو) جدا کرنے والیوں کی پھر (لوگوں کے دلوں میں خدا کی) یاد ڈالنے والیوں کی، الزام دینے یا ڈرانے کے لیے۔ بے شک وہ (قیامت) جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، سچ ہے۔

۔المرسلٰت ۷۷: ۱۔۷۔

۲۰۔ سو اس وقت ان کا کیا حال ہوگا جب ہم انہیں اس دن جمع کریں گے جس کے آنے میں کچھ شک نہیں۔

۔آل عمران ۳: ۲۵۔

۴۔ قیامت کے آنے میں کچھ شک نہیں

۲۱۔ وہ تمہیں قیامت کے دن، جس میں شک نہیں

۱۶۔ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝

۱۷۔ وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝

۱۸۔ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝

۱۹۔ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝

۲۰۔ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۟

۲۱۔ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۲۲۔ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ

۲۳۔ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ

۲۴۔ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

ضرور جمع کرے گا اور جو لوگ گھاٹے میں ہیں، وہی ایمان نہیں لاتے۔

۔الانعام ۶: ۱۲۔

۲۲۔ اور اس نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کیا جس میں شک نہیں ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۹۔

۲۳۔ اور یوں ہم نے (لوگوں کو) ان پر مطلع کیا تاکہ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے آنے میں شک نہیں۔

۔الکھف ۱۸: ۲۱۔

۲۴۔ اور یہ کہ قیامت ضرور آنے والی ہے۔ اس میں شک نہیں اور یہ کہ اللہ ان لوگوں کو جو قبروں میں ہیں، اٹھائے گا۔

۔الحج ۲۲: ۷۔

۲۵۔ بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس کے آنے میں شک نہیں لیکن اکثر آدمی اس پر ایمان نہیں لاتے۔

۔المؤمن ۴۰:۵۹۔

۲۶۔اور تا کہ اکٹھا ہونے کے دن سے، جس میں شک نہیں ہے ڈرائے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۷۔

۲۷۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں زندہ رکھتا ہے پھر وہ تمہیں مارے گا۔ پھر تمہیں قیامت کے دن جس میں شک نہیں ہے، جمع کرے گا۔ لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔الجاثیۃ ۴۵:۲۶۔

۵۔ قیامت ہنسی کی بات نہیں ہے

۲۸۔قسم ہے آسمان مینہ برسانے والے کی اور (دانہ اگاتے وقت) پھٹنے والی زمین کی، بے شک وہ ایک قطعی بات ہے اور وہ ہنسی کی بات نہیں ہے۔

۔الطارق ۸۶:۱۱۔۱۴۔

۶۔ قیامت کا وقت مقرر ہے

۲۹۔بے شک فیصلے کا دن ان سب کے لیے وقتِ مقرر ہے۔

۔الدخان ۴۴:۴۰۔

۳۰۔بے شک فیصلے کا دن وقتِ مقرر ہے۔

۔النبا ۷۸:۱۷۔

۷۔ کفار کا سوال کہ قیامت کب ہوگی جواب کہ اللہ کو ہی علم ہے

۳۱۔لوگ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں کہ اس کے قیام کا وقت کب ہے؟ کہہ دے کہ اس کا علم تو میرے پروردگار ہی کے پاس ہے۔ وہی اس کو اس کے وقت پر ظاہر کر دے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین میں بھاری چیز ہے۔ تم پر اچانک ہی آجائے گی وہ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ گویا تو اس کے سراغ میں لگا ہوا ہے۔ کہہ دے کہ اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے۔

۔الاعراف ۷:۱۸۷۔

۳۲۔اور وہ کہتے ہیں قیامت کب ہوگی؟ تو کہہ دے کہ عجب نہیں قریب ہی آ لگی ہو۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۵۱۔

۳۳۔بے شک قیامت آنے والی ہے۔ قریب ہے کہ میں اس کے وقت کو چھپائے رکھوں۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۵۔

۳۴۔اور وہ (بت) نہیں جانتے کہ وہ کب اٹھائے جائیں گے بلکہ آخرت کے بارے میں ان کا علم ختم ہو گیا ہے۔ بلکہ وہ اس کی طرف سے شک میں ہیں بلکہ وہ اس کی طرف سے اندھے ہیں۔

۔النحل ۲۷:۱۵۔۲۶۔

۲۵۔اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞

۲۶۔وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ

۲۷۔قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞

۲۸۔وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۞

۲۹۔اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

۳۰۔اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝

۳۱۔يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞

۳۲۔وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۞

۳۳۔اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا

۳۴۔وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۞ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۞

۳۵۔ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ۝

۳۶۔ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ۝

۳۷۔ يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ ۚ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا ۝

۳۸۔ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ۝

۳۹۔ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ۝ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ۝

۴۰۔ إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

۴۱۔ وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

۴۲۔ يَسْأَلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ ۝ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ ۝

۴۳۔ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ

۳۵۔اور وہ کہتے ہیں کہ تم سچے ہو تو یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جس کے لیے تم جلدی مچا رہے ہو شاید اس میں سے کچھ تمہارے پاس ہی آ لگا ہو۔

۔النمل ۲۷: ۷۱۔۷۲۔

۳۶۔بے شک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔اور وہی بارش اتارتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ رحموں میں ہے۔اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کل وہ کیا کرے گا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا، خبردار ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۳۴۔

۳۷۔(اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اس کے وقت کا علم تو اللہ ہی کو ہے اور تجھے کیا معلوم شاید قیامت قریب ہی ہو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۶۳۔

۳۸۔اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہو گا۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تمہارے لیے ایک دن مقرر ہے۔ اس سے نہ ایک گھڑی تم پیچھے رہو اور نہ آگے بڑھو۔

۔سبا ۳۴: ۲۹۔۳۰۔

۳۹۔اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟ وہ تو بس ایک چنگھاڑ ہی کے منتظر ہیں جو انہیں ایسی حالت میں آ پکڑے کہ وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں پھر نہ وصیت ہی کر سکیں اور نہ اپنے گھر والوں ہی کی طرف لوٹ سکیں۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۴۸۔۵۰۔

۴۰۔قیامت کا علم اسی کی طرف لوٹایا جاتا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۷۔

۴۱۔اور قیامت کا علم اسی کے پاس ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۵۔

۴۲۔پوچھتے ہیں قیامت کا دن کب ہوگا۔ جس روز یہ لوگ آگ پر بھونے جائیں گے۔

۔الذٰریٰت ۵۱: ۱۲۔۱۳۔

۴۳۔اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہو گا؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ علم تو اللہ ہی کے پاس ہے اور میں

تو ایک کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

-الملک ۶۷: ۲۵-۲۶-

۴۴- بلکہ انسان چاہتا ہے کہ اپنے آگے گناہ کرے۔ پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگا؟

-القیمۃ ۷۵: ۵-۶-

۴۵- وہ کس چیز کی بابت ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں؟ کیا اس بڑی خبر کی بابت جس میں وہ باہم مختلف ہو رہے ہیں۔

-النباء ۷۸: ۱-۳-

۴۶- (اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں کہ اس کے قائم ہونے کا وقت کب ہے۔ تو اس کے کس خیال میں ہے اس کی انتہا تیرے پروردگار کی طرف ہے۔

-النزعت ۷۹: ۴۲-۴۴-

۸۔ قیامت قریب ہے

۴۷- (اے نبی ﷺ!) کہہ دے شاید قریب ہی ہو۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۵۱-

۴۸- اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہی ہو۔

-الاحزاب ۳۳: ۶۳-

۴۹- اور تجھے کیا معلوم شاید قیامت قریب ہی ہو۔

-الشوریٰ ۴۲: ۱۷-

۵۰- قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔

-القمر ۵۴: ۱-

۵۱- وہ اسے دور خیال کرتے ہیں اور ہم اسے قریب ہی

عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ

۴۴- بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۚ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ

۴۵- عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۙ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ

۴۶- يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۗ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ۚ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا

۴۷- قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا

۴۸- وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا

۴۹- وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ

۵۰- اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ

۵۱- اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ۙ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا

۵۲- وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

۵۳- وَمَاۤ اَمْرُنَاۤ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ

۵۴- لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً

دیکھتے ہیں۔

-المعارج ۷۰: ۶-۷-

۹۔ قیامت طرفۃ العین میں آجائے گی

۵۲- اور قیامت کا ہونا تو آنکھ جھپکنے کی طرح ہے یا اس سے بھی زیادہ قریب۔ بے شک اللہ ہر شے قادر ہے۔

-النحل ۱۶: ۷۷-

۵۳- اور ہمارا کام تو یک بارگی ہی ہو جائے گا جیسے آنکھ کا جھپکنا۔

-القمر ۵۴: ۵۰-

۱۰۔ قیامت اچانک آجائے گی

۵۴- وہ تم پر اچانک ہی آجائے گی۔

-الاعراف ۷: ۱۸۷-

۵۵۔ بلکہ وہ ان پر اچانک آ ئے گی اور انہیں بھونچکا بنا دے گی پھر وہ نہ اس کو ٹال سکیں گے اور نہ انہیں مہلت ہی دی جائے گی۔

۔الانبیاء ۲۱: ۴۰۔

۵۶۔ کیا وہ قیامت ہی کا انتظار کرتے ہیں کہ ان پر اچانک آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۶۔

۵۷۔ کیا وہ قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ ان پر اچانک آ موجود ہو۔ سو اس کی علامتیں تو آ چکیں۔ پھر جب وہ ان پر آ جائے گی تو انہیں ان کا نصیحت پکڑنا کہاں مفید ہوگا۔

۔محمد ۴۷: ۱۸۔

۱۱۔ قیامت ایک ڈانٹ یا چنگھاڑ سے قائم ہوگی

۵۸۔ وہ تو بس ایک چنگھاڑ ہی کے منتظر ہیں کہ انہیں ایسے وقت آ پکڑے کہ وہ باہم جھگڑ رہے ہوں۔ پھر وہ نہ وصیت ہی کر سکیں اور نہ اپنے گھروں ہی کو لوٹ سکیں۔

۔یٰسین ۳۶: ۴۹۔ ۵۰

۵۹۔ وہ (قیامت) تو صرف ایک چنگھاڑ ہوگی اس کے ہوتے ہی وہ سب ہمارے پاس حاضر کئے جائیں گے۔

۔یٰسین ۳۶: ۵۳۔

۶۰۔ سو وہ قیامت تو ایک ڈانٹ ہے۔ اس کے ہوتے ہی وہ (ادھر ادھر) دیکھنے لگیں گے اور کہیں گے ہائے ہماری خرابی! یہ انصاف کا دن ہے، یہ وہ فیصلے کا دن ہے، جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۹۔ ۲۱۔

۶۱۔ اور یہ تو بس ایک چنگھاڑ ہی کے منتظر ہیں جس کے بیچ کوئی وقفہ نہیں ہے۔

۔ص ۳۸: ۱۵۔

۶۲۔ جس دن وہ چنگھاڑ جو برحق ہے، سنیں گے۔ یہی

۵۵۔ بَلْ تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ۝

۵۶۔ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝

۵۷۔ فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً ۖ فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا ۚ فَأَنَّىٰ لَهُمْ إِذَا جَاءَتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ ۝

۵۸۔ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ۝ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ۝

۵۹۔ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

۶۰۔ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ ۝ وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ۝ هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝

۶۱۔ وَمَا يَنظُرُ هَٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَّا لَهَا مِن فَوَاقٍ ۝

۶۲۔ يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ ۝

۶۳۔ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ ۝ فَإِذَا هُم بِالسَّاهِرَةِ ۝

۶۴۔ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللَّهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُم بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ ۖ فَنَذَرُ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

۶۵۔ وَيَدْعُ الْإِنسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ ۖ وَكَانَ الْإِنسَانُ عَجُولًا ۝

قبروں سے نکلنے کا دن ہے۔

۔ق ۵۰: ۴۲۔

۶۳۔ وہ تو بس ایک ڈانٹ ہے۔ سو اس کے ہوتے ہی وہ کھلے میدان میں موجود ہوں گے۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۱۳۔ ۱۴۔

۱۲۔ کافر قیامت کے لیے جلدی مچاتے ہیں

۶۴۔ اور اگر اللہ لوگوں کو جلد برائی پہنچائے جیسا کہ وہ جلد بھلائی مانگتے ہیں تو ان کی میعاد ضرور پوری کر دی جائے گی۔ مگر ہم ان لوگوں کو جو ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے ان کی گمراہی میں چھوڑ دیتے ہیں کہ پڑے بھٹکتے رہیں۔

۔یونس ۱۰: ۱۱۔

۶۵۔ اور انسان اسی طرح برائی مانگتا ہے، جس طرح بھلائی مانگتا ہے اور انسان جلد باز ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۱۔

۶۶۔ اس کے لیے وہی جلدی مچاتے ہیں جو اس پر ایمان نہیں رکھتے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۸۔

۶۷۔ اب اپنے فتنوں کے مزے چکھو یہ ہے وہ جس کے لیے تم جلدی مچایا کرتے تھے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۱۴۔

۱۳۔ قیامت کی حقیقت کوئی کیا جانے

۶۸۔ آپڑنے والی، کیا ہے آپڑنے والی اور تو کیا جانے کیا ہے آپڑنے والی۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۱۔۳

۶۹۔ اور تو کیا جانے کیا ہے دن فیصلے کا، پھر تو کیا جانے کیا ہے دن فیصلے کا۔

۔الانفطار ۸۲: ۱۷۔۱۸۔

۷۰۔ کھٹکھٹانے والی، کیا ہے کھٹکھٹانے والی اور تو کیا جانے کیا ہے کھٹکھٹانے والی۔

۔القارعۃ ۱۰۱: ۱۔۳۔

۱۴۔ قیامت بڑی آفت ہے

۷۱۔ بلکہ قیامت ان کے وعدہ کا وقت ہے اور قیامت بڑی آفت اور بڑی کڑوی ہے۔

۔القمر ۵۴: ۴۶۔

۷۲۔ پھر جب وہ بڑی آفت آموجود ہوگی۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۳۴۔

۱۵۔ قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا

۷۳۔ اس کی طرف فرشتے اور روح (جبریل) اس دن چڑھیں گے جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی۔

۔المعارج ۷۰: ۴۔

۱۶۔ قیامت حسرت کا دن ہے

۷۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) انہیں حسرت کے دن سے ڈرا جب کہ کام ختم کیا جائے گا اور وہ غفلت میں ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے۔

۔مریم ۱۹: ۳۹۔

۶۶۔ يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا

۶۷۔ ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ۝

۶۸۔ الْحَاقَّةُ ۝ مَا الْحَاقَّةُ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ ۝

۶۹۔ وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ۝ ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ۝

۷۰۔ الْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝

۷۱۔ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ وَأَمَرُّ ۝

۷۲۔ فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَىٰ ۝

۷۳۔ تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ ۝

۷۴۔ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

۷۵۔ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ

۷۶۔ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

۷۷۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ۝

۱۷۔ قیامت ہار جیت کا دن ہے

۷۵۔ جس دن وہ تمہیں جمع کرنے کے دن جمع کرے گا، یہ ہار جیت کا دن ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۹۔

۱۸۔ قیامت عظیم الشان دن ہے

۷۶۔ کیا یہ لوگ یہ یقین نہیں کرتے کہ وہ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے ایک بڑے دن میں۔ جس دن سب لوگ جہانوں کے پروردگار کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

۔المطففین ۸۳: ۴۔۶۔

۱۹۔ قیامت کا زلزلہ عظیم ہے

۷۷۔ لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو۔ بے شک قیامت کا بھونچال ایک بڑی بھاری بات ہے۔

۔الحج ۲۲: ۱۔

۲۰۔ قیامت بعض کو پست اور بعض کو بلند کرے گی

۷۸۔ (قیامت بعض کو) پست (اور بعض کو) بلند کرنے والی ہے۔

۔الواقعۃ ۵۶:۳۔

۲۱۔ ہول قیامت سے بچے بوڑھے ہو جائیں گے

۷۹۔ پھر اگر تم نے کفر کیا تو اس دن سے کس طرح بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔

۔المزمل ۷۳:۱۷۔

۲۲۔ قیامت آسمانوں اور زمین میں بھاری ہے

۸۰۔ قیامت آسمانوں اور زمین میں بھاری ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۸۷۔

۲۳۔ حاملہ عورتوں کے حمل گر جائیں گے، دودھ پلانے والی عورتیں اپنے بچوں کو بھول جائیں گی اور لوگ نشے کی سی حالت میں ہوں گے

۸۱۔ جس دن تم اسے دیکھو گے، ہر ایک دودھ پلانے والی اپنے بچے کو جسے وہ دودھ پلاتی ہے بھول جائے گی اور ہر ایک حاملہ اپنا حمل گرا دے گی اور تو لوگوں کو نشے کی سی حالت میں دیکھے گا حالانکہ وہ نشے میں نہیں ہوں گے۔ مگر وہ ہے کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔

۔الحج ۲۲:۲۔

۲۴۔ قیامت کو آوازیں دب جائیں گی

۸۲۔ اس دن وہ بلانے والے کے پیچھے لگ جائیں گے۔ اس سے کج روی نہیں کریں گے اور رحمٰن کے آگے آوازیں دب جائیں گی۔ سو تو سوائے آہستہ آواز کے نہ سنے گا۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۰۸۔

۲۵۔ پنڈلی کھولی جائے اور لوگوں کو سجدے کا حکم

۸۳۔ جس دن پنڈلی کھولی جائے گی اور وہ سجدے کے لیے بلائے جائیں گے تو سجدہ نہ کر سکیں گے۔ ان کی آنکھیں نیچی ہوں گی اور ان پر ذلت چھا رہی ہوگی اور وہ سجدے کی طرف بلائے جاتے تھے اور صحیح سلامت تھے۔

۔القلم ۶۸:۴۲-۴۳۔

۲۶۔ قیامت فیصلے کا دن ہے

۸۴۔ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ ایمان لائے اور وہ جو یہودی ہیں اور بے دین اور نصاریٰ اور آتش پرست اور وہ جنہوں نے شرک کیا، قیامت کے دن اللہ ضرور ان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔

۔الحج ۲۲:۱۷۔

۸۵۔ بادشاہت اس دن اللہ کی ہے، وہی ان کے لیے حکم کرے گا۔

۔الحج ۲۲:۵۶۔

۸۶۔ اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں تم باہم اختلاف رکھتے تھے۔

۔الحج ۲۲:۶۹۔

۷۸۔ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝

۷۹۔ فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِن كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝

۸۰۔ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

۸۱۔ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَا هُم بِسُكَارَىٰ وَلَٰكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ ۝

۸۲۔ يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ۝

۸۳۔ يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ ۝

۸۴۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

۸۵۔ الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

۸۶۔ اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

۸۷۔ وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ۝ هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝

۸۸۔ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيقَاتُهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

۸۹۔ وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ ۝ لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ ۝ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۝

۹۰۔ هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۖ جَمَعْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِينَ ۝

۹۱۔ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتًا ۝

۹۲۔ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۹۳۔ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

۹۴۔ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

۹۵۔ إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

۹۶۔ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۹۷۔ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

۹۸۔ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝

۸۷۔ اور (کافر) کہیں گے ہائے ہماری خرابی! یہ ہے دن انصاف کا۔ یہ وہ فیصلے کا دن ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۲۰۔۲۱۔

۸۸۔ بے شک فیصلے کا دن ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔

۔الدخان ۴۴: ۴۰۔

۸۹۔ اور جب رسول وقتِ مقررہ پر لائے جائیں گے انہیں کس دن کے لیے مہلت دی گئی ہے، فیصلے کے دن کے لیے اور تو کیا جانے فیصلے کا دن کیا ہے۔

۔المرسلٰت ۷۷: ۱۱۔۱۴۔

۹۰۔ یہ فیصلے کا دن ہے ہم نے تمہیں اور پہلوں کو جمع کیا۔

۔المرسلٰت ۷۷: ۳۸۔

۹۱۔ بے شک فیصلے کا دن ٹھہرایا ہوا وقت ہے۔

۔النبا ۷۸: ۱۷۔

۲۷۔ قیامت کو لوگوں کے درمیان فیصلہ

۹۲۔ اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔یونس ۱۰: ۵۴۔

۹۳۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

۔یونس ۱۰: ۹۳۔

۹۴۔ اور تاکہ وہ تم سے قیامت کے دن وہ باتیں بیان کرے جن میں تم باہم اختلاف کرتے تھے۔

۔النحل ۱۶: ۹۲۔

۹۵۔ ہفتے کا دن (عبادت کے لیے) صرف انہیں لوگوں پر مقرر کیا گیا ہے جنہوں نے اس میں اختلاف کیا اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ (دنیا میں) باہم اختلاف کرتے تھے۔

۔النحل ۱۶: ۱۲۴۔

۹۶۔ اور ان کے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الزمر ۳۹: ۶۹۔

۹۷۔ اور ان کے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ سب تعریف اللہ کے لیے جو پروردگار ہے سارے جہانوں کا۔

۔الزمر ۳۹: ۷۵۔

۹۸۔ اللہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

۔الممتحنۃ ۶۰: ۳۔

قیامت کی نشانیاں

۱۔ یاجوج وماجوج

۱۔ یہاں تک کہ جب یاجوج وماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر اونچی جگہ سے دوڑ رہے ہوں گے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۹۶۔

۲۔ قیامت سے پہلے دابہ زمین سے نکلے گا جو لوگوں سے ہم کلام ہوگا

۲۔ اور جب ان پر بات آپڑے گی تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے وہ ان سے کہے گا کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں لاتے تھے۔

۔النمل ۲۷: ۸۲۔

۳۔ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی نشانی ہے

۳۔ اور بے شک وہ قیامت کی نشانی ہے۔ تو تم اس میں شک نہ کرو اور میرا کہا مانو یہی سیدھی راہ ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۱۔

۴۔ آسمان سے دھواں آئے گا

۴۔ سو (اے نبی ﷺ!) تو اس دن کا انتظار کر کہ آسمان کھلم کھلا دھواں لائے جو لوگوں پر چھا جائے گا۔ یہ دردناک عذاب ہے۔ (کہیں گے کہ) اے ہمارے پروردگار! ہم سے اس عذاب کو ٹال، ہم ایمان لائے۔ اس وقت ان کے لیے نصیحت کہاں ہے حالانکہ ان کے پاس کھول کر بیان کرنے والا رسول آچکا تھا۔ پھر انہوں نے اس سے مونہہ پھیرا اور کہا کہ سکھلایا ہوا دیوانہ ہے۔ بے شک ہم تھوڑا سا عذاب ہٹادیتے ہیں مگر تم پھر کفر کرنے والے ہو، جس دن ہم بڑی پکڑ پکڑیں گے۔ بے شک ہم بدلہ لینے والے ہیں۔

۔الدخان ۴۴: ۱۰۔۱۶۔

۱۔ حَتّٰٓی اِذَا فُتِحَتْ یَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَھُمْ مِّنْ کُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾

۲۔ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْھِمْ اَخْرَجْنَا لَھُمْ دَآبَّۃً مِّنَ الْاَرْضِ تُکَلِّمُھُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ کَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾

۳۔ وَاِنَّہٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَۃِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِھَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۶۱﴾

۴۔ فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۰﴾ یَّغْشَی النَّاسَ ؕ ھٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۱﴾ رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَنّٰی لَھُمُ الذِّکْرٰی وَقَدْ جَآءَھُمْ رَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْہُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا کَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِیْلًا اِنَّکُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾ یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَۃَ الْکُبْرٰی ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾

۵۔ فَھَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَۃَ اَنْ تَاْتِیَھُمْ بَغْتَۃً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُھَا ۚ فَاَنّٰی لَھُمْ اِذَا جَآءَتْھُمْ ذِکْرٰىھُمْ ﴿۱۸﴾

۶۔ وَاِنْ مِّنْ قَرْیَۃٍ اِلَّا نَحْنُ مُھْلِکُوْھَا قَبْلَ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اَوْ مُعَذِّبُوْھَا عَذَابًا شَدِیْدًا ؕ کَانَ ذٰلِکَ فِی الْکِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

۷۔ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾

۵۔ قیامت کی بعض علامتیں آچکیں

۵۔ تو کیا یہ لوگ قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ ان پر اچانک آموجود ہو۔ تو اس کی نشانیاں تو آہی چکیں۔ پس ان کے لیے کہاں (امن) ہوگا جب ان کے پاس ان کی نصیحت آئے گی۔

۔محمد ۴۷: ۱۸۔

۶۔ قیامت سے پہلے ہر بستی کا ہلاک ہونا

۶۔ اور کوئی بستی نہیں ہے جسے ہم قیامت کے دن سے پہلے ہلاک کرنے والے یا اسے سخت عذاب دینے والا نہ ہوں یہ کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۵۸۔

۷۔ چاند شق ہوا

۷۔ قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔

۔القمر ۵۴: ۱۔

نفخِ صور

۱۔ پہلی بار کا صور

۱۔ اس کا فرمودہ سچا ہے اور جس دن صور پھونکا جائے گا، اسی کی حکومت ہوگی۔

۔الانعام ۶: ۷۳۔

۲۔ پھر جب صور میں ایک دفعہ ہی ایک پھونک دی جائے گی۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۱۳۔

۲۔ صور کی آواز سے گھبراہٹ اور بے ہوشی

۳۔ اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، سب گھبرا جائیں گے۔

۔النمل ۲۷: ۸۷۔

۴۔ اور صور پھونکا جائے گا تو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سوائے اس کے جسے اللہ چاہے سب بے ہوش ہو جائیں گے۔

۔الزمر ۳۹: ۶۸۔

۱۔ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۭ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ

۲۔ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝

۳۔ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ

۴۔ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ

کائنات میں تبدیلیاں

۱۔ قیامت کو زمین لرزے گی

۱۔ جب زمین خوب زور سے ہلائی جائے گی۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۴۔

۲۔ جس دن زمین اور پہاڑ کانپا ئیں گے اور پہاڑ بھر بھرے ٹیلے ہو جائیں گے۔

۔المزمل ۷۳: ۱۴۔

۳۔ قسم ہے ڈوب کر جان کھینچنے والوں کی اور جان کا بند کھول دینے والوں کی اور ہوا میں تیرنے والوں کی اور تیزی سے آگے نکل جانے والوں کی پھر کام کی تدبیر کرنے والوں کی جس دن کپکپانے والی کپکپائے گی اور پیچھے آنے والی (حرکت) اس کے پیچھے آئے گی۔

۔النازعات ۷۹: ۱-۷۔

۴۔ جب زمین اپنا پورا جاہ ہلائی جائے گی۔

۔الزلزال ۹۹: ۱۔

۲۔ زمین منور ہو جائے گی

۵۔ اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھے گی۔

۔الزمر ۳۹: ۶۹۔

۳۔ زمین اجڑ کر چٹیل میدان بن جائے گی

۶۔ اور بے شک ہم اس چیز کو جو زمین پر ہے پھر زمین بنانے والے ہیں۔

۔الکہف ۱۸: ۸۔

۱۔ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝

۲۔ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝

۳۔ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝

۴۔ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝

۵۔ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا

۶۔ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝

۴۔ زمین پھیلائی جائے گی

۷۔ اور جب زمین پھیلائی جائے گی۔

۔الانشقاق ۸۴:۳۔

۸۔ اور جو اس میں ہے اس کو باہر ڈال دے گی۔ اور خالی ہو جائے گی اور اپنے پروردگار کے لیے کان لگائے گی اور وہ اسی لائق ہے۔

۔الانشقاق ۸۴:۴۔۵۔

۵۔ زمین اپنے اندر کی چیزیں باہر نکال ڈالے گی

۹۔ اور زمین اپنے (اندر کے) بوجھ باہر نکال دے گی۔

۔الزلزال ۹۹:۲۔

۶۔ زمین کی حالت پر انسان کا تعجب

۱۰۔ جب زمین اپنا ہلایا جانا ہلائی جائے گی اور زمین اپنے (اندر کے) بوجھ باہر نکال دے گی۔ اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوا۔

۔الزلزال ۹۹:۱۔۳۔

۷۔ اللہ کے حکم سے زمین داستان سنائے گی

۱۱۔ اس دن وہ اپنی باتیں بیان کرے گی اس لیے کہ اس کے پروردگار نے اس کی طرف وحی کی ہوگی۔

۔الزلزال ۹۹:۴۔۵۔

۸۔ زمین اٹھا کر پٹک دی جائے گی

۱۲۔ پھر جب ایک دفعہ ہی صور پھونک دیا جائے گا اور زمین اور پہاڑ اٹھا کر ایک دفعہ ہی پٹک دیے جائیں گے تو اس دن آ پڑنے والی آپڑے گی۔

۔الحاقۃ ۶۹:۱۳۔۱۵۔

۱۳۔ یوں ہرگز نہیں، جب زمین پٹک کر ریزہ ریزہ کر دی جائے۔

۔الفجر ۸۹:۲۱۔

۷۔ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝

۸۔ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

۹۔ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ۝

۱۰۔ إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْإِنْسَانُ مَا لَهَا ۝

۱۱۔ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ۝ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ۝

۱۲۔ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ ۝ وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝

۱۳۔ كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ۝

۱۴۔ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝

۱۵۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

۱۶۔ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَدًا ۝

۹۔ زمین و آسمان بدل دیے جائیں گے

۱۴۔ جس دن زمین دوسری زمین سے اور نیز آسمان بدلے جائیں گے اور وہ لوگ اکیلے زبردست اللہ کے آگے میدان میں ہوں گے۔

۔ابراہیم ۱۴:۴۸۔

۱۰۔ زمین اللہ کی مٹھی میں ہوگی

۱۵۔ اور انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق ہے۔ اور قیامت کے دن ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی۔

۔الزمر ۳۹:۶۷۔

۱۱۔ پہاڑ چلنے لگیں گے

۱۶۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تو زمین کو صاف نکلی ہوئی دیکھے گا اور انہیں ہم اکٹھا کریں گے تو ہم ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے۔

۔الکہف ۱۸:۴۷۔

۱۷۔ اور تو پہاڑوں کو دیکھے گا تو انہیں ایک جگہ جما ہوا خیال کرے گا۔ حالانکہ بادلوں کی رفتار کی طرح چل رہے ہوں گے۔ یہ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر شے کو مضبوطی عطا کی ہے۔ بے شک وہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔

۔ النمل ۲۷:۸۸۔

۱۸۔ اور پہاڑ چلیں گے اپنی چال۔

۔ الطور ۵۲:۱۰۔

۱۹۔ اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو جائیں گے۔

۔ النبا ۷۸:۲۰۔

۱۲۔ پہاڑ لرزیں گے

۲۰۔ اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے۔

۔ التکویر ۸۱:۳۔

۲۱۔ جس دن زمین اور پہاڑ کپکپائیں گے۔

۔ المزمل ۷۳:۱۴۔

۲۲۔ اور پہاڑ مثل اون کے ہوں گے۔

۔ المعارج ۷۰:۹۔

۱۳۔ پہاڑ دھنکی ہوئی اون کی مانند ہوں گے

۲۳۔ اور پہاڑ مثل دھنکی ہوئی اون کے ہوں گے۔

۔ القارعة ۱۰۱:۵۔

۲۴۔ جس دن زمین اور پہاڑ کپکپائیں گے اور پہاڑ بھربھرے ٹیلے ہو جائیں گے۔

۔ المزمل ۷۳:۱۴۔

۲۵۔ اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو جائیں گے۔

۔ النبا ۷۸:۲۰۔

۱۵۔ پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر اڑیں گے

۲۶۔ اور (اے نبی ﷺ) تجھ سے پہاڑوں کی نسبت

۱۷۔ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۚ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ اِنَّهٗ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ۝

۱۸۔ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝

۱۹۔ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝

۲۰۔ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝

۲۱۔ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ

۲۲۔ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝

۲۳۔ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝

۲۴۔ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝

۲۵۔ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝

۲۶۔ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۝

۲۷۔ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝

۲۸۔ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝

۲۹۔ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝

پوچھتے ہیں۔ تو کہہ دے کہ انہیں میرا پروردگار چورا چورا کر کے اڑا دے گا تو وہ اس (زمین) کو صاف چٹیل میدان بنا چھوڑے گا۔ تو اس میں نہ کہیں خم دیکھے گا اور نہ اونچان۔

۔ طٰہٰ ۲۰:۱۰۵۔۱۰۷۔

۲۷۔ اور پہاڑ ریزہ ریزہ کر کے اڑا دیئے جائیں گے۔ سو وہ پراگندہ غبار ہو جائیں گے۔

۔ الواقعة ۵۶:۵۔۶۔

۲۸۔ اور جب پہاڑ اڑا دیئے جائیں۔

۔ المرسلات ۷۷:۱۰۔

۱۶۔ پہاڑ اوپر اٹھا کر نیچے پٹکے جائیں گے

۲۹۔ اور زمین اور پہاڑ اوپر اٹھا کر ایک دفعہ ہی پٹک دیئے جائیں گے۔

۔ الحاقة ۶۹:۱۴۔

۱۷۔ سمندر ابل پڑیں گے

۳۰۔ اور جب سمندر جھونکے جائیں۔

۔التکویر ۸۱:۶۔

۳۱۔ اور جب سمندر چیرے جائیں۔

۔الانفطار ۸۲:۳۔

۱۸۔ دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں چھٹی پھریں گی

۳۲۔ اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں بے کار چھٹی پھریں۔

۔التکویر ۸۱:۴۔

۳۰۔ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ

۳۱۔ وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ

۳۲۔ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ

اجرامِ سماوی میں انقلاب

۱۔ چاند پھٹ جائے گا

۱۔ قیامت پاس آئی اور چاند پھٹا۔

۔القمر ۵۴:۱۔

۲۔ چاند سورج دونوں کو اکٹھا گرہن

۲۔ پھر جب آنکھیں پتھرا جائیں اور چاند کو گہن لگے اور سورج اور چاند اکٹھے کئے جائیں۔

۔القیمۃ ۷۵:۷۔۹۔

۳۔ سورج لپیٹا جائے گا

۳۔ جب سورج لپیٹ جائے۔

۔التکویر ۸۱:۱۔

۴۔ ستارے بے نور ہو جائیں گے

۴۔ اور جب ستارے بے نور کئے جائیں۔

۔المرسلٰت ۷۷:۸۔

۵۔ اور جب ستارے ماند پڑ جائیں۔

۔التکویر ۸۱:۲۔

۵۔ ستارے آسمان سے جھڑیں گے

۶۔ اور جب ستارے جھڑنے لگیں۔

۔الانفطار ۸۲:۲۔

۱۔ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ

۲۔ فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ وَخَسَفَ الْقَمَرُ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

۳۔ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

۴۔ فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ

۵۔ وَإِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ

۶۔ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ

۷۔ وَالطُّورِ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ فِي رَقٍّ مَنْشُورٍ وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ مَا لَهُ مِنْ دَافِعٍ يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْرًا

۸۔ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلَائِكَةُ تَنْزِيلًا

۹۔ فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ

۷۔ قسم ہے طور کی، اور لکھی ہوئی کتاب کی، پھیلی ہوئی جھلی میں اور بیت المعمور کی اور (آسمان کی) اونچی چھت کی اور ابلتے ہوئے سمندر کی، بے شک تیرے پروردگار کا عذاب واقع ہونے والا ہے۔ اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے۔ جس دن آسمان کپکپا کر لرزے گا۔

۔الطور ۵۲:۱۔۹۔

۶۔ آسمان پھٹ جائے گا

۸۔ اور جس دن بدلی کے نیچے سے آسمان پھٹے گا اور فرشتے اتارے جائیں گے۔

۔الفرقان ۲۵:۲۵۔

۹۔ پھر جب آسمان پھٹ جائے گا اور سرخ نری کی مانند ہو جائے گا۔

۔الرحمٰن ۵۵:۳۷۔

۱۰۔ وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ۝

۱۱۔ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا ۝

۱۲۔ وَإِذَا السَّمَاءُ فُرِجَتْ ۝

۱۳۔ وَفُتِحَتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا ۝

۱۴۔ وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝

۱۵۔ إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ ۝

۱۶۔ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

۱۷۔ فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝

۱۸۔ وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ۝

۱۹۔ يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ ۝

۲۰۔ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ۝

۲۱۔ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

۲۲۔ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلَائِكَةُ تَنْزِيلًا ۝

۱۰۔ اور آسمان پھٹ جائے گا۔ سو وہ اس دن کمزور ہو گا۔

-الحاقة ۶۹:۱۶-

۱۱۔ آسمان پھاڑا جائے گا، یہ اس کا وعدہ، ہو کر رہے گا۔

-المزمل ۷۳:۱۸-

۱۲۔ اور جب آسمان میں شگاف کیا جائے۔

-المرسلات ۷۷:۹-

۱۳۔ اور آسمان کھولا جائے سو اس میں دروازے ہو جائیں گے۔

-النبا ۷۸:۱۹-

۱۴۔ اور جب آسمان کی کھال کھینچی جائے۔

-التکویر ۸۱:۱۱-

۱۵۔ جب آسمان چر جائے۔

-الانفطار ۸۲:۱-

۱۶۔ جب آسمان پھٹ جائے اور اپنے پروردگار کے لیے کان لگائے اور وہ اسی لائق ہے۔

-الانشقاق ۸۴:۱-۲-

۷۔ آسمان پھٹ کر سرخ

۱۷۔ پھر جب آسمان پھٹ جائے گا اور سرخ نری کی مانند ہو جائے گا۔

-الرحمٰن ۵۵:۳۷-

۸۔ آسمان پھٹ کر کمزور

۱۸۔ اور آسمان پھٹ جائے گا۔ سو وہ اس دن کمزور ہو گا۔

-الحاقة ۶۹:۱۶-

۹۔ آسمان پگھلا تانبا سا

۱۹۔ جس دن آسمان پگھلے تانبے کی طرح (سرخ) ہو جائے گا۔

-المعارج ۷۰:۸-

۱۰۔ آسمان لپیٹا جائے گا

۲۰۔ جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جس طرح طومار خطوں کو لپیٹ لیتا ہے۔ جس طرح ہم نے پہلی بار پیدائش شروع کی تھی اسی طرح ہم اسے دہرائیں گے۔ یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے۔ بے شک ہم یہ کرنے والے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱:۱۰۴-

۲۱۔ اور انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق ہے اور قیامت کے دن ساری زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔ وہ ان کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

-الزمر ۳۹:۶۷-

۱۱۔ آسمان سے فرشتے اتریں گے

۲۲۔ اور جس دن آسمان بدلی کے ساتھ پھٹے گا اور فرشتے (زمین پر) اتارے جائیں گے۔

-الفرقان ۲۵:۲۵-

۱۲۔ آسمان تبدیل کیے جائیں گے

۲۳۔ جس دن یہ زمین دوسری زمین سے اور (نیز) آسمان بدلے جائیں گے اور وہ اکیلے زبردست اللہ کے آگے میدان میں ہوں گے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۸۔

۱۳۔ فرشتے عرش کے گرد اللہ کی تسبیح وتحمید کریں گے

۲۴۔ اور تو فرشتوں کو عرش کے گرد حلقہ باندھے دیکھے گا، اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ (اس کی) پاکی بیان کر رہے ہوں گے اور ان کے درمیان حق حق فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ سب تعریف اللہ کے لیے جو سارے جہان کا پروردگار ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۵۔

۱۴۔ فرشتے اور روح اللہ کی طرف چڑھیں گے

۲۵۔ اور اس کی طرف فرشتے اور روح (جبریل علیہ السلام) اس دن چڑھیں گے جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی۔

۔المعارج ۷۰: ۴۔

۱۵۔ اللہ اور فرشتے صف باندھ کر آئیں گے

۲۶۔ اور تیرا پروردگار اور فرشتے صفوں کی صفیں آموجود ہوں گے۔

۔الفجر ۸۹: ۲۲۔

۱۶۔ روح اور فرشتے کلام نہ کر سکیں گے

۲۷۔ جس دن روح (جبریل) اور فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے کچھ نہ بولیں گے مگر وہی جس کو رحمن اجازت دے اور وہ درست بات کہے گا۔

۔النبا ۷۸: ۳۸۔

۱۷۔ آٹھ فرشتے حاملانِ عرش

۲۸۔ اور فرشتے اس کے کناروں پر ہوں گے اور اس دن تیرے پروردگار کے تخت کو آٹھ فرشتے اپنے اوپر اٹھائے ہوں گے۔

۔الحاقہ ۶۹: ۱۷۔

۲۳۔ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝

۲۴۔ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۲۵۔ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝

۲۶۔ وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝

۲۷۔ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝

۲۸۔ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝

۱۔ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۝

۲۔ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۝

نفخ صور دوبارہ

۱۔ دوسرے صور سے مردے قبروں سے نکل کھڑے ہوں گے

۱۔ اور ہم اس دن ان کے بعض کو بعض میں موجیں مارتا چھوڑ دیں گے اور صور پھونکا جائے گا پھر ہم ان کو اکٹھا کریں گے۔

۔الکہف ۱۸: ۹۹۔

۲۔ جس دن صور پھونکا جائے گا اور ہم گنہگاروں کو اس دن نیلی آنکھوں کے ساتھ اکٹھا کریں گے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۰۲۔

۳۔ اور سب اس کے پاس ذلیل ہو کر حاضر ہوں گے۔

۔النمل ۲۷: ۸۷۔

۴۔ اور صور پھونکا جائے گا تو اسی دم وہ قبروں سے نکل کر اپنے پروردگار کی طرف دوڑیں گے۔ کہیں گے کہ ہائے ہماری خرابی! ہمیں ہماری خوابگاہوں میں سے کس نے اٹھا دیا۔ یہ وہ ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔

۔یٰس ۳۶: ۵۱۔۵۲۔

۵۔ پھر اس میں دوسری بار صور پھونکا جائے گا تو اسی دم وہ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے۔

۔الزمر ۳۹: ۶۸۔

۶۔ اور صور پھونکا جائے گا۔ یہ عذاب کے وعدہ کا دن ہے۔

۔ق ۵۰: ۲۰۔

۷۔ اور جب آسمان پھٹ جائے اور پھس پھسا ہو گا۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۱۶۔

۸۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا۔

۔المدثر ۷۴: ۸۔

۹۔ اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم فوج در فوج چلے آؤ گے۔

۔النبا ۷۸: ۱۸۔

۲۔ نفخ صور ہوتے ہی رشتے ناتے ختم

۱۰۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو اس دن ان کے درمیان نہ رشتہ ہو گا اور نہ وہ ایک دوسرے سے پوچھ گچھ کر سکیں گے۔

۔المومنون ۲۳: ۱۰۱۔

۳۔ زمین پھٹ کر مردے قبروں سے نکل پڑیں گے

۱۱۔ جس دن ان سے زمین پھٹے گی، جلدی کرتے ہوئے۔ یہ اکٹھا کرنا ہے جو ہم پر آسان ہے۔

۔ق ۵۰: ۴۴۔

۱۲۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو ان سے منہ پھیر لے۔ جس دن پکارنے والا ایک ان دیکھی چیز کی طرف پکارے گا، اپنی آنکھیں نیچی کیے قبروں سے نکلیں گے گویا وہ پریشان ٹڈیاں ہیں۔ پکارنے والے کی طرف دوڑتے ہوئے کفار کہیں گے کہ یہ سخت دن ہے۔

۔القمر ۵۴: ۶۔۸۔

۱۳۔ جس دن وہ جلدی کرتے ہوئے قبروں سے نکلیں گے ایسا معلوم ہو گا گویا وہ تھانوں کی طرف دوڑ رہے ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۴۳۔

۳۔ وَكُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِينَ ۝

۴۔ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝

۵۔ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنظُرُونَ ۝

۶۔ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ۝

۷۔ وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ۝

۸۔ فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ ۝

۹۔ يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ۝

۱۰۔ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ۝

۱۱۔ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۚ ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ۝

۱۲۔ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝ خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝

۱۳۔ يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ ۝

١٤۔ پھر وہ تمہیں اسی زمین میں لوٹائے گا اور تمہیں ایک ہی دفعہ نکال لے گا۔

۔نوح ۷۱: ۱۸۔

١٥۔ جس دن صور پھونکا جائے گا تم فوج در فوج آ موجود ہو گے۔

۔النبا ۷۸: ۱۸۔

١٦۔ اور جب قبروں والے اٹھائے جائیں گے۔

۔الانفطار ۸۲: ۴۔

١٧۔ تو کیا وہ نہیں جانتا کہ جب قبروں والے اٹھائے جائیں گے۔

۔العٰدیٰت ۱۰۰: ۹۔

۴۔ حشر کے دن بعض لوگ کہیں گے کہ ہم دنیا میں کل دس روز رہے اور بعض کہیں گے کہ ایک روز

١٨۔ جس دن صور پھونکا جائے گا اور ہم اس دن گنہگاروں کو نیلی آنکھوں کے ساتھ اکٹھا کریں گے۔ آپس میں چپکے چپکے کہتے ہوں گے کہ تم تو دس دن سے زیادہ دنیا میں نہیں رہے۔ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہیں گے۔ جب ان میں سب سے زیادہ رو براہ شخص کہے گا کہ تم تو ایک دن سے زیادہ نہیں ٹھہرے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۰۲۔۱۰۴۔

۵۔ حشر کے دن قبر میں رہنا ایک دن یا آدھا دن معلوم ہوگا

١٩۔ اللہ کہے گا کہ تم زمین میں گنتی کے کتنے سال رہے۔ وہ کہیں گے کہ ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصہ رہے۔ تو تو گننے والوں سے پوچھ لے۔ فرمائے گا کہ تم تو بہت ہی تھوڑا رہے، کاش تم جانتے ہوتے!

۔المؤمنون ۲۳: ۱۱۲۔۱۱۴۔

١٤۔ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝

١٥۔ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ۝

١٦۔ وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ ۝

١٧۔ أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ ۝

۱۲۸۔ سبھی نے تو پیغمبروں کو جھٹلایا تو وہ ہمارا عذاب نازل ہوا۔

۔ص ۳۸: ۱۴۔

۱۲۹۔ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا پر جھوٹ بولے اور سچی بات اس کو پہنچے اور وہ اس کو جھٹلائے؟ کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم نہیں ہے؟

۔الزمر ۳۹: ۳۲۔

۱۴۳۔ گردنوں میں طوق اور زنجیریں

۱۳۰۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اس کتاب کو جھٹلاتے ہیں اور ان کتابوں کو بھی جو ہم نے اپنے پیغمبروں کی معرفت بھیجی ہیں۔ سو آخر کار حقیقت معلوم ہو جائے گی جبکہ طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں گھسیٹتے ہوئے کھولتے پانی میں سے جائیں گے۔ پھر آگ میں جھونکے جائیں گے۔ پھر ان سے پوچھا جائے گا کہ اللہ کے سوا تم جن کو شریک ٹھہراتے تھے، وہ کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے وہ ہم سے کھوئے گئے۔ بلکہ ہم تو پہلے کسی اور چیز کی پرستش کرتے ہی نہ تھے اور کافروں کو اسی طرح اللہ بے حواس کر دے گا۔ یہ تمہاری باتوں کی سزا ہے کہ تم دنیا میں ناحق کی خوشیاں منایا کرتے تھے اور اس کی سزا ہے کہ تم اترایا کرتے تھے جہنم کے دروازوں میں داخل ہو۔ ہمیشہ اسی میں رہو غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۷۰-۷۶۔

۱۴۔ منکرین دوزخ کو عذاب

۱۳۱۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھتے

قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝

۱۲۸۔ إِنْ كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝

۱۲۹۔ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللَّهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ إِذْ جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْكَافِرِينَ ۝

۱۳۰۔ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا ۖ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝ إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ ۝ فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ ۝ ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُونَ ۝ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَلْ لَمْ نَكُنْ نَدْعُو مِنْ قَبْلُ شَيْئًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ۝ ذَٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُونَ ۝ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝

۱۳۱۔ بَلْ كَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ۝

۱۳۲۔ وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝

۱۳۳۔ يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَىٰ نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝ هَٰذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝

۱۳۴۔ أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ أَنْتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ۝ اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

ہیں اور جو لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھیں ان کے لیے ہم نے دوزخ تیار کر رکھی ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۱۔

۱۳۲۔ اور ہم سرکش لوگوں سے کہیں گے کہ عذاب دوزخ جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے اس کا مزہ چکھو۔

۔سبا ۳۴: ۴۲۔

۱۳۳۔ جب ان لوگوں کو آتش دوزخ کی طرف زبردستی دھکے دے دے کر لے جائیں گے۔ یہی وہ دوزخ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔الطور ۵۲: ۱۳-۱۴۔

۱۳۴۔ تو کیا یہ نظر بندی ہے یا تم کو نہیں سوجھ پڑتا۔ اس میں داخل ہو جاؤ اور صبر کرو یا بے صبری کرو تمہارے حق میں برابر ہے۔ جیسے عمل تم کرتے رہے، ویسے ہی بدلہ دیا جائے گا۔

۔الطور ۵۲: ۱۵-۱۶۔

۱۴۳۔ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

۱۴۴۔ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝

۱۴۵۔ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝

۱۴۶۔ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا

۱۴۷۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

۱۴۸۔ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

۱۴۹۔ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

۱۵۰۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۱۵۱۔ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝

۱۴۳۔ بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں اور جیسے جیسے خیالات دلوں میں رکھتے ہیں اللہ کو خوب معلوم ہے۔ تو ان کو عذاب دردناک کی خوش خبری سنادے۔

-الانشقاق ۸۴: ۲۲-۲۴-

۱۴۴۔ اور جس نے دینے سے مضائقہ کیا اور پروا نہ کی اور عمدہ بات کو جھوٹ جانا۔ تو ہم مشکل جگہ اس کے لیے آسان کردیں گے۔

-الیل ۹۲: ۸-۱۰-

۱۴۵۔ تو ہم نے تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرا دیا ہے کہ اس میں وہی بدبخت داخل ہوگا جو جھٹلاتا اور روگردانی کرتا رہا۔

-الیل ۹۲: ۱۴-۱۶-

۱۷۔ متکبرین کا حشر وعذاب

۱۴۶۔ اور جو خدا کی بندگی سے عار رکھتے اور بڑائی کیتے تھے تو عنقریب اللہ ان کو اپنے پاس جمع کرے گا۔ اور جو لوگ بندگی سے عار رکھتے اور تکبر کرتے تھے اللہ ان کو عذاب دردناک کی سزا دے گا۔

-النساء ۴: ۱۷۲-۱۷۳-

۱۴۷۔ اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبر کرتا ہوا پیٹھ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں۔ گویا اس کے کانوں میں گرانی ہے تو (اے نبی ﷺ!) اسے دردناک عذاب کی بشارت دے۔

-لقمٰن ۳۱: ۷-

۱۴۸۔ یہ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو یہ اکڑ بیٹھتے۔

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۳۵-

۱۸۔ ذلت کا عذاب

۱۴۹۔ آج تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی۔ اس لیے کہ تم خدا پر ناحق جھوٹ بولتے اور اس کی آیتوں سے اکڑا کرتے تھے۔

-الانعام ۶: ۹۳-

۱۹۔ آگ میں ہمیشہ رہیں گے

۱۵۰۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے اور ان سے اکڑ بیٹھیں گے وہی دوزخی ہیں کہ وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

-الاعراف ۷: ۳۶-

۱۵۱۔ اور جب کافر دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے تو ان سے کہا جائے گا کہ تم اپنی دنیا کی زندگی میں اپنے مزے اڑا چکے اور ان سے فائدہ اٹھا چکے ہو تو آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی۔ یہ اس کا بدلہ ہے کہ تم ناحق دنیا میں اکڑا کرتے تھے اور اس کا بدلہ ہے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے۔

-الاحقاف ۴۶: ۲۰-

۲۰۔ داخلِ جہنم

۱۵۲۔ سو جہنم کے دروازے سے جا داخل ہو اور اس میں سدا رہو۔ غرض غرور کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔النحل ۱۶: ۲۹۔

۱۵۳۔ پھر کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازوں میں جا داخل ہو اور ہمیشہ اس میں رہو غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۲۔

۱۵۴۔ اور تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ ہم سے دعا کیں مانگتے رہو، ہم تمہاری دعا قبول کریں گے۔ جو لوگ ہماری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔

۔المومن ۴۰: ۶۰۔

۱۵۵۔ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو۔ ہمیشہ اسی میں رہو۔ غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔المومن ۴۰: ۷۶۔

۱۵۶۔ اور جو لوگ کفر کرتے رہے، ہم ان سے کہیں گے کیا تم کو ہماری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں۔ مگر تم نے غرور کیا اور تم نافرمان لوگ تھے اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ برحق ہے اور قیامت آنے میں کچھ شبہ نہیں، تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے؟ ہاں کچھ وہم سا تو ہم کو بھی گزرتا ہے۔ مگر یقین نہیں، اور جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے ان کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑاتے رہے، وہ ان پر آنازل ہوگا۔ اور

۱۵۲۔ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۱۵۳۔ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۱۵۴۔ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝

۱۵۵۔ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۱۵۶۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝

۱۵۷۔ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

کہہ دیا جائے گا کہ جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلائے رکھا آج ہم بھی تم کو بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں۔ یہ اس کی سزا ہے کہ تم نے اللہ کی آیتوں کی ہنسی بنائی اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈالے رکھا۔ غرض آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے نہ ان کو معذرت کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۳۱۔۳۵۔

۲۱۔ دوزخ میں کالے منہ

۱۵۷۔ اور تو قیامت کے دن دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۶۰۔

۲۲۔ کافروں کے لیے عذاب سے چھٹکارا ممکن نہیں

۱۵۸۔ بے شک ان لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے اکڑ بیٹھے۔ نہ تو ان کے لیے آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے اور نہ بہشت میں داخل ہونے پائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے نہ گزر جائے اور مجرموں کو ایسے ہم سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۴۰۔

۱۵۹۔ اور اعراف والے کچھ لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے پہچانتے ہوں گے، پکار کر کہیں گے کہ نہ تمہارے جتھے ہی کچھ تمہارے کام آئے اور نہ شیخیاں جو تم مارا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۴۸۔

۲۳۔ عاد کو عذابِ آخرت

۱۶۰۔ سو عاد لگے ناحق ملک میں تکبر کرنے اور بولے کہ قوت میں ہم سے بڑھ کر اور کون ہے؟ کیا ان کو اتنا نہ سوجھا کہ جس اللہ نے ان کو پیدا کیا وہ قوت میں ان سے کہیں بڑھ چڑھ ہے۔ غرض وہ لوگ ہماری آیتوں سے انکار کرتے رہے۔ تو ہم نے نحوست کے دنوں میں ان پر بڑے زور کی آندھی چلائی تاکہ دنیا کی زندگی میں ان کو ذلت کے عذاب کا مزہ چکھائیں اور آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہوگا اور ان کو کوئی مدد نہ ملے گی۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۱۵۔۱۶۔

۱۵۸۔ إِنَّ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّىٰ يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِينَ ۝

۱۵۹۔ وَنَادَىٰ أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ رِجَالًا يَعْرِفُونَهُم بِسِيمَاهُمْ قَالُوا مَا أَغْنَىٰ عَنكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ ۝

۱۶۰۔ فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ ۝ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ ۝

۱۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ أَهَٰؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ ۝ قَالُوا سُبْحَانَكَ أَنتَ وَلِيُّنَا مِن دُونِهِم ۖ بَلْ كَانُوا يَعْبُدُونَ الْجِنَّ ۖ أَكْثَرُهُم بِهِم مُّؤْمِنُونَ ۝ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا ضَرًّا وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝

دوزخیوں کی گفتگو اللہ تعالیٰ سے اور معبودانِ باطل کی اپنے پرستاروں سے

۱۔ ملائکہ سے جواب طلب کیا جائے گا

۱۔ اور جب کہ خدا سب لوگوں کو جمع کرکے فرشتوں سے پوچھے گا کہ کیا یہ تمہاری ہی پرستش کیا کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے تو پاک ہے ہم کو تجھ سے سروکار ہے نہ ان سے۔ یہ لوگ تو شیاطین کی پرستش کرتے تھے، ان میں اکثر انہیں کے معتقد تھے۔ تو آج تم میں سے نہ تو کوئی کسی کو نفع ہی پہنچانے پر قادر ہے اور نہ نقصان پہنچانے پر۔ اور ہم سرکش لوگوں سے کہیں گے کہ عذابِ دوزخ کا مزہ چکھو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴: ۴۰۔۴۲۔

۲۔ جن وانس سے جواب طلبی

۲۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝

۲۔ اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے کہ تم سے ہمارے احکام بیان کریں اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈرائیں۔ وہ عرض کریں گے ہم اپنے آپ ہی گواہی دیتے ہیں اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں رکھا اور انہوں نے آپ ہی اپنے اوپر گواہی دی کہ بے شک وہ کافر تھے۔

۔ الانعام ۶: ۱۳۰۔

۳۔ عیسیٰ علیہ السلام سے جواب طلبی

۳۔ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ڲ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۭ وَاَنْتَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

۳۔ اور اس دن اللہ پوچھے گا کہ اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! کیا تو نے لوگوں سے یہ بات کہی تھی کہ اللہ کے علاوہ مجھ کو اور میری والدہ کو دو خدا مانو۔ عرض کریں گے کہ تیری ذات پاک ہے مجھ سے یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ میں ایسی بات کہوں جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہیں۔ اگر میں نے ایسا کہا ہوگا تو میرا کہنا تجھ کو ضرور ہی معلوم ہوا ہوگا کیونکہ تو میرے دل کی بات جانتا ہے اور میں تیرے دل کی بات نہیں جانتا۔ غیب کی باتیں تو تو ہی خوب جانتا ہے۔ تو نے جو مجھ کو حکم دیا تھا میں وہی میں نے لوگوں کو کہہ سنایا تھا کہ اللہ جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے، اسی کی عبادت کرو۔ تو جب تک میں ان لوگوں میں رہا، میں ان کا نگران رہا۔ پھر جب تو نے مجھ کو وفات دی تو تو ہی ان کا نگہبان تھا۔ اور تو تمام چیزوں کی خبر رکھتا ہے۔ اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر تو ان کو معاف کرے تو بے شک تو غالب اور حکمت والا ہے۔

۔ المآئدۃ ۵: ۱۱۶ - ۱۱۸۔

۴۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَاۗؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝

۴۔ اور جب کہ ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ان لوگوں سے جو ہمارے شریک کرتے تھے پوچھیں گے کہ کہاں ہیں وہ تمہارے شریک جن کو تم اللہ کا شریک سمجھتے تھے۔ پھر اس سے بڑھ کر ان کا اور جھوٹ کیا ہوگا کہ کہیں گے ہم کو اللہ ہی کی قسم! جو ہمارا پروردگار ہے کہ ہم تو شریک نہیں بناتے تھے۔

۔ الانعام ۶: ۲۲ - ۲۳۔

۴۔ اکیلے ہوں گے۔ شرکا ساتھ نہیں

۵۔ وَلَوْ تَرٰٓي اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

۵۔ کاش تو ان ظالموں کو اس وقت دیکھے کہ موت کی بے ہوشیوں میں پڑے ہیں اور فرشتے دست درازیاں کر رہے ہیں کہ اپنی جانیں نکالو۔ اب تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی، اس لیے کہ تم اللہ پر ناحق جھوٹ بولتے اور اس کی آیتوں سے اکڑا کرتے تھے۔ اور پہلی بار جیسا ہم نے تم کو پیدا کیا تھا ویسے ہی

اکیلے تم ہمارے حضور میں آئے اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا تھا وہ اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے اور تمہاری سفارش کرنے والوں کو ہم تمہارے ساتھ نہیں دیکھتے، جن کو تم سمجھتے تھے کہ وہ تم میں شریک ہیں۔ اب سب تمہارے رابطے ٹوٹ گئے اور جو دعوی تم کیا کرتے تھے تم سے گئے گزرے ہو گئے۔

۔الانعام ۶: ۹۳۔ ۹۴

۵۔ معبودانِ باطل اور ان کے پرستاروں کے سوال وجواب

۷۔ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکین کو حکم دیں گے کہ تم اور جن کو تم نے شریک بنایا تھا وہ ذرا اپنی جگہ ٹھہریں۔ پھر ہم ان کے آپس میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے کہ ہماری پرستش تو تم کرتے نہیں تھے۔ پس ہمارے اور تمہارے درمیان خدا ہی شاہد ہے۔ ہم کو تمہاری پرستش کی مطلق خبر نہ تھی۔

۔یونس ۱۰: ۲۸۔ ۲۹

۸۔ اور سب لوگ خدا کے روبرو نکل کھڑے ہوں گے تو کمزور لوگ ان لوگوں سے جو بڑی عزت رکھتے تھے، کہیں گے کہ ہم تمہارے قدم بقدم چلنے والے تھے تو اللہ کے عذاب میں سے کچھ ہم پر سے ہٹا سکتے ہو۔ وہ کہیں گے اگر اللہ ہم کو کوئی طریقہ دکھاتا تو ہم بھی تم کو دکھا دیتے۔ اب تو بے صبری کریں تو اور صبر کریں تو، ہمارے لیے برابر ہے۔ ہم کو کسی طرح چھٹکارا نہیں اور جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہے گا کہ اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور وعدہ تم سے میں نے بھی کیا تھا مگر میں نے تمہارے ساتھ وعدہ خلافی کی اور تم پر میری پیروی کی

فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝

۷۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَاۗؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ۝ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝

۸۔ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰۗؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

۹۔ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَاۗءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ شُرَكَاۗؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَىِٕذِۨ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

زبردستی تو تھی نہیں۔ بات اتنی ہی تھی کہ میں نے تم کو بلایا سو تم نے میرا کہنا مان لیا۔ تو اب مجھے الزام نہ دو۔ تو نہ میں تمہاری فریاد کو پہنچ سکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو۔ میں تو مانتا ہی نہیں کہ تم مجھ کو پہلے اللہ کا شریک بناتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ جو لوگ نافرمان ہیں ان کو بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۱۔ ۲۲

۹۔ اور جو لوگ شریک بناتے رہے جب وہ اپنے شریکوں کو دیکھیں گے تو بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہی ہیں وہ ہمارے شریک جن کو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے۔ وہ شریک ان کی بات انہیں کی طرف پھینک ماریں گے! کہ تم سراسر جھوٹے ہو اور وہ لوگ اس دن اللہ کے آگے سر تسلیم خم کر دیں گے اور جو بہتان بندیاں کیا کرتے تھے وہ ان سے گئی گزری ہو جائیں گی۔

۔النحل ۱۶: ۸۶۔ ۸۷

۱۰۔ وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَآءِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۝ وَرَاَ الْمُجْرِمُونَ النَّارَ فَظَنُّوٓا أَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوهَا وَلَمْ يَجِدُوا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝

۱۱۔ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝

۱۲۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَيَقُولُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِي هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيلَ ۝ قَالُوا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِي لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُونِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوا قَوْمًا بُوْرًا ۝ فَقَدْ كَذَّبُوكُمْ بِمَا تَقُولُونَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيرًا ۝

۱۳۔ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِينَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوٓا اِيَّانَا يَعْبُدُونَ ۝ وَقِيلَ ادْعُوا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ۝ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُونَ ۝

۱۰۔ اور جس دن اللہ حکم دے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو بلاؤ تو یہ ان کو بلائیں گے مگر وہ ان کو جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے بیچ میں آڑ حائل کر دیں گے مہلک۔ اور گنہگار لوگ آگ کو دیکھیں گے تو سمجھ جائیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور ان کو اس سے کوئی راہ گریز نہیں ملے گی۔

۔الکہف ۱۸: ۵۲۔ ۵۳

۱۱۔ اور مشرکوں نے جو اللہ کے سوا معبود بنا رکھے ہیں کہ ان کے حامی اور مددگار ہوں گے۔ ہرگز نہیں، یہ معبود ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور الٹے ان کے دشمن ہو جائیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۸۱۔ ۸۲

۱۲۔ اور جس دن اللہ کافروں کو اور جن کو یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں جمع کرے گا پھر پوچھے گا کہ کیا میرے ان بندوں کو تم نے گمراہ کیا تھا یا یہ آپ رستے سے بھٹک گئے۔ عرض کریں گے کہ تو پاک ہے، ہم کو یہ بات کسی طرح زیبا نہ تھی کہ تیرے سوا دوسرے کو کارساز بناتے بلکہ تو نے ان کو اور ان کے بڑوں کو آسودگیاں دیں۔ یہاں تک کہ تیری یاد کو بھلا بیٹھے اور یہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔ تمہارے ان معبودوں نے تمہاری باتوں میں تم کو جھٹلایا تو تم نہ تو ٹل سکتے ہو اور نہ مدد پا سکتے ہو۔ اور جو تم میں سے ظلم کرے گا ہم اس کو بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۷۔ ۱۹

۱۳۔ اور جس دن اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا کہ جن لوگوں کو تم شریک سمجھتے تھے وہ ہمارے شریک کہاں ہیں؟ تو یہ اللہ کے فرمان کے مستوجب ٹھہریں گے بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہ وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا۔ جس طرح ہم خود بہکے تھے اسی طرح ہم نے ان کو بھی بہکایا۔ ہم تیرے حضور میں دست برداری کرتے ہیں، یہ لوگ ہم کو نہیں پوجتے تھے۔ اور کہا جائے گا کہ اپنے شریکوں کو بلاؤ۔ چنانچہ یہ لوگ بلائیں گے اور وہ ان کو جواب تک بھی نہ دیں گے۔ اور وہ عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اے کاش یہ لوگ راہ راست پر ہوتے ہیں! اور جس دن اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا کہ پیغمبروں کو تم نے کیا جواب دیا، تو اس دن ان کو کوئی بات نہ سوجھ پڑے گی اور وہ آپس میں پوچھ گچھ بھی نہ کر سکیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۶۲۔ ۶۶

۱۴۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ اِۨلْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۱۵۔ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ۝ۙ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ۝ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ۝ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَاۗءَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ۝ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ۚ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ۝ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ڰ اِنَّا لَذَاۗىِٕقُوْنَ ۝ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ۝ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ

۱۴۔ اور کاش تو دیکھے جب یہ ظالم اپنے پروردگار کے حضور میں ٹھہرائے جائیں گے۔ ایک کی بات ایک رد کر رہا ہوگا۔ جو کمزور ہیں وہ بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔ بڑے لوگ کمزوروں سے کہیں گے کہ جب تمہارے پاس ہدایت آئی تو کیا اس کے آنے پیچھے ہم نے تم کو روکا؟ بلکہ تم خود خطاوار تھے۔ اور کمزور لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے مگر رات دن کی تدبیروں نے روکا کہ تم برابر ہم سے اللہ کو نہ ماننے اور اس کے ساتھ شریک ٹھہرانے کو کہتے رہے اور جب یہ لوگ عذاب دیکھ لیں گے تو اظہارِ ندامت کریں گے اور جو لوگ کفر کرتے رہے ہم ان کی گردنوں میں طوق ڈلوا دیں گے۔ جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے انہیں کا بدلہ ان کو مل رہا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۳۱-۳۳۔

۱۵۔ اور جو لوگ نافرمانیاں کرتے رہے ہیں ان کو اور ان کے ساتھیوں کو اور اللہ کے سوا جن کو پوجتے رہے ہیں، سب کو اکٹھا کرو۔ پھر ان کو دوزخ کے رستے لے چلو۔ اور ان کو ٹھیراؤ ان سے کچھ پوچھنا ہے۔ تمہیں کیا ہو گیا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ بلکہ تو اس دن نیچی گردن کیے کھڑے ہوں گے اور ایک کی طرف ایک متوجہ ہو کر پوچھا پاچھی کرے گا۔ ایک فریق کہے گا کہ تم ہی ہم پر چل چل کر آتے تھے۔ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ایمان نہیں لائے اور تم پر ہمارا کچھ زور تو تھا ہی نہیں، بلکہ تم سرکش لوگ تھے۔ پس ہمارے پروردگار کا وعدہ ہمارے حق میں پورا ہوا تو ہم کو عذاب کے مزے چکھنے ہوں گے۔ ہم خود بہکے ہوئے تھے سو ہم نے تم کو بھی بہکا دیا۔ الغرض اس دن یہ سب شریکِ عذاب ہوں گے۔ گنہگاروں کے ساتھ ہم ایسا ہی برتاؤ کیا کرتے ہیں۔ یہ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں یہ اکڑ بیٹھتے اور کہتے ہیں کہ ہم اپنے معبودوں کو ایک باؤلے شاعر کی خاطر چھوڑ دیتے ہیں۔ بلکہ وہ حق لے کر آیا ہے اور پیغمبروں کی تصدیق کرتا ہے۔ تم ضرور عذاب

دردناک کے مزے چکھو۔ اور جیسے جیسے عمل کرتے رہے ہو انہیں کا بدلہ پاؤ گے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷۔۳۹۔۳۸۔

۶۔ اللہ کے دشمنانِ خلاف ان کے کان، آنکھیں اور گوشت پوست شہادت دیں گے

۱۶۔اور جس دن اللہ کے دشمنان دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے پھر راہ میں روکے جائیں گے یہاں تک کہ سب دوزخ پر آجمع ہوں گے تو جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے ان کے کان، ان کی آنکھیں اور ان کے گوشت پوست ان کے مقابلہ میں گواہی دیں گے اور یہ لوگ اپنے گوشت پوست سے پوچھیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ جواب دیں گے کہ جس خدا نے ہر چیز کو گویا کیا ہے اسی نے ہم کو بھی گویا کیا اور اسی نے تم کو اول بار پیدا کیا اور اب تم لوگ اسی کی طرف لوٹا کر لائے جا رہے ہو اور تم پردہ داری کرتے تھے تو اس خیال سے نہیں کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے گوشت پوست تمہارے خلاف گواہی دینے کو کھڑے ہو جائیں گے۔ بلکہ تم کو تو یہ خیال تھا کہ تمہارے بہت سے عملوں سے اللہ واقف نہیں اور تم نے جو بدگمانی اپنے پروردگار کے حق میں کی، تمہاری اس بدگمانی نے تم کو تباہ کیا اور تم گھاٹے میں آ گئے۔ اگر یہ لوگ صبر کر رہیں تو بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور اگر معافی چاہیں تو ان کو معافی بھی نہیں دی جائے گی اور ہم نے ان کے ساتھ ہمنشین تعینات کر دیے تھے۔ تو انہوں نے ان کے اگلے اور پچھلے تمام حالات ان

يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۝ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ۝ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

۱۶۔وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ۝ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝

۱۷۔وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ۝

کی نظر میں اچھے کر دکھائے اور ان سے پہلے جنات کی اور آدمیوں کی بہت سی امتیں جو گذری تھیں ان کے شمول میں وعدہ عذاب ان کے حق میں بھی پورا ہو کر رہا۔ بے شک یہ لوگ اپنے نقصان کے در پے تھے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱۔۱۹۔۲۵۔

۷۔ دنیا میں دوبارہ واپس جانے کی تمنا

۱۷۔اور چیلے بول اٹھیں گے کہ اے کاش ہم کو پھر لوٹ کر جانا ملے تو جیسے یہ ہم سے دست بردار ہو گئے ہم بھی ان سے دست بردار ہو جائیں۔ یوں اللہ ان کے اعمال ان کے آگے لائے گا کہ ان کو وہ حسرت دکھائی دیں گے اور وہ دوزخ سے نکل نہ سکیں گے۔

۔البقرۃ ۲۔۱۶۷۔

۱۸۔ کاش تو اس حال میں دیکھے کہ جب وہ دوزخ پر لا کھڑے کئے جائیں اور کہنے لگیں کہ اے کاش! ہم پھر واپس بھیج دیے جائیں اور اپنے پروردگار کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان والوں میں سے ہوں بلکہ جس کو پہلے چھپاتے تھے وہ ان کے آگے آگئی اور اگر واپس بھیج دیے جائیں تو جس چیز سے ان کو منع کیا گیا ہے پھر دوبارہ ضرور کریں اور کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

الانعام ۶: ۲۷۔۲۸۔

۱۹۔ اور ان پر عذاب نازل نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ بس یہ ہے کہ اللہ ان کو اس دن تک کی مہلت دے رہا ہے جب کہ آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔ اپنے سر اٹھائے بھاگے چلے جا رہے ہیں، نگاہ پھر ان کی طرف لوٹ کر نہیں آتی اور ان کے دل ہوا ہوئے جا رہے ہیں اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا جب کہ ان پر عذاب آنازل ہوگا۔ اور جو لوگ نافرمانی کرتے رہے ہیں، کہنے لگیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو تھوڑی سی مدت کی مہلت اور دے تو ہم تیرے بلانے پر اٹھ کھڑے ہوں گے اور پیغمبروں کے پیچھے ہولیں گے کیا تم وہی نہیں ہو جو پہلے قسمیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو کسی طرح کا زوال نہیں اور جن لوگوں نے آپ اپنے اوپر ظلم کئے تھے، انہیں کے گھروں میں تم بھی رہتے اور تم پر ظاہر ہو چکا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا اور ہم نے تمہارے لیے مثالیں بھی بیان کر دی تھیں۔

ابراہیم ۱۴: ۴۲۔۴۵۔

۲۰۔ اور جن کا پلہ ہلکا ٹھہرے گا تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں آپ برباد کر دیا کہ ہمیشہ دوزخ میں

۱۸۔ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ بَلْ بَدَا لَهُم مَّا كَانُوا يُخْفُونَ مِن قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝

۱۹۔ إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ ۝ مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۖ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ ۝ وَأَنذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۗ أَوَلَمْ تَكُونُوا أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ ۝ وَسَكَنتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ۝

۲۰۔ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ۝ أَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ ۝ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ ۝ قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ ۝

۲۱۔ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُو رُءُوسِهِمْ عِندَ رَبِّهِمْ رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا إِنَّا مُوقِنُونَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ

رہیں گے۔ آگ ان کے مونہوں کو جھلس دے گی اور وہ وہاں برے منہ بنائے ہوں گے۔ کیا ہماری آیتیں تم کو پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں اور تم ان کو جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری کمبختی نے آ دبایا اور ہم گمراہ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو یہاں سے نکال۔ پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو ہم بے شک قصوروار ہیں۔ اللہ فرمائے گا دور ہو اور ہم سے بات نہ کرو۔

المؤمنون ۲۳: ۱۰۳۔۱۰۸۔

۲۱۔ اور کاش تو مجرموں کو دیکھے کہ اپنے پروردگار کے روبرو سر جھکائے کھڑے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہماری آنکھیں اور کان کھلے تو ہم کو پھر واپس بھیج کہ ہم نیک عمل کریں۔ ہم کو اب یقین ہے۔ ہم چاہتے تو ہر شخص کو سوجھ عنایت کرتے مگر ہماری بات پوری ہو کر رہی کہ جنات اور آدمی سب سے ہم دوزخ کو بھر کر رہیں

گے۔ تو جیسے تم اپنے اس دن کے پیش آنے کو بھولے رہے، اس کا مزہ چکھو کہ ہم نے بھی تمہیں بھلا دیا اور جیسے جیسے تم عمل کرتے رہے۔ اس کے بدلہ میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھو۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۳-۱۴۔

۲۲۔ یا جب عذاب کو دیکھ کر کہنے لگے کہ کاش مجھ کو پھر لوٹ جانا ملے تو میں نیکوں سے رہوں۔

۔الزمر ۳۹: ۵۸۔

۲۳۔ ہاں ہمارے احکام تجھ کو پہنچے اور تو نے ان کو جھٹلایا اور اکڑ بیٹھا اور منکروں میں سے تھا اور قیامت کے دن تو دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟

۔الزمر ۳۹: ۵۹-۶۰۔

نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

۲۲۔ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۲۳۔ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۚ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

۲۴۔ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝

۲۵۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۝ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۗ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۝

۲۴۔ اور تو ظالموں کو دیکھے گا کہ جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے کہ بھلا پھر جانے کی بھی کوئی سبیل ہے اور تو ان لوگوں کو دیکھے گا کہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے۔ مارے ذلت کے جھکے ہوئے، انکھیوں سے دیکھتے ہوں گے۔ ایمان والے کہیں گے کہ حقیقت میں بدنصیب تو وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو تباہ کیا اور اپنے گھر والوں کو بھی۔ سنو جی، ظلم کرنے والے ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔ اور اللہ کے سوا ان کے کوئی حمایتی نہ ہوں گے کہ ان کی مدد کریں اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لیے کوئی رستہ ہی نہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۴-۴۶۔

۸۔ جو اللہ کی یاد سے غافل رہا اسے اندھا کر کے عذاب دیا جائے گا

۲۵۔ اور جس نے ہماری یاد سے روگردانی کی تو اس کی زندگی تنگی میں گزرے گی اور قیامت کے دن ہم اس کو اندھا اٹھائیں گے۔ کہے گا اے میرے پروردگار! تو نے مجھ کو اندھا کیوں اٹھایا اور میں تو دیکھتا تھا۔ خدا فرمائے گا ایسا ہی ہے۔ ہماری آیتیں تیرے پاس آئیں مگر تو نے ان کی کچھ خبر نہ لی۔ اور اسی طرح آج تیری خبر نہ لی جائے گی۔ جو شخص حد سے بڑھ جاتا اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لایا، ہم اس کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اور آخرت کا عذاب بہت ہی سخت اور دیرپا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴-۱۲۷۔

۹۔ بے سمجھے تکذیبِ آیات کرنے والوں کو عذاب

۲۶۔ اور جب کہ ہم ہر ایک امت میں سے اس گروہ کو جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے۔ پھر ان کو ترتیب دیں گے یہاں تک کہ جب وہ حاضر ہوں گے تو اللہ پوچھے گا۔ کہ باوجودیکہ تم نے ہماری آیتوں کو اچھی طرح سمجھا بھی نہ تھا، کیا تم ان کو جھٹلاتے رہے، اور چونکہ یہ لوگ سرکشی کرتے رہے وعدۂ عذاب ان پر پورا ہوا۔ یہ لوگ بات نہ کر سکیں گے۔

۲۶۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِمَّنْ يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوا قَالَ أَكَذَّبْتُمْ بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنْطِقُونَ ۝

النمل ۲۷: ۸۳۔۸۵۔

۱۰۔ کافروں کی ٹولیوں سے جہنم کے دروازے کھولتے موکلینِ دوزخ کی گفتگو

۲۷۔ اور جو لوگ کفر کرتے رہے جہنم کی طرف ٹولیاں بنا بنا کر ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب جہنم کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور دوزخ کے موکل ان سے کہیں گے کہ کیا تم میں سے رسول تمہارے پاس نہیں آئے کہ وہ تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈراتے۔ یہ جواب دیں گے کہ ہاں مگر عذاب کا وعدہ کافروں کے حق میں پورا ہو کر رہا۔ پھر کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، ہمیشہ اس میں رہو۔ غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۲۷۔ وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝

الزمر ۳۹: ۷۱۔۷۲۔

۱۱۔ منکرین قیامت سے سوال و جواب

۲۸۔ اور جو لوگ کفر کرتے رہے کیا تم کو ہماری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں مگر تم غرور کرتے اور نافرمان تھے۔ اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ برحق ہے اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا چیز ہے؟ ہاں ہم کچھ یونہی سا خیال تو ہم کو بھی گزرتا ہے۔ مگر یقین ہم کو نہیں ہے۔ اور جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے، ان کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑاتے رہے وہ ان پر آ نازل ہو گا۔ کہہ دیا جائے گا جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا آج ہم بھی تم کو بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں۔ یہ اس لیے کہ تم نے خدا کی آیتوں کی ہنسی بنائی اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈال رکھا۔ غرض آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان سے معذرت کا موقع دیا جائے گا۔

۲۸۔ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُجْرِمِينَ ۝ وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُمْ مَا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِنْ نَظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ۝ ذَٰلِكُمْ بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝

الجاثیہ ۴۵: ۳۱۔۳۵۔

۱۲۔ مشرک کے رفیق کے سوال وجواب جہنم میں

۲۹۔ جتنے کافر سرکش نیکی سے روکنے والے، حد سے بڑھے ہوئے، دین میں شکوک پیدا کرنے والے ہیں، جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبود ٹھہرایا کرتے تھے، اب سب کو جہنم میں جھونک دو۔ اور اس کو بھی سخت عذاب میں ڈال دو۔ پھر اس کا ساتھی عرض کرے گا کہ اے ہمارے پروردگار! میں نے تو اس کو سرکش نہیں بنایا یہ خود پرلے درجے کی گمراہی میں تھا۔ اللہ فرمائے گا ہمارے حضور میں جھگڑے نہ کرو۔ اور ہم تو تم کو پہلے ہی ڈر سنوا چکے تھے۔ ہمارے ہاں بات نہیں بدلی جایا کرتی۔ اور ہم تو بندوں پر ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتے۔

ق ۵۰۔ ۲۴۔ ۲۹۔

۳۰۔ اور جس کا نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا، اے کاش مجھ کو میرا اعمال نامہ نہ ملا ہوتا اور مجھ کو اپنے حساب کی خبر ہی نہ ہوئی ہوتی کہ کیا ہے۔ اے کاش مرنے سے میرا خاتمہ ہو گیا ہوتا۔ میرا مال میرے کام نہ آیا۔ مجھ سے میری بادشاہت لٹ گئی۔ اس کو پکڑو اور اس کے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر اس کو جہنم میں دھکیل دو۔ پھر زنجیر سے، جس کی ناپ گزوں میں ستر گز ہو گی۔ اس کو خوب جکڑ دو۔ یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں لاتا تھا۔ اور مسکینوں کے کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا تھا۔ تو آج یہاں کوئی بھی اس کا دوست دار نہیں۔ اور زخموں کے دھوون کے سوا کھانے کو بھی نہیں، یہ کھانا بس گنہگار ہی کھائیں گے۔

الحاقۃ ۶۹: ۲۵۔ ۳۷۔

۲۹۔ أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ ۝ الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ ۝ قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَٰكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ۝ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُم بِالْوَعِيدِ ۝ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝

۳۰۔ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ ۝ وَلَمْ أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَا أَغْنَىٰ عَنِّي مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ ۝ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ۝ ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ۝ ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ ۝ إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ ۝ وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ۝ لَّا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ ۝

۳۱۔ هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۝ وَآخَرُ مِن شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ ۝ هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ صَالُو النَّارِ ۝ قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۖ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوا

۱۳۔ سرکشوں (طاغین) کو گرم پانی، پیپ اور طرح طرح کے عذاب

۳۱۔ یہ تو ایک بات ہوئی۔ اور بے شک سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے (یعنی) دوزخ، جس میں وہ داخل ہوں گے۔ سو وہ برا بچھونا ہے۔ یہ عذاب ہے، اس کو چکھو کھولتا پانی اور پیپ اور اسی قسم کا طرح طرح کا۔ یہ ایک جماعت ہے جو تمہارے ساتھ (دوزخ میں) داخل ہونے والی ان کو خوشی نہ ہو۔ بے شک وہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ہو۔ تمہیں خوشی نہ ہو جیو۔ تم نے ہی یہ عذاب ہمارے لیے آگے بھیجا۔ سو وہ بری قرارگاہ ہے۔ کہیں گے کہ اے پروردگار! جس نے یہ عذاب ہمارے لیے آگے بھیجا ہے، اسے آگ میں دگنا عذاب دے اور کہیں گے ہمیں کیا ہو گیا کہ ہم ان آدمیوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم شریر گنا کرتے تھے۔ کیا ہم نے

انہیں ٹھٹھا ٹھہرایا تھا یا ان کی طرف سے آنکھیں ہی ٹیڑھی ہوگئیں۔ بے شک یہ دوزخیوں کا باہم جھگڑنا حق ہے۔

- صٓ ۳۸: ۵۵-۶۴-

۴۲- بے شک دوزخ گھات میں لگی ہے اور وہی سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔ اس میں قرنوں پڑے رہیں گے۔ وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور گرم پانی اور پیپ کے سوا ان کو کچھ بھی نہیں ملے گا، پورا بدلہ۔ یہ لوگ حساب سے نہیں ڈرتے تھے اور ہماری آیتوں کو بڑی بے باکی سے جھٹلایا کرتے تھے اور ہم نے ہر چیز کو قلم بند کر رکھا ہے۔ تو مزہ چکھو اور ہم تو تمہارے لیے عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے۔

- النبا ۷۸: ۲۱-۳۰-

۴۳- سو جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو مقدم رکھا تو اس کا ٹھکانا بس دوزخ ہے۔

- النازعات ۷۹: ۳۷-۳۹-

۱۴- گنہگار (اثیم) کا کھانا سینڈھ کا درخت

۴۴- بے شک سینڈھ کا درخت گنہگار کا کھانا ہے۔ پگھلے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولے گا جیسے گرم پانی کھولتا ہے۔ اسے پکڑو پھر اسے دوزخ کی تلی کی طرف گھسیٹ لے جاؤ۔ پھر (اے فرشتو!) اس کے سر پر کھولتے پانی کا عذاب بہا دو۔ چکھ، بے شک تو ہی عزت والا، بزرگ ہے۔ بے شک یہ وہی ہے جس میں

رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ۝ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ۝ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ۝ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ۝

۴۲- اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ۝ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَا اَحْقَابًا ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ۝ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ۝ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝

۴۳- فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ۝ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝

۴۴- اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۝ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ۝

۴۵- وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئَا اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ

تم شک کیا کرتے تھے۔

- الدخان ۴۴: ۴۳-۵۰-

۴۵- ہر ایک جھوٹے گنہگار کی خرابی ہے۔ اللہ کی آیتیں جو اس پر پڑھی جاتی ہیں سنتا ہے پھر گھمنڈ کرتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو انہیں دردناک عذاب کی بشارت دے اور جب ہماری آیتوں سے کچھ معلوم کرتا ہے تو اس کو ٹھٹھا بنا لیتا ہے۔ یہی ہیں جن کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ ان کے پیچھے دوزخ لگی ہوئی ہے اور جو کچھ انہوں نے کمایا ہے، نہ وہ ان کے کچھ کام آئے گا اور نہ وہ جنہیں انہوں نے اللہ کے سوا کارساز پکڑ رکھا ہے اور ان کے

لیے بڑا بھاری عذاب ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۷۔۱۰۔

۱۵۔ خدائی کا دعویٰ کرنے والوں کو جہنم

۳۶۔اور جو (ان فرشتوں) میں سے کہے گا کہ اس کے سوا میں معبود ہوں، تو یہ وہ ہے جسے ہم دوزخ کی سزا دیں گے۔ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۲۹۔

۱۶۔ اللہ پر کامل اعتقاد نہ رکھنے والوں کو دنیا اور آخرت میں گھاٹا

۳۷۔اور لوگوں میں کوئی وہ بھی ہے جو ایک کنارے پر اللہ کی بندگی کرتا ہے۔اگر اسے بھلائی پہنچتی ہے تو وہ اس عبادت سے اطمینان پاتا ہے اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے مونہہ پر الٹ جاتا ہے وہ دنیا اور آخرت میں گھاٹے میں رہا۔یہی کھلا گھاٹا ہے۔ اللہ کے سوا اسے پکارتا ہے جو نہ اسے نقصان ہی پہنچائے اور نہ نفع ہی پہنچائے۔یہی پرلے درجے کی گمراہی ہے۔اسے پکارتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے البتہ وہ برا دوست ہے اور برا ساتھی۔

۔الحج ۲۲: ۱۱۔۱۳۔

۱۷۔ اللہ کی راہ سے بہکانے والوں کی دنیا میں رسوائی اور آخرت میں دردناک عذاب

۳۸۔اور آدمیوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور ہدایت چمکتی کتاب کے جھگڑتا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۸۔ ولقمٰن ۳۱: ۲۰۔

۳۹۔اپنے شانے موڑتا ہے تاکہ اللہ کی راہ سے (لوگوں کو) گمراہ کرے۔اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلن کا عذاب چکھائیں گے۔

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

۳۶۔وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝

۳۷۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُۨ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ڗ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝

۳۸۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝

۳۹۔ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝

۴۰۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ڰ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

۴۱۔اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ

یہ اس کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجی تھا اور یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۔الحج ۲۲: ۹۔۱۰۔

۴۰۔اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو غافل کرنے والی بات مول لیتا ہے تاکہ بغیر علم کے (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے گمراہ کرے اور اسے ٹھٹھا بنائے۔یہی ہیں جن کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبر کرتا ہوا منہ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں گویا اس کے کانوں میں گرانی ہے۔(اے نبی ﷺ!) تو اسے دردناک عذاب کی بشارت دے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۶۔۷۔

۱۸۔ ایمان سے بچلانے والوں کو جہنم

۴۱۔بے شک وہ لوگ جنہوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار

عورتوں کو مبتلائے مصیبت کیا پھر توبہ نہ کی ان کے لیے دوزخ کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلن کا عذاب ہے۔

-البروج-۸۵:۱۰-

۱۹- اللہ کے احکام نہ ماننے والوں کو عذابِ جہنم

۴۲-تو کیا تم بعض کتاب پر ایمان لاتے اور بعض کا انکار کرتے ہو۔ تو تم میں سے جو یہ کام کرتا ہے اس کی سزا اس کے سوا کچھ نہیں کہ دنیا کی زندگی میں رسوائی اور قیامت کے دن وہ سخت عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو تم کرتے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی مول لی۔ سو نہ ان سے عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ وہ مدد ہی کیے جائیں گے۔

-البقرۃ ۲:۸۵-۸۶-

۴۳-جنہوں نے اپنے پروردگار کی بات مانی ان کے لیے نیکی ہے اور جنہوں نے اس کی بات نہ مانی ان کے پاس اگر وہ سارا مال بھی ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور بھی تو وہ ضرور اسے فدیہ میں دے ڈالیں۔ یہی ہیں جن کے لیے برا حساب ہے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا بچھونا ہے۔

-الرعد ۱۳:۱۸-

۴۴-اور جو ہمارے حکم سے منحرف ہوگا، اسے ہم دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔

-سبا ۳۴:۱۲-

۴۵-بے شک وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے، اللہ انہیں ہدایت نہیں کرے گا۔ اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-النحل ۱۶:۱۰۴-

جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ۝

۴۲- أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاءُ مَنْ يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ أَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ۝

۴۳- لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

۴۴- وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝

۴۵- إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۴۶- ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ ۝

۴۷- وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُنِيرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۖ لَهُ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَنُذِيقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ ۝

۴۶- یہ اللہ کے دشمنوں کی سزا ہے یعنی دوزخ۔ اس میں ان کے لیے ہمیشہ کا گھر ہے۔ اس کی سزا ہے کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔

-حٰم السجدۃ ۴۱:۲۸-

۲۰- اللہ کی آیتوں میں جھگڑنے والوں کو سخت عذاب

۴۷-اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ (کی شان) میں بغیر علم (و دانش) کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب روشن کے جھگڑتا ہے۔ (اور تکبر سے) گردن موڑ لیتا (ہے) تاکہ (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے گمراہ کر دے۔ اس کے لیے دنیا میں ذلت ہے اور قیامت کے دن ہم اسے عذاب (آتش) سوزاں کا مزا چکھائیں گے۔ (اے سرکش) یہ اس (کفر) کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

-الحج ۲۲:۸-۱۰-

۴۸۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں اس کے بعد بھی کہ اس کو قبول کیا گیا، جھگڑتے ہیں، ان کی دلیل ان کے پروردگار کے پاس کمزور ہے اور ان پر غضب ہے اور ان کے لیے سخت عذاب ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۶۔

۴۹۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں جان لیں گے کہ ان کے لیے کہیں چھٹکارا نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۳۵۔

۲۱۔ اللہ کی آیتوں میں ٹیڑھا چلنے والوں کو نار

۵۰۔ بے شک جو لوگ ہماری آیتوں میں ٹیڑھے چلتے ہیں وہ ہم پر چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ تو کیا وہ شخص جو آگ میں ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن سے آئے گا؟ کافرو! تم جو چاہو کرو بے شک جو تم کرتے ہو وہ دیکھتا ہے۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۴۰۔

۲۲۔ اللہ کے ناموں میں ٹیڑھا چلنے کی سزا

۵۱۔ اور ایسے لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں ٹیڑھے چلتے ہیں۔ انہیں وہ جو کرتے ہیں، اس کی سزا دی جائے گی اور جنہیں ہم نے پیدا کیا ہے ان میں کچھ لوگ ہیں جو حق کی طرف راہ دکھلاتے ہیں اور حق کے ساتھ انصاف کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۰-۱۸۱۔

۲۳۔ اللہ پر اعتراض کرنے والوں اور انبیا کے قاتلین کو سخت عذاب

۵۲۔ بے شک اللہ نے ان کا قول سن لیا جنہوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں۔ ہم اس کو جو انہوں نے کہا اور ان کے نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے، لکھے لیتے ہیں اور ان سے ہم کہیں گے کہ جلنے کا عذاب چکھو۔ یہ اس کا بدلہ ہے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے۔ اور نیز یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۱-۱۸۲۔

۱۹۷۔کیا تم نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ حالانکہ ابھی تم پر وہ حالت نہیں آئی جو ان پر آئی تھی، جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان کو محتاجی اور تکلیف نے پکڑا تھا اور وہ خوب ہلائے گئے تھے یہاں تک کہ رسول اور وہ لوگ جو اس کے ساتھ ہو کر ایمان لائے تھے کہنے لگے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی۔ سن لو کہ اللہ کی مدد قریب ہی ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۱۴۔

جنت میں کون لوگ داخل ہوں گے؟

ا۔ مومنین جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے

۱۔ وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِزْقًا ۙ قَالُوا هَٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۖ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا ۖ وَلَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ ۖ وَهُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۲۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۳۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

۴۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ ۖ وَنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيلًا ۝

۵۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ قِيلًا ۝

۶۔ وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ۝

۷۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ ۖ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ ۖ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۱۔ اور جو لوگ ایمان لائے۔ اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کو خوش خبری سنا دے کہ ان کے لیے باغ ہیں، تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ جب ان کو وہاں کوئی میوہ کھانے کو دیا جائے گا تو کہیں گے، یہ تو ہم کو پہلے بھی مل چکا ہے اور ان کو ایک ہی صورت سے ملا کریں گے اور وہاں ان کے لیے پاک بیبیاں ہوں گی اور وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵۔

۲۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے وہی لوگ جنتی ہیں اور وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۸۲۔

۳۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کا ثواب ان کے پروردگار کے ہاں ان کو ملے گا اور ان پر نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۷۔

۴۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ ان کے لیے وہاں پاک بیبیاں ہوں گی اور ہم ان کو گھنی گھنی چھاؤں میں رکھیں گے۔

۔النساء ۴: ۵۷۔

۵۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم عنقریب ان کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی، وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ کا پکا وعدہ ہے اور اللہ سے بڑھ کر بات کا سچا کون؟

۔النساء ۴: ۱۲۲۔

۶۔ اور جو شخص کوئی نیک کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ذرہ بھی ان کی حق تلفی نہ ہوگی۔

۔النساء ۴: ۱۲۴۔

۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے اور ہم کسی شخص کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف تو دیتے نہیں۔ یہی لوگ جنتی ہیں وہ ہمیشہ اسی جنت میں رہیں گے اور جو کچھ ان کے دلوں میں رنج ہوگا وہ ہم نکال دیں گے۔ ان کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم کو یہ راستہ دکھایا۔ اور اگر خدا ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم راہ نہ پاتے۔ بے شک ہمارے پروردگار کے رسول حق لے کر آئے تھے اور ان لوگوں سے پکار کر کہہ دیا جائے گا، یہی وہ جنت ہے کہ تم ان عملوں کی بدولت جو تم کرتے تھے اس کے وارث قرار دیے گئے ہو۔

۔الاعراف ۷: ۴۲-۴۳۔

۸۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

۹۔ وَعَدَ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللَّهِ أَكْبَرُ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

۱۰۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ ۖ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝ دَعْوَاهُمْ فِيهَا سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ۚ وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

۱۱۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۱۲۔ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ

۸۔ سچے مسلمان تو بس وہی ہیں کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل دہل جاتے ہیں اور جب آیاتِ الٰہی ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ ان کے ایمان کو اور بھی زیادہ کر دیتی ہیں۔ اور (ہر حال میں) اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ جو نماز پڑھتے ہیں اور ہم نے جو ان کو روزی دی ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ یہی ہیں سچے ایمان دار۔ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور (گناہوں کی معافی) اور عزت اور آبرو کی روزی ہے۔

-الانفال ۸: ۲-۴۔

۹۔ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں سے اللہ نے باغوں کا وعدہ کر لیا ہے، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور دائمی بہشت میں عمدہ عمدہ مکانوں کا۔ اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑھ کر ہے۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔

-التوبۃ ۹: ۷۲۔

۱۰۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، انہیں ان کے ایمان کے باعث ان کا پروردگار راہ دکھلائے گا۔ ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ وہ وہاں بول اٹھیں گے کہ بارالہا! تیری ذات پاک ہے اور وہاں ان کی دعا خیر سلام ہوگی اور ان کی آخری بات یہ ہوگی کہ ہر طرح کی حمد اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

-یونس ۱۰: ۹-۱۰۔

۱۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے اور اپنے پروردگار کے آگے عاجزی کرتے رہے یہی جنتی لوگ ہیں۔ یہ ہمیشہ بہشت میں رہیں گے۔

-ھود ۱۱: ۲۳۔

۱۲۔ بس وہی لوگ نصیحت پکڑتے ہیں جو سمجھ دار ہیں۔ یعنی وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے ساتھ جو عہد کر لیا اس کو پورا کرتے ہیں اور اپنے اقرار کو نہیں توڑتے۔ اور وہ لوگ کہ اللہ نے جن تعلقات کے جوڑے رکھنے کا حکم دیا ہے ان کو جوڑے رکھتے اور اپنے پروردگار سے ڈرتے اور قیامت کو بری طرح حساب لیے جانے کا اندیشہ رکھتے ہیں اور جنہوں نے اپنے پروردگار کا مونہہ کر کے صبر کیا۔ اور نمازیں پڑھیں اور ہم نے جو ان کو رزق دیا تھا اس میں سے چپکے اور ظاہر خرچ کیا۔ اور برائی کے مقابلے میں نیکی کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کی دنیا کا انجام ہے (یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغ جن میں وہ خود رہیں گے اور ان کے بڑوں اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے جو نیکوکار ہوں

وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

۱۳۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝

۱۴۔ وَأُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۝

۱۵۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۱۶۔ إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ إِنَّا لَا نُضِيْعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا ۝ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٔيْنَ فِيْهَا عَلَى الْأَرَآئِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝

۱۷۔ إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝

۱۸۔ إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝

گے (وہ بھی) اور ہر دروازے سے فرشتے ان کے پاس آ کر ان سے سلام علیکم کریں گے۔ جو تم صبر کرتے رہے یہ اسی کا صلہ ہے۔ سو تمہاری دنیا کا بھی اچھا انجام ہوا۔

۔الرعد ۱۳:۱۹۔۲۴

۱۳۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے خوش حالی ہے اور اچھا ٹھکانہ۔

۔الرعد ۱۳:۲۹

۱۴۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہاں ان کی دعا سلام ہوگی۔

۔ابراہیم ۱۴:۲۳

۱۵۔ جو شخص نیک عمل کرے گا، مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ہم اس کی زندگی اچھی طرح بسر کرائیں گے اور ان کو ان کے بہترین اعمال کا صلہ ضرور عطا فرمائیں گے۔

۔النحل ۱۶:۹۷

۱۶۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل بھی کئے تو جو شخص نیک عمل کرے ہم اس کے اجر کو ضائع نہیں ہونے دیا کرتے۔ یہی لوگ ہیں جن کے رہنے کے لیے ہمیشگی کے باغ ہیں ان لوگوں کے مکانوں تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ مہین اور دبیز ریشمی سبز کپڑے زیب تن کریں گے۔ وہاں تختوں پر تکیے لگائے ہوں گے۔ کیا اچھا بدلہ ہے اور آسائش کی عمدہ جگہ ہے۔

۔الکہف ۱۸:۳۰۔۳۱

۱۷۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کی ضیافت کے لیے فردوس کے باغ ہوں گے۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہاں سے اٹھنا نہیں چاہیں گے۔

۔الکہف ۱۸:۱۰۷۔۱۰۸

۱۸۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، رحمان عنقریب ان کی محبت پیدا کر دے گا۔

۔مریم ۱۹:۹۶

۱۹۔ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْــًٔا ۝ جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝

۲۰۔ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝

۲۱۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝

۲۲۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ښ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۝

۲۳۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۲۴۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝

۲۵۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓي اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

۱۹۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور ان کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی جائے گی۔ ہمیشہ رہنے کے باغوں میں جن کا وعدہ غیب سے اللہ نے اپنے بندوں کے ساتھ کر رکھا ہے۔ بے شک اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ وہاں کوئی بیہودہ بات کان میں نہیں پڑے گی۔ سلام ہی سلام کی آواز ہوگی۔ وہاں ان کا کھانا صبح و شام ان کو ملا کرے گا۔

۔مریم ۱۹: ۶۰-۶۲۔

۲۰۔ اور جو با ایمان اللہ کے حضور میں حاضر ہوگا، اس نے نیک عمل بھی کیے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جن کے بڑے درجے ہوں گے۔ رہنے کے باغ جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور جو شخص پاک رہے اس کا یہی صلہ ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۷۵-۷۶۔

۲۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، کچھ شک نہیں کہ ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۱۴۔

۲۲۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور موتی اور وہاں ان کا ریشمی لباس ہوگا۔ اور ان کو اچھی بات کی ہدایت کی گئی اور ان کو اس کا رستہ دکھایا گیا تھا، جو سزاوار حمد ہے۔

۔الحج ۲۲: ۲۳-۲۴۔

۲۳۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے بخشش ہے اور عزت کی روزی۔

۔الحج ۲۲: ۵۰۔

۲۴۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے وہ آرام کے باغوں میں ہوں گے۔

۔الحج ۲۲: ۵۶۔

۲۵۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی وہ جو اپنی نماز میں فروتنی کرتے ہیں اور جو بیہودہ بات سے منہ موڑتے ہیں۔ اور وہ جو زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں یا اپنے ہاتھ کے مال پر کہ اس میں ان پر ملامت نہیں ہے۔ مگر جو کوئی سوائے اس کے چاہے تو یہ وہ لوگ ہیں جو حد سے باہر جانے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی نگہداشت رکھتے

فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ۝ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۲۶۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۲۷۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ۝

۲۸۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ۝

۲۹۔ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ ۝

۳۰۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيمِ ۝ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

۳۱۔ أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۳۲۔ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

ہیں۔ اور وہ جو اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں، وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۱۰-۱۱۔

۲۶۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ضرور ہم ان کے گناہ ان سے دور کردیں گے۔ اور جو عمل کرتے رہے ہیں ان کو ان کا بہتر سے بہتر بدلہ دیں گے۔

-العنکبوت ۲۹: ۷۔

۲۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کو ہم ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے۔

-العنکبوت ۲۹: ۹۔

۲۸۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، ہم انہیں جنت کے بالاخانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔ کام کرنے والوں کا اجر کیا اچھا ہے۔

-العنکبوت ۲۹: ۵۸۔

۲۹۔ لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، ان کی باغ (بہشت) میں آؤ بھگت کی جائے گی۔

-الروم ۳۰: ۱۵۔

۳۰۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کے لیے مزے کے باغ ہیں۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ خدا کا پکا وعدہ اور وہ زبردست، حکمت والا ہے۔

-لقمٰن ۳۱: ۸-۹۔

۳۱۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ان کے رہنے کو باغ ہوں گے۔ مہمان داری ان کے عملوں کا بدلہ جو وہ کرتے رہے۔

-السجدۃ ۳۲: ۱۹۔

۳۲۔ (قیامت ضرور آئے گی) تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کو بدلہ دے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

-سبا ۳۴: ۴۔

۳۳۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

۔فاطر ۳۵:۷۔

۳۴۔ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھے ہوئے ہیں۔ یہی بڑا فضل ہے۔ (ان کے لیے) ہمیشہ رہنے کے باغ، یہ ان میں جا داخل ہوں گے۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کر دیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا اور بڑا قدردان ہے کہ اس نے ہم کو اپنے فضل سے ٹھہرنے کے ایسے گھر میں لا اتارا کہ یہاں ہم کو نہ تو تکلیف پہنچتی ہے اور نہ تکان ہوتی ہے۔

۔فاطر ۳۵:۳۲-۳۵۔

۳۵۔ بے شک جنتی لوگ اس دن مزے سے جی بہلا رہے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں ان کے لیے میوے ہوں گے اور جو کچھ طلب کریں گے وہ ان کے لیے حاضر۔ پروردگار مہربان اپنی طرف سے سلام بھیجے گا۔

۔یٰس ۳۶:۵۵-۵۸۔

۳۶۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لیے بڑا اجر ہے جو موقوف ہونے والا نہیں۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱:۸۔

۳۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل

۳۳۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

۳۴۔ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۝ الَّذِيْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝

۳۵۔ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِــُٔوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝ سَلٰمٌ ۟ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

۳۶۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

۳۷۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْــَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

۳۸۔ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کئے وہ باغ ہائے بہشت کے سبزہ زاروں میں ہوں گے۔ جو چاہیں ان کو درکار ہوگا، ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے موجود ہوگا۔ یہی بڑا فضل ہے، یہی وہ چیز ہے جس کی خوش خبری اللہ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے۔ تو کہہ دے کہ میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا ہوں مگر رشتہ ناتہ کی محبت۔ اور جو شخص نیکی کرے گا اس کے لیے ہم اور زیادہ خوبی پیدا کر دیں گے۔ اللہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۲-۲۳۔

۳۸۔ میرے بندو آج تم کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہو گے۔ جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور فرماں بردار رہے (ہم ان سے فرمائیں گے) تم اور تمہاری بیبیاں عزت کے ساتھ جنت میں داخل ہو۔ ان پر سونے کی رکابیاں اور پیالیوں کا دور چلے گا۔ اور جس چیز کو جی

چاہے گا اور جس سے آنکھیں خوش ہوں گی، وہ وہاں موجود ہوں گی۔ اور تم ہمیشہ یہیں رہو گے۔ یہ جنت کی میراث تم کو ان کے عوض میں ہے، جو تم کرتے رہے۔ یہاں تمہارے لیے کثرت سے میوے ہیں جن میں سے تم کھا رہے ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۹۔۷۳۔

۳۹۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کو ان کا پروردگار اپنی رحمت میں لے لے گا۔ یہی صریح کامیابی ہے۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۳۰۔

۴۰۔ بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اسی پر جمے رہے، نہ تو ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہی جنت والے ہیں، ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ یہ ان کے عملوں کا بدلہ ہے جو وہ کرتے رہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۳، ۱۴۔

۴۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، بلاشبہ ان کو اللہ ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

۔محمد ۴۷: ۱۲۔

۴۲۔ وہی تو تھا جس نے مسلمانوں کے دلوں میں تحمل ڈالا تاکہ ان کے ایمان کے ساتھ اور ایمان زیادہ ہو۔ اور

بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِينَ ۝ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِنْ ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ ۖ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ ۖ وَأَنْتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝

۳۹۔ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝

۴۰۔ إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۴۱۔ إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

۴۲۔ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَعَ إِيمَانِهِمْ ۗ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عِنْدَ اللَّهِ فَوْزًا عَظِيمًا ۝

۴۳۔ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَىٰ نُورُهُمْ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ

آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں۔ اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ کہ اللہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جا داخل کرے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور ان پر سے ان کے گناہوں کو اتار دے گا۔ اور اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۴۔۵۔

۴۳۔ تو اس روز مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھے گا کہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے داہنی طرف چل رہا ہوگا۔ آج تم

لوگوں کے لیے خوشی ہے، باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ انہیں میں ہمیشہ رہو گے، یہ ہے بڑی کامیابی۔

۔الحدید ۵۷:۱۲۔

۴۴۔ اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف لپکو اور بہشت کی طرف۔ جس کا پھیلاؤ اتنا ہے جیسے آسمان اور زمین کا پھیلاؤ۔ ان لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لاتے ہیں۔ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عنایت کرے۔ اور اللہ کا فضل بہت بڑا ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۱۔

۴۵۔ جو لوگ اللہ اور روزِ آخرت پر یقین رکھتے ہیں، ان کو تم نہ دیکھو گے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے مخالفوں کے ساتھ دوستی رکھیں۔ چاہے وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے ہی کے ہوں۔ یہی وہ ہیں جن کے دلوں کے اندر اللہ نے ایمان نقش کر دیا ہے۔ اور اپنے فیضانِ غیبی سے تائید کی ہے اور وہ ان کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش ہے اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ الٰہی گروہ ہے۔ جان لو کہ الٰہی گروہ ہی فلاح پائے گا۔

۔المجادلہ ۵۸:۲۲۔

۴۶۔ جب حشر کے دن وہ تم کو جمع کرے گا، یہی ہار جیت

وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۴۴۔ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

۴۵۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۴۶۔ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۴۷۔ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ قَدْ

کا دن ہوگا۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا اور نیک عمل کرتا ہے، اللہ اس کے گناہ اس پر سے دور کر دے گا اور اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں سدا و ہمیشہ رہیں گے، بڑی کامیابی یہی ہے۔

۔التغابن ۶۴:۹۔

۴۷۔ ایک پیغمبر کو تمہاری طرف بھیجا، یہ ہے جو تم کو اللہ کی کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان

لائے گا اور نیک عمل کرے گا اللہ اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ نے ان کو خوب روزی دی۔

۔الطلاق ۶۵: ۱۱۔

۴۸۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے اجر ہے بے انتہا۔

۔الانشقاق ۸۴: ۲۵۔

۴۹۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کے لیے باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔

۔البروج ۸۵: ۱۱ والتین ۹۵: ۶۔

۵۰۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے اجر ہے بے انتہا۔

۔التین ۹۵: ۶۔

۵۱۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے یہی لوگ بہترین خلائق ہیں۔ ان کا بدلہ ان کے پروردگار کے ہاں رہنے کے باغ ہیں، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اس سے خوش۔ یہ اس کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہے۔

۔البینۃ ۹۸: ۷۔۸۔

۲۔ متقین، جو اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتے اور نیکیاں کرتے ہیں

۵۲۔ تو ان سے کہہ دے کہ میں تم کو اس سے بہتر چیز بتاؤں۔ جن لوگوں نے پرہیزگاری اختیار کی، ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور پاک بیبیاں ہیں اور خدا کی خوشنودی۔ اور اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۔

۵۳۔ اور اپنے پروردگار کی مغفرت اور اس جنت کی طرف لپکو جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کی برابر ہے۔ وہ ان متقیوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو خوشی اور تنگی کی حالت میں (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصے کو ضبط کرنے والے اور لوگوں کے قصور معاف کرنے والے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔ اور وہ کہ جب وہ کوئی برا کام یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہوں کو کون معاف کر سکتا ہے؟ اور وہ اپنے کیے پر اصرار نہیں

أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ۝

۴۸۔ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝

۴۹۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ۝

۵۰۔ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝

۵۱۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝

۵۲۔ قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِنْ ذَٰلِكُمْ ۚ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَأَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ۝

۵۳۔ وَسَارِعُوا إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ وَمَنْ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ وَ

کرتے اور وہ جانتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کی جزا ان کے پروردگار کی طرف سے معافی ہے اور ایسے باغ جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ انہیں باغوں میں رہیں گے، اور کام کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۵ـ۱۳۶۔

۵۴۔ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے، ان کے لیے باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ کے ہاں سے یہ مہمان داری ہوگی۔ اور جو اللہ کے ہاں ہے وہ نیکوکاروں کے حق میں کہیں بہتر ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۸۔

۵۵۔ اس جنت کی صفت جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ اس کا میوہ اور اس کا سایہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔ یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں اور کافروں کا انجام آگ ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۳۵۔

۵۶۔ پرہیزگار باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ کہا جائے گا سلامتی کے ساتھ اطمینان سے داخل ہو اور ان کے دلوں میں جو رنجش رہی ہوگی تو ہم اس کو نکال دیں گے اور ایک دوسرے کے آمنے سامنے تختوں پر ہوں گے جیسے بھائی بھائی۔ ان کو بہشت میں کسی طرح کی تکلیف چھوئے گی بھی نہیں۔ اور نہ یہ بہشت سے نکالے جائیں گے۔ ہمارے بندوں کو آگاہ کر دو کہ ہم بخشنے والے مہربان ہیں۔

۔الحجر ۱۵: ۴۵ـ۴۹۔

لَمْ يُصِرُّوا عَلَىٰ مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ مَغْفِرَةٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَجَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ۝

۵۴۔ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۗ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ لِلْأَبْرَارِ ۝

۵۵۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا ۚ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوْا ۖ وَعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ۝

۵۶۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ۝ لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِينَ ۝ نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝

۵۷۔ وَقِيلَ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا مَاذَا أَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۚ قَالُوا خَيْرًا ۗ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۚ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ ۝

۵۸۔ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْزِي اللَّهُ الْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ طَيِّبِينَ ۙ يَقُولُونَ سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

۵۷۔ اور جو لوگ پرہیزگار ہیں ان سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا۔ تو جواب دیتے ہیں کہ بہت اچھا۔ جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے۔ اور آخرت کا ٹھکانا تو کہیں بہتر ہے اور پرہیزگاروں کا گھر کیا عمدہ ہے۔

۔النحل ۱۶: ۳۰۔

۵۸۔ یعنی ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں۔ جن میں وہ داخل ہوں گے۔ ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہ وہاں ان کے لیے موجود۔ پرہیزگاروں کو خدا ایسا ہی عوض دیتا ہے۔ جن کی جانیں فرشتے ایسی حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں۔ فرشتے سلام علیکم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو عمل تم کرتے رہے ہو ان کے بدلے میں بہشت میں داخل ہو جاؤ۔

۔النحل ۱۶: ۳۱ـ۳۲۔

۵۹۔ یہ وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اس شخص کو کرتے ہیں جو (اللہ سے) ڈرتا ہے۔

۔مریم ۱۹: ۶۳۔

۶۰۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) پوچھ بھلا یہ (عذاب) اچھا ہے یا وہ ہمیشہ کا باغ جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ وہ ان کا صلہ اور رہنے کی جگہ ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۵۔

۶۱۔ اور جنت متقیوں کے قریب کی جائے گی۔

۔الشعراء ۲۶: ۹۰۔

۶۲۔ اور بے شک پرہیزگاروں کے لیے اچھا ٹھکانا ہے یعنی ہمیشہ رہنے کے باغ، جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوں گے۔ ان میں تکیے لگا لگا کر بیٹھیں گے۔ وہاں بہت سے میوے اور شربت منگوائیں گے اور ان کے پاس نیچی نظر والی بیبیاں ہوں گی ہم عمر۔ یہ ہیں وہ جن کا تم سے روزِ حساب کے لیے وعدہ کیا جاتا ہے۔ بے شک یہ ہماری روزی ہے جو کبھی ختم ہونے میں نہیں آئے گی۔

۔ص ۳۸: ۴۹۔۵۴۔

۶۳۔ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لیے بالاخانے اور بالاخانوں کے اوپر بالاخانے بنے ہوئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ خدا کا وعدہ۔ خدا وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔

۔الزمر ۳۹: ۲۰۔

۵۹۔ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿﴾

۶۰۔ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَمَصِيرًا ﴿﴾

۶۱۔ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿﴾

۶۲۔ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ ﴿﴾ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُفَتَّحَةً لَهُمُ الْأَبْوَابُ ﴿﴾ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ﴿﴾ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ﴿﴾ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿﴾ إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَفَادٍ ﴿﴾

۶۳۔ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَعْدَ اللَّهِ ۖ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ﴿﴾

۶۴۔ وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ ﴿﴾ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ﴿﴾ لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿﴾

۶۵۔ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا

۶۴۔ اور جو سچی بات لے کر آیا اور اس کو سچ جانا، یہی لوگ پرہیزگار ہیں۔ جو چاہیں گے ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے موجود ہوگا۔ نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے تاکہ اللہ ان کے اعمال بد ان پر سے اتار دے۔ اور ان کو ان کے نیک کاموں کے عوض میں اچھے سے اچھا اجر عطا فرمائے۔

۔الزمر ۳۹: ۳۳۔۳۵۔

۶۵۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کو ٹولیاں بنا بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ بہشت

کے پاس پہنچیں گے اور اس کے دروازے کھلے ہوں گے اور بہشت کے موکل ان سے سلام علیک کر کے کہیں گے کہ تم مزے میں رہے، تو بہشت میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو۔ اور یہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے اپنا وعدہ ہم کو سچ کر دکھایا اور ہم کو اس سرزمین کا مالک بنایا کہ ہم بہشت میں جہاں چاہیں رہیں، تو عمل کرنے والوں کا کیا اچھا اجر ہے۔ اور تو فرشتوں کو دیکھے گا کہ عرش کے گرد اگرد حلقہ باندھے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں اور لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور یہ صدا ہوگی کہ سب تعریفیں اللہ کو سزاوار ہیں۔ جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۳-۷۵۔

۶۶۔ پرہیزگار امن کی جگہ یعنی باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ ریشم کی مہین اور دبیز پوشاکیں پہنے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ایسا ہی ہوگا۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم نے ان کے جوڑے لگا دیے ہوں گے۔ وہاں اطمینان سے ہر طرح کے میوے منگا رہے ہوں گے۔ پہلی موت کے سوا وہاں ان کو موت چکھنی ہی نہیں پڑے گی اور اللہ ان کو دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ تیرے پروردگار کا فضل۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

۔الدخان ۴۴: ۵۱-۵۷۔

۶۷۔ جس بہشت کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جس میں بو نہیں اور دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ نہیں بدلتا اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کو خوش ذائقہ معلوم ہوں گی۔ اور صاف شہد کی نہریں۔ اور ان کے لیے وہاں ہر طرح کے میوے ہوں گے اور ان کے پروردگار کی طرف سے بخشش۔

۔محمد ۴۷: ۱۵۔

۶۸۔ اور جنت متقیوں کے قریب کی جائے گی فاصلہ پر نہ ہوگی۔ یہ وہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ ہر ایک اللہ کی طرف رجوع ہونے والے، اس کے احکام کی حفاظت کرنے والے کے لیے جو بن دیکھے رحمٰن سے ڈرا اور رجوع ہونے والا دل لے کر آیا۔ (ہم فرمائیں گے) کہ سلامتی کے ساتھ اس بہشت میں داخل ہو۔ یہی ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ بہشت میں ان لوگوں کو جو چاہیں گے ملے گا اور ہماری سرکار میں اس سے زیادہ ہے۔

۔ق ۵۰: ۳۱-۳۵۔

خٰلِدِيْنَ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۶۶۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ ۟ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۶۷۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۚ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۚ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ

۶۸۔ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ۝ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ۝ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ۝ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۚ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝

۶۹۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُحْسِنِينَ ۝ كَانُوا قَلِيلًا مِنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ ۝ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝ وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝

۷۰۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ ۝ فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ سُرُرٍ مَصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُورٍ عِينٍ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ۝ وَأَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ ۝ يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ۝ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَكْنُونٌ ۝ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ۝ قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ۝ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ ۝ إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ ۝

۷۱۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ ۝ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُقْتَدِرٍ ۝

۷۲۔ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِمَا عَيْنَانِ

۶۹۔ بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہوں گے جو انہیں ان کا پروردگار دے گا، اسے لے رہے ہوں گے۔ بے شک وہ اس سے پہلے نیکوکار تھے۔ رات کے بہت ہی کم حصے میں سوتے تھے۔ اور صبح کے وقتوں میں معافی مانگا کرتے تھے۔ اور ان کے مالوں میں مانگنے اور نہ مانگنے والے محتاج کا حق ہے۔

الذاریات ۵۱: ۱۵-۱۹

۷۰۔ پرہیزگار بلاشبہ باغوں اور خوش حالیوں میں اپنے پروردگار کے عطیوں کے مزے لے رہے ہوں گے۔ اور ان کا پروردگار انہیں عذاب دوزخ سے بچائے رکھے گا۔ تم جو نیک عمل کرتے رہے اس کے صلہ میں انہیں تختوں پر جو برابر بچھائے گئے ہیں، تکیے لگا لگا کر بیٹھو، کھاؤ پیو۔ تم کو مزے پہنچے ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی زوجیت میں دیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کرتی رہی، ان کی اولاد کو ان کے ساتھ لے جا شامل کریں گے۔ اور جنتیوں کے اعمال میں سے کچھ بھی کم نہیں کریں گے۔ ہر شخص اپنے عمل میں گروی ہے۔ اور جس میوے اور گوشت کو جنتیوں کا جی چاہے گا ہم ان کے لیے اس کی ریل پیل کر دیں گے۔ وہ آپس میں وہاں جام کی چھینا جھپٹی بھی کریں گے۔ اس میں نہ بکواس ہوگی اور نہ کوئی ناشائستہ حرکت ہوگی۔ اور ایسے لڑکے خدمت کے لیے ان پر آمد و شد کریں گے کہ گویا وہ احتیاط سے رکھے ہوئے موتی ہیں اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر آپس میں باتیں کریں گے۔ کہیں گے کہ ہم پہلے ہی گھر والوں کے درمیان ڈرا کرتے تھے۔ تو اللہ نے ہم پر فضل کیا اور ہم کو لو کے عذاب سے بچا لیا۔ ہم پہلے ہی اس سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ بے شک وہ محسن مہربان ہے۔

الطور ۵۲: ۱۷-۲۸

۷۱۔ جو لوگ پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نہروں میں۔ سچی عزت کی جگہ بادشاہ قادر کے مقرب ہوں گے۔

القمر ۵۴: ۵۴-۵۵

۷۲۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اس کے لیے دو باغ ہوں گے۔ تو اے گروہ جن و انس! تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے۔ دونوں باغ ٹہنیوں والے۔ تو اے گروہ جن و انس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہوں گے۔ تو اے گروہ جن و انس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو

گے۔ دونوں میں ہر میوے کی دو قسمیں ہوں گی۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ ایسے فرشوں پر تکیے لگائے ہوں گے کہ تافتے کے ان کے استر ہوں گے اور دونوں باغوں کے پھل جھکے ہوں گے۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ ان میں حوریں ہوں گی جو آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتی ہوں گی اور جنتیوں سے پہلے نہ تو کسی انسان نے انہیں چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔ اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ وہ ایسی ہوں گی گویا یاقوت اور مونگے ہیں۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ بھلا نیکی کے سوا نیکی کا بدلہ کچھ اور بھی ہو سکتا ہے؟ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ اور ان دو کے علاوہ دو باغ اور ہوں گے۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ دونوں گہرے سبز۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ ان دونوں میں دو چشمے ابل رہے ہوں گے۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ ان میں میوے ہوں گے اور کھجوریں اور انار۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ ان میں نیک اور خوب صورت عورتیں ہوں گی۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ وہ عورتیں حوریں ہوں گی جو

تُكَذِّبَانِ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۚ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ مُدْهَامَّتَانِ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۞ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۞ تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۞

خیموں کے اندر بیٹھی ہوں گی۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے؟ جنتیوں سے پہلے نہ تو کسی انسان نے انہیں چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ جنتی وہاں سبز قالینوں اور عمدہ عمدہ فرشوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ تو اے گروہ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ تیرے پروردگار کا نام بڑا بابرکت ہے عظمت والا اور لوگوں پر احسان کرنے والا۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۶۱-۷۸۔

۴۳- إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۞

۴۳ بے شک پرہیزگاروں کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں نعمتوں کے باغ ہیں۔

۔القلم ۶۸: ۳۴۔

۷۴۔ بے شک پرہیزگار چھاؤں اور چشموں اور میووں میں جو ان کو بھاتے ہوں (آرام کرتے ہوں گے) تم جیسے جیسے عمل کرتے رہے ہو، ان کے بدلے میں کھاؤ پیو۔ تمہارے نیک لگے نیک بندوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔

۔المرسلات ۷۷: ۴۱۔۴۴

۷۵۔ بے شک پرہیزگار لوگوں کے لیے کامیابی ہوگی باغ اور انگور اور نوجوان عورتیں، ہم عمر اور چھلکتے ہوئے جام۔ وہاں یہ لوگ نہ تو کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ جھوٹ۔ کافی انعام بدلے میں تمہارے پروردگار کی طرف سے۔

۔النباء ۷۸: ۳۱۔۳۶

۷۶۔ اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا۔ اور نفس کو خواہشوں سے روکتا رہا تو بس بہشت ہی ٹھکانا ہے۔

۔النازعات ۷۹: ۴۰۔۴۱

۳۔ مجاہدین

۷۷۔ کیا تم نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے نہ ان کو ظاہر کیا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہے اور نہ صابروں کو ظاہر کیا۔

۔آل عمران ۳: ۱۴۲

۷۸۔ تو جن لوگوں نے ہمارے لیے دیس چھوڑے اور اپنے گھروں سے نکالے اور ستائے گئے اور لڑے اور قتل کیے گئے ہم ان کی خطاؤں کو ان سے ضرور دور کر دیں گے

۷۴۔ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ ﴿﴾ وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿﴾

۷۵۔ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿﴾ حَدَائِقَ وَأَعْنَابًا ﴿﴾ وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ﴿﴾ وَكَأْسًا دِهَاقًا ﴿﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّابًا ﴿﴾ جَزَاءً مِنْ رَبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا ﴿﴾

۷۶۔ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَىٰ ﴿﴾ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَىٰ ﴿﴾

۷۷۔ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ ﴿﴾

۷۸۔ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿﴾

۷۹۔ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿﴾ دَرَجَاتٍ مِنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿﴾

۸۰۔ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا

اور ان کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ یہ اللہ کے ہاں سے بدلہ اور اچھا بدلہ اللہ کے ہاں ہی ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۹۵

۷۹۔ اور اللہ نے اجرِ عظیم کے اعتبار سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر برتری دی ہے۔ یہ مدارج ہیں خدا کے ہاں سے۔ اور اس کی بخشش اور مہر ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔النساء ۴: ۹۵۔۹۶

۸۰۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کئے اور جنہوں نے مہاجرین کو جگہ دی اور مدد دی، یہی سچے مسلمان ہیں۔ ان کے لیے معافی ہے اور

عزت کی روزی۔

۔الانفال ۸: ۷۴۔

۸۱۔ لیکن رسول اور جو ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں انہوں نے اپنی جان و مال سے جہاد کیے۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے سب خوبیاں ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔ ان کے لیے اللہ نے باغ تیار کر رکھے ہیں، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۸۸۔۸۹۔

۸۲۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اپنے جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کیے، یہ اللہ کے ہاں درجے میں کہیں بڑھ کر ہیں اور یہی ہیں جو منزل مقصود کو پہنچنے والے ہیں۔ ان کا پروردگار ان کو اپنی مہربانی، رضا مندی اور ایسے باغوں میں رہنے کی بشارت دیتا ہے جن میں ان کو دائمی آسائش ملے گی۔ وہ ان باغوں میں ہمیشہ رہیں گے۔ بے شک اللہ کے ہاں ثواب کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۲۰۔۲۲۔

۸۳۔ اور مہاجرین اور انصار میں سے جو (اسلام میں) آگے بڑھنے والے، اول رہنے والے ہیں اور وہ جنہوں نے نیک باتوں میں ان کی پیروی کی، ان سے اللہ راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے اور اس نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کیے ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ یہی بڑی

وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۸۱۔ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۡ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۸۲۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

۸۳۔ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۸۴۔ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰي مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۭ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۣ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ۭ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۸۵۔ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ

کامیابی ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۱۰۰۔

۸۴۔ اللہ نے مسلمانوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لیے ہیں کہ ان کے بدلے ان کو جنت دے گا۔ یہ اللہ کے رستہ میں لڑتے ہیں اور مارتے ہیں اور مارے جاتے ہیں۔ یہ اللہ کا پکا وعدہ ہے، جس کا پورا کرنا اس نے اپنے اوپر لازم کر لیا ہے۔ یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں لکھا ہوا ہے اور اللہ سے بڑھ کر اپنے قول کا پورا اور کون ہو سکتا ہے۔ سو تم اپنے اس سودے پر جو تم نے اللہ سے کیا ہے خوشیاں مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۱۱۱۔

۸۵۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ان کے عملوں کو اللہ ہرگز

رائیگاں نہیں ہونے دے گا۔ انہیں مقصود کو پہنچا دے گا اور ان کو خوش حال کر دے گا۔ اور ان کو جنت میں داخل کرے گا جس کا حال اس نے انہیں بتا رکھا ہے۔

۔محمد ۴۷: ۴۔۶۔

۸۶۔ مسلمانو میں تم کو ایسی سوداگری بتاؤں جو تم کو عذاب دردناک سے بچائے۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانیں لڑا دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے بشرطیکہ تم میں سمجھ ہو۔ اللہ تمہارے گناہ معاف کرے گا اور تم کو ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اور عمدہ مکانات ہیں جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔ ایک اور بھی ہے جس کو تم پسند کرتے ہو اللہ کی طرف سے مدد اور عنقریب فتح۔ اور مسلمانوں کو یہ خوش خبری سنا دو۔

۔الصف ۶۱: ۱۰۔۱۳۔

۴۔ صابرین

۸۷۔ تو کیا وہ شخص جو یہ یقین رکھتا ہے کہ جو کچھ تیری طرف، تیرے پروردگار کی جانب سے اتارا گیا ہے حق ہے، اس کی برابر ہو جائے گا جو (راہِ راست سے) اندھا ہے۔ بات یہ ہے کہ نصیحت تو عقل مند ہی پکڑتے ہیں جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور قول و قرار کو نہیں توڑتے اور وہ جو اس رشتہ کو ملائے رکھتے ہیں جس کے ملانے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور اپنے پروردگار سے اور برے حساب سے

وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝

۸۶۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۸۷۔ أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَالْمَلَائِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

ڈرتے ہیں۔ اور وہ جو اپنے پروردگار کی خوش نودی چاہنے کے لیے صبر کرتے اور نماز پڑھتے اور جو مال ہم نے انہیں دیا ہے، اس میں سے چھپا کر اور علانیہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے اور نیکی کے ساتھ برائی کو دفع کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت کا گھر ہے۔ (یعنی) رہنے کے باغ، جن میں وہ خود اور جو ان کے باپوں اور بیویوں اور اولاد میں سے صالح ہوں گے، داخل ہوں گے اور فرشتے ان پر ہر دروازے سے داخل ہوں گے۔ کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہے اس لیے کہ تم نے صبر کیا تھا۔ سو آخرت کا گھر کیا ہی اچھا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۱۹۔۲۴۔

۸۸۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا ... وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

۸۹۔ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

۹۰۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝

۹۱۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝

۸۸۔ اور رحمٰن کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں ۔۔۔ اور اللہ سے دعائیں مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت فرما۔ اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۳ ۔۔۔ ۷۴۔

۸۹۔ یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے جنت میں بالاخانے ملیں گے۔ اور وہاں دعا اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال ہوگا۔ وہ بہشت میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ کیسی اچھی جگہ ہے، خواہ تھوڑی دیر ٹھیرو یا ہمیشہ رہو۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۵۔۷۶۔

۹۰۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم انہیں ضرور جنت میں بالاخانوں میں جگہ دیں گے۔ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ وہ ہمیشہ ان ہی میں رہیں گے۔ عمل کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے، جنہوں نے صبر کیا اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۸۔۵۹۔

۹۱۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار ہے پھر وہ اس قول پر جمے رہے (قیامت کے دن) ان پر نہ کچھ خوف ہی ہوگا اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔ یہی لوگ جنت والے ہیں وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ بدلہ اس کا جو (نیک کام) وہ کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنے کی تاکید کی۔ اس کی ماں نے تکلیف اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور تکلیف ہی اٹھا کر اسے جنا اور اس کا پیٹ میں رکھنا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے ہے یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری طاقت کو پہنچ گیا اور چالیس برس کی عمر کو پہنچ گیا تو اس نے کہا اے میرے پروردگار! مجھے یہ توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہے، شکر ادا کروں اور یہ کہ میں وہ نیک کام کروں جو تجھے پسند ہو اور میرے لیے میری اولاد میں اصلاح کر، میں تیری طرف رجوع ہوا اور میں فرماں برداروں میں ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں کہ ہم ان سے ان کے اچھے کام جو وہ کرتے ہیں، قبول کرتے ہیں اور ان کی برائیوں سے ہم درگزر کرتے ہیں۔ وہ بہشت کے رہنے والوں میں ہیں۔ یہ وہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جاتا تھا۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۳۔۱۶۔

۹۲۔ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ۝ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ۝ يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ۝ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ۝ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاءً وَلَا شُكُورًا ۝ إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ۝ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُورًا ۝ وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيرًا ۝ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ۝ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ۝ وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ۝ قَوَارِيرَ مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ۝ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ۝ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ۝ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ۝ وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَمُلْكًا كَبِيرًا ۝ عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ ۖ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ۝ إِنَّ هَٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُورًا ۝

۹۳۔ وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ۝ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ۝ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ۝ عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ۝

۹۲۔ بے شک نیک لوگ اس پیالہ سے پئیں گے جس کی ملونی کافور ہوگی۔ وہ ایک چشمہ ہے۔ جس سے اللہ کے بندے پئیں گے اسے چیر کر بہالے جائیں گے وہ نذر کو پورا کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہوگی۔ وہ خدا کا حب کر کے محتاج اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔ (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو تم کو محض اللہ کی رضا مندی کے لیے کھلاتے ہیں۔ ہم نہ تم سے بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکر گزاری۔ بے شک ہم اپنے پروردگار کے اس دن سے ڈرتے ہیں جو منہ بگاڑنے والا، تیوری پر بل ڈالنے والا ہوگا۔ تو اللہ بھی ان کو اس دن کی برائی سے بچالے گا اور ان پر تازگی اور خوشی ڈالے گا اور بسبب اس کے کہ انہوں نے صبر کیا انہیں بدلے میں بہشت اور حریر دے گا۔ اس میں تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے، نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے اور نہ جاڑا۔ اور اس کے سائے ان پر جھکے ہوئے ہوں گے اور اس کے خوشے نیچے لٹک رہے ہوں گے اور ان پر چاندی کے برتنوں اور آبخوروں کو جو شیشے کی مانند ہوں گے، گھمایا جائے گا۔ چاندی کے بنے ہوئے شیشے ہوں گے جن کا انہوں نے اندازہ کر رکھا ہوگا۔ اور انہیں اس میں سے وہ پیالہ پلایا جائے گا جس کی ملونی سونٹھ ہوگی۔ وہ ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے۔ اور ان پر ہمیشہ رہنے والے لڑکے گشت کرتے ہوں گے۔ جب تو انہیں دیکھے تو انہیں بکھرے ہوئے موتی خیال کرے گا۔ اور جب تو وہاں دیکھے گا تو ایک نعمت، اور تو ایک بڑی بادشاہت دیکھے گا۔ ان پر سبز باریک ریشم اور تافتے کے کپڑے ہوں گے۔ اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ اور ان کا پروردگار انہیں پاکیزہ شربت پلائے گا۔ بے شک یہ تمہاری جزا ہے اور تمہاری کوشش قابل قدر ہے۔

-الدہر-۷۶: ۵-۲۲-

۵۔ جنت میں آگے بیٹھنے والے

۹۳۔ اور جو آگے ہیں وہ آگے ہی (بڑھانے) کے قابل ہیں۔ یہ بارگاہ خداوندی کے مقرب ہیں آرام کے باغوں میں۔ بہت تو اگلے لوگوں میں سے اور تھوڑے پچھلوں میں سے، ایک دوسرے کے آمنے سامنے۔ جڑاؤ تختوں پر تکیے لگائے ہوں گے۔ غلمان جو ہمیشہ لڑکے ہی بنے رہیں گے، ان کے پاس آبخورے اور ٹنٹیاں اور ایسی شراب صاف کے جام لاتے اور لے جاتے ہوں گے، جس سے ان کو نہ تو دردِ سر ہو اور نہ بکواس لگے۔ اور جس قسم کا میوہ پسند کریں۔ اور جس قسم کے پرند کے گوشت کو ان

کا جی چاہے (وہی موجود) اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں جو چھپائے ہوئے موتیوں کی طرح (خوش رنگ) ہوں گی۔ یہ بدلہ ہے ان کے اعمال کا جو وہ کرتے رہے۔ نہ تو کوئی لغویات سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی بات۔ بس سلام سلام کی آوازیں (آرہی ہوں گی)۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۱۰۔۲۶۔

۶۔ مقربین

۹۴۔ پھر اگر وہ مقربوں میں سے ہے تو راحت اور رزق اور نعمتوں کی جنت ہے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۸۸۔۸۹۔

۷۔ اصحاب الیمین یعنی داہنی طرف والے

۹۵۔ اور داہنے ہاتھ والے ان داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا! بے کانٹوں کی بیریوں اور لدے ہوئے کیلوں اور لمبی لمبی چھاؤں اور پانی کے جھرنوں اور افراط کے میووں میں۔ جو بے روک ٹوک ان کو ملا کریں گے اور اونچے اونچے فرشوں کی آسائش میں عیش کر رہے ہوں گے۔ ان حوروں کو ہم نے ان کے لیے ایسا بنایا کہ وہ کنواریاں ہیں، پیاریاں داہنے ہاتھ والے جنتیوں کی ہم عمر۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۲۷۔۳۸۔

۹۶۔ داہنے ہاتھ والوں میں سے ہے تو (کہا جائے گا) کہ اے شخص جو داہنے ہاتھ والوں میں ہے، تجھ پر سلامتی ہے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۹۰۔۹۱۔

۸۔ جن کا اعمال نامہ داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا

۹۷۔ جس کو اس کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں

مُتَّكِـِٔيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ○ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ○ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ○ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ○ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ○ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ○ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ○ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ○ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ○ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ○

۹۴۔ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ○ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ○

۹۵۔ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ○ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ○ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ○ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ○ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ○ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ○ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ○ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ○ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ○ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ○ عُرُبًا اَتْرَابًا ○ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ○

۹۶۔ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ○ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ○

۹۷۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ○ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ○ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ○ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ○ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ○ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓــًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ○

۹۸۔ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ○ وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

دیا جائے گا۔ وہ کہے گا لو میرا نامہ اعمال پڑھو۔ مجھ کو تو یقین تھا کہ میرا حساب مجھ کو ملے گا تو وہ خوش خواہ عیش میں ہوگا۔ بہشت بریں میں، جس کے پھل جھکے ہوں گے۔ ایام گزشتہ میں جو تم نے زادِ آخرت بھیجا تھا اس کے بدلے میں۔ کھاؤ پیو تمہارے نیک لگے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۱۹۔۲۴۔

۹۔ ایمان دار نصاریٰ

۹۸۔ یہ اس سبب سے ہے کہ ان (نصاریٰ) میں علماء و رہبان ہیں اور یہ لوگ تکبر نہیں کرتے۔ اور جب وہ (قرآن) کو سنتے ہیں جو رسول پر نازل ہوا ہے تو تو ان کی آنکھوں کو دیکھے گا کہ ان سے آنسو جاری ہیں اس لیے کہ انہوں نے حق بات کو پہچان لیا ہے۔ وہ دعا مانگنے لگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے۔ تو تو ہم کو تصدیق کرنے والوں کے ساتھ لکھ رکھ۔ اور ہم کو کیا ہوا کہ اللہ

پر اور جو حق بات ہمارے پاس آئی ہے، اس پر ایمان نہ لائیں اور یہ توقع رکھیں کہ ہمارا پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ داخل کرے گا۔ تو ان کے اس کہنے کے صلے میں خدا نے ان کو ایسے باغ عطا فرمائے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ اور نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۸۲-۸۵۔

۹۹۔ اللہ فرمائے گا کہ یہی دن ہے سچے بندوں کو ان کا سچ کام آئے گا۔ ان کے لیے باغ ہوں گے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ سدا کو ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ ہے بڑی کامیابی۔

۔المائدۃ ۵: ۱۱۹۔

۱۰۔ ایمان دار یہودی

۱۰۰۔ اور اللہ نے (بنی اسرائیل سے) فرمایا کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اگر تم نمازیں پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور ہمارے پیغمبروں پر ایمان لاتے اور ان کی مدد کرتے اور خوش دلی سے خدا کو قرض دیتے رہو گے تو ہم ضرور تم پر سے تمہارے گناہ دور کر دیں گے۔ ضرور تم کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

۔المائدۃ ۵: ۱۲۔

۱۱۔ وہ نمازی جو زکوٰۃ دیتے اور بدکاری سے بچتے ہیں

۱۰۱۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں اور فرمان بردار مرد اور

عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَنْ يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝

۹۹۔ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

۱۰۰۔ وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ

۱۰۱۔ إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝

۱۰۲۔ إِنَّ الْإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ

فرمان بردار عورتیں اور راست گو مرد اور راست گو عورتیں اور صابر مرد اور صابر عورتیں اور خاکساری کرنے والے مرد اور خاکساری کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں اور اپنے ناموس کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور خدا کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ان سب کے لیے اللہ نے گناہوں کی معافی تیار کر رکھی ہے اور بڑے اجر۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۵۔

۱۰۲۔ بے شک آدمی بڑا ہی تھڑدلا پیدا کیا گیا۔ جب اس کو نقصان پہنچتا ہے تو گھبرا اٹھتا ہے اور جب اس کو کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو بخل کرنے لگتا ہے مگر نمازیوں کا یہ حال نہیں۔ جو اپنی نماز پر ہمیشگی

مَنُوْعًا ۝ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝

۱۰۳۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۝ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۝ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا

اختیار کرتے ہیں اور ان کے مالوں میں ٹھیرا ہوا حق ہے منگتے اور غیر منگتے محتاج کا۔ اور وہ انصاف کے دن کو سچ جانتے ہیں اور وہ اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک ان کے پروردگار کا عذاب نڈر ہونے کی چیز نہیں ہے۔ اور وہ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ مگر اپنی بیویوں یا اپنے ہاتھ کے مال پر کہ اس میں ان پر ملامت نہیں ہے۔ سو جو کوئی اس کے سوا چاہے تو یہی وہ لوگ ہیں جو حد سے باہر نکلنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی نگہداشت رکھتے ہیں۔ اور وہ اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔ اور وہ جو اپنی نماز کی حفاظت رکھتے ہیں۔ یہی لوگ باغوں میں عزت کئے جائیں گے۔

المعارج ۷۰ : ۱۹۔۳۵

۱۴۔ رحمٰن کے خاص بندے

۱۰۳۔ اور رحمٰن کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے باتیں کرتے ہیں تو وہ سلام کرتے ہیں۔ اور جو راتوں کو اپنے پروردگار کے آگے سجدہ کرتے ہیں اور قیام رکھتے ہیں۔ اور جو دعا مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! عذاب دوزخ کو ہم سے دور ہی رکھیو۔ اس کا عذاب جان کا لاگو ہے۔ تھوڑا ٹھیرنا ہو تو اور ہمیشہ رہنا ہو تو وہ بری جگہ ہے۔ اور جو خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی نہیں کرتے۔ اور نہ بہت تنگی کرتے ہیں بلکہ میانہ روی رکھتے ہیں۔ اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور کسی شخص کو ناحق جان سے نہیں مارتے کہ اس کو خدا نے حرام کر رکھا ہے اور نہ زنا کے مرتکب ہوتے ہیں اور جو ایسا کرے گا وہ گناہ کا نتیجہ بھگتے گا۔ قیامت کے دن اس کو دہرا عذاب دیا جائے گا اور اسی ذلیل حالت میں ہمیشہ رہے گا۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے تو ایسے لوگوں کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور جو شخص توبہ کرے اور نیک عمل بجا لائے وہ درحقیقت اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور وہ جھوٹی گواہی بھی نہیں دیتے ہیں اور بیہودہ کاموں کے پاس ہو کر گزرتے ہیں تو متانت سے گزرتے ہیں۔ اور نیز وہ لوگ جب ان کو ان کے پروردگار کی آیتیں سنا کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اندھے اور بہرے ہو کر ان پر نہیں گرتے اور دعائیں مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ یہی لوگ ہیں جن کو ان کے صبر کے بدلے جنت میں ...

خانے ملیں گے اور وہاں دعا اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال ہوگا۔ وہ بہشت میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ کیا ہی اچھی جگہ ہے ٹھوڑی دیر ٹھہرو یا ہمیشہ رہو۔

۔الفرقان ۲۵: ۷۰۔۷۶۔

۱۳۔ اللہ اور رسول کی اطاعت کرنے والے

۱۰۳۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلے گا اس کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

۔النساء ۴: ۱۳۔

۱۰۵۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلے گا، اس کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گے۔

۔الفتح ۴۸: ۱۷۔

۱۴۔ ابرار

۱۰۶۔ بے شک نیکوکار نعمت میں ہوں گے۔

۔الانفطار ۸۲: ۱۳۔

۱۰۷۔ بے شک نیکوکار نعمت میں ہوں گے۔ تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے۔ تو ان کے چہروں پر نعمت کی تازگی معلوم کرے گا۔ انہیں مہر لگی ہوئی شراب پلائی جائے گی۔ جس کی مہر مشک ہوگی اور اس میں حرص کرنے والوں کو حرص کرنی چاہیے۔ اور اس میں تسنیم کی ملونی ہوگی۔ یہ ایک چشمہ ہے، جس میں سے مقربین پئیں گے۔

۔المطففین ۸۳: ۲۲۔۲۸۔

۱۰۸۔ تو آج مسلمان کافروں پر ہنسیں گے۔ اور تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے۔

۔المطففین ۸۳: ۳۴۔۳۵۔

فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

۱۰۳۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۱۰۵۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

۱۰۶۔ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝

۱۰۷۔ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝ عَلَى الْاَرَاۗىِٕكِ يَنْظُرُوْنَ ۝ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۝ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۭ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝

۱۰۸۔ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ۝ عَلَى الْاَرَاۗىِٕكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ۝

۱۵۔ غلام آزاد کرنے، بھوکوں کو کھلانے اور خیرات دینے والے

۱۰۹۔ اور تو کیا سمجھا کہ گھاٹی کیا ہے؟ وہ ہے گردن کا چھڑا دینا۔ یا بھوک کے دن یتیم رشتہ دار یا مسکین خاک نشین کو کھانا کھلانا۔ اس کے علاوہ ان لوگوں میں ہونا جو ایمان لائے اور ایک دوسرے کو صبر کی ہدایت کرتے رہے اور ایک دوسرے کو رحم کرنے کی ہدایت کرتے رہے۔ یہی لوگ مبارک ہوں گے۔

ـ البلد ۹۰: ۱۲ ـ ۱۸ ـ

۱۱۰۔ تو جس نے دیا اور پرہیزگاری کا شیوہ اختیار کیا اور اچھی بات کو سچ جانا۔ تو ہم آسانی کی جگہ اس کے لیے آسان کر دیں گے۔

ـ الیل ۹۲: ۵ ـ ۷ ـ

۱۱۱۔ اور جو بڑا پرہیزگار ہے، وہ اس آگ سے دور رکھا جائے گا۔ وہ ایسا ہے کہ اپنا مال دیتا ہے تا کہ پاک ہو۔ اور کسی کا اس پر کوئی احسان نہیں کہ اس کا بدلہ اتارنا ہو۔ اس کو صرف اپنے پروردگار عالی شان کی خوشنودی منظور ہے اور وہ ضرور راضی بھی ہوگا۔

ـ الیل ۹۲: ۱۷ ـ ۲۱ ـ

۱۶۔ بھلائی کرنے والے

۱۱۲۔ جن لوگوں نے بھلائی کی، ان کے لیے بھلائی ہے اور کچھ بڑھ کر بھی۔ اور ان کے چہروں پر سیاہی نہ چھائی ہوگی اور نہ ذلت۔ یہی جنتی ہیں جو ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

ـ یونس ۱۰: ۲۶ ـ

۱۷۔ توبہ کرنے والے مومن

۱۱۳۔ مسلمانو اللہ کی جناب میں خالص توبہ کرو۔ عجب نہیں

۱۰۹۔ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝ فَكُّ رَقَبَةٍ ۝ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ۝ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝

۱۱۰۔ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝

۱۱۱۔ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝

۱۱۲۔ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۱۱۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

۱۱۴۔ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝

کہ تمہارا پروردگار تمہارے گناہ تم سے دور کر دے اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ جس روز اللہ پیغمبر کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے، رسوا نہیں کرے گا۔ اور ان کے ایمان کی روشنی ان کے آگے آگے اور ان کے داہنے طرف چل رہی ہوگی۔ وہ یہ دعا کرتے ہوں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہماری روشنی کو ہمارے لیے آخر تک قائم رکھ اور ہمارے گناہ معاف فرما۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

ـ التحریم ۶۶: ۸ ـ

۱۸۔ جن کے اعمال زیادہ وزنی ہوں گے

۱۱۴۔ جن کے اعمال تول میں زیادہ وزنی ٹھہریں گے، وہ خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔

ـ القارعۃ ۱۰۱: ۶ ـ ۷ ـ

۱۹۔ روحِ مطمئن

۱۱۵۔ اے روحِ مطمئن! تو اپنے پروردگار کی طرف چل تو اس سے خوش وہ تجھ سے خوش۔ پھر ہمارے بندوں میں جا مل اور ہماری بہشت میں جا داخل ہو۔

۔الفجر ۸۹: ۲۷۔۳۰

۲۰۔ صالحینِ اہلِ کتاب کو اعمال کی مقدار سے زیادہ اجر

۱۱۶۔ بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے رہتے ہیں اور انہوں نے نماز پڑھی اور جو مال ہم نے انہیں دیا ہے، اس میں سے چھپا کر اور کھلے طور پر خرچ کیا، وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں، جس میں گھاٹا نہیں ہے۔ تاکہ اللہ انہیں ان کے پورے اجر دے اور اپنے فضل سے انہیں زیادہ دے۔ بے شک وہ بخشنے والا، قدر دان ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۲۹۔۳۰

جنت میں لذائذِ روحانی

۱۔ لذائذِ جنت کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں

۱۔ تو کوئی شخص بھی نہیں جانتا کہ لوگوں کے نیک عملوں کے بدلے میں کیسی کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لیے پردۂ غیب میں ہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۷۔

۲۔ لذائذِ جنت جو بیان کی گئیں وہ تمثیلی ہیں

۲۔ پرہیزگاروں کے لیے جس باغ کا وعدہ کیا جا رہا ہے اس کی تمثیل یہ ہے کہ اس کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، اس کے پھل سدا بہار اور اسی طرح اس کی چھاؤں۔ یہ ہے ان لوگوں کا انجام جو پرہیزگاری کرتے ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۳۵۔

۱۱۵۔ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ارْجِعِيٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ۝ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ۝

۱۱۶۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

۱۔ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۲۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

۳۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ڬ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

۴۔ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۳۔ جس بہشت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی تمثیل یہ ہے کہ اس میں ایسے پانی کی نہریں ہیں جس میں بو کا نام نہیں اور دودھ کی نہریں جس کا ذائقہ مطلق نہیں بدلا اور شراب کی نہریں جو پینے والوں کو بہت خوش معلوم ہوگی اور صاف شفاف شہد کی نہریں ہیں اور ان کے لیے وہاں ہر طرح کے میوے ہوں گے اور ان کے پروردگار کی طرف سے گناہوں کی معافی۔

۔محمد ۴۷: ۱۵۔

۳۔ جنتیوں کو رزقِ کریم

۴۔ ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور گناہوں کی معافی اور رزقِ کریم۔

۔الانفال ۸: ۴۔

۵۔ ان کے لیے گناہوں کی معافی ہے اور رزق کریم۔

۔الانفال ۸: ۴، الحج ۲۲: ۵۰، النور ۲۴: ۲۶۔

۶۔ اور ہم نے (آخرت میں) ان کے لیے رزق کریم تیار کر رکھا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۱۔

۷۔ اور ان کے لیے اجر کریم تیار کر رکھا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۴۔

۸۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور رزق کریم ہے۔

۔سبا ۳۴: ۴۔

۹۔ تو اس کو گناہوں کی معافی اور اجر کریم کی خوشخبری سنا دے۔

۔یٰس ۳۶: ۱۱۔

۱۰۔ اور اللہ اس کا دگنا اس کو ادا کرے اور اس کو اجر کریم علاوہ بخشے۔

۔الحدید ۵۷: ۱۱۔

۱۱۔ قیامت کو ان کے قرضے کا دونا ادا کر دیا جائے گا۔ اور ان کو اجر کریم ملے گا۔

۔الحدید ۵۷: ۱۸۔

۵۔ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۶۔ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ۝

۷۔ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ۝

۸۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۹۔ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝

۱۰۔ فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝

۱۱۔ يُضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝

خوشنودیٔ اللہ تعالیٰ بڑی نعمت

۱۔ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ ...... وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ

۲۔ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ ...... رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۳۔ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝

۴۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ ...... وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۵۔ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ ...... رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ ...... ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۱۔ جن لوگوں نے پرہیزگاری اختیار کی ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں باغ بہشت ہیں ... اور اللہ کی خوشنودی ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۔

۲۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہی دن ہے کہ سچے بندوں کو ان کا سچ کام آئے گا ان کے لیے باغ ہوں گے ... اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ ہے بڑی کامیابی ہے۔

۔المائدہ ۵: ۱۱۹۔

۳۔ ان کا پروردگار ان کو اپنی مہربانی اور خوشنودی کی اور ایسے باغوں کی بشارت دیتا ہے جن میں ان کو دائمی آسائش ملے گی۔

۔التوبہ ۹: ۲۱۔

۴۔ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں سے اللہ نے باغوں کا وعدہ کر لیا ہے ... اور خدا کی خوشنودی سب سے بڑھ کر ہے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

۔التوبہ ۹: ۷۲۔

۵۔ اور مہاجرین اور انصار میں سے جن لوگوں نے سبقت کی ... اللہ ان سے خوش وہ اللہ سے خوش اور اللہ نے ان کے لیے باغ تیار کر رکھے ہیں ... یہی بڑی کامیابی ہے۔

۔التوبہ ۹: ۱۰۰۔

۶۔اور آخرت میں عذاب سخت اور اللہ کی طرف سے گناہوں کی مغفرت اور خوشنودی۔

۔الحدید ۵۷-۲۰۔

۷۔یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کے اندر اللہ نے ایمان کا نقش کر دیا ہے اور اپنے فیضان غیبی سے ان کی تائید کی ہے اور وہ ان کو ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا ...... اللہ ان سے خوش وہ اللہ سے خوش۔ یہ اللہ کی گروہ ہے، جان لو کہ اللہ کی گروہ ہی فلاح پائے گا۔

۔المجادلہ ۵۸-۲۲۔

۸۔ان کا بدلہ ان کے پروردگار کے ہاں رہنے کے باغ ہیں...... اللہ ان سے خوش اور یہ اس سے خوش اور یہ اس کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا رہا۔

۔البینہ ۹۸:۸۔

۶۔وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ

۷۔أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ ...... رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۸۔جَزَاؤُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ ... رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝

دیدارِ الٰہی سب سے بڑی نعمت

۱۔ جنتی اپنے پروردگار کو دیکھیں گے

۱۔اس دن بہت لوگوں کے چہرے ترو تازہ ہوں گے اپنے پروردگار کو دیکھ رہے ہوں گے۔

۔القیمۃ ۷۵:۲۲-۲۳۔

۲۔جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لیے (آخرت میں بھی) ہے اور کچھ اور بڑھ کر۔

۔یونس ۱۰:۲۶۔

۳۔بہشت میں ان لوگوں کو جو چاہیں گے ملے گا اور ہمارے پاس اس سے (کہیں) زیادہ کچھ اور ہے۔

۔ق ۵۰:۳۵۔

۱۔وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝

۲۔لِّلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ

۳۔لَهُم مَّا يَشَاءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ ۝

۴۔إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۵۔إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَلَا يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۲۔ کافر سامنے نہیں آنے پائیں گے

۴۔جو لوگ ان احکام کو جو اللہ نے کتاب میں نازل کیے، چھپاتے اور اس کے بدلے تھوڑا سا معاوضہ حاصل کرتے ہیں، یہ لوگ اور کچھ نہیں مگر اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں اور قیامت کے دن اللہ ان سے بات نہیں کرے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۷۴۔

۵۔جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے بے حقیقت معاوضہ لے لیتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کو آخرت میں کچھ بہرہ نہیں۔ ان سے قیامت کے دن اللہ نہ بات کرے گا۔ اور نہ ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔آل عمران ۳:۷۷۔

۶۔ سنو بھی (کافر) ہیں جو اس دن اپنے پروردگار کے سامنے نہیں آنے پائیں گے۔

۔المطففین ۸۳: ۱۵۔

شرفِ حضوری

۱۔ جنتی پروردگار سے ملیں گے

۱۔ اور جانے رہو کہ تم کو اس کے حضور میں حاضر ہونا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۳۔

۲۔ اور اس میں تفصیلی باتوں کے کل احکام موجود ہیں اور وہ ہدایت اور رحمت ہے (اور یہ کتاب اس لیے دی گئی) تا کہ لوگ اپنے پروردگار سے ملنے کا یقین کریں۔

۔الانعام ۶: ۱۵۴۔

۳۔ تا کہ ان لوگوں کو اپنے پروردگار سے ملنے کا یقین ہو۔ (اپنی قدرت کی) نشانیاں تفصیل کے ساتھ بیان فرماتا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۔

۴۔ اے آدم! تو گھسٹ گھسٹ کر اپنے پروردگار کی طرف جا رہا ہے پھر تو اس سے جا ملے گا۔

۔الانشقاق ۸۴: ۶۔

۲۔ جنتیوں کو پروردگار کا سلام

۵۔ جس دن یہ لوگ اللہ سے ملیں گے (اس کا) سلام ان کی سلامی ہوگی۔

۔الاحزاب ۳۳: ۴۴۔

۶۔ اور جو طلب کریں گے وہ ان کے لیے موجود ہوگا۔ پروردگار مہربان کی طرف سے سلام ہوگا۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۷۔۵۸۔

۳۔ جنتیوں کے چہرے ترو تازہ وہشاش بشاش

۷۔ اور جو لوگ سپید رو ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔آل عمران ۳: ۱۰۷۔

۸۔ اس دن بہت چہرے ترو تازہ ہوں گے جو اپنے پروردگار کو دیکھ رہے ہوں گے۔

۔القیامۃ ۷۵: ۲۲۔۲۳

۹ کتنے چہرے اس دن چمکتے ہوں گے، ہشاش بشاش۔

۔عبس ۸۰: ۳۸۔۳۹

۱۰۔ تو ان کے چہروں پر نعمت کی تازگی معلوم کرے گا۔

۔المطففین ۸۳: ۲۴۔

۱۱۔ اور کتنے چہرے اس روز ہشاش بشاش ہوں گے، اپنی کوشش سے خوش۔

۔الغاشیۃ ۸۸: ۸۔

۶۔ كَلَّآ إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ ۝

۱۔ وَاعْلَمُوٓا أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ

۲۔ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ۝

۳۔ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُم بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ ۝

۴۔ يَٰٓأَيُّهَا الْإِنسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ۝

۵۔ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ

۶۔ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ۝ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ۝

۷۔ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۸۔ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝

۹۔ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝

۱۰۔ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ۝

۱۱۔ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝

جدید ایڈیشن

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا
اور ہم نے ہر چیز کھول کر تفصیل سے بیان کر دی ہے

اشاریہ

مضامینِ قرآن

جلد دوم

تفصیل البیان ۔ فی ۔ مقاصد القرآن

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

الفیصل
ناشران و تاجران کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

297.122016 Mumtaz Ali, Maulana Syed
Esharia Mazameen-e-Quran / Maulana Syed Mumtaz Ali.- Lahore: Al-Faisal Nashran, 2008.
2v.,(766;538p)

1. Quran Esharia I. Title card

ISBN 969-503-084-x

جولائی 2008ء
محمد فیصل نے
آر۔ آر پرنٹرز سے چھپوا کر شائع کی۔

AI-FAISAL NASHRAN
Ghazni Street,Urdu Bazar,Lahore,Pakistan
Phone : 042-7230777 Fax : 09242-7231387
http : www.alfaisalpublishers.com
e mail : alfaisal_pk@hotmail.com

۵

کتاب الاخلاق

۶

کتاب بدالخلق

۷

کتاب القصص

دیباچہ

اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے مجھ ضعیف و ناتواں کو تفصیل البیان فی مقاصد القرآن کی جلد پنجم و ششم کے اتمام کی توفیق عطا فرمائی اور یہ دونوں حصے تیار ہو کر تالیف و طباعت کی آخری منزل پر پہنچ گئے۔

زورق امید بساحل رسید شکر کہ جمازہ بہ منزل رسید

اس کتاب کے پہلے چار حصے زیادہ تر علماء اور مصنفین کے کام کے تھے۔ جلد پنجم جس کا نام کتاب الاخلاق ہے۔ بلحاظ اہمیت مقاصد اس تالیف کے سب حصوں میں سے زیادہ کارآمد اور مہتم بالشان ہے۔ علماء اور مصنفین کے علاوہ یہ حصہ ہر تعلیم یافتہ مسلمان خصوصاً واعظوں اور مقرروں کے لئے بے حد مفید اور کارآمد ہے۔ اس کتاب کا چھٹا حصہ سرسری نظر میں شاید دوسرے حصوں کی مانند زیادہ ضروری اور کارآمد نہ معلوم ہو۔ لیکن کتاب کو جامع اور مکمل بنانے کے لئے اس کی ترتیب ضروری تھی اور کچھ شک نہیں کہ وہ بہت سے فوائد پر مشتمل ہے۔

ان چھ حصوں میں وہ تمام قرآنی تعلیم جمع کر دی گئی ہے۔ جسے میں اپنی تالیف میں ترتیب آیات کے ذریعے جمع کرنا چاہتا تھا۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے، قرآن مجید کے اخلاقی احکام کی ترتیب کا یہ اہتمام کتاب الاخلاق کی یگانہ خصوصیت ہے۔ کسی دوسری تصنیف میں اس قدر استقصا نظر نہیں آتا۔

لیکن مجھے افسوس ہے کہ نادرستی صحت کی وجہ سے میں اپنی مرضی اور اس کتاب کی شان کے مطابق اس پر محنت نہ کر سکا۔ جس کی وجہ سے اس میں بعض غلطیاں رہ گئی ہیں۔ یہ غلطیاں عموماً مختلف اعداد کے متعلق ہیں۔ پہلے مختلف مضامین پر ان کی ترتیب کے اعتبار سے اعداد لگائے گئے تھے۔ بعد میں کسی ضرورت کی وجہ سے ان آیات کو مقدم و موخر کیا گیا، تو نمبروں کی تصحیح کا خیال نہ رہا۔ مجبوراً میں نے ان حصوں کی فہرستوں میں بھی ان نمبروں کو جوں کا توں رہنے دیا ہے۔ ورنہ فہرستیں اصل کے مطابق نہ ہوتیں۔ البتہ ان فہرستوں میں ایک بات ایسی کر دی ہے جس سے بعض فروگذاشتوں کی کسی حد تک تلافی ہو جائے گی۔ وہ یہ کہ میں جن آیات کا عنوان لکھنا بھول گیا تھا۔ ان کا عنوان فہرست میں درج کر دیا ہے۔ اور ایسے عنوانوں کو جو اصل کتاب میں مندرج نہیں اور صرف فہرست میں درج ہیں۔ خطوط وحدانی کے درمیان لکھا ہے تاکہ پڑھنے والا جان سکے کہ یہ عنوان اصل کتاب میں درج نہیں ہوئے۔ ایسے عنوانوں کو اوپر اور نیچے کے عنوانوں سے ملا کر پڑھا جائے تو ان کا موقع بآسانی معلوم ہو جائیگا۔

جن جن بزرگوں سے قبل ازیں اس کتاب پر تقریظ لکھنے کی درخواست کی گئی تھی، ان سے اب پھر التجا کی جاتی ہے کہ وہ ان دو حصوں پر بھی خصوصاً کتاب الاخلاق پر توجہ مبذول فرمائیں۔ تقریظ سے اس کتاب کی تعریف لکھوا کر اس کا اشتہار دلانا مقصود نہیں ہے۔ نہ محض اس طرح کی تنقید کہ فلاں صفحے کا نمبر غلط ہے۔ یا فلاں لفظ کا اعراب یا املا صحیح نہیں ہے۔ یا فلاں لفظ پر نقطے نہیں لگائے گئے۔ بلکہ تقریظ سے میری مراد اصولی نکتہ چینی ہے۔ مثلاً ترتیب کے لحاظ سے کسی موضوع کے محل کی نسبت اعتراض یا آیات کے تقدم و تاخر کے باب میں کوئی مفید اظہار رائے یا کسی ضروری موضوع کی فروگذاشت کا ذکر، یعنی میرا یہ مقصد ہے کہ ہمارے بزرگ علمائے دین کتاب الاخلاق میں ترمیم کے متعلق مشورہ دیں۔ یا اضافہ کرنے کے لئے کوئی نئے موضوع بتائیں۔ اور ان آیات کا پتہ دیں۔ جو ان موضوعوں کے تحت میں آسکتی ہیں۔ اس لئے میرا یہ منشا ہے کہ اس قسم کی تنقید کی مدد سے طبع ثانی کی بجائے طبع اول میں ہی ضمیمہ یا تکملہ کا اضافہ کر کے کتاب کو مکمل کر دیا جائے۔

اگر خداوند تعالیٰ کا فضل شامل رہا اور صحت نے مساعدت کی تو انشاء اللہ اس تالیف کے دو مزید حصے مرتب کر کے یہ سلسلہ ختم کر دیا جائے گا۔ ایک حصہ قصص انبیاء کے متعلق ہوگا اور دوسرے میں عرب کے ادیان و اقوام کے متعلق آیات قرآنی جمع کر دی جائیں گی۔ قصص کے متعلق تو اس لئے کہ قصص الانبیا وغیرہ کتابوں میں لغو اور بے اصل حالات پڑھ کر لوگ طرح طرح کی غلطیوں اور توہمات میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ یہ تالیف پڑھ کر معلوم ہو جائے گا کہ یہ مشہور عوام قصے قرآن مجید سے کس قدر مطابقت رکھتے ہیں۔

دوسرے حصے سے جو اس سلسلے کا آٹھواں حصہ ہوگا۔ یہ معلوم ہوگا کہ ظہور اسلام کے وقت کس کس دین اور کن کن خیالات کے لوگ ملک عرب میں بستے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہٖ کی بعثت کے وقت یہ سرزمین کتنے مختلف ادیان و مذاہب کا گہوارہ بنی ہوئی تھی اور ان کے متعلق قرآن مجید میں کیا کیا فرمایا گیا ہے ان دو حصوں کی ترتیب کے بعد یہ تالیف بالکل مکمل ہو جائے گی۔

اگرچہ اس ضعیفی و علالت کے عالم میں کر قوا سے کام لینا مشکل ہو رہا ہے۔ اس عظیم الشان کام کے بقیہ کا سرانجام دشوار نظر آتا ہے لیکن جی یہی چاہتا ہے کہ اللہ کے مقدس کلام کی جو بڑی بھلی خدمت شروع کی جا چکی ہے۔ وہ اس بندۂ حقیر و نحیف ہی کے ہاتھوں انجام پا کر زاد آخرت اور سرمایۂ مغفرت بنے۔ ناظرین از راہ کرم دعا فرمائیں کہ خدائے برتر و توانا اتنی مہلت اور توفیق ارزانی فرمائے کہ یہ کام تکمیل کو پہنچ جائے اور میں یہ کہہ سکوں کہ

شام از زندگی خویش کہ کارے کردم

خاکسار سید ممتاز علی۔ لاہور

مورخہ ۵ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ

ترتیب

کتاب الاخلاق

فضیلت علم

نصیحت

وعظ

وعظ و نصیحت کی اجرت نہ لینا

قرآن کو سمجھ کر پڑھنا

دین میں جبر

صبر

شکر

توکل

اخلاص

صدق

ایفائے عہد

نذر

جھوٹ

افترا

بے گناہ پر بہتان

قول بے عمل

شعرا

ریاکاری

خوشامد

تکلف

انصاف

قضا

سفارش

رشوت

عہد اور قسموں پر رشوت

تقلید باپ دادا کی مذمت

تواضع

شیریں زبانی

اترانا

تکبر

غصہ

عفو

اتفاق باہمی

حرص وقناعت

بخل

فضول خرچی

حسد

بغیا (ضد)

بغض

قسم

حلف دروغی

احسان

نیکی (بِرّ)

خیرات

ایثار

سلوک ہمراہ والدین

اولاد

اقرب

یتامیٰ

مساکین

ابن السبیل

اصلاح بین الناس

صلہ رحم و محبت قربا

دوستی

آداب مجلس و ملاقات

سلام انبیائے سابقین

سلام عہد نبوی میں

آداب مجلس

کان میں باتیں

بدگوئی و بداخلاقی

ظن

اخلاقی جرأت

بزدلی

حوصلہ افزائی

غم

امید

اولوالعزمی

ثابت قدمی

قوت

حب وطن

شرافت

کوشش

پابندی وقت

تضیع اوقات

غیرت (بدلہ ظلم کا)

مشورہ

رازداری

جھوٹی افواہ

معاشرت النساء بالاختصار

عام خواتین کے لیے پردے کا حکم

ازواج مطہرات کے لیے پردے کا حکم

متبنّیٰ، چال، آواز اور زینت

اوہام

جادو

مہمان

ہدیہ

چور کو قید

پنچایت و کورٹ آف وارڈ

اپنی حفاظت

مال

جمع مال

سرمایہ داری

عمارات

تجارت

انما الاعمال بالنیات

ریاضت و مجاہدہ نفس

گالی

سب گناہ معاف

استطاعت

شعائر دین

مجرم

فسق، فسوق، فاسقین

فحشاء

فواحش

گناہ (اثم)

گناہ (ذنب)

بغی

اعتداء

نافرمانی (عصیان)

طغیان

اسراف

اعمال صالحہ کا بدلہ

احکام اکل وشرب

حفظ صحت

امراض

جسمانی صفائی

صفائی باطنی

سیاسیات

ملوکیت

مزدور

مشیت الٰہی یہ ہے کہ لوگوں کو غیر مساوی رزق ملے

غفلت

دین میں عقل کا کام

سیاحت وعبرت

عبرت پکڑنے کا حکم

فطرت الٰہی میں تبدیلی

حدود اللہ

کتاب بدء الخلق

آفرینش عالم

آفرینش نظام شمسی

آسمان

بارش

چاند، سورج، تارے

چاند، سورج اور سب سیاروں کی گردشیں

رات، دن، سونا، جاگنا

عیون وانہار (چشمے اور نہریں)

برق، صاعقہ، صیحہ، حاصب، خسف، رعد، برد، شبنم

ریح عذاب

ریاح رحمت

نار

معدنیات

نباتات

اشجار

میوہ جات

بقولات وغلہ وغیرہ

مشروبات

حیوانات (دابہ)

طیر

انعام

اصناف چوپایہ، درندہ، پرندہ، حشرات الارض وغیرہ

انسان

انسان کے جذبات

اعضائے انسانی

ظروف و دیگر سامان خانہ داری

اصنام

بحر

پہاڑ

بلاد

مناظر قدرت

مردہ زمین کو زندہ کرنا، نباتات، باغات
سمندر، کشتیاں، ہوائیں، موجیں

ملائکہ

جن

عرش

لوح محفوظ

کتاب القصص

خبریں اور قصے

آدم علیہ السلام

شیطان

حضرت نوح علیہ السلام

ہود علیہ السلام اور قوم عاد

صالح علیہ السلام و ثمود

فضائل ابراہیم علیہ السلام

حالات ابراہیم علیہ السلام

نسل ابراہیم علیہ السلام

حضرت لوط علیہ السلام

اسمٰعیل علیہ السلام

اسحٰق علیہ السلام

یعقوب علیہ السلام

یوسف علیہ السلام

ایوب علیہ السلام

شعیب علیہ السلام واہل مدین

موسیٰ علیہ السلام وفرعون

موسیٰ علیہ السلام و بنی اسرائیل

موسیٰ علیہ السلام وسامری

قارون

موسیٰ وخضر علیہ السلام

موسیٰ علیہ السلام کے فضائل وکمالات

ہارون علیہ السلام

طالوت

داؤد علیہ السلام

سلیمان علیہ السلام

قصہ شہر سبا

الیاس علیہ السلام

یونس علیہ السلام

حزقی ایل نبی کا قصہ

ذوالقرنین

لقمان

زکریا علیہ السلام

یحییٰ علیہ السلام

مریم صدیقہ علیہا السلام

عیسیٰ علیہ السلام

قصہ اہل انطاکیہ

کِتابُ الاَخلاق

کتاب الاخلاق

فضیلت علم

۱۔ فضیلتِ علم

۱۔ اور ہم نے ان کو قرآن پہنچا دیا۔ علم سے اس میں ہر طرح سے تفصیل بھی کر دی۔ ایمان والے لوگوں کے حق میں ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الاعراف ۷:۵۲۔

۲۔ کہا خدا مجھ کو اپنی پناہ میں رکھے کہ میں جاہل بنوں۔

۔البقرۃ ۲:۶۷۔

۳۔ اور اگر تو اس کے بعد کہ تیرے پاس علم آ چکا ہے، ان کی خواہشوں پر چلے تو تجھ کو نہ کوئی دوست اللہ سے بچانے والا ہے اور نہ کوئی مددگار ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۲۰۔

۴۔ اور تجھ کو جو علم حاصل ہو چکا ہے اگر اس کے پیچھے بھی تو ان لوگوں کی خواہشوں پر چلے تو ایسی صورت میں تو نافرمانوں میں (شمار) ہوگا۔

۔البقرۃ ۲:۱۴۵۔

۵۔ اور اگر اس کے بعد بھی کہ تجھ کو علم ہو چکا ہے تو ان کی خواہشوں پر چلے تو اللہ کے مقابلے میں نہ کوئی تیرا حامی ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا۔

۔الرعد ۱۳:۳۷۔

۲۔ حکمت (علم) بڑی نعمت ہے

۶۔ وہ جس کو چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو حکمت ملی اس کو بڑی نعمت ملی اور نصیحت بھی وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۹۔

۳۔ بڑے عالم کلام اللہ کے حرف حرف پر ایمان لاتے ہیں

۷۔ حالانکہ ان کی اصل حقیقت اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا

۱۔ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲۔ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

۳۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

۴۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۵۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝

۶۔ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۭ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

۷۔ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

۸۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَاۗىِٕمًۢا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

۹۔ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ

اور جو علم میں بڑی پایہ رکھتے ہیں، وہ اتنا کہہ کر رہ جاتے ہیں کہ ہم ان پر ایمان لائے۔ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے اور نصیحت وہی مانتے ہیں جو علم و عقل رکھتے ہیں۔

۔آل عمران ۳:۷۔

۴۔ فرشتے، علما اور خود اللہ وحدانیت کا گواہ ہے

۸۔ خود اللہ اس بات کا گواہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتے اور علم والے بھی گواہ ہیں۔ انصاف سے عالم کو سنبھالے ہوئے ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔آل عمران ۳:۱۸۔

۵۔ اللہ اور آسمانی کتابوں کے عالم رسالت کے گواہ بس ہیں

۹۔ اور منکر کہتے ہیں کہ تو پیغمبر نہیں ہے۔ تو ان سے کہہ دے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ اور وہ لوگ جن کے پاس آسمانی

کتابوں کا علم ہے گواہ بس ہیں۔

۔الرعد ۱۳:۴۳

۶۔ اہلِ علم کے نزدیک نیک کردار مومن کے لیے دولتِ قارونی سے بہتر اللہ کا ثواب ہے

۱۰۔ جو لوگ دنیا کی زندگی کے طالب تھے، بولے کاش! ہمیں بھی یہ ساز و سامان ملتا جو قارون کو ملا ہے۔ بے شک وہ بڑا صاحبِ نصیب ہے اور جو لوگ صاحبِ علم تھے، وہ بولے تم بختو! مومنِ نیک کردار کے لیے اللہ کے ہاں کا ثواب بہتر ہے اور یہ صابروں کے سوا کسی کو نہیں ملتا۔

۔القصص ۲۸:۷۹-۸۰

۷۔ ہماری مثالوں کو اہلِ علم ہی سمجھتے ہیں

۱۱۔ اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں اور ان کو اہلِ علم ہی سمجھتے ہیں۔

۔العنکبوت ۲۹:۴۳

۸۔ اہلِ علم ہی خدا سے ڈرتے ہیں

۱۲۔ اللہ سے تو اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم رکھتے ہیں۔ بے شک اللہ زبردست ہے بخشنے والا۔

۔فاطر ۳۵:۲۸

۹۔ اہلِ علم اور بے علم برابر کیسے ہو سکتے ہیں

۱۳۔ (اے پیغمبرﷺ!) کہہ دو کہ کیا علم والے اور بے علم دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔ نصیحت وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

۔الزمر ۳۹:۹

۱۰۔ جو اہلِ علم ہیں اللہ ان کے درجے بلند کر دے گا

۱۴۔ جو لوگ تم میں ایمان لائے ہیں اور جن کو علم ملا ہے اللہ ان کے درجے بلند کرے گا اور اللہ تمہارے سب کاموں سے آگاہ ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸:۱۱

۱۵۔ اور دعا کرو کہ اے میرے پروردگار! مجھے اور زیادہ علم نصیب ہو۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۱۴

۱۶۔ ان کو ان کے ربی (مشائخ) اور علما جھوٹ بولنے اور مالِ حرام کے کھانے سے کیوں نہیں منع کرتے۔ بلاشبہ برا ہے وہ کام جو یہ کرتے رہے ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۶۳

۱۷۔ ایسا کیوں نہ کیا کہ ان کی ہر ایک جماعت میں سے کچھ لوگ نکلتے ہوتے کہ دین کی سمجھ پیدا کرتے اور جب وہ اپنی قوم میں واپس جاتے تو ان کو ڈراتے تاکہ وہ برے کاموں سے بچتے۔

۔التوبۃ ۹:۱۲۲

وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِندَهُ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝

۱۰۔ قَالَ الَّذِينَ يُرِيدُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَا أُوتِيَ قَارُونُ ۙ إِنَّهُ لَذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰهَا إِلَّا الصّٰبِرُونَ ۝

۱۱۔ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعٰلِمُونَ ۝

۱۲۔ إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ ۝

۱۳۔ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبَابِ ۝

۱۴۔ يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ اٰمَنُوا مِنكُمْ ۙ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

۱۵۔ وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝

۱۶۔ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝

۱۷۔ فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝

نصیحت

۱۔ نصیحت خیر خواہی کرنے کو کہتے ہیں

۱۔اور اس نے اُن سے قسم کھائی کہ البتہ میں تمہارا خیر خواہ ہوں۔

۔الاعراف ۷:۲۱۔

۲۔اپنے رب کے پیغام تمہیں پہنچاتا اور تمہیں نصیحت دیتا ہوں اور خدا سے میں وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

۔الاعراف ۷:۶۲۔

۳۔اپنے رب کے پیغام تمہیں پہنچاتا ہوں اور میں تمہارے لیے معتبر ناصح ہوں۔

۔الاعراف ۷:۶۸۔

۴۔اور کہا کہ اے قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچایا اور نصیحت کی۔لیکن تم نصیحت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔

۔الاعراف ۷:۷۹۔

۵۔اور کہا اے قوم! میں نے اپنے رب کا پیغام تمہیں پہنچایا اور تمہیں نصیحت کی۔ پھر میں کافروں پر کیسا افسوس کروں۔

۔الاعراف ۷:۹۳۔

۶۔ضعیفوں اور بیماروں اور ان پر کچھ گناہ نہیں ہے جن کے پاس خرچ نہیں، جب کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے باب میں نصیحت کریں۔نیکوں پر الزام کی راہ نہیں ہے اور وہ اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔التوبۃ ۹:۹۱۔

۱۔ وَقَاسَمَهُمَآ إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِينَ ۝

۲۔ أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّي وَأَنْصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝

۳۔ أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّي وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِينٌ ۝

۴۔ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّونَ النّٰصِحِينَ ۝

۵۔ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِينَ ۝

۶۔ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنْفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوا لِلّٰهِ وَرَسُولِهٖ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِنْ سَبِيلٍ ۚ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۷۔ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيٓ إِنْ أَرَدْتُّ أَنْ أَنْصَحَ لَكُمْ إِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيدُ أَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۚ هُوَ رَبُّكُمْ ۚ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

۸۔ قَالُوا يٰٓأَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلٰى يُوسُفَ وَإِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُونَ ۝

۹۔ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰٓى أَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُونَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُونَ ۝

۷۔اور جو اللہ تمہیں گمراہ کرنا چاہے گا تو میری نصیحت تمہیں مفید نہ ہوگی اگر میں تم کو نصیحت کرنا چاہوں۔وہ تمہارا رب ہے اور تم اسی کی طرف جاؤ گے۔

۔ہود ۱۱:۳۴۔

۸۔بولے اے ہمارے باپ! تیرا کیا حال ہے کہ یوسف کی نسبت ہمارا اعتبار نہیں کرتا اور ہم اس کے ناصح ہیں۔

۔یوسف ۱۲:۱۱۔

۹۔اور ہم نے پہلے ہی سب دودھ پلانے والی عورتیں موسیٰ پر حرام کر دی تھیں۔ پھر بہن نے کہا کہ میں تمہیں ایک گھر والوں کو بتلاؤں کہ وہ تمہارے لیے اسے پالیں اور اس کے (ناصح) خیر خواہ بنیں۔

۔القصص ۲۸:۱۲۔

۱۰۔کہا اے موسیٰ! اہلِ دربار تیرے بارہ میں مشورہ کر رہے ہیں کہ تجھے قتل کریں۔سو تو یہاں سے نکل بھاگ۔ میں تیرے ناصحوں (خیرخواہوں) میں سے ہوں۔

-القصص ۲۸: ۲۰-

۱۰۔قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ

۱۱۔مومنو! اللہ کی طرف خالص توبہ کرو۔

-التحریم ۶۶: ۸-

۱۱۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا

وعظ

۱۔ وعظ کے معنی سمجھانا اور نصیحت کرنا ہے

۱۔اور اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا نہ بناؤ اور خدا کا فضل جو تم پر ہے یاد کرو اور اس کو بھی یاد کرو جو اس نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی جس سے وہ تم کو سمجھاتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۱-

۱۔وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ

۲۔یہ نصیحت اس کو کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے۔اس میں تمہارے لیے پاکیزگی اور ستھرائی زیادہ ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

-البقرۃ ۲: ۲۳۲-

۲۔ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

۳۔پھر جس کے پاس اُس کے رب کی نصیحت پہنچ گئی اور وہ (سود کھانے سے) باز آیا تو جو کچھ وہ پہلے لے چکا ہے وہ اس کا ہوا اور حکم اس کا اللہ کی طرف ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۷۵-

۳۔فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ

۴۔یہ لوگوں کے لیے بیان ہے اور پرہیزگاروں کے لیے ہدایت و نصیحت۔

آلِ عمران ۳: ۱۳۸

۴۔هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ

۵۔اور وہ عورتیں جن کی بدخوئی سے تم ڈرتے ہو، انہیں سمجھاؤ اور خواب گاہوں میں جدا چھوڑ دو اور انہیں مارو۔

-النساء ۴: ۳۴-

۵۔وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ

۶۔اور جب تم لوگوں میں تصفیہ کیا کرو تو انصاف سے تصفیہ کیا کرو۔ بے شک اللہ تم کو جس بات کی نصیحت کرتا ہے وہ بہت اچھی بات ہے۔

-النساء ۴: ۵۸-

۶۔وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ

۷۔سو تو ان سے چشم پوشی کر اور انہیں نصیحت دے اور ان کے حق میں مؤثر بات کہہ۔

-النساء ۴: ۶۳-

۷۔فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا

۸۔ اگر وہ وہ کام کرتے جس کی انہیں نصیحت کی گئی ہے تو ان کے لیے بہتر اور دینی استواری میں زیادہ مفید ہوتا۔

۔النساء ۔ ۴:۶۶۔

۹۔ اور وہ توریت کی جو اس سے پہلے نازل ہوئی تھی مصدق ہے اور ہدایت اور نصیحت ہے پرہیزگاروں کے لیے۔

۔المائدۃ ۵:۴۶۔

۱۰۔ اور ہم نے موسیٰ کے لیے ہر شے تختیوں پر لکھی، نصیحت اور ہر شے کا مفصل بیان۔ اور کہا کہ اس کو قوت سے تھام اور اپنی قوم کو حکم دے کہ بہترین باتیں جو اس میں ہیں، تھامے رہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۴۵۔

۱۱۔ اور جب ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ تم کیوں ایسے لوگوں کو نصیحت کرتے ہو جنہیں اللہ ہلاک کرنا یا عذاب شدید پہنچانا چاہتا ہے۔ کہا تمہارے رب کے سامنے الزام اتارنے کے لیے نصیحت کرتے ہیں اور شاید کہ وہ ڈریں۔

۔الاعراف ۷:۱۶۴۔

۱۲۔ لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت اور جو کچھ دلوں میں ہے اس کی شفا آچکی ہے اور مومنین کے لیے ہدایت و رحمت۔

۔یونس ۱۰:۵۷۔

۱۳۔ سو جس بات کا تجھے علم نہیں اس کی بابت ہم سے نہ پوچھ۔ میں تجھے نصیحت دیتا ہوں کہ جاہلوں میں نہ ہو۔

۔ہود ۱۱:۴۶۔

۱۴۔ اور رسولوں کی خبروں میں سے وہ سب باتیں جن

۸۔ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا

۹۔ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ

۱۰۔ وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا

۱۱۔ وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ قَوْمًا اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا قَالُوا مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

۱۲۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

۱۔ مہمان کے لیے تازہ کباب

۱۔اور ہمارے رسول (فرشتے) ابراہیم کے پاس بشارت دینے آئے۔ بولے: سلام۔ ابراہیم نے جواب دیا: سلام پھر دیر تک کی کہ ایک تلا ہوا بچھڑا لے آیا۔

۔ہود ۱۱:۶۹۔

۲۔بھلا تیرے پاس ابراہیم کے عزت دار مہمانوں کی حکایت بھی پہنچی ہے۔ جب وہ اس کے پاس آئے تو بولے کہ سلام۔ وہ بولا سلام۔ یہ اجنبی لوگ ہیں۔ پھر اپنے گھر کی طرف دوڑا اور ایک بچھڑا گھی میں تلا ہوا لے آیا۔

۔الذٰریٰت ۵۱:۲۴-۲۶۔

۲۔ کھلانے میں تکلف

۳۔پھر ان کے پاس رکھ دیا۔ کہا تم کیوں نہیں کھاتے؟

۔الذٰریٰت ۵۱:۲۷۔

۷۔ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَحِسَاتٍ لِنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

۸۔ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ

۹۔ وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ

۱۔ وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ

۲۔ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ الْمُكْرَمِينَ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ قَوْمٌ مُنْكَرُونَ فَرَاغَ إِلَىٰ أَهْلِهِ فَجَاءَ بِعِجْلٍ سَمِينٍ

۳۔ فَقَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ قَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ

۴۔ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي

۵۔ وَجَاءَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ قَالَ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ

۶۔ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَنْ ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ

۳۔ اس کی آبرو کا پاس

۴۔پھر اللہ سے ڈرو اور مجھے میرے مہمانوں میں رسوا نہ کرو۔

۔ہود ۱۱:۷۸۔

۵۔اور اہل شہر خوشیاں کرتے آئے۔ بولا یہ میرے مہمان ہیں۔ سو مجھے رسوا نہ کرو اور اللہ سے ڈرو اور میری آبرو نہ کھوؤ۔

۔الحجر ۱۵:۶۷-۶۹۔

۴۔ مہمان کی بے آبروئی سے اللہ بیزار

۶۔اور اسے پھسلا کر اس کے مہمان اڑانے چاہے تو ہم نے ان کی آنکھیں بند کردیں۔

۔القمر ۵۴:۳۷۔

۵۔ ہدیہ

۱۔ اور میں ان کی طرف کچھ ہدیہ بھیجتی ہوں اور پھر دیکھتی ہوں کہ قاصد کیا جواب لے کر آتا ہے۔ بلکہ اپنے ہدیے سے آپ ہی خوش رہو۔

۔النمل ۲۷: ۳۵۔۳۶۔

چور کو قید

۱۔ چوری کی سزا

۱۔ بولے: اللہ کی قسم! تم جانتے ہو کہ ہم زمین میں فساد کرنے نہیں آئے اور ہم کبھی چور نہ تھے۔ وہ بولے: اگر تم جھوٹے نکلے تو چور کی کیا سزا ہے؟ کہا اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے شلیتے سے نکلے وہی اس کا بدلہ ہے۔ ہم ظالموں کو یہی سزا دیتے ہیں۔

۔یوسف ۱۲: ۷۳۔۷۵۔

۲۔ حبسِ بے جا

۲۔ کہا اللہ کی پناہ کہ سوائے اس کے جس کے پاس سے ہم نے اپنا مال پایا ہے اور کسی کو پکڑیں۔ اگر ہم ایسا کریں تو ہم بے انصاف ہوں گے۔

۔یوسف ۱۲: ۷۹۔

پنچایت و کورٹ آف وارڈ

۱۔ اگر یہ دونوں صلح کا ارادہ کریں گے تو اللہ ان کو توفیق دے گا۔

۔النساء ۴: ۳۵۔

۲۔ جو تم میں دو معتبر شخص تجویز کریں گے۔

۔المائدۃ ۵: ۹۵۔

۱۔ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ﴿٣٥﴾ بَلْ أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ﴿٣٦﴾

۱۔ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ ﴿٧٣﴾ قَالُوا فَمَا جَزَاؤُهُ إِن كُنتُمْ كَاذِبِينَ ﴿٧٤﴾ قَالُوا جَزَاؤُهُ مَن وُجِدَ فِي رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ﴿٧٥﴾

۲۔ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ أَن نَّأْخُذَ إِلَّا مَن وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِندَهُ إِنَّا إِذًا لَّظَالِمُونَ ﴿٧٩﴾

۱۔ إِن يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللَّهُ بَيْنَهُمَا ۗ

۲۔ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ

۳۔ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ قِيَامًا

۱۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنفُسَكُمْ ۖ لَا يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ

۲۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ

۱۔ کورٹ آف وارڈ

۳۔ بے وقوفوں کو وہ اموال جو اللہ نے تمہاری معیشت ٹھہرائی ہے، نہ دے دو۔

۔النساء ۴: ۵۔

اپنی حفاظت

۱۔ اپنی حفاظت کرو

۱۔ مومنو! تم اپنی جانوں کا فکر کرو۔ جب تم نے ہدایت پالی تو گمراہ شخص تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰۵۔

۲۔ مومنو! تم اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس

کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔ اس آگ پر زور آور، سنگ دل فرشتے مقرر ہیں۔ اللہ انہیں جو حکم کرتا ہے وہ اس کے اس حکم میں نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم پاتے ہیں، وہ بجا لاتے ہیں۔

۔التحریم ۶۶:۶۔

۲۔ خودکشی مت کرو

۳۔ اور آپ اپنے تئیں ہلاک نہ کرو۔

۔النساء ۴:۲۹۔

۴۔ اور اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۵۔

۳۔ اللہ آسانی چاہتا ہے

۵۔ اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۶۔ اور جو کوئی اللہ سے ڈرتا رہے گا، وہ اس کے کام میں آسانی کرے گا۔

۔الطلاق ۶۵:۴۔

۷۔ اللہ کسی کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اس نے اسے دیا ہے۔ عنقریب اللہ تنگی کے بعد آسانی کرے گا۔

۔الطلاق ۶۵:۷۔

۸۔ پس بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے۔ بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے۔

۔الانشراح ۹۴:۵-۶۔

مال

۱۔ مال کو فضل کہا گیا

۱۔ اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم (حج میں) اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۸۔

وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ اللّٰهَ مَآ أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۝

۳۔ وَلَا تَقْتُلُوٓا أَنفُسَكُمْ

۴۔ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ

۵۔ يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ

۶۔ وَمَن يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَل لَّهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا ۝

۷۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا مَآ ءَاتَىٰهَا سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝

۸۔ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝

۱۔ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ

۲۔ الشَّيْطَٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُم بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُم مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا

۳۔ يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ

۴۔ فَانقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوٓءٌ

۵۔ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَآ ءَاتَىٰهُمُ اللّٰهُ مِن فَضْلِهِۦ هُوَ خَيْرًا لَّهُم

۶۔ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِن فَضْلِهِۦٓ

۲۔ شیطان تم سے تنگ دستی کا وعدہ کرتا ہے اور تمہیں بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تمہیں اپنی طرف سے مغفرت اور فضل کا وعدہ دیتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۸۔

۳۔ وہ اللہ کی نعمت اور فضل سے خوش ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۷۱۔

۴۔ پس وہ اللہ کے فضل اور نعمت کے ساتھ واپس آئے اور انہیں کسی طرح برائی نہ پہنچی۔

۔آل عمران ۳:۱۷۴۔

۵۔ اور جنہیں اللہ نے اپنے فضل سے کچھ دیا ہے اور وہ اس میں بخل کرتے ہیں وہ نہ سمجھیں کہ یہ ان کے حق میں بہتر ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۸۰۔

۶۔ اور اللہ سے اس کا فضل مانگو۔

۔النساء ۴:۳۲۔

۷۔ وہ جو بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بخل سکھاتے ہیں اور جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا ہے، چھپاتے ہیں۔

۔النساء ۴:۳۷۔

۸۔ کیا لوگوں سے اس چیز پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی ہے۔

۔النساء ۴:۵۴۔

۹۔ کہ وہ اپنے رب کے فضل اور خوشی کی تلاش میں ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۲۔

۱۰۔ اور اگر محتاجی سے ڈرو تو اللہ اگر چاہے گا تو اپنے فضل سے تمہیں غنی کر دے گا۔

۔التوبۃ ۹:۲۸۔

۱۱۔ اور کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ کافی ہے۔ ہمیں اللہ اور اس کا رسول اپنی مہر سے پھر بھی کچھ دے گا۔

۔التوبۃ ۹:۵۹۔

۱۲۔ کہ اللہ اور ان کے رسول نے انہیں اپنے فضل سے آسودہ کر دیا ہے۔

۔التوبۃ ۹:۷۴۔

۱۳۔ اور بعض ان میں سے وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر اللہ ہمیں اپنے فضل سے (مال) دے گا تو ہم ضرور خیرات کریں گے اور نیکوکار رہوں گے۔

۔التوبۃ ۹:۷۵۔

۱۴۔ پس جب اس نے اپنے فضل سے انہیں عطا فرمایا تو اس میں بخیلی کرنے لگے۔

۔التوبۃ ۹:۷۶۔

۱۵۔ کہ فضل اس کا تلاش کرو۔

۔النحل ۱۶:۱۴ و بنی اسرائیل ۱۷:۶۶ و القصص ۲۸:۷۳ و الروم ۳۰:۴۶ و فاطر ۳۵:۱۲ و الجاثیۃ ۴۵:۱۲۔

۱۶۔ اور دن کا نشان دیکھنے کو بنایا تاکہ تم اپنے رب کا فضل

۷۔ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

۸۔ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

۹۔ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا

۱۰۔ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ

۱۱۔ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ

۱۲۔ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ

۱۳۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ

۱۴۔ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ

۱۵۔ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

۱۶۔ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

۱۷۔ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

۱۸۔ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

۱۹۔ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

۲۰۔ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

(روزی) تلاش کرو۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۲۔

۱۷۔ اگر وہ محتاج ہوں گے تو اللہ اپنے فضل سے تونگر کر دے گا۔

۔النور ۲۴:۳۲۔

۱۸۔ اور چاہیے کہ وہ لوگ جو نکاح کا مقدور نہیں رکھتے پرہیزگار رہیں۔ یہاں تک کہ اللہ اپنے فضل سے انہیں تونگر کر دے۔

۔النور ۲۴:۳۳۔

۱۹۔ وہ ان محتاج مہاجرین کا حق ہے جو اپنے گھروں اور اموال سے نکالے گئے۔ اللہ کا فضل اور اس کی رضامندی چاہتے ہیں۔

۔الحشر ۵۹:۸۔

۲۰۔ تو زمین میں متفرق ہو جاؤ اور اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو۔

۔الجمعۃ ۶۲:۱۰۔

۲۱۔ اور بعض اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرتے زمین میں پھریں گے۔

۔ المزمل ۷۳: ۲۰۔

۲۲۔ تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو موت آ پکڑے اور وہ کچھ مال چھوڑے تو اپنے والدین اور ناتے داروں کے لیے حسب دستور وصیت کر کے مرے

۔ البقرۃ ۲: ۱۸۰۔

۲۔ مال کو خیر کہا گیا

۲۳۔ لوگ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ ہم کیا خرچ کریں؟ کہہ جو مال خرچ کرو وہ والدین اور ناتے داروں اور یتیموں، محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۱۵۔

۲۴۔ تمہاری جانوں کے لیے بہتر ہے جو خرچ تم کرو گے۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۷۲۔

۲۱۔ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ

۲۲۔ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ ۨالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

۲۳۔ يَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ

۲۴۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ۭ

۲۵۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ

۲۶۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝

۲۷۔ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ

۲۸۔ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝

۲۹۔ اَشِحَّةً عَلَي الْخَيْرِ ۭ

۳۰۔ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ

۳۱۔ اِنِّىْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ

۳۲۔ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِۨ ۝

۳۳۔ وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ

۳۴۔ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝

۲۵۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا ملے گا۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۷۲۔

۲۶۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے اللہ کو معلوم ہے۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۷۳۔

۲۷۔ تو میں بہت سی خوبیاں جمع کر لیتا۔

۔ الاعراف ۷: ۱۸۸۔

۲۸۔ بولا: اے رب میرے! جو بھلائی تو نے میری طرف نازل کی ہے، میں اُس کا محتاج ہوں۔

۔ القصص ۲۸: ۲۴۔

۲۹۔ تو مال غنیمت پر بخیلی کرتے ہوئے۔

۔ الاحزاب ۳۳: ۱۹۔

۳۰۔ اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصے میں لوٹا دیا۔ ان کے ہاتھ کچھ مال نہ آیا۔

۔ الاحزاب ۳۳: ۲۵۔

۳۱۔ میں نے اپنے رب کی یاد سے مال کی محبت کو زیادہ دوست رکھا۔

۔ صٓ ۳۸: ۳۲۔

۳۲۔ نیکی سے روکنے والے، حد سے باہر نکل جانے والے، شک لانے والے کو۔

۔ قٓ ۵۰: ۲۵۔

۳۳۔ اور خرچ کرو تمہارے لیے اچھا ہے۔

۔ التغابن ۶۴: ۱۶۔

۳۴۔ بھلے کاموں سے روکتا ہے، حد سے باہر نکلا ہوا گنہگار ہے۔

۔ القلم ۶۸: ۱۲۔

۳۔ مال کو رحمت کہا گیا

۳۵۔ تو کہہ: اگر تم میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو اس خوف سے کہ سب رحمتیں خرچ نہ ہو جائیں انہیں بند ہی رکھتے۔

۔بنی اسرائیل ۱۰۰:۱۷۔

۳۶۔ تمہارا رب اپنی رحمت تم پر پھیلا دے گا۔

۔الکہف ۱۶:۱۸۔

۳۷۔ اور وہ اپنا خزانہ تیرے رب کی رحمت سے نکالیں۔

۔الکہف ۸۲:۱۸۔

۴۔ مال کو رزقِ حسن کہا گیا

۳۸۔ اور اس نے مجھے اپنی نیک روزی دی ہے۔

۔ہود ۸۸:۱۱۔

۳۹۔ اور جسے ہم نے اپنی طرف سے اچھی روزی دی، پس وہ اس میں سے چھپا کر اور علانیہ خرچ کرتا ہے، کیا وہ برابر ہیں۔

۔النحل ۷۵:۱۶۔

۴۰۔ اور کسی قدر خوف اور بھوک اور جانوں اور مالوں اور میووں کے نقصان سے ہم تم کو آزمائیں گے۔ اور بشارت دے ان صابروں کو۔

۔البقرۃ ۱۵۵:۲۔

۴۱۔ جانوں اور مالوں سے البتہ آزمائیں گے ہم تم کو۔

۔آلِ عمران ۱۸۶:۳۔

۴۲۔ اور اگر چاہتا اللہ تو تم سب کو ایک ہی دین پر کر دیتا۔ وہ تم کو اپنے دیے ہوئے پر آزماتا ہے۔ پس تم خوبیوں میں سبقت لے جاؤ۔

۔المائدۃ ۴۸:۵۔

۳۵۔ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ

۳۶۔ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ

۳۷۔ وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

۳۸۔ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا

۳۹۔ وَمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا هَلْ يَسْتَوٗنَ

۴۰۔ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ

۴۱۔ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ

۴۲۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ

۴۳۔ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ

۴۴۔ اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ

۴۵۔ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا

۴۶۔ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

۴۷۔ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ

۴۳۔ اور اس نے تمہیں زمین پر خلیفہ بنایا، اور بعض کے درجے بعض پر بلند کیے تاکہ اپنے دیے ہوئے میں تمہیں آزمائے۔

۔الانعام ۱۶۵:۶۔

۴۴۔ بے شک تمہارے مال اور اولاد فتنہ ہیں۔

۔الانفال ۲۸:۸ و التغابن ۱۵:۶۴۔

۴۵۔ مال اور اولاد سے تمہیں مدد دی اور تمہارا لشکر بڑھایا۔

۔بنی اسرائیل ۶:۱۷۔

۴۶۔ مال اور بیٹے حیاتِ دنیا کی زینت ہیں۔

۔الکہف ۴۶:۱۸۔

۴۷۔ پھر ہم نے ان (مصریوں) کو باغوں اور چشموں سے باہر نکالا اور خزانوں اور عمدہ مقام سے۔ اسی طرح ہم نے بنی اسرائیل کو اس

کا وارث بنایا

-الشعراء ۲۶:۵۷-۵۹-

۴۸-اور ہم نے اسے اتنے خزانے دیے تھے کہ ایک زورآور جماعت اس کی کنجیاں اٹھاتے تھک جاتی تھی۔

-القصص ۲۸:۷۶-

۴۹-جو گنوار پیچھے رہ گئے وہ سب تجھ سے یوں کہیں گے کہ ہمارے اموال اور گھر والوں نے ہمیں کام میں لگا رکھا۔ تو ہمارے لیے اللہ سے بخشش مانگ۔

-الفتح ۴۸:۱۱-

۵۰-تو پھر اس نے ان پر تسکین نازل کی اور ایک قریب کی فتح ان کو انعام میں دی اور بہت سی غنیمتیں جو وہ لیں گے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

-الفتح ۴۸:۱۸-۱۹-

۵۱-اللہ نے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے کہ تم ان کو لوگے۔ پھر اس نے یہ غنیمت تم کو جلدی دی اور لوگوں کے ہاتھ تمہاری طرف سے روکے۔

-الفتح ۴۸:۲۰-

۵۲-پس انسان کو یہ حال ہے کہ جب اس کو اس کا رب آزماتا اور عزت دیتا ہے تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے بزرگی دی۔

-الفجر ۸۹:۱۵-

۵۳-اور مال اور بیٹوں میں تمہیں بڑھائے گا۔

-نوح ۷۱:۱۲-

۵۴-اور تم مال سے بڑی محبت رکھتے ہو۔

-الفجر ۸۹:۲۰-

۵۵-اور تجھے محتاج پایا پھر تو نگر کیا۔

-الضحیٰ ۹۳:۸-

كَذٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنٰهَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ۝

۴۸-وَآتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَآ إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوٓأُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ

۴۹-سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ أَمْوٰلُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا

۵۰-فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثٰبَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۝ وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝

۵۱-وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيرَةً تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهِ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ

۵۲-فَأَمَّا الْإِنْسٰنُ إِذَا مَا ابْتَلٰهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّيٓ أَكْرَمَنِ ۝

۵۳-وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوٰلٍ وَبَنِينَ

۵۴-وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝

۵۵-وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى ۝

۵۶-وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝

۱-لَمَغْفِرَةٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ ۝

۲-قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ ۝

۵۶-اور وہ مال کی محبت میں بہت سخت ہے۔

-العٰدیٰت ۱۰۰:۸-

جمع، مال

۱- اللہ کی رحمت مال سے بہتر

۱-تو اللہ کی مغفرت اور رحمت اس سے بہتر ہے جو تم دنیا میں جمع کرتے ہو۔

-آل عمران ۳:۱۵۷-

۲-تو کہہ یہ اللہ کا فضل اور اس کی مہر ہے۔ پس چاہیے کہ وہ اس سے خوش ہوں۔ وہ اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

-یونس ۱۰:۵۸-

۳۔ اور تیرے رب کی رحمت اس سے بہتر ہے جو وہ لوگ جمع کرتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳:۳۲۔

۴۔ وہ آگ اس آدمی کو جس نے پیٹھ پھیری اور منہ موڑا، پکارتی ہے اور جس نے مال جمع کر کے سنگوار کھا (اس کو بھی)۔

۔المعارج ۷۰:۱۷۔۱۸۔

۲۔ کثرتِ مال موجب غفلت

۵۔ بہتایت کی حرص نے تمہیں غافل کیا یہاں تک کہ تم قبرستان میں جا پہنچے۔

۔التکاثر ۱۰۲:۱۔۲۔

۳۔ مال کی بابت قیامت کو پرسش

۶۔ پھر اس دن تم سے ضرور نعمت کی باز پرس ہوگی۔

۔التکاثر ۱۰۲:۸۔

۴۔ جمع مال کرنے والے کے لیے خرابی

۷۔ ہر ایک عیب پکڑنے والے غیبت کرنے والے کی خرابی ہے، جس نے مال جمع کیا اور گن گن کر رکھا۔ سمجھتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے پاس رہے گا۔

۔الھمزۃ ۱۰۴:۱۔۳۔

۳۔ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿٣٢﴾

۴۔ تَدْعُوا مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ﴿١٧﴾ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ﴿١٨﴾

۵۔ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿١﴾ حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿٢﴾

۶۔ ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ ﴿٨﴾

۷۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ﴿١﴾ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ ﴿٢﴾ يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ﴿٣﴾

سرمایہ داری

۱۔ عورتوں اور اولاد اور سونے چاندی کے بڑے ڈھیروں اور پالتو گھوڑوں اور چوپایوں اور کھیتی کے مزوں کی محبت پر آدمی رجھائے گئے ہیں۔ یہ دنیا کی زندگی کا سرمایہ ہے اور اچھا ٹھکانا خدا کے پاس ہے۔

۔آلِ عمران ۳:۱۴۔

۱۔ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذَٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ ﴿١٤﴾

۲۔ وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٦﴾ مَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ ۚ

۳۔ أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ ﴿٥﴾ يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿٦﴾

۴۔ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

۲۔ اور جو کچھ اللہ نے ان کے اموال میں اپنے رسول کے ہاتھ لگوا دیا ہے، تو تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے۔ لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ دیتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔ بستیوں کے اموال میں سے جو کچھ اللہ اپنے رسول کو ہاتھ لگوائے وہ اللہ اور رسول اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کا حق ہے تاکہ وہ مال انہیں کے درمیان پھرتا نہ رہے جو تم میں مال دار ہیں۔

۔الحشر ۵۹:۷۔

۳۔ کیا وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پا سکے گا۔ کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں مال خرچ کر ڈالا۔

۔البلد ۹۰:۵۔۶۔

۲۔ مال جمع کر کر کے رکھنے والوں کا انجام

۴۔ اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے رہتے ہیں اور اس کو اللہ کی

راہ میں خرچ نہیں کرتے تو ان کو عذاب دردناک کی خوش خبری سنا دے۔

-التوبۃ ۹:۳۴۔

۵۔وہ آگ ہر اس آدمی کو کھینچ بلائے گی جس نے پیٹھ پھیری اور منہ موڑا اور مال جمع کر کے بیٹت رکھا۔

-المعارج ۷۰:۱۷-۱۸۔

۶۔ہر ایک عیب پکڑنے والے غیبت کرنے والے کی تباہی ہے۔جس نے مال جمع کیا اور گن گن کر رکھا۔

-الھمزۃ ۱۰۴:۱-۲۔

عمارات

۱۔کہ نرم زمین میں محل بناتے اور پہاڑوں میں گھر تراشتے ہو۔

-الاعراف ۷:۷۴۔

۲۔اور پہاڑوں میں خاطر جمعی سے گھر تراشتے تھے۔

-الحجر ۱۵:۸۲۔

۳۔اور تم پہاڑوں میں تکلف سے گھر تراشتے تھے۔

-الشعراء ۲۶:۱۴۹۔

۴۔کیا تم ہر ایک ٹیلے پر کھیلنے کو ایک نشان بناتے ہو اور ایسے استوار محل بناتے ہو کہ گویا تم ہمیشہ رہو گے۔

-الشعراء ۲۶:۱۲۸-۱۲۹۔

تجارت

۱۔ مختلف ہدایات

۱۔تم پر اس میں ذرا بھی گناہ نہیں کہ تم (حج میں) معاش

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٣٤﴾

۵۔تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ﴿١٧﴾ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ﴿١٨﴾

۶۔وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ﴿١﴾ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ ﴿٢﴾

۱۔تَتَّخِذُونَ مِن سُهُولِهَا قُصُورًا وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا

۲۔وَكَانُوا يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِينَ ﴿٨٢﴾

۳۔وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ﴿١٤٩﴾

۴۔أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾

۱۔لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ

۲۔وَأَحَلَّ اللَّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا

۳۔ذَٰلِكُمْ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ وَأَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَأَدْنَىٰ أَلَّا تَرْتَابُوا إِلَّا أَن تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيرُونَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَلَّا تَكْتُبُوهَا

۴۔وَلَا آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا

(تجارت) کی تلاش کرو۔جو تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے۔

-البقرۃ ۲:۱۹۸۔

۲۔اور اللہ نے خرید و فروخت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کر دیا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۷۵۔

۳۔یہ لکھ لینا اللہ کے نزدیک بہت ہی منصفانہ ہے اور گواہی کے لیے بھی بہت پختہ ہے اور زیادہ قریب ہے کہ تم شک میں نہ پڑو۔مگر یہ کہ سودا دست بدست ہو۔جس کو باہم لیتے دیتے ہو، تو اس کے نہ لکھنے پر تم پر کوئی الزام نہیں۔

-البقرۃ ۲:۲۸۲۔

۴۔اور (بے حرمتی نہ کرو) ان کی جو بیت الحرام کے قصد سے جا رہے ہوں۔اپنے رب کے فضل اور رضامندی کے طالب ہوں۔

-المائدۃ ۵:۲۔

۵۔ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ

۶۔ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰي يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ

۷۔ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَاۗءَ ۭ

۸۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَىِٕنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

۹۔ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ۝

۱۰۔ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

۱۱۔ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ

۱۲۔ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ

۱۳۔ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰي كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ

۵۔ اور بے شک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کے لیے جگہ دی اور ہم نے تمہارے لیے اس میں سامانِ زندگی پیدا کیا۔

۔الاعراف ۷:۱۰۔

۶۔ کہہ دے کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بی بیاں اور تمہارا کنبہ اور مال جو تم نے کمایا ہے اور تجارت جس کے مندا پڑ جانے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن کو تم پسند کرتے ہو تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ عزیز ہوں، تو منتظر رہو۔ یہاں تک کہ اللہ کو جو کچھ کرنا ہے وہ لا موجود کرے۔

۔التوبۃ ۹:۲۴۔

۷۔ اور تم کو مفلسی کا ڈر ہو تو اللہ چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔

۔التوبۃ ۹:۲۸۔

۸۔ اور ان منافقین میں سے بعض آدمی ایسے ہیں کہ اللہ سے عہد کرتے ہیں اگر وہ اپنے فضل سے ہم کو بہت سا مال عطا فرمائے تو ہم خوب خیرات کریں اور خوب نیک کام کریں۔ مگر جب اس نے اپنے فضل سے انہیں مال عطا فرمایا تو وہ اس میں بخل اور روگردانی کرنے لگے۔

۔التوبۃ ۹:۷۵-۷۶۔

۹۔ اور ہم نے تمہارے لیے وہاں معاش کے سامان بنا دیے اور ان کو بھی معاش دی جن کو تم روزی نہیں دے سکتے۔

۔الحجر ۱۵:۲۰۔

۱۰۔ وہی ہے جس نے سمندر کو مسخر کر دیا تا کہ تم اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس سے زیور نکالو، جو تم پہنتے ہو۔ اور تو اس میں کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ اس کے پانی کو چیرتی ہوئی چلی جا رہی ہیں اور تا کہ تم اللہ کی روزی تلاش کرو اور شکر ادا کرو۔

۔النحل ۱۶:۱۴۔

۱۱۔ اور ہم نے دن کی نشانی کو روشن بنایا تا کہ تم اپنے رب کی روزی تلاش کرو اور تا کہ تم کو سالوں کی گنتی اور حساب کا علم ہو۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۲۔

۱۲۔ تمہارا رب جو تمہارے لیے کشتی کو دریا میں لے چلتا ہے تا کہ تم اس کا فضل (رزق) تلاش کرو۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۶۶۔

۱۳۔ اور لوگوں میں حج کے لیے پکار دے کہ تیرے پاس پیدل آئیں اور ہر ایک لاغر شتر پر سوار ہو کر ہر ایک دور کی راہ سے چلے آئیں کہ

اپنے منافع کے لیے وقت پر آموجود ہوں۔

۔الحج ۲۲: ۲۷۔۲۸۔

۱۴۔اور جس نے میری اس نصیحت سے منہ موڑا۔ پس اس کے لیے تنگی معاش ہوگی اور قیامت کے دن ہم اس کو اندھا کر کے اٹھائیں گے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴۔

۱۵۔اور اگر وہ نادار اور مفلس ہوں گے۔ (تو) اللہ اپنے فضل سے ان کو غنی کر دے گا۔

۔النور ۲۴: ۳۲۔

۱۶۔اور ایسے لوگوں کو جن کو نکاح کا مقدور نہیں، چاہیے کہ اپنے نفس پر ضبط کریں یہاں تک کہ اللہ ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے۔

۔النور ۲۴: ۳۳۔

۱۷۔اور جو لوگ تمہارے ہاتھ کے مال (باندی غلاموں) میں کچھ دے کر اپنی آزادی کی تحریر چاہتے ہیں، ان کو آزادی کی تحریر لکھ دو اگر تم ان میں کچھ بھلائی معلوم کرو۔ اور اللہ کے مال سے جو اس نے تمہیں دیا ہے انہیں دے دو۔

۔النور ۲۴: ۳۳۔

۱۸۔اور ہم بہت سی ایسی بستیاں ہلاک کر چکے ہیں جو اپنے سازوسامان پر نازاں تھیں۔

۔القصص ۲۸: ۵۸۔

۱۹۔اور اس نے اپنی رحمت سے رات اور دن بنایا۔ تاکہ تم رات کو آرام کرو اور دن کو اس کا فضل (رزق) تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

۔القصص ۲۸: ۷۳۔

۲۰۔اور تمہارا رات کو اور دن کو لیٹنا اور سونا اور اس کا (رزق) تلاش کرنا، اس کی قدرت کی نشانیوں میں ہے۔

۔الروم ۳۰: ۲۳۔

فَجٍّ عَمِيقٍ ۝ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ

۱۴۔ وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَىٰ ۝

۱۵۔ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ

۱۶۔ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ

۱۷۔ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْرًا ۖ وَآتُوهُمْ مِنْ مَالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ

۱۸۔ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا

۱۹۔ وَمِنْ رَحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۲۰۔ وَمِنْ آيَاتِهِ مَنَامُكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاؤُكُمْ مِنْ فَضْلِهِ

۲۱۔ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ يُرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ وَلِيُذِيقَكُمْ مِنْ رَحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۲۲۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ مِنَّا فَضْلًا ۖ يَا جِبَالُ أَوِّبِي مَعَهُ وَالطَّيْرَ ۖ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيدَ ۝ أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ ۖ وَاعْمَلُوا صَالِحًا

۲۱۔اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں ہے کہ وہ ہواؤں کو خوش خبری دے کر بھیجتا ہے اور تاکہ وہ تم کو اپنی رحمت کا مزا چکھائے اور تاکہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تاکہ تم اس کا فضل (رزق) تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

۔الروم ۳۰: ۴۶۔

۲۔ داؤد علیہ السلام کی زرہ سازی

۲۲۔اور ہم نے اپنی طرف سے داؤد کو فضیلت دی۔ (حکم دیا) کہ اے پہاڑو! اس کے ساتھ ساتھ تسبیح کیا کرو۔ اور پرندوں کو بھی حکم دیا اور اس کے لیے لوہا نرم کر دیا۔ (اور یہ حکم دیا) کہ تم پوری زرہیں بناؤ۔ اور کڑیاں جوڑنے میں اندازہ رکھو اور تم سب نیکی کیا کرو۔

۔سبا ۳۴: ۱۰۔۱۱۔

۳۔ تانبا پگھلانے کا کام

۲۳۔ اور ہم نے اس کے لیے تانبے کا چشمہ بہا یا۔ اور جنات میں بعضے وہ تھے جو اپنے رب کے حکم سے اُن کے آگے کام کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴:۱۲۔

۴۔ موتیوں کی تجارت

۲۴۔ اور تم (موتیوں کے) زیور نکالتے ہو جو تم پہنتے ہو اور کشتیوں کو اس میں پانی چیرتے ہوئے دیکھتا ہے تاکہ اس کی (دی ہوئی) روزی ڈھونڈو اور تاکہ تم شکر کرو۔

۔فاطر ۳۵:۱۲۔

۵۔ معیشت کے مختلف درجات

۲۵۔ کیا وہ اللہ کی رحمت (نبوت) تقسیم کرتے ہیں۔ ہم نے ان میں دنیوی زندگی میں روزی تقسیم کر رکھی ہے اور ہم نے ایک کو دوسرے پر رفعت دے رکھی ہے تاکہ ایک دوسرے سے کام لیتا رہے۔

۔الزخرف ۴۳:۳۲۔

۲۶۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے سمندر کو مسخر کر دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تاکہ تم اس کا فضل (رزق) تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

۔الجاثیۃ ۴۵:۱۲۔

۶۔ اذانِ جمعہ کے بعد نماز تک خرید و فروخت بند

۲۷۔ جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کی طرف فوراً چل پڑا کرو اور خرید و فروخت چھوڑ دیا کرو۔ ... پس جب نماز ادا کی جا چکے تو اس وقت (بے شک) زمین پر چلو پھرو اور اللہ تعالیٰ کے فضل (رزق) کے متلاشی رہو۔

۲۳۔ وَأَسَلْنَا لَهُ عَيْنَ الْقِطْرِ ۖ وَمِنَ الْجِنِّ مَن يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ

۲۴۔ وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۲۵۔ أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۚ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ

۲۶۔ اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۲۷۔ إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ...... فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ

۲۸۔ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ ۙ

۲۹۔ وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝

۳۰۔ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ ۝

۔الجمعۃ ۶۲:۹-۱۰۔

۲۸۔ اس کو علم ہے کہ تم میں سے بعض آدمی بیمار ہوں گے اور بعضے تلاشِ معاش کے لیے ملک میں سفر کریں گے۔

۔المزمل ۷۳:۲۰۔

۲۹۔ اور ہم نے دن معاش (کے لیے) بنایا۔

۔النبا ۷۸:۱۱۔

۳۰۔ اور اس نے تجھے نادار پایا سو مالدار بنا دیا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۸۔

انما الاعمال بالنیات

(اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے)

۱۔ لغو قسموں پر مواخذہ نہیں

۱۔ وہ تمہاری بیہودہ قسموں پر تمہیں نہیں پکڑے گا۔ لیکن جو کچھ تمہارے دل کماتے ہیں ان پر تمہیں پکڑے گا۔ اور اللہ بخشنے والا، بردبار ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۵۔

۲۔ اللہ تم کو تمہاری بے فائدہ قسموں پر نہ پکڑے گا۔ لیکن تم کو تمہاری پکی قسموں پر پکڑے گا۔

۔المائدۃ ۵: ۸۹۔

۳۔ اور جس بات میں تم چوک جاؤ اس میں تم پر گناہ نہیں۔ لیکن گناہ وہ اس میں ہے جس کا دل سے ارادہ کرو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۔

۱۔ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

۲۔ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ

۳۔ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ

ریاضت و مجاہدۂ نفس

۱۔ ریاضت و عبادت

۱۔ اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں، ہم ان کو اپنے رستے ضرور دکھائیں گے اور بے شک اللہ ایسے خلوص والوں کے ساتھ ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۶۹۔

۲۔ بے شک رات کو اٹھنا نفس کے کچلنے میں بہت سخت ہے۔ اور بات کو بہت سیدھا کرنے والا ہے۔

۔المزمل ۷۳: ۶۔

۳۔ اور اپنے رب کا نام یاد کرتا رہ اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہ۔

۔المزمل ۷۳: ۸۔

۴۔ پس جب تو فارغ ہو تو عبادت میں محنت کر اور جو کچھ مانگنا ہو اس میں اپنے رب کی طرف توجہ رکھ۔

۔الانشراح ۹۴: ۷۔۸۔

۲۔ اطمینانِ قلب

۵۔ جو ایمان لائے اور جن کے دل اللہ کی یاد سے مطمئن ہوتے ہیں۔ سن لو! اللہ ہی کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔ جو ایمان لائے اور نیک کام کیے ان کے لیے خوش حالی ہے اور اچھا ٹھکانا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۸۔۲۹۔

۱۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ

۲۔ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْـاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا

۳۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا

۴۔ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ

۵۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۭ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ

گالی

۱۔ کفار کے معبودوں کو گالی نہ دو

۱۔ اور تم مسلمان اُن کے معبودوں کو جن کو وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں برا نہ کہو کہ وہ سرکشی سے بے سمجھے اللہ کو برا کہیں گے۔

۔الانعام ۶: ۱۰۸۔

۱۔ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

سب گناہ معاف

۱۔ اللہ سب گناہ معاف کر دے گا

۱۔تو کہہ: اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے، اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ بے شک اللہ سارے گناہ بخش دیتا ہے۔ بے شک وہی سارے گناہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۵۳۔

استطاعت

۱۔ تعمیلِ احکام بقدرِ استطاعت

۱۔پس جہاں تک تم سے ہو سکے، اللہ سے ڈرو اور سنو اور خرچ کرو۔ یہ تمہارے لیے اچھا ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۱۶۔

شعائرِ دین

۱۔ طوافِ صفا و مروہ

۱۔بے شک صفا اور مروہ (پہاڑ) اللہ کی نشانیوں میں ہیں تو جو کوئی خانۂ کعبہ کا حج یا عمرہ کرے اس کو ان دونوں کا طواف کرنا گناہ نہیں اور جو کوئی خوشی سے نیکی کرے اللہ اس کا قدردان اور دانا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۵۸۔

۲۔ وقوفِ عرفات

۲۔پھر جب تم میدانِ عرفات سے واپس ہو تو مشعر الحرام کے پاس اللہ کو یاد کرو اور اس کا ذکر کرو جیسے اس نے تم کو ہدایت کی ہے اور بے شک اس سے پہلے تم گمراہ تھے۔ پھر تم طواف کو چلو جہاں سے سب لوگ چلتے ہیں اور اللہ سے گناہ بخشواؤ۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ پھر جب اپنے حج کے کام پورے کر چکو تو اللہ کو یاد کرو جیسے تم اپنے باپ دادوں کو یاد کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۸۔۲۰۰۔

۳۔ دیگر شعائر

۳۔مومنو! اللہ کی نشانیوں اور ماہِ حرام اور قربانی اور گلے میں ہار پہنے ہوئے قربانی کے جانوروں اور بیت الحرام کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ کعبہ کے آنے والوں کی کہ وہ اپنے رب کے فضل اور خوشی کی تلاش میں ہیں۔ اور جب تم احرام سے نکلو تو شکار کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۲۔

۴۔کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجدِ حرام کا آباد رکھنا اس شخص کے برابر سمجھ لیا جو اللہ اور آخری دن پر ایمان لایا اور اللہ کی راہ میں

۱۔ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

۱۔ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ

۱۔ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ۝

۲۔ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا ھَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ۝ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَاۗءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۭ

۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ وَلَآ اٰۗمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ۭ

۴۔ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاۗجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ

جہاد کیا۔ وہ اللہ کے نزدیک برابر نہیں۔ اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔التوبۃ ۹:۱۹۔

الْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا يَسْتَوُونَ عِنْدَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ

۴۔ رسوم

۵۔ اور جس نے اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کی۔ پس یہ تعظیم دلی پرہیزگاری سے ہے۔

۔الحج ۲۲:۳۲۔

۵۔ وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ

۶۔ اور بدنے (قربانی کے اونٹ) ہم نے تمہارے لیے اللہ کے آداب مقرر کیے ہیں۔ ان میں تمہارے لیے خیر ہے۔ پس جب وہ قطار باندھے کھڑے ہوں ان پر اللہ کا نام پڑھو۔ پھر جب وہ اپنی کروٹوں پر گر پڑیں تو ان میں سے کھاؤ اور قانع اور مانگنے والوں فقیروں کو کھلاؤ۔ یوں ہم نے وہ تمہارے قابو میں کیے تاکہ تم شکر کرو۔ اللہ کو ان کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا لیکن اس کو تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔

۔الحج ۲۲:۳۶-۳۷۔

۶۔ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ ۖ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ لَنْ يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِنْ يَنَالُهُ التَّقْوَىٰ مِنْكُمْ ۚ

قربانی

۱۔ قربانی کھاؤ اور کھلاؤ

۱۔ اور ایام معلومہ میں مویشی چوپاؤں کی قربانی پر جو اس نے دیے ہیں، اللہ کا نام یاد کریں۔ پھر اس میں سے کھاؤ اور بھوکے فقیروں کو کھلاؤ۔

۔الحج ۲۲:۲۸۔

۱۔ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ

۲۔ اور جو کوئی حرمات اللہ کی تعظیم کرے، پس وہ اس کے لیے اس کے رب کے نزدیک بہتر ہے۔

۔الحج ۲۲:۳۰۔

۲۔ وَمَنْ يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ ۗ

۳۔ اور بدنے (قربانی کے اونٹ) ہم نے تمہارے لیے اللہ کے نشان مقرر کیے ہیں ان میں تمہارے لیے خیر ہے۔ پس جب وہ قطار باندھے ہوں ان پر اللہ کا نام پڑھو۔ پھر جب وہ اپنی کروٹوں پر گر پڑیں تو ان میں سے کھاؤ اور قانع اور مانگنے والے فقیر کو کھلاؤ۔

۔الحج ۲۲:۳۶۔

۳۔ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ ۖ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ

۲۔ نمازِ عید الضحیٰ اور قربانی کا حکم

۴۔ پس اپنے رب کے لیے نماز پڑھ اور قربانی کر۔

۔الکوثر ۱۰۸:۲۔

۴۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

۳۔ قربانی کا گوشت اور خون اللہ کے پاس نہیں پہنچتا بلکہ تقویٰ پہنچتا ہے اور تکبیریں کہنے کا حکم

۵۔ اللہ کو ان کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا۔ لیکن اس کو تمہارا تقویٰ

۵۔ لَنْ يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِنْ يَنَالُهُ التَّقْوَىٰ مِنْكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ

پہنچتا ہے۔ یوں انہیں تمہارے بس میں کیا تاکہ تم اس بات پر کہ اُس نے تمہیں ہدایت کی، اللہ کی بڑائی کرو اور نیکوں کو بشارت دو۔

۔الحج ۲۲: ۳۷۔

صدقہ وخیرات

۱۔ مختلف مثالیں اور ہدایتیں صدقہ وخیرات کے باب میں

۱۔ ان کی مثال جو فی سبیل اللہ اپنے مال خرچ کرتے ہیں، اس دانہ کی مثال ہے، جس سے سات بالیں اگیں اور ہر بال میں سو دانے ہوئے اور اللہ جس کے لیے چاہے بڑھاتا ہے اور اللہ وسعت والا، سننے والا ہے۔ وہ جو اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ پھر خرچ کرنے کے بعد نہ احسان جتاتے نہ ایذا دیتے ہیں، انہیں کے لیے ان کے رب کے پاس بدلہ ہے۔ نہ ان کو کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ بھلی بات بولنا اور درگزر کرنا، اس صدقہ سے بہتر ہے جس کے بعد ایذا ہو اور اللہ بے پرواہ، بردبار ہے۔ مومنو! احسان جتا کر اور ایذا دے کر اپنی خیرات رائیگاں نہ کرو۔ جیسے وہ جو اپنا مال لوگوں کو دکھلانے کو خرچ کرتا ہے اور اللہ پر اور آخری دن پر ایمان نہیں رکھتا۔ بس اس کی مثال اس صاف پتھر کی مانند ہے جس پر کچھ مٹی پڑی ہو۔ پھر اس پر موسلادھار پانی برسے اور وہ اُس کو صاف کردے۔ (اہلِ ریا) اپنی کمائی پر کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ اور اللہ منکروں کو ہدایت

سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۱۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۗ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۗ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۚ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ

نہیں کرتا۔ ان کی مثال جو اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور اپنے دلی اعتقاد سے اپنے مال خرچ کرتے ہیں، ایسی ہے جیسے کسی بلندی پر ایک باغ ہو اور اس پر موسلادھار مینہ برسے۔ پھر وہ اپنے پھل دوچند لائے۔ اور اگر موسلادھار مینہ نہ برسے تو اوس ہی کافی ہے۔ اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھتا ہے۔ کیا تم میں سے کوئی چاہتا ہے کہ اس کے پاس کھجور اور انگور کا باغ ہو، جس کے نیچے نہریں بہتی ہوں اور وہاں اس کے لیے ہر طرح کا میوہ ہو اور وہ شخص بڑھا ہوجائے اور اس کی اولاد صغیر ہو۔ پھر اس باغ پر بگولا آئے جس میں آگ ہو اور وہ اس باغ کو جلادے۔ یوں اللہ تمہارے لیے آیتیں بیان کرتا ہے۔ شاید تم سوچو۔ مومنو! اپنی کمائی کی اچھی چیزوں میں سے اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لیے زمین میں سے

نکالی ہیں، خرچ کرو۔ اور ناکارہ چیزوں پر نیت نہ
دھرو کہ اس میں سے خرچ کرنے لگو۔ حالانکہ تم خود
اسے لینا نہیں چاہتے۔ مگر جب کہ اس میں چشم پوشی
کرو اور جان لو کہ اللہ بے پروا اور قابلِ تعریف
ہے۔ شیطان تم سے تنگ دستی کا وعدہ کرتا اور تمہیں
بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔ اور اللہ تمہیں اپنی طرف
سے مغفرت اور فضل کا وعدہ دیتا ہے۔ اور اللہ
صاحبِ وسعت اور جاننے والا ہے۔ جسے چاہے
حکمت دیتا ہے اور جسے حکمت دی گئی اسے بڑی خوبی
ملی۔ اور نصیحت صرف وہی قبول کرتے ہیں جو عقل
مند ہیں۔ اور تم جو خیرات دیتے ہو یا نذر مانتے ہو
اسے اللہ جانتا ہے اور ظالموں کے لیے کوئی
مددگار نہیں ہے۔ اگر تم خیرات کو ظاہر کرکے دو تو
اچھی بات ہے۔ اور اگر اسے چھپا ؤ اور فقیروں کو
دو، وہ تمہارے لیے اور بھی بہتر ہے۔ اور اس سے
تمہارے بعضے گناہ دور ہو جائیں گے اور اللہ
تمہارے کاموں سے واقف ہے۔ ان کی ہدایت
تیرا ذمہ نہیں۔ لیکن جس کو اللہ چاہتا ہے ہدایت کرتا
ہے اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہارے اپنے ہی
فائدہ کے لیے ہے۔ اور تم کو فقط اللہ ہی کی ذات کی
طلب میں خرچ کرنا چاہیے۔ اور جو مال تم خرچ
کرو گے تم کو وہ پورا ملے گا اور تم پر ظلم نہ ہو گا۔
خیرات اُن محتاجوں کے لیے ہے جو اللہ کی راہ میں
رکے پڑے ہیں، زمین پر چل پھر نہیں سکتے۔ بے
خبر آدمی ان کو عدمِ سوال کی وجہ سے غنی گمان کرتے
ہیں۔ تو ان کو ان کے چہرے سے پہچانے گا۔ وہ
آدمیوں سے لپٹ کر سوال نہیں کرتے اور جو مال تم

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ
طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۠ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ
مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاۗءِ ۚ وَاللّٰهُ
يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ
يَّشَاۗءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۭ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا
الْاَلْبَابِ ۝ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۭ
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا ھِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْھَا
وَتُؤْتُوْھَا الْفُقَرَاۗءَ فَھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ لَيْسَ عَلَيْكَ ھُدٰىھُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ
وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۭ وَمَا
تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝ لِلْفُقَرَاۗءِ الَّذِيْنَ
اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُھُمُ الْجَاهِلُ
اَغْنِيَاۗءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُھُمْ بِسِيْمٰھُمْ ۚ لَا يَسْــَٔـلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۭ وَمَا
تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ بِالَّيْلِ
وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا ھُمْ

خرچ کرو گے، وہ اللہ کو معلوم ہے۔ جو لوگ رات کو اور دن
کو اپنے اموال پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں، ان کو ان
کے رب کے پاس بدلہ ملے گا۔ اور نہ انہیں کچھ خوف ہوگا
اور نہ غمگین ہوں گے۔ سود خور آدمی قیامت کے دن اس
طرح اٹھیں گے جیسے وہ اٹھتا ہے جسے جن نے چھوٹ کے خبطی بنا
دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا کہ بیع بھی تو سود ہی جیسی چیز
ہے۔ حالانکہ بیع کو اللہ نے حلال کیا ہے اور سود کو حرام۔
پھر جس کے پاس اس کے رب کی نصیحت پہنچ گئی۔ اور (سود
کھانے سے) باز آیا، تو جو کچھ پہلے سے چکا ہے وہ اس کا ہوا
اور حکم اس کا اللہ کی طرف ہے۔ تو جو کوئی پھر لے تو ایسے ہی
لوگ دوزخی ہیں۔ اللہ سود کو گھٹاتا اور خیرات کو بڑھاتا ہے۔
اور اللہ کسی ناشکر، گنہگار کو پسند نہیں کرتا۔ جو لوگ ایمان لائے

اور نیک کام کیے اور نماز پڑھی اور زکوٰۃ دی، انہیں ان کے رب کے پاس بدلہ ملے گا۔ اور نہ ان کو کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ مومنو! اللہ سے ڈرو۔ اور جو سود (کسی کے پاس) باقی رہ گیا ہے اُسے چھوڑ دو اگر تم مومن ہو۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو خبردار ہو جاؤ (تیار ہو جاؤ) اللہ اور اس کے رسول سے لڑنے کو۔ اور جو توبہ کرو تو تم کو تمہارے اصل مال ملیں گے۔ نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ کوئی تم پر کرے اور اگر کوئی شخص تنگی میں ہے تو اس کو تونگری تک مہلت دینا چاہیے۔ اور جو تم خیرات کر دو تو تمہارا بھلا ہے اگر سمجھ دار ہو اور اس دن سے ڈرتے رہو جس میں تم اللہ کی طرف واپس جاؤ گے۔ پھر ہر کسی کو اس کی کمائی کا بدلہ ملے گا۔ اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۱-۲۸۱۔

يَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ فَمَنْ جَاۗءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۣ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۲۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ڛ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝

۳۔ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ وَالْكٰظِمِيْنَ

۲۔ جب تک تم اپنی پیاری چیزوں میں سے خرچ نہ کرو تم بھلائی ہرگز حاصل نہیں کر سکتے اور جو تم خرچ کرتے ہو وہ اللہ کو معلوم ہے۔

۔آل عمران ۳: ۹۲۔

۳۔ اور اپنے رب کی مغفرت اور اس کی جنت کی طرف دوڑو جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے۔ پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ جو آسائش اور تنگی میں سے خرچ کرتے ہیں اور غصہ کو ضبط کرتے اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں۔ اور اللہ

نیکیوں سے محبت رکھتا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۳۔۱۳۴۔

۴۔اور جنہیں اللہ نے اپنے فضل سے دیا ہے اور وہ اس میں بخل کرتے ہیں، وہ نہ سمجھیں کہ یہ ان کے حق میں بہتر ہے۔ بلکہ ان کے حق میں برائی ہے جس میں وہ بخل کرتے ہیں۔ وہ قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق ہوگا اور زمین و آسمان کی میراث اللہ ہی کی ہے۔ اور اللہ تمہارے کاموں سے باخبر ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۰۔

۲۔ اکل مال باطل برضامندی

۵۔مومنو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔ لیکن آپس کی رضامندی کی تجارت ہو تو مضائقہ نہیں۔

۔النساء ۴: ۲۹۔

۶۔اللہ کسی اترانے والے اور بڑائی کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔

۔النساء ۴: ۳۶۔

۷۔وہ جو بخل کرتے اور لوگوں کو بخل سکھاتے ہیں اور جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا، اسے چھپاتے ہیں۔ اور ہم نے کافروں کے لیے رسوائی کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۔النساء ۴: ۳۷۔

۸۔اس کے پھل میں سے کھاؤ جب کہ پھل لگیں اور اس کا حق ادا کرو جس دن کھیتی کٹے۔ اور بے جا نہ اڑاؤ کہ وہ فضول خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

۔الانعام ۶: ۱۴۱۔

الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ

۴۔ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُم ۖ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۖ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

۵۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَن تَكُونَ تِجَارَةً عَن تَرَاضٍ مِّنكُمْ

۶۔ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ مُخْتَالًا فَخُورًا

۷۔ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا

۸۔ كُلُوا مِن ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ ۖ وَلَا تُسْرِفُوا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ

۹۔ خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

۱۰۔ إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ

۱۱۔ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ

۹۔اور ان کے مال میں سے زکوٰۃ لے تاکہ تو انہیں پاک وصاف کرے اور ان کے لیے دعائے خیر کر کہ تیری دعا ان کی تسلی ہے۔ اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

۔التوبہ ۹: ۱۰۳۔

۱۰۔مسلمانوں سے ان کی جانیں اور مال اللہ نے بعوض بہشت خرید کر لیے ہیں۔

۔التوبہ ۹: ۱۱۱۔

۱۱۔ اور جو اپنے رب کی رضامندی کے طالب ہو کر صبر کرتے اور نماز پڑھتے اور جو ہم نے انہیں دیا اس سے پوشیدہ اور علانیہ

خرچ کرتے رہیں اور بدیوں کو نیکیاں کرکے دفع کرتے ہیں، پچھلا گھر انہیں کے لیے ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۲۲۔

۱۲۔ میرے ایمان دار بندوں سے کہہ نماز پڑھیں اور جو ہم نے ان کو دیا ہے، اس میں سے چھپا کر اور علانیہ خرچ کرتے رہیں، اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جس میں خرید و فروخت اور دوستی نہ چلے گی۔

۔ابراہیم ۱۴: ۳۱۔

۱۳۔ اور وہ جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور ان کے دل ڈرتے ہیں کہ انہیں اپنے رب کی طرف جانا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۶۰۔

۱۴۔ یہ لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں۔ اور ان کے لیے آگے بڑھتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳: ۶۱۔

۱۵۔ اور اللہ نے جو تجھے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر حاصل کر اور دنیا سے اپنا حصہ فراموش نہ کر۔ اور جیسے اللہ نے تیرے ساتھ نیکی کی ہے تو بھی نیکی کر اور زمین میں فساد نہ چاہ۔ بے شک اللہ فساد کرنے والے پسند نہیں۔

۔القصص ۲۸: ۷۷۔

۱۶۔ جو شخص ان کی طرف ہجرت کر کے آتا ہے، اس سے محبت کرتے ہیں اور جو مال مہاجرین کو ملا ہے اس سے اپنے دلوں میں دغدغہ نہیں پاتے اگرچہ وہ آپ تنگی میں ہوں۔

۔الحشر ۵۹: ۹۔

۱۷۔ اور جو کوئی نفس کی حرص سے بچایا گیا، تو وہی لوگ

عُقْبَى الدَّارِ ۝

۱۲۔ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝

۱۳۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝

۱۴۔ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝

۱۵۔ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

۱۶۔ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ

۱۷۔ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۱۸۔ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۝ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۝ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ۝ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ۝ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝ اَنْ لَّا

مراد پانے والے ہیں۔

۔الحشر ۵۹: ۹، التغابن ۶۴: ۱۶۔

۳۔ باغ والوں کا حصہ

۱۸۔ ہم نے انہیں آزمایا جیسے باغ والوں کو آزمایا تھا۔ جب انہوں نے قسم کھائی کہ صبح ہوتے ہی اس کا میوہ توڑ لیں گے، اور انشاء اللہ نہیں کہا۔ پھر تیرے رب کی طرف سے ایک بلا اس باغ پر پھر گئی اور وہ سو رہے تھے۔ پھر وہ باغ کٹی کھیتی کی طرح ہو گیا۔ پھر صبح ہوتے ہی ایک دوسرے کو پکارنے لگے کہ اپنے کھیت میں صبح ہی چلو اگر تم کاٹنے والے ہو۔ پس وہ گئے اور آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھے کہ آج باغ میں تمہارے پاس کوئی فقیر نہ آنے پائے۔ اور علی الصباح چلے آپ کو مسکین کے روکنے پر

تو ادر سمجھ کر گئے۔ پھر جب اسے دیکھا تو بولے کہ یقیناً ہم راہ بھول گئے بلکہ ہماری قسمت پھوٹ گئی۔ ان کا بچلا بولا: کیا میں نے تم سے نہ کہا تھا کہ تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ بولے: ہمارا رب پاک ہے۔ بے شک ہم ہی ظالم ہیں۔ پھر بعض بعض کو ملامت کرتے ہوئے ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوئے۔ بولے: ہم پر افسوس! ہم سرکش تھے۔ شاید ہمارا رب اس باغ سے بہتر باغ ہمیں بدل دے۔ ہم اپنے رب کی طرف رجوع ہوئے۔ یوں عذاب آتا ہے اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے اگر وہ جانیں۔

۔القلم ۶۸: ۱۷۔۳۳۔

مفلس قرض دار کو رعایت

۱۔ مفلس قرض دار کو رعایت

۱۔ مومنو! اللہ سے ڈرو اور جو سود (کسی کے پاس) باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر تم مومن ہو۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو خبردار ہو جاؤ (تیار ہو جاؤ) اللہ اور اس کے رسول سے لڑنے کو اور جو توبہ کرو تو تم کو تمہارے اصل مال ملیں گے۔ نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ کوئی تم پر کرے۔ اور اگر کوئی تنگی میں ہے تو اس کو تونگری تک مہلت دینا چاہیے اور جو تم خیرات کر دو تو تمہارا بھلا ہے اگر تم سمجھ دار ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۸۔۲۸۰۔

مستعار

۱۔ روزمرہ برتنے کی چیز نہ دینے والوں کی تباہی

۱۔ اور برتنے کی چیزیں مانگی نہیں دیتے۔

۔الماعون ۱۰۷: ۷۔

يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُم مِّسْكِينٌ ﴿۲۴﴾ وَغَدَوْا عَلَىٰ حَرْدٍ قَادِرِينَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا إِنَّا لَضَالُّونَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ﴿۲۷﴾ قَالَ أَوْسَطُهُمْ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُونَ ﴿۲۸﴾ قَالُوا سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿۲۹﴾ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَلَاوَمُونَ ﴿۳۰﴾ قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا طَاغِينَ ﴿۳۱﴾ عَسَىٰ رَبُّنَا أَن يُبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَا إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا رَاغِبُونَ ﴿۳۲﴾ كَذَٰلِكَ الْعَذَابُ ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿۳۳﴾

۱۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿۲۷۸﴾ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ۖ وَإِن تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ﴿۲۷۹﴾ وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ وَأَن تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۲۸۰﴾

۱۔ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ﴿۷﴾

۱۔ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿۴۰﴾

۲۔ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿۱۵۰﴾

۳۔ وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۗ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ﴿۲۸﴾

خوف ورجا

۱۔ اللہ کے عذاب سے ڈرنے اور اس کی رحمت کی امید رکھنے کے باب میں آیتیں

۱۔ اور مجھ سے ڈرتے رہو۔

۔البقرۃ ۲: ۴۰۔

۲۔ پس تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اور اس لیے کہ میں اپنا فضل تم پر پورا کروں۔ شاید تم ہدایت پاؤ۔

۔البقرۃ ۲: ۱۵۰۔

۳۔ اور تم کو اللہ اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

۔آلِ عمران ۳: ۲۸۔

۴۔ اور تم کو اللہ اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔

۔آلِ عمران ۳:۳۰۔

۵۔ اور مجھ سے ڈرو اگر ایمان دار ہو۔

۔آلِ عمران ۳:۱۷۵۔

۶۔ اور چاہیے کہ ڈریں وہ لوگ جو اپنے پیچھے ناتواں اولاد چھوڑیں تو ان پر ڈریں۔

۔النساء ۴:۹۔

۷۔ پس تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔

۔المائدۃ ۵:۳۔

۸۔ پس (اے یہودیو!) تم آدمیوں سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اور تھوڑی قیمت میری آیتوں پر نہ لو۔

۔المائدۃ ۵:۴۴۔

۹۔ اور تاکہ اپنی قوم کو ڈرائیں جب وہ ان کے پاس واپس آئیں شاید وہ ڈریں۔

۔التوبۃ ۹:۱۲۲۔

۱۰۔ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے عذابِ یومِ عظیم کا خوف ہے۔

۔یونس ۱۰:۱۵۔

۱۱۔ جو کوئی عذابِ آخرت سے ڈرتا ہو، اس کے لیے اس بات میں نشانی ہے۔

۔ہود ۱۱:۱۰۳۔

۱۲۔ ناامید نہ ہو۔ اللہ کی رحمت سے صرف کافر ہی ناامید ہوتے ہیں۔

۔یوسف ۱۲:۸۷۔

۱۳۔ اور اپنے رب سے ڈرتے اور برے حساب سے اندیشہ کرتے ہیں۔

۔الرعد ۱۳:۲۱۔

۴۔ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

۵۔ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

۶۔ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ

۷۔ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ

۸۔ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِیْ ثَمَنًا قَلِيْلًا

۹۔ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْۤا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۝

۱۰۔ اِنِّیْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّیْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

۱۱۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ

۱۲۔ اِنَّهٗ لَا يَايْــَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

۱۳۔ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۝

۱۴۔ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ وَخَافَ وَعِيْدِ ۝

۱۵۔ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖۤ اِلَّا الضَّاۤلُّوْنَ ۝

۱۶۔ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝

۱۷۔ فَاِيَّایَ فَارْهَبُوْنِ ۝

۱۸۔ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

۱۴۔ یہ وعدہ اس کے لیے ہے جو میرے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے وعید سے ڈرتا ہے۔

۔ابراہیم ۱۴:۱۴۔

۱۵۔ بولا: اپنے رب کی رحمت سے گمراہوں کے سوا اور کون ناامید ہوتا ہے؟

۔الحجر ۱۵:۵۶۔

۱۶۔ اپنے اوپر سے اپنے رب کا خوف رکھتے اور جو حکم پاتے ہیں سو کرتے ہیں۔

۔النحل ۱۶:۵۰۔

۱۷۔ پس مجھ ہی سے ڈرو۔

۔النحل ۱۶:۵۱۔

۱۸۔ تو اللہ نے ان کی کرتوتوں کی وجہ سے ان کو بھوک اور خوف کا لباس پہنایا۔

۔النحل ۱۶:۱۱۲۔

۱۹۔ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُورًا ۝

۱۹۔ اور اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷۔۵۷

۲۰۔ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ۝

۲۰۔ اور معجزے صرف ڈرانے کے لیے بھیجتے ہیں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷۔۵۹

۲۱۔ وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ ۖ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوسًا ۝

۲۱۔ اور جب ہم انسان پر فضل کرتے ہیں تو وہ منہ پھیر لیتا ہے اور پہلو تہی کرتا ہے اور جب اسے برائی چھوئے تو نا امید ہو جاتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷۔۸۳

۲۲۔ قَيِّمًا لِيُنْذِرَ بَأْسًا شَدِيدًا مِنْ لَدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا حَسَنًا ۝ مَاكِثِينَ فِيهِ أَبَدًا ۝

۲۲۔ سیدھی کتاب ہے تاکہ وہ اس کی طرف سے ایک سخت آفت سے ڈرائے اور نیک اعمال کی مومنین کو بشارت سنائے کہ ان کے لیے اچھا اجر ہے، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۔الکہف ۱۸۔۲۔۳

۲۳۔ يَا أَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَانِ وَلِيًّا ۝

۲۳۔ اے میرے باپ! میں ڈرتا ہوں کہ رحمٰن کی طرف سے تجھ پر عذاب آ جائے اور پھر تو شیطان کا ساتھی ہو جائے۔

۔مریم ۱۹۔۴۵

۲۴۔ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُمْ مِنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ۝

۲۴۔ وہ شفاعت نہیں کرتے مگر اس کی جس سے اللہ راضی ہوا اور وہ خود اللہ کے خوف سے کانپتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱۔۲۸

۲۵۔ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ ۝

۲۵۔ جو بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے کانپتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱۔۴۹

۲۶۔ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا

۲۶۔ یہ لوگ نیکیوں پر دوڑتے ہیں اور ہمیں امید اور ڈر سے پکارتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱۔۹۰

۲۷۔ إِنَّ الَّذِينَ هُمْ مِنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُونَ ۝

۲۷۔ البتہ جو لوگ اپنے رب کے خوف سے تھرتھراتے ہیں۔

۔المومنون ۲۳۔۵۷

۲۸۔ وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَىٰ رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ ۝

۲۸۔ اور وہ جو دیتے ہیں جو دیتے ہیں اور ان کے دل ڈرتے ہیں کہ انہیں رب کی طرف جانا ہے۔

۔المومنون ۲۳۔۶۰

۲۹۔ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝ ... لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ

۲۹۔ وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ جائیں گی۔ ... تاکہ اللہ انہیں ان کے بہترین کاموں کا بدلہ دے۔

۔النور ۲۴۔۳۷۔۳۸

۳۰۔ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ۝

۳۰۔ اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے اور اللہ سے ڈرے، سو وہی لوگ مراد کو پہنچیں گے۔

۔النور ۲۴۔۵۲

۳۱۔پس جو لوگ اس کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں، چاہیے کہ ڈریں کہ ان پر کوئی آفت نہ آجائے یا انہیں دکھ دینے والا عذاب پہنچے۔

۔النور ۲۴:۶۳۔

۳۲۔لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو کہ نہ باپ اپنے بیٹے کے کچھ کام آئے گا اور نہ بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آئے گا۔ بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے۔ پس تمہیں دنیا کی زندگی فریب نہ دے۔ اور اللہ کے بارہ میں وہ فریبی (شیطان) فریب نہ دے۔

۔لقمٰن ۳۱:۳۳۔

۳۳۔ان کی کروٹیں بچھونوں سے الگ رہتی ہیں۔ خوف اور طمع سے اپنے رب کو پکارتے اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ پس کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کے اعمال کے بدلے میں ان کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک سے کیا کچھ پوشیدہ رکھا گیا ہے۔

۔السجدۃ ۳۲:۱۶۔۱۷۔

۳۴۔اے نبی! ہم نے تجھے گواہ اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور روشن چراغ۔

۔الاحزاب ۳۳:۴۵۔۴۶۔

۳۵۔تو تو صرف انہی کو ڈراتا ہے جو بغیر دیکھے اپنے رب سے ڈرتے اور نماز پڑھتے ہیں اور جو کوئی پاک ہوتا ہے وہ اپنے ہی بھلے کے لیے پاک ہوتا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۱۸۔

۳۱۔ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۶۳﴾

۳۲۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَا يَجْزِي وَالِدٌ عَنْ وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَالِدِهِ شَيْئًا ۚ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿۳۳﴾

۳۳۔ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۷﴾

۳۴۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿۴۵﴾ وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ﴿۴۶﴾

۳۵۔ إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۚ وَمَنْ تَزَكَّىٰ فَإِنَّمَا يَتَزَكَّىٰ لِنَفْسِهِ ۚ

۳۶۔ إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ ﴿۲۸﴾

۳۷۔ إِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ ۖ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ كَرِيمٍ ﴿۱۱﴾

۳۸۔ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۱۳﴾

۳۶۔اللہ سے اس کے بندوں میں سے صرف عالم لوگ ہی ڈرتے ہیں۔ بے شک اللہ زبردست ہے، بخشنے والا۔

۔فاطر ۳۵:۲۸۔

۳۷۔تو تو اسی کو ڈراتا ہے جو نصیحت کو مانے اور بن دیکھے رحمٰن سے ڈرے۔ پس تو ایسے کو مغفرت اور عزت کے اجر کی بشارت دے۔

۔یٰس ۳۶:۱۱۔

۲۔ سب گناہ معاف

۳۸۔تو کہہ میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں۔

۔الزمر ۳۹:۱۳۔

۳۹۔ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ

۴۰۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝

۴۱۔ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ۝

۴۲۔ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝

۴۳۔ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۝ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ۝

۴۴۔ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝

۴۵۔ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ

۴۶۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

۴۷۔ كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝

۴۸۔ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝

۴۹۔ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝

۳۹۔ تو کہہ: اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے۔ اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ بے شک اللہ سارے گناہ بخش دیتا ہے۔

۔الزمر ۳۹:۵۳۔

۴۰۔ اور جو اسے مانتے ہیں وہ اس سے کانپتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے۔ سن لو جو لوگ قیامت کے بارہ میں جھگڑا کرتے ہیں، وہ پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲:۱۸۔

۴۱۔ جو بن دیکھے رحمٰن سے ڈرا اور رجوع کرنے والا دل لے کر آیا۔

۔ق ۵۰:۳۳۔

۴۲۔ اور ہم نے وہاں ان کے لیے جو دکھ دینے والے عذاب سے ڈرتے ہیں، ایک نشان چھوڑ رکھا ہے۔

۔الذٰریٰت ۵۱:۳۷۔

۴۳۔ بولے ہم اپنے گھروں میں ڈرتے رہتے تھے۔ پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں گرم ہوا کے عذاب سے بچایا۔

۔الطور ۵۲:۲۶-۲۷۔

۴۴۔ اور اس شخص کے لیے جو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا، دو باغ ہیں۔

۔الرحمٰن ۵۵:۴۶۔

۴۵۔ کیا ایمان والوں کے لیے وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کے ذکر کے لیے گداز ہوں؟

۔الحدید ۵۷:۱۶۔

۴۶۔ اگر ہم یہ قرآن پہاڑ پر اتارتے تو تو اسے دیکھتا کہ اللہ کے خوف سے جھک گیا اور پھٹ پڑا ہوتا۔ اور یہ مثالیں جو ہم لوگوں کے لیے سناتے ہیں شاید وہ دھیان کریں۔

۔الحشر ۵۹:۲۱۔

۴۷۔ ہرگز نہیں بلکہ وہ آخرت سے نہیں ڈرتے۔

۔القیٰمۃ ۷۴:۵۳۔

۴۸۔ ہمیں اپنے رب سے اس دن کا ڈر لگ رہا ہے جب لوگ منہ بنائے اور تیوری چڑھائے ہوں گے۔

۔الدھر ۷۶:۱۰۔

۴۹۔ اور میں تجھے تیرے رب کی طرف راہ دکھاؤں کہ تو ڈرے۔

۔النٰزعٰت ۷۹:۱۹۔

۵۰۔ اور جو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا، اس کا ٹھکانا بس جنت ہے۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۴۰-۴۱۔

۵۱۔ تو تو صرف اس شخص کو ڈرانے والا ہے جو اس سے ڈرے۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۴۵۔

۵۲۔ جو ڈرتا ہے وہ نصیحت قبول کرے گا۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۱۰۔

۵۳۔ ان کا بدلہ ان کے رب کے پاس رہنے کے باغ ہیں۔ ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے اور وہ اللہ سے راضی۔ یہ اس کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرا۔

۔البینة ۹۸: ۸۔

انسان کی مجبوری افعال میں

۱۔ انسان کا نفع ونقصان اپنے بس کا نہیں

۱۔ تو کہہ میں اپنی جان کے بھلے یا برے کا مالک نہیں ہوں۔ لیکن جو کچھ اللہ چاہے۔ ہر امت کا ایک وقت ہے۔ جب ان کا وقت آتا ہے تو وہ اس سے ایک گھڑی بھی آگے پیچھے نہیں ہوتے۔

۔یونس ۱۰: ۴۹۔

۲۔ تو کہہ میں اپنی جان کے لیے بھلے یا برے کا مالک نہیں ہوں۔ لیکن جو چاہے اللہ۔ اور اگر میں غیب کی بات جانتا تو خود بہت سی خوبیاں جمع کر لیتا۔ اور مجھے کوئی برائی نہ

۵۰۔ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَىٰ ۝

۵۱۔ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرُ مَن يَخْشَاهَا ۝

۵۲۔ سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ ۝

۵۳۔ جَزَاؤُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝

۱۔ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

۲۔ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ وَلَوْ كُنتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ ۚ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۔ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝

۲۔ وَلَن يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

۳۔ وَنَقُولُ ذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ

پہنچتی۔ میں تو مومنوں کو صرف ڈرانے اور خوشی سنانے والا ہوں۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۸۔

اختیاری افعال

۱۔ اپنی کرتوتوں کے عذاب کا خوف

۱۔ تو تم اپنی موت کی آرزو کرو اگر تم سچے ہو۔

۔البقرة ۲: ۹۴ و الجمعة ۶۲: ۶۔

۲۔ اور وہ موت کی ہرگز آرزو نہ کریں گے بسبب اس کے جو ان کے ہاتھ پہلے بھیج چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے۔

۔البقرة ۲: ۹۵ و الجمعة ۶۲: ۷۔

۳۔ اور ہم کہیں گے کہ جلنے کا عذاب چکھو۔ یہ اعمال کا بدلہ ہے۔

جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

- آلِ عمران ۳: ۱۸۱۔۱۸۲۔

۴۔ پس اس وقت کیا ہوگا جب ان کے اعمال کے سبب ان پر مصیبت آئے گی۔ پھر تیری طرف اللہ کی قسمیں کھاتے آئیں گے کہ ہمارا مقصود سوائے بھلائی اور ملاپ کے اور کچھ نہیں تھا۔

- النساء ۴: ۶۲۔

۵۔ اور جلنے کا عذاب چکھو۔ یہ اعمال کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

- الانفال ۸: ۵۰۔۵۱۔

۶۔ اللہ آدمیوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا۔ لیکن آدمی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔

- یونس ۱۰: ۴۴۔

۷۔ اور یہ (نزولِ قرآن) اس لیے ہے کہ (مبادا) ان کے بداعمال کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں۔ ان پر کوئی آفت پڑے تو وہ کہنے لگیں کہ اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول نہ بھیجا کہ تیری آیتوں کو مانتے اور مومنوں میں ہوتے۔

- القصص ۲۸: ۴۷۔

۸۔ اور جب ہم آدمیوں کو کچھ رحمت چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہوتے ہیں اور اگر ان کاموں کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں ان پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ فوراً ہی ناامید ہو جاتے ہیں۔

- الروم ۳۰: ۳۶۔

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿١٨٢﴾

۴۔ فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَاءُوكَ يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا إِحْسَانًا وَتَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾

۵۔ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾

۶۔ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾

۷۔ وَلَوْلَا أَن تُصِيبَهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾

۸۔ وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ﴿٣٦﴾

۹۔ وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ﴿٣٠﴾

۱۰۔ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾

۹۔ اور جو مصیبت تم پر آتی ہے وہ تمہارے ہاتھوں کی کمائی کا بدلہ ہے اور بہت باتوں سے وہ درگزر کرتا ہے۔

- الشوریٰ ۴۲: ۳۰۔

۱۰۔ پھر اگر وہ منہ موڑیں تو ہم نے تجھے ان پر نگہبان نہیں بھیجا۔ تیرا ذمہ صرف پہنچانا تھا۔ اور جب ہم اپنی طرف سے آدمی کو رحمت چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہوتا ہے۔ اور جو ان کے کام کے بدلے میں ان پر کوئی مصیبت آتی ہے تو آدمی ناشکرا ہے۔

- الشوریٰ ۴۲: ۴۸۔

اسی قسم میں وہ تمام آیات داخل ہیں جن میں فعل کی اضافت بذریعہ کسب وغیرہ عبد کی طرف کی گئی ہے۔

آدابِ رسول

۱۔ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔـلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ۝

۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝

۴۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۝

۵۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ

۱۔ آپ پر درود وسلام بھیجنے کا حکم

۱۔ بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ مسلمانو! اس پر درود اور سلام بھیجا کرو۔

-الاحزاب ۳۳:۵۶-

۲۔ آپ کی ایذا رسانی حرام اور گناہِ کبیرہ ہے

۲۔ مسلمانو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو۔ مگر یہ کہ تم کو کھانے کی طرف بلایا جائے۔ اُس کے پکنے کا انتظار نہ کیا کرو۔ لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو داخل ہو جاؤ۔ پھر جب تم کھا چکو تو منتشر ہو جاؤ اور باتوں میں نہ لگ جایا کرو۔ یہ بات نبی کو ایذا دیتی تھی۔ سو وہ تو تم سے حیا کرتا ہے اور اللہ حق (کے اظہار) سے حیا نہیں کرتا۔ اور جب تم عورتوں سے کوئی چیز مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو۔ یہ بات تمہارے دلوں کے لیے اور اُن کے دلوں کے لیے زیادہ پاک رکھنے والی ہے اور تمہیں نہیں چاہیے کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو۔ اور نہ یہ کہ تم اس کے بعد کبھی اس کی بیویوں سے نکاح کرو۔ یہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۳-

۳۔ بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں۔ اُن پر دنیا اور آخرت میں اللہ نے لعنت کی ہے۔ اور ان کے لیے ذلت کا عذاب تیار کیا ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۷-

۴۔ مسلمانو! ان لوگوں کی مانند نہ ہو جنہوں نے موسیٰ کو ایذا دی۔ سو اللہ نے اس کو اس بات سے بری کر دیا۔ جو انہوں نے کہی تھی۔ اور وہ اللہ کے نزدیک مرتبے والا تھا۔

-الاحزاب ۳۳:۶۹-

۳۔ آپ کے ساتھ ادب اور تعظیم سے پیش آنا

۵۔ مسلمانو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ مسلمانو! اپنی آوازیں نبی کی آواز سے اونچی نہ کرو اور اس کے سامنے زور سے بات نہ کہو۔ جیسا کہ تم میں سے بعض بعض کے سامنے زور سے بات کہتے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارے عمل اکارت جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔ بے شک جو لوگ رسول اللہ کے سامنے اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے پرہیزگاری کے لیے چن لیا ہے۔ ان کے لیے مغفرت اور بڑا ثواب ہے۔ بے

شک جولوگ تجھے حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں اکثر ان میں سمجھ نہیں رکھتے اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ تو خود ان کی طرف نکل آتا تو یہ ان کے حق میں بہتر ہوتا۔ اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الحجرات ۴۹: ۱۔۵۔

۶۔ اور جو (حکم) رسول تمہیں دے اس کو لے لو اور جس چیز سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

۔الحشر ۵۹: ۷۔

۷۔ مسلمانو! (پیغمبر سے) راعنا نہ کہو اور انظرنا کہو۔ اور (اس کا حکم) سنو۔ اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۰۴۔

۸۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ویسے ہی (فضول) سوال کرو جیسے پہلے موسیٰ سے کیے گئے تھے۔ اور جو شخص ایمان کو کفر سے بدلے گا وہ بے شک سیدھے رستے سے بھٹک گیا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۰۸۔

بیعت

۱۔ بیعت مردوں کی

۱۔ بے شک اللہ مومنوں سے راضی ہو گیا جب وہ درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے تھے۔ پھر اس نے جو ان کے جی میں تھا، جان لیا۔ پھر اس نے ان پر تسکین نازل کی۔ اور ایک قریب کی فتح ان کو انعام میں دی۔

۔الفتح ۴۸: ۱۸۔

النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَغُضُّونَ أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ امْتَحَنَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَىٰ ۚ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُنَادُونَكَ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّىٰ تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

۶۔ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

۷۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقُولُوا رَاعِنَا وَقُولُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوا ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۸۔ أَمْ تُرِيدُونَ أَنْ تَسْأَلُوا رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِنْ قَبْلُ ۗ وَمَنْ يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝

۱۔ لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

۲۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ

۲۔ بیعت عورتوں کی

۲۔ اے نبی! جب تیرے پاس ایمان دار عورتیں تجھ سے ان امور پر بیعت کرنے کو آئیں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے آگے کوئی بہتان کھڑا کریں گی۔ اور کسی نیک کام میں تیری نافرمانی نہ کریں گی۔ تو تو ان سے بیعت قبول کر۔ اور اللہ سے ان کے لیے مغفرت مانگ ۔۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الممتحنۃ ۶۰: ۱۲۔

استہزاء

۱۔ دین کی ہنسی اڑانے کی ممانعت

۱۔ اور اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا نہ بناؤ۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۱۔

۲۔ اور اللہ تم پر قرآن میں یہ بات نازل کر چکا ہے کہ جب تم اللہ کی آیتوں کی نسبت انکار اور ٹھٹھا سنو تو ان کے پاس نہ بیٹھو جب تک کہ وہ دوسری بات میں خوض نہ کرنے لگیں۔ ورنہ تم بھی انہی کی مانند ہو گے۔

۔النساء ۴: ۱۴۰۔

۳۔ اور جب تو (اے محمد ﷺ!) ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیتوں میں بکواس کر رہے ہیں تو ان سے ایک طرف ہو جایا کر یہاں تک کہ وہ اس کے سوا کسی اور بات میں لگ جائیں اور اگر شیطان تجھے بھلا دے تو بعد نصیحت کے ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھ۔

۔الانعام ۶: ۶۸۔

۴۔ مومنو! اہل کتاب میں سے جو لوگ تمہارے دین کا ٹھٹھا اور کھیل بناتے ہیں۔ ان کو اور کافروں کو اپنا رفیق نہ بناؤ۔

۔المائدۃ ۵: ۵۷۔

۵۔ اور جب تم اذان دے کر نماز کے لیے پکارتے ہو تو وہ اس کو ٹھٹھا اور کھیل ٹھہراتے ہو۔

۔المائدۃ ۵: ۵۸۔

۶۔ اور ان کو چھوڑ دے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا ٹھہرا لیا۔ اور زندگانی دنیا نے انہیں فریب دیے۔

۔الانعام ۶: ۷۰۔

۷۔ تو کہہ کہ تم ٹھٹھا کرتے رہو۔ اللہ وہی بات نکالے گا جس سے تم ڈرتے ہو اور جو تو ان سے پوچھے تو ضرور کہیں گے کہ ہم تو بطور کھیل مباحثہ کرتے جی بہلاتے تھے۔ تو کہہ کیا تم اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول سے ہنسی ٹھٹھے کرتے تھے؟

۔التوبۃ ۹: ۶۴، ۶۵۔

۸۔ اور کافر باطل تقریر لا کر جھگڑا کرتے ہیں تا کہ حق کو اس سے پھسلا دیں۔ اور انہوں نے ہماری آیتوں کو اور ان باتوں کو جن سے ڈرائے گئے ٹھٹھا ٹھہرا لیا ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۵۶۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۖ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

۱۔ وَلَا تَتَّخِذُوا آيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۚ

۲۔ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ

۳۔ وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيٰتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ وَإِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝

۴۔ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَآءَ ۚ

۵۔ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۚ

۶۔ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

۷۔ قُلِ اسْتَهْزِءُوا ۚ إِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُونَ ۝ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِاللّٰهِ وَآيٰتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ ۝

۸۔ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبٰطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوا آيٰتِي وَمَا أُنْذِرُوا هُزُوًا ۝

۲۔ دین کی ہنسی اڑانے کا عذاب

۹۔ یہ ان کا بدلہ جہنم ہے اس سبب سے کہ وہ کافر ہوئے اور میری آیتوں اور میرے رسولوں کو ٹھٹھا ٹھہرایا۔

۔الکہف ۱۸: ۱۰۶۔

۱۰۔ پھر انجام ان لوگوں کا جو برا کرتے تھے برا ہوا۔ اس لیے کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان پر ٹھٹھا مارتے تھے۔

۔الروم ۳۰: ۱۰۔

۱۱۔ اور آدمیوں میں کوئی ہے کہ کھیل کی بات خریدتا ہے تاکہ اللہ کی راہ سے بے سمجھے گمراہ کرے اور اسے ٹھٹھے میں اڑائے۔ ایسوں ہی کو ذلت کا عذاب ہے۔

۔لقمان ۳۱: ۶۔

۱۲۔ پس تو انہیں چھوڑ کہ بک بک کریں اور کھیلیں۔ یہاں تک کہ اپنے دن سے جس کا وعدہ دیے جاتے ہیں ملاقات کریں۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۳ و المعارج ۷۰: ۴۲۔

۱۳۔ اور جب ہماری آیتوں میں سے کوئی شے معلوم کرتا ہے تو اسے ٹھٹھے میں اڑاتا ہے۔ ایسے ہی کو ذلت کا عذاب ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۹۔

۱۴۔ یہ اس لیے کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا ٹھہرایا اور دنیا کی زندگی نے تمہیں فریب دیا۔ سو آج وہ دوزخ سے نکالے نہ جائیں گے اور نہ ان سے توبہ طلب کی جائے گی۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۳۵۔

۹۔ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝

۱۰۔ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰۤى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

۱۱۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

۱۲۔ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝

۱۳۔ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـــًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

۱۴۔ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝

۱۔ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًۢا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۭ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَي التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝ اَفَمَنْ

ضد سے مسجد بنانا

۱۔ کسی کی ضد پر مسجد بنانے کی برائی

۱۔ اور جنہوں نے اس غرض سے ایک مسجد بنائی کہ نقصان پہنچائیں اور کفر کریں اور اس شخص کو جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑ چکا ہے پناہ دیں اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے تو صرف بھلائی کا ارادہ کیا تھا اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں۔ تو کبھی اس مسجد میں کھڑا نہ ہو۔ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے زیادہ لائق ہے کہ تو اس میں کھڑا ہو۔ اس میں وہ لوگ ہیں جو پاک رہنا پسند کرتے ہیں۔ اور اللہ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ کیا جس نے بنیاد اپنی اللہ کے خوف اور اس کی رضامندی پر رکھی وہ بہتر ہے یا

وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ڈھینے والی کھائی کے کنارے پر رکھی۔ پھر اسے لے کر دوزخ کی آگ میں گر پڑی؟ اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔ یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہمیشہ ان کے دلوں میں شبہ کا باعث ہوگی۔ جب تک ان کے دل پارہ پارہ نہ ہوں۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

-التوبہ ۹:۱۰۹-۱۱۰-

کسب

۱- سو بڑی خرابی پیش آوے گی ان کو اس کی بدولت جو ان کے ہاتھوں نے لکھا ہے۔ اور بڑی خرابی ہوگی ان کو اس کی بدولت جو وہ کمایا کرتے تھے۔

-البقرۃ ۲:۷۹-

۲- ہاں جس نے بدی کمائی اور اس کے گناہوں نے اسے گھیر لیا وہی آگ میں رہنے والے ہیں۔ اور اسی میں ہمیشہ رہیں گے۔

-البقرۃ ۲:۸۱-

۳- یہ (ان بزرگوں کی) ایک جماعت تھی جو گذر چکی۔ ان کے کام ان کا کیا ہوا آئے گا اور تمہارے کام تمہارا کیا ہوا اور تم سے ان کے کیے ہوئے کی پوچھ نہ ہوگی۔

-البقرۃ ۲:۱۳۴،۱۴۱-

أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى تَقْوَى مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝

۱- فَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا يَكْسِبُونَ ۝

۲- بَلَى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ فَأُولَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

۳- تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

۴- أُولَئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِمَّا كَسَبُوا

۵- لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ

۶- يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ

۷- وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ

۴- یہ وہ لوگ ہیں جن کو بڑا حصہ ملے گا بدولت ان کے عمل کے۔

-البقرۃ ۲:۲۰۲-

۵- اللہ آخرت میں تم سے بے ہودہ قسم پر دارو گیر نہ کرے گا۔ لیکن اس پر دارو گیر کرے گا جو تمہارے دلوں نے کمایا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۲۵-

۶- اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے عمدہ چیز کو نیک کام میں خرچ کیا کرو۔ اور اس میں بھی جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے نکالا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۶۷-

۷- اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی پیشی میں لائے جاؤ گے۔

پھر ہر شخص کو اس کا کیا ہوا پورا پورا ملے گا۔ اور ان پر کسی قسم کا ظلم نہ ہوگا۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۱۔

۸۔ اللہ کسی شخص کو مکلف نہیں بناتا مگر اسی کا جو اس کی طاقت میں ہو۔ اسے ثواب بھی اسی کا جو ارادہ سے کمایا اور اسے عذاب بھی اسی کا جو ارادہ سے کمایا۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۶۔

۹۔ سو ان کا کیا حال ہوگا جب ہم ان کو اس روز جمع کریں گے جس میں کچھ شبہ نہیں اور پورا پورا مل جائے گا ہر شخص کو وہ جو اس نے دنیا میں کمایا تھا۔ اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔

۔آل عمران ۳:۲۵۔

۱۰۔ اور جو خیانت کرتا ہے وہ شخص قیامت کے دن اپنی خیانت کی ہوئی چیز لا حاضر کرے گا۔ پھر ہر شخص کو اس کے کیے کا پورا عوض ملے گا اور ان پر بالکل ظلم نہ ہوگا۔

۔آل عمران ۳:۱۶۱۔

۱۱۔ اور تم ایسے کسی امر کی تمنا مت کرو جس میں اللہ نے بعضوں کو بعض پر فوقیت دی ہے۔ مردوں کے لیے ان کے اعمال کا حصہ ہے اور عورتوں کے لیے ان کے اعمال کا حصہ ہے۔ اور اللہ سے اس کا فضل مانگا کرو۔ بلاشبہ اللہ ہر چیز کو جانتا ہے۔

۔النساء ۴:۳۲۔

۱۲۔ اور جو گناہ کرتا ہے تو وہ فقط اپنی ذات کے لیے کرتا ہے۔

۔النساء ۴:۱۱۱۔

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۸۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ

۹۔ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۱۰۔ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۱۱۔ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

۱۲۔ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰي نَفْسِهٖ ۭ

۱۳۔ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝

۱۴۔ اَفَمَنْ هُوَ قَاۗىِٕمٌ عَلٰي كُلِّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ

۱۵۔ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ

۱۶۔ وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ڰ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ

۱۳۔ وہ اللہ جو تمہاری پوشیدہ اور کھلی باتیں سب جانتا ہے اور جو تم کرتے پھرتے ہو اس کا بھی اس کو علم ہے۔

۔الانعام ۶:۳۔

۱۴۔ جو اللہ ہر شخص کے اعمال پر مطلع ہو (کیا اس کا کوئی شریک ہو سکتا ہے؟)

۔الرعد ۱۳:۳۳۔

۱۵۔ ان سے پہلے بھی کافروں نے تدبیریں کیں۔ سو اصل تدبیر تو اللہ ہی کی ہے۔ وہ جانتا ہے جو شخص جو کچھ بھی کرتا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۴۲۔

۱۶۔ اور تو اس قرآن کے ذریعے نصیحت کرتا رہ تاکہ کوئی شخص اپنے کردار کے سبب سے اس طرح نہ پھنس جائے کہ کوئی غیر اللہ نہ اس کا مددگار ہو سکے نہ سفارشی۔

۔الانعام ۶:۷۰۔

۱۷۔ بلاشبہ جو لوگ گناہ کر رہے ہیں ان کو ان کے کیے کی عنقریب سزا مل جائے گی۔

۔الانعام ۶:۱۲۰۔

۱۸۔ اور پہلے لوگ پچھلے لوگوں سے کہیں گے کہ پھر تم پر کوئی فوقیت نہیں۔ سو تم اپنے کردار کے سبب اپنے اعمال کا مزہ چکھو۔

۔الاعراف ۷:۳۹۔

۱۹۔ سو وہ تھوڑے دن دنیا میں ہنس لیں اور بہت دنوں (آخرت میں) روئیں گے ان کاموں کے بدلے میں جو وہ کیا کرتے تھے۔

۔التوبۃ ۹:۸۲۔

۲۰۔ ہاں اب وہ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھا جائیں گے جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے۔ تاکہ تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو۔ سو تم ان کی حالت پر چھوڑ دو۔ بے شک وہ لوگ بالکل گندے ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے ان کے کردار کے سبب جو وہ کرتے رہے۔

۔التوبۃ ۹:۹۵۔

۲۱۔ اگر اللہ ان کے اعمال پر ان سے دارو گیر کرتا تو ان پر فوراً ہی عذاب نازل کر دیتا۔ بلکہ ان کے واسطے ایک معین وقت ہے کہ اس سے اس طرف کوئی پناہ کی جگہ نہیں پا سکتے۔

۔الکہف ۱۸:۵۸۔

۲۲۔ جن لوگوں نے یہ طوفان (حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی نسبت) بپا کیا، وہ تمہارے میں کا ایک گروہ ہے۔ اس طوفان بندی کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ باعتبار انجام کے تمہارے حق میں بہتر ہے۔ ان میں ہر شخص کو جتنا کچھ کسی نے کیا تھا، گناہ ہوا۔ اور ان میں سے جس نے اس طوفان بندی میں زیادہ حصہ لیا اس کے لیے بڑا عذاب ہے۔

۔النور ۲۴:۱۱۔

۲۳۔ اور کسی شخص کو یہ پتہ نہیں کہ وہ کل کیا کرے گا۔

۔لقمٰن ۳۱:۳۴۔

۲۴۔ اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بغیر اس کے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو، ایذا پہنچائے تو وہ لوگ بہتان اور صریح گناہ کا بار اپنی گردن پر لیتے ہیں۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۸۔

۲۵۔ اور اگر اللہ ان کے اعمال کے سبب ان لوگوں پر فوراً دارو گیر کرنے لگتا تو زمین پر ایک متنفس کو بھی نہ چھوڑتا۔ لیکن وہ ان کو ایک میعاد معین تک مہلت دے رہا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۴۵۔

۱۷۔ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ۝
۱۸۔ وَقَالَتْ أُولَاهُمْ لِأُخْرَاهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ۝
۱۹۔ فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝
۲۰۔ سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝
۲۱۔ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ بَلْ لَهُمْ مَوْعِدٌ لَنْ يَجِدُوا مِنْ دُونِهِ مَوْئِلًا ۝
۲۲۔ إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝
۲۳۔ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا
۲۴۔ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ۝
۲۵۔ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَى ظَهْرِهَا مِنْ دَابَّةٍ وَلَٰكِنْ يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى

۲۶۔ وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ۝

۲۷۔ أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ۝

۲۸۔ قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

۲۹۔ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

۳۰۔ إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوا بِهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

۳۱۔ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ ۝

۳۲۔ مَّثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ لَّا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ۝

۳۳۔ وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ ...... لِيَجْزِيَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ

۳۴۔ الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

۳۵۔ أَفَمَن يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ

۲۶۔ اور تم کو جو مصیبت پہنچتی ہے تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں کی بدولت (پہنچتی ہے) اور اللہ بہت ساروں کو معاف کر دیتا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۳۰۔

۲۷۔ یا ان کو ان کے اعمال کے سبب تباہ کر دے۔ اور بہت ساروں کو معاف کر دے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۳۴۔

۲۸۔ تو ایمان والوں سے کہہ دے کہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے معاملات کا یقین نہیں رکھتے۔ تاکہ وہ ایک قوم (مسلمانوں) کو ان کے عمل کی سزا دے۔

۔الجاثیہ ۴۵:۱۴۔

۲۹۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا اور تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جائے اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الجاثیہ ۴۵:۲۲۔

۳۰۔ بے شک جن لوگوں کے دل میں ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں اور وہ دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں اور جو لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں، ایسے لوگوں کا ٹھکانا آگ ہے بسبب ان اعمال کے جو وہ کرتے رہے۔

۔یونس ۱۰:۷-۸۔

۳۱۔ پھر ظالموں سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کا عذاب چکھو۔ تم کو تمہارے کئے کا بدلہ ملا ہے۔

۔یونس ۱۰:۵۲۔

۳۲۔ جو لوگ اپنے رب کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کی مثال باعتبار عمل کے یہ ہے جیسے کچھ راکھ ہو۔ جس کو تیز آندھی کے دن تیز ہوا اُڑا لے جائے۔ ان لوگوں نے جو عمل کئے تھے ان کا کوئی حصہ ان کو حاصل نہ ہوگا۔ یہ بڑی دور دراز کی تباہی ہے۔

۔ابراہیم ۱۴:۱۸۔

۳۳۔ اور تو کافروں یعنی مجرموں کو دیکھے گا...... تاکہ اللہ ہر مجرم کو اس کے کئے کی سزا دے۔

۔ابراہیم ۱۴:۴۹ - ۵۱۔

۳۴۔ آج ہم ان کے مُونہوں پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں، جو کچھ یہ لوگ کیا کرتے تھے اس کی گواہی دیں گے۔

۔یٰسٓ ۳۶:۶۵۔

۳۵۔ بھلا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ کو سخت عذاب کی سپر بنائے

گا۔ اور ایسے ظالموں کو حکم ہوگا کہ جو تم کیا کرتے تھے اب کا مزہ چکھو۔

۔الزمر ۳۹:۲۴۔

۳۶۔ اور اس وقت ان پر تمام برے اعمال ظاہر ہو جائیں گے۔ اور جس عذاب کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا۔

۔الزمر ۳۹:۴۸۔

۳۷۔ آج ہر شخص کو ان کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ اور آج ظلم نہیں ہوگا۔

۔المؤمن ۴۰:۱۷۔

۳۸۔ تو ان ظالموں کو دیکھے گا کہ اپنے اعمال کے سبب سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ (وبال تو) ان پر ضرور پڑ کر رہے گا۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۲۔

۳۹۔ ان کے آگے جہنم آ رہا ہے اور (اس وقت) نہ تو وہ چیزیں ان کے کام آئیں گی جو وہ دنیا میں کما گئے تھے اور نہ وہ جن کو انہوں نے اللہ کے سوا کارساز ٹھہرا رکھا اور ان کے لیے بڑا دردناک عذاب ہے۔

۔الجاثیہ ۴۵:۱۰۔

۴۰۔ نہ اس کا مال اس کے کچھ کام آیا نہ اس کی کمائی۔

۔اللہب ۱۱۱:۲۔

۴۱۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے بھی (ایمان میں) ان کا ساتھ دیا، ہم ان کی اولاد کو بھی درجے میں ان کے ساتھ شامل کر دیں گے اور ان کے عمل میں سے کوئی چیز کم نہیں کریں گے۔ ہر آدمی اپنی کمائی میں پھنسا ہوا ہے اور جس قسم کا میوہ اور گوشت وہ چاہیں گے ہم اس کی ریل پیل کر دیں گے۔

۔الطور ۵۲:۲۱-۲۲۔

ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ

۳۶۔ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ

۳۷۔ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۭ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ

۳۸۔ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ

۳۹۔ مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـــًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

۴۰۔ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ

۴۱۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّــتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِیٴٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ۝ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ

۴۲۔ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّھُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْھُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

۴۳۔ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَھُمْ بِمَا كَسَبُوْا ۭ

۴۴۔ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَاۗءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ

۴۲۔ بے شک جن لوگوں نے لڑائی کے دن پیٹھ دکھائی ان کو محض شیطان نے پھسلا دیا تھا۔ ان کے بعض کمائے ہوئے کاموں کی وجہ سے۔ اور اللہ نے ان کو معاف کر دیا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ بخشن ہار اور بردبار ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۵۵۔

۴۳۔ پھر تم کو کیا ہوا کہ تم ان منافقوں کے باب میں دو گروہ ہو گئے ہو۔ حالانکہ اللہ نے ان کو الٹا پھیر دیا ہے ان کے عمل کے سبب۔

۔النساء ۴:۸۸۔

۴۴۔ جو مرد چوری کرے اور جو عورت چوری کرے، سو ان دونوں کے ہاتھ کاٹ ڈالو۔ ان کے کردار کے عوض میں اللہ کی طرف سے سزا کے طور پر۔

۔المائدۃ ۵:۳۸۔

۴۵۔ وَكَذَٰلِكَ نُوَلِّي بَعْضَ الظَّالِمِينَ بَعْضًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۱۲۹﴾

۴۶۔ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ ﴿۱۵۸﴾

۴۷۔ وَلَٰكِن كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۹۶﴾

۴۸۔ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ ﴿۸۰﴾ ...... فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ ﴿۸۳﴾ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۸۴﴾

۴۹۔ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿۴۱﴾

۵۰۔ قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۵۰﴾

۵۱۔ وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ عَلَى الْهُدَىٰ فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۱۷﴾

۵۲۔ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۸۲﴾

۱۔ وَلَن تَرْضَىٰ عَنكَ الْيَهُودُ وَلَا النَّصَارَىٰ حَتَّىٰ تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۗ قُلْ إِنَّ هُدَى اللَّهِ هُوَ الْهُدَىٰ ۗ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ الَّذِي جَاءَكَ مِنَ

۴۵۔ اور اسی طرح ہم بعض ظالموں کو بعض پر حاکم بنا دیتے ہیں اور ایسا ان کے اعمال کے سبب سے ہوتا ہے۔

۔الانعام ۶:۱۲۹۔

۴۶۔ جس روز تیرے رب کی بڑی نشانی آ پہنچے گی کسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہ آئے گا جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہوگا یا اس نے اپنے اعمال میں کوئی نیک عمل نہیں کیا ہوگا۔ تو کہہ دے کہ تم بھی منتظر رہو، ہم بھی منتظر ہیں۔

۔الانعام ۶:۱۵۸۔

۴۷۔ لیکن انہوں نے تو جھٹلایا۔ پس ہم نے ان کو ان کے کردار کے سبب (عذاب میں) گرفتار کر لیا۔

۔الاعراف ۷:۹۶۔

۴۸۔ اور حجر والوں نے بھی پیغمبروں کو جھوٹا بتلایا..... سو ان کو صبح کے وقت سخت آواز نے آ پکڑا اور ان کی کمائی ان کے کچھ بھی کام نہ آ سکی۔

۔الحجر ۱۵: ۸۰۔ ۸۳۔ ۸۴۔

۴۹۔ خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب بلائیں پھیل رہی ہیں۔ تاکہ اللہ ان کے بعض اعمال کا مزہ ان کو چکھا دے، تاکہ وہ باز آ جائیں۔

۔الروم ۳۰:۴۱۔

۵۰۔ یہ بات ان لوگوں نے بھی کہی تھی جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ سو ان کی کارروائی ان کے کچھ کام نہ آئی۔

۔الزمر ۳۹:۵۰۔

۵۱۔ اور لیکن جو ثمود تھے ہم نے ان کو سیدھا راستہ بتایا۔ پھر بھی انہوں نے ہدایت کے مقابلے میں گمراہی کو پسند کیا۔ پس ان کو ذلت کی آفت نے آ پکڑا ان کی بدکاریوں کی وجہ سے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۱۷۔

۵۲۔ وہ لوگ ان سے زیادہ تھے۔ اور قوت اور نشانیوں میں بھی جو وہ روئے زمین پر چھوڑ گئے بڑھے ہوئے۔ سو ان کی یہ تمام کمائی ان کے کسی کام نہ آئی۔

۔المؤمن ۴۰:۸۲۔

ہوائے نفس

۱۔ اور اگر علم قطعی ہو چکنے کے بعد تو ان کے خیالات کا اتباع کرنے لگ

جائے تو تیرا کوئی اللہ سے بچانے والا نہ یار نکلے گا نہ مددگار۔

۔البقرۃ ۲:۱۲۰۔

۲۔ اور اگر تو علم ہو چکنے کے بعد ان کے خیالات کی اتباع کرنے لگ جائے تو بے شک تو اس وقت ظالموں میں سے ہو جائے گا۔

۔البقرۃ ۲:۱۴۵۔

۳۔ پس تم ان کے باہمی معاملات میں اس کی بھیجی ہوئی کتاب کے مطابق فیصلہ کیا کرو اور جو سچی کتاب اللہ نے اتاری ہے اس کے خلاف ان کی خواہشوں پر عملدرآمد نہ کرو۔

۔المائدۃ ۵:۴۸۔

۴۔ اور یہ کہ ان کے باہمی معاملات میں اللہ کی بھیجی ہوئی کتاب کے موافق فیصلہ کیا کرو اور ان کی خواہشات کا اتباع نہ کیا کرو اور ان سے اس بات کی احتیاط رکھو کہ وہ تجھ کو اللہ کے بھیجے ہوئے حکم سے بچلا دیں۔

۔المائدۃ ۵:۴۹۔

۵۔ سو لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے رہنا اور آئندہ بھی نفسانی خواہش کی پیروی نہ کرنا۔ ورنہ وہ اللہ کے راستے سے تجھ کو بھٹکا دے گی۔

۔ص ۳۸:۲۶۔

۶۔ تو کہہ دے کہ مجھے ان کی عبادت سے جن کو اللہ کے سوائے پکارتے ہو منع کر دیا گیا ہے۔ (یہ بھی) کہہ دے کہ میں تمہاری خواہشات پر عمل درآمد نہیں کیا کروں گا۔ ایسا کروں تو میں گمراہ ہو جاؤں اور راہ پانے والوں میں نہ رہوں۔

۔الانعام ۶:۵۶۔

۷۔ اور تو ان کی خواہشات پر جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور اللہ کا ثانی

الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿﴾

۲۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم مِّن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿﴾

۳۔ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۚ

۴۔ وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكَ ۖ

۵۔ فَاحْكُم بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ

۶۔ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۚ قُل لَّا أَتَّبِعُ أَهْوَاءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ﴿﴾

۷۔ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ﴿﴾

۸۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ﴿﴾

۹۔ وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَن ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ﴿﴾

۱۰۔ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَن لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدَىٰ ﴿﴾

بناتے ہیں عمل درآمد نہ کر۔

۔الانعام ۶:۱۵۰۔

۸۔ اور اگر تو قطعی علم آ جانے بعد بھی ان کی خواہشات کا اتباع کرے تو اللہ کے عذاب سے تجھے نہ کوئی یار بچا سکے گا اور نہ کوئی بچانے والا۔

۔الرعد ۱۳:۳۷۔

۹۔ اور ایسے شخص کا کہنا نہ مان جس کا قلب ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر رکھا ہے اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کا اتباع کرتا ہے اور اس کا یہ حال حد سے گذر گیا ہے۔

۔الکہف ۱۸:۲۸۔

۱۰۔ پس تجھ کو قیامت کے فکر سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پائے جو قیامت پر ایمان نہیں رکھتا۔ اور اپنی خواہشات نفسانی کی پیروی کرتا ہے۔ کہیں تو تباہ نہ ہو جانا۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۶۔

۱۱۔ فَإِنْ لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

۱۲۔ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ ۖ وَقُلْ آمَنتُ بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِن كِتَابٍ ۖ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۖ

۱۳۔ وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۝

۱۴۔ ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۱۵۔ أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ ۝

۱۶۔ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوَىٰ أَن تَعْدِلُوا ۚ

۱۷۔ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ۝

۱۸۔ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا مِن قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ۝

۱۹۔ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ

۱۱۔ پس اگر یہ لوگ تیرا کہنا نہ کر سکیں تو تو سمجھ لے کہ یہ لوگ محض اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں۔ اور ایسے شخص سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو اپنی نفسانی خواہشات پر چلتا ہے۔ بدوں اس کے کہ کوئی دلیل اس کے پاس ہو؟ بے شک اللہ ایسے ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کیا کرتا۔

۔القصص ۲۸: ۵۰۔

۱۲۔ جس طرح تجھے حکم ہوا ہے اس پر قائم رہ اور ان کی خواہشات کا اتباع نہ کر اور کہہ دے کہ اللہ نے جتنی کتابیں اتاری ہیں میں ان پر ایمان رکھتا ہوں اور مجھے تمہارے درمیان عدل رکھنے کا حکم ہوا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۵۔

۱۳۔ اور وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتا ہے۔ نری وحی ہے جو اس پر بھیجی جاتی ہے۔

۔النجم ۵۳: ۳۔۴۔

۱۴۔ پھر ہم نے تجھ کو دین کے خاص طریقے پر کر دیا۔ سو تو اسی طریقہ کا تابع رہ۔ اور ان جہلا کی خواہشات پر عمل نہ کر۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۱۸۔

۱۵۔ کیا جب کبھی رسول تمہارے پاس وہ حکم لے کر آئے جن کو تمہارا دل نہ چاہتا تھا، تم اکڑ گئے۔ پس بعضوں کو تم نے جھوٹا بتلایا اور بعضوں کو قتل ہی کر دیا۔

۔البقرۃ ۲: ۸۷۔

۱۶۔ سو تم خواہشِ نفس کی اتباع نہ کرنا کہ تم حق سے ہٹ جاؤ۔

۔النساء ۴: ۱۳۵۔

۱۷۔ جب کبھی بھی ان کے پاس رسول ایسے احکام لائے جن کو ان کا دل نہ چاہتا تھا تو بعضوں کو تو انہوں نے جھٹلایا اور بعض کو قتل (ہی) کر دیا۔

۔المائدۃ ۵: ۷۰۔

۱۸۔ تو کہہ دے کہ اہلِ کتاب! تم اپنے دین میں ناحق زیادتی نہ کرو اور ان کے خیالات پر مت چلو۔ جو (خود بھی) گمراہ ہوئے اور دوسرے بھی بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا۔ اور وہ سیدھے راستے سے گمراہ ہو گئے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۷۔

۱۹۔ اور جو تم پر حرام کیا گیا ہے اس کی تفصیل تم کو اللہ نے بتا دی ہے سوا اس کے کہ تم بے تاب ہو جاؤ۔ اور بے شک و شبہ بہت سے ایسے ہیں جو اپنی خواہشات کی وجہ سے گمراہ کرتے ہیں اور بغیر کسی سند کے۔

۔الانعام ۶: ۱۱۹۔

٢٠۔ اور اگر ہم چاہتے تو اس کو ان آیات کی بدولت بلند مرتبہ کر دیتے۔ لیکن وہ تو دنیا کی طرف مائل ہو گیا اور خواہشات کا تابع ہو گیا۔ پس اس کی مثال کتے کی سی ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۷۶۔

٢١۔ اور اگر (بفرضِ محال) دینِ حق ان کے خیالات کے تابع ہو جاتا تو تمام آسمان اور زمین میں اور جو ان میں ہیں، سب تباہ ہو جاتے۔

۔المؤمنون ۲۳:۷۱۔

٢٢۔ تو نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنی خواہشات ہی کو اپنا خدا بنا رکھا ہے۔ سو کیا تو اس کی نگرانی کر سکتا ہے؟

۔الفرقان ۲۵:۴۳۔

٢٣۔ سو کیا تو نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی نفسانی خواہش کو بنا رکھا ہے۔ اور اللہ نے اس کو باوجود سمجھ بوجھ کے گمراہ کر رکھا ہے اور اللہ نے اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے۔ اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے اور ایسے شخص کو اللہ کے بعد کون ہدایت کرے۔

۔الجاثیۃ ۴۵:۲۳۔

٢٤۔ بلکہ ان ظالموں نے بلا دلیل اپنے خیالات کا اتباع کر رکھا ہے۔ پس جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کون راہِ راست پر لائے اور ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا۔

۔الروم ۳۰:۲۹۔

٢٥۔ تو جو لوگ اپنے رب کے واضح راستے پر ہوں، کیا ان لوگوں کی طرح ہو سکتے ہیں جن کی بدعملی ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہے اور اپنی نفسانی خواہشات

۱۴۔ شیطان بے حیائی اور بری باتوں کا حکم دیتا ہے

۴۱۔ وہ تو تمہیں برائی اور بے حیائی ہی کا حکم دیتا ہے اور یہ کہ تم اللہ کی نسبت وہ بات کہو جو تم نہیں جانتے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۹۔

۴۲۔ اور جو شیطان کے قدموں پر چلے گا، تو بے شک وہ بے حیائی اور بری باتوں کا حکم دیتا ہے۔

۔النور ۲۴: ۲۱۔

۱۵۔ شیطان بے حیائی اور محتاجی کا وعدہ دیتا ہے

۴۳۔ شیطان تمہیں محتاجی کا وعدہ دیتا ہے اور تمہیں بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۸۔

۱۶۔ شیطان کا وعدہ فریب ہے

۴۴۔ وہ انہیں وعدے دیتا اور امیدیں دلاتا ہے اور شیطان انہیں جو وعدہ بھی دیتا ہے وہ دھوکا ہی ہوتا ہے۔ یہی ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ اس سے چھٹکارا نہ پائیں گے۔

۔النساء ۴: ۱۲۰، ۱۲۱۔

۴۵۔ اور ان میں سے جس کو تو گھبرا سکے اپنی آواز سے گھبرا دے اور اپنے سوار اور اپنے پیادے ان پر چڑھا لا۔ اور مال اور اولاد میں ان کا شریک ہو اور انہیں وعدے دے۔ اور شیطان انہیں جو وعدہ بھی دیتا ہے وہ نرا دھوکا ہی ہوتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۶۴۔

۱۷۔ شیطان انسان کو دغا دینے والا

۴۶۔ اور شیطان انسان کو دغا دینے والا ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۲۹۔

۱۸۔ شیطان برا رفیق ہے

۴۷۔ اور شیطان جس کا رفیق ہوگا تو وہ برا ہی رفیق ہے۔

۔النساء ۴: ۳۸۔

اور وہ دوزخ کی طرف بلاتا ہے

۴۸۔ اگرچہ شیطان انہیں دوزخ کے عذاب کی طرف بلائے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۱۔

۴۹۔ وہ تو اپنے گروہ کو یہی دعوت دیتا ہے کہ وہ دوزخی ہو جائیں۔

۔فاطر ۳۵: ۶۔

۱۹۔ شیطان کا مکر ضعیف

۵۰۔ بے شک شیطان کا داؤ کمزور ہے۔

۔النساء ۴: ۷۶۔

۲۰۔ شیطان کافروں کو اچھالتے رہتے ہیں

۵۱۔ (اے نبی ﷺ!) کیا تو نے غور نہیں کیا ہم نے کافروں پر شیطانوں کو چھوڑ رکھا ہے کہ وہ ان کو ابھار کر اچھالتے رہتے ہیں۔

۔مریم ۱۹: ۸۳۔

۲۱۔ شیطان کے دوست زیاں کار

۵۲۔ اور جو اللہ کے سوا شیطان کو دوست بنائے، وہ کھلم کھلا گھاٹے میں جا پڑا۔

۔النساء ۴: ۱۱۹۔

۲۲۔ شیطان کے دوستوں سے لڑو

۵۳۔ تو شیطان کے دوستوں سے لڑو۔

۔النساء ۴: ۷۶۔

۲۳۔ شیطان کے دوست بے ایمان ہیں

۵۴۔ اے بنی آدم! کہیں شیطان تمہیں فتنے میں نہ ڈال دے۔ جیسا کہ

۴۴۔ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ۝ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ۝

۴۵۔ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُم بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِم بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ۝

۴۶۔ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ خَذُولًا ۝

۴۷۔ وَمَن يَكُنِ الشَّيْطَانُ لَهُ قَرِينًا فَسَاءَ قَرِينًا ۝

۴۸۔ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝

۴۹۔ إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝

۵۰۔ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا ۝

۵۱۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ۝

۵۲۔ وَمَن يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِّن دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِينًا ۝

۵۳۔ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ ۖ

۵۴۔ يَا بَنِي آدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ كَمَا أَخْرَجَ أَبَوَيْكُم مِّنَ الْجَنَّةِ يَنزِعُ

عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۵۵۔ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۝

۵۶۔ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۝

۵۷۔ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْئًا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

۵۸۔ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝

۵۹۔ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ۝ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ۝

۶۰۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

اس نے تمہارے ماں باپ کو بہشت سے نکال دیا۔ ان کے کپڑے اتروا دیے تاکہ انہیں ان کی قابل شرم چیزیں دکھلا دے وہ اور اس کا قبیلہ تمہیں اس جگہ سے دیکھتا ہے، جہاں سے تم اسے نہیں دیکھتے۔ بے شک ہم نے شیطانوں کو ان لوگوں کا رفیق بنا دیا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔

-الاعراف ۷:۲۷-

۲۴۔ شیطان کا زور مومنوں پر نہیں، اپنے دوستوں اور مشرکوں پر ہے

۵۵۔ اس کا ان لوگوں پر کچھ زور نہیں جو ایمان لائے۔ اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔ اس کا زور تو بس انہیں پر ہے جو اس سے دوستی رکھتے ہیں۔ اور ان پر جو اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔

-النحل ۱۶:۹۹-۱۰۰-

۵۶۔ کچھ شک نہیں کہ جو میرے بندے ہیں، ان پر تیرا کچھ زور نہیں۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرا پروردگار کافی کارساز ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۶۵-

۲۵۔ شیطان بے اذنِ اللہ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا

۵۷۔ کانا پھوسی تو بس شیطان کی طرف سے ہے تاکہ ان لوگوں کو غم میں ڈالے جو ایمان لائے ہیں۔ اور وہ بغیر اللہ کے حکم کے انہیں کچھ نقصان پہنچانے والا نہیں۔

-المجادلة ۵۸:۱۰-

۲۶۔ شیطان کفر کرا کر کفر کرنے والے سے بیزاری ظاہر کرتا ہے۔ مگر دونوں کا انجام دوزخ ہے

۵۸۔ شیطان کی طرح جب اس نے انسان سے کہا کہ کفر کر۔ پھر جب اس نے کفر کیا تو کہنے لگا کہ میں تجھ سے بیزار ہوں۔ میں جہانوں کے پروردگار، اللہ سے ڈرتا ہوں۔ پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوا کہ وہ دونوں آگ میں ہیں۔ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

-الحشر ۵۹:۱۶-۱۷-

۲۷۔ شیاطین جھوٹے گنہگار پر نازل ہوتے ہیں

۵۹۔ میں تمہیں بتاؤں کہ شیطان کس پر اترتے ہیں؟ وہ اترتے ہیں ہر ایک جھوٹے گنہگار پر، جو سنی ہوئی بات ان پر لا ڈالتے ہیں اور اکثر ان میں جھوٹے ہیں۔

-الشعراء ۲۶:۲۲۱-۲۲۳-

۲۸۔ شیطان انبیا اور رسولوں کی قرأت میں خلل انداز ہوتا ہے

۶۰۔ اور (اے نبی ﷺ) تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول اور نبی بھیجا، اس کی قرأت میں جب وہ پڑھنے لگا شیطان نے کچھ نہ کچھ ڈال دیا۔ پھر جو کچھ شیطان ڈالتا ہے اللہ اس کو مٹا دیتا ہے۔ پھر اللہ اپنی آیتوں کو مضبوط کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-الحج ۲۲:۵۲-

۲۹۔ شیطان سے قیامت کو اس کے متبعین بیزار ہوں گے

۶۱۔ اور جو رحمن کی یاد سے غافل ہوگا، ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں۔ سو وہی اس کا ساتھی رہے گا۔ اور وہ انہیں اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا تو کہے گا: کاش میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دوری ہوتی، وہ کیسا برا ساتھی ہے۔ اور جب تم نے ظلم کیا ہے تو آج تمہیں یہ بات کچھ نفع نہیں دے گی کہ عذاب میں تم سب شریک ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۳۶۔۳۹۔

۳۰۔ شیطان کا چوری سے آسمان کی باتیں سننا اور ان کے پیچھے دہکتے شعلے کا لگنا

۶۲۔ اور بے شک ہم نے آسمان میں برج بنائے اور اسے دیکھنے والوں کے لیے سجایا اور ہم نے ہر شیطان مردود سے اس کی حفاظت کی مگر جو چوری سے کچھ سن بھاگا سو اسی کے پیچھے دہکتا انگارا لگا۔

۔الحجر ۱۵: ۱۶۔۱۸۔

۶۳۔ وہ فرشتوں کی اعلیٰ جماعت کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور ہر طرف سے دفع کر دیے جاتے ہیں، راندے ہوئے اور ان کے لیے ہمیشہ کی مار ہے مگر جو کوئی کچھ بات اچک لایا، اسی کے پیچھے دہکتا شعلہ لگا۔

۔الصفت ۳۷: ۸۔۱۰۔

۳۱۔ شیطانوں سے بذریعہ کوکب آسمان کی حفاظت

۶۴۔ اور ہم نے اس کی حفاظت کی ہر شیطان مردود سے اگر کوئی اس کی سن گن لینے کی کوشش کرے تو چمکتا شہاب

۶۱۔ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ۝ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝

۶۲۔ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝

۶۳۔ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝

۶۴۔ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝

۶۵۔ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝

۶۶۔ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝

۶۷۔ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اس کا پیچھا کرتا ہے۔

۔الحجر ۱۵: ۱۷۔۱۸۔

۶۵۔ بے شک ہم نے قریب کے آسمان کو ایک طرح کی زینت یعنی ستاروں سے سجایا اور ہر ایک سرکش شیطان سے اس کی حفاظت کی۔

۔الصفت ۳۷: ۶۔۷۔

۳۲۔ شیاطین کو قرآن اتارنے پر قدرت نہیں، وہ فرشتوں کا کلام سننے سے علیحدہ ہیں

۶۶۔ اور اس (قرآن) کو شیاطین نے نہیں اتارا اور نہ یہ ان کی شان ہے اور نہ وہ ایسا کر سکتے ہیں وہ تو سننے سے دور رکھے گئے۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۰۔۲۱۲۔

۳۳۔ شیطان سے پناہ مانگنے کا حکم

۶۷۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر شیطان کی طرف سے تیرے دل میں

مدگدی پیدا ہوتو اللہ کی پناہ مانگ لیا کر۔ کچھ شک نہیں کہ وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔الاعراف ۷:۲۰۰۔

۶۸۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر شیطان کی طرف سے تیرے دل میں گدگدی ہوتو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ وہی سننے اور جاننے والا ہے۔

۔حم السجدۃ ۴۱:۳۶۔

۶۹۔ پھر جب تو قرآن پڑھنے لگے تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔

۔النحل ۱۶:۹۸۔

۷۰۔اور کہہ: اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔اور اے میرے پروردگار! میں اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ شیاطین میرے پاس آئیں۔

۔المومنون ۲۳:۹۷۔۹۸۔

۲۴۔ شیطان اللہ سے ڈرتا ہے

۷۱۔ تحقیق میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔

۔الانفال ۸:۴۸۔

۷۲۔ تحقیق میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔الحشر ۵۹:۱۶۔

۷۳۔اور اس کتاب میں ادریس کا ذکر کر۔ بے شک وہ سچا نبی تھا اور ہم نے اس کا مرتبہ بلند کیا۔ یہی وہ نبی ہیں آدم کی نسل سے جن پر اللہ نے مہربانی کی۔

۔مریم ۱۹:۵۶۔۵۸۔

۷۴۔اور اسمٰعیل اور ادریس اور ذاالکفل سب صابروں میں سے تھے۔اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل کیا۔ بے شک وہ نیکوکاروں میں سے تھے۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۵۔۸۶۔

۶۸۔ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۳۶﴾

۶۹۔ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿۹۸﴾

۷۰۔ وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ﴿۹۷﴾ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ﴿۹۸﴾

۷۱۔ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ ۚ

۷۲۔ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿۱۶﴾

۷۳۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ

۷۴۔ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصَّابِرِينَ ﴿۸۵﴾ وَأَدْخَلْنَاهُمْ فِي رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُم مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿۸۶﴾

حضرت نوح علیہ السلام

۱۔ نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی طرف بلانا اور قوم کا ان سے تمسخر و اعراض

۱۔ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔اس نے کہا کہ بھائیو! اللہ کی عبادت کرو۔اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ بے شک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔اس کی قوم کے سرداروں نے کہا کہ ہم تو تجھے کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں۔ کہا بھائیو! مجھ میں گمراہی نہیں ہے۔لیکن میں جہانوں کے پروردگار کا بھیجا ہوا ہوں۔ میں تمہیں اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہارا خیر خواہ ہوں

۱۔ لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿۶۰﴾ قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي ضَلَالَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿۶۱﴾ أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۶۲﴾ أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿۶۳﴾ فَكَذَّبُوهُ فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ

اور اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ کیا تمہیں اس سے تعجب ہوا کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک شخص کی معرفت نصیحت آئی کہ وہ تمہیں ڈرائے اور تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ اور تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تب ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ تھے۔ انہیں کشتی میں بٹھا کر نجات دی اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا، انہیں ڈبو دیا۔ بے شک وہ لوگ (آنکھوں کے) اندھے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۵۹-۶۴۔

۲۔ اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ تو وہ پچاس برس کم ہزار برس ان میں رہے۔ پھر ان کو طوفان نے آ لیا۔ اور وہ بدستور نافرمانیاں کر رہے تھے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۴۔

۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) ان پر نوح کا حال پڑھ۔ جب اس نے اپنی قوم سے کہا کہ بھائیو! اگر میرا رہنا اور اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا تمہیں ناگوار گزرتا ہے تو میں نے تو اللہ ہی پر بھروسا کر لیا ہے۔ اب تم اپنا کام ٹھہرا لو اور اپنے شریکوں کو جمع کر لو۔ پھر تمہارے کام میں تمہیں شبہ نہ رہے۔ پھر جو میرا ارادہ کرنا ہو کر لو اور مجھے مہلت نہ دو۔ پھر اگر تم منہ موڑو تو میں تم سے کچھ مزدوری تو مانگتا نہیں۔ میری مزدوری تو اللہ ہی کے ذمے ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبردار رہوں۔ سو انہوں نے اسے جھٹلایا۔ تب ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو کشتی میں بٹھا کر بچا لیا اور انہیں ہم نے جانشین کیا اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا انہیں ڈبو دیا۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان

فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا عَمِينَ ۝

۲۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُونَ ۝

۳۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُم مَّقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنظِرُونِ ۝ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنَاهُمْ خَلَائِفَ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ۝

۴۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَن لَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ ۝ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ وَمَا نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَآتَانِي رَحْمَةً مِّنْ عِندِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَأَنتُمْ لَهَا

ڈرائے ہوؤں کا انجام کیسا برا ہوا۔

۔یونس ۱۰: ۷۱-۷۳۔

۴۔ اور ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ (اس نے کہا کہ) بے شک میں تمہیں کھول کر ڈرانے والا ہوں کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو۔ میں تمہاری نسبت ایک دردناک دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اس پر اس کی قوم کے سرداروں نے جو کافر تھے کہا کہ ہم تو تجھے اپنی ہی مانند ایک آدمی دیکھتے ہیں اور ہم نہیں دیکھتے کہ تیرا سوائے ان لوگوں کے کسی نے اتباع کیا ہو جو ہم میں سرسری رائے میں رذیل ہیں اور ہم تمہاری اپنے اوپر کچھ فضیلت نہیں دیکھتے بلکہ

ہم تو تمہیں جھوٹا یقین کرتے ہیں۔ نوح نے کہا: بھائیو! یہ تو بتاؤ اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی سند پر ہوں اور اس نے اپنے ہاں سے مجھے رحمت بخشی ہو اور وہ تمہاری نظر سے چھپائی گئی۔ تو کیا ہم اسے تم پر چپکا دیں اور تم اس سے بیزار ہوتے ہو۔ اور بھائیو! میں اس (نصیحت) پر تم سے کچھ مال نہیں مانگتا۔ میرا اجر تو اللہ کے ذمے ہے اور میں انہیں دفع نہیں کر سکتا جو ایمان لائے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں۔ لیکن میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم جاہل لوگ ہو اور بھائیو! اگر میں انہیں نکال دوں تو اللہ کے مقابلے میں کون میری مدد کرے گا۔ کیا تم دھیان نہیں کرتے؟ اور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جانتا ہوں اور میں نہیں کہتا کہ میں فرشتہ ہوں۔ اور میں ان لوگوں کی نسبت جنہیں تمہاری آنکھیں حقیر دیکھتی ہیں یہ نہیں کہتا کہ اللہ انہیں ہرگز خیر نہیں دے گا۔ جو ان کے دلوں میں ہے اللہ خوب جانتا ہے۔ اگر میں ایسا کروں تو بے شک میں ظالموں میں ہوں۔ بولے: اے نوح! تو نے ہم سے جھگڑا کیا اور ہم سے بہت کچھ جھگڑ چکا۔ اب ہم پر وہ عذاب لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا رہتا ہے اگر تو سچوں میں سے ہے۔ کہا: وہ تو بس تم پر اللہ ہی لائے گا اگر اس نے چاہا اور تم (اسے) عاجز کرنے والے نہیں ہو اور تمہیں میری نصیحت نفع نہیں دے گی۔ اگر میں تمہیں نصیحت کرنا چاہوں۔ اگر اللہ تمہیں گمراہ کرنا چاہے، وہی تمہارا پروردگار ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ کیا یہ کہتے ہیں کہ قرآن کو اس نے خود بنا لیا ہے۔ تو جواب دے کہ اگر قرآن میں نے خود بنایا ہے تو میرا گناہ مجھ پر اور تم جو گناہ کرتے ہو میں اس سے بری ہوں۔

ہود ۱۱: ۲۷-۳۵۔

كٰرِهُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّىْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ښ اِنِّىْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَاۗءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۝

۵۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً ښ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝

۶۔ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا

۵۔ اور ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟ اس کی قوم کے سرداروں نے جو کافر تھے کہا کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک بشر ہے۔ چاہتا ہے کہ تم پر بڑائی حاصل کرے اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ضرور کوئی فرشتہ اتار دیتا۔ ہم نے یہ بات اپنے باپ دادوں میں تو سنی نہیں۔ یہ تو محض ایک دیوانہ آدمی ہے تو ایک وقت تک اس کے انجام کا انتظار کرو۔ نوح نے کہا: اے میرے پروردگار! میری مدد کر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا۔

المؤمنون ۲۳: ۲۳-۲۶۔

۶۔ نوح کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے بھائی نوح نے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں۔ بے شک میں تمہارا ایک امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ اور میں اس

پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ میری مزدوری تو جہانوں کے پروردگار کے ذمے ہے اور بس۔ اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ انہوں نے کہا: کیا ہم تجھ پر ایمان لے آئیں، حالانکہ تیرا اتباع صرف رذیل لوگوں نے کیا ہے۔ کہا: مجھے اس سے کیا غرض جو وہ کرتے ہیں۔ ان کا حساب لینا صرف میرے پروردگار کا کام ہے۔ کاش تم سمجھو۔ اور میں ایمان داروں کو نکالنے والا نہیں ہوں۔ میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔ انہوں نے کہا: اے نوح! اگر تو باز نہ آیا تو تو ضرور سنگسار کیا جائے گا۔ کہا: اے میرے پروردگار! میری قوم نے مجھے جھٹلایا۔ اب میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دے اور مجھے اور میرے ایمان دار ساتھیوں کو نجات دے۔

۔الشعراء ۲۶:۱۰۵-۱۱۸۔

۷۔ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو اس سے پہلے کہ ان پر ایک دردناک عذاب آئے، ڈرا۔ اس نے کہا: بھائیو! کچھ شک نہیں کہ میں تمہارے لیے ایک کھول کر ڈرانے والا ہوں کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ وہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور ایک مقرر وقت تک تمہیں مہلت دے گا۔ بے شک اللہ کا ٹھہرایا وقت جب آ جاتا ہے، تو پیچھے نہیں ہٹایا جاتا۔ کاش تم (یہ بات) جانتے! کہا اے میرے پروردگار! میں نے اپنی قوم کو رات دن (توحید کی طرف) بلایا، تو میرے بلانے نے ان کے دور

تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ۝ قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي لَوْ تَشْعُرُونَ ۝ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۷۔ إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ ۖ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلًا وَنَهَارًا ۝ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَائِي إِلَّا فِرَارًا ۝ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنْتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ۝ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا ۝ وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَلْ

بھاگنے ہی کو بڑھایا۔ اور جب جب میں نے انہیں بلایا کہ تو انہیں بخش دے تو انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ڈال لیں اور اپنے کپڑوں میں لپٹ گئے۔ اور (کفر پر) اصرار کیا اور تکبر کیا۔ پھر میں نے انہیں چلا کر بلایا، پھر میں ان سے علانیہ کہا۔ اور ان سے چپکے سے پوشیدہ طور پر کہا۔ میں نے کہا کہ اپنے پروردگار سے معافی مانگو۔ کچھ شک نہیں کہ وہ بڑا بخشنے والا ہے۔ وہ تم پر آسمان کی دھاریں چھوڑ دے گا۔ اور مال اور بیٹوں سے تمہیں بڑھائے گا۔

اور تمہارے لیے باغات پیدا کر دے گا اور تمہارے لیے نہریں جاری کر دے گا۔ تمہیں کیا ہوا کہ اللہ سے بڑائی کی امید نہیں رکھتے حالانکہ اس نے تمہیں کئی تبدیلیوں سے پیدا کیا۔ کیا تم دیکھتے نہیں کہ اللہ نے کس طرح تہ بر تہ سات آسمان پیدا کیے اور ان میں چاند کو اجالا کر دیا۔ اور سورج کو چراغ بنایا۔ اور اللہ نے زمین سے تمہیں ایک طرح کا اگانا اگایا۔ پھر وہ اسی میں تمہیں لوٹائے گا۔ اور اسی سے تمہیں باہر نکالے گا۔ اور اللہ نے زمین کو تمہارے لیے بچھونا بنایا تاکہ تم اس کی فراخ راہوں میں چلو۔

-نوح ۷۱:۱۰-۲۰-

۲۔ قومِ نوح کا بتوں کی پرستش پر اصرار اور نوح علیہ السلام کے ساتھ بڑا داؤ کھیلنا

۸۔ نوح نے کہا: اے میرے پروردگار! انہوں نے میری نافرمانی کی اور اس کے پیچھے ہو لیے جس کے مال اور اولاد نے اس کے لیے گھاٹا ہی بڑھایا۔ اور انہوں نے بہت بڑا داؤ کھیلا اور انہوں نے کہا کہ اپنے معبودوں کو نہ چھوڑو۔ نہ وَدّ کو چھوڑو نہ سواع کو اور نہ یغوث اور یعوق اور نسر بت کو اور انہوں نے بہتوں کو گمراہ کیا۔ اور تو ظالموں کی گمراہی ہی بڑھا۔

-نوح ۷۱:۲۱-۲۴-

۳۔ نوح علیہ السلام کا تنگ آ کر اپنی قوم کے لیے بددعا کرنا

۹۔ کہا: اے میرے پروردگار! میری قوم نے مجھے جھٹلایا تو تو میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دے اور مجھے اور میرے ایمان دار ساتھیوں کو نجات دے۔

-الشعراء ۲۶:۱۱۷-۱۱۸-

لَكُمْ أَنْهٰرًا ۝ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ۝ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝ وَاللّٰهُ أَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ۝ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ۝ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝

۸۔ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗ إِلَّا خَسَارًا ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ۝ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝ وَقَدْ أَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ إِلَّا ضَلٰلًا ۝

۹۔ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۱۰۔ فَدَعَا رَبَّهٗ أَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

۱۱۔ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝ إِنَّكَ إِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝

۱۲۔ وَأُوْحِيَ إِلٰى نُوْحٍ أَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ إِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا

۱۰۔ پھر اس نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ میں مغلوب ہوں تو ہی مدد کر۔

-القمر ۵۴:۱۰-

۱۱۔ اور نوح نے کہا کہ اے میرے پروردگار! زمین پر کافروں سے کوئی گھر میں بسنے والا نہ چھوڑ۔ اگر تو نے انہیں چھوڑ دے گا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے اور جو جنیں گے وہ بدکار، ناشکر گزار ہی ہوں گے۔

-نوح ۷۱:۲۶-۲۷-

۴۔ نوح علیہ السلام کا اللہ کے حکم سے کشتی بنانا اور قوم کا تمسخر کرنا

۱۲۔ اور نوح کی طرف وحی کی گئی کہ تیری قوم سے سوائے ان کے جو ایمان لا چکے ہیں اور کوئی ہرگز ایمان نہیں لائے گا۔ تو تو اس سے رنجیدہ

تدبیر، جو وہ کر رہے ہیں اور ہماری زیرِ نگرانی اور ہمارے حکم کی مطابق کشتی بنا۔ اور جو ظالم ہیں ان کے بارے میں مجھ سے گفتگو نہ کرنا کہ وہ غرق کئے جائیں گے۔ اور وہ کشتی بناتا تھا اور جب جب اس کی قوم سے کوئی جماعت اس کے پاس سے گزرتی تو وہ لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے۔ نوح نے کہا کہ اگر تم ہم سے ٹھٹھا کرتے ہو تو جیسے تم ٹھٹھا کرتے ہو ہم تم سے ٹھٹھا کریں گے۔ عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کون ہے جس پر رسوا کرنے والا عذاب آئے گا اور اس پر پائیدار عذاب نازل ہوگا۔

-ہود ۱۱: ۳۶-۳۹-

۵۔ نوح علیہ السلام کا طوفان کے وقت اپنے کنبے کو کشتی میں سوار کرنا اور ہر قسم کا ایک ایک جوڑا کشتی میں رکھنا

۱۳۔ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور ابلنے لگا تو ہم نے (نوح علیہ السلام کو) حکم دیا کہ اس میں ہر جنس کے دو جوڑے اور اپنے گھر والوں کو سوائے اس کے جس کی نسبت پہلے حکم (عذاب) صادر ہو چکا ہے اور سب ایمان داروں کو سوار کر لے اور اس کے ساتھ ہو کر تھوڑے ہی اشخاص ایمان لائے۔ اور نوح نے کہا کہ اس میں سوار ہو۔ اس کا بہنا اور لنگر انداز ہونا اللہ ہی کے نام (کی برکت) سے ہے۔ بے شک میرا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے۔

-ہود ۱۱: ۴۰-۴۱-

۱۴۔ پھر ہم نے اس کی طرف وحی کی کہ ہماری زیر نگرانی اور ہمارے حکم کے مطابق کشتی بنا۔ پھر جب ہمارا حکم آ پہنچے اور تنور جوش مارنے لگے تو ہر جنس سے اس میں دو جوڑے اور سوائے ان کے جس کی نسبت پہلے حکم صادر ہو چکا ہے، اپنے گھر والوں کو بٹھا لے۔ اور جنہوں نے ظلم کیا ہے ان کے بارے

تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ۝ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِنْ قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِنْ تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ۝ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُقِيمٌ ۝

۱۳۔ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ۝ وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

۱۴۔ فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ۝

۱۵۔ فَكَذَّبُوهُ فَأَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا عَمِينَ ۝

میں مجھ سے بات نہ کر کہ وہ ڈبوئے جائیں گے۔ پھر جب تو اور تیرے ساتھی کشتی میں سوار ہو جائیں تو کہہ کہ سب تعریف اس اللہ کے لیے ہے، جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دی۔ اور کہہ کہ اے میرے پروردگار! مجھے برکت والی اتارنا اتار اور تو بہتر اتارنے والا ہے۔ بے شک اس میں (قدرت کی) نشانیاں ہیں اور بے شک ہم آزمانے والے ہیں۔

-المومنون ۲۳: ۲۷-۳۰-

۶۔ قومِ نوح اور ان کے بیٹے کا طوفان میں غرق ہونا، نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا نجات پانا

۱۵۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو کشتی میں سوار کر کے بچا لیا۔ اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا، انہیں ڈبو دیا۔ بے شک وہ لوگ آنکھوں کے اندھے تھے۔

-الاعراف ۷: ۶۴-

۱۶۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو کشتی میں سوار کر کے بچا لیا اور انہیں جانشین کیا اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا، انہیں ڈبو دیا۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان ڈرائے ہوؤں کا کیسا برا انجام ہوا۔

-یونس ۱۰:۷۳-

۱۷۔ اور وہ کشتی انہیں موجوں میں لیے بہ رہی تھی جیسے پہاڑ۔ اور نوح نے اپنے بیٹے کو پکارا اور وہ علیحدہ تھا۔ بیٹا! ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں کے ساتھ نہ ہو۔ اس نے کہا کہ میں کسی ایسے پہاڑ پر ٹھکانا بنا لوں گا جو مجھے پانی سے بچا لے گا۔ نوح نے کہا: آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں ہے۔ صرف وہی بچے گا جس پر وہ رحم کرے اور ان دونوں کے درمیان موج حائل ہو گئی تو وہ ڈوبنے والوں میں ہو گیا۔

-ہود ۱۱:۴۲-۴۳-

۱۸۔ اور نوح کو جب اس سے پہلے اس نے ہمیں پکارا تو ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑی بے چینی سے نجات دی۔ اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا، ان کے مقابلے میں ہم نے اس کی مدد کی۔ بے شک وہ برے لوگ تھے۔ سو ہم نے ان سب کو ڈبو دیا۔

-الانبیاء ۲۱:۷۶-۷۷-

۱۹۔ اور نوح کی قوم کو جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں ڈبو دیا اور انہیں لوگوں کے لیے نشانی ٹھہرایا اور ہم نے ظالموں کے لیے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔

-الفرقان ۲۵:۳۷-

۱۶۔ فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنَاهُمْ خَلَائِفَ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ۝

۱۷۔ وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ ۝ قَالَ سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَن رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ ۝

۱۸۔ وَنُوحًا إِذْ نَادَىٰ مِن قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ۝ وَنَصَرْنَاهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

۱۹۔ وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ أَغْرَقْنَاهُمْ وَجَعَلْنَاهُمْ لِلنَّاسِ آيَةً ۖ وَأَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

۲۰۔ فَأَنجَيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ۝ ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

۲۱۔ ... فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُونَ ۝ فَأَنجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ وَجَعَلْنَاهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ ۝

۲۲۔ وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ

۲۰۔ تب ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو بھری ہوئی کشتی میں بچا لیا پھر اس کے بعد باقیوں کو ڈبو دیا۔ بے شک اس میں (قدرت کی) نشانی ہے اور ان میں سے اکثر یقین کرنے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک تیرا پروردگار ہی غالب مہربان ہے۔

-الشعراء ۲۶:۱۱۹-۱۲۲-

۲۱۔ ... پھر انہیں طوفان نے پکڑ لیا اور وہ ظالم تھے اور پھر ہم نے اسے اور کشتی والوں کو بچا لیا اور اس کشتی کو جہان والوں کے لیے ایک نشانی ٹھہرایا۔

-العنکبوت ۲۹:۱۴-۱۵-

۲۲۔ اور ہمیں نوح نے پکارا تو ہم کیا اچھا جواب دینے والے ہیں اور ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑی بے چینی سے

نجات دی۔

۔الصّفّت ۷۵:۳۷-۷۶۔

۲۳۔پھر دوسروں کو ہم ڈبو دیا۔

۔الصّفّت ۸۲:۳۷۔

۲۴۔اور اس سے پہلے نوح کی قوم کو غرق کیا۔ بے شک وہ بدکار لوگ تھے۔

۔الذّریٰت ۴۶:۵۱۔

۲۵۔ان سے پہلے نوح کی قوم نے جھٹلایا تھا۔ چنانچہ ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا کہ دیوانہ ہے اور ڈانٹا گیا۔

۔القمر ۹:۵۴۔

۲۶۔تب اس نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ میں مغلوب ہوں تو بدلہ لے اور پھر ہم نے آسمان کے دہانے کھول دیے ریلا مارنے والے پانی سے اور زمین سے چشمے بہا دیے پھر پانی ایک کام پر مل گیا، جو ٹھہرایا ہوا تھا۔ اور ہم نے اسے تختوں اور کیلوں والی (کشتی) پر سوار کیا، جو ہماری زیرِ نگرانی بہ رہی تھی۔ بدلہ تھا اس کی طرف سے جس کی ناشکری کی گئی تھی۔ اور اس کو ہم نے نشانی کے طور پر رہنے دیا، تو کوئی نصیحت پکڑنے والا ہے۔ تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا۔

۔القمر ۱۰:۵۴-۱۶۔

۲۷۔وہ اپنی خطاؤں سے ڈبوئے گئے پھر آگ میں داخل کیے گئے۔ پھر انہوں نے اللہ کے مقابلے میں اپنے لیے کوئی مددگار نہ پایا۔

۔نوح ۲۵:۷۱۔

۷۔ قومِ نوح آگ میں داخل ہوئی

۲۸۔وہ اپنی خطاؤں سے ڈبوئے گئے پھر آگ میں داخل کیے گئے۔ پھر انہوں نے اللہ کے مقابلے میں اپنے لیے کوئی مددگار نہ پایا۔

۔نوح ۲۵:۷۱۔

الْعَظِيْمِ ﴿﴾

۲۳۔ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿﴾

۲۴۔ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿﴾

۲۵۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ﴿﴾

۲۶۔ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿﴾ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓي اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰي ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿﴾ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿﴾

۲۷۔ مِمَّا خَطِيْۗــٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ڏ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿﴾

۲۸۔ مِمَّا خَطِيْۗــٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ڏ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿﴾

۲۹۔ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿﴾

۳۰۔ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿﴾

۳۱۔ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿﴾

۸۔ قومِ نوح بدکار اور ظالم تھی

۲۹۔اور اس سے پہلے نوح کی قوم کو (غرق کیا)۔ کچھ شک نہیں کہ وہ بدکار لوگ تھے۔

۔الذّریٰت ۴۶:۵۱۔

۳۰۔اور اس سے پہلے نوح کی قوم کو (غرق کیا)۔ بے شک کہ وہ بڑے ظالم اور بڑے گمراہ تھے۔

۔النجم ۵۲:۵۳۔

۹۔ طوفان کا بند ہونا اور کشتی کا جودی پر جا کر ٹھہرنا

۳۱۔اور حکم دیا گیا کہ اے زمین! اپنا پانی جذب کر لے اور اے آسمان! تھم جا۔ اور پانی خشک کیا گیا اور کام ہو چکا اور کشتی جودی (پہاڑ) پر جا کر ٹھہری اور کہا گیا کہ ظالم لوگوں کے لیے دھتکار ہے۔

۔ہود ۴۴:۱۱۔

۱۰۔ نوح علیہ السلام کی اپنے بیٹے کی نجات کے لیے اللہ سے سفارش اور اللہ کا عتاب

۳۲۔ اور نوح نے اپنے پروردگار کو پکار کر کہا کہ اے میرے پروردگار! میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور تیرا وعدہ حق ہے اور تو سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم ہے۔ فرمایا: اے نوح! وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں ہے۔ اس کے کام اچھے نہیں تو تو مجھ سے اس امر کی بابت سوال نہ کر جس کا تجھے علم نہیں ہے۔ میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ تو جاہلوں میں شامل نہ ہو۔ کہا: اے میرے پروردگار! میں اس بات سے تیری پناہ پکڑتا ہوں کہ میں تجھ سے اس بات کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں ہے اور اگر تو نے مجھے نہ بخشا اور مجھ پر رحم نہ کیا تو میں گھاٹا اٹھانے والوں میں ہو جاؤں گا۔

ـ ہود ۱۱: ۴۵-۴۷

۱۱۔ نوح علیہ السلام کا سلامتی اور اللہ کی برکتوں کے ساتھ جودی سے اترنا

۳۳۔ حکم دیا گیا کہ اے نوح! ہماری طرف سے سلامتی کے ساتھ اور ان برکتوں کے ساتھ اتر جو تجھ پر اور تیرے ساتھ والے لوگوں پر ہیں۔ اور کچھ لوگ ہیں جنہیں ہم فائدہ دیں گے پھر ہماری طرف سے انہیں ایک دردناک عذاب آ پہنچے گا۔

ـ ہود ۱۱: ۴۸

۱۲۔ نوح علیہ السلام کی کشتی نصیحت اور موجب عبرت ہے

۳۴۔ ہم نے جب پانی ابلنے لگا تمہیں بہتی کشتی میں لا دیا تاکہ اسے تمہارے لیے ایک یادگار قرار دیں اور سننے والے کان اسے سن کر محفوظ رکھیں۔

ـ الحاقۃ ۶۹: ۱۱-۱۲

۱۳۔ نوح علیہ السلام کی بیوی اپنی خیانت کے باعث دوزخ میں

۳۵۔ اللہ نے ان لوگوں کے لیے جو کافر ہوئے ہیں نوح کی عورت اور لوط کی عورت کی مثال بیان فرمائی۔ وہ دونوں ہمارے بندوں میں سے نیک بندوں کے عقد میں تھیں۔ تو انہوں نے ان بندوں کی خیانت کی تو وہ دونوں بندے اللہ کے مقابلے میں ان عورتوں کے کچھ کام نہ آئے اور کہا گیا کہ داخل ہونے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی آگ میں داخل ہو۔

ـ التحریم ۶۶: ۱۰

۱۴۔ نوح علیہ السلام کی ذریت باقی

۳۶۔ اور ہم نے اس کی اولاد کو باقی رکھا۔

ـ الصّٰفّٰت ۳۷: ۷۷

۱۵۔ نوح علیہ السلام کی ذریت میں نبوت اور کتاب

۳۷۔ اور ہم نے نوح اور ابراہیم کو بھیجا اور ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب کو رکھا۔ تو کوئی تو ان میں ہدایت پر ہے اور اکثر ان میں بدکار ہیں۔

ـ الحدید ۵۷: ۲۶

۳۲۔ وَنَادَىٰ نُوحٌ رَّبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَإِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَأَنتَ أَحْكَمُ الْحَاكِمِينَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يَا نُوحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۖ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۖ إِنِّي أَعِظُكَ أَن تَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٤٦﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُن مِّنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٤٧﴾

۳۳۔ قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِّنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ أُمَمٍ مِّمَّن مَّعَكَ ۚ وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٨﴾

۳۴۔ إِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَاءُ حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ﴿١١﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ ﴿١٢﴾

۳۵۔ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ وَامْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللَّهِ شَيْئًا وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِينَ ﴿١٠﴾

۳۶۔ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ﴿٧٧﴾

۳۷۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ ۖ فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٢٦﴾

۱۶۔ نوح علیہ السلام اپنی قوم میں ساڑھے نو سو برس رہے

۳۸۔ اور ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں پچاس برس کم ہزار برس رہا۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۴۔

۱۷۔ ابراہیم علیہ السلام نوح علیہ السلام کی جماعت میں

۳۹۔ اور کچھ شک نہیں کہ اسی کی جماعت سے ابراہیم ہے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۸۳۔

۱۸۔ نوح علیہ السلام اللہ کے شکر گزار

۴۰۔ اے ان لوگوں کی اولاد جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ کشتی میں سوار کیا، وہ شکر گزار بندہ تھا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۔

۱۹۔ نوح علیہ السلام پر سلام

۴۱۔ اور پچھلے لوگوں میں ہم نے ان کا ذکر باقی رکھا کہ جہاں میں نوح پر سلام۔ بے شک ہم نیکوکاروں کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۷۸۔۸۰۔

۲۰۔ نوح ایمان دار بندے

۴۲۔ کچھ شک نہیں کہ وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۸۱۔

۲۱۔ نوح کی اپنے، اپنے والدین اور مومنوں کے لیے دعائے مغفرت

۴۳۔ اے میرے پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان دار میرے گھر میں داخل ہو اس کو اور سب ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کو بخش دے اور ظالموں کے لیے ہلاکت ہی بڑھا۔

۔نوح ۷۱: ۲۸۔

۳۸۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا

۳۹۔ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ۝

۴۰۔ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝

۴۱۔ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰي نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۴۲۔ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۴۳۔ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝

ہود علیہ السلام اور قومِ عاد

۱۔ ہود علیہ السلام کا اپنی قومِ عاد کو سمجھانا، قوم کا انہیں جھٹلانا اور عذاب سے ہلاک ہونا

۱۔ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ۝ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَاۗءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ

۱۔ اور ہم نے عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کو پوجو کہ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ اس کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ ہم تجھے بیوقوفی میں پڑا دیکھتے ہیں اور ہم تجھے جھوٹا خیال کرتے ہیں۔

مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ زَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

۲۔ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّ غَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

۳۔ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى

بولا بھائیو مجھ میں بیوقوفی نہیں ہے لیکن میں جہانوں کے پروردگار کا بھیجا ہوا ہوں۔ تمہیں اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا امانت دار، خیرخواہ ہوں۔ کیا تمہیں اس سے تعجب ہوا کہ تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک آدمی کی زبانی تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں ڈرائے اور وہ وقت یاد کرو جب اس نے تمہیں قوم نوح کے بعد جانشین بنایا اور بدن میں تمہیں زیادہ پھیلاؤ دیا۔ تو تم اللہ کا احسان یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔الاعراف ۷: ۶۵۔۶۹۔

۲۔ بولے: کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہم صرف اکیلے اللہ کو پوجیں اور جن (معبودوں) کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں انہیں چھوڑ دیں۔ تو تو ہمارے پاس وہ عذاب لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا رہتا ہے اگر تو سچا ہے۔ ہود نے کہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے آفت اور غضب نازل ہو چکا ہے۔ کیا تم مجھ سے ان چند ناموں میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے رکھ لیے ہیں؟ اللہ نے ان کے بارہ میں کوئی سند نہیں اتاری۔ تو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔ تب ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو اپنی رحمت سے بچا لیا اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور ایمان لانے والے نہ تھے، ان کی جڑ کاٹ ڈالی۔

۔الاعراف ۷: ۷۰۔۷۲۔

۳۔ اور ہم نے عاد کی طرف ہود کو بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کو پوجو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تم تو نرا بہتان باندھتے ہو۔ بھائیو! میں اس نصیحت پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ میری مزدوری تو صرف اس کے ذمے ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے، کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور بھائیو! اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو پھر اس کی جناب میں توبہ کرو کہ وہ تم پر آسمان کے دہانے چھوڑ دے اور تمہاری قوت میں اور قوت زیادہ کر دے اور گنہگار بن کر منہ نہ موڑو۔ بولے: اے ہود! تو ہمارے پاس کوئی کھلی نشانی نہیں لایا اور تیرے کہنے سے ہم اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں ہیں اور ہم تیرا یقین کرنے والے نہیں۔ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارا کوئی معبود تجھے بری طرح آ چمٹا۔ ہود نے کہا: میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں ان سے بیزار ہوں جنہیں تم شریک ٹھہراتے ہو اس کے سوا۔ تم تو سب مل کر مجھ پر اپنا داؤ چلا لو۔ پھر مجھے ذرا مہلت نہ دو۔ میں نے اللہ پر بھروسا کیا جو میرا پروردگار اور تمہارا پروردگار

ہے۔ کوئی پاؤں دھرنے والا ایسا نہیں جس کی چوٹی اس کے ہاتھ میں نہ ہو۔ بے شک میرا پروردگار سیدھی راہ پر ہے۔ سو اگر تم منہ موڑو تو میں تمہیں وہ پیغام پہنچا چکا جو میں دے کر تمہاری طرف بھیجا گیا ہوں اور میرا پروردگار تمہارے سوا دوسرے لوگوں کو تمہارا قائم مقام کر دے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے۔ بے شک میرا پروردگار ہر شے پر نگہبان ہے اور جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا تو ہم نے اپنی رحمت سے ہود اور اس کے ساتھ ایمان لانے والوں کو بچا لیا اور انہیں گاڑھے عذاب سے نجات دی۔ اور یہ عاد تھے جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا انکار اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ان کا حکم مانا جو ظالم سرکش تھے۔ اور اس دنیا میں اور قیامت کے دن ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی۔ سن لو! عاد نے اپنے پروردگار کو نہ مانا۔ سن لو ہود کی قوم عاد پر (اللہ کی) پھٹکار ہے۔

۔ہود ۱۱: ۵۰۔۶۰

۴۔ اور عاد اور ثمود اور کنوئیں والوں کو اور اس کے درمیان میں بہت سی امتوں کو (ہلاک کیا) اور سب کو ہم نے کہاوتیں سنائیں اور سب کو کھپا کر کھو دیا۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۸۔۳۹

اللّٰهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ ۚ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۚ اِنَّ رَبِّي عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٦﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۚ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ۚ اِنَّ رَبِّي عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٥٧﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۟ۙ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٥٩﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿٦٠﴾

۴۔ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿٣٨﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۡ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿٣٩﴾

۵۔ كَذَّبَتْ عَادُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٢٦﴾ وَمَآ اَسْــَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢٧﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿١٢٩﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٣١﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿١٣٣﴾ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٣٤﴾ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣٥﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ

۵۔ قوم عاد نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے بھائی ہود نے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور میں اس نصیحت پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا۔ میری اجرت تو بس جہانوں کے پروردگار کے ذمے ہے۔ کیا تم ہر ٹیلے پر ایک نشان کھینچنے کے لیے

بناتے ہو اور کارخانے بناتے ہو شاید تم ہمیشہ رہو گے۔ اور جب ہاتھ ڈالتے ہو تو ظلم سے ڈالتے ہو تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور اس ذات سے ڈرو جس نے تمہیں وہ کچھ دیا جو تم جانتے ہو۔ تمہیں چوپائے اور بیٹے دیے اور باغ اور چشمے۔ میں تمہاری نسبت ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ وہ بولے کہ ہمارے نزدیک تو خواہ تو نصیحت کرے یا نہ کرے، برابر ہے۔ یہ تو پہلوں کی ایک عادت ہے اور بس۔ اور ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا۔ غرض انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انہیں ہلاک کر دیا۔ بے شک اس میں ایک نشانی ہے اور اس میں اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک تیرا پروردگار وہی غالب، مہربان ہے۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۲۳۔۱۴۰۔

۶۔ اور عاد اور ثمود کو (ہلاک کیا) اور ان کے گھروں سے تم پر ظاہر ہو چکا ہے۔ اور شیطان نے ان کے کام ان کی نظر میں اچھے کر دکھلائے تو اس نے انہیں راہ راست سے روک دیا اور وہ ہوشیار تھے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۳۸۔

۷۔ پھر (اے نبی ﷺ!) اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دے کہ میں تمہیں ایک کڑک سے ڈرا چکا، جو عاد اور ثمود کی کڑک کی طرح ہوگی۔ جب ان کے پاس ان کے آگے اور ان کے پیچھے سے رسول آئے (اور کہا) کہ سوائے اللہ کے کسی کو نہ پوجو۔ تو کہا کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو وہ ضرور فرشتے اتار دیتا۔ جو پیغام تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم تو اسے نہیں مانتے لیکن وہ جو عاد تھے انہوں نے ملک میں ناحق تکبر کیا اور کہا کہ ہم سے زیادہ زور والا کون ہے؟ کیا انہوں نے یہ خیال نہیں کیا کہ اللہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے ان سے زیادہ زور والا ہے اور وہ

تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

۶۔ وَعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۣ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝

۷۔ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓىِٕكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۭ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝

۸۔ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ڮ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ

ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہتے تھے۔ تب ہم نے ان پر منحوس دنوں میں زور کی آندھی بھیجی تاکہ ہم انہیں دنیا کی زندگی میں ذلت کا عذاب چکھائیں اور کچھ شک نہیں کہ آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہے اور ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔

۔حٰمٓ السجدة ۴۱: ۱۳۔۱۶۔

۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) عاد کے بھائی (ہود) کو یاد کر جب اس نے احقاف میں اپنی قوم کو ڈرایا اور اس کے آگے اور اس کے بعد اور بھی ڈرانے والے ہو کر مرے ہیں کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو۔ میں تمہاری نسبت ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ بولے: کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا کہ ہمیں ہمارے معبودوں سے منحرف کر دے؟ تو جس عذاب کا تو ہم

سے وعدہ کرتا رہتا ہے اگر تو سچا ہے تو اس کو ہم پر لے آ۔ کہا: علم تو اللہ ہی کے پاس ہے اور میں تو تمہیں وہ پیغام پہنچاتا ہوں جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں لیکن تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جہالت کرتے ہو۔ پھر جب انہوں نے اس عذاب کو ابر کی شکل میں اپنے اپنے نالوں کی طرف آتے دیکھا تو بولے کہ یہ ایک بادل ہے جو ہم پر برس جائے گا۔ کوئی نہیں بلکہ وہ تو وہ چیز ہے جس کی تم جلدی کرتے تھے، ایک ہوا ہے جس میں دردناک عذاب ہے۔ جو اپنے پروردگار کے حکم سے ہر شے کو تباہ کر دے گا۔ تو وہ ایسے ہو گئے کہ سوائے ان کے گھروں کے کوئی نظر نہ آتا تھا۔ یوں ہم گنہگار لوگوں کو سزا دیا کرتے ہیں۔ اور (اہلِ مکہ) ہم نے انہیں وہ مقدور دیا تھا جو مقدور ہم نے تمہیں نہیں دیا اور انہیں ہم نے کان اور آنکھیں اور دل دیے تھے۔ تو نہ ان کے کان ہی ان کے کچھ کام آئے اور نہ ان کی آنکھیں ہی اور نہ ان کے دل ہی۔ کیونکہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ اور ان پر وہی عذاب الٹ پڑا، جس کی وہ ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۲۱-۲۶۔

۹۔ اور (ایک نشانی ہے) عاد میں جب ہم نے ان پر بانجھ ہوا بھیجی۔ جس شے پر وہ گزرتی تھی اس کو بوسیدہ ہڈیوں کی طرح کئے بغیر نہیں چھوڑتی تھی۔

۔الذٰریٰت ۵۱: ۴۱-۴۲۔

۱۰۔ اور کچھ شک نہیں کہ اللہ نے عادِ اولیٰ کو غارت کیا۔

۔النجم ۵۳: ۵۰۔

۱۱۔ عاد نے جھٹلایا تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا کہ ہم نے ان پر ایک منحوس دن میں جس کی نحوست دائم

وَلٰكِنِّیْ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِیْحٌ فِیْهَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ تُدَمِّرُ كُلَّ شَیْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا یُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ ۝ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِیْمَاۤ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِیْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖؗ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَاۤ اَبْصَارُهُمْ وَلَاۤ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَیْءٍ اِذْ كَانُوْا یَجْحَدُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

۹۔ وَفِیْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ ۝ مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ ۝

۱۰۔ وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ِۨ الْاُوْلٰى ۝

۱۱۔ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا فِیْ یَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝ فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝

۱۲۔ الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ ۝ فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ ۝ فَصَبَّ عَلَیْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝

۱۳۔ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِیَةِ ۝ وَ

رہی، ان پر سخت زور کی آندھی بھیجی۔ جو لوگوں کو اس طرح اکھاڑ پھینکتی تھی گویا وہ کھڑی ہوئی کھجور کی جڑیں ہیں۔ تو میرا عذاب اور میرا ڈراوا کیسا تھا۔

۔القمر ۵۴: ۱۸-۲۱۔

۱۲۔ وہ جنہوں نے شہروں میں سرکشی کی اور ان میں بڑا فساد ڈالا، تب ان پر تیرے پروردگار نے عذاب کا کوڑا برسایا۔

۔الفجر ۸۹: ۱۱-۱۳۔

۲۔ قومِ عاد بادِ صرصر سے ہلاک ہوئی جو سات رات اور آٹھ دن برابر چلتی رہی

۱۳۔ ثمود اور عاد نے قیامت کو جھٹلایا تو ثمود تو بھونچال سے ہلاک کیے گئے۔ لیکن عاد سخت تیز آندھی سے ہلاک کیے گئے، جو ان پر

مسلط کر دی تھی سات رات اور آٹھ دن، جو بھسم کر دینے والے تھے۔ سو تو ان دنوں میں لوگوں کو پچھڑا دیکھتا گویا وہ کھوکھلی کھجور کے تنے ہیں۔ کیا تو دیکھتا ہے کہ کوئی ان میں سے باقی رہا؟

- الحاقۃ ۶۹: ۶-۸-

۳- عاد ارم بڑے اونچے مکانوں والے تھے

۱۴- (اے نبی ﷺ!) کیا تو نے نہیں دیکھا کہ تیرے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیسا برا سلوک کیا۔ جو ارم (کی اولاد) تھے، بڑے ستونوں والے۔ (وہ عاد ارم) جن کی مانند سارے شہروں میں پیدا نہیں کیے گئے۔

- الفجر ۸۹: ۶-۸

صالح علیہ السلام وثمود

۱- حضرت صالح علیہ السلام کا ثمود کو نصیحت کرنا

۱- اور وہ وقت یاد کرو جب اس نے قوم عاد کے بعد تمہیں جانشین کیا اور تمہیں زمین میں رسایا بسایا کہ تم اس کی ہموار زمین میں محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو۔ تو اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور ملک میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

- الاعراف ۷: ۷۴-

۲- اور وہ لوگ اطمینان کے ساتھ پہاڑوں سے گھر تراشتے تھے۔

- الحجر ۱۵: ۸۲-

۳- اور تم پہاڑوں سے تکلف کے گھر تراشتے ہو۔

- الشعراء ۲۶: ۱۴۹ -

وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَىٰ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ ۝

۱۴- أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝ الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝

۱- وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِن بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِن سُهُولِهَا قُصُورًا وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۖ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝

۲- وَكَانُوا يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِينَ ۝

۳- وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ۝

۴- وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝

۵- وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۗ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ قَدْ جَاءَتْكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ ...... وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِن بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِن سُهُولِهَا قُصُورًا وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۖ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝

۶- وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ

۴- اور ثمود کو ہلاک کیا جو وادی میں پتھر تراشتے تھے۔

- الفجر ۸۹: ۹-

۵- اور ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو! اللہ کو پوجو۔ تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی سند آچکی ہے .... اور وہ وقت یاد کرو جب اس نے قوم عاد کے بعد تمہیں جانشین کیا اور تمہیں زمین میں بسایا کہ تم اس کی ہموار زمین میں محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو۔ تو اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور ملک میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

- الاعراف ۷: ۷۳-۷۴-

۶- اور ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ اس نے

کہا کہ بھائیو! اللہ کو پوجو۔ تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس نے زمین سے تمہیں پیدا کر کے اس میں تمہیں آباد کیا۔ تو اس سے مغفرت مانگو۔ پھر اس کی طرف رجوع ہو۔ بے شک میرا پروردگار قریب ہے، قبول کرنے والا۔

-ہود ۱۱:۶۱-

۷۔ پھر ہم نے ان کے بعد ایک دوسری قوم پیدا کی۔ پھر ہم نے ان میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا کہ اللہ کو پوجو۔ تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟

المومنون ۲۳: ۳۱-۳۲

۸۔ ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے بھائی صالح نے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ کچھ شک نہیں کہ میں تمہارے لیے امانت دار رسول ہوں۔ تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور میں اس (نصیحت) پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا، میری اجرت تو صرف جہانوں کے پروردگار پر ہے۔ کیا تم اس (عیش ونشاط) میں جو یہاں پر ہے امن سے چھوڑ دیے جاؤ گے؟ باغوں اور چشموں میں اور کھیتوں اور کھجوروں میں جن کے خوشے نازک ہیں؟ اور پہاڑوں سے تراش کر تکلف کے گھر بناتے ہو۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو اور حد سے باہر نکلنے والوں کا حکم نہ مانو، جو ملک میں فساد پھیلاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔

-الشعراء ۲۶: ۱۴۱-۱۵۲-

۹۔ اور بے شک ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہ اللہ کو پوجو۔ تو وہ اس کے آتے ہی دو فریق بن کر آپس میں جھگڑنے لگے۔ اس نے کہا کہ بھائیو! تم بھلائی سے پہلے برائی کے لیے کیوں جلدی مچا

غَيْرُهُ ۖ هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُجِيبٌ ﴿٦١﴾

۷۔ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ﴿٣١﴾ فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣٢﴾

۸۔ كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٤١﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٤٢﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٤٤﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٤٥﴾ أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ ﴿١٤٦﴾ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٤٧﴾ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٥٠﴾ وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٥١﴾ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿١٥٢﴾

۹۔ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يَا قَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۖ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٤٦﴾

۱۰۔ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صَالِحًا مُرْسَلٌ مِنْ رَبِّهِ ۚ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٧٥﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ ﴿٧٦﴾

رہے ہو۔ اللہ سے معافی کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

-النمل ۲۷: ۴۵-۴۶

۲۔ ثمود کا حضرت صالح علیہ السلام کو جھٹلانا، ان کی نصیحت سے اعراض، اور کفر وعناد*

۱۰۔ اس کی قوم میں سے ان لوگوں نے جو متکبر تھے، ان غریب لوگوں سے جو ان میں سے ایمان لے آئے تھے کہا: کیا تم یقین کرتے ہو کہ صالح اپنے پروردگار کی طرف سے بھیجا ہوا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہم تو ان باتوں پر جن کے ساتھ وہ بھیجا گیا ہے ایمان رکھتے ہیں۔ متکبروں نے کہا کہ ہم تو اس بات کے جس پر تم ایمان لائے ہو، منکر ہیں۔

-الاعراف ۷: ۷۵-۷۶-

۱۱۔ کہا کہ اے صالح! اس سے پہلے تو ہمارے درمیان تجھ سے بڑی امیدیں تھیں۔ کیا تو ہمیں اس بات سے روکتا ہے کہ ہم اس چیز کو پوجیں، جسے ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں اور بے شک ہم تو اس بات کی طرف سے جس کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے، قوی شک میں ہیں۔

-ہود ۱۱: ۶۲-

۱۲۔ اور بے شک حجر کے رہنے والوں نے رسولوں کو جھٹلایا اور انہیں ہم نے اپنی نشانیاں دیں تو وہ ان سے منہ پھیرتے رہے۔

-الحجر ۱۵: ۸۰-۸۱-

۱۳۔ اور اس کی قوم میں سے ان لوگوں نے جو کافر تھے اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلاتے تھے اور دنیا کی زندگی میں ہم نے انہیں خوش حال کیا تھا، کہا: یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے۔ وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے۔ اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ اور اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک آدمی کی اطاعت کی تو کچھ شک نہیں کہ اس صورت میں تم گھاٹے میں رہو گے۔ کیا یہ تمہیں یہ وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے بہت بعید ہے، بہت بعید ہے، جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے (اسی میں) ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم (زندہ کر کے) نہیں اٹھائے جائیں گے یہ تو محض ایک آدمی ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم تو اس پر ایمان لانے والے نہیں۔ اس نے کہا کہ اے میرے پروردگار! میری مدد کر اس لیے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا۔ فرمایا: یہ تھوڑے ہی عرصے میں نادم ہوں گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۳۳-۴۰-

۱۱۔ قَالُوا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾

۱۲۔ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾

۱۳۔ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

۱۴۔ قَالُوْا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا

۱۵۔ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۭ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾

۱۶۔ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا

۱۴۔ انہوں نے کہا کہ تو تو جادو کا مارا ہوا ہے اور بس تم بھی ہم جیسے آدمی ہو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۵۳-۱۵۴-

۱۵۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے تجھے اور جو تیرے ساتھی ہیں انہیں منحوس پایا (صالح علیہ السلام نے) کہا کہ تمہاری نحوست اللہ کے ہاں ہے بلکہ تم وہ لوگ ہو جو فتنے میں ڈالے گئے ہو۔

-النمل ۲۷: ۴۷-

۱۶۔ ثمود نے ڈرانے والوں کو جھٹلایا۔ کہا: کیا ہم ایک آدمی کا جو ہم ہی میں سے ہے، حکم مانیں؟ ذرا شک نہیں کہ اس صورت میں تو ہم گمراہی اور دیوانے پن میں جا پڑیں گے۔ کیا ہمارے درمیان سے اسی پر نصیحت القا کی گئی ہے؟ کوئی نہیں بلکہ وہ جھوٹا شیخی خورا ہے۔ کل (قیامت کو) معلوم کر لیں گے کہ کون جھوٹا اور

شیخی خورا ہے۔

۔القمر ۵۴: ۲۳۔۲۶۔

۱۷۔ ثمود نے اپنی سرکشی سے جھٹلایا۔ جب کہ ان میں سے سب سے زیادہ بدبخت اٹھا۔

۔الشمس ۹۱: ۱۱۔۱۲۔

۱۸۔ ثمود اور عاد نے کھڑکھڑانے والی (قیامت) کو جھوٹ جانا۔

۔الحاقة ۶۹: ۴۔

۳۔ حضرت صالح علیہ السلام کا اللہ کی طرف سے کھلی سند ملنے کا دعویٰ

۱۹۔ بے شک تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی سند آچکی ہے۔

۔الاعراف ۷: ۷۳۔

۲۰۔ (صالح علیہ السلام نے) کہا کہ بھائیو! یہ تو بتلاؤ اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی سند پر ہوں اور اس نے اپنی طرف سے مجھے رحمت دی ہو تو اللہ کے مقابلے میں میری کون مدد کرے گا اگر میں اس کی نافرمانی کروں؟ تم تو میرے لیے گھاٹا ہی بڑھاتے ہو۔

۔ہود ۱۱: ۶۳۔

۴۔ ثمود کا حضرت صالح علیہ السلام سے نشانی مانگنا

۲۱۔ تو تو ہم ہی جیسا ایک آدمی ہے، سو اگر تو سچا ہے تو کوئی نشانی لا۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۵۴۔

۵۔ حضرت صالح علیہ السلام کا بطورِ نشانی اونٹنی پیش کرنا

۲۲۔ یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے۔ اسے چھٹا پھرنے دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرے اور بدی کے

لَفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝ أَءُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ۝ سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ۝

۱۷۔ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا ۝ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ۝

۱۸۔ كَذَّبَتْ ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ ۝

۱۹۔ قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ

۲۰۔ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَآتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَنْصُرُنِي مِنَ اللَّهِ إِنْ عَصَيْتُهُ ۖ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ ۝

۲۱۔ مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝

۲۲۔ هَٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً ۖ فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ ۖ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

۲۳۔ وَيَا قَوْمِ هَٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ ۝

۲۴۔ وَمَا مَنَعَنَا أَنْ نُرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَنْ كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ۝

۲۵۔ قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ۝ وَلَا تَمَسُّوهَا

ارادے سے اسے ہاتھ نہ لگانا کہ تمہیں دردناک عذاب آ پکڑے گا۔

۔الاعراف ۷: ۷۳۔

۲۳۔ اور بھائیو! یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے۔ اسے چھٹا پھرنے دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرے اور بدی کے ارادے سے اسے ہاتھ نہ لگانا کہ تمہیں عذاب جو قریب ہی ہے، آ پکڑے گا۔

۔ہود ۱۱: ۶۴۔

۲۴۔ اور ہم کو نشانیاں بھیجنے سے اس بات نے روک دیا کہ پہلوں نے انہیں جھٹلایا، اور ہم نے ثمود کو اونٹنی دی، جو آنکھیں کھول دینے والی تھی۔ تو انہوں نے اس پر ظلم کیا۔ اور ہم نشانیاں محض ڈرانے کے لیے بھیجتے ہیں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۵۹۔

۲۵۔ کہا، یہ اونٹنی ہے (ایک دن) پانی پینے کی اس کی باری ہے اور

ایک مقرر دن باری کا تمہارے لیے ہے۔ اور بدی کے ارادے سے اسے ہاتھ نہ لگانا کہ تمہیں ایک بڑے دن کا عذاب آ پکڑے گا۔

-الشعراء ۲۶: ۱۵۵-۱۵۶-

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

۲۶۔ہم ان کی آزمائش کے لیے اونٹنی بھیجنے والے ہیں۔ تو تو ان (کے عذاب) کا منتظر رہ اور صبر کر اور انہیں آگاہ کر دے کہ پانی ان کے درمیان تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر ایک باری پر باری والا حاضر ہو۔

-القمر ۵۴: ۲۷-۲۸-

۲۶۔ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝

۶۔ قومِ ثمود سے نو مفسد شخصوں کا حضرت صالح علیہ السلام کے قتل پر عہد باندھنا

۲۷۔اور اس شہر میں نو شخص تھے جو ملک میں فساد پھیلاتے تھے اور اصلاح نہیں کرتے تھے۔

-النمل ۲۷: ۴۸-

۲۷۔ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝

۲۸۔انہوں نے کہا کہ سب مل کر اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم اس پر اور اس کے گھر والوں پر رات کو چھاپا ماریں گے۔ پھر اس کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم اس کے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے اور بے شک ہم سچے ہیں۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان کے مکر کا انجام کیسا (برا) ہوا کہ ہم نے انہیں اور ان کی قوم سب ہی کو ہلاک کر دیا۔ سو یہ ان کے گھر ہیں جو خالی پڑے ہیں اس لیے کہ انہوں نے ظلم کیا تھا۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں (قدرت کی) ایک نشانی ہے اور ہم نے انہیں بچا لیا جو ایمان لائے تھے اور (اللہ سے) ڈرتے تھے۔

-النمل ۲۷: ۴۹-۵۳-

۲۸۔ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝

۷۔ قومِ ثمود کا اونٹنی کی کونچیں کاٹنا

۲۹۔پھر انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور کہا کہ اے صالح! اگر تو بھیجے ہوؤں میں ہے تو ہم پر وہ عذاب لے آ، جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا رہتا ہے۔

-الاعراف ۷: ۷۷-

۲۹۔ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

۳۰۔پھر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ تب صالح نے کہا کہ تم تین دن اور اپنے گھر میں رس بس لو۔ یہ وعدہ ہے جس میں جھوٹ نہیں ہے۔

-ہود ۱۱: ۶۵-

۳۰۔ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ۝

۳۱۔پھر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر وہ پشیمان ہوئے۔

-الشعراء ۲۶: ۱۵۷-

۳۱۔ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ۝

۳۲۔پھر انہوں نے اپنے رفیق کو بلایا تو اس نے اس کو پکڑا، پھر اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا۔

-القمر ۵۴: ۲۹-۳۰-

۳۲۔ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝

۳۳۔ ثمود نے اپنی سرکشی سے جھٹلایا۔ جب اس قوم کا بدبخت اٹھ تو ان سے اللہ کے رسول (صالح علیہ السلام) نے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے میں مزاحم نہ ہو۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا اور اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔

۔الشمس ۹۱: ۱۱۔۱۴۔

۸۔ قومِ ثمود کا زلزلے اور چنگھاڑ کے عذاب سے ہلاک ہونا

۳۴۔ تب انہیں زلزلے نے آ پکڑا تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں پر گرے رہ گئے۔ صالح نے ان سے مونہہ پھیرا اور کہا: بھائیو! کچھ شک نہیں کہ میں نے تمھیں اپنے پروردگار کا پیغام پہنچا دیا اور تمہاری خیرخواہی کی لیکن تم خیرخواہوں کو پسند نہیں کرتے۔

۔الاعراف ۷: ۷۸۔۷۹۔

۳۵۔ اور انہیں جنہوں نے ظلم کیا تھا، چنگھاڑ نے آ پکڑا تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں پر گرے رہ گئے گویا ان میں بسے ہی نہ تھے۔ سن لو کہ ثمود نے اپنے پروردگار کی ناشکری کی۔ سن لو کہ ثمود راندے گئے۔

۔ھود ۱۱: ۶۷۔۶۸۔

۳۶۔ پھر صبح ہوتے ہی انہیں چنگھاڑ نے آ پکڑا۔ جو کمائی وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ کام نہ آئی۔

۔الحجر ۱۵: ۸۳۔۸۴۔

۳۷۔ (صالح علیہ السلام نے) کہا کہ اے میرے پروردگار! میری مدد کر اس لیے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا۔ فرمایا وہ تھوڑے ہی عرصے میں پشیمان ہوں گے۔ پھر انہیں چنگھاڑ نے، جو حق تھی پکڑ لیا۔ پھر ہم نے انہیں کوڑا کر دیا۔ تو ظالم لوگوں پر پھٹکار ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۳۹۔۴۱۔

۳۳۔ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا ۝ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا ۝ فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا

۳۴۔ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ۝

۳۵۔ وَأَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا إِنَّ ثَمُودَ كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِثَمُودَ ۝

۳۶۔ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ ۝ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

۳۷۔ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ۝ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً ۚ فَبُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

۳۸۔ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

۳۹۔ وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ عَلَى الْهُدَىٰ فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

۴۰۔ وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ حِينٍ ۝ فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُونَ ۝ فَمَا اسْتَطَاعُوا مِنْ قِيَامٍ وَمَا كَانُوا مُنْتَصِرِينَ ۝

۳۸۔ پھر انہیں عذاب نے آ پکڑا۔ بے شک اس میں (قدرت کی) ایک نشانی ہے اور اکثر ان میں ماننے والے نہیں ہیں اور بے شک تیرا پروردگار ہی غالب، مہربان ہے۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۵۸۔۱۵۹۔

۳۹۔ لیکن ثمود کو ہم نے ہدایت کی تو انہوں نے ہدایت پر اندھے پن کو پسند کیا۔ اس کی سزا میں انہیں ذلت کے عذاب کی چنگھاڑ نے آ پکڑا۔ بدلہ اس کا جو کمائی وہ کرتے تھے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۱۷۔

۴۰۔ اور (ایک نشانی) ثمود میں ہے جب ان سے کہا گیا کہ ایک وقت تک فائدہ اٹھا لو۔ تو انہوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی۔ اس کی سزا میں انہیں چنگھاڑ نے آ پکڑا اور وہ دیکھ رہے تھے۔ سو وہ نہ تو اٹھ سکے اور نہ کسی سے مدد لے سکے۔

۔الذٰریٰت ۵۱: ۴۳۔۴۵۔

۴۱۔ اور ثمود کو ہلاک کیا پھر باقی نہ چھوڑا۔

۔النجم ۵۳: ۵۱۔

۴۲۔ ان پر ہم نے ایک چیخ بھیجی تو وہ کانٹوں کی روندی ہوئی باڑ کی طرح ہو کر رہ گئے۔

۔القمر ۵۴: ۳۱۔

۴۳۔ لیکن وہ جو ثمود تھے، وہ بھونچال سے ہلاک ہو کر رہ گئے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۵۔

۴۴۔ پھر انہوں نے جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں تو ان کے پروردگار نے ان کے گناہوں کے سبب انہیں الٹ کر (زمین کے) برابر کر دیا۔ اور وہ اس کے انجام سے نہیں ڈرتا۔

۔الیل ۹۱: ۱۴-۱۵۔

۹۔ حضرت صالح علیہ السلام اور مومنین کا عذاب سے محفوظ رہنا

۴۵۔ پھر جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا تو ہم نے صالح اور اس کے ایمان دار ساتھیوں کو اپنی رحمت سے بچا لیا اور اس دن کی رسوائی سے بھی بچا لیا۔ بے شک تیرا پروردگار ہی قوت والا، زبردست ہے۔

۔ہود ۱۱: ۶۶۔

۴۶۔ اور ہم نے انہیں جو ایمان لائے تھے اور (اللہ سے) ڈرتے تھے، بچا لیا۔

۔حٰم السجدۃ ۴۱: ۱۸۔

۴۱۔ وَثَمُودَا فَمَآ أَبْقٰى ﴿۵۱﴾

۴۲۔ إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾

۴۳۔ فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾

۴۴۔ فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

۴۵۔ فَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿۶۶﴾

۴۶۔ وَنَجَّيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿۱۸﴾

فضائلِ ابراہیم علیہ السلام

۱۔ ابراہیم علیہ السلام نوح علیہ السلام کے پیرو تھے

۱۔ اور اس (نوح علیہ السلام) کی جماعت میں سے ابراہیم ہے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۸۳۔

۱۔ وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرٰهِيمَ ﴿۸۳﴾

۲۔ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۱۱﴾

۳۔ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ ۖ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصّٰى بِهَآ إِبْرٰهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ ۖ يٰبَنِيَّ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿۱۳۲﴾

۴۔ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿۱۳۵﴾

۲۔ ابراہیم علیہ السلام خدا کے ایمان دار بندے تھے

۲۔ بے شک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں تھا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۱۱۔

۳۔ ابراہیم علیہ السلام مسلمان تھے

۳۔ جب اس سے اس کے پروردگار نے کہا کہ فرماں بردار ہو۔ کہا: میں جہانوں کے پروردگار کا فرماں بردار ہو گیا۔ اور اسی کی وصیت اپنے بیٹوں کو ابراہیم اور یعقوب نے کی۔ بیٹو! اللہ نے تمہارے لیے یہ دین پسند کیا ہے، تو تم اسلام ہی پر مرنا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۱-۱۳۲۔

۴۔ ابراہیم علیہ السلام مشرک نہ تھے

۴۔ اور وہ مشرکوں میں نہ تھا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۵، و آلِ عمران ۳: ۶۷، ۹۵، و الانعام ۶: ۱۶۱، و النحل ۱۶: ۱۲۳۔

۵۔ اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔

۔الانعام ۶:۷۹۔

۶۔ اور وہ مشرکوں میں نہ تھا۔

۔النحل ۱۶:۱۲۰۔

۵۔ ابراہیم بردبار، نرم دل اور اللہ کی طرف رجوع ہونے والے تھے

۷۔ بے شک ابراہیم نرم دل، بردبار ہے۔

۔التوبۃ ۹:۱۱۴۔

۸۔ بے شک، ابراہیم بردبار، نرم دل، (اللہ کی طرف) رجوع ہونے والا ہے۔

۔ہود ۱۱:۷۵۔

۶۔ ابراہیم علیہ السلام اللہ کی نعمتوں کے شکر گزار تھے

۹۔ (ابراہیم علیہ السلام) اس کی نعمتوں کا شکر گزار۔

۔النحل ۱۶:۱۲۱۔

۷۔ ابراہیم علیہ السلام کو دنیا میں صلہ

۱۰۔ اور اسے ہم نے دنیا میں خوبی دی۔

۔النحل ۱۶:۱۲۲۔

۱۱۔ اور اسے ہم نے دنیا میں اس کا ثواب دیا۔

۔العنکبوت ۲۹:۲۷۔

۸۔ ابراہیم علیہ السلام آخرت میں نیکوں میں ہوں گے

۱۲۔ اور بے شک آخرت میں وہ نیک بختوں میں ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۳۰ و النحل ۱۶:۱۲۲ و العنکبوت ۲۹:۲۷۔

۹۔ ابراہیم علیہ السلام کو اللہ نے اپنا خلیل بنایا

۱۳۔ اور اللہ نے ابراہیم کو دوست بنایا۔

۔النساء ۴:۱۲۵۔

۱۰۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منتخب فرمایا

۱۴۔ اور بے شک ہم نے اسے دنیا میں منتخب کیا۔

۔البقرۃ ۲:۱۳۰۔

۵۔ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۶۔ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۷۔ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ۝

۸۔ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُنِيبٌ ۝

۹۔ شَاكِرًا لِأَنْعُمِهِ

۱۰۔ وَآتَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً

۱۱۔ وَآتَيْنَاهُ أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا

۱۲۔ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ۝

۱۳۔ وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا ۝

۱۴۔ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا

۱۵۔ وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ ۝ إِنَّا أَخْلَصْنَاهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَإِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ ۝

۱۶۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا ۝

۱۷۔ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِنْ رَحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝

۱۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو یاد کر جو ہاتھوں اور آنکھوں والے تھے۔ ہم نے انہیں ایک صفت کے ساتھ مخصوص کیا تھا یعنی آخرت کا ذکر اور بے شک وہ ہمارے نزدیک پسندیدہ چنے ہوؤں میں سے ہیں۔

۔ص ۳۸:۴۵۔۴۷۔

۱۱۔ ابراہیم علیہ السلام صدیق تھے

۱۶۔ اور کتاب میں ابراہیم کو یاد کر۔ بے شک وہ بڑا ہی سچا نبی تھا۔

۔مریم ۱۹:۴۱۔

۱۲۔ اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کا ذکرِ خیر بلند کیا

۱۷۔ اور ہم نے انہیں اپنی رحمت سے حصہ دیا۔ اور ان کا ذکرِ خیر بلند کیا۔

۔مریم ۱۹:۵۰۔

۱۸۔اور ابراہیم کے (صحیفوں میں) جس نے پورا حق ادا کیا۔

۔النجم ۵۳: ۳۷۔

۱۴۔ ابراہیم علیہ السلام اللہ کی آزمائش میں پورے اترے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں امام بنایا

۱۹۔اور جب ابراہیم کو اس کے پروردگار نے چند کاموں کے ساتھ آزمایا تو اس نے انہیں پورا کر دکھلایا۔ فرمایا: میں تجھے لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں۔ کہا: اور میری اولاد میں سے بھی۔ فرمایا: میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۴۔

۱۵۔ کیا ابراہیم علیہ السلام یہودی یا نصرانی تھے

۲۰۔کیا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اولاد یعقوب یہودی یا نصرانی تھے؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ؟

۔البقرۃ ۲: ۱۴۰۔

۱۶۔ نہیں وہ مسلم تھے

۲۱۔ابراہیم نہ یہودی تھا نہ نصرانی۔ بلکہ وہ ایک طرف کا ہو کر مسلمان تھا۔

۔آلِ عمران ۳: ۶۷۔

۲۲۔ہم صحیح دین کے ابراہیم کے مذہب پر ہیں جو ایک طرف کا ہو رہا تھا۔

۔الانعام ۶: ۱۶۱۔

۲۳۔اور انہوں نے کہا کہ یہودی یا نصرانی ہو جاؤ تو ہدایت پاؤ گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے نہیں بلکہ ہم تو ابراہیم کے مذہب کے پیرو ہیں جو ایک طرف کا تھا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۵۔

۲۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے: اللہ نے سچ فرمایا ہے تو تم ابراہیم کے مذہب کی پیروی کرو جو ایک طرف کا تھا۔

۔آلِ عمران ۳: ۹۵۔

۲۵۔اور اس سے اچھا دین کس کا، جس نے اپنا رخ اللہ کے

۱۸۔ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰىٓ

۱۹۔ وَاِذِ ابْتَلٰىٓ اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۭ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۭ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ

۲۰۔ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۭ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ۭ

۲۱۔ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ۭ

۲۲۔ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ

۲۳۔ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ۭ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ۭ

۲۴۔ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۣ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ

۲۵۔ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ

۲۶۔ اِنِّىْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا

۲۷۔ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ

۲۸۔ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ

۲۹۔ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ۭ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ۭ وَ

حکم پر رکھ لیا اور وہ نیک ہے اور ابراہیم کے مذہب پر چلا جو ایک طرف کا ہو رہا تھا۔

۔النساء ۴: ۱۲۵۔

۲۶۔میں نے ایک طرف کا ہو کر اپنا رخ اس ذات کی طرف کر لیا جس نے آسمان اور زمین بنائے۔

۔الانعام ۶: ۷۹۔

۲۷۔بے شک ابراہیم ایک جماعت تھا اللہ کا فرماں بردار ایک طرف کا۔

۔النحل ۱۶: ۱۲۰۔

۱۷۔ ملّتِ ابراہیم پر چلنے کا حکم

۲۸۔پھر ہم نے تیری طرف وحی کی کہ ابراہیم کے مذہب کی پیروی کر، جو ایک طرف کا تھا۔

۔النحل ۱۶: ۱۲۳۔

۲۹۔اور وہ (یہودی اور عیسائی) کہتے ہیں کہ یہودی یا عیسائی ہو جاؤ تو

سیدھے رستے پر لگ جاؤ۔ (اے پیغمبر ان سے) کہہ دو (نہیں) بلکہ (ہم) دینِ ابراہیم (اختیار کیے ہوئے ہیں) جو ایک اللہ کے ہو رہے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔

۔ البقرۃ ۲:۱۳۵۔

۳۰۔ کہہ دو کہ اللہ نے سچ فرما دیا۔ پس دینِ ابراہیم کی پیروی کرو جو سب سے بے تعلق ہو کر ایک (اللہ) کے ہو رہے تھے اور مشرکوں سے نہ تھے۔

۔ آل عمران ۳:۹۵

۳۱۔ اور اس شخص سے کس کا دین اچھا ہو سکتا ہے جس نے حکم اللہ کو قبول کیا اور وہ نیکوکار بھی ہے اور ابراہیم کے دین کا پیرو ہے جو یک سو (مسلمان) تھے۔ اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا دوست بنایا تھا۔

۔ النساء ۴:۱۲۵۔

۳۲۔ پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ دینِ ابراہیم کی پیروی اختیار کرو جو ایک طرف کے ہو رہے تھے۔ اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔

۔ النحل ۱۶:۱۲۳۔

۱۸۔ ابراہیم علیہ السلام کے مذہب سے بیوقوف ہی پھرتے ہیں

۳۳۔ اور انہوں نے کہا کہ یہودی یا نصرانی ہو جاؤ تو ہدایت پاؤ گے (اے نبی) کہہ دے نہیں بلکہ ہم تو ابراہیم کے مذہب کے پیرو ہیں جو ایک طرف کا تھا۔ اور مشرکین میں سے نہیں تھا۔

۔ البقرۃ ۲:۱۳۵

۳۴۔ اور ابراہیم کے مذہب سے سوائے اس کے جس نے اپنے آپ کو بے وقوف بنا لیا اور کون منہ پھیرتا ہے۔

۔ البقرۃ ۲:۱۳۰۔

۱۹۔ ابراہیم سیدھی راہ پر تھے

۳۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بے شک مجھے میرے پروردگار نے سیدھی راہ پر لگا دیا ہے، صحیح دینِ ابراہیم کے مذہب پر جو ایک طرف کا تھا۔

۔ الانعام ۶:۱۶۱۔

مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۳۰۔ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۳۱۔ وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِّمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرٰهِيمَ خَلِيلًا ۝

۳۲۔ ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۳۳۔ وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوا قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرٰهِمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

۳۴۔ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ إِبْرٰهِمَ إِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهُ

۳۵۔ قُلْ إِنَّنِي هَدٰىنِي رَبِّي إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا

۳۶۔ اِجْتَبٰهُ وَهَدٰهُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝

۳۷۔ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى إِبْرٰهِيمَ ۝ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝

۱۔ وَكَذٰلِكَ نُرِيْ إِبْرٰهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ

۳۶۔ اللہ نے اسے چنا اور اسے سیدھی راہ پر لگا دیا۔

۔ النحل ۱۶:۱۲۱۔

۲۰۔ ابراہیم پر سلام

۳۷۔ اور ہم نے پچھلوں میں اس کا ذکر باقی رکھا کہ ابراہیم پر سلام۔ اس طرح ہم نیکوکاروں کو بدلہ دیتے ہیں۔

۔ الصّٰفّٰت ۳۷:۱۰۸، ۱۰۹۔

حالاتِ ابراہیم علیہ السلام

۱۔ ابراہیم علیہ السلام کا چاند، سورج اور ستاروں کے چھپنے سے توحید باری پر استدلال

۱۔ اور اسی طرح ہم ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہت دکھلانے لگے اور

اُس لیے دکھلانے لگے کہ وہ یقین کرنے والوں میں ہو۔ پھر جب اس پر رات چھا گئی تو اس نے ایک ستارہ دیکھا۔ کہا کہ یہ میرا پروردگار ہے۔ پھر جب وہ چھپ گیا تو کہا کہ میں چھپنے والوں سے محبت نہیں رکھتا۔ پھر جب اس نے چاند چمکتا دیکھا تو کہا یہ میرا پروردگار ہے۔ پھر جب وہ چھپ گیا کہا اگر میرا پروردگار مجھے ہدایت نہ دے تو میں ضرور گمراہ لوگوں میں ہو جاؤں۔ پھر جب سورج چمکتے دیکھا تو کہا یہ میرا پروردگار ہے۔ یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب وہ چھپ گیا تو کہا کہ بھائیو میں تو تمہارے شرک سے بیزار ہوں۔ میں نے تو اپنا رخ اس کی طرف کر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، ایک طرف کا ہو کر اور میں مشرکوں میں نہیں ہوں۔

۱۔ الانعام ۶: ۷۵-۷۹۔

۲۔ قوم کا ان سے جھگڑنا

۲۔ اور اس کی قوم نے اس سے جھگڑا کیا۔ اس نے کہا: تم مجھ سے اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہو، حالانکہ اس نے مجھے رستہ دکھلایا ہے اور میں ان سے نہیں ڈرتا، جنہیں تم اس کا شریک ٹھہراتے ہو، مگر یہ کہ میرا پروردگار علم میں ہر چیز کو سمائے ہوئے ہے۔ تو کیا تم دھیان نہیں کرتے؟ اور میں تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں سے کس طرح ڈروں جب کہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم اللہ کے ساتھ انہیں شریک ٹھہراتے ہو جن کے بارے میں اس نے تم پر کوئی سند نہیں اتاری۔ تو (ہم) دونوں فریقوں میں سے امن کا زیادہ حق دار کون ہے، اگر تم جانتے ہو تو بتلاؤ؟ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان میں ظلم نہیں ملایا انہیں کے لیے امن ہے اور وہی راہِ ہدایت پر ہیں اور یہ ہماری دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم کو اس کی قوم کے مقابلے میں دی۔ ہم جس کے چاہیں درجے بلند کریں۔ (اے

الْمُوقِنِينَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأَىٰ كَوْكَبًا ۖ قَالَ هَٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ الْآفِلِينَ ﴿٧٦﴾ فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هَٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَئِن لَّمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّالِّينَ ﴿٧٧﴾ فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هَٰذَا رَبِّي هَٰذَا أَكْبَرُ ۖ فَلَمَّا أَفَلَتْ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ﴿٧٨﴾ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا ۖ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٧٩﴾

۲۔ وَحَاجَّهُ قَوْمُهُ ۚ قَالَ أَتُحَاجُّونِّي فِي اللَّهِ وَقَدْ هَدَانِ ۚ وَلَا أَخَافُ مَا تُشْرِكُونَ بِهِ إِلَّا أَن يَشَاءَ رَبِّي شَيْئًا ۗ وَسِعَ رَبِّي كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۗ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ﴿٨٠﴾ وَكَيْفَ أَخَافُ مَا أَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُم بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا ۚ فَأَيُّ الْفَرِيقَيْنِ أَحَقُّ بِالْأَمْنِ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨١﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ ﴿٨٢﴾ وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَىٰ قَوْمِهِ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ ۗ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿٨٣﴾

۳۔ وَأَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا ﴿٤٨﴾

۴۔ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ﴿٢٦﴾ إِلَّا

نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار حکمت والا، جاننے والا ہے۔

۲۔ الانعام ۶: ۸۰-۸۳۔

۳۔ ابراہیم علیہ السلام کی معبودانِ باطلہ سے بیزاری اور اپنی اولاد میں توحید چھوڑ جانا

۳۔ اور میں تم سے اور جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو ان سے کنارہ کش ہوتا ہوں اور اپنے پروردگار کو پکارتا ہوں۔ امید ہے کہ میں اپنے پروردگار کو پکار کر بدنصیب نہ ہوں گا۔

۳۔ مریم ۱۹: ۴۸۔

۴۔ اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب ابراہیم نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ میں ان سے بیزار ہوں جنہیں تم پوجتے ہو۔ مگر ہاں وہ، جس نے مجھے پیدا کیا ہے کہ وہی مجھے راہِ راست پر لگائے گا۔ اور یہی بات وہ اپنی اولاد میں پیچھے چھوڑ گیا تاکہ وہ (اللہ کی طرف)

رجوع ہوں۔

-الزخرف ۲۶:۴۳-۲۸

۵۔(مسلمانو!) تمہارے لیے ابراہیم اور اس کے ساتھیوں میں ایک اچھا نمونہ ہے۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہم تم سے اور جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، ان سے بیزار ہیں۔ ہم تمہاری نہیں مانتے اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے عداوت اور نفرت پیدا ہو گئی۔ تا آنکہ تم اکیلے اللہ پر ایمان لاؤ مگر ابراہیم کا اپنے باپ سے یہ کہنا نمونہ نہیں ہے کہ تیرے لیے دعائے مغفرت کروں گا اور اللہ سے میں تیرے لیے کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے تجھ پر بھروسا کیا اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری طرف آخر ٹھکانا ہے۔

-الممتحنہ ۴:۶۰

۴۔ ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ اور اپنی قوم کو نصیحت کرنا اور توحید کی طرف بلانا

۶۔اور جب ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے کہا: کیا تو بتوں کو معبود ٹھہراتا ہے؟ ذرا شک نہیں کہ میں تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں۔

-الانعام ۷۴:۶

۷۔اور (اے نبی ﷺ!) کتاب میں ابراہیم کا ذکر پڑھ۔ بے شک وہ بڑا سچا نبی تھا۔ جب اس نے اپنے باپ سے کہا کہ اے باپ! ایسی چیزوں کو کیوں پوجتا ہے

الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ ۝ وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝

۵۔ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ إِلَّا قَوْلَ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَا أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۖ رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝

۶۔ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً ۖ إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝

۷۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ۝ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْئًا ۝ يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ۝ يَا أَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَانَ ۖ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ عَصِيًّا ۝ يَا أَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَن يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَانِ وَلِيًّا ۝ قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ ۖ لَئِن لَّمْ تَنتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ ۖ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ۝ قَالَ سَلَامٌ عَلَيْكَ ۖ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي ۖ إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ۝ وَأَعْتَزِلُكُمْ وَمَا

جو نہ سنیں اور نہ دیکھیں اور نہ تجھے کچھ نفع پہنچائیں۔ اے باپ! کچھ شک نہیں کہ میرے پاس وہ علم آیا ہے، جو تیرے پاس نہیں آیا۔ تو میرا کہا مان، میں تجھے سیدھی راہ پر لگا دوں گا۔ اے باپ! شیطان کو نہ پوج۔ کچھ شک نہیں کہ شیطان رحمٰن کا نافرمان ہے۔ اے باپ! میں ڈرتا ہوں کہ رحمٰن کی طرف سے تجھے عذاب آ چمٹے پھر تو شیطان کا دوست بن جائے۔ کہا: اے ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے منحرف ہوتا ہے۔ اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے ضرور سنگسار کر دوں گا اور کچھ مدت تک مجھ سے دور رہ۔ کہا: سلام علیک، میں تیرے لیے

اپنے پروردگار سے مغفرت مانگوں گا۔ بے شک وہ مجھ پر مہربان ہے۔ اور میں تم سے اور جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، ان سے کنارہ کشی کرتا ہوں اور اپنے پروردگار کو پکارتا ہوں۔ امید ہے کہ میں اپنے پروردگار کو پکارنے سے بدنصیب نہ ہوں گا۔

۔مریم ۱۹: ۴۷-۴۸۔

۸۔ اور اس سے پہلے ہم نے ابراہیم کو اس کی نیک راہ عطا فرمائی اور ہم اس سے خبردار تھے۔ جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ مورتیں جن پر تم جمے بیٹھے رہتے ہو، کیا ہیں؟ بولے: ہم نے اپنے باپ دادوں کو انہیں پوجتے پایا۔ کہا: بے شک تم اور تمہارے باپ دادا کھلی گمراہی میں ہیں۔ بولے: کیا تو ہمارے پاس حق لے کر آیا ہے یا تو دل لگی کرنے والوں میں ہے۔ کہا: نہیں بلکہ تمہارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے، جس نے انہیں پیدا کیا ہے اور میں اس پر گواہ ہوں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۵۱-۵۶۔

۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) ان پر ابراہیم کا حال پڑھ جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کیا چیز پوجتے ہو؟ بولے ہم بتوں کو پوجتے ہیں۔ سو انہیں پر جمے بیٹھے رہتے ہیں۔ کہا: کیا جب تم انہیں پکارتے ہو، وہ تمہاری سنتے ہیں یا تمہیں نفع پہنچاتے ہیں یا نقصان۔ بولے: نہیں بلکہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو اسی طرح کرتے پایا۔ کہا: بھلا تم نے یہ بھی معلوم کیا کہ جنہیں تم پوجتے ہو تم اور تمہارے اگلے باپ دادا۔ وہ تو سب سوائے جہانوں کے پروردگار کے میرے دشمن ہیں۔ وہ پروردگار جس نے مجھے پیدا کیا وہی مجھے راہ دکھاتا ہے اور وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اور جب میں بیمار ہو جاتا

تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا ۝

۸۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ مِن قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عَالِمِينَ ۝ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ ۝ قَالُوا وَجَدْنَا آبَاءَنَا لَهَا عَابِدِينَ ۝ قَالَ لَقَدْ كُنتُمْ أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ أَمْ أَنتَ مِنَ اللَّاعِبِينَ ۝ قَالَ بَل رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الَّذِي فَطَرَهُنَّ وَأَنَا عَلَىٰ ذَٰلِكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ ۝

۹۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ إِبْرَاهِيمَ ۝ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا تَعْبُدُونَ ۝ قَالُوا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِينَ ۝ قَالَ هَلْ يَسْمَعُونَكُمْ إِذْ تَدْعُونَ ۝ أَوْ يَنفَعُونَكُمْ أَوْ يَضُرُّونَ ۝ قَالُوا بَلْ وَجَدْنَا آبَاءَنَا كَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ۝ قَالَ أَفَرَأَيْتُم مَّا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ ۝ أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمُ الْأَقْدَمُونَ ۝ فَإِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّي إِلَّا رَبَّ الْعَالَمِينَ ۝ الَّذِي خَلَقَنِي فَهُوَ يَهْدِينِ ۝ وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ۝ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ۝ وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِ ۝ وَالَّذِي أَطْمَعُ أَن يَغْفِرَ لِي خَطِيئَتِي يَوْمَ الدِّينِ ۝

۱۰۔ وَإِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا عِندَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ وَإِن تُكَذِّبُوا فَقَدْ

ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے اور وہ جو مجھے مارے گا پھر مجھے زندہ کرے گا۔ اور وہ جس سے میں توقع رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میری خطا معاف کر دے۔

۔الشعراء ۲۶: ۶۹-۸۲۔

۱۰۔ اور ابراہیم کو (یاد کر) جب اس نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کو پوجو اور اس سے ڈرو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے، اگر تم جانتے ہو۔ تم تو اللہ کے سوا بتوں کو پوجتے ہو اور جھوٹ گھڑتے رہتے ہو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کے سوا جنہیں تم پوجتے ہو، وہ تمہارے لیے روزی دینے کا اختیار نہیں رکھتے۔ تو تم اللہ کے پاس روزی ڈھونڈو اور اس کی عبادت کرو اور اس کا شکر کرو۔ تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور اگر تم جھٹلاؤ تو تم سے پہلی امتوں نے بھی جھٹلایا تھا اور رسول کا ذمہ تو صرف کھول کر پہنچا

دیتا ہے اور بس۔

۔العنکبوت ۲۹:۱۶-۱۸

كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿۱۸﴾

۱۱۔ اور کہا: تم نے جو اللہ کے سوا بتوں کو معبود ٹھہرایا ہے، تو دنیا کی زندگی میں آپس کی محبت سے ٹھہرایا ہے پھر قیامت کے دن تم ایک ایک سے منکر ہو جاؤ گے اور ایک ایک پر لعنت بھیجو گے اور تمہارا ٹھکانا آگ ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔

۔العنکبوت ۲۹:۲۵۔

۱۱۔ وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُم بِبَعْضٍ وَيَلْعَنُ بَعْضُكُم بَعْضًا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿۲۵﴾

۱۲۔ اور بے شک اس کی جماعت میں سے ابراہیم تھا جب وہ اپنے پروردگار کے پاس بے روگ دل لے کر آیا، جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کیا پوجتے ہو؟ کیا اللہ کے سوا جھوٹے معبود چاہتے ہو؟ تو جہانوں کے پروردگار کی نسبت تمہارا کیا خیال ہے؟

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۸۳-۸۷

۱۲۔ وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ﴿۸۳﴾ إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿۸۴﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿۸۵﴾ أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿۸۷﴾

۱۵۔ ابراہیم علیہ السلام کا اپنی قوم کے بتوں کو توڑنا۔ ان کا ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کی دھمکی دینا

۱۳۔ اور اللہ کی قسم! جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے بتوں کے ساتھ ایک چال چلوں گا۔ تو اس نے ان کو چورا چورا کر دیا۔ صرف ان کے بڑے بت کو رہنے دیا تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ کہنے لگے: جس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ فعل کیا ہے، بے شک وہ بڑا ظالم ہے۔ بعض نے کہا: ہم نے ایک جوان کی نسبت سنا ہے، وہ انہیں برائی سے یاد کرتا رہتا ہے، اس کا نام ابراہیم ہے۔ کہنے لگے: تو سب لوگوں کے سامنے اسے لے آؤ شاید وہ (اس بات کی) گواہی دیں۔ پوچھا: اے ابراہیم! کیا ہمارے معبودوں کے ساتھ تو نے یہ کام کیا ہے۔ کہا: بلکہ یہ کام ان کے اس بڑے بت نے کیا ہے۔ اگر وہ بولتے ہوں تو ان سے پوچھ لو۔ تب انہوں نے اپنے دل میں سوچا۔ کہنے لگے کہ لوگو تم خود ہی ظالم ہو پھر اپنے سروں پر اوندھے ہو گئے۔ (کہا) کہ تو تو جانتا ہی ہے، یہ بولتے نہیں۔ ابراہیم نے کہا: تو کیا تم اللہ کے سوا ایسی چیزوں کو پوجتے ہو جو نہ تمہیں کچھ نفع ہی پہنچا سکیں اور نہ تمہیں نقصان پہنچا سکیں۔ میں تم سے اور جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، ان سے بیزار ہوں۔ کیا تم سمجھتے نہیں۔ بولے: اگر تمہیں کچھ کرنا ہے تو اسے جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو اور ہم نے کہا کہ اے آگ! ابراہیم پر ٹھنڈی اور بے ضرر ہو جا اور وہ اس کا برا چاہتے تھے تو ہم نے ان ہی کو گھاٹے میں ڈال دیا اور ہم نے اس کو اور لوط کو اس زمین کی طرف

۱۳۔ وَتَاللَّهِ لَأَكِيدَنَّ أَصْنَامَكُم بَعْدَ أَن تُوَلُّوا مُدْبِرِينَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ ﴿۵۸﴾ قَالُوا مَن فَعَلَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿۵۹﴾ قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوا فَأْتُوا بِهِ عَلَىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ﴿۶۱﴾ قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ ﴿۶۳﴾ فَرَجَعُوا إِلَىٰ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوا عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ يَنطِقُونَ ﴿۶۵﴾ قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ أَفَلَا

بچا نکال جس میں ہم نے جہان والوں کے لیے برکت رکھی ہے۔

-الانبیاء ۲۱:۵۷-۷۱-

۱۴۔ تو اس کی قوم سے صرف یہی جواب ملا کہ کہنے لگے یا تو اسے قتل کر دو یا اسے جلا دو۔ سو اللہ تعالیٰ نے اس کو آگ سے بچا لیا۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں، جو ایمان رکھتے ہیں۔

-العنکبوت ۲۹:۲۴-

۱۵۔ پھر اس نے ستاروں میں ایک نظر کی اور کہا کہ میں بیمار ہوں۔ تب وہ اس سے پیٹھ پھیر کر الٹے پھرے۔ پھر ان کے بتوں میں جا گھسا اور کہا کہ تم کیوں نہیں کھاتے، تمہیں کیا ہوا جو بولتے نہیں۔ پھر انہیں دہنے ہاتھ سے مارتا ہوا ان پر پل پڑا، پھر وہ دوڑتے ہوئے اس کی طرف آئے۔ ابراہیم نے کہا: کیا انہیں پوجتے ہو جنہیں خود تراشتے ہو حالانکہ تمہیں اور جو تم بناتے ہو، اسے اللہ نے پیدا کیا ہے۔ کہنے لگے کہ اس کے لیے ایک عمارت بناؤ اور اسے آگ میں ڈال دو غرض انہوں نے اس کا برا چاہا تو ہم نے انہیں نیچا کر دیا۔

-الصّٰفّٰت ۳۷:۸۸-۹۸-

۶۔ ابراہیم علیہ السلام کا خدائی کا دعویٰ کرنے والے کافر بادشاہ سے مناظرہ

۱۶۔ (اے نبی ﷺ!) کیا تو نے اس شخص کے حال پر نظر نہیں کی جس نے ابراہیم سے اس کے پروردگار کے بارے میں اس بنا پر جھگڑا کیا کہ اللہ نے اسے سلطنت دی

تَعْقِلُونَ ۝ قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ ۝ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ۝ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ۝

۱۴۔ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا اقْتُلُوهُ أَوْ حَرِّقُوهُ فَأَنجَاهُ اللَّهُ مِنَ النَّارِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

۱۵۔ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ۝ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ۝ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ۝ فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ۝ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ۝ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ۝ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ۝ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ۝ قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ۝ فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ۝

۱۶۔ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ أَنْ آتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ قَالَ أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ ۖ قَالَ إِبْرَاهِيمُ فَإِنَّ اللَّهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

۱۷۔ وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ۝

تھی۔ جب ابراہیم نے کہا کہ میرا پروردگار وہ ہے جو جلاتا اور مارتا ہے۔ اس نے کہا: میں بھی جلاتا اور مارتا ہوں۔ ابراہیم نے کہا: تو اللہ مشرق سے سورج نکالتا ہے تو اسے مغرب سے نکال دے۔ اس پر وہ کافر بھونچکا گیا۔

-البقرۃ ۲:۲۵۸-

۱۷۔ اور ابراہیم نے کہا: میں اپنے پروردگار کی طرف جاتا ہوں۔ وہ مجھے اپنی راہ پر لگا لے گا۔

-الصّٰفّٰت ۳۷:۹۹-

۷۔ ابراہیم علیہ السلام کا اللہ سے مردہ زندہ کرنے کا سوال اور چار پرندوں کا قصہ

۱۸۔ اور جب ابراہیم نے کہا کہ اے میرے پروردگار! مجھے دکھلا دے کہ تو مردے کس طرح زندہ کرتا ہے۔ فرمایا: کیا تو ایمان نہیں لایا؟ کہا: کیوں نہیں لیکن میں چاہتا ہوں کہ میرے دل کو اطمینان ہو جائے۔ فرمایا: تو چار پرندے پکڑ لے، پھر انہیں اپنی طرف ہلا لے۔ پھر ان میں سے ایک ایک حصہ ہر ایک پہاڑ پر رکھ دے پھر انہیں بلا۔ وہ تیرے پاس دوڑتے چلے آئیں گے۔ اور جان لے کہ اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۰۔

۸۔ ابراہیم کے پاس بیٹے کی بشارت دینے کے لیے فرشتوں کا آنا

۱۹۔ اور ہمارے بھیجے ہوئے ابراہیم کے پاس بشارت لے کر آئے۔ کہا سلام۔ اس نے جواب دیا سلام۔ پھر توقف نہ کیا کہ ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آیا۔ پھر جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کی طرف نہیں اٹھتے تو انہیں اجنبی سمجھا اور دل میں ان سے ڈرا۔ وہ بولے: خوف نہ کر ہم لوط کی قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں اور اس کی عورت کھڑی تھی، وہ ہنس پڑی۔ پھر ہم نے اسے اسحٰق کی اور اسحٰق کے بعد یعقوب کی بشارت دی۔ بولی ہائے میری خرابی! کیا میں جنوں گی حالانکہ میں بڑھیا ہوں۔ اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے۔ یہ تو ایک اچنبھے کی بات ہے۔ فرشتوں نے کہا: کیا تو اللہ کے حکم سے تعجب کرتی ہے؟ اے اس گھر والو! تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ بے شک وہ قابل تعریف، بڑائیوں والا ہے۔

۔ہود ۱۱: ۶۹۔۷۳۔

۱۸۔ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۖ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن ۖ قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا ۚ وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦٠﴾

اس کا کرتہ آگے سے پھٹا ہوا ہو تو عورت سچی ہے اور وہ جھوٹا ہے اور اگر اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو یہ جھوٹی ہے اور وہ سچا ہے۔ جب اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا تو عزیز نے کہا: بے شک یہ تم عورتوں کا ایک فریب ہے، بے شک تمہارا فریب بڑا ہے۔ اے یوسف! اس بات کو جانے دے۔ اور اے عورت! اپنے گناہ کی معافی مانگ۔ تو ہی خطاوار ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۲۵۔۲۹۔

۹۔ شہر میں اس قصے کا چرچا

۹۔ اور اس شہر میں کئی عورتوں نے کہا کہ عزیز کی عورت اپنے غلام کو اس کے جی سے پھسلاتی ہے۔ وہ اس کی محبت پر فریفتہ ہے۔ بے شک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں۔

۔یوسف ۱۲: ۳۰۔

۱۰۔ عزیز کی عورت اپنی معذوری ثابت کرتی ہے

۱۰۔ پھر جب اس نے ان کا فریب سنا تو انہیں بلوا بھیجا اور ان کے لیے ایک مجلس تیار کی۔ اور ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری دی۔ اور (یوسف سے) کہا کہ ان کے سامنے نکل۔ پھر جب ان عورتوں نے اسے دیکھا تو اسے بڑا سمجھا اور اپنے ہاتھ کاٹ لیے۔ اور کہا ماشاء اللہ یہ آدمی نہیں، یہ تو کوئی معزز فرشتہ ہے۔ عزیز کی عورت نے کہا: یہی وہ ہے جس کے بارے میں تم نے مجھے ملامت کی اور میں نے اسے اس کے جی سے پھسلایا تو وہ محفوظ رہا۔ اور اگر اس نے میرا حکم نہ مانا تو وہ ضرور قید کیا جائے گا اور ذلیلوں میں ہوگا۔

۔یوسف ۱۲: ۳۱۔۳۲۔

كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ وَإِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ فَلَمَّا رَأَىٰ قَمِيصَهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُ مِن كَيْدِكُنَّ ۖ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ ۝ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِي لِذَنبِكِ ۖ إِنَّكِ كُنتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ ۝

۹۔ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَن نَّفْسِهِ ۖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۖ إِنَّا لَنَرَاهَا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝

۱۰۔ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۖ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا هَٰذَا بَشَرًا إِنْ هَٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ ۝ قَالَتْ فَذَٰلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ ۖ وَلَقَدْ رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ ۖ وَلَئِن لَّمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُونًا مِّنَ الصَّاغِرِينَ ۝

۱۱۔ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ ۖ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُن مِّنَ الْجَاهِلِينَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

۱۲۔ ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ۝

۱۱۔ یوسف علیہ السلام کو گناہ کی نسبت قید خانہ زیادہ پسند

۱۱۔ یوسف نے کہا: اے میرے پروردگار! جس کام کی طرف وہ عورتیں مجھے بلاتی ہیں، اس سے قید خانہ مجھے زیادہ پسند ہے اور اگر تو نے مجھ سے ان کا فریب دور نہ کیا تو میں ان کی طرف جھک جاؤں گا اور جاہلوں میں ہو جاؤں گا۔ تب اس کے پروردگار نے اس کی دعا قبول فرمائی۔ اور اس سے ان کا فریب ہٹا دیا۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۳۳۔۳۴۔

۱۲۔ یوسف علیہ السلام قید خانہ میں

۱۲۔ پھر اس کے بعد کہ وہ نشانیاں دیکھ چکے، انہیں یہ مناسب معلوم ہوا کہ ایک مدت تک اسے قید خانہ میں رکھیں۔

۔یوسف ۱۲: ۳۵۔

۱۳۔ قیدیوں کے خواب کی تعبیر

۱۳۔اور قید خانہ میں اس کے ساتھ دو جوان داخل ہوئے۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ میں (خواب میں) اپنے آپ کو دیکھتا ہوں کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں اور دوسرے نے کہا کہ میں اپنے آپ کو دیکھتا ہوں کہ میں سر پر روٹیاں رکھے ہوئے ہوں، اس میں سے پرندے کھاتے ہیں۔ ہمیں اس کی تعبیر بتلا۔ ہم تجھے نیکی کرنے والا دیکھتے ہیں۔ کہا: تمہارے پاس تمہارا کھانا جو ہر روز تمہیں ملتا ہے، نہیں آنے پائے گا کہ میں اس سے پہلے ہی کہ وہ تمہارے پاس آئے اس کی تعبیر تمہیں بتلا دوں گا۔ یہ وہ علم ہے جو میرے پروردگار نے مجھے سکھلایا ہے۔ میں نے ان لوگوں کا مذہب چھوڑ دیا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ اور میں اپنے باپ دادوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کے مذہب کا پیرو ہوں۔ ہمارا کام نہیں کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک کریں۔ یہ ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا فضل ہے۔ لیکن اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔ اے میرے قید خانہ کے دو رفیقو! بھلا متفرق معبود بہتر ہیں یا اللہ، جو اکیلا، نہایت زبردست ہے۔ تم جنہیں اس کے سوا پوجتے ہو وہ محض نام ہیں جو خود تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے ان کے بارے میں کوئی سند نہیں اتاری۔ حکم تو بس اللہ ہی کا ہے۔ اس نے حکم دیا کہ تم اس کے سوا کسی کو نہ پوجو۔ یہ صحیح دین ہے لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے۔ اے میرے قید خانہ کے دو رفیقو! تم میں سے ایک تو اپنے مالک کو شراب پلائے گا اور دوسرے کو سولی دی جائے گی۔ پرندے اس کا سر نوچیں گے۔ وہ کام فیصل ہو چکا جس کی تم تحقیق چاہتے ہو۔

۱۳۔ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ؀ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّىْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ؀ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ؀ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ؀ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَاۗءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ؀ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ؀

-یوسف ۱۲: ۳۶-۴۱۔

۱۴۔ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ؀

۱۴۔ قید خانے میں کئی سال

۱۴۔اور جس کی نسبت اس نے یہ خیال کیا کہ وہ ان دونوں میں سے بچنے والا ہے، اس سے کہا کہ اپنے مالک کے پاس مجھے بھی یاد کرنا۔ سو شیطان نے اسے اپنے مالک کے پاس یاد کرنا بھلا دیا۔ اس لیے وہ چند سال قید خانہ میں رہا۔

-یوسف ۱۲: ۴۲۔

۱۵۔ بادشاہِ مصر کا خواب

۱۵۔ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي أَرَىٰ سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعَ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ ۖ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِن كُنتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ ﴿٤٣﴾ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ ۖ وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ ﴿٤٤﴾ وَقَالَ الَّذِي نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُم بِتَأْوِيلِهِ فَأَرْسِلُونِ ﴿٤٥﴾ يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَّعَلِّي أَرْجِعُ إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٤٦﴾ قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدتُّمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تَأْكُلُونَ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تُحْصِنُونَ ﴿٤٨﴾ ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُونَ ﴿٤٩﴾

۱۶۔ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۚ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ﴿٥٠﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ ۚ قُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ ۚ قَالَتِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٥١﴾

۱۵۔ اور بادشاہ نے کہا کہ میں کیا دیکھتا ہوں کہ سات موٹی گائیں ہیں، انہیں سات دُبلی گائیں کھائے جا رہی ہیں۔ اور سات سبز بالیں اور دوسری سوکھی۔ اے دربار والو! مجھے میرے خواب کی تعبیر بتلاؤ اگر تم خواب کی تعبیر دیا جانتے ہو۔ انہوں نے کہا یہ پریشان خواب ہیں اور ہم پریشان خوابوں کی تعبیر نہیں جانتے۔ اور ان دونوں قیدیوں میں سے جو بچ گیا تھا اس نے ایک عرصہ کے بعد یاد کیا اور کہا کہ میں تمہیں اس کی تعبیر بتلا دوں گا۔ مجھے یوسف کے پاس بھیجو۔ اس نے جا کر کہا: اے یوسف، اے سچے! ہمیں اس خواب کی تعبیر بتلا۔ سات موٹی گائیں ہیں انہیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور (اسی طرح) سات سبز بالیں ہیں اور دوسری سات خشک۔ تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جاؤں۔ شاید وہ معلوم کر لیں۔ کہا: تم سات سال لگاتار کھیتی کرو گے تو جو تم کاٹو اس کا دانہ اس کے بالوں میں چھوڑ دو مگر تھوڑا سا جو تم کھاؤ۔ وہ سنبھال لو۔ پھر اس کے بعد سات سال سختی کے آئیں گے۔ وہ اس سب کو کھا جائیں گے جو تم نے پہلے سے ان کے لیے تیار رکھا ہوگا۔ مگر تھوڑا سا جو تم (بیج) کے لیے روک رکھو گے۔ پھر اس کے بعد ایک سال ایسا آئے گا جس میں لوگوں پر مینہ برسایا جائے گا اور اس میں وہ رس نچوڑیں گے۔

۔یوسف ۱۲: ۴۳۔۴۹

۱۶۔ یوسف علیہ السلام بلایا جاتا ہے اور بے گناہ ثابت ہوتا ہے

۱۶۔ اور بادشاہ نے (یہ سن کر) کہا کہ اسے میرے پاس لے آؤ۔ پھر جب اس کے پاس ایلچی آیا تو اس نے کہا کہ اپنے مالک کے پاس واپس جا اور اس سے پوچھ کہ ان عورتوں کی کیا حقیقت ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے۔ بے شک میرا پروردگار ان کے فریب کو جانتا ہے۔ بادشاہ نے (عورتوں سے) کہا: اس وقت کیا سرگزشت تھی جب تم نے یوسف کو اس کے جی سے پھسلایا تھا۔ انہوں نے کہا: حاشاءللہ ہم نے اس میں کوئی برائی معلوم نہیں کی۔ عزیز کی عورت نے کہا: اب حق ظاہر ہوگیا۔ میں نے واقعی اسے اس کے جی سے پھسلایا تھا اور بے شک وہ سچا ہے۔ (یوسف علیہ السلام نے کہا) یہ میں نے اس لیے کیا تاکہ وہ (عزیز) معلوم کر لے کہ میں نے اس کی پیٹھ پیچھے اس کی خیانت نہیں کی۔ بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کا فریب چلنے نہیں دیتا۔ اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا۔ بے شک نفس سوائے اس کے جس پر میرا

پروردگار رحم فرمائے گا بری بات کا حکم دینے والا ہے۔ بے شک میرا پروردگار بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۵۰۔۵۳۔

۱۷۔ یوسف علیہ السلام کو شاہی خزانے سپرد

۱۷۔ اور بادشاہ نے کہا کہ اسے میرے پاس لے آؤ کہ میں اسے اپنے لیے خاص کرلوں۔ پھر جب اس سے بات کی تو کہا کہ آج تو ہمارے نزدیک مقرب، امانت دار ہے۔ یوسف نے کہا: مجھے ملک کے خزانوں پر مقرر کر کہ میں نگہبان ہوں، جاننے والا۔ اور یوں ہم نے یوسف کو اس ملک میں جمایا کہ وہاں جہاں چاہے، رہے۔ ہم جسے چاہیں اپنی رحمت سے حصہ دیں اور ہم نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے اور بے شک آخرت کا اجر ان کے لیے جو ایمان لائے، اور ڈرتے رہے بہت ہی اچھا ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۵۴۔۵۷۔

۱۸۔ بھائیوں کا آپ کے پاس غلہ لینے آنا اور آپ کا اپنے سگے بھائی کو طلب کرنا

۱۸۔ اور یوسف کے بھائی آئے۔ پھر اس کے پاس داخل ہوئے تو اس نے انہیں پہچان لیا اور انہوں نے اسے نہ پہچانا۔ اور جب اس نے ان کے لیے ان کا سامان تیار کر دیا تو کہا کہ (اب کی دفعہ) میرے پاس اپنے علاتی بھائی کو لیتے آنا۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں پورا ماپ دیتا ہوں اور اچھی مہمان داری کرنے والا ہوں۔ اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو پھر میرے پاس نہ تمہارے لیے کیل ہے اور نہ تم میرے پاس آنا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسے اس کے باپ سے مانگیں گے اور ہم ضرور یہ کام کر کے رہیں گے۔

۔یوسف ۱۲: ۵۸۔۶۰۔

ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ﴿۵۲﴾ وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي ۚ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي ۚ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۵۳﴾

۱۷۔ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي ۖ فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجْعَلْنِي عَلَىٰ خَزَائِنِ الْأَرْضِ ۖ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ ۚ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ ۚ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَشَاءُ ۖ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۵۶﴾ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِلَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿۵۷﴾

۱۸۔ وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنْكِرُونَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَكُمْ مِنْ أَبِيكُمْ ۚ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ﴿۵۹﴾ فَإِنْ لَمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِي وَلَا تَقْرَبُونِ ﴿۶۰﴾ قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ ﴿۶۱﴾

۱۹۔ وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انْقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿۶۲﴾

۲۰۔ فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَىٰ أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ﴿۶۳﴾ قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا

۱۹۔ غلہ مفت دیا گیا

۱۹۔ اور اس نے اپنے خدمت گاروں سے کہا کہ ان کی پونجی ان کی خرجیوں میں رکھ دو۔ شاید جب وہ اپنے گھر لوٹ کر جائیں، اسے پہچان لیں اور شاید وہ پھر آئیں۔

۔یوسف ۱۲: ۶۱۔۶۲۔

۲۰۔ بھائیوں کا باپ سے یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی کو مانگنا

۲۰۔ جب وہ اپنے باپ کے پاس واپس آئے تو بولے کہ اے باپ ہمارے! ہم سے بھرتی روک لی گئی ہے۔ تو ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیج کہ بھرتی لائیں اور ہم اس کے نگہبان ہیں۔ کہا

کیا میں اس پر تمہارا ویسا ہی اعتبار کروں جیسا پہلے اس کے بھائی پر تمہارا اعتبار کیا تھا۔ سو اللہ بہتر نگہبان ہے۔ اور وہ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے اور جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا تو اپنی پونجی کو پایا کہ ان ہی کی طرف لوٹا دی گئی ہے۔ بولے: اے باپ ہمارے! اور ہمیں کیا چاہیے۔ یہ ہماری پونجی ہے جو ہماری طرف لوٹا دی گئی ہے۔ اور ہم اپنے گھر والوں کے لیے کھانا لائیں گے۔ اور اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کی بھرتی زیادہ لائیں گے۔ یہ بھرتی آسان ہے۔ اس نے کہا: میں اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا تاوقتیکہ تم مجھ سے اللہ کو درمیان لاکر عہد نہ دو کہ تم اسے ضرور میرے پاس لے آؤ گے۔ بجز اس کے کہ تم سب محصور کر لیے جاؤ۔ پھر جب انہوں نے اس سے قول وقرار کر لیا۔ تو بولا: ہم جو کہتے ہیں اس پر اللہ کا ذمہ ہے۔

أَمِنتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِن قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿﴾ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ ۖ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي ۖ هَٰذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا ۖ وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ۖ ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ﴿﴾ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا مِّنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَن يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿﴾

۲۱۔ وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِن بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۖ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿﴾ وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿﴾

۲۲۔ وَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَخَاهُ ۖ قَالَ إِنِّي أَنَا أَخُوكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ ﴿﴾ قَالُوا وَأَقْبَلُوا عَلَيْهِم مَّاذَا تَفْقِدُونَ ﴿﴾ قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ ﴿﴾ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا

۔یوسف ۱۲: ۶۳۔۶۶۔

۲۱۔ یعقوب علیہ السلام کا بیٹوں کو مصر میں متفرق دروازوں سے داخل ہونے کی ہدایت کرنا

۲۱۔ اور کہا بیٹو (مصر میں سب) ایک دروازے سے داخل نہ ہونا، مختلف دروازوں سے داخل ہونا۔ اور میں اللہ کے مقابل تمہارے کچھ کام تو آ نہیں سکتا۔ حکم تو بس اللہ ہی کا ہے۔ اسی پر میرا بھروسہ ہے اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ اور جب وہ اسی جگہ سے داخل ہوئے، جہاں سے ان کے باپ نے انہیں کہا تھا۔ تو وہ اللہ کے مقابل ان کے کچھ کام نہیں آ سکتا تھا۔ مگر یہ یعقوب کے دل میں ایک خواہش تھی، جسے اس نے پورا کیا۔ اور بے شک وہ اس علم کا عالم تھا جو ہم نے اسے سکھلایا تھا۔ لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے۔

۔یوسف ۱۲: ۶۷۔۶۸۔

۲۲۔ یوسف علیہ السلام کا اپنے بھائی کو چوری کے الزام میں اپنے پاس رکھنا

۲۲۔ اور جب وہ یوسف کے پاس داخل ہوئے تو اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس بٹھا لیا۔ کہا کہ میں تیرا بھائی ہوں۔ تو ان باتوں کا غم نہ کر جو وہ کرتے رہے ہیں۔ پھر جب اس نے ان کا سامان مہیا کر دیا تو پانی پینے کا پیالہ اپنے بھائی کی خرجی میں رکھ دیا۔ پھر ایک پکارنے والے نے کہا: اے قافلے والو! بے شک تم چور ہو۔ وہ ان کی طرف منہ کر کے بولے کہ تم اپنی کیا چیز گم

پاتے ہو؟ وہ بولے کہ ہم بادشاہ کا پیمانہ گم پاتے ہیں۔
اور جو کوئی اسے لا دے اس کے لیے ایک بار شتر ہے
اور میں اس کا ذمہ دار ہوں۔ بولے: واللہ! تم جانتے
ہو کہ ہم ملک میں فساد ڈالنے نہیں آئے اور ہم چور نہیں
ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تم جھوٹے ہو تو اس چوری کی
کیا سزا ہے؟ کہا کہ اس کی سزا یہی ہے کہ جس کی
خرجی میں پیمانہ پایا جائے، وہی اس کے بدلے میں
پکڑا جائے۔ ہم ظالموں کو یہی سزا دیا کرتے ہیں۔
تب یوسف نے اپنے بھائی کی خرجی دیکھنے سے پہلے
ان کی خرجیاں دیکھنی شروع کیں۔ پھر وہ پیمانہ اپنے
بھائی کی خرجی سے نکال لیا۔ یوں ہم نے یوسف کو
تدبیر بتلائی۔ اس بادشاہ کے قانون کے بموجب وہ
اپنے بھائی کو نہیں لے سکتا تھا بجز اس کے کہ اللہ ہی
چاہتا۔ ہم جس کے چاہیں درجے بلند کریں۔ اور ہر
عالم کے اوپر ایک عالم ہے۔ بولے: اگر اس نے
چوری کی ہے تو اس سے پہلے اس کے بھائی نے بھی
چوری کی تھی۔ تب یوسف نے اس کو اپنے دل میں
چھپایا اور ان پر ظاہر نہ کیا۔ کہا تم درجے میں زیادہ
بدتر ہو: اور اللہ خوب جانتا ہے جو تم بیان کرتے ہو۔
بولے: اے عزیز! اس کا ایک بہت بوڑھا باپ ہے۔
تو تو اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لے۔ ہم تجھے نیکی
کرنے والا دیکھتے ہیں۔ کہا: اللہ کی پناہ کہ ہم سوائے
اس کے جس کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی اور کسی کو
پکڑیں۔ ایسا کریں تو بے شک ہم ظالم ہوئے۔ پھر
جب وہ اس کی طرف سے ناامید ہو گئے تو باہم مشورہ
کرنے بیٹھے۔ جو ان میں بڑا تھا اس نے کہا: کیا تمہیں
معلوم نہیں ہے کہ تمہارا باپ تم سے اللہ کو درمیان

لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ ۝ قَالُوا فَمَا جَزَاؤُهُ إِنْ كُنْتُمْ
كَاذِبِينَ ۝ قَالُوا جَزَاؤُهُ مَنْ وُجِدَ فِي رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ ۚ كَذَٰلِكَ
نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝ فَبَدَأَ بِأَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاءِ أَخِيهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا
مِنْ وِعَاءِ أَخِيهِ ۚ كَذَٰلِكَ كِدْنَا لِيُوسُفَ ۖ مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي
دِينِ الْمَلِكِ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَنْ نَشَاءُ ۗ وَفَوْقَ كُلِّ
ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ ۝ قَالُوا إِنْ يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَأَسَرَّهَا
يُوسُفُ فِي نَفْسِهِ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ أَنْتُمْ شَرٌّ مَكَانًا ۖ وَاللَّهُ أَعْلَمُ
بِمَا تَصِفُونَ ۝ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ إِنَّ لَهُ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ
أَحَدَنَا مَكَانَهُ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ أَنْ
نَأْخُذَ إِلَّا مَنْ وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهُ إِنَّا إِذًا لَظَالِمُونَ ۝ فَلَمَّا
اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ
أَخَذَ عَلَيْكُمْ مَوْثِقًا مِنَ اللَّهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُمْ فِي يُوسُفَ ۖ فَلَنْ
أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ يَأْذَنَ لِي أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ
الْحَاكِمِينَ ۝ ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ وَمَا
شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ ۝ وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ
الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ قَالَ بَلْ
سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَأْتِيَنِي بِهِمْ

دے کر عہد و پیمان لے چکا ہے اور پہلے تم یوسف کے بارے میں
قصور کر ہی چکے ہو۔ تو میں تو اس ملک سے اس وقت تک نہ ٹلوں
گا، جب تک میرا باپ اجازت نہ دے یا اللہ میرے لیے کچھ حکم
کرے۔ وہ سب حاکموں سے بہتر ہے۔ تم اپنے باپ کے پاس
واپس جا کر کہو کہ اے باپ! تیرے بیٹے نے چوری کی۔ اور ہم
اسی کی شہادت دیتے ہیں جو ہمیں معلوم ہوا۔ اور ہم غیب کے
نگہبان نہیں ہیں۔ اور اس بستی سے جس میں ہم تھے اور اس
قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں، تحقیق کر لے اور بے شک ہم
سچے ہیں۔ بولا: کوئی نہیں بلکہ تمہارے نفسوں نے تمہارے لیے
ایک بات بنالی ہے۔ اچھا میرا کام خوبی سے صبر کرنا ہے۔ امید
ہے کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لا موجود کرے۔ بے شک وہی

جانے والا، حکمت والا ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۸۴۔۸۶۔

۲۳۔ یوسف علیہ السلام کی جدائی میں یعقوب علیہ السلام کا کڑھنا اور روتے روتے نابینا ہو جانا

۲۳۔ اور ان کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ اور کہا: ہائے یوسف! اور غم سے اس کی آنکھیں سفید ہو گئیں۔ پھر وہ دل ہی دل میں گھٹا کیا۔ بولے: اللہ کی قسم! تو برابر یوسف کو یاد کرتا رہے گا۔ یہاں تک تو گھل جائے گا یا ہلاک ہو جائے گا۔ کہا: میں تو اپنے رنج وغم کی شکایت بس اللہ ہی سے کرتا ہوں۔ اور اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

۔یوسف ۱۲: ۸۷۔۹۲۔

۲۴۔ بھائی غلّہ کے لیے سہ بارہ گئے اور خطا کی معافی

۲۴۔ بیٹو جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو۔ اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ اللہ کی رحمت سے صرف وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں۔ پھر جب وہ اس پر داخل ہوئے تو کہنے لگے کہ اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو سختی نے آ گھیرا ہے۔ اور ہم کھوٹی پونجی لائے ہیں۔ تو ہمیں پوری بھرتی دے اور ہم پر خیرات کر۔ بے شک اللہ خیرات کرنے والوں کو بدلہ دیتا ہے۔ بولا: کیا تمہیں کچھ خبر ہے کہ جب تمہیں سمجھ نہ تھی تو تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا؟ بولے: کیا تو ہی یوسف ہے؟ کہا کہ میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر احسان کیا۔ کچھ شک نہیں کہ جو ڈرے گا اور صبر کرے گا تو اللہ نیکوں کا اجر ضائع

جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾

۲۳۔ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

۲۴۔ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـــــَٔـسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يَايْـــــَٔـسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَھٰذَآ اَخِيْ ۡ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِــــِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾

۲۵۔ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰي وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّىْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾

نہیں کرتا: بولے: اللہ کی قسم! بے شک اللہ نے تجھے ہم پر پسند کیا اور بے شک ہم خطاوار تھے۔ کہا: آج تم پر کوئی ملامت نہیں۔ اللہ تمہیں بخشے اور وہ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۸۷۔۹۲۔

۲۵۔ یوسف علیہ السلام کا باپ کے پاس اپنی قمیص بھیجنا اور اس کا بینا ہو جانا

۲۵۔ میرا یہ کرتہ لے جاؤ اور اسے میرے باپ کے منہ پر ڈال دو۔ وہ بینا ہو جائے گا۔ اور میرے پاس اپنے سب گھر والوں کو لے آؤ۔ اور جب قافلہ روانہ ہوا تو ان کے باپ نے کہا: بے شک میں یوسف کی بو پاتا ہوں اگر تم مجھے بوڑھا سٹھیایا ہوا نہ کہو۔ بولے: اللہ کی قسم! تو

اپنی پرانی گمراہی میں ہے۔ پھر جب اس کے پاس بشارت دینے والا آیا تو اس نے وہ کرتہ اس کے منہ پر ڈال دیا تو وہ بینا ہوگیا۔ کہا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں، جو تم نہیں جانتے۔

-یوسف ۱۲: ۹۴-۹۶-

۲۶۔ یوسف علیہ السلام کے بھائی باپ سے معافی مانگتے ہیں

۲۶۔ بولے: اے باپ! ہمارے لیے ہمارے گناہوں کی معافی مانگ۔ بے شک ہم خطاوار ہیں۔ کہا: میں اپنے پروردگار سے تمہارے گناہوں کی معافی مانگوں گا۔ کچھ شک نہیں کہ وہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-یوسف ۱۲: ۹۷-۹۸-

۲۶۔ یوسف علیہ السلام کا خواب پورا ہونا

۲۷۔ پھر جب وہ سب یوسف کے پاس داخل ہوئے تو اس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس جگہ دی اور کہا: اللہ نے چاہا تو مصر میں امن سے داخل ہو اور اپنے ماں باپ کو تخت پر بٹھالیا اور وہ سب اس کے آگے سجدہ میں گر پڑے۔ اور یوسف نے کہا: اے باپ! یہ میرے پہلے خواب کی تعبیر ہے۔ میرے پروردگار نے اسے سچ کر دکھایا۔ اور اس نے مجھ پر احسان کیا جب اس نے مجھے قید خانہ سے نکالا۔ اور اس کے بعد کہ شیطان میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان آکودا، تمہیں جنگل سے لے آیا۔ بے شک میرا پروردگار جو چاہے تدبیر کرے۔ کچھ شک نہیں کہ وہی جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-یوسف ۱۲: ۹۹-۱۰۰-

۲۷۔ یوسف علیہ السلام کی دعا خاتمہ بالخیر کے لیے

۲۸۔ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے سلطنت سے حصہ دیا اور

فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ۖ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٩٦﴾

۲۶۔ قَالُوا يَا أَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خَاطِئِينَ ﴿٩٧﴾ قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي ۖ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٩٨﴾

۲۷۔ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ﴿٩٩﴾ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۖ وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ﴿١٠٠﴾

۲۸۔ رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿١٠١﴾

۲۹۔ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِمَّا جَاءَكُمْ بِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَبْعَثَ اللَّهُ مِنْ بَعْدِهِ رَسُولًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُرْتَابٌ ﴿٣٤﴾

(خواب کی) باتوں کی مجھے تعبیر سکھلائی۔ اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا سرپرست ہے۔ مجھے اسلام پر مار اور مجھے نیک بختوں میں شامل کر۔

-یوسف ۱۲: ۱۰۱-

۲۸۔ یوسف قوم فرعون کی ہدایت کے لیے آئے

۲۹۔ اور اس سے پہلے یوسف تمہارے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا۔ تو جو وہ لے کر آیا تھا اس میں ہمیشہ تم شک کرتے رہے۔ یہاں تک کہ جب وہ وفات پا گیا تو تم کہنے لگے کہ اللہ اس کے بعد ہرگز کوئی رسول نہیں بھیجے گا۔ یوں اللہ اس کو گمراہ کرتا ہے جو حد سے باہر نکل جانے والا، شک کرنے والا ہوتا ہے۔

-المومن ۴۰: ۳۴-

ایوب علیہ السلام

۱۔ ایوب علیہ السلام کا تکالیف میں مبتلا ہونا، اللہ سے دعا مانگنا اور اس کی اجابت

۱۔اور (اے نبی ﷺ!) ایوب کو یاد کر جب اس نے پروردگار کو پکارا کہ مجھے تکلیف پہنچی ہے۔ اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ تو ہم نے اس کی دعا قبول کی۔ پھر جو تکلیف اسے تھی وہ دور کر دی اور اسے ہم نے اس کی ساری اولاد اور ان کے ساتھ اتنی ہی اور عطا فرمائی۔ یہ ہمارے ہاں سے ایک رحمت اور عبادت کرنے والوں کے لیے یادگار ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۸۳۔۸۴۔

۲۔اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کر۔ جب اس نے پروردگار کو پکارا کہ شیطان نے مجھے ایذا اور تکلیف لگا دی ہے (ہم نے کہا کہ) اپنا پاؤں مار۔ یہ ایک ٹھنڈا چشمہ ہے نہانے کو اور پینے کو۔ اور ہم نے اسے اس کے گھر والے اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور عطا کیے۔ یہ ہماری طرف سے رحمت اور عقل مندوں کے لیے یادگار ہے۔ اور اپنے ہاتھ میں سینکوں کا مٹھا لے کر اس سے (اپنی بیوی کو) مار اور قسم میں جھوٹا نہ ہو۔ بے شک ہم نے اسے صابر پایا۔ اچھا بندہ۔ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا تھا۔

۔ص ۳۸: ۴۱۔۴۴۔

شعیب علیہ السلام و اہلِ مدین

۱۔ شعیب کا اپنی قوم کو توحید کی طرف بلانا اور بدکاریوں سے بچنے کی نصیحت کرنا

۱۔اور مدین والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیب کو

۱۔ وَاَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّہٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ فَکَشَفْنَا مَا بِہٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَیْنٰہُ اَھْلَہٗ وَمِثْلَھُمْ مَّعَھُمْ رَحْمَۃً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِکْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ ﴿۸۴﴾

۲۔ وَاذْکُرْ عَبْدَنَاۤ اَیُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰی رَبَّہٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْکُضْ بِرِجْلِکَ ۚ ھٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَھَبْنَا لَہٗۤ اَھْلَہٗ وَمِثْلَھُمْ مَّعَھُمْ رَحْمَۃً مِّنَّا وَذِکْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِیَدِکَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّہٖ وَلَا تَحْنَثْ ۗ اِنَّا وَجَدْنٰہُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّہٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾

۱۔ وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاھُمْ شُعَیْبًا ۭ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ ۭ قَدْ جَآءَتْکُمْ بَیِّنَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ فَاَوْفُوا الْکَیْلَ وَالْمِیْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَھُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِھَا ۭ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا بِکُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِہٖ وَتَبْغُوْنَھَا عِوَجًا ۚ وَاذْکُرُوْۤا اِذْ کُنْتُمْ قَلِیْلًا فَکَثَّرَکُمْ ۠ وَانْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ کَانَ طَآئِفَۃٌ مِّنْکُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِیْۤ اُرْسِلْتُ بِہٖ وَطَآئِفَۃٌ لَّمْ یُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰہُ بَیْنَنَا ۚ وَھُوَ خَیْرُ الْحٰکِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کو پوجو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی سند آ چکی ہے۔ تو ماپ اور تول پوری رکھو اور لوگوں کو ان کی (خرید کردہ) چیزیں کم نہ دو۔ اور ملک میں اس کی اصلاح ہوئے پیچھے فساد نہ پھیلاؤ۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم ایمان دار ہو اور ہر راہ پر اس لیے نہ بیٹھو کہ جو کوئی اللہ پر ایمان لائے اسے دھمکاؤ اور اللہ کی راہ سے روکو اور اس میں عیب تلاش کرو اور وہ وقت یاد کرو جب تم تھوڑے تھے تو اس نے تمہیں بڑھایا اور دیکھو کہ مفسدوں کا انجام کیسا برا ہوا۔ اور اگر تم میں سے ایک فریق اس بات پر ایمان لے آیا ہے جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں اور دوسرا فریق ایمان نہیں لایا تو تم صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے (تمہارے) درمیان فیصلہ کر دے اور وہی سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔

۔الاعراف ۷: ۸۵۔۸۷۔

۲۔اور ہم نے اہلِ مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو! اللہ کو پوجو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اور ماپ اور تول میں کمی نہ کرو۔ میں تمہیں اچھی حالت میں دیکھتا ہوں اور میں تم پر ایک گھیر لینے والے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اور بھائیو! انصاف سے ماپ اور تول پوری رکھو اور لوگوں کو ان کی (خریدی ہوئی) چیزیں کم نہ دو۔ اور ملک میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔ اللہ کا دیا جو بچ رہے تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم ایمان دار ہو اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں۔

۲۔وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۚ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۞ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۞ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۞

ہود ۱۱:۸۴۔۸۶

۳۔بن والوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے بھائی شعیب نے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے لیے امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ اور میں اس نصیحت پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ میری مزدوری تو پروردگار کے ذمہ ہے۔ ماپ پورا بھر کرو اور کمی کرنے والے نہ ہو۔ اور تولتے وقت ترازو کی ڈنڈی سیدھی رکھو اور لوگوں کو ان کی (خریدی ہوئی) چیزیں کم نہ دو۔ اور ملک میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔ اور اس ذات سے ڈرو جس نے تمہیں اور اگلی مخلوق کو پیدا کیا۔

۳۔ كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ۞ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۞ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۞ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۞ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ۞ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۞ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۞ وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ۞

الشعراء ۲۶:۱۷۶۔۱۸۴

۴۔اور ہم نے اہلِ مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کو پوجو اور روزِ آخرت پر یقین رکھو اور ملک میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

۴۔وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۞

العنکبوت ۲۹:۳۶

۲۔ قوم شعیب کا آپ کو اپنے مذہب کی طرف بلانا، جلا وطن کرنے کی دھمکی دینا اور دیگر لغویات، شعیب علیہ السلام کا جواب

۵۔ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۚ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ۞ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ۚ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ

۵۔اس کی قوم کے مغرور سرداروں نے کہا کہ اے شعیب! ہم تجھے اور جو لوگ تیرے ساتھ ہو کر ایمان لائے، انہیں اپنی بستی سے نکال دیں گے یا تم ہمارے مذہب میں پھر واپس آ جاؤ۔ کہا: اگرچہ ہم اسے برا جانتے ہوں؟ اگر ہم تمہارے مذہب میں اس کے بعد بھی کہ اللہ ہمیں اس سے نجات دے چکا ہے، واپس آ جائیں تو بے شک ہم نے اللہ پر جھوٹ باندھا۔ اور ہم سے تو یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم اس میں واپس آ جائیں بجز اس کے کہ اللہ ہمارا پروردگار ہی چاہے۔ ہمارا پروردگار علم میں ہر شے کی سمائی رکھتا

ہے۔ ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ اے ہمارے
پروردگار! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق حق
فیصلہ کر دے اور تو سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر
ہے۔ اور اس کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ اگر تم
نے شعیب کا اتباع کیا تو اس صورت میں بے شک تم
گھاٹے میں جا پڑو گے۔

۔الاعراف ۷:۸۸-۹۰۔

۶۔ بولے: اے شعیب! کیا تجھے تیری نماز یہ سکھلاتی ہے
کہ ہم انہیں چھوڑ دیں جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے چلے
آئے ہیں۔ یا ہم اپنے مالوں میں جو چاہیں نہ کریں؟ بے
شک تو بڑا بردبار، نیک چلن ہے۔ کہا: بھائیو! دیکھو تو اگر میں
اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی سند پر ہوں اور اس نے
مجھے اپنے ہاں سے نیک روزی دی ہو (تو بھی میری نہ مانو
گے) اور میں نہیں چاہتا کہ میں ان باتوں میں تمہارے
خلاف کروں جن سے میں تمہیں روکتا ہوں۔ میں تو جہاں
تک بھی مجھ سے ہو سکتا ہے اصلاح ہی چاہتا ہوں اور مجھے
اس کی توفیق اللہ ہی سے مل سکتی ہے۔ اسی پر میں نے بھروسہ
کیا اور اسی کی طرف میں رجوع ہوتا ہوں۔ اور بھائیو!
میری مخالفت کہیں تم سے یہ نہ کروائے کہ تم پر ویسا ہی
عذاب آ پڑے جیسا قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح پر آ پڑا
تھا۔ اور لوط کی قوم بھی تم سے کچھ دور نہیں ہے۔ اور اپنے
پروردگار سے معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع ہو۔ بے
شک میرا پروردگار مہربان، محبت کرنے والا ہے۔ بولے:
اے شعیب! تو جو کہتا ہے اس میں سے بہت سی
باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم تو تجھے اپنے درمیان

رَبُّنَا ۚ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۚ عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا
وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ﴿٨٩﴾ وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ
كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَّخَاسِرُونَ ﴿٩٠﴾

۶۔ قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَن نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَن نَّفْعَلَ فِي
أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ﴿٨٧﴾ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن
كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَرَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ
أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا
تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿٨٨﴾ وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِي
أَن يُصِيبَكُم مِّثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ
لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ ﴿٨٩﴾ وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ
وَدُودٌ ﴿٩٠﴾ قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ
وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ﴿٩١﴾ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي
أَعَزُّ عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ
مُحِيطٌ ﴿٩٢﴾ وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن
يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَارْتَقِبُوا إِنِّي مَعَكُمْ رَقِيبٌ ﴿٩٣﴾

۷۔ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ﴿١٨٥﴾ وَمَا أَنتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَإِن

کمزور دیکھتے ہیں اور اگر تیرا کنبہ نہ ہوتا تو ہم ضرور تجھے سنگسار کر
دیتے اور تو ہم پر کچھ غالب نہیں ہے۔ کہا بھائیو! کیا تمہارے نزدیک
میرا کنبہ اللہ سے زیادہ غالب ہے۔ اور اسے تم نے فراموش کر کے پس
پشت ڈال رکھا ہے۔ بے شک میرا پروردگار گھیرے ہوئے ہے جو تم
کرتے ہو۔ اور بھائیو! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں بھی عمل کرتا ہوں۔
عنقریب ہی تم جان لو گے کہ وہ کون ہے جس پر رسوا کرنے والا عذاب
آتا ہے اور کون جھوٹا ہے۔ اور تم انتظار کرو میں بھی انتظار کرتا ہوں۔

۔الاعراف ۷:۸۷-۹۳۔

۷۔ بولے: تجھ پر تو کسی نے جادو کر دیا ہے اور تو تو ہم ہی جیسا ایک

آدمی ہے اور ہم تو تجھے جھوٹا خیال کرتے ہیں۔ سو اگر تو سچا ہے تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دے۔ کہا میرا پروردگار خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

الشعراء ۲۶: ۱۸۵-۱۸۸۔

۸۔ اور بے شک بن والے ظالم تھے۔ تو ہم نے ان سے بدلہ لے لیا اور یہ دونوں شہر کھلی سڑک پر (واقع) ہیں۔

الحجر ۱۵: ۷۸-۷۹۔

۳۔ قوم شعیب کی زلزلہ اور چنگھاڑ کے عذاب سے ہلاکت

۹۔ پھر انہیں زلزلے نے آ لیا۔ تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں پر گرے رہ گئے، جنہوں نے شعیب کو جھٹلایا گویا وہ وہاں بسے ہی نہ تھے۔ جنہوں نے شعیب کو جھٹلایا، وہی گھاٹے میں رہے۔ تب شعیب نے ان سے منہ پھیر لیا۔ اور کہا کہ بھائیو! میں تمہیں اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا چکا اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی۔ تو میں کافر لوگوں پر کس طرح رنج کروں؟

الاعراف ۷: ۹۱-۹۳۔

۱۰۔ اور جب ہمارا حکمِ عذاب آ پہنچا تو ہم نے اپنی رحمت سے شعیب کو اور جو اس کے ساتھ ہو کر ایمان لائے تھے انہیں بچا لیا اور جو ظالم تھے انہیں چنگھاڑ نے آ پکڑا۔ تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں پر گرے رہ گئے گویا وہاں بسے ہی نہ تھے۔ سنتا ہے مدین والوں پر پھٹکار ہے جیسے کہ ثمود پر پھٹکار پڑی۔

ھود ۱۱: ۹۴-۹۵۔

نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّيْٓ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

۸۔ وَإِنْ كَانَ أَصْحٰبُ الْأَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝

۹۔ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَأَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝

۱۰۔ وَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَأَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ أَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ۝

۱۱۔ فَكَذَّبُوْهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۚ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

۱۲۔ فَكَذَّبُوْهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝

۱۱۔ انہوں نے اسے جھٹلایا تو سائبان کے دن کے عذاب نے انہیں آ پکڑا۔ بے شک وہ ایک بڑے دن کا عذاب تھا۔ بے شک اس میں ایک نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ماننے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک تیرا پروردگار ہی غالب، مہربان ہے۔

الشعراء ۲۶: ۱۸۹-۱۹۱۔

۱۲۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو انہیں زلزلے نے آ پکڑا تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں پر گرے رہ گئے۔

العنکبوت ۲۹: ۳۷۔

موسیٰ علیہ السلام و فرعون

ا۔ موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اور پرورش

ا۔ طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِی الْاَرْضِ وَ جَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآىِٕفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَ يَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَ نُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِی الْاَرْضِ وَ نَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّ نَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ وَ نُمَكِّنَ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ وَ نُرِیَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝ وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّ مُوْسٰۤى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِی الْيَمِّ وَ لَا تَخَافِیْ وَ لَا تَحْزَنِیْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَ جَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّ حَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِىِٕيْنَ ۝ وَ قَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّیْ وَ لَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖۗ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَ اَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِیْ بِهٖ لَوْ لَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَ قَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ؗ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَ حَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَ هُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ وَ لِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

ا۔ یہ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ ہم تجھ پر موسیٰ اور فرعون کا ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں، صحیح صحیح حال پڑھتے ہیں۔ فرعون ملک میں بہت بڑھ رہا تھا۔ اور اس نے وہاں کے لوگوں کے کئی فریق بنا دیے تھے۔ ان میں سے ایک فریق کو وہ کمزور کرتا تھا ان کے بیٹوں کو ذبح کرواتا اور ان کی بیٹیوں کو زندہ رکھتا۔ بے شک وہ فساد ڈالنے والوں میں تھا اور ہم چاہتے تھے کہ جو لوگ اس ملک میں کمزور کیے گئے تھے ان پر احسان کریں اور انہیں پیشوا بنائیں اور انہیں وارث کریں اور انہیں ملک میں رسائیں بسائیں اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو ان سے وہی بات دکھلائیں جس سے وہ ڈرتے تھے۔ اور ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف حکم بھیجا کہ اسے دودھ پلا۔ پھر جب تو اس پر خوف کرے تو اسے دریا میں ڈال دے۔ اور کسی طرح کا خوف و غم نہ کر۔ ہم اسے پھر تیرے پاس لوٹا کر لائیں گے۔ اور اسے پیغمبر بنائیں گے۔ پھر اسے (دریا سے) فرعون کے گھر والوں نے اٹھا لیا تاکہ وہ ان کا دشمن اور باعث غم ہو۔ بے شک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر ہی غلطی پر تھے۔ اور فرعون کی عورت بولی: یہ میری اور تیری آنکھ کی ٹھنڈک ہے اسے قتل نہ کرو۔ شاید وہ ہمیں کچھ نفع پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں۔ اور انجام کی انہیں کچھ خبر نہ تھی۔ اور موسیٰ کی ماں کا دل بے صبر ہو گیا۔ وہ تو اس کو ظاہر ہی کر دیتی اگر ہم اس کے دل کو ڈھارس نہ بندھاتے، تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں ہو۔ اور اس نے اس کی بہن سے کہہ دیا کہ تو اس کے پیچھے چلی جا۔ سو وہ اسے دور سے دیکھتی رہی۔ اور انہیں خبر بھی نہ ہوئی اور ہم نے پہلے سے اس پر دائیاں حرام کر دیں۔ تو (اس کی بہن نے) کہا کہ میں تمہیں ایک گھر والے بتلاؤں جو اسے تمہارے لیے پال دیں اور وہ اس کے خیر خواہ رہیں۔ اس طرح ہم نے اسے اس کی ماں کی طرف لوٹا دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور غمگین نہ ہو۔

اور یقین کرے کہ اللہ کا وعدہ سچ ہے لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے۔

۔القصص ۲۸: ۱۔۱۳۔

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۲۔ اور (اے موسیٰ علیہ السلام!) ہم تجھ پر ایک بار اور بھی احسان کر چکے ہیں۔ جب ہم نے تیری ماں کی طرف حکم بھیجا جو بیان کیا جاتا ہے۔ کہ اسے صندوق میں بند کرکے دریا میں ڈال دے۔ دریا اسے کنارے پر پھینک دے گا۔ اور اسے میرا دشمن اور اس کا دشمن اٹھالے گا۔ اور میں نے تجھ پر اپنی محبت ڈالی اور اس لیے ڈالی کہ تو میری زیرِ نگرانی پرورش پائے۔ جب تیری بہن جارہی تھی اور کہتی تھی کہ میں تمہیں ایسا شخص بتلاؤں جو اسے پال دے۔ غرض ہم نے تجھے تیری ماں کی طرف لوٹا دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور غمگین نہ ہو۔

۲۔ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰ ۝ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰ ۝ أَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ۝ إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَن يَكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ

۔طٰہٰ ۲۰: ۳۷۔۴۰۔

۲۔ سنِ بلوغ

۳۔ اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور سنبھلا تو ہم نے اسے قوتِ فیصلہ اور علم دیا۔ اور ہم نیکیوں کو اسی طرح کی جزا دیا کرتے ہیں۔

۳۔ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَىٰ آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝

۔القصص ۲۸: ۱۴۔

۳۔ ایک شخص کو قتل کرنا

۴۔ اور وہ شہر میں اس وقت داخل ہوا جب وہاں کے لوگ بے خبر سو رہے تھے۔ تو اس نے وہاں دو آدمیوں کو لڑتے پایا۔ یہ اس کی جماعت سے تھا اور یہ اس کے دشمنوں میں سے۔ تو اس شخص نے جو اس کی جماعت میں سے تھا اس کے مقابلہ میں جو اس کے دشمنوں سے تھا فریاد کی۔ موسیٰ نے اسے مکا مارا اور اس کا کام تمام کر دیا۔ (پھر) کہا یہ شیطانی کام ہوا۔ بے شک وہ گمراہ کرنے والا کھلا دشمن ہے۔ کہا: اے میرے پروردگار! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا مجھے معاف کر۔ اللہ نے اسے معاف کر دیا۔ بے شک وہی بخشنے والا، مہربان ہے۔ کہا: اے میرے پروردگار! چونکہ تو نے مجھ پر فضل کیا۔ میں بھی گنہگاروں کا مددگار کبھی نہیں ہوں گا۔ پھر صبح کو اس شہر میں ڈرتا ادھر ادھر دیکھتا اٹھا۔ کیا دیکھتا ہے کہ وہی شخص جس نے کل اس سے مدد مانگی تھی اس سے فریاد کر رہا ہے۔ موسیٰ نے اس سے کہا کہ کچھ شک نہیں کہ تو کھلا گمراہ ہے۔ پھر جب اس نے چاہا کہ اس شخص پر جو ان دونوں کا دشمن تھا، ہاتھ ڈالے تو اس نے کہا: اے موسیٰ! کیا مجھے قتل کرنا چاہتا ہے جیسا کہ تو کل ایک شخص کو قتل کر چکا ہے۔ تو بھی چاہتا ہے کہ ملک میں ظلم کرتا پھرے اور اصلاح کرے

۴۔ وَدَخَلَ الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَٰذَا مِن شِيعَتِهِ وَهَٰذَا مِنْ عَدُوِّهِ ۖ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِن شِيعَتِهِ عَلَى الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ فَقَضَىٰ عَلَيْهِ ۖ قَالَ هَٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِينٌ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ قَالَ رَبِّ بِمَا أَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ أَكُونَ ظَهِيرًا لِّلْمُجْرِمِينَ ۝ فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ ۚ قَالَ لَهُ مُوسَىٰ إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِينٌ ۝ فَلَمَّا أَنْ أَرَادَ أَن يَبْطِشَ بِالَّذِي هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ يَا مُوسَىٰ

والوں میں نہیں ہونا چاہتا۔

۔القصص ۲۸: ۱۵۔۱۹۔

۵۔اور (اے موسیٰ علیہ السلام!) تو نے ایک شخص کو قتل کر دیا تو ہم نے تجھے اس غم سے نجات دی۔ اور ہم نے تجھے کسی قدر آزمائش میں ڈالا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۴۰۔

۴۔ فرعونیوں کا آپ کے قتل کرنے کا مشورہ

۶۔اور ایک آدمی شہر کے پرلے سرے سے دوڑتا ہوا آیا۔ اس نے کہا: اے موسیٰ! اہلِ دربار تیرے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں کہ تجھے قتل کر ڈالیں۔ سو تو یہاں سے نکل بھاگ۔ میں تیرا خیر خواہ ہوں۔

۔القصص ۲۸: ۲۰۔

۵۔ مدین کو ہجرت اور نکاح

۷۔تب وہ وہاں سے ڈرتا اِدھر اُدھر دیکھتا نکلا۔ کہنے لگا: اے میرے پروردگار! مجھے ان ظالم لوگوں سے نجات دے۔ اور جب وہ مدین کی طرف روانہ ہوا تو کہا کہ امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے سیدھی راہ پر لگا دے۔ اور جب مدین کے پانی پر پہنچا تو اس پر لوگوں کی ایک بھیڑ پائی، جو اپنے مویشیوں کو پانی پلا رہے تھے۔ اور ان کے علاوہ دو عورتیں پائیں جو روکے کھڑی تھیں۔ کہا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ وہ بولیں تاوقتیکہ کل چرواہے واپس نہ چلے جائیں ہم نہیں پلاتیں اور ہمارا باپ بہت بوڑھا ہے۔ تب موسیٰ نے ان کے مویشیوں کو پانی پلایا۔ پھر سایہ کی طرف ہٹ آیا اور کہا کہ اے میرے پروردگار! بے شک میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے، محتاج ہوں۔ پھر ان دونوں میں سے ایک شرم سے چلتی ہوئی اس کے

أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ ۖ إِنْ تُرِيدُ إِلَّا أَنْ تَكُونَ
جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ وَمَا تُرِيدُ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْمُصْلِحِينَ ۝
۵۔ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا ۚ
۶۔ وَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ يَسْعَىٰ ۖ قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنَّ الْمَلَأَ
يَأْتَمِرُونَ بِكَ لِيَقْتُلُوكَ فَاخْرُجْ إِنِّي لَكَ مِنَ النَّاصِحِينَ ۝
۷۔ فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَتَرَقَّبُ ۖ قَالَ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَ
لَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسَىٰ رَبِّي أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ
السَّبِيلِ ۝ وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِنَ النَّاسِ يَسْقُونَ ۖ
وَوَجَدَ مِنْ دُونِهِمُ امْرَأَتَيْنِ تَذُودَانِ ۖ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۖ قَالَتَا لَا نَسْقِي
حَتَّىٰ يُصْدِرَ الرِّعَاءُ ۖ وَأَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ ۝ فَسَقَىٰ لَهُمَا ثُمَّ تَوَلَّىٰ إِلَى
الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۝ فَجَاءَتْهُ
إِحْدَاهُمَا تَمْشِي عَلَى اسْتِحْيَاءٍ ۖ قَالَتْ إِنَّ أَبِي يَدْعُوكَ لِيَجْزِيَكَ
أَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۚ فَلَمَّا جَاءَهُ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۖ قَالَ لَا تَخَفْ ۖ
نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ ۖ إِنَّ
خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ ۝ قَالَ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُنْكِحَكَ
إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَىٰ أَنْ تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ ۖ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا

پاس آئی۔ کہنے لگی: میرا باپ تجھے بلاتا ہے تاکہ تجھے اس کا عوض دے کہ تو نے ہمارے مویشیوں کو پانی پلایا۔ پھر جب وہ اس کے پاس پہنچا اور اس سے سارا حال بیان کیا تو اس نے کہا کہ اندیشہ نہ کر تو ان ظالم لوگوں سے بچ آیا۔ ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک نے کہا کہ اے باپ! اسے نوکر رکھ لے۔ بے شک بہتر نوکر جو تو رکھنا چاہے زور آور، امانت دار ہو سکتا ہے۔ اس نے موسیٰ سے کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دو لڑکیوں میں سے ایک تجھے بیاہ دوں، اس شرط پر کہ تو آٹھ برس میری نوکری کرے۔ پھر اگر تو پورے دس کر دے تو وہ تیری طرف سے ہے۔ اور میں یہ نہیں چاہتا کہ تجھ پر دشواری ڈالوں۔ تو انشاء اللہ مجھے نیک لوگوں میں پائے گا۔ کہا: میرے اور تیرے درمیان یہی بات رہی۔ دونوں مدتوں میں سے جونسی میں پوری کر دوں تو مجھ پر

زیادتی نہ ہو۔ اور جو بات ہم کہتے ہیں اللہ پر اس کا بھروسہ ہے۔

۔القصص ۲۸: ۲۷-۲۸۔

۸۔ پھر تو کئی برس مدین کے لوگوں میں رہا۔ یہاں تک کہ اے موسیٰ تو پختگی کی حد کو پہنچ کر (ہمارے حضور) میں آیا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۴۰۔

۲۔ مدین سے واپسی، طور کی طرف آگ دیکھنا، پیغمبری ملنا اور اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی

۹۔ پھر جب موسیٰ مدت پوری کر چکا اور اپنی بیوی کو لے کر روانہ ہوا تو طور کی طرف آگ دیکھی۔ اپنی بیوی سے کہا کہ تم یہاں ٹھہرو۔ میں نے آگ دیکھی ہے۔ شاید میں وہاں سے تمہارے پاس کوئی خبر یا آگ کا ایک انگارا لے آؤں تاکہ تم تاپو۔ پھر جب وہ اس کے پاس آیا تو اس کو میدان کی دائیں طرف سے اس مبارک قطعے سے اس درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ! میں اللہ ہوں، جہانوں کا پروردگار۔

۔القصص ۲۸: ۲۹-۳۰۔

۱۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھے موسیٰ کی خبر بھی پہنچی ہے؟ جب اس نے آگ دیکھی تو اپنی بیوی سے کہا کہ تم یہاں ٹھہرو۔ میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔ شاید میں اس میں سے تمہارے پاس ایک شعلہ لے آؤں یا آگ سے راہ کا پتا پاؤں۔ پھر جب وہ اس کے پاس پہنچے تو آواز آئی کہ اے موسیٰ! میں تیرا پروردگار ہوں۔ سو تو اپنی جوتیاں اتار دے کہ تو طویٰ کے پاک میدان میں ہے۔ اور میں نے تجھے منتخب کیا۔ سو تجھے جو حکم دیا جائے

فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ ۚ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذَٰلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ ۖ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿۲۸﴾

۸۔ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلَىٰ قَدَرٍ يَا مُوسَىٰ ﴿۴۰﴾

۹۔ فَلَمَّا قَضَىٰ مُوسَى الْأَجَلَ وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّورِ نَارًا قَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَعَلِّي آتِيكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ أَنْ يَا مُوسَىٰ إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿۳۰﴾

۱۰۔ وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ﴿۹﴾ إِذْ رَأَىٰ نَارًا فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَعَلِّي آتِيكُمْ مِنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿۱۰﴾ فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ يَا مُوسَىٰ ﴿۱۱﴾ إِنِّي أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۖ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۲﴾ وَأَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوحَىٰ ﴿۱۳﴾ إِنَّنِي أَنَا اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي ﴿۱۴﴾ إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَىٰ ﴿۱۵﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدَىٰ ﴿۱۶﴾

۱۱۔ إِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِأَهْلِهِ إِنِّي آنَسْتُ نَارًا سَآتِيكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ آتِيكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿۷﴾ فَلَمَّا جَاءَهَا نُودِيَ أَنْ بُورِكَ مَنْ

اسے سن۔ میں اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز کو قائم رکھ۔ بے شک قیامت آنے والی ہے۔ میں اسے چھپائے رکھوں گا تاکہ ہر شخص کو اس کا عوض ملے، جو وہ کرتا ہے۔ تو کہیں تجھے اس سے وہ شخص بد اعتقاد کر دے جو اس پر یقین نہیں رکھتا۔ اور اپنی خواہشات پر چلتا ہے کہ اس صورت میں تو ہلاک ہو جائے گا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۹-۱۶۔

۱۱۔ جب موسیٰ نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔ میں وہاں سے تمہارے پاس کوئی خبر لاؤں گا یا تمہارے پاس کوئی انگارا جلتا لاؤں گا تاکہ تم تاپو۔ پھر جب وہ اس کے پاس پہنچے تو آواز آئی کہ برکت والا ہے وہ جو آگ میں ہے اور وہ جو اس کے آس پاس ہے۔ اور اللہ جہانوں کا پروردگار پاک ہے۔ اے موسیٰ! کچھ شبہ

نہیں کہ میں ہی اللہ ہوں۔ غالب، حکمت والا۔

۔النمل ۲۷:۸۔۹۔

۷۔ وادیٔ مقدس میں نو معجزات عطا ہوئے

۱۲۔(اے نبی ﷺ) بھلا تیرے پاس موسیٰ کی خبر بھی پہنچی ہے؟ جب اس کے پروردگار نے اسے طویٰ کے میدان میں پکارا۔

۔النّزعت ۷۹:۱۵۔۱۶۔

۱۳۔ اور اے موسیٰ یہ تیرے دہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ کہا یہ میری لاٹھی ہے۔ میں اس پر سہارا لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں۔ اور مجھے اس میں اور کئی فائدے ہیں۔ فرمایا: اے موسیٰ! اسے زمین پر ڈال دے۔ اس نے اسے ڈال دیا تو کیا دیکھتا ہے کہ وہ ایک سانپ ہے، جو دوڑتا ہے۔ فرمایا: اسے پکڑ لے اور خوف نہ کر ہم اسے اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔ اور اپنا ہاتھ اپنے بازو سے لگا کہ بغیر کسی برائی کے چٹا ہو کر نکلے گا۔ یہ دوسری نشانی ہے۔ تاکہ ہم تجھے اپنی بڑی نشانیوں میں سے بعض دکھلائیں۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۷۔۲۳۔

۱۴۔فرعون کے پاس جا کہ وہ گمراہ ہے۔ پھر کہہ کہ کیا تیرا جی چاہتا ہے کہ تو سنورے؟ اور میں تجھے تیرے پروردگار کی راہ دکھلاؤں۔ پھر تو ڈرے۔

۔النازعات ۷۹:۱۷۔۱۹۔

۱۵۔ اے موسیٰ! کچھ شک نہیں کہ میں ہی اللہ ہوں

فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۚ وَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨﴾ يَا مُوسَىٰ إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٩﴾

۱۲۔ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ﴿١٥﴾ إِذْ نَادَاهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٦﴾

۱۳۔ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَىٰ ﴿١٨﴾ قَالَ أَلْقِهَا يَا مُوسَىٰ ﴿١٩﴾ فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَىٰ ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَىٰ ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرَى ﴿٢٣﴾

۱۴۔ اذْهَبْ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ﴿١٧﴾ فَقُلْ هَلْ لَكَ إِلَىٰ أَنْ تَزَكَّىٰ ﴿١٨﴾ وَأَهْدِيَكَ إِلَىٰ رَبِّكَ فَتَخْشَىٰ ﴿١٩﴾

۱۵۔ يَا مُوسَىٰ إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٩﴾ وَأَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ لَا تَخَفْ إِنِّي لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُونَ ﴿١٠﴾ إِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوءٍ فَإِنِّي غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١١﴾ وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ ۖ فِي تِسْعِ آيَاتٍ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهِ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿١٢﴾

غالب، حکمت والا۔ اور اپنی لاٹھی زمین پر ڈال دے۔ پھر جب اس نے اسے ہلتے دیکھا گویا ایک سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگا اور پیچھے پھر کر نہ دیکھا۔ اے موسیٰ! خوف نہ کر۔ رسول میرے پاس ڈرا نہیں کرتے۔ مگر وہ جس نے ظلم کیا پھر برائی کے بعد (اس کو) نیکی سے بدل ڈالا۔ تو میں بخشنے والا، مہربان ہوں۔ اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال۔ وہ بغیر کسی برائی کے سفید نکلنے لگا۔ یہ نو نشانیوں میں سے ہے۔ جو فرعون اور اس کی قوم کی طرف بھیجی گئی ہیں۔ بے شک وہ بدکار لوگ ہیں۔

۔النمل ۲۷:۹۔۱۲۔

۱۶۔ اور اپنی لاٹھی زمین پر ڈال۔ پھر جب اس نے اسے حرکت کرتے دیکھا گویا وہ ایک سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگا۔ اور پیچھے پھر کر نہ دیکھا۔ اے موسیٰ! آگے آ اور خوف نہ کر۔ تجھے کوئی خطرہ نہیں۔ اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں داخل کر کہ بغیر کسی برائی کے چٹا نکلے اور خوف دور کرنے کے لیے اپنا بازو اپنی طرف چمٹا لے۔ یہ تیرے پروردگار کی طرف سے فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف دو سندیں ہیں۔ بے شک وہ بدکار لوگ ہیں۔ کہا اے میرے پروردگار! میں نے ان کا ایک آدمی مار ڈالا ہے، تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں وہ مجھے قتل نہ کر ڈالیں۔

۔القصص ۲۸: ۳۱۔۳۳۔

۱۷۔ ہارون علیہ السلام کی نبوت کے لیے دعا

۱۷۔ کہا اے میرے پروردگار! میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔ اور میرے لیے میرے کام میں آسانی پیدا کر۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے کہ وہ میری بات سمجھیں۔ اور میرے گھر والوں میں سے میرا ایک وزیر مقرر کر۔ میرے بھائی ہارون کو۔ اس سے میری کمر مضبوط کر اور میرے کام میں اسے میرا شریک کر۔ تاکہ ہم کثرت سے تیری پاکی بیان کریں۔ اور کثرت سے تجھے یاد کریں۔ بے شک تو ہمیں دیکھ رہا ہے۔ فرمایا اے موسیٰ! تیری درخواست منظور کی گئی۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۲۵۔۳۶۔

۱۸۔ اور جب تیرے پروردگار نے موسیٰ کو آواز دی کہ ظالم لوگوں کے پاس جا۔ فرعون کی قوم کے پاس۔ کیا وہ ڈرتے نہیں؟ کہا: اے میرے پروردگار! میں

۱۶۔ وَأَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۖ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ أَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۖ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ ﴿۳۱﴾ اسْلُكْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ وَاضْمُمْ إِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ ۖ فَذَانِكَ بُرْهَانَانِ مِنْ رَبِّكَ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴿۳۳﴾

۱۷۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿۲۸﴾ وَاجْعَلْ لِي وَزِيرًا مِنْ أَهْلِي ﴿۲۹﴾ هَارُونَ أَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي ﴿۳۱﴾ وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ﴿۳۲﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ﴿۳۳﴾ وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ﴿۳۴﴾ إِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيرًا ﴿۳۵﴾ قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَىٰ ﴿۳۶﴾

۱۸۔ وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰ أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿۱۰﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ ﴿۱۱﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُكَذِّبُونِ ﴿۱۲﴾ وَيَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ هَارُونَ ﴿۱۳﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُمْ مُسْتَمِعُونَ ﴿۱۵﴾ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿۱۶﴾ أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿۱۷﴾

۱۹۔ وَأَخِي هَارُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُصَدِّقُنِي ۖ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُكَذِّبُونِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا

ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں اور میرا دل تنگ ہوا اور میری زبان نہ چلے۔ تو ہارون کو پیغام بھیج۔ اور ان کا مجھ پر ایک جرم ہے تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں وہ مجھے قتل نہ کر ڈالیں۔ فرمایا ہرگز نہیں۔ دونوں میری نشانیاں لے کر جاؤ۔ ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں۔ فرعون کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم جہانوں کے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں کہ تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۰۔۱۷۔

۱۹۔ اور میرا بھائی ہارون اس کی زبان مجھ سے زیادہ چلتی ہے۔ تو اسے میری مدد کے لیے میرے ساتھ بھیج کہ وہ میری تصدیق کرے۔ میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں۔ فرمایا: ہم تیرے بھائی سے تیرا بازو قوی کریں گے۔ اور تمہیں غلبہ دیں گے کہ تم تک نہ پہنچ سکیں گے۔ ہماری نشانیوں سے تم اور جو تمہارے پیرو ہیں

غالب رہیں گے۔

-القصص ۲۸: ۳۴-۳۵-

۲۰۔ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام فرعون کی ہدایت کو جاتے ہیں

۲۰۔ پھر ان کے بعد ہم نے اپنی نشانیاں دے کر موسیٰ کو فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس بھیجا۔ تو انہوں نے ان نشانیوں کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا۔ تو دیکھ ان مفسدوں کا کیسا برا انجام ہوا۔ اور موسیٰ نے کہا: اے فرعون! بے شک میں پروردگار کا بھیجا ہوا ہوں۔ اس بات پر قائم ہوں کہ میں اللہ کی طرف سے سوائے سچ کے اور کچھ نہ کہوں۔ میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی سند لے کر آیا ہوں۔ تو میرے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے۔

-الاعراف ۷: ۱۰۳-۱۰۵-

۲۱۔ پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا۔ اور وہ گنہگار لوگ تھے۔ پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آیا تو کہنے لگے کہ بے شک یہ تو کھلا جادو ہے۔ موسیٰ نے کہا: کیا تم حق کو جب وہ تمہارے پاس آیا یہ کہتے ہو۔ کیا یہ جادو ہے؟ حالانکہ جادوگر فلاح نہیں پاتے۔ بولے: کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہمیں ان معبودوں سے منحرف کر دے جن پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے اور ملک میں تمہیں بڑائی حاصل ہو اور ہم تو تمہارا یقین کرنے والے ہیں نہیں۔

-یونس ۱۰: ۷۵-۷۸-

۲۲۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف اپنی نشانیوں اور کھلی سند کے ساتھ بھیجا۔ تو لوگ فرعون کے کہنے پر چلے اور فرعون کی بات راستی کی نہ تھی۔

-ہود ۱۱: ۹۶-۹۷-

۲۳۔ اور بے شک موسیٰ کو ہم نے اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لا۔ اور ان کو اللہ کے واقعات یاد دلا کہ ان میں ہر ایک صبر و شکر کرنے والے کے لیے عبرت کی نشانیاں ہیں۔

-ابراہیم ۱۴: ۵-

۲۴۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو نو کھلی نشانیاں دیں۔ تو بنی اسرائیل سے پوچھ کہ جب موسیٰ ان کے پاس آیا تو فرعون نے اس سے کہا کہ موسیٰ میں تجھے جادو کا مارا ہوا سمجھتا ہوں۔ جواب دیا کہ بے شک تو جان چکا ہے کہ

سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ۝

۲۰۔ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝

۲۱۔ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَكُمْ ۭ اَسِحْرٌ هٰذَا ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاۗءُ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ۝

۲۲۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ۝

۲۳۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڏ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝

۲۴۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِذْ جَاۗءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّىْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ۝ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا

آسمانوں اور زمین کے پروردگار کے سوا یہ نشانیاں کسی نے نہیں اتاریں۔ یہ سوجھ کی باتیں ہیں اور اے فرعون! میں یقین کرتا ہوں کہ تیری موت آئی ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۱-۱۰۲-

۲۵-اور (اے موسیٰ علیہ السلام!) تو نے ایک شخص کو مار ڈالا تو ہم نے اس غم سے تجھے نجات دی۔ اور تجھے کسی قدر آزمائش میں ڈالا۔ پھر تو کئی سال مدین والوں میں رہا۔ پھر اے موسیٰ! تو تقدیر سے آ گیا۔ اور میں نے تجھے اپنے لیے خاص کر لیا۔ تو تو اور تیرا بھائی دونوں میری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سستی نہ کرو۔ دونوں فرعون کے پاس جاؤ۔ بے شک وہ گمراہ ہو رہا ہے۔ پھر اس سے نرمی سے بات کرو شاید وہ سوچے یا ڈرے۔ بولے: اے ہمارے پروردگار! ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا جوش میں آ جائے۔ فرمایا: ڈرو نہیں۔ میں تمہارے ساتھ ہوں، سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں۔ سو اس کے پاس جا کر کہو کہ ہم تیرے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں۔ سو تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے اور انہیں عذاب نہ دے۔ ہم تیرے پاس تیرے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں۔

-طٰہٰ ۲۰: ۴۰-۴۷-

۲۶-پھر ہم نے حکم دیا کہ دونوں ان لوگوں کی طرف جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے۔ پھر ہم نے انہیں ہلاک کر مارا۔

-الفرقان ۲۵: ۳۶-

۲۷-اور بے شک ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں اور کھلی سند دے کر بھیجا۔ فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف تو انہوں نے کہا یہ ایک جادوگر ہے جھوٹا۔ پس جب موسیٰ ہماری طرف سے حق لے کر ان کے پاس پہنچا تو انہوں نے کہا کہ جو لوگ موسیٰ کے ساتھ ایمان

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝

۲۵-وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ يّٰمُوْسٰی ۝ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ۝ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ۝ اِذْهَبَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ۝ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰی ۝ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰی ۝ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی ۝ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ۝

۲۶-فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ۝

۲۷-وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝

۲۸-وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰيٰتِنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ۝ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

۲۹-وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ

لے آئے ہیں، ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو۔ اور ان میں جو عورتیں ہیں، ان کو زندہ رہنے دو۔ اور کافروں کی تدبیر غلط ہی ہو کر رہتی ہے۔

-المؤمن ۴۰: ۲۳-۲۵-

۲۸-اور بے شک ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا۔ اس نے کہا کہ میں جہانوں کے پروردگار کا بھیجا ہوا ہوں۔ پھر جب وہ ان کے پاس ہماری نشانیاں لے کر آیا تو لگے اس کی ہنسی اڑانے۔ اور جو نشانی بھی ہم انہیں دکھلاتے تھے وہ پہلی نشانی سے بڑھ کر ہی ہوتی تھی۔ اور انہیں ہم نے عذاب میں پکڑا تاکہ وہ (ہماری طرف) رجوع ہوں۔

-الزخرف ۴۳: ۴۶-۴۸-

۲۹-اور بے شک ان سے پہلے ہم نے قوم فرعون کو آزمایا اور ان

کے پاس ایک معزز رسول آیا کہ اللہ کے بندوں کو میرے سپرد کرو۔ بے شک میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں اور اللہ سے سرکشی نہ کرو۔ میں تمہارے پاس کھلی سند لایا ہوں۔ اور میں اپنے پروردگار اور تمہارے پروردگار کی اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ مجھے سنگ سار کرو۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے علیحدہ ہی رہو۔ پھر اس نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ بے شک یہ گنہگار لوگ ہیں۔

ـ الدخان ۴۴: ۱۸ـ ۲۲ـ

۳۰ـ اور موسیٰ کے حال میں بھی نشانیاں ہیں۔ جب ہم نے اس کو کھلی سند دے کر فرعون کے پاس بھیجا تو اس نے اپنی قوت کے گھمنڈ میں سرکشی کی اور کہا کہ یہ جادوگر ہے یا دیوانہ۔

ـ الذّٰریٰت ۵۱: ۳۸ـ ۳۹ـ

۱۰ـ مناظرہ ومباحثہ اور باہمی گفتگو

۳۱ـ ہماری طرف سے یہ وحی کی گئی ہے کہ عذاب اس پر آئے گا جس نے جھٹلایا اور روگردانی کی۔ فرعون نے کہا: پھر اے موسیٰ! تمہارا پروردگار کون ہے؟ کہا ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر شے کو اس کی مناسب صورت عطا کی پھر راہ سجھائی۔ کہا پہلی امتوں کا کیا حال ہے؟ کہا اس کا علم میرے پروردگار کے ہاں لکھا ہوا ہے۔ نہ میرا پروردگار بہکے اور نہ بھولے۔

ـ طٰہٰ ۲۰: ۴۸ـ ۵۲ـ

۳۲ـ پھر ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں اور کھلی سند دے کر بھیجا فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف۔ تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ چڑھ رہے تھے۔ تو کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے ہی جیسے دو

عِبَادَ اللّٰهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَنْ لَا تَعْلُوا عَلَى اللّٰهِ ۖ إِنِّي آتِيكُمْ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَنْ تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِنْ لَمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾

۳۰ـ وَفِي مُوسَىٰ إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿٣٨﴾ فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ ﴿٣٩﴾

۳۱ـ إِنَّا قَدْ أُوحِيَ إِلَيْنَا أَنَّ الْعَذَابَ عَلَىٰ مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَبُّكُمَا يَا مُوسَىٰ ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَىٰ ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُونِ الْأُولَىٰ ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي فِي كِتَابٍ ۖ لَا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾

۳۲ـ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿٤٥﴾ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ﴿٤٦﴾ فَقَالُوا أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُونَ ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ ﴿٤٨﴾

۳۳ـ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَلَبِثْتَ فِينَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِينَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَا إِذًا وَأَنَا مِنَ الضَّالِّينَ ﴿٢٠﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَجَعَلَنِي مِنَ

آدمیوں پر ایمان لے آئیں، حالانکہ ان کی قوم ہماری غلام ہے۔ پھر انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا تو وہ ہلاک ہونے والوں میں ہو گئے۔

ـ المؤمنون ۲۳: ۴۵ـ ۴۸ـ

۳۳ـ فرعون نے کہا: کیا ہم نے تجھے بچپن سے نہیں پالا۔ اور کیا تو ہم میں اپنی عمر کے کئی سال نہیں رہا۔ اور تو اپنا وہ کام کر گیا جو کر گیا۔ اور تو ناشکر گزاروں میں ہے۔ کہا میں نے وہ کام اس وقت کیا تھا جب میں ناسمجھ تھا۔ پھر جب میں تم سے ڈرا تو میں تمہارے پاس سے بھاگ گیا۔ پھر مجھے پروردگار نے قوتِ فیصلہ عطا فرمائی اور مجھے رسولوں میں کیا۔ اور کیا یہ بھی کوئی احسان ہے جو تو مجھ پر رکھتا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا لیا۔ فرعون نے کہا کہ جہانوں کا پروردگار کیا ہوتا ہے؟ کہا آسمانوں اور زمین اور ان کے

الْمُرْسَلِينَ ۝ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدْتَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝ قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ مُوقِنِينَ ۝ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ۝ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝ قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ۝ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُونَ ۝ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلَٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ۝

درمیان کی چیزوں کا پروردگار، اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ فرعون نے اپنے پاس والوں سے کہا کہ کیا تم سنتے نہیں؟ موسیٰ نے کہا تمہارا پروردگار اور تمہارے باپ دادوں کا پروردگار۔ فرعون نے کہا: بے شک تمہارا یہ رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے دیوانہ ہے۔ موسیٰ نے کہا، مشرق اور مغرب اور اس کے درمیان کی چیزوں کا پروردگار اگر تم سمجھو۔ بولا، اگر تو نے میرے سوا کوئی معبود پکڑا تو میں ضرور تجھے جیل خانہ بھیج دوں گا۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۸۔۲۹۔

۳۴۔ فَلَمَّا جَاءَهُمْ مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا بَيِّنَاتٍ قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُفْتَرًى وَمَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ ۝ وَقَالَ مُوسَىٰ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَنْ جَاءَ بِالْهُدَىٰ مِنْ عِنْدِهِ وَمَنْ تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۖ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرِي فَأَوْقِدْ لِي يَا هَامَانُ عَلَى الطِّينِ فَاجْعَلْ لِي صَرْحًا لَعَلِّي أَطَّلِعُ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُودُهُ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ۝

۳۴۔ پھر جب موسیٰ ان کے پاس ہماری کھلی نشانیاں لے کر آیا تو کہنے لگے کہ یہ تو کچھ بھی نہیں۔ گھڑا ہوا جادو ہے۔ اور ہم نے اپنے اگلے باپ دادوں میں تو یہ بات سنی نہیں۔ اور موسیٰ نے کہا: میرا پروردگار اسے خوب جانتا ہے، جو اس کے ہاں سے ہدایت لے کر آیا ہے اور جس کے لیے دار آخرت ہے۔ بے شک ظالم فلاح نہیں پاتے۔ اور فرعون نے کہا اے درباریو! میں تمہارے لیے اپنے سوا کوئی معبود نہیں جانتا۔ تو اے ہامان! میرے لیے گارے کو آگ لگا اور میرے لیے ایک محل تیار کر تاکہ میں جھانک کر موسیٰ کے معبود کو دیکھوں۔ اور میں اسے جھوٹا خیال کرتا ہوں۔ اور اس نے اور اس کے لشکر نے ناحق ملک میں تکبر کیا۔ اور یہ خیال کیا کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۳۶۔۳۹۔

۳۵۔ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ ۝ أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا ۚ وَكَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ ۝

۳۵۔ اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان! میرے لیے ایک محل بنا۔ شاید میں رستوں میں پہنچوں۔ (یعنی) آسمانوں کے رستوں میں۔ پھر میں جھانک کر موسیٰ کے معبود کو دیکھوں۔ اور میں تو اسے جھوٹا خیال کرتا ہوں۔ اور اسی طرح فرعون کو اس کے برے کام اچھے کر کے دکھلائے گئے۔ اور وہ راہ (راست) سے روکا گیا۔ اور فرعون کا جو داؤ تھا وہ تباہ ہونے کے لیے تھا۔

۔المؤمن ۴۰: ۳۶۔۳۷۔

۱۱۔ فرعون نشانی مانگتا ہے

۳۶۔ کہا اگر تو کوئی نشانی لایا ہے تو اسے ہمارے سامنے لا، اگر تو سچا ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۰۶۔

۳۷۔ کہا اگر تو نے میرے سوا کوئی معبود پکڑا تو میں تجھے ضرور جیل خانہ بھیج دوں گا۔ موسیٰ نے کہا اگرچہ میں تیرے پاس کھلی سند لاؤں؟ کہا اگر تو سچا ہے تو اسے لے آ۔

۔الشعراء ۲۶:۲۹۔۳۱۔

۱۲۔ نشانیاں دکھلانا

۳۸۔ تب اس نے اپنی لاٹھی زمین پر ڈال دی تو فوراً ہی ایک صریح اژدہا بن گئی۔ اور اپنا ہاتھ اندر سے نکالا تو وہ اسی دم دیکھنے والوں کو چٹا نظر آیا۔

۔الاعراف ۷:۱۰۷۔۱۰۸ و الشعراء ۲۶:۳۲۔۳۳۔

۳۹۔ پھر اس نے اسے بڑی نشانی دکھلائی۔

۔النّٰزعٰت ۷۹:۲۰۔

۴۰۔ فرعون کی قوم کے سرداروں نے کہا کہ بے شک یہ ایک دانا جادوگر ہے۔ چاہتا ہے کہ تمہیں تمہارے ملک سے نکال دے۔ تو اب تم کیا صلاح دیتے ہو؟ وہ بولے کہ اسے اور اس کے بھائی کو کچھ دنوں مہلت دے اور شہروں میں ہرکارے بھیج دے کہ وہ تیرے پاس ہر ایک دانا جادوگر کو لے آئیں۔ اور فرعون کے پاس جادوگر آئے۔ بولے: اگر ہم غالب آگئے تو ہمیں کچھ صلہ ملے گا؟ کہا: ہاں اور تم بادشاہ کے مقربوں میں ہوگے۔ انہوں نے کہا کہ اے موسیٰ یا تو تو ہی پہلے ڈال اور یا ہم ہی ڈالیں۔ کہا تم ہی ڈالو۔

۳۶۔ قَالَ إِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝

۳۷۔ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ۝ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ۝ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝

۳۸۔ فَأَلْقٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ۝ وَّنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنّٰظِرِينَ ۝

۳۹۔ فَأَرٰىهُ الْآيَةَ الْكُبْرٰى ۝

۴۰۔ قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيمٌ ۝ يُّرِيدُ أَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ أَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ۝ قَالُوٓا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِينَ ۝ يَأْتُوكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيمٍ ۝ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوٓا إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا إِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِينَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ قَالُوا يٰمُوسٰىٓ إِمَّآ أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّآ أَنْ نَّكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ۝ قَالَ أَلْقُوا ۚ فَلَمَّآ أَلْقَوْا سَحَرُوٓا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَآءُو بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ۝ وَأَوْحَيْنَآ إِلٰى مُوسٰىٓ أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صٰغِرِينَ ۝ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِينَ ۝ قَالُوٓا آمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝ رَبِّ مُوسٰى وَهٰرُونَ ۝ قَالَ فِرْعَوْنُ آمَنْتُمْ بِهِ قَبْلَ أَنْ آذَنَ

پھر جب انہوں نے ڈالا تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور انہیں ڈرا دیا اور بڑا بھاری جادو لائے۔ اور ہم نے موسیٰ کو حکم دیا کہ اپنی لاٹھی ڈال دے تو وہ پڑتے ہی جو جھوٹ وہ بنا رہے تھے، وہ اسے نگلنے لگی۔ سو حق ثابت ہوگیا۔ اور جو وہ کر رہے تھے، نابود ہوا۔ غرض وہ اس موقعہ پر ہار گئے اور ذلیل ہو کر واپس ہوئے۔ اور جادوگر سجدے میں گر پڑے۔ کہا کہ ہم جہانوں کے پروردگار پر ایمان لائے۔ موسیٰ اور ہارون کے پروردگار پر۔ فرعون نے کہا کہ تم اس سے پہلے ہی اس پر ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں۔ بے شک یہ ایک مکر ہے جو تم نے مل کر شہر میں کیا ہے۔ تاکہ اس سے اس کے باشندوں کو نکال دو۔ تو عنقریب ہی تم (مزہ) معلوم کرو گے۔ میں خود تمہارے ہاتھ اور جانب مقابل سے پاؤں کٹواؤں گا۔ پھر ضرور

تمہیں سب کو سولی پر چڑھا دوں گا۔ وہ بولے کہ ہم تو اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اور تو ہم سے صرف اس بات سے ناخوش ہے کہ ہم اپنے پروردگار کی آیتوں پر جب وہ ہمارے پاس آئیں، ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں مسلمان مار۔

۔الاعراف ۷: ۱۰۹ - ۱۲۶۔

۴۱۔ اور فرعون نے کہا کہ میرے پاس ہر ایک دانا جادوگر کو لے کر آؤ۔ پھر جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ نے ان سے کہا کہ جو تمہیں ڈالنا ہے ڈالو۔ پھر جب انہوں نے ڈالا تو موسیٰ نے کہا کہ جو تم لائے ہو، وہ جادو ہے۔ اللہ اسے مٹا دے گا۔ بے شک اللہ مفسدوں کا کام نہیں سنوارتا۔ اور اپنی باتوں سے حق کو قائم رکھتا ہے اگرچہ گنہگاروں کو برا لگے۔

۔یونس ۱۰: ۷۹ - ۸۲۔

۴۲۔ اور ہم نے اسے اپنی ساری نشانیاں دکھلائیں۔ اس پر بھی اس نے جھٹلایا اور نہ مانا۔ کہا اے موسیٰ! کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ اپنے جادو کے زور سے ہمیں ہمارے ملک سے نکال دے؟ ہم بھی تیرے پاس ایسا ہی جادو لائیں گے۔ تو تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کر دے۔ نہ اس کے خلاف ہم کریں اور نہ تو۔ ایک ہموار میدان۔ کہا تمہارا وعدہ جشن کا دن ہے۔ اور یہ کہ لوگوں کو دن چڑھے جمع کیا

لَكُمْ ۚ إِنَّ هَٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوهُ فِي الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُوا مِنْهَا أَهْلَهَا ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ قَالُوا إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ ۝ وَمَا تَنقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ رَبِّنَا لَمَّا جَاءَتْنَا ۚ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ۝

۴۱۔ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُونِي بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيمٍ ۝ فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ أَلْقُوا مَا أَنتُم مُّلْقُونَ ۝ فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ ۖ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ۝

۴۲۔ وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ۝ قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ۝ فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنتَ مَكَانًا سُوًى ۝ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَن يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝ فَتَوَلَّىٰ فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ۝ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُم بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ۝ فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَىٰ ۝ قَالُوا إِنْ هَٰذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَن يُخْرِجَاكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ ۝ فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا

جائے۔ پھر فرعون پلٹا۔ پھر اپنی ساری تدبیریں جمع کیں۔ پھر آیا۔ موسیٰ نے ان سے کہا تمہارا برا ہو اللہ پر جھوٹ نہ بولو کہ وہ تمہیں کسی عذاب سے کھپا دے۔ اور بے شک وہ نامراد ہوا جس نے جھوٹ باندھا۔ پھر انہوں نے اپنے کام میں اپنے درمیان جھگڑا کیا۔ اور خفیہ مشورہ کیا۔ کہا: بے شک یہ دونوں دو جادوگر ہیں۔ چاہتے ہیں کہ اپنے جادو کے زور سے تمہیں تمہارے ملک سے نکال دیں۔ اور تمہارا اچھا مذہب مٹا ڈالیں۔ تو تم اپنے داؤ اکٹھے کرو، پھر صف باندھ کر آؤ۔ اور آج وہی جیتے گا جو غالب

عَلٰی وَقَدْ اَفْلَحَ الْیَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰی ﴿۶۴﴾ قَالُوْا یٰمُوْسٰۤی اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِیَ وَاِمَّاۤ
اَنْ نَّکُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰی ﴿۶۵﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِیُّهُمْ یُخَیَّلُ
اِلَیْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰی ﴿۶۶﴾ فَاَوْجَسَ فِیْ نَفْسِهٖ خِیْفَةً مُّوْسٰی ﴿۶۷﴾ قُلْنَا
لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِکَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا
صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا
قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰی ﴿۷۰﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَکُمْ ۭ اِنَّهٗ
لَکَبِیْرُکُمُ الَّذِیْ عَلَّمَکُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَکُمْ وَاَرْجُلَکُمْ مِّنْ
خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَیُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ
اَبْقٰی ﴿۷۱﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَکَ عَلٰی مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَالَّذِیْ فَطَرَنَا
فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ﴿۷۲﴾ اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا
لِیَغْفِرَ لَنَا خَطٰیٰنَا وَمَاۤ اَکْرَهْتَنَا عَلَیْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی ﴿۷۳﴾

۴۳۔ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِیْمٌ ﴿۳۴﴾ یُّرِیْدُ اَنْ یُّخْرِجَکُمْ مِّنْ
اَرْضِکُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِی
الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ ﴿۳۶﴾ یَاْتُوْکَ بِکُلِّ سَحَّارٍ عَلِیْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ
لِمِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِیْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا
نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ کَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا

رہا۔ کہا اے موسیٰ! یا تو پہلے تو ہی ڈال اور یا پہلے ڈالنے والے ہم ہی ہوں۔ کہا بلکہ تم ہی ڈالو۔ تو ڈالتے ہی ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں ان کے جادو سے اس کے خیال میں ایسی معلوم ہوئیں کہ وہ دوڑ رہی ہیں۔ تو موسیٰ اپنے دل میں ڈرا۔ ہم نے کہا ڈر نہیں۔ بے شک تو ہی اعلیٰ رہے گا۔ اور جو تیرے ہاتھ میں ہے، اسے ڈال دے کہ جو انہوں نے کیا ہے، اسے نگل جائے۔ انہوں نے تو بس جادوگر کا داؤں کھیلا ہے اور جادوگر جہاں کہیں بھی آئے فلاح نہیں پاتا۔ پھر جادوگر سجدہ میں گر پڑے۔ بولے کہ ہم ہارون اور موسیٰ کے پروردگار پر ایمان لائے۔ کہا: تم اس سے پہلے ہی اس پر ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں۔ بے شک یہ تمہارا بڑا (گرو) ہے جس نے تمہیں جادو سکھلایا ہے۔ تو میں ضرور تمہارے ہاتھ اور جانب مقابل کے پاؤں کٹواؤں گا اور ضرور تمہیں کھجور کی شاخوں پر سولی چڑھاؤں گا۔ اور تم جان لو گے کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور پائدار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو کھلی دلیلیں ہمارے پاس آ چکی ہیں، ان پر اور جس نے ہمیں پیدا کیا ہے اس پر ہم تجھے ہرگز ترجیح نہیں دیں گے۔ تو جو کرنا چاہے کر گزر۔ تو تو صرف اس دنیا کی زندگی ہی میں کرے گا۔ ہم اپنے پروردگار پر ایمان لے آئے تاکہ وہ ہمیں ہمارے گناہ اور جو جادو تو نے زبردستی ہم سے کروایا، معاف کرے۔ اور اللہ بہتر اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۵۶-۷۳۔

۴۳۔ فرعون نے سرداروں سے جو اس کے پاس تھے کہا کہ بے شک یہ ایک دانا جادوگر ہے۔ چاہتا ہے کہ اپنے جادو کے زور سے تمہیں تمہارے ملک سے نکال دے۔ اب تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ وہ بولے: اسے اور اس کے بھائی کو کچھ دنوں مہلت دے اور شہروں میں ہرکارے بھیج دے کہ وہ تیرے پاس ہر ایک دانا جادوگر کو لے آئیں۔ پھر ایک مقرر دن کے وعدہ پر جادوگر اکٹھے کیے گئے۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم بھی اکٹھے ہو گے؟ شاید ہم جادوگروں کی راہ پر آ جائیں، اگر وہی غالب رہے۔ پھر جب جادوگر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کہ اگر ہم جیت گئے تو ہمیں کچھ صلہ بھی ملے گا؟ کہا ہاں اور اس صورت میں تم (بادشاہ کے) مقربوں میں ہو گے۔ موسیٰ نے ان سے کہا کہ جو تم ڈالتے ہو ڈالو۔ تب انہوں نے اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں ڈالیں اور کہا فرعون کے اقبال سے ہم ہی غالب رہیں گے۔ پھر موسیٰ نے اپنی لاٹھی ڈالی تو وہ اسی دم جھوٹ کو جو انہوں نے بنایا تھا نگلنے لگی۔ اس پر جادوگر سجدے میں گر پڑے۔

بولے کہ ہم جہانوں کے پروردگار پر ایمان لائے۔ موسیٰ اور ہارون کے پروردگار پر۔ کہا: تم اس سے پہلے ہی ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں۔ بے شک یہ تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھلایا ہے۔ تو عنقریب ہی تم (مزہ) معلوم کرلوگے۔ میں ضرور تمہارے ہاتھ اور جانب مقابل سے پاؤں کٹواؤں گا۔ اور ضرور تم سب کو سولی چڑھاؤں گا۔ بولے: کچھ مضائقہ نہیں۔ ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ہم خواہش رکھتے ہیں کہ ہمارا پروردگار ہماری خطائیں معاف کرے کہ ہم پہلے ایمان لائے۔

-الشعراء ۲۶: ۴۱-۵۱

۴۴۔ پھر جب وہ ان کے پاس ہمارے پاس سے حق لے کر آیا تو کہنے لگے کہ جو لوگ اس کے ساتھ ہو کر ایمان لائے ہیں، ان کے بیٹوں کو قتل کردو۔ اور ان کی بیٹیوں کو زندہ رکھو۔ اور کافروں کا جو داؤ ہے وہ نری گمراہی ہے۔

-المؤمن ۴۰: ۲۵

۱۴۔ فرعون کا موسیٰ علیہ السلام کے قتل کا ارادہ کرنا اور ایک مومن کا جو خفیہ ایمان لایا تھا انہیں نصیحت کرنا۔

۴۵۔ اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑو کہ موسیٰ کو مار ڈالوں۔

لِفِرْعَوْنَ أَئِنَّ لَنَا لَأَجْرًا إِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغَالِبِينَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ إِذًا لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ أَلْقُوا مَا أَنْتُمْ مُلْقُونَ ۝ فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُونَ ۝ فَأَلْقَىٰ مُوسَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ ۝ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ ۝ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ۝ قَالَ آمَنْتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۚ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ قَالُوا لَا ضَيْرَ ۖ إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنْقَلِبُونَ ۝ إِنَّا نَطْمَعُ أَنْ يَغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطَايَانَا أَنْ كُنَّا أَوَّلَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

۴۴۔ فَلَمَّا جَاءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوا أَبْنَاءَ الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ وَاسْتَحْيُوا نِسَاءَهُمْ ۚ وَمَا كَيْدُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ ۝

۴۵۔ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُونِي أَقْتُلْ مُوسَىٰ وَلْيَدْعُ رَبَّهُ ۖ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُبَدِّلَ دِينَكُمْ أَوْ أَنْ يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ الْفَسَادَ ۝

۴۶۔ وَقَالَ مُوسَىٰ إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ مِنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝ وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ وَإِنْ يَكُ

اور وہ اپنے پروردگار کو بلالے۔ میں ڈرتا ہوں کہ وہ تمہارا دین بدل ڈالے یا ملک میں فساد ڈالے۔

-المؤمن ۴۰: ۲۶

۴۶۔ اور موسیٰ نے کہا کہ میں ہر ایک متکبر سے جو قیامت پر ایمان نہیں رکھتا، اپنے پروردگار اور تمہارے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں۔ اور فرعونیوں میں سے ایک ایمان دار آدمی جو اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا، بولا: کیا تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو یہ کہتا ہے

كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ ۖ وَإِن يَكُ صَادِقًا يُصِبْكُم بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ
لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿٢٨﴾ يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَاهِرِينَ فِي
الْأَرْضِ فَمَن يَنصُرُنَا مِن بَأْسِ اللَّهِ إِن جَاءَنَا ۚ قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ
إِلَّا مَا أَرَىٰ وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ
إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ ﴿٣٠﴾ مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ
وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ ۚ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿٣١﴾ وَيَا قَوْمِ إِنِّي
أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿٣٢﴾ يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ
عَاصِمٍ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوسُفُ مِن قَبْلُ
بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا جَاءَكُم بِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَن
يَبْعَثَ اللَّهُ مِن بَعْدِهِ رَسُولًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ
مُّرْتَابٌ ﴿٣٤﴾ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۖ كَبُرَ مَقْتًا
عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ
جَبَّارٍ ﴿٣٥﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَّعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ ﴿٣٦﴾
أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا ۚ وَكَذَٰلِكَ زُيِّنَ
لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ ﴿٣٧﴾
وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ الرَّشَادِ ﴿٣٨﴾ يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ

کہ میرا پروردگار اللہ ہے۔ اور وہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیلیں لے کر آیا ہے۔ اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اسی پر ہے۔ اور اگر وہ سچا ہے تو تم پر بعض وہ عذاب جس کا وہ وعدہ کرتا ہے، پڑے گا۔ بے شک اللہ کسی ایسے شخص کو ہدایت نہیں کرتا جو حد سے باہر نکلنے والا جھوٹا ہو۔ بھائیو! آج تمہارا راج ہے کہ ملک میں بڑھ چڑھ رہے ہو۔ تو اللہ کے عذاب سے اگر وہ ہم پر آ گیا، ہماری کون مدد کرے گا؟ فرعون بولا: میں تمہیں وہی بات سمجھاتا ہوں جو مجھے سوجھی ہے اور تمہیں وہی راہ بتاتا ہوں جس میں بھلائی ہے۔ اور جو ایمان لایا تھا، اس نے کہا بھائیو! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر ان (اگلے) فرقوں کا سا دن آ جائے۔ جیسا کہ قومِ نوح اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد کے سرکش لوگوں میں رسم پڑ چکی ہے۔ اور اللہ بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا۔ اور بھائیو! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر ایک پکار کا دن آ جائے جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے؟ تمہیں کوئی اللہ سے بچانے والا نہیں ہے۔ اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں۔ اور اس سے پہلے تمہارے پاس یوسف کھلی دلیلیں لے کر آیا تھا۔ تو تم ہمیشہ اس بات کی طرف سے جو وہ تمہارے پاس لے کر آیا تھا۔ شک میں رہے یہاں تک کہ جب وہ فوت ہو گیا تو تم نے کہا کہ اللہ اس کے بعد ہرگز کوئی رسول نہیں بھیجے گا۔ یوں اللہ اس شخص کو گمراہ کرتا ہے جو حد سے باہر نکلنے والا، شک کرنے والا ہو۔ وہ جو بغیر کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو، اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ اللہ کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک بڑے غضب کی بات ہے۔ یوں اللہ ہر ایک غرور والے سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔ اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان! میرے لیے ایک محل بنا۔ شاید میں رستوں پر پہنچ جاؤں۔ یعنی آسمان کے رستوں پر۔ اور موسیٰ کے معبود کو جھانک کر دیکھ لوں اور میں تو اسے جھوٹا خیال کرتا ہوں۔ اور اسی طرح فرعون کو اس کے برے عمل اچھے دکھلائی دیے۔ اور وہ راہ

سے روکا گیا۔ اور فرعون کا جو داؤ تھا، سو تباہ ہونے کے لیے۔ اور جو ایمان لایا تھا اس نے کہا کہ بھائیو! میرا کہا مانو۔ میں تمہیں راہ ہدایت پر لگا دوں گا۔ بھائیو! یہ دنیا کی زندگی تو بس چند روزہ فائدہ ہے اور جو آخرت ہے وہی ٹھہرنے کا گھر ہے۔ جو برائی کرے گا اس کو برائی کے برابر ہی سزا دی جائے گی۔ اور جو نیک کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ ہو ایمان دار، تو ایسے ہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ وہاں انہیں بے حساب روزی دی جائے گی۔ اور بھائیو! مجھے کیا ہوا کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے آگ کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ سے منکر ہوں اور اس کا شریک ٹھہراؤں اسے، جس کی مجھے خبر نہیں۔ اور میں تو تمہیں غالب، بخشنے والے کی طرف بلاتا ہوں۔ بات یہ ہے کہ جس کی طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کا بلاوا کہیں بھی نہیں۔ نہ دنیا میں نہ آخرت میں۔ اور یہ کہ ہمیں اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اور یہ جو حد سے باہر نکلنے والے ہیں، وہی دوزخی ہیں۔ سو جو میں تم سے کہتا ہوں۔ تم اسے یاد رکھو گے اور میں اپنا کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بے شک اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔ تو اللہ نے موسیٰ کو ان کے برے داؤں سے بچا لیا اور فرعون والوں کو برے عذاب نے آ گھیرا۔

۔ المؤمن ۴۰: ۳۹-۴۵۔

۱۵۔ فرعونیوں کو اللہ کی طرف سے تنبیہات

۴۷۔ اور ہم نے فرعونیوں کو قحط اور پھلوں کی کمی میں پکڑا تاکہ وہ سوچیں۔

۔ الاعراف ۷: ۱۳۰۔

۴۸۔ سو جب انہیں بھلائی پہنچتی تو کہتے کہ یہ ہمارے لیے ہے۔ اور اگر انہیں کوئی تکلیف پہنچتی تو موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کی نحوست بتلاتے۔ سن لو کہ ان کی نحوست اللہ ہی کی طرف سے ہے لیکن اکثر ان میں نہیں جانتے۔ اور کہنے لگے کہ جب کبھی بھی تو ہمارے پاس کوئی نشانی لائے گا کہ اس سے تو ہم پر جادو کرے تو ہم تو تجھ پر ایمان لانے والے نہیں۔

۔ الاعراف ۷: ۱۳۱-۱۳۲۔

۴۹۔ پھر جب ہماری راہ سجھانے والی نشانیاں ان کے پاس آئیں تو کہنے لگے کہ یہ تو کھلا جادو ہے اور انہوں نے ان کا انکار کیا۔ اور ان کے دلوں نے ان کا یقین کر لیا۔ انکار کیا ظلم اور تکبر سے۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان مفسدوں کا انجام کیسا برا ہوا۔

۔ النمل ۲۷: ۱۳-۱۴۔

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۡ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ۝ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۝

۴۷۔ وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝

۴۸۔ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ۭ اَلَآ اِنَّمَا طٰۗىِٕرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝

۴۹۔ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

۵۰۔ پھر ہم نے ان پر ٹڈیاں اور چچڑیاں اور مینڈکیں اور خون کا عذاب بھیجا۔ جو کھلی نشانیاں تھیں۔ تو انہوں نے غرور کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے۔

۔الاعراف ۷: ۱۳۳۔

۱۶۔ فرعونیوں کی عہد شکنی

۵۱۔ اور جب ان پر عذاب آ پڑا تو بولے کہ اے موسیٰ! ہمارے لیے اپنے پروردگار سے، جیسا اس نے تجھ سے عہد کیا ہے دعا کر۔ اگر تو نے ہم سے یہ عذاب دور کر دیا تو ہم ضرور تجھ پر ایمان لے آئیں گے اور ضرور تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دیں گے۔ پھر جب ہم نے ان سے ایک مدت تک کے لیے جس تک انہیں پہنچنا تھا، وہ عذاب ہٹا لیا تو اسی دم وہ لگے بدعہدی کرنے۔

۔الاعراف ۷: ۱۳۴: ۱۳۵۔

۵۲۔ پھر جب ہم نے ان سے وہ عذاب دور کر دیا تو اسی دم وہ بدعہدی کرنے لگے۔

۔الزخرف ۴۳: ۵۰۔

۵۳۔ اور وہ بولے: اے جادوگر! تو اپنے پروردگار سے اس عہد کے بموجب جو اس نے تجھ سے کیا ہے، ہمارے لیے دعا کر، تو ضرور ہم راہ پر آ جائیں گے۔

۔الزخرف ۴۳: ۴۹۔

۱۷۔ فرعون کا بادشاہت مصر پر تکبر

۵۴۔ اور فرعون نے اپنی قوم میں پکار کر کہا کہ بھائیو! کیا ملک مصر اور یہ نہریں جو میرے (محل کے) نیچے بہتی ہیں، میری نہیں ہیں؟ کیا تم دیکھتے نہیں؟ بھلا میں اس سے بہتر نہیں ہوں جو ذلیل ہے اور صاف بول تک نہیں سکتا۔ تو اس پر اوپر سے سونے کے کنگن کیوں نہیں ڈالے گئے یا اس کے ساتھ پرا باندھ کر فرشتے کیوں

۵۰۔ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

۵۱۔ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

۵۲۔ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

۵۳۔ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾

۵۴۔ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾

۵۵۔ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

۵۶۔ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾

نہیں آئے؟

۔الزخرف ۴۳۔ ۵۱۔ ۵۳۔

۱۸۔ فرعون کا دعوائے خدائی

۵۵۔ اور فرعون نے کہا کہ اے درباریو! میرے علم میں تو میرے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔ تو اے ہامان! میرے لیے گارے میں آگ لگا اور میرے لیے ایک محل تیار کر۔ شاید میں موسیٰ کے معبود کو جھانک کر دیکھ سکوں اور میں تو اسے جھوٹا سمجھتا ہوں۔

۔القصص ۲۸: ۳۸۔

۵۶۔ پھر اس نے جمع کیا پھر آواز دی۔ کہا کہ میں تمہارا سب سے اعلیٰ پروردگار ہوں۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۲۳۔ ۲۴۔

۵۷۔ اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور ہدایت نہ کی۔

–طٰہٰ ۲۰:۷۹

۵۸۔ تو اس نے اپنی قوم کی عقل کھو دی۔ انہوں نے اس کی اطاعت کی۔ بے شک وہ بدکار لوگ تھے۔

–الزخرف ۴۳:۵۴

۵۹۔ کچھ شک نہیں کہ وہ بدکار لوگ تھے۔

–القصص ۲۸:۳۲

۱۹۔ فرعون اور اس کی قوم گنہگار اور نافرمان

۶۰۔ بے شک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکری غلطی پر تھے۔

–القصص ۲۸:۸

۶۱۔ اور فرعون اور اس سے پہلی امتیں اور الٹی بستیوں والے خطا کے مرتکب ہوئے کہ انہوں نے اپنے پروردگار کے رسول کی نافرمانی کی۔ پھر ان کو بڑے سخت عذاب نے آ پکڑا۔

–الحاقۃ ۶۹:۹-۱۰

۵۷۔ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝

۵۸۔ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝

۵۹۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝

۶۰۔ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝

۶۱۔ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۚ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝

۶۲۔ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝

۶۳۔ فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۚ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ۚ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۚ

۶۴۔ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۝ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۶۵۔ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

۶۶۔ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝

۶۷۔ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي

۶۲۔ پس فرعون نے رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے اسے سخت پکڑ میں دھر پکڑا۔

–المزمل ۷۳:۱۶

۶۳۔ پھر اس نے اسے وہ بڑی نشانی دکھلائی تو اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی۔ پھر پیٹھ پھیر تلاش کرتا چلا۔

–النّٰزعٰت ۷۹:۲۰-۲۲

۲۰۔ موسیٰ علیہ السلام پر فرعون سے ڈرتے ڈرتے کچھ آدمی ایمان لائے

۶۴۔ تو موسیٰ پر اس کی قوم سے چند اشخاص کے سوا کوئی ایمان نہ لایا۔ وہ بھی فرعون اور اس کے سرداروں سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ انہیں مبتلائے مصیبت نہ کر دیں اور بے شک فرعون ملک میں چڑھ رہا تھا اور بے شک وہ حد سے باہر نکلنے والوں میں تھا۔ اور موسیٰ نے کہا کہ بھائیو! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر بھروسا رکھو اگر تم مسلمان ہو۔ بولے کہ ہم نے اللہ پر بھروسا کیا۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں ظالم لوگوں کا زیرِ مشق نہ بنا۔ اور ہمیں اپنی رحمت سے کافر لوگوں سے نجات دے۔

–یونس ۱۰:۸۳-۸۶

۲۱۔ فرعون مفسد اور حد سے باہر

۶۵۔ بے شک وہ مفسدوں میں تھا۔

–القصص ۲۸:۴

۶۶۔ فرعون سے تمہیں نجات دی۔ بے شک وہ چڑھ رہا تھا حد سے باہر نکل جانے والا۔

–الدخان ۴۴:۳۱

۲۲۔ فرعون کے حق میں موسیٰ علیہ السلام کی بددعا

۶۷۔ اور موسیٰ نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے

فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں ہر قسم کی زینت اور مال دیا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! کیا اس لیے کہ وہ لوگوں کو تیری راہ سے بہکائیں۔ اے ہمارے پروردگار! ان کے مالوں کو ملیا میٹ کر دے اور ان کے دل سخت کر دے کہ جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں، ایمان نہ لائیں۔ فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول کی گئی تو تم قائم رہو۔ اور ان کی راہ پر نہ پڑو جو علم نہیں رکھتے۔

۔یونس ۱۰: ۸۸۔۸۹۔

۶۸۔ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے نکل۔ پھر انہیں سمندر میں خشک راہ میں ڈال دے۔ نہ تجھے پکڑے جانے کا خوف اور نہ ڈر۔ تو فرعون نے اپنے لشکروں کے ساتھ ان کا پیچھا کیا۔ تو سمندر سے ان پر چھا گیا جو چھا گیا اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور راہ پر نہ لگایا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۷۷۔۷۹۔

۲۳۔ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو لے کر نکلے، فرعون کا تعاقب کرنا اور مع لشکر کے غرق ہونا

۶۹۔ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے کر نکل، تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ پھر فرعون نے شہر میں ہرکارے بھیجے۔ کہا کہ یہ ایک تھوڑی سی جماعت ہے اور انہوں نے ہمیں غصہ دلایا ہے۔ اور ہم سب ڈرتے ہیں۔ پھر ہم نے انہیں باغوں اور چشموں سے نکال باہر کیا اور خزانوں اور عزت کے مقام سے۔ اور یوں ہی ہوا۔

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيْلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

۶۸۔ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿۷۹﴾

۶۹۔ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۶۵﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶۸﴾

اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان کا وارث بنایا۔ پھر سورج نکلے انہوں نے ان کا پیچھا کیا۔ پھر جب دونوں جماعتیں مقابل ہوئیں، تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا کہ ہم تو پکڑے گئے۔ کہا: ہرگز نہیں۔ میرے ساتھ میرا پروردگار ہے۔ وہ مجھے راہ پر لگا دے گا۔ پھر ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنی لاٹھی سمندر پر مار۔ تو وہ پھٹ گیا اور ہر ایک پھانک ایسی ہو گئی جیسے بڑا پہاڑ اور وہاں ہم نے دوسروں کو قریب کر دیا اور موسیٰ اور اس کے سب ساتھیوں کو بچا لیا۔ پھر دوسروں کو ڈبو دیا۔ بے شک اس میں (قدرت کی) ایک نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ماننے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک تیرا پروردگار ہی غالب، مہربان ہے۔

۔الشعراء ۲۶: ۵۲۔۶۸۔

۷۰۔ تو تو میرے بندوں کو راتوں رات لے نکل۔ تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ اور سمندر کو تھما ہوا چھوڑ۔ بے شک وہ لشکر ہیں ڈوبنے والے۔ انہوں نے کتنے ہی باغ اور چشمے چھوڑے۔ اور کھیتیاں اور عزت کے مقام اور نعمت جس میں وہ باتیں بنایا کرتے تھے۔ یوں ہی ہوا اور ہم نے ان چیزوں کا وارث دوسرے لوگوں کو کر دیا۔ تو نہ ان پر آسمان اور زمین ہی روئے اور نہ انہیں مہلت ہی ملی۔

۔الدخان ۴۴: ۲۳۔ ۲۹۔

۲۴۔ فرعون کا ڈوبتے وقت بے فائدہ ایمان لانا

۷۱۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار اتار دیا تو فرعون اور اس کے لشکروں نے حسد اور عداوت سے ان کا پیچھا کیا۔ یہاں تک کہ جب اسے غرق نے آ لیا۔ تو بولا کہ میں اس بات پر ایمان لایا کہ اس کے سوا جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اور کوئی معبود نہیں۔ اور میں اس کے فرماں برداروں میں ہوں۔ اب (ایمان لاتا ہے) اور پہلے تو نافرمانی کرتا رہا اور تو مفسدوں میں تھا۔ سو آج ہم تیرے بدن کو بچا لیں گے۔ تاکہ تو اپنے بعد کے لوگوں کے لیے ایک نشانی ہو۔ اور بے شک بہت سے آدمی ہماری آیتوں سے غافل ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۹۰۔ ۹۲۔

۲۵۔ قیامت کو فرعون کی قوم دوزخ میں

۷۲۔ وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا۔ پھر انہیں آگ پر لے جائے گا اور برا گھاٹ ہے جس پر وہ اترے گا۔

۔ہود ۱۱: ۹۸۔

۲۶۔ فرعون کو عذاب برزخ، قیامت میں دردناک عذاب

۷۳۔ پھر اللہ نے موسیٰ کو برے داؤں سے جو وہ کرتے تھے، بچا لیا۔ اور فرعونیوں کو برے عذاب نے

۷۰۔ فَأَسْرِ بِعِبَادِي لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ﴿۲۳﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُندٌ مُّغْرَقُونَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوا مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿۲۵﴾ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿۲۶﴾ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ ﴿۲۷﴾ كَذَٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا مُنظَرِينَ ﴿۲۹﴾

۷۱۔ وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿۹۰﴾ آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ﴿۹۱﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ﴿۹۲﴾

۷۲۔ يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ﴿۹۸﴾

۷۳۔ فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا ۖ وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا ۖ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا نَصِيبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾

۷۴۔ وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ﴿۹۹﴾

آ گھیرا۔ وہ آگ ہے جس پر وہ صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں اور جس دن قیامت ہوگی کہا جائے گا کہ فرعونیوں کو سخت عذاب میں داخل کرو۔ اور جب وہ آگ میں پڑے باہم جھگڑیں گے تو کمزور ان لوگوں سے جو تکبر کیا کرتے تھے کہیں گے کہ ہم (دنیا میں) تمہارے حکم میں تھے۔ تو کیا تم آگ کے ایک حصے سے ہمیں بچا لو گے؟ جو غرور کیا کرتے تھے وہ کہیں گے کہ ہم سب ہی اس میں ہیں۔ اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ کر چکا۔

۔المؤمن ۴۰: ۴۵۔ ۴۸۔

۲۷۔ فرعونیوں پر دنیا اور آخرت میں لعنت

۷۴۔ اور اس دنیا میں اور قیامت کے دن ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی۔ برا انعام ہے جو انہیں ملا۔

۔ہود ۱۱: ۹۹۔

۷۵۔ اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی۔ اور قیامت کے دن وہ بری حالت میں ہوں گے۔

۔ القصص ۲۸: ۴۲۔

۷۶۔ اور اللہ نے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں فرعون کی عورت کی مثال بیان کی ہے۔ جب اس نے کہا کہ اے میرے پروردگار! میرے لیے اپنے ہاں جنت میں ایک گھر بنا۔ اور مجھے فرعون اور اس کے کاموں سے بچا۔ اور مجھے ظالم لوگوں سے نجات دے۔

۔ التحریم ۶۶: ۱۱۔

۷۷۔ پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا اور انہیں سمندر میں غرق کر دیا۔ اس لیے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ ان کی طرف سے غافل تھے۔ اور جو لوگ کمزور کیے جا رہے تھے، انہیں ہم نے اس زمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنا دیا، جس میں ہم نے برکت رکھی۔ اور تیرے پروردگار کا نیک وعدہ بنی اسرائیل پر پورا ہوا۔ اس لیے کہ انہوں نے صبر کیا اور فرعون اور اس کی قوم جو کچھ کر رہے تھے اسے اور جو وہ ٹٹیوں پر انگور چڑھا رہے تھے، اسے تباہ کر دیا۔

۔ الاعراف ۷: ۱۳۶۔ ۱۳۷۔

۷۸۔ فرعونیوں اور ان سے پہلوں کے دستور کے مطابق انہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا۔ تو اللہ نے ان کے گناہوں میں انہیں دھر پکڑا۔

۔ الانفال ۸: ۵۲۔

۷۹۔ فرعونیوں اور ان سے پہلوں کے دستور کے مطابق انہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا تو ان کے گناہوں کی سزا میں ہم نے انہیں ہلاک کر دیا اور فرعونیوں کو غرق کر دیا۔ اور وہ سب ہی ظالم تھے۔

۔ الانفال ۸: ۵۴۔

۸۰۔ موسیٰ نے کہا بے شک تو جانتا ہے کہ یہ آیتیں آسمانوں اور زمین کے پروردگار ہی نے سجھانے والی بنا کر اتاری ہیں اور اے فرعون! میں تو تجھے ہلاک ہوا خیال کرتا ہوں۔ پھر اس نے چاہا کہ انہیں اس زمین سے اکھاڑ دے تو ہم نے اسے اور اس کے سب ساتھیوں کو ڈبو دیا۔

۔ بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۲۔ ۱۰۳۔

۸۱۔ پھر فرعون نے اپنے لشکر سمیت ان کا پیچھا کیا تو سمندر سے ان پر چھا گیا جو چھا گیا۔

۔ طٰہٰ ۲۰: ۷۸۔

۷۵۔ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ۝

۷۶۔ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۷۷۔ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ۝ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ۗ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ۝

۷۸۔ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۗ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

۷۹۔ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۗ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

۸۰۔ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ۝

۸۱۔ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝

۸۲۔ پھر ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا۔ اور انہیں سمندر میں پھینک دیا۔ تو دیکھ ان ظالموں کا کیسا برا انجام ہوا۔

۔القصص ۲۸: ۴۰۔

۸۳۔ اور قارون اور فرعون اور ہامان کو پکڑا۔ اور بے شک موسیٰ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا تھا۔ تو انہوں نے ملک میں تکبر کیا اور وہ کہیں بھاگ کر نہ جا سکے۔ تو ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ میں پکڑ لیا۔ کوئی ان میں وہ تھا جس پر ہم نے پتھراؤ بھیجا اور ان میں سے کسی کو چنگھاڑ نے پکڑ لیا اور کسی کو ان میں سے ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور کسی کو ان میں ہم نے ڈبو دیا اور اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے اوپر آپ ظلم کرتے تھے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۳۹-۴۰۔

۸۴۔ پھر جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا اور ان سب کو ڈبو دیا۔ پھر ہم نے انہیں گیا گزرا اور پچھلوں کے لیے ایک کہاوت بنا دیا۔

۔الزخرف ۴۳: ۵۵-۵۶۔

۸۵۔ پھر ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑا اور انہیں دریا میں پھینک دیا۔ اور اس پر ملامت پڑی۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۴۰۔

۸۶۔ اور بے شک فرعونیوں کے پاس ڈراوے آئے۔ انہوں نے ہماری ساری نشانیوں کو جھٹلایا۔ تو ہم نے انہیں غالب، قدرت والے کی پکڑ پکڑا۔

۔القمر ۵۴: ۴۱-۴۲۔

۸۷۔ پھر اسے اللہ نے آخرت اور دنیا کے عذاب میں پکڑا۔ بے شک اس میں اس شخص کے لیے سوچنے کی جگہ ہے جو ڈرتا ہے۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۲۵-۲۶۔

۸۸۔ اور فرعون میخوں والے سے (تیرے پروردگار نے کیسا سلوک کیا)۔ یہ سب وہ ہیں جنہوں نے شہروں میں سر اٹھایا تھا کہ ان میں بہت فساد پھیلایا۔ تو ان پر تیرے پروردگار نے عذاب کا کوڑا چلایا۔ بے شک تیرا پروردگار گھات میں ہے۔

۔الفجر ۸۹: ۱۰-۱۴۔

۸۲۔ فَأَخَذْنٰهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِينَ ۝

۸۳۔ وَقَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُوسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانُوا سٰبِقِينَ ۝ فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنْبِهِ فَمِنْهُمْ مَنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا وَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ وَمِنْهُمْ مَنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ وَمِنْهُمْ مَنْ أَغْرَقْنَا وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝

۸۴۔ فَلَمَّا آسَفُونَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنٰهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَمَثَلًا لِلْآخِرِينَ ۝

۸۵۔ فَأَخَذْنٰهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝

۸۶۔ وَلَقَدْ جَآءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ كَذَّبُوا بِآيٰتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنٰهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُقْتَدِرٍ ۝

۸۷۔ فَأَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ وَالْأُولٰى ۝ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِمَنْ يَخْشٰى ۝

۸۸۔ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝ الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝ فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ۝ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝

موسیٰ علیہ السلام و بنی اسرائیل

۱۔ بنی اسرائیل کے سر پر اللہ نے بادل کا سایہ کیا

۱۔ اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا۔

۔البقرۃ ۲: ۵۷۔

۲۔ اور ہم نے ان پر بادل کا سایہ کیا۔

۔الاعراف ۷: ۱۶۰۔

۱۔ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ

۲۔ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ

۲۔ بنی اسرائیل پر اللہ نے من وسلویٰ اتارا

۳۔ اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا۔ اور تم پر من وسلویٰ اتارا۔ ان پاکیزہ چیزوں میں سے جو ہم نے تمہیں دی ہیں، کھاؤ۔ اور انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا لیکن اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

۔البقرۃ ۲: ۵۷۔

۴۔ اور ہم نے ان پر بادل کا سایہ کیا اور ان پر من وسلویٰ اتارا۔

۔الاعراف ۷: ۱۶۰۔

۳۔ پتھر سے بارہ چشمے نکلے

۵۔ اور ہم نے بڑی بڑی جماعتوں میں ان کے جدا جدا بارہ قبیلے بنا دیے اور موسیٰ کی طرف جب اس سے اس کی قوم نے پانی مانگا، وحی کی کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مار۔ پس اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ ہر شخص نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کر لیا۔

۔الاعراف ۷: ۱۶۰۔

۶۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا۔ تو ہم نے حکم دیا کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مار۔ پس اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ ہر شخص نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کر لیا۔ اللہ کی دی ہوئی روزی میں سے کھاؤ اور پیو اور ملک میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

۔البقرۃ ۲: ۶۰۔

۷۔ بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے ساگ پات وغیرہ طلب کیا

۷۔ اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم ایک ہی کھانے پر ہرگز صبر نہیں کریں گے تو ہمارے لیے اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ وہ ہمارے لیے وہ چیزیں نکالے۔ جو زمین اپنی

۳۔ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۖ كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ ۖ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝

۴۔ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۖ

۵۔ وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَوْمُهُ أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ ۚ

۶۔ وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِنْ رِزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝

۷۔ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَنْ نَصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ۚ اهْبِطُوا مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ ۗ

۸۔ وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتَوْا عَلَىٰ قَوْمٍ يَعْكُفُونَ عَلَىٰ أَصْنَامٍ لَهُمْ ۚ قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَلْ لَنَا إِلَٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ ۚ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ۝ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ قَالَ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِيكُمْ إِلَٰهًا وَهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

سبزی اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز کی قسم سے اگاتی ہے۔ کہا گیا: تم وہ جو ادنیٰ ہے اس چیز کے بدلے لیتے ہو، جو بہتر ہے۔ کسی شہر میں جا اترو تو تمہیں وہ چیزیں ملیں گی جو تم مانگتے ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۶۱۔

۸۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار کر دیا تو ان کا گزر ایسے لوگوں پر ہوا جو اپنے بتوں کے آگے کھڑے رہتے تھے۔ بولے: اے موسیٰ! جس طرح ان کے معبود ہیں ہمارے لیے بھی ایک معبود مقرر کر دے۔ کہا: بے شک تم جاہل لوگ ہو۔ یہ لوگ وہ ہیں کہ جس کام میں یہ لگے ہوئے ہیں، وہ تباہ ہونے والا ہے اور جو یہ کر رہے ہیں وہ باطل ہے۔ کہا گیا: میں تمہارے لیے اللہ کے سوا معبود ڈھونڈوں حالانکہ اس نے تمہیں جہان والوں پر بزرگی دی ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۳۸۔۱۴۰۔

۵۔ اللہ کی طرف سے چالیس دن کا وعدہ

۹۔ اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ کیا۔ پھر اس کے بعد تم نے بچھڑا بنا کھڑا کیا۔ اور تم ظالم تھے۔

-البقرۃ ۲:۵۱۔

۱۰۔ اور ہم نے موسیٰ سے تیس رات کا وعدہ کیا۔ اور دس زیادہ کر کے انہیں ہم نے پورا کیا۔ تو اس کے پروردگار کی معین چالیس راتیں پوری ہوگئیں۔ اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میری قوم میں میری جانشینی کر۔ اور اصلاح کرتے رہنا اور مفسدوں کی راہ پر نہ پڑنا۔

-الاعراف ۷:۱۴۲۔

۶۔ اللہ کی تجلی سے موسیٰ علیہ السلام کا بے ہوش ہو جانا

۱۱۔ اور جب ہمارے وعدے پر موسیٰ آیا اور اس کے پروردگار نے اس سے بات کی۔ تو کہا کہ اے میرے پروردگار! مجھے اپنے آپ کو دکھلا کہ میں تیری طرف نظر کروں۔ فرمایا: تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا۔ لیکن پہاڑ کی طرف دیکھ۔ اگر وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو تو مجھے دیکھ لے گا۔ پھر جب اس کے پروردگار نے پہاڑ پر تجلی کی تو اسے چورا چورا کر دیا۔ اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ پھر جب ہوش آیا تو کہا کہ تو پاک ہے، میں تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔ اور میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔

-الاعراف ۷:۱۴۳۔

۷۔ رسالت، نبوت اور اللہ سے ہم کلامی

۱۲۔ اور اللہ نے موسیٰ سے کلام کیا۔

-النساء ۴:۱۶۴۔

۹۔ وَإِذْ وٰعَدْنَا مُوسٰى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَأَنْتُمْ ظٰلِمُونَ ﴿۵۱﴾

۱۰۔ وَوٰعَدْنَا مُوسٰى ثَلٰثِينَ لَيْلَةً وَّأَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقٰتُ رَبِّهٖٓ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوسٰى لِأَخِيهِ هٰرُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ ﴿۱۴۲﴾

۱۱۔ وَلَمَّا جَآءَ مُوسٰى لِمِيقٰتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ أَرِنِيٓ أَنْظُرْ إِلَيْكَ ۚ قَالَ لَنْ تَرٰىنِي وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِي ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ أَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۴۳﴾

۱۲۔ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوسٰى تَكْلِيمًا ﴿۱۶۴﴾

۱۳۔ قَالَ يٰمُوسٰىٓ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِي وَبِكَلٰمِي ۫ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِينَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا ۚ سَأُورِيكُمْ دَارَ الْفٰسِقِينَ ﴿۱۴۵﴾

۱۴۔ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ ۭ خُذُوا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿۶۳﴾

۱۳۔ فرمایا: اے موسیٰ! میں نے تجھے اپنی رسالت اور اپنے کلام کے لیے لوگوں میں سے منتخب کیا۔ تو جو میں تجھے دوں اسے لے اور شکر گزار ہو۔ اور الواح میں ہم نے اس کے لیے ہر طرح کی نصیحت اور ہر شے کی تفصیل لکھ دی۔ تو اسے قوت سے تھام اور اپنی قوم کو حکم دے کہ اس کی اچھی باتوں پر عمل کریں۔ میں تمہیں بدکاروں کا گھر دکھلاؤں گا۔

-الاعراف ۷:۱۴۴-۱۴۵

۸۔ بنی اسرائیل کے سر پر کوہ طور اور ان سے تورات پر عمل کرنے کا عہد

۱۴۔ اور جب ہم نے تم سے عہد لیا۔ اور تمہارے اوپر کوہ طور کو بلند کیا۔ اور کہا کہ جو ہم تمہیں دیں اسے مضبوطی سے تھامو۔ اور جو اس میں (لکھا) ہے اسے یاد رکھو تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔

-البقرۃ ۲:۶۳۔

۱۵۔ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُم بِهِ إِيمَانُكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝

۱۶۔ وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝

۱۷۔ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ الصَّاعِقَةُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَاكُم مِّن بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

۱۸۔ وَاخْتَارَ مُوسَىٰ قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِّمِيقَاتِنَا فَلَمَّا أَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُم مِّن قَبْلُ وَإِيَّايَ أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا إِنْ هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَن تَشَاءُ وَتَهْدِي مَن تَشَاءُ أَنتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الْغَافِرِينَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ قَالَ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُم بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ ۝

۱۵۔اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور تمہارے اوپر طور بلند کیا اور کہا کہ جو ہم تمہیں دیں اسے مضبوطی سے لو اور سنو۔انہوں نے کہا کہ ہم نے سنا اور نافرمانی کی۔اور ان کے کفر کے سبب ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت پلا دی گئی۔کہہ دے کہ اگر تم ایمان والے ہو تو تمہارا ایمان تمہیں اس چیز کے کرنے کا حکم دیتا ہے جو بہت ہی بری ہے۔

۔البقرۃ ۲:۹۳۔

۱۶۔اور جب ہم نے ان کے اوپر پہاڑ کھڑا کر دیا۔گویا وہ ایک سائبان تھا اور انہوں نے گمان کیا کہ وہ ان پر گرنے والا ہے۔تو ہم نے کہا کہ جو ہم تمہیں دیتے ہیں، اسے مضبوطی سے لو۔اور جو اس میں ہے اسے یاد رکھو۔تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔

۔الاعراف ۷:۱۷۱۔

۱۷۔بنی اسرائیل نے کہا کہ ہم بغیر دیکھے اللہ پر ایمان نہیں لائیں گے

۱۷۔اور جب تم نے کہا کہ اے موسیٰ! ہم تیرا یقین ہرگز نہیں کریں گے۔جب تک اللہ کو کھلے طور پر نہ دیکھ لیں۔اس پر تمہیں کڑک نے آ پکڑا اور تم دیکھ رہے تھے۔پھر تمہارے مرنے کے بعد تمہیں اٹھایا تا کہ تم شکر کرو۔

۔البقرۃ ۲:۵۵-۵۶۔

۱۸۔اور موسیٰ نے ہمارے وعدہ کے وقت کے لیے اپنی قوم سے ستر آدمی منتخب کئے۔پھر جب انہیں زلزلے نے آ پکڑا تو کہا کہ اے میرے پروردگار! اگر تو چاہتا تو مجھے اور انہیں اس سے پہلے ہی ہلاک کر دیتا۔کیا تو ہمیں اس فعل کی سزا میں ہلاک کرتا ہے جو ہم میں سے نادانوں نے کیا ہے؟ یہ تو محض تیری آزمائش ہے۔تو جسے چاہے گمراہ کرے اور جسے چاہے ہدایت کرے۔تو ہی ہمارا کارساز ہے۔ہمیں معاف کر اور ہم پر رحم کر اور تو سب معاف کرنے والوں سے بہتر ہے۔اور ہمارے لیے اس دنیا میں اور آخرت میں نیکی لکھ۔ہم تیری طرف رجوع ہوئے۔فرمایا اپنا عذاب جسے چاہتا ہوں پہنچاتا ہوں۔اور میری رحمت ہر شے کو گھیرے ہوئے ہے۔تو میں اسے ان لوگوں کے لیے لکھوں گا جو اللہ سے ڈرتے اور خیرات دیتے اور جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۵۵-۱۵۶۔

موسیٰ علیہ السلام و سامری

۱۔ موسیٰ علیہ السلام و سامری

۱۔ وَمَآ أَعۡجَلَكَ عَن قَوۡمِكَ يَٰمُوسَىٰ ۞ قَالَ هُمۡ أُوْلَآءِ عَلَىٰٓ أَثَرِي وَعَجِلۡتُ إِلَيۡكَ رَبِّ لِتَرۡضَىٰ ۞ قَالَ فَإِنَّا قَدۡ فَتَنَّا قَوۡمَكَ مِنۢ بَعۡدِكَ وَأَضَلَّهُمُ ٱلسَّامِرِيُّ ۞

۲۔ وَٱتَّخَذَ قَوۡمُ مُوسَىٰ مِنۢ بَعۡدِهِۦ مِنۡ حُلِيِّهِمۡ عِجۡلٗا جَسَدٗا لَّهُۥ خُوَارٌۚ أَلَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّهُۥ لَا يُكَلِّمُهُمۡ وَلَا يَهۡدِيهِمۡ سَبِيلًاۘ ٱتَّخَذُوهُ وَكَانُواْ ظَٰلِمِينَ ۞ وَلَمَّا سُقِطَ فِيٓ أَيۡدِيهِمۡ وَرَأَوۡاْ أَنَّهُمۡ قَدۡ ضَلُّواْ قَالُواْ لَئِن لَّمۡ يَرۡحَمۡنَا رَبُّنَا وَيَغۡفِرۡ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ ۞ وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰٓ إِلَىٰ قَوۡمِهِۦ غَضۡبَٰنَ أَسِفٗا قَالَ بِئۡسَمَا خَلَفۡتُمُونِي مِنۢ بَعۡدِيٓۖ أَعَجِلۡتُمۡ أَمۡرَ رَبِّكُمۡۖ وَأَلۡقَى ٱلۡأَلۡوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأۡسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُۥٓ إِلَيۡهِۚ قَالَ ٱبۡنَ أُمَّ إِنَّ ٱلۡقَوۡمَ ٱسۡتَضۡعَفُونِي وَكَادُواْ يَقۡتُلُونَنِي فَلَا تُشۡمِتۡ بِيَ ٱلۡأَعۡدَآءَ وَلَا تَجۡعَلۡنِي مَعَ ٱلۡقَوۡمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ۞ قَالَ رَبِّ ٱغۡفِرۡ لِي وَلِأَخِي وَأَدۡخِلۡنَا فِي رَحۡمَتِكَۖ وَأَنتَ أَرۡحَمُ ٱلرَّٰحِمِينَ ۞ إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ ٱلۡعِجۡلَ سَيَنَالُهُمۡ غَضَبٞ مِّن رَّبِّهِمۡ وَذِلَّةٞ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ وَكَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُفۡتَرِينَ ۞

۳۔ وَلَمَّا سَكَتَ عَن مُّوسَى ٱلۡغَضَبُ أَخَذَ ٱلۡأَلۡوَاحَۖ

۴۔ فَرَجَعَ مُوسَىٰٓ إِلَىٰ قَوۡمِهِۦ غَضۡبَٰنَ أَسِفٗاۚ قَالَ يَٰقَوۡمِ أَلَمۡ يَعِدۡكُمۡ رَبُّكُمۡ وَعۡدًا حَسَنًاۚ أَفَطَالَ عَلَيۡكُمُ ٱلۡعَهۡدُ أَمۡ أَرَدتُّمۡ أَن يَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبٞ

۱۔ اور اے موسیٰ! تو نے (آنے میں) اپنی قوم سے جلدی کیوں کی؟ کہا وہ یہ میرے پیچھے ہیں۔ اور اے میرے پروردگار! میں نے تیری طرف آنے میں جلدی کی تاکہ تو خوش ہو۔ فرمایا: تو ہم نے تیرے پیچھے تیری قوم کو آزمائش میں ڈال دیا اور سامری نے انہیں گمراہ کر دیا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۸۳۔ ۸۵۔

۲۔ اور موسیٰ کی قوم نے اس کے چلے جانے کے بعد ان کے زیوروں سے ایک بچھڑا (یعنی) ایک پنجر بنا لیا جس میں گائے کی آواز تھی۔ کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا تھا کہ وہ نہ ان سے بات کرتا تھا اور نہ انہیں راہ دکھلاتا تھا۔ انہوں نے اسے (معبود) بنا لیا اور وہ ظالم تھے۔ اور جب وہ نادم ہوئے اور سمجھے کہ وہ گمراہ ہو گئے تو کہا کہ اگر ہم پر ہمارے پروردگار نے رحم نہ کیا اور ہمیں نہ بخشا تو ہم ضرور گھاٹے میں جا پڑیں گے۔ اور جب موسیٰ افسوس اور غصے میں بھرا ہوا اپنی قوم کی طرف لوٹا تو کہا کہ تم نے میرے پیچھے میری بری نیابت کی۔ تم نے اپنے پروردگار کے حکم سے کیوں جلدی کی۔ اور تختیاں پھینک دیں اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر اسے اپنی طرف گھسیٹا۔ اس نے کہا کہ اے میرے ماں جائے! لوگوں نے مجھے کمزور کر دیا اور قریب تھے کہ مجھے مار ڈالیں۔ تو تو مجھ پر دشمنوں کو نہ ہنسا اور مجھے ظالم لوگوں میں نہ ملا۔ کہا: اے میرے پروردگار! مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر۔ اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ بے شک جنہوں نے بچھڑا بنایا ان پر ان کے پروردگار کا غضب نازل ہوگا۔ اور دنیا کی زندگی میں ان کی ذلت ہوگی اور افترا کرنے والوں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۸۔ ۱۵۲۔

۳۔ اور جب موسیٰ کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا تو اس نے تختیاں اٹھا لیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۴۔

۴۔ جب موسیٰ غصے میں بھرا، افسوس کرتا اپنی قوم کی طرف واپس آیا۔ کہا بھائیو! کیا تم سے تمہارے پروردگار نے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا۔ کیا تم پر مدت دراز ہو گئی تھی۔ یا تم نے یہ چاہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کا غضب نازل ہو کہ تم نے میرے وعدہ کے خلاف کیا۔ انہوں نے کہا: ہم نے

مِّن رَّبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُم مَّوْعِدِي ﴿٨٦﴾ قَالُوا مَا أَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَ
لَٰكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَارًا مِّن زِينَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا فَكَذَٰلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾
فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُ خُوَارٌ فَقَالُوا هَٰذَا إِلَٰهُكُمْ وَإِلَٰهُ مُوسَىٰ
فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَلَا
نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَارُونُ مِن قَبْلُ يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنتُم بِهِ ۖ وَإِنَّ
رَبَّكُمُ الرَّحْمَٰنُ فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي ﴿٩٠﴾ قَالُوا لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِينَ
حَتَّىٰ يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَىٰ ﴿٩١﴾ قَالَ يَا هَارُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ
ضَلُّوا ﴿٩٢﴾ أَلَّا تَتَّبِعَنِ ۖ أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ﴿٩٣﴾ قَالَ يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ
بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي ۖ إِنِّي خَشِيتُ أَن تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَ
لَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ
يَبْصُرُوا بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي
نَفْسِي ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَن تَقُولَ لَا مِسَاسَ ۖ وَإِنَّ
لَكَ مَوْعِدًا لَّن تُخْلَفَهُ ۖ وَانظُرْ إِلَىٰ إِلَٰهِكَ الَّذِي ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ
لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ إِنَّمَا إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ
إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾

اپنے اختیار سے تیرے وعدہ کے خلاف نہیں کیا۔ لیکن ہم پر قوم کے زیوروں سے کتنے ہی بوجھ لاد دیے گئے تھے۔ سو ہم نے انہیں پھینک دیا پھر اسی طرح سامری نے ڈالا۔ پھر ان کے واسطے ایک بچھڑا نکالا یعنی ایک پنجر، جس میں گائے کی آواز تھی۔ پھر سب نے کہا کہ یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰ کا معبود۔ سو وہ بھول گیا۔ کیا وہ یہ بات نہیں دیکھتے تھے کہ وہ ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا اور نہ ان کے نقصان ہی پر قدرت رکھتا ہے اور نہ نفع ہی پر؟ اور ہارون نے ان سے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ بھائیو! تم تو اس کے ذریعے آزمائے گئے ہو۔ اور کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار رحمٰن ہے تو تم میرا اتباع کرو اور میرا حکم مانو۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس پر برابر جمے رہیں گے جب تک ہمارے پاس موسیٰ واپس نہ آئے۔ موسیٰ نے کہا: اے ہارون! تجھے کیا مشکل پیش آئی، جب تو نے انہیں گمراہ ہوتے دیکھا کہ تو نے میرا اتباع نہ کیا۔ کیوں تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟ کہا: اے میرے ماں جائے! میری ڈاڑھی اور میرے سر کے بال نہ پکڑ۔ میں اس بات سے ڈرا کہ تو کہنے لگے کہ تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور میری بات کا لحاظ نہ رکھا۔ کہا: اے سامری! تیرا کیا معاملہ ہے؟ بولا میں نے وہ چیز دیکھی جو دوسروں نے نہیں دیکھی۔ تو میں نے رسول کے پاؤں کے نیچے سے ایک مٹھی خاک بھر لی۔ پھر میں نے اسے ڈال دیا اور یہی بات مجھے میرے جی نے سجھائی۔ کہا دور ہو تیرے لیے زندگی بھر یہ سزا ہے کہ کہتا پھرے کہ مجھے چھونا نہیں۔ اور تیرے لیے ایک وعدہ ہے جو تجھ سے خلاف نہ ہوگا۔ اور اپنے اس معبود کو دیکھ جس پر تو جما ہوا تھا۔ ہم اسے جلائیں گے پھر ہم اسے اڑا کر دریا میں بکھیر دیں گے۔ تمہارا معبود تو بس وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ بلحاظ علم ہر شے پر حاوی ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۸۶۔۹۸۔

٥۔ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُم بِاتِّخَاذِكُمُ

٥۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ بھائیو! تم نے بسبب اس

کے کہ بچھڑا بنا کھڑا کیا، اپنی جانوں پر ظلم کیا تو تم اپنے خالق کی طرف رجوع ہو اور اپنے آپ کو مار ڈالو۔ یہ تمہارے لیے تمہارے خالق کے نزدیک بہتر ہے۔ پھر اس نے تمہاری توبہ قبول کی۔ بے شک وہی توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَىٰ بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝

البقرۃ ۲: ۵۴۔

۲۔ موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو ارضِ مقدسہ میں داخل ہونے کا حکم دیا

۶۔ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنْبِيَاءَ وَجَعَلَكُمْ مُلُوكًا وَآتَاكُمْ مَا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ ۝ يَا قَوْمِ ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوا خَاسِرِينَ ۝ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا حَتَّىٰ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ ۝ قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا مَا دَامُوا فِيهَا فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي لَا أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِي وَأَخِي فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ۝ قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ۝

۶۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ بھائیو! اللہ کا احسان جو تم پر ہے یاد کرو۔ جب اس نے تم میں نبی پیدا کیے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں وہ کچھ دیا جو اور جہاں والوں میں سے کسی کو نہیں دیا۔ بھائیو! اس پاک زمین میں داخل ہو جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی ہے۔ اور اپنی پیٹھ پر الٹے نہ پھرو کر تم گھاٹے میں جا پڑو گے۔ بولے: اے موسیٰ! اس میں تو بڑے زبردست لوگ ہیں اور جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں تب تک ہم اس میں ہرگز داخل نہ ہوں گے۔ سو اگر وہ وہاں سے نکل گئے تو ہم ضرور داخل ہوں گے۔ دو شخصوں نے جو ڈرتے تھے اور اللہ نے ان پر فضل کیا تھا، کہا کہ ان پر حملہ کر کے دروازے میں گھس جاؤ۔ پھر جب تم اس میں داخل ہو گئے تو تم ہی غالب رہو گے۔ اور اگر تم مومن ہو تو اللہ پر بھروسا رکھو۔ بولے: اے موسیٰ! جب تک وہ اس میں ہیں ہم تو کبھی ہرگز بھی اس میں داخل نہ ہوں گے۔ تو اور تیرا پروردگار جاؤ اور دونوں لڑو۔ ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔ کہا: اے میرے پروردگار! میں سوائے اپنی ذات اور اپنے بھائی کے اور کسی پر اختیار نہیں رکھتا تو تو ہمارے اور بدکار لوگوں کے درمیان جدائی کر دے۔ فرمایا تو وہ چالیس برس ان پر حرام ہے۔ ملک میں پڑے سر مارا کریں تو تو نافرمان لوگوں پر افسوس نہ کر۔

المائدۃ ۵: ۲۰۔۲۶۔

۳۔ بنی اسرائیل سے نماز، زکوٰۃ اور نیک کاموں کا عہد لیا گیا

۷۔ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ

۷۔ جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجنا۔ اور ماں باپ اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور لوگوں سے اچھی بات کہنا اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہنا۔ پھر تم نے سوائے چند شخصوں کے منہ پھیر لیا اور تم منہ پھیرنے والے ہو۔ اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ آپس میں خونریزی نہ کرنا اور اپنے لوگوں کو ان

کے گھروں سے نہ نکالنا، پھر تم نے اقرار کر لیا اور تم خود گواہ ہو۔

-البقرۃ ۲: ۸۳-۸۴۔

۸۔ اور بے شک اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں سے بارہ سردار مقرر کیے۔ اور اللہ نے کہا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے۔ اور میرے رسولوں پر ایمان لائے۔ اور انہیں قوت دی۔ اور اللہ کو عمدگی کے ساتھ قرض دیتے رہے تو میں ضرور تم سے تمہاری بدیاں دور کردوں گا۔ اور ضرور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ پھر اس کے بعد تم میں سے جس نے کفر کیا وہ ضرور سیدھے رستے سے بھٹک گیا۔

-المائدۃ ۵: ۱۲۔

۹۔ بے شک ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا۔ اور ان کی طرف رسول بھیجے۔

-المائدۃ ۵: ۷۰۔

۴۔ قصۂ ذبحِ بقر

۱۰۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تمہیں یہ حکم دیتا ہے کہ تم ایک گائے ذبح کرو۔ بولے: کیا تو ہم سے ٹھٹھا کرتا ہے۔ کہا: اللہ کی پناہ کہ میں جاہلوں میں ہوں۔ بولے: ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے دعا کر کہ ہم پر کھول دے کہ وہ گائے کیسی ہے۔ کہا: وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے نہ بوڑھی نہ بچھیا۔ درمیانہ ہے اس کے بیچ بیچ۔ تو جو تمہیں حکم دیا جاتا ہے، کرو۔ بولے: ہمارے لیے اپنے پروردگار سے دعا کر وہ ہم پر کھول دے کہ اس کا رنگ کیا ہے۔ کہا: وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے زرد رنگ کی۔ اس کا رنگ ڈہڈہاتا ہے، دیکھنے والوں کو بھلی لگتی ہے۔ بولے: ہمارے لیے اپنے پروردگار سے دعا کر کہ ہم پر کھول دے کہ وہ گائے کیسی ہے۔ ہم پر وہ مشتبہ ہوگئی اور اگر اللہ نے چاہا تو ہم ضرور راہ پالیں گے۔ کہا: وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے نہ محنت کرنے والی کہ زمین جوتے اور نہ کھیتی کو پانی دینے والی۔ بے عیب ہے، اس میں کوئی داغ دھبہ نہیں۔ بولے اب تو صحیح بات لایا ہے۔ غرض انہوں نے اسے ذبح کر ڈالا اور وہ ایسا کرتے نہ لگتے تھے۔

-البقرۃ ۲: ۶۷-۷۱۔

۵۔ بنی اسرائیل میں ایک شخص کا قتل ہونا

۱۱۔ جب تم نے ایک شخص کو مار ڈالا۔ پھر تم نے اس میں اختلاف کیا۔ اور اللہ نکالنے والا تھا جو تم چھپاتے تھے۔ تو ہم نے حکم دیا کہ اسے اس

مُعْرِضُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُونَ دِمَاءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ ۝

۸۔ وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنتُم بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝

۹۔ لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ

۱۰۔ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تَذْبَحُوا بَقَرَةً ۖ قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۖ قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۖ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۝ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا الْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۚ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝

۱۱۔ وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا ۖ وَاللَّهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ ۝

کے ایک ٹکڑے سے مارو۔ یوں اللہ مردوں کو زندہ کرتا اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے تاکہ تم سمجھو۔

۔البقرۃ ۲: ۷۲۔۷۳۔

قارون

۱۔ قارون کے خزانوں کی کنجیاں ایک زور آور جماعت سے نہ اٹھ سکتیں

۱۔ قارون موسیٰ کی قوم سے تھا تو اس نے ان پر زیادتی کی۔ اور ہم نے اسے اتنے خزانے دیے تھے کہ اس کی کنجیاں ایک قوی جماعت کو تھکا دیتیں۔ جب اس کی قوم نے اس سے کہا کہ اترا مت۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو اللہ نے تجھے (دھن) دیا ہے اس سے دارِ آخرت حاصل کر اور دنیا سے اپنا حصہ فراموش نہ کر۔ اور بھلائی کر جیسے اللہ نے تیرے ساتھ بھلائی کی ہے۔ اور ملک میں فساد نہ چاہ۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ بولا: یہ (مال) تو مجھے ایک علم سے ملا ہے جو میرے پاس ہے۔ کیا اس نے یہ نہیں جانا کہ اللہ نے اس سے پہلی امتوں کو، جو اس سے قوت میں بڑھ کر اور جتھے میں زیادہ تھیں، ہلاک کر دیا۔ اور گنہگاروں سے ان کے گناہ نہیں پوچھے جاتے۔ پھر وہ اپنی قوم کے سامنے اپنے ٹھاٹھ سے نکلا۔ تو وہ لوگ جو دنیا کی زندگی چاہتے تھے کہنے لگے: کاش ہمارے پاس بھی وہی ہوتا جو قارون کو دیا گیا ہے۔ بے شک وہ بڑا صاحبِ نصیب ہے! اور

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

۱۔ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْۗاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۤ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰي عِلْمٍ عِنْدِيْ ۭ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا يُسْــَٔـلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝

۲۔ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۣ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۤ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا

جنہیں علم دیا گیا تھا، بولے کہ کم بختو! مارو۔ اللہ کا ثواب اس کے لیے جو ایمان لائے اس سے کہیں بہتر ہے۔ اور یہ بات تو صابروں کو ہی نصیب ہوتی ہے۔

۔القصص ۲۸: ۷۶۔۸۰۔

۲۔ قارون مع اپنے گھر کے زمین میں دھنس گیا

۲۔ تو ہم نے اسے مع اس کے گھر کے، زمین میں دھنسا دیا۔ تو اللہ کے سوا اس کی کوئی ایسی جماعت نہ ہوئی جو اس کی مدد کرتی اور نہ وہ مدد لا سکا۔ اور جو لوگ اس کے درجے کی خواہش کرتے تھے، کہنے لگے ہائے خرابی! اللہ اپنے بندوں میں سے جس کی چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے۔ اگر اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا۔ ہائے خرابی! منکر لوگ فلاح نہیں پاتے! یہ دارِ

آخرت ہے، یہ ہم ان لوگوں کو دیں گے۔ جو ملک میں نہ چڑھنا چاہتے ہیں اور نہ فساد۔ اور انجام نیک متقیوں کا ہے۔

۔القصص ۲۸: ۸۳۔۸۳۔

۳۔ اور قارون اور فرعون اور ہامان کو پکڑا۔ اور بے شک موسیٰ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا تھا۔ تو انہوں نے ملک میں تکبر کیا اور وہ کہیں بھاگ کر نہ جا سکے۔ تو ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ میں پکڑ لیا۔ کوئی ان میں وہ تھا کہ ہم نے اس پر پتھراؤ بھیجا۔ اور کسی کو ان میں سے چنگھاڑ نے پکڑ لیا۔ اور کسی کو ان میں سے ہم نے زمین میں دھنسا دیا۔ اور کسی کو ان میں سے ہم نے ڈبو دیا۔ اور اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا۔ لیکن وہ آپ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۳۹۔۴۰۔

موسیٰ اور خضر علیہما السلام

۱۔ موسیٰ و خضر علیہما السلام

۱۔ اور جب موسیٰ نے اپنے جوان سے کہا کہ میں باز نہ آؤں گا جب تک دو دریاؤں کے ملاپ پر نہ پہنچ جاؤں یا صدیوں چلتا رہوں۔ پھر جب وہ دونوں ان کے ملاپ پر جا پہنچے تو وہ اپنی مچھلی بھول گئے۔ تو اس نے دریا میں سرنگ بنا کر اپنی راہ لی۔ جب وہ دونوں وہاں سے آگے بڑھے تو موسیٰ نے اپنے جوان سے کہا کہ ہمیں ہمارا کھانا دے۔ ہم نے اپنے اس سفر میں بڑی تکلیف اٹھائی۔ بولا: تو نے یہ بھی دیکھا کہ جب ہم نے اس پتھر کے پاس جگہ پکڑی تو میں مچھلی بھول گیا۔ اور یہ مجھے شیطان ہی نے

يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾

۳۔ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۟ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾

۱۔ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَاۤ اَبْرَحُ حَتّٰۤى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَاۤ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۫ وَمَاۤ اَنْسٰىنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰۤى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَاۤ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰۤى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا

بھلایا کہ میں اس کا ذکر کروں۔ اور اس نے عجیب طریقے سے سمندر میں راہ بنائی۔ کہا: یہی تو ہم چاہتے تھے۔ پھر وہ دونوں اپنے پاؤں کے نشان پہچانتے الٹے پھرے۔ وہاں انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ پایا، جسے ہم نے اپنے ہاں سے رحمت دی تھی، اور اپنے پاس سے ہم نے اسے علم سکھلایا تھا۔ موسیٰ نے اس سے کہا: اجازت دے تو میں تیرے ساتھ رہوں اس واسطے کہ تو مجھے وہی راہ کی بات سکھلائے جو تجھے سکھلائی گئی ہے۔ کہا: تو میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہ کر سکے گا؛ اور تو اس بات پر کس طرح صبر کرے گا۔ جس کی خبر پر تجھے کچھ احاطہ نہیں۔ کہا: ان شاء اللہ تو مجھے صابر پائے گا۔ اور میں تیرے کسی حکم کی نافرمانی نہیں کروں گا۔ کہا: اگر تو میرے ساتھ رہنا چاہتا ہے تو مجھ سے کسی بات کی بابت کچھ نہ پوچھنا۔ یہاں تک کہ خود میں ہی تجھ سے اس کا ذکر کروں۔ پھر وہ دونوں آگے چلے۔ یہاں

عُلِّمْتَ رُشْدًا ۝ قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَىٰ مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا ۝ قَالَ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْرًا ۝ قَالَ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتَّىٰ أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ۝ فَانْطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا ۖ قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا ۝ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا ۝ فَانْطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا ۝ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝ قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي ۖ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي عُذْرًا ۝ فَانْطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ ۖ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا ۝ قَالَ هَٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ ۚ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا ۝ أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا ۝ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ

تک کہ جب وہ کشتی میں سوار ہوئے تو اس نے اسے پھاڑ ڈالا۔ موسیٰ نے کہا: کیا تو نے اس لیے پھاڑا کہ اس کے سواروں کو ڈبو دے۔ تو نے ایک انوکھی بات کی۔ کہا: کیا میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہ کر سکے گا۔ موسیٰ نے کہا: میری بھول پر مجھ سے مؤاخذہ نہ کر اور میرے کام میں مجھ پر مشکل نہ ڈال۔ پھر وہ دونوں آگے بڑھے یہاں تک کہ ایک لڑکے سے ملے۔ تو اس نے اسے قتل کر دیا۔ موسیٰ نے کہا: تو نے ایک پاک جان بغیر کسی جان کے بدلے مار ڈالی۔ بے شک تو نے یہ ایک نامعقول حرکت کی۔ کہا: کیا میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ تو ہرگز میرے ساتھ رہ کر صبر نہ کر سکے گا۔ کہا: اگر اس کے بعد میں تجھ سے کسی بات کی بابت کچھ پوچھوں تو پھر مجھے ساتھ نہ رکھنا۔ بے شک تو میری طرف سے عذر کی حد کو پہنچ چکا۔ پھر وہ دونوں آگے بڑھے۔ یہاں تک جب وہ ایک گاؤں والوں کے پاس پہنچے تو انہوں نے وہاں کے لوگوں سے کھانا مانگا۔ انہوں نے ان کی مہمان داری سے انکار کیا۔ پھر ان دونوں نے اس میں ایک دیوار پائی جو گرا چاہتی تھی۔ اس نے اس کو سیدھا کر دیا۔ موسیٰ نے کہا: اگر تو چاہتا تو اس پر مزدوری لے لیتا۔ بولا: یہ میرے اور تیرے درمیان جدائی (کا وقت) ہے۔ اب میں تجھے ان باتوں کی حقیقت بتاتا ہوں جن پر تو صبر نہ کر سکا۔ سو وہ جو کشتی تھی تو چند مسکینوں کی تھی، جو سمندر میں مزدوری کرتے تھے۔ تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں اور ان کے آگے ایک بادشاہ تھا۔ جو ہر ایک سالم کشتی کو زبردستی چھین لیا کرتا

تھا۔ اور وہ لڑکا تھا تو اس کے ماں باپ مسلمان تھے۔ ہم اس بات سے ڈرے کہ کہیں وہ انہیں گمراہی اور کفر پر مجبور نہ کر دے۔ اس لیے ہم نے چاہا کہ ان کا پروردگار انہیں ستھرائی میں اور رشتے کا لحاظ رکھنے میں، اس سے بہتر بدل دے۔ اور وہ جو دیوار تھی تو شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی اور ان کے نیچے ان کا خزانہ گڑا تھا اور ان کا باپ نیک تھا۔ اس لیے تیرے پروردگار نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ کر اپنا خزانہ نکال لیں۔ یہ تیرے پروردگار کی رحمت ہے اور میں نے یہ کام اپنی رائے سے نہیں کیا۔ یہ حقیقت ان باتوں کی، جن پر تو صبر نہ کر سکا۔

۔الکہف ۱۸: ۸۰-۸۲۔

موسیٰ علیہ السلام کے فضائل و کمالات

الف۔ کتاب ملنا

۱۔ اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب اور (حق و باطل میں) فرق کرنے والی ایک چیز دی تاکہ تم ہدایت پاؤ۔

۔البقرۃ ۲: ۵۳۔

۲۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس کے بعد لگاتار رسول بھیجے۔

۔البقرۃ ۲: ۸۷۔

۳۔ پھر ہم نے موسیٰ کو کتاب دی جو نیکی کرنے والے پر پورا فضل اور ہر شے کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت تھی تاکہ وہ اپنے پروردگار کی ملاقات پر ایمان لائیں۔

۔الانعام ۶: ۱۵۴۔

۴۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اسے بنی اسرائیل کے

فَخَشِينَا أَن يُرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَأَرَدْنَا أَن يُبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا فَأَرَادَ رَبُّكَ أَن يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾

۱۔ وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿٥٣﴾

۲۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَقَفَّيْنَا مِن بَعْدِهِ بِالرُّسُلِ

۳۔ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٤﴾

۴۔ وَآتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ أَلَّا تَتَّخِذُوا مِن دُونِي وَكِيلًا ﴿٢﴾

۵۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوسَىٰ ۚ إِنَّهُ كَانَ مُخْلَصًا وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنَاهُ مِن جَانِبِ الطُّورِ الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾

۶۔ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي ﴿٤١﴾

۷۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَىٰ وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاءً وَذِكْرًا لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَهُم مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ ﴿٤٩﴾

لیے ہدایت ٹھہرایا کہ میرے سوا کوئی کارساز نہ پکڑو۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۲۔

۵۔ اور کتاب میں موسیٰ کو یاد کر۔ بے شک وہ منتخب تھا اور رسول اور نبی تھا۔ اور طور کے داہنی طرف سے ہم نے اسے پکارا اور بھید کہنے کو اسے اپنے قریب کیا۔

۔مریم ۱۹: ۵۱-۵۲۔

۶۔ اور میں نے تجھے اپنے لیے منتخب کیا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۴۱۔

۷۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب فرق کرنے والی اور پرہیزگاروں کے لیے روشنی اور نصیحت دی۔ وہ پرہیزگار جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے کانپتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۴۸-۴۹۔

۸۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تا کہ وہ ہدایت پائیں۔

المومنون ۲۳: ۴۹۔

۹۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی۔ اور اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون کو اس کا وزیر بنایا۔

الفرقان ۲۵: ۳۵۔

۱۰۔ اور بے شک اس کے بعد کہ ہم نے پہلی امتوں کو ہلاک کر دیا ہم نے موسیٰ کو کتاب دی۔ جو لوگوں کو راہ سمجھانے والی اور ہدایت اور رحمت ہے تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔

القصص ۲۸: ۴۳۔

۱۱۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی۔ تو تو اس کے ملنے سے شک میں نہ پڑ۔ اور اس کتاب کو ہم نے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت قرار دیا۔

السجدۃ ۳۲: ۲۳۔

۱۲۔ اور ان دونوں (بھائیوں) کو ہم نے کھول کر بیان کرنے والی کتاب دی۔

الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۱۷۔

۱۳۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو ہدایت دی۔ اور بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث کیا۔ جو عقل مندوں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔

المومن ۴۰: ۵۳۔ ۵۴۔

۱۴۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف پیدا کر دیا گیا۔ اور اگر تیرے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے سے صادر نہ ہو چکی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا۔ اور بے شک وہ اس کی طرف سے قوی شک میں ہیں۔

حمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۵۔

۸۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝

۹۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ۝

۱۰۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

۱۱۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝

۱۲۔ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۝

۱۳۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ۝ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ۝

۱۴۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝

۱۵۔ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۱۶۔ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝

۱۷۔ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝

۲۔ قوتِ فیصلہ اور علم ملنا

۱۵۔ اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور قوی ہو گیا تو ہم نے اسے قوتِ فیصلہ اور علم دیا۔ اور ہم نیکوں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔

القصص ۲۸: ۱۴۔

۳۔ کھلے غلبے کا ملنا

۱۶۔ اور موسیٰ کو ہم نے کھلا غلبہ دیا۔

النساء ۴: ۱۵۳۔

۴۔ آیاتِ بینات کا ملنا

۱۷۔ اور موسیٰ تمہارے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا۔ پھر تم نے اس کے پیچھے بچھڑا بنا کر کھڑا کیا اور تم ظالم ہو۔

البقرۃ ۲: ۹۲۔

۱۸۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ کو نو کھلی نشانیاں دیں۔ تو تو بنی اسرائیل سے پوچھ۔ وہ ان کے پاس آیا تھا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۱

۵۔ ہارون علیہ السلام کو نبی بنا کر امداد کے لیے بخشنا

۱۹۔ اور ہم نے اپنی رحمت سے اسے اس کا بھائی ہارون نبی بخشا۔

-مریم ۱۹: ۵۳۔

۶۔ اللہ کے نزدیک عزت و آبرو

۲۰۔ مسلمانو! ان لوگوں کی مانند نہ بنو جنہوں نے موسیٰ کو ستایا۔ تو اللہ نے اسے اس الزام سے پاک کر دیا، جو انہوں نے لگایا تھا۔ اور وہ اللہ کے نزدیک عزت والا تھا۔

-الاحزاب ۳۳: ۶۹۔

۲۱۔ اور اس سے ہم نے قوم فرعون کا امتحان لیا۔ اور ان کے پاس ایک معزز رسول آیا۔

-الدخان ۴۴: ۱۷۔

۷۔ موسیٰ علیہ السلام پر اللہ کے احسانات

۲۲۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسان کیا اور انہیں اور ان کی قوم کو بڑی تکلیف سے بچایا۔ اور ہم نے ان کی مدد کی تو وہی غالب رہے۔ اور انہیں ہم نے کھول کر بیان کرنے والی کتاب دی۔ اور انہیں ہم نے سیدھی راہ پر لگایا۔ اور پچھلوں میں ہم نے ان کا ذکر خیر باقی رکھا کہ موسیٰ اور ہارون پر سلام۔ بے شک ہم نیکوں کو ایسا ہی عوض دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ دونوں (بھائی) ہمارے ایمان دار بندوں میں تھے۔

-الصفت ۳۷: ۱۱۴-۱۲۲۔

۸۔ محمد رسول اللہ ﷺ کی مانند ہونا

۲۳۔ لوگو! ہم نے تمہاری طرف تم پر گواہ بنا کر ویسا ہی رسول بھیجا ہے جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔

-المزمل ۷۳: ۱۵۔

۱۸۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَىٰ تِسْعَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ فَاسْأَلْ بَنِي إِسْرَائِيلَ إِذْ جَاءَهُمْ

۱۹۔ وَوَهَبْنَا لَهُ مِن رَّحْمَتِنَا أَخَاهُ هَارُونَ نَبِيًّا ۝

۲۰۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا ۝

۲۱۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ۝

۲۲۔ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ۝ وَنَصَرْنَاهُمْ فَكَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ ۝ وَآتَيْنَاهُمَا الْكِتَابَ الْمُسْتَبِينَ ۝ وَهَدَيْنَاهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْآخِرِينَ ۝ سَلَامٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ۝

۲۳۔ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝

۱۔ وَاجْعَل لِّي وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِي ۝ هَارُونَ أَخِي ۝ اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي ۝ وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ۝ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ۝ وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ۝ إِنَّكَ كُنتَ بِنَا بَصِيرًا ۝

ہارون علیہ السلام

۱۔ ہارون علیہ السلام کی وزارت و نبوت کے لیے موسیٰ کی دعا

۱۔ اور میرے کنبے میں سے میرا وزیر بنا۔ میرے بھائی ہارون کو اس سے میری ڈھارس بندھا۔ اور میرے کام میں اس کو شریک کر تاکہ ہم دونوں کثرت سے تیری تسبیح کریں۔ اور کثرت سے تجھے یاد کریں کہ تو ہمارے حال کو خوب دیکھ رہا ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۲۹-۳۵۔

۲۔ اور میرا دم رکتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی۔ تو تو ہارون کو بلا بھیج۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۳۔

۳۔ اور میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ صاف ہے۔ سو تو اس کو مددگار بنا کر میرے ساتھ بھیج کہ وہ میری تصدیق کرے۔ مجھ کو اندیشہ ہے کہ لوگ مجھے جھٹلائیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۳۴۔

۴۔ کہا تم دونوں کی دعا قبول ہوئی۔ تم ثابت قدم رہنا اور جاہلوں کی راہ پر نہ چلنا۔

۔یونس ۱۰: ۸۹۔

۲۔ آپ کی دعا قبول

۵۔ کہا، موسیٰ تیری درخواست منظور ہوئی۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۳۶۔

۶۔ کہا ہم تیرے بھائی کو تیرا قوت بازو بنائیں گے۔ اور تم کو ایسا غلبہ دیں گے کہ وہ لوگ تم تک پہنچ بھی نہ سکیں گے۔ یہ ہمارے نشان لو۔ تم اور تمہارے پیرو غالب رہیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۳۵۔

۳۔ وزارت

۷۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس کے بھائی ہارون کو اس کے ساتھ وزیر بنایا۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۵۔

۴۔ ہارون علیہ السلام کی نبوت

۸۔ اور اپنی مہربانی سے اس کے بھائی ہارون کو نبی بنا کر اس کو مددگار دیا۔

۔مریم ۱۹: ۵۳۔

۲۔ وَيَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ هَارُونَ ۝

۳۔ وَأَخِي هَارُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُصَدِّقُنِي ۖ إِنِّي أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ ۝

۴۔ قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝

۵۔ قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَىٰ ۝

۶۔ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَانًا فَلَا يَصِلُونَ إِلَيْكُمَا ۚ بِآيَاتِنَا أَنتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغَالِبُونَ ۝

۷۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَا مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيرًا ۝

۸۔ وَوَهَبْنَا لَهُ مِن رَّحْمَتِنَا أَخَاهُ هَارُونَ نَبِيًّا ۝

۹۔ إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِن بَعْدِهِ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ ۚ

۱۰۔ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ وَأَخِيهِ

۱۱۔ وَقَالَ مُوسَىٰ لِأَخِيهِ هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ ۝

۵۔ آپ پر وحی کا نازل ہونا

۹۔ اور ہم نے تیری طرف وحی بھیجی۔ جس طرح ہم نے نوح اور پیغمبروں کی طرف جو ان کے بعد ہوئے، وحی بھیجی اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اولادِ یعقوب اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف بھیجی تھی۔

۔النساء ۴: ۱۶۳۔

۱۰۔ اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی۔

۔یونس ۱۰: ۸۷۔

۶۔ موسیٰ کی قائم مقامی

۱۱۔ اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میری قوم میں میرا نائب رہنا اور میل جول رکھنا اور مفسدوں کے رستے نہ چلنا۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۲۔

۷۔ آپ کو ہدایتِ الٰہی

۱۲۔ ان سب کو ہم نے سیدھی راہ دکھائی اور ان سے پہلے نوح کو بھی راہِ راست دکھائی۔ اور ان کی نسل میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون کو۔

-الانعام ۶: ۸۴

۸۔ آپ کو فرقان ونور ملا

۱۳۔ اور ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرقان اور روشنی اور نصیحت نامہ پرہیزگاروں کے لیے دیا۔

-الانبیاء ۲۱: ۴۸

۹۔ آپ کی یادگار تابوتِ سکینہ میں محفوظ

۱۴۔ اور ان کے نبی نے ان سے کہا کہ اس کے بادشاہ ہونے کی یہ نشانی ہے کہ وہ صندوق جس میں تمہارے پروردگار کی تسلی ہے اور موسیٰ اور ہارون جو کچھ چھوڑ مرے ہیں، ان میں کی بچی ہوئی چیزیں ہیں، وہ تمہارے پاس آ جائے گا اور فرشتے اس کو اٹھا لائیں گے، اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

-البقرۃ ۲: ۲۴۸

۱۰۔ موسیٰ کے ہمراہ فرعون کی ہدایت کے لیے گئے

۱۵۔ پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو اپنے نشان دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم لوگ تھے۔

-یونس ۱۰: ۷۵

۱۶۔ تو اور تیرا بھائی ہماری نشانیاں لے کر جاؤ۔ اور ہماری یاد میں سستی نہ کرو۔ دونوں فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہو رہا ہے۔ پھر اس سے نرمی سے بات کرو۔ شاید سمجھ جائے یا ڈرے۔ دونوں نے کہا: اے ہمارے رب!

۱۲۔ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ ۚ

۱۳۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَىٰ وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاءً وَذِكْرًا لِّلْمُتَّقِينَ ﴿۴۸﴾

۱۴۔ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿۲۴۸﴾

۱۵۔ ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَىٰ وَهَارُونَ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ بِآيَاتِنَا فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ﴿۷۵﴾

۱۶۔ اذْهَبْ أَنتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي ﴿۴۲﴾ اذْهَبَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ﴿۴۳﴾ فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَىٰ ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَن يَطْغَىٰ ﴿۴۵﴾ قَالَ لَا تَخَافَا ۖ إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَىٰ ﴿۴۶﴾ فَأْتِيَاهُ فَقُولَا إِنَّا رَسُولَا رَبِّكَ فَأَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۖ قَدْ جِئْنَاكَ بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكَ ۖ وَالسَّلَامُ عَلَىٰ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَىٰ ﴿۴۷﴾

۱۷۔ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿۴۵﴾ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ﴿۴۶﴾

۱۸۔ فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيرًا ﴿۳۶﴾

ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر کہیں زیادتی کرے یا سرکشی کرنے لگے۔ کہا: تم ڈرو نہیں۔ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ سنتا اور دیکھتا۔ سو اس کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں۔ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے اور ان کو ایذا نہ دے۔ ہم تیرے رب کے پاس سے نشان لے کر آئے ہیں۔ اور سلامتی اس کے لیے جو راہِ راست کی پیروی کرے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۴۲-۴۷

۱۷۔ پھر ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں اور کھلی سند کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا تو وہ شیخی میں آ گئے اور وہ سرکش لوگ تھے۔

-المومنون ۲۳: ۴۵-۴۶

۱۸۔ پھر ہم نے کہا کہ تم دونوں ان لوگوں کے پاس جاؤ جو ہماری

نشانیوں کو جھٹلاتے ہیں۔ تو ہم نے ان لوگوں کو بالکل ہلاک کر ڈالا۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۶۔

۱۹۔ کہا ہرگز نہیں۔ تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ۔ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم سنتے رہیں گے۔ غرض تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم تمام جہانوں کے رب کے بھیجے ہوئے ہیں کہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے۔

۔الشعراء ۲۶: ۱۵۔۱۷۔

۱۱۔ بنی اسرائیل کو گوسالہ پرستی سے روکا

۲۰۔ کیا ان لوگوں کو یہ بھی نہ سوجھ پڑا کہ بچھڑا ان کی بات کا جواب دیتا ہے نہ ان کے کسی نقصان یا نفع کا مالک ہے اور ہارون نے پہلے ان سے کہا بھی کہ بھائیو! یہ تو اس کے ذریعے سے تمہاری آزمائش کی جا رہی ہے۔ ورنہ تمہارا رب رحمان ہے۔ تو میرے کہے پر چلو اور میری بات مانو۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۸۹۔۹۰۔

۱۲۔ آپ پر موسیٰ علیہ السلام کی خفگی

۲۱۔ جب موسیٰ اپنی قوم کی طرف غصے اور رنج میں بھرا لوٹا تو بولا کہ میرے پیچھے میری غیبت میں تم نے یہ بری حرکت کی۔ کیا تم لوگ اپنے رب کے حکم سے پہلے جلدی کر بیٹھے؟ اور موسیٰ نے تختیوں کو پھینک دیا اور اپنے بھائی کے سر کو پکڑ کر اپنی طرف گھسیٹا۔ بولا: اے میرے ماں جائے! لوگوں نے مجھ کو بے حقیقت سمجھا۔ اور قریب تھا کہ مجھ کو مار ڈالیں۔ تو دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دے۔ اور مجھ کو ظالموں میں شریک نہ کر۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۰۔

۲۲۔ موسیٰ نے کہا کہ ہارون جب تو نے ان کو دیکھا کہ

۱۹۔ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُم مُّسْتَمِعُونَ ﴿١٥﴾ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾ أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٧﴾

۲۰۔ أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَارُونُ مِن قَبْلُ يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنتُم بِهِ ۖ وَإِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمَٰنُ فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي ﴿٩٠﴾

۲۱۔ وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُونِي مِن بَعْدِي ۖ أَعَجِلْتُمْ أَمْرَ رَبِّكُمْ ۖ وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ ۚ قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُونِي وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿١٥٠﴾

۲۲۔ قَالَ يَا هَارُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوا ﴿٩٢﴾ أَلَّا تَتَّبِعَنِ ۖ أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ﴿٩٣﴾ قَالَ يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي ۖ إِنِّي خَشِيتُ أَن تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ﴿٩٤﴾

۲۳۔ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِأَخِي وَأَدْخِلْنَا فِي رَحْمَتِكَ ۖ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿١٥١﴾

۲۴۔ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ﴿١١٤﴾ وَنَجَّيْنَاهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ

گمراہ ہو گئے تو تو نے کیوں میری پیروی نہ کی۔ کیا تو نے میری حکم عدولی کی؟ بولا: اے میرے ماں جائے! میری ڈاڑھی اور سر کے بال نہ پکڑ۔ میں ڈرا کہ تو یہ کہے کہ تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور میری بات کا پاس تک نہ کیا۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۹۲۔۹۴۔

۱۳۔ آپ کے لیے دعائے مغفرت

۲۳۔ اس نے کہا: اے میرے پروردگار! میرا اور میرے بھائی کا قصور معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر اور تو تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۱۔

۱۴۔ اللہ کے احسانات ہارون علیہ السلام پر

۲۴۔ اور ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسانات کیے اور ان کو اور ان کی

قوم کو بڑی مصیبت سے نجات دی اور ان کی مدد کی۔ تو یہی لوگ غالب رہے۔ اور ان کو کتاب دی صاف بیان۔ اور دونوں کو سیدھا رستہ دکھایا۔ اور آنے والی امتوں میں ان کا ذکرِ خیر چھوڑا کہ موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو۔ بے شک ہم نیک بندوں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۱۴۔ ۱۲۱۔

طالوت

۱۔ موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے بعد بنی اسرائیل کی اپنے نبی سے بادشاہ مقرر کرنے کی درخواست

۱۔ کیا تو نے موسیٰ کے بعد بنی اسرائیل کی اس جماعت کو نہیں دیکھا، جنہوں نے اپنے نبی سے کہا کہ ہمارے لیے ایک بادشاہ مقرر کر کہ ہم اللہ کی راہ میں لڑیں۔ نبی نے کہا: کیا تم سے یہ بھی توقع ہے کہ اگر تم پر جنگ فرض ہو جائے تو تم جنگ نہ کرو۔ انہوں نے کہا کہ ہم اللہ کی راہ میں کیوں نہ لڑیں گے جب کہ ہم اپنے گھروں اور بیٹوں سے جدا کیے گئے ہیں۔ پھر جب ان پر قتال فرض ہوا تو سوا تھوڑے سے آدمیوں کے وہ سب پھر گئے۔ اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۶۔

۲۔ نبی کا اللہ کے حکم سے طالوت کو بادشاہ مقرر کرنا، بنی اسرائیل کا اس پر اعتراض، نبی کا جواب

۲۔ اور ان کے نبی نے ان سے کہا کہ اللہ نے طالوت کو تمہارے لیے بادشاہ مقرر کیا ہے۔ وہ بولے: وہ کیونکر ہمارا بادشاہ بنایا گیا۔ حالانکہ ہم اس سے زیادہ

الْعَظِيمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوا هُمُ الْغٰلِبِينَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِينَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِينَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۲۱﴾

۱۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾

۲۔ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ۭ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ۭ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ۭ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾

۳۔ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰۗئِكَةُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾

بادشاہت کے حق دار ہیں۔ اور وہ مال میں بھی بڑا مقدور والا نہیں ہے۔ کہا کہ اللہ نے اس کو تم پر برگزیدہ کیا۔ اور اس کو علم و جسم میں زیادہ وسعت دی ہے اور اللہ اپنا ملک جس کو چاہے دے۔ اور اللہ کشایش والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۷۔

۳۔ طالوت کے پاس بطورِ نشانی تابوتِ سکینہ کا آنا

۳۔ اور ان کے نبی نے ان سے کہا کہ اس کی بادشاہت کا نشان یہ ہے کہ تمہارے پاس صندوق آ جائے گا۔ اس میں تمہارے رب کی طرف سے تسکین ہے۔ اور موسیٰ اور ہارون کی اولاد کے ترکے سے کچھ بقیہ ہے۔ فرشتے اس کو اٹھا لائیں گے۔ اس میں تمہارے لیے نشانی ہے اگر تم ایمان دار ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۸۔

۴۔ طالوت کا اپنے لشکریوں کو نہر سے پانی پینے کی ممانعت کرنا، اکثر لشکریوں کا پانی پینا اور کم ہمت ہو جانا

۴۔ پھر جب فوج لے کر طالوت الگ ہوا تو بولا: اللہ تمہیں ایک نہر سے آزمائے گا۔ سو جو اس سے پئے گا، وہ میرا نہیں ہے۔ اور جو اس کو نہ چکھے گا وہ بے شک میرا ہے۔ مگر جو اپنے ہاتھ سے ایک چلّو بھر لے، تو اتنے میں مضائقہ نہیں۔ سو تھوڑوں کے سوا سب نے اس کا پانی پیا۔ پھر جب طالوت اور اس کے ایمان دار ساتھی اس نہر سے پار اترے تو وہ لوگ کہنے لگے کہ آج ہم میں جالوت اور اس کی فوج کے مقابلہ کی طاقت نہیں ہے۔ جنہیں اللہ کی ملاقات کا خیال تھا یوں بولے: ایسا بہت ہوا ہے کہ چھوٹی جماعت باذن اللہ بڑی جماعت پر غالب آئی اور اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۴۹-

۵۔ طالوت کا جالوت پر فتح پانا

۵۔ اور جب وہ جالوت اور اس کی فوج کے مقابلہ میں آئے تو بولے کہ اے ہمارے رب: ہمیں پورا صبر دے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کی قوم پر ہمیں مدد دے۔ پھر انہوں نے کفار کو باذن اللہ شکست دی۔ اور داؤد نے جالوت کو قتل کیا۔ اور اللہ نے داؤد کو سلطنت اور حکمت بخشی اور جو چاہا اس کو سکھلایا۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ایک کو ایک سے دفع نہ کرائے تو دنیا تباہ ہو جائے۔ لیکن اللہ جہان والوں پر فضل کرنے والا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۵۰-۲۵۱-

۴۔ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ ۚ فَشَرِبُوا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ ۚ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ ۚ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو اللّٰهِ كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝

۵۔ وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝ فَهَزَمُوهُم بِإِذْنِ اللّٰهِ وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَآتَاهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْأَرْضُ وَلَٰكِنَّ اللّٰهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

۱۔ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ ۗ

۲۔ وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ۝

۳۔ وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا ۖ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي فَضَّلَنَا عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

داؤد علیہ السلام

۱۔ داؤد علیہ السلام کو اللہ نے علم دیا

۱۔ اور جو چاہا اسے سکھلایا۔

-البقرۃ ۲:۲۵۱-

۲۔ اور ہم نے داؤد کو سلیمان دیا۔ وہ اچھا بندہ تھا۔ بے شک وہ رجوع ہونے والا تھا۔

-ص ۳۸:۳۰-

۳۔ اور بے شک ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم دیا اور ان دونوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت بخشی۔

-النمل ۲۷:۱۵-

۲۔ داؤد علیہ السلام ہاتھوں والے یعنی صاحب قوت تھے، اللہ کی طرف رجوع تھے

۴۔ جو وہ کہتے ہیں اس پر صبر کر۔ اور ہمارے بندے داؤد کو یاد کر۔ بے شک وہ (اللہ کی طرف) رجوع ہونے والا تھا۔

۔ ص ۳۸: ۱۷۔

۵۔ بے شک وہ (اللہ کی طرف) رجوع ہونے والا تھا۔

۔ ص ۳۸: ۱۷، ۳۰۔

۳۔ داؤد علیہ السلام اچھے بندے تھے

۶۔ وہ اچھا بندہ تھا۔

۔ ص ۳۸: ۳۰۔

۴۔ سلطنت اور حکمت دی

۷۔ اور اللہ نے اسے سلطنت اور حکمت دی۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۵۱۔

۸۔ اور ہم نے اس کی سلطنت مضبوط کی اور اسے حکمت اور معاملات کا فیصل کرنا دیا۔

۔ ص ۳۸: ۲۰۔

۵۔ زبور دی

۹۔ اور ہم نے داؤد کو زبور دی۔

۔ بنی اسرائیل ۱۷: ۵۵۔

۱۰۔ اور ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے فضیلت دی۔

۔ سبا ۳۴: ۱۰۔

۶۔ لباسِ جنگ بنانے میں کمال عطا کیا

۱۱۔ اور ہم نے اسے تمہارے لیے ایک لباس بنانا سکھایا تاکہ وہ تمہیں تمہاری لڑائی کی زد سے بچائے۔ تو کیا تم شکر گزار رہو۔

۔ الانبیاء ۲۱: ۸۰۔

۷۔ لوہے کو نرم کیا

۱۲۔ اور اس کے لیے ہم نے لوہے کو نرم کر دیا کہ کشادہ زرہیں بنا اور اندازے سے کڑیاں جوڑ۔ اور نیک کام کرتے رہو۔ جو تم کرتے ہو میں دیکھتا ہوں۔

۔ سبا ۳۴: ۱۰۔۱۱۔

۸۔ پہاڑوں اور پرندوں کو مطیع کیا

۱۳۔ اور ہم نے داؤد کے ساتھ پہاڑوں کو تابع کر دیا، جو تسبیح کرتے تھے اور پرندوں کو بھی اور ہم ہی یہ کرنے والے تھے۔

۔ الانبیاء ۲۱: ۷۹۔

۱۴۔ اے پہاڑو! اس کے ساتھ رجوع ہو کر تسبیح پڑھو۔ اور پرندوں کو بھی یہی حکم تھا۔

۔ سبا ۳۴: ۱۰۔

۱۵۔ ہم نے اس کے ساتھ پہاڑوں کو تابع کر دیا۔ جو شام کے وقت اور سورج نکلتے تسبیح کرتے تھے اور پرندے تابع کئے جو سب اکٹھے تھے۔ سب اس کے آگے رجوع تھے۔

۔ ص ۳۸: ۱۸۔۱۹۔

۴۔ اصْبِرْ عَلٰی مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾

۵۔ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾

۶۔ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ

۷۔ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ

۸۔ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾

۹۔ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾

۱۰۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ

۱۱۔ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

۱۲۔ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۙ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾

۱۳۔ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾

۱۴۔ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ

۱۵۔ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۙ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾

٩۔ داؤد نے جالوت کو قتل کیا

١٦۔ اور داؤد نے جالوت کو قتل کیا۔

۔البقرۃ ٢: ٢٥١۔

١٠۔ داؤد علیہ السلام کے پاس دو جھگڑالو شخص دیوار پھاند کر آئے، داؤد علیہ السلام نے پھر ان دونوں کا فیصلہ کیا

١٧۔ اور بھلا تجھے جھگڑالوؤں کی خبر بھی پہنچی ہے۔ جب وہ عبادت خانے میں دیوار پھاند کر آئے۔ جب وہ داؤد پر داخل ہوئے تو وہ ان سے خوف زدہ ہوا۔ بولے: خوف نہ کر۔ ہم دو اہلِ مقدمہ ہیں۔ ہم میں سے بعض نے بعض پر زیادتی کی ہے تو تو ہمارے درمیان صحیح صحیح فیصلہ کر اور التوا میں نہ ڈال اور ہمیں سیدھے رستے پر لگا۔ یہ میرا بھائی ہے اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے۔ اس نے کہا کہ وہ بھی میرے حوالے کر دے اور بات کرنے میں مجھے دبا لیا۔ کہا: اس نے جو تیری دنبی کو اپنی دنبیوں میں ملانے کے لیے سوال کیا تو یہ تجھ پر ظلم کیا۔ اور بے شک اکثر شریک بعض بعض پر ظلم ہی کرتے رہتے ہیں۔ ہاں وہ نہیں جو ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں اور وہ تھوڑے ہیں۔

۔ص ٣٨: ٢١۔٢٤۔

١١۔ داؤد علیہ السلام نے اپنی غلطی کی معافی مانگی، اللہ نے انہیں معاف کر دیا

١٨۔ اور داؤد نے خیال کیا کہ ہم نے اسے آزمایا۔ تو اس نے اپنے پروردگار سے معافی مانگی اور رکوع میں گر پڑا۔ اور (اللہ کی طرف) رجوع ہوا۔ تب ہم نے اس کی یہ غلطی معاف کر دی۔ اور بے شک اس کے لیے ہمارا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔

۔ص ٣٨: ٢٤۔٢٥۔

١٦۔ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ

١٧۔ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ۙ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ۝ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ۝ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَاۗءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۭ

١٨۔ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۝ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۭ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝

١٩۔ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝

٢٠۔ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا

١٢۔ اللہ کا داؤد علیہ السلام کو ملک میں خلیفہ کرنا

١٩۔ اور اے داؤد ہم نے تجھے زمین میں جانشین بنایا۔ تو تو لوگوں کے درمیان صحیح صحیح فیصلہ کیا کر اور اپنی خواہش کے پیچھے نہ پڑنا کہ وہ تجھے اللہ کی راہ سے کھو دے۔ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں، ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ اس لیے کہ وہ حساب کے دن کو بھولے ہوئے ہیں۔

۔ص ٣٨: ٢٦۔

١٣۔ داؤد اور سلیمان علیہما السلام کا بکریوں کی کھیتی چر جانے کے بارے میں فیصلہ

٢٠۔ اور داؤد اور سلیمان کو (علم دیا) جب وہ کھیتی میں فیصلہ کرنے لگے۔ جب اس کو ایک قوم کی بکریاں چر گئی تھیں۔ اور ہم ان کا فیصلہ دیکھ رہے تھے

پھر وہ واقعہ ہم نے سلیمان کو سمجھا دیا اور ہر ایک کو ہم نے قوت فیصلہ اور علم دیا۔

۔الانبیاء ۲۱:۷۸۔۷۹۔

سلیمان علیہ السلام

۱۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے جانشین سلیمان

۱۔اور سلیمان داؤد کا وارث ہوا۔

۔النمل ۲۷:۱۶۔

۲۔ سلیمان علیہ السلام نے کفر نہیں کیا

۲۔اور وہ اس علم کے پیچھے لگے جو سلیمان کی سلطنت میں شیاطین پڑھا کرتے تھے۔ سلیمان کافر نہ تھا۔ مگر شیاطین کافر تھے۔

۔البقرۃ ۲:۱۰۲۔

۳۔ آپ کا علم

۳۔پھر ہم نے سلیمان کو فیصلہ سمجھا دیا۔ اور ہر ایک کو ہم نے حکم اور علم دیا تھا۔ اور ہم نے پہاڑ داؤد کے تابع کر دیے تھے کہ وہ اس کے ساتھ تسبیح کرتے اور اسی طرح پرندوں کو بھی اور کرنے والے ہم تھے۔

۔الانبیاء ۲۱:۷۹۔

۴۔اور ہم نے داؤد و سلیمان کو ایک علم دیا اور ان دونوں نے کہا، اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے ایمان دار بندوں پر فضیلت بخشی۔

۔النمل ۲۷:۱۵۔

۴۔ پرندوں کا علم

۵۔اور بولا، لوگو ہمیں پرندوں کی بولی سکھلائی گئی ہے۔

۔النمل ۲۷:۱۶۔

۵۔ اللہ کی طرف سے ہر شے عطا

۶۔اور ہمیں ہر شے دی گئی ہے۔ بے شک یہ صریح فضل ہے۔

۔النمل ۲۷:۱۶۔

حُكْمًا وَّعِلْمًا

۱۔وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ

۲۔وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا

۳۔فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝

۴۔وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۵۔وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ

۶۔وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝

۷۔وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا

۸۔وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۝

۹۔وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ

۶۔ بکریوں کے کھیتی چر جانے کا فیصلہ

۷۔اور داؤد اور سلیمان کو یاد کر۔ جب وہ دونوں کھیت کا جھگڑا فیصل کرتے تھے۔ جب اس میں رات کے وقت ایک قوم کی بکریاں چر گئی تھیں۔ اور ہم ان کا فیصلہ دیکھ رہے تھے۔ پھر ہم نے سلیمان کو سمجھا دیا اور ہر ایک کو ہم نے حکم اور علم دیا تھا۔

۔الانبیاء ۲۱:۷۸۔۷۹۔

۷۔ تسخیر ہوا

۸۔اور ہم نے سخت ہوا سلیمان کے قابو کی تھی کہ وہ اس کے حکم سے اس زمین کی طرف چلتی تھی، جس میں ہم نے برکت دی۔ اور ہمیں ہر چیز کی خبر ہے۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۱۔

۹۔اور سلیمان کے لیے ہوا کو مسخر کیا۔ صبح کی سیر اس کی ایک مہینے کی راہ اور شام کی سیر اس کی ایک مہینے کی راہ تھی۔

۔سبا ۳۴:۱۲۔

۱۰۔ پھر ہم نے ہوا اس کے قابو میں کر دی کہ جہاں وہ پہنچنا چاہتا تھا، اس کے حکم سے اسی طرف کو آہستہ آہستہ چلتی۔

۔ص ۳۶:۳۸۔

۸۔ تسخیر شیاطین

۱۱۔ اور شیطان بھی تابع کر دیے۔ وہ سب عمارتیں بنانے والے اور غوطہ زن۔ اور اس کے سوا دوسرے کام بھی کرتے اور ہم ہی ان کے محافظ تھے۔

۔الانبیاء ۸۲:۲۱۔

۱۲۔ اور جنات میں سے وہ جن تابع کیے جو اس کے سامنے اس کے رب کے حکم سے کام کرتے تھے۔ اور ان جنوں میں سے جو کوئی ہمارے حکم سے پھرے، ہم اسے دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔

۔سبا ۱۲:۳۴۔

۱۳۔ اور شیاطین بھی تابع کیے۔ سارے عمارتیں بنانے والے اور غوطہ زن۔ اور کتنے ہی اور زنجیروں میں جکڑے ہوئے۔ یہ ہماری بخشش ہے۔ اب تو احسان کر یا اپنے ہی پاس رکھ۔ تجھ سے کچھ حساب نہیں۔

۔ص ۳۸:۳۷، ۳۹۔

۹۔ شیاطین اور جنوں نے آپکے لیے محرابیں، تصاویر اور چھوٹے بڑے طرح طرح کے برتن بنائے

۱۴۔ وہ جنات اس کے لیے جو وہ چاہتا، بناتے تھے۔ قلعے اور تصویریں، اور لگن جیسے تالاب اور دیگیں ایک جگہ رکھی ہوئیں۔ اے آل داؤد شکر گذاری کرو۔ اور میرے بندوں میں تھوڑے شکر گذار ہیں۔

۔سبا ۱۳:۳۴۔

۱۰۔ پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ جاری کیا

۱۵۔ اور سلیمان کے لیے ہوا کو مسخر کیا۔ صبح کی سیر اس کی ایک

۱۰۔ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ۝

۱۱۔ وَمِنَ الشَّيَاطِينِ مَنْ يَغُوصُونَ لَهُ وَيَعْمَلُونَ عَمَلًا دُونَ ذَٰلِكَ ۖ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِينَ ۝

۱۲۔ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝

۱۳۔ وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ ۝ وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ۝ هَٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

۱۴۔ يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ ۚ اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ۝

۱۵۔ وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۖ وَأَسَلْنَا لَهُ عَيْنَ الْقِطْرِ ۖ

۱۶۔ وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ۝

۱۷۔ حَتَّىٰ إِذَا أَتَوْا عَلَىٰ وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي

مہینے کی راہ اور شام کی سیر اس کی ایک مہینے کی راہ تھی اور اس کے لیے ہم نے پگھلے ہوئے تانبے کا ایک چشمہ جاری کیا۔

۔سبا ۱۲:۳۴۔

۱۱۔ سلیمان علیہ السلام کا لشکر جن، انسان اور پرندوں سے مرکب تھا

۱۶۔ اور سلیمان کے لیے اس کے لشکر جنوں اور آدمیوں اور پرندوں میں سے جمع کیے گئے تھے۔ پھر وہ مثل بمثل اس کے سامنے کھڑے کیے گئے تھے۔

۔النمل ۱۷:۲۷۔

۱۲۔ لشکر وادیٔ نمل پر گزرا۔ ایک چیونٹی کی گفتگو پر سلیمان علیہ السلام کا ہنسنا اور اللہ کی نعمتوں کو یاد کر کے شکر کرنا

۱۷۔ یہاں تک کہ جب وہ چیونٹیوں کے میدان میں پہنچے تو ایک

چیونٹی نے کہا کہ چیونٹیو اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور اس کا لشکر تمہیں کچل ڈالے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔ تب سلیمان اس چیونٹی کی بات پر مسکرا کر ہنسا۔ اور کہا: اے رب! مجھے توفیق دے کہ تیرے احسان کو جو تو نے مجھ پر کیا، شکر کروں۔ اور ایسے نیک کام کروں جن سے تو راضی ہو۔ اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں شامل کر۔

۔النمل ۲۷: ۱۸۔۱۹

۱۳۔ سلیمان علیہ السلام نے پرندوں کا جائزہ لیا اور ملکۂ شہر سبا یعنی بلقیس کی خبر

۱۸۔ اور اس نے پرندوں کی حاضری لی۔ پھر بولا کہ مجھے کیا ہوا کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھتا یا وہ غیر حاضر ہے۔ میں اسے سخت سزا دوں گا یا ذبح کر ڈالوں گا یا وہ کوئی صاف جواب میرے پاس لائے۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد وہ آ گیا۔ کہا کہ مجھے ایک بات معلوم ہوئی ہے، جو تجھے معلوم نہیں۔ اور میں شہر سبا سے ایک یقینی خبر لایا ہوں۔ میں نے عورت پائی جو ان پر بادشاہت کر رہی ہے اور اس کو ہر شے ملی ہے اور اس کے پاس ایک بڑا تخت ہے۔ میں نے اس کو اور اس کی قوم کے لوگوں کو اللہ کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے پایا اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے مزین کر دیے ہیں اور انہیں راہ سے روکا ہے۔ سو وہ راہ نہیں پاتے۔

۔النمل ۲۷: ۲۰۔۲۴۔

۱۹۔ اللہ کو کیوں سجدہ نہ کریں۔ جو آسمانوں اور زمین کی چھپی چیز نکالتا اور جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو، سب جانتا ہے۔ اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی عرش عظیم کا رب ہے۔

۔النمل ۲۷: ۲۵۔۲۶۔

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ ۝

۱۸۔ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ ۝ لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ۝ إِنِّي وَجَدْتُ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ۝ وَجَدْتُهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ ۝

۱۹۔ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝

۲۰۔ قَالَ سَنَنْظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ اذْهَبْ بِكِتَابِي هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ ۝ قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ ۝ إِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ۝ قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتَّىٰ تَشْهَدُونِ ۝ قَالُوا نَحْنُ أُولُو قُوَّةٍ وَأُولُو بَأْسٍ شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانْظُرِي

۱۴۔ ملکۂ سبا کو دعوت اسلام

۲۰۔ سلیمان بولا: ہم دیکھیں گے تو نے سچ کہا یا تو جھوٹا ہے۔ میرا یہ خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے۔ پھر ان کے پاس سے واپس آ۔ پھر دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔ وہ بولی: اے درباریو! میری طرف ایک عزت کا خط ڈالا گیا ہے۔ وہ سلیمان کی طرف سے ہے۔ اور اللہ کے نام سے ہے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے، شروع کیا گیا ہے کہ تم لوگ مجھ سے سرکشی نہ کرو۔ اور تابع دار بن کر میرے پاس چلے آؤ۔ بولی اے درباریو! میرے معاملہ میں مجھے مشورہ دو۔ میں کسی امر کا فیصلہ نہیں کیا کرتی، جب تک تم حاضر نہیں ہوتے۔ وہ بولے: ہم لوگ بڑے زور آور اور سخت لڑنے والے ہیں اور کام تیرے اختیار میں ہے۔ سو تو سوچ سمجھ لے کہ کیا حکم دیتی ہے۔ بولی: جب کسی بستی میں بادشاہ

داخل ہوتے ہیں تو اسے خراب کرتے ہیں اور وہاں عزت داروں کو ذلیل کرتے ہیں اور اسی طرح یہ بھی کریں گے۔

۔النمل ۲۷: ۳۲۔۳۴۔

۱۵۔ ملکہ کا سلیمان علیہ السلام کے پاس ہدیہ بھیجنا، آپ کا اس کو قبول نہ کرنا اور شہرِ سبا پر لشکر کشی کا ارادہ

۲۱۔ اور میں ان کی طرف کچھ ہدیہ بھیجتی ہوں۔ پھر دیکھتی ہوں کہ قاصد کیا جواب لے کر آتے ہیں۔ پھر جب قاصد سلیمان کے پاس آیا تو اس نے کہا۔ کیا تم مجھے مال سے مدد دیتے ہو۔ سو جو کچھ اللہ نے مجھے دیا ہے، وہ اس سے کہیں بہتر ہے جو تمہیں دیا ہے۔ بلکہ تم اپنے ہدیے سے آپ ہی خوش ہو۔ ان کی طرف پھر جا۔ اب ہم ان پر ایسی فوجیں لے کر چڑھائی کرتے ہیں جن کا مقابلہ وہ نہ کر سکیں گے۔ اور ہم انہیں ان کی بستی سے ذلیل کر کے نکالیں گے اور وہ خوار ہوں گے۔

۔النمل ۲۷: ۳۵۔۳۷۔

۱۶۔ آپ کا تختِ بلقیس کو منگانا

۲۲۔ کہا: اے درباریو! تم میں کوئی ہے کہ اس عورت کا تخت میرے پاس اس سے پہلے اٹھا لائے کہ وہ مسلمان ہو کر میرے پاس حاضر ہوں۔ جنوں میں سے ایک دیو بولا: وہ تخت میں تیرے پاس لاؤں گا، اس سے پہلے کہ تو اپنی جگہ سے اٹھے۔ اور میں اس کے اٹھا لانے پر امانت دار، زور آور ہوں۔ وہ شخص جس کو کتاب کا علم تھا، بولا کہ میں اسے تیرے پاس پلک مارنے سے پہلے لاؤں گا۔ پھر جب سلیمان نے وہ تخت اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو کہا کہ یہ میرے رب کے فضل سے ہے۔ تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا

مَاذَا تَأْمُرِيْنَ ۝ قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوْكَ إِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً أَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝

۲۱۔ وَإِنِّيْ مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ أَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ۝ اِرْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ أَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝

۲۲۔ قَالَ يٰٓأَيُّهَا الْمَلَؤُا أَيُّكُمْ يَأْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَنْ يَّأْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ أَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَإِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِيْنٌ ۝ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ أَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ أَنْ يَّرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۖ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ ۖ وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ۝

۲۳۔ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ أَتَهْتَدِيْٓ أَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ أَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهٗ هُوَ ۚ وَأُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ۝ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ إِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ

ناشکری۔ اور جو کوئی شکر کرتا ہے، وہ اپنی جان کے لیے شکر کرتا ہے۔ اور جو کوئی ناشکری کرتا ہے تو میرا رب بے پرواہ غنی ہے۔

۔النمل ۲۷: ۳۸۔۴۰۔

۱۷۔ بلقیس کی عقل کو آزمانا اور اس کا اسلام لانا

۲۳۔ سلیمان نے کہا کہ اس کے لیے اس تخت کی شکل بدل ڈالو۔ ہم دیکھیں کہ آیا وہ راہ پر آتی ہے یا ان میں ہوتی ہے، جو راہ نہیں پاتے۔ پھر جب وہ آئی تو اس سے کہا گیا کہ کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے۔ بولی: گویا یہ وہی ہے۔ اور ہمیں تو اس سے پہلے ہی معلوم ہو گیا تھا اور ہم مسلمان ہو گئے تھے اور سلیمان نے اس عورت کو ان چیزوں سے روکا، جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتی تھی۔ کیونکہ وہ کافر لوگوں میں سے تھی۔ اس سے کہا گیا محل میں چلو۔ سو جب اس نے محل دیکھا تو گہرا پانی سمجھا اور اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں۔ سلیمان نے کہا یہ تو محل

ہے۔ اس میں شیشے جڑے ہوئے ہیں۔ بولی: اے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اب سلیمان کے ساتھ اللہ جہانوں کے رب کے واسطے مسلمان ہو گئی ہوں۔

فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۠ ﴿۴۴﴾

-النمل ۲۷: ۴۴-

۱۸۔ سلیمان علیہ السلام کا گھوڑوں سے محبت کرنا

۲۴۔ اور ہم نے داؤد کو سلیمان بخشا۔ اچھا بندہ، وہ رجوع کرنے والا تھا۔ جب شام کے وقت اس کے سامنے اصیل گھوڑے پیش کئے گئے تو اس نے کہا کہ میں نے اپنے رب کی یاد سے مال کی محبت کو زیادہ دوست رکھا۔ یہاں تک کہ سورج اوٹ میں چھپ گیا۔ ان کو میرے پاس لوٹا لاؤ۔ پھر پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا۔

۲۴۔ وَ وَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿ؕ۳۰﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿ۙ۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْۤ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿ٜ۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَ الْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾

-ص ۳۸: ۳۰-۳۳-

۱۹۔ سلیمان علیہ السلام کی آزمائش اور استغفار

۲۵۔ اور ہم نے سلیمان کو آزمایا اور اس کے تخت پر ایک جسم لا ڈالا۔ پھر سلیمان نے توبہ کی۔ بولا: اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت دے کہ میرے بعد کسی کو راست نہ آئے۔ بے شک تو بڑا فیاض ہے۔

۲۵۔ وَ لَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَ اَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

-ص ۳۸: ۳۴-۳۵-

۲۰۔ سلیمان علیہ السلام کی موت

۲۶۔ پھر جب ہم نے اس پر موت کو مقرر کیا تو جنوں کو اس کی موت کی خبر کسی نے نہ دی مگر گھن کے کیڑے نے کہ اس کے عصا کو کھاتا رہا۔ پس جب وہ گر پڑا تو جنوں نے جانا کہ اگر وہ غیب جانتے تو ذلت کے عذاب میں نہ رہتے۔

۲۶۔ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖۤ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿ؕ۱۴﴾

-سبا ۳۴: ۱۴-

۲۱۔ سلیمان علیہ السلام اچھے بندے اور اللہ کی طرف رجوع تھے

۲۷۔ اچھا بندہ وہ رجوع کرنے والا تھا۔

۲۷۔ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿ؕ۳۰﴾

-ص ۳۸: ۳۰-

۲۲۔ سلیمان علیہ السلام کے لیے اللہ کے ہاں قرب اور اچھا ٹھکانا

۲۸۔ اور بے شک اس کے لیے ہمارے پاس مرتبہ اور اچھا ٹھکانا ہے۔

۲۸۔ وَ اِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾

-ص ۳۸: ۴۰-

قصہ شہر سبا

۱۔ شہر سبا کا اپنے نہایت عروج کے بعد برباد ہونا

۱۔ کچھ شک نہیں کہ اہل سبا کے لیے ان کے گھروں ہی میں (قدرت کی) ایک نشانی موجود تھی۔ (یعنی) داہنی طرف اور بائیں طرف دو باغ تھے۔ اپنے پروردگار کی طرف سے روزی کھاؤ اور اس کا شکر کرو۔ (یہ) ایک ستھرا شہر ہے اور بخشنے والا پروردگار ہے۔ تو انہوں نے روگردانی کی۔

۱۔ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَ اشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّ رَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا

تب ہم نے ان پر زور کا سیلاب چھوڑ دیا۔ اور ہم نے ان کے دونوں باغوں کو ایسے دو باغوں سے بدل دیا، جن کا میوہ بدمزہ اور جھاؤ اور چند ایک بیریاں تھیں۔ یہ ہم نے انہیں ان کی ناشکری کی سزا دی۔ اور ہم ناشکروں ہی کو سزا دیا کرتے ہیں۔ اور ہم نے ان کے اور (شام کی) ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت رکھی تھی، گاؤں بسا دیے تھے۔ جو ظاہر نظر آتے تھے۔ اور ان میں سفر کا اندازہ مقرر کر دیا تھا (اور کہہ دیا تھا) کہ ان میں رات اور دن بے خوف و خطر سفر کیا کرو۔ تو انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں میں دوری پیدا کر دے۔ اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ تب ہم نے انہیں فسانہ بنا دیا۔ اور پورے طور پر ان کے ٹکڑے ٹکڑے بکھیر دیے۔ بے شک ان میں ہر ایک صابر، شکر گزار کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔ اور ان کے بارہ میں شیطان نے اپنا خیال سچ کر دکھایا کہ مومنوں کی ایک جماعت کے سوا وہ سب اس کے پیچھے لگ گئے اور اس کا ان پر کچھ زور نہ تھا۔ مگر یہ اس لیے ہوا کہ ہم انہیں جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ان لوگوں سے جدا کر دیں، جو اس کی طرف سے شک میں (پڑے) ہیں۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرا پروردگار ہر شے پر نگہبان ہے۔

۔سبا ۳۴:۱۵-۲۱۔

الیاس علیہ السلام

۱۔ الیاس علیہ السلام رسول تھے

۱۔ اور کچھ شک نہیں کہ الیاس رسولوں میں سے تھے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۲۳۔

۲۔ الیاس علیہ السلام کا اپنی قوم کو نصیحت کرنا

۲۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُم بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِّن سِدْرٍ قَلِيلٍ ۝ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُم بِمَا كَفَرُوا ۖ وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ ۝ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِينَ ۝ فَقَالُوا رَبَّنَا بَاعِدْ بَيْنَ أَسْفَارِنَا وَظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ فَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ ظَنَّهُ فَاتَّبَعُوهُ إِلَّا فَرِيقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا كَانَ لَهُ عَلَيْهِم مِّن سُلْطَانٍ إِلَّا لِنَعْلَمَ مَن يُؤْمِنُ بِالْآخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِي شَكٍّ ۗ وَرَبُّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۝

۱۔ وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝

۲۔ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ ۝ اللَّهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝

۳۔ فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ۝ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ۝

۴۔ سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝

کیا تم بعل (بت) کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑتے ہو؟ اللہ کو جو تمہارا پروردگار اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا پروردگار ہے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۲۴-۱۲۶۔

۳۔ قوم کا الیاس علیہ السلام کو جھٹلانا

۳۔ سو انہوں نے اسے جھٹلایا، تو کچھ شک نہیں کہ وہ پکڑے آئیں گے۔ لیکن اللہ کے منتخب بندے (نہیں) اور پچھلے لوگوں پر ہم نے ان کا ذکر باقی چھوڑا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۲۷-۱۲۹۔

۴۔ الیاس علیہ السلام پر سلام

۴۔ کہ الیاس پر سلام۔ کچھ شک نہیں کہ ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی عوض دیتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۳۰-۱۳۱۔

۵۔ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ۝

۱۔ وَذَا النُّونِ إِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَىٰ فِي الظُّلُمَاتِ أَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ ۝

۲۔ وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ۝ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ۝

۳۔ فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ۝ لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝

۴۔ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيمٌ ۝ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِينٍ ۝

۵۔ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ۝ لَوْلَا أَنْ تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِنْ رَبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ ۝ فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝

۶۔ وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ ۝

۷۔ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ۝

۵۔ الیاس علیہ السلام اللہ کے ایمان دار بندوں میں تھے

۵۔ بے شک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں تھا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۳۲۔

یونس علیہ السلام

۱۔ یونس علیہ السلام اپنی قوم سے رنجیدہ ہو کے بھاگے

۱۔ اور مچھلی والے (یونس علیہ السلام) کو یاد کر۔ جب وہ غصے میں لڑ کر چلا گیا۔ پھر سمجھا کہ ہم اسے پکڑ نہ سکیں گے۔ پھر تاریکیوں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے۔ میں ظالموں میں تھا۔ سو ہم نے اس کی سنی اور اسے غم سے نجات دی۔ اور یونہی ہم مومنوں کو نجات دیں گے۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۷۔۸۸۔

۲۔ اور بے شک یونس رسولوں میں تھا۔ جب وہ اس بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگا پھر قرعہ ڈالا گیا، تو وہ دھکیلے ہوؤں میں ہو گیا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۳۹۔۱۴۱۔

۲۔ مچھلی نے لقمہ کر لیا

۳۔ پھر اسے مچھلی نے لقمہ کر لیا۔ اور وہ اپنے آپ کو ملامت کرتا تھا۔ پھر اگر یہ نہ ہوتا کہ وہ اللہ کی تسبیح کرنے والوں میں تھا تو اس دن تک کہ مردے اٹھیں، اس کے پیٹ میں رہتا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۴۲۔۱۴۴۔

۳۔ بچ گئے

۴۔ پھر ہم نے اسے چٹیل میدان میں پھینک دیا اور وہ بیمار تھا اور ہم نے اس پر ایک بیل دار درخت اگا دیا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۴۵۔۱۴۶۔

۵۔ سو تو اپنے رب کے حکم کا انتظار کر۔ اور مچھلی والے (یونس علیہ السلام) کی طرح نہ ہو۔ جب اس نے دعا کی اور وہ غصے میں بھرا ہوا تھا۔ اگر اسے اس کے رب کا فضل نہ سنبھالتا تو وہ چٹیل میدان میں پڑا رہتا اور بدحال ہوتا۔ پھر اس کے رب نے اسے نوازا اور نیکوں میں کر دیا۔

۔القلم ۶۸:۴۸۔۵۰۔

۴۔ ایک لاکھ سے زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجے گئے

۶۔ اور ہم نے اسے ایک لاکھ یا زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۴۷۔

۵۔ قوم یونس سے ان کے ایمان لانے کے باعث عذاب ٹل گیا

۷۔ پھر کیوں نہ کوئی اور بستی ہوئی جو (عذاب دیکھ کر) ایمان لائی ہو۔ اور ان کے ایمان نے انہیں نفع دیا ہو۔ سوائے قوم یونس کے کہ جب وہ ایمان لائے تو ہم نے حیاتِ دنیا کی رسوائی کا عذاب ان سے ہٹا لیا اور ایک وقت تک انہیں فائدہ پہنچایا۔

۔یونس ۱۰:۹۸۔

۸۔ پھر وہ ایمان لائے۔ پھر ہم نے انہیں ایک وقت تک بہرہ مند کیا۔

۸۔ فآمنوا فمتعناهم إلى حين ۝

۔ الصّفّٰت ۳۷: ۱۴۸۔

حزقی ایل نبی کا قصہ

ا۔ حزقی ایل علیہ السلام نبی کا ایک برباد شدہ گاؤں پر گزرنا اوران کا رؤیا

ا۔ یا مانند اس شخص کے جو ایک گاؤں پر گزرا۔ اور وہ گاؤں اپنی چھتوں پر گرا پڑا تھا۔ تو اس نے کہا کہ اس شہر کو اس کے مرے پیچھے اللہ کیوں کر جلا ئے گا۔ سو اللہ نے اس کو مار کر سو برس تک مُردہ رکھا۔ پھر اسے اٹھایا اور پوچھا کہ تو کتنی دیر تک مردہ پڑا رہا۔ اس نے کہا: ایک دن یا ایک دن سے بھی کچھ کم۔ فرمایا: نہیں۔ بلکہ تو سو برس تک مردہ رہا۔ اب تو اپنا کھانا پینا دیکھ، وہ بالکل نہیں بگڑا: اور تو اپنے گدھے کو بھی دیکھ۔ اور یہ اس لیے کہ ہم تجھے آدمیوں کے لیے ایک نشان بنانا چاہتے ہیں اور تو ہڈیوں کی طرف دیکھ کہ ہم کیونکر ان کو جنبش دیتے ہیں، پھر ان کو گوشت پہناتے ہیں۔ پھر جب اس پر یہ بھید ظاہر ہو گیا تو اس نے کہا: میں جانتا ہوں، اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔ البقرۃ ۲: ۲۵۹-۲۶۰

ا۔ أو كالذي مر على قرية وهي خاوية على عروشها قال أنى يحيي هذه الله بعد موتها فأماته الله مائة عام ثم بعثه قال كم لبثت قال لبثت يوما أو بعض يوم قال بل لبثت مائة عام فانظر إلى طعامك وشرابك لم يتسنه وانظر إلى حمارك ولنجعلك آية للناس وانظر إلى العظام كيف ننشزها ثم نكسوها لحما فلما تبين له قال أعلم أن الله على كل شيء قدير ۝

ذوالقرنین

ا۔ ذوالقرنین کا مطلع الشمس اور مغرب الشمس میں پہنچنا

ا۔ اور (اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ میں ان کا حال تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں۔ ہم نے اسے ملک میں جمایا تھا اور اسے ہر شے کا سامان دیا تھا۔

ا۔ ويسألونك عن ذي القرنين قل سأتلو عليكم منه ذكرا ۝ إنا مكنا له في الأرض وآتيناه من كل شيء سببا ۝

۲۔ فأتبع سببا ۝ حتى إذا بلغ مغرب الشمس وجدها تغرب في عين حمئة ووجد عندها قوما قلنا يا ذا القرنين إما أن تعذب وإما أن تتخذ فيهم حسنا ۝ قال أما من ظلم فسوف نعذبه ثم

۔ الکہف ۱۸: ۸۳-۸۴

۲۔ تو وہ ایک سامان کے پیچھے لگا۔ یہاں تک کہ جب وہ سورج کے ڈوبنے کی جگہ پہنچ تو اسے دلدل کے ایک چشمے میں ڈوبتا پایا اور وہاں سے اس نے کچھ لوگ پائے۔ ہم نے کہا کہ اے ذوالقرنین! یا تو تو ان لوگوں کو تکلیف دے اور یا ان کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کر۔ کہا: جس نے ظلم کیا ہے اسے ہم عذاب دیں گے۔ پھر وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا اور وہ اسے بری طرح کی مار دے گا۔ لیکن جو ایمان لایا اور اس نے نیک کام کیے، اس کے لیے نیک بدلہ ہے اور ہم اپنے کام میں اس

سے نرمی برتیں گے۔

-الکہف ۸۵:۱۸-۸۸-

۲۔ پھر وہ ایک اور سامان کے پیچھے لگا۔ یہاں تک کہ وہ سورج کے نکلنے کے مقام پر پہنچا تو اسے ایسے لوگوں پر طلوع ہوتے پایا، جن کے لیے ہم نے اس کے درمیان کوئی پردہ نہیں رکھا تھا۔ یوں ہی ہے۔ اور اس کے پاس کی خبر پر ہمارا احاطہ ہے۔

-الکہف ۸۹:۱۸-۹۱-

۱۱۔ اس کا دو دیواروں کے قریب پہنچنا

۳۔ پھر وہ ایک اور سامان کے پیچھے لگا۔ یہاں تک کہ دو دیواروں کے درمیان پہنچا۔ تو اس نے ان دونوں قوموں کے سوا ایک اور قوم پائی جو بات نہیں سمجھ سکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اے ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج ملک میں فساد ڈالتے رہتے ہیں۔ کہیے تو ہم تیرے لیے کچھ محصول مقرر کر دیں۔ اس پر کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک آڑ بنا دے۔ کہا: جو مقدور مجھے میرے پروردگار نے دیا ہے، وہ بہتر ہے۔ تم محنت سے میری مدد کرو۔ میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک آڑ بنائے دیتا ہوں۔ میرے پاس لوہے کے تختے لے آؤ۔ یہاں تک کہ جب اس کے دونوں پھاٹکوں کا درمیان (بھر کر) ہموار کر دیا تو کہا کہ دھونکو۔ یہاں تک کہ جب اس نے اس (لوہے) کو آگ کر دیا۔ کہا کہ میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ کہ اس پر بہا دوں۔ پھر نہ وہ اس پر چڑھ ہی سکیں گے اور نہ اس میں نقب لگا سکیں گے۔

-الکہف ۹۲:۱۸-۹۷-

يُرَدُّ إِلَىٰ رَبِّهِ فَيُعَذِّبُهُ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُ جَزَاءً الْحُسْنَىٰ ۖ وَسَنَقُولُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾

۲۔ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلَىٰ قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذَٰلِكَ وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾

۳۔ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِن دُونِهِمَا قَوْمًا لَّا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلَىٰ أَن تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾

۵۔ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي ۖ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ ۖ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ فِي غِطَاءٍ عَن ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾

۳۔ ذوالقرنین کی دیوار کے گرنے کا اللہ کی طرف سے وعدہ

۵۔ کہا یہ میرے پروردگار کی ایک رحمت ہے۔ پھر جب میرے پروردگار کا وعدہ آ پہنچے گا تو اسے چورا چورا کر دے گا۔ اور میرے پروردگار کا وعدہ حق ہے۔ اور اس دن میں ہم مخلوق کو چھوڑ دیں گے کہ بعض بعض میں دھنستے ہوں گے اور صور پھونکا جائے گا۔ پھر ہم ان سب کو اکٹھا کریں گے۔ اور اس دن ہم کافروں پر دوزخ کو پیش کریں گے۔ جن کی آنکھیں میری یاد سے پردے میں تھیں۔ اور (حق کے) سننے کی تاب نہیں لاتے تھے۔

-الکہف ۹۸:۱۸-۱۰۱-

لقمان

۱۔ لقمان کو اللہ کی طرف سے حکمت عطا ہونا اور ان کی بیٹے کو نصیحت

۱۔ اور بے شک ہم نے لقمان کو حکمت دی کہ اللہ کا شکر کر اور جو شکر کرے گا، وہ اپنے ہی نفع کے لیے شکر کرے گا۔ اور جو کوئی ناشکری کرے گا تو بے شک اللہ بے پرواہ ہے، قابل تعریف۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۲۔

۲۔ اور جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اور وہ اسے نصیحت کر رہا تھا کہ بیٹا اللہ کا شریک نہ ٹھہرانا۔ کچھ شک نہیں کہ شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔ اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے بارہ میں نیکی کرنے کی تاکید کی۔ اس کی ماں نے اسے جھٹکے پر جھٹکا کھا کر پیٹ میں رکھا۔ اور اس کا دودھ چھڑانا دو سال میں ہے کہ میرا اور اپنے ماں باپ کا شکر گزار رہ۔ میری ہی طرف تمہیں لوٹ کر آنا ہے۔ اور اگر وہ تجھے اس بات پر مجبور کریں کہ تو میرے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرے جس کا تجھے کوئی علم نہیں ہے تو تو ان کا کہنا نہ مان۔ اور دنیا میں ان کے ساتھ بھلائی کرتا رہ۔ اور اس کی راہ چل جو میری طرف رجوع ہے۔ پھر میری ہی طرف تمہیں لوٹنا ہے۔ میں تمہیں بتلاؤں گا جو تم کیا کرتے تھے۔ بیٹا اگر کوئی چیز رائی کے دانہ کے برابر بھی ہو، پھر وہ کسی پتھر میں چھپی ہو یا آسمانوں میں یا زمین میں، اللہ اسے (قیامت) کو لا موجود کرے گا۔ بے شک اللہ مخفیات کا جاننے والا، خبردار ہے۔ بیٹا نماز کو قائم رکھ۔ اور (لوگوں کو) اچھی باتوں کی ہدایت کر۔ اور بری باتوں سے منع کر۔ اور جو تکلیف تجھے پہنچے، اس پر صبر کر۔ بے شک یہ ہمت کے کام ہیں۔ اور لوگوں سے اپنے گال نہ پھلا اور زمین پر اکڑ کر نہ چل۔ بے شک اللہ پسند نہیں کرتا کسی اترانے والے، شیخی خورے کو۔ اور اپنی رفتار میں درمیانی چال اختیار کر اور اپنی آواز دھیمی رکھ۔ بے شک سب آوازوں سے بری آواز گدھے کی آواز ہے۔

۱۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝

۲۔ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِى الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ؗ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰبُنَيَّ اِنَّهَاۤ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِى السَّمٰوٰتِ اَوْ فِى الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ۝

۔لقمٰن ۳۱: ۱۳۔۱۹۔

زکریا علیہ السلام

۱۔ زکریا علیہ السلام پر اللہ کی رحمت

۱۔ یہ بیان ہے کہ تیرے رب کی رحمت کا اس کے بندے زکریا پر۔

۱۔ كٰهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

۔مریم ۱۹: ۱۔۲۔

۱۔ زکریا علیہ السلام اللہ سے بیٹا مانگتا ہے

۱۔اسی موقعہ پر زکریا نے اپنے رب سے دعا کی کہا: اے میرے رب! اپنی طرف سے مجھے پاک اولاد بخش۔ بے شک تو دعا سنتا ہے۔

۔آلِ عمران ۳: ۳۸۔

۲۔جب اس نے اپنے رب کو ہلکی آواز سے پکارا۔ بولا: اے میرے رب! میرے بدن کی ہڈیاں سست ہوگئیں اور بڑھاپے سے سر مثل آگ کے ہوگیا۔ اور میں کبھی تجھ سے اے میرے رب! دعا کرکے محروم نہیں رہا۔ اور میں اپنے بعد وارثوں سے ڈرتا ہوں اور میری عورت بانجھ ہے۔ سو تو اپنی طرف سے مجھے ایک وارث بخش۔ جو میرا وارث ہو اور اولادِ یعقوب کا بھی وارث ہو۔ اور اے میرے رب! اسے پسندیدہ کر۔

۔مریم ۱۹: ۳-۶۔

۳۔اور زکریا کو یاد کر۔ جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ۔ اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۸۹۔

۳۔ فرشتوں کا زکریا کو یحییٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی بشارت دینا

۵۔پھر جب زکریا محراب میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا فرشتوں نے اسے آواز دے کر کہا کہ اللہ تجھے یحییٰ کی خوش خبری دیتا ہے۔ جو اللہ کے کلمہ (عیسیٰ) کا مصدق اور ایک سید ہوگا۔ اور عورتوں سے برطرف رہے گا۔ اور ایک نبی ہوگا نیکوں میں سے۔

۔آلِ عمران ۳: ۳۹۔

۶۔اے زکریا! ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا۔ اس وقت سے پہلے ہم نے کوئی آدمی

۱۔ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ۝

۲۔ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِن وَرَائِي وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ۝ يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

۳۔ وَزَكَرِيَّا إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ ۝

۵۔ فَنَادَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ أَنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَسَيِّدًا وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِّنَ الصَّالِحِينَ ۝

۶۔ يَا زَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ لَمْ نَجْعَل لَّهُ مِن قَبْلُ سَمِيًّا ۝

۷۔ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ ۖ قَالَ كَذَٰلِكَ اللَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۝

۸۔ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝ قَالَ كَذَٰلِكَ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِن قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ۝

اس کا ہم نام نہیں کیا۔

۔مریم ۱۹: ۷۔

۴۔ زکریا علیہ السلام کا پیدائشِ یحییٰ علیہ السلام پر استعجاب

۷۔زکریا نے کہا کہ اے میرے رب! میرے لڑکا کیونکر ہوگا۔ حالانکہ میری عورت بانجھ ہے۔ میں بڑھا ہوگیا۔ فرمایا: اسی طرح اللہ جو چاہے سو کرتا ہے۔

۔آلِ عمران ۳: ۴۰۔

۸۔بولا: اے رب میرے! لڑکا کیونکر ہوگا: حالانکہ میری عورت بانجھ ہے اور میں بڑھاپے سے ضعیفی میں آ گیا۔ فرمایا۔ یوں ہی ہوگا۔ تیرے رب نے کہا ہے۔ یہ کام مجھ پر آسان ہے۔ اور میں نے تجھے پہلے پیدا کیا اور تو کچھ چیز نہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۸-۹۔

۵۔ زکریا علیہ السلام کا نشانی مانگنا اور تین روز تک زبان بند رہنا

۹۔ بولا: اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی مقرر کر۔ کہا: تیری نشانی یہ ہے کہ تو تین دن لوگوں سے بول نہ سکے گا۔ صرف اشارہ کرے گا۔ اور اپنے رب کو بہت یاد کرتا رہ۔ اور صبح وشام تسبیح کر۔

۔آلِ عمران ۳: ۴۱۔

۱۰۔ بولا: اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی مقرر کر۔ کہا: تیری نشانی یہ ہے کہ تو چنگا بھلا لوگوں سے تین رات بول نہ سکے گا۔ پھر وہ نکل کر اپنی قوم کے سامنے آیا۔ پھر ان کی طرف اشارہ کیا کہ صبح وشام تسبیح کرتے رہو۔

۔مریم ۱۹: ۱۰-۱۱۔

۶۔ اللہ کا زکریا علیہ السلام کی بیوی کا نقص دور کر دینا اور یحییٰ بیٹا بخشنا

۱۱۔ سو ہم نے اس کی پکار سنی اور اسے یحییٰ بخش دیا۔ اور اس کی عورت کو چنگا کر دیا۔ یہ لوگ نیکیوں پر دوڑتے اور ہمیں توقع اور ڈر سے پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کرتے تھے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۹۰۔

۱۲۔ اور زکریا کو اس کا کفیل بنایا۔

۔آلِ عمران ۳: ۳۷۔

یحییٰ علیہ السلام

۱۔ آپ کی پیدائش کی حضرت زکریا علیہ السلام کو بشارت

۱۔ پھر جب زکریا محراب میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا۔ فرشتوں نے آواز دے کر کہا کہ اللہ تجھے یحییٰ کی خوش خبری دیتا ہے۔

۔آلِ عمران ۳: ۳۹۔

۹۔ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

۱۰۔ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِـيًّا ۝

۱۱۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْـيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَــيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝

۱۲۔ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ

۱۔ فَنَادَتْهُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ وَھُوَ قَاۗىِٕمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى

۲۔ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ

۳۔ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝

۴۔ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝

۵۔ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ۝

۲۔ اے زکریا! ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں۔ جس کا نام یحییٰ ہوگا۔

۔مریم ۱۹: ۷۔

۲۔ پہلے آپ کا ہم نام کوئی نہیں ہوا

۳۔ اس سے پہلے ہم نے کوئی اس کا ہم نام پیدا نہیں کیا۔

۔مریم ۱۹: ۷۔

۳۔ آپ بچپن ہی سے نبی تھے

۴۔ اے یحییٰ! کتاب کو مضبوطی سے تھامے رہ اور ہم نے اسے بچپن میں ہی قوتِ فیصلہ عطا کی۔

۔مریم ۱۹: ۱۲۔

۴۔ آپ کا تقویٰ وطہارت

۵۔ اور اپنے پاس سے شفقت اور ستھرائی دی۔ اور وہ پرہیزگار تھا۔

۔مریم ۱۹: ۱۳۔

۵۔ ماں باپ سے نیک برتاؤ

۶۔ اور وہ اپنے ماں باپ سے نیک برتاؤ کرتا تھا اور سرکش نافرمان نہیں تھا۔

۔مریم ۱۹: ۱۴۔

۶۔ آپ کا کلمۃ اللہ کی تصدیق کرنا

۷۔ جو اللہ کے کلمہ (عیسیٰ علیہ السلام) کا مصدق اور ایک سیّد ہوگا اور عورتوں سے برطرف رہے گا اور ایک نبی ہوگا نیکوں میں سے۔

۔آل عمران ۳: ۳۹۔

۷۔ آپ کی ولادت، موت اور قیامت کے دن آپ پر سلام

۸۔ اور اس پر سلام ہے جس دن وہ پیدا ہوا اور جس دن مرے اور جس دن زندہ کرکے اٹھایا جائے گا۔

۔مریم ۱۹: ۱۵۔

۶۔ وَبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿١٤﴾

۷۔ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾

۸۔ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿١٥﴾

مریم صدیقہ علیہا السلام

۱۔ مریم علیہا اللہ کا خاندان و پیدائش

۱۔ بے شک اللہ نے آدم کو اور نوح کو اور ابراہیم کی اولاد کو اور عمران کی اولاد کو سارے جہانوں پر برگزیدہ کیا ہے۔ یہ اولاد ہیں ایک دوسرے کی۔ اور اللہ سنتا، جانتا ہے۔ جب عمران کی عورت نے کہا کہ اے میرے رب! جو کچھ میرے پیٹ میں ہے خالص آزاد، وہ میں نے تیری نذر کیا۔ تو اسے میری طرف سے قبول کر۔ تو سنتا، جانتا ہے۔ پھر جب اس نے لڑکی جنی تو بولی کہ اے میرے رب! میں نے لڑکی جنی ہے۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ جنی اور بیٹا ایسا نہیں ہوسکتا جیسی وہ بیٹی تھی۔ اور میں نے اس کا نام مریم رکھا۔ اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ پھر اس کے رب نے اسے اچھی طرح قبول کیا۔ اور اچھی طرح بڑھایا۔ اور زکریا کو اس کا کفیل بنایا۔

۔آل عمران ۳: ۳۳-۳۷۔

۱۔ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ إِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٣﴾ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ إِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ إِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ إِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَإِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٣٦﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ

۲۔ بیت المقدس کی مجاورت اور کرامت

۲۔ جب کبھی اس کے پاس زکریا محراب میں آتا تو اس کے پاس کچھ کھانا رکھا ہوا پاتا۔ کہا اے مریم! یہ کھانا کہاں سے تیرے پاس آتا ہے۔ بولی: یہ اللہ کے پاس سے آتا ہے۔ بے شک اللہ جس کو چاہے بے حساب رزق دے۔

۔آل عمران ۳: ۳۷۔

۲۔ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ إِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾

۳۔ کفالت پر جھگڑا

۳۔ یہ غیب کی خبریں ہیں۔ جن کو ہم بذریعہ وحی تجھے بتلاتے ہیں۔

۳۔ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ إِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ

حالانکہ تو ان کے پاس موجود نہ تھا۔ جب وہ اپنے قلم ڈال رہے تھے کہ مریم کا کفیل کون ہو اور تو ان کے پاس نہ تھا جب وہ جھگڑا کر رہے تھے۔

۔آلِ عمران ۳:۴۴۔

۴۔ مریم علیہا السلام کی عصمت و عفت

۴۔اور اس عورت (مریم) کو یاد کر۔ جس نے اپنے ناموس کی حفاظت کی۔ پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی۔ اور اس کو اور اس کے بیٹے کو تمام جہانوں کے لیے نشانی قرار دیا۔

۔الانبیاء ۲۱:۹۱۔

۵۔اور مریم بنتِ عمران کی، جس نے اپنے ناموس کی حفاظت کی۔ پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی۔

۔التحریم ۶۶:۱۲۔

۵۔ مریم علیہا السلام عبادت گزار و صدیقہ

۶۔مریم کا بیٹا مسیح اور کچھ نہیں صرف ایک رسول ہے۔ بے شک اس سے پہلے رسول گزر چکے ہیں اور اس کی ماں صدیقہ تھی۔

۔المائدۃ ۵:۷۵۔

۷۔مریم نے اپنے رب کی باتوں اور اس کی کتابوں کو سچ جانا۔ اور وہ فرماں برداروں میں سے تھی۔

۔التحریم ۶۶:۱۲۔

۶۔ آپ پر اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت

۸۔اور جب فرشتوں نے کہا اے مریم! اللہ نے تجھے پسند کیا اور تجھے پاک کیا۔ اور سارے جہان کی عورتوں پر تجھے برگزیدہ کیا۔

۔آلِ عمران ۳:۴۲۔

۹۔اے مریم! اپنے رب کی اطاعت کر۔ اور سجدہ کر

يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۖ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٤﴾

۴۔ وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهَا مِن رُّوحِنَا وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿٩١﴾

۵۔ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا

۶۔ مَّا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۖ

۷۔ وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ ﴿١٢﴾

۸۔ وَإِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَىٰ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ ﴿٤٢﴾

۹۔ يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ ﴿٤٣﴾

۱۔ إِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٤٥﴾

۲۔ قَالَتْ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ ۖ قَالَ كَذَٰلِكِ اللَّهُ

اور نمازیوں کے ساتھ نماز پڑھا کر۔

۔آلِ عمران ۳:۴۳۔

عیسیٰ علیہ السلام

۱۔ عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت

۱۔اور جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! اللہ تجھے اپنے ایک کلمہ کی جس کا نام مسیح عیسیٰ ابن مریم ہے، خوش خبری سناتا ہے۔ وہ دنیا اور آخرت میں عزت والا اور مقربین میں سے ہوگا۔

۔آلِ عمران ۳:۴۵۔

۲۔ حضرت مریم کا استعجاب

۲۔مریم بولی اے میرے رب! میرے لڑکا کیونکر ہوگا۔ حالانکہ مجھے

کسی بشر نے نہیں چھوا۔ فرمایا: اسی طرح، اللہ جو چاہے پیدا کرتا ہے۔ وہ جب کوئی کام ٹھہراتا ہے تو صرف اتنا کہہ دیتا ہے کہ ہو جا۔ سو وہ ہو جاتا ہے۔

۔آلِ عمران ۳:۴۷۔

۳۔ کیفیت ولادتِ عیسیٰ علیہ السلام

۳۔اور کتاب میں مریم کو یاد کر۔ جب وہ اپنے لوگوں سے ایک شرقی مکان میں الگ ہو بیٹھی۔ پھر ان کی طرف سے ایک پردہ ڈال لیا۔ پھر ہم نے اس کی طرف اپنی روح کو بھیج دیا۔ پھر وہ روح اسے پورا انسان دکھائی دی۔ مریم نے کہا: میں تجھ سے رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو پرہیزگار ہے۔ کہا: میں تو تیرے رب کا رسول ہوں۔ تاکہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا بخشوں۔ وہ بولی: میرے لڑکا کیونکر پیدا ہوگا اور کسی آدمی نے مجھے نہیں چھوا اور میں ہرگز بدکار نہیں۔ بولا یوں ہی ہوگا۔ میرے رب نے کہا کہ یہ کام مجھ پر آسان ہے۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ اس لڑکے کو آدمیوں کے لیے معجزہ اور اپنی طرف سے رحمت بنائیں۔ اور یہ امر ازل سے مقرر ہے۔ پھر مریم کو اس بچہ کا حمل ہوا۔ پھر وہ اس کے ساتھ کسی دور کے مکان میں کنارے ہو بیٹھی۔ پھر جننے کا درد اسے ایک کھجور کی جڑ کے پاس لے آیا۔ بولی: کاش میں اس سے پہلے مر چکتی اور بھولی بسری ہو جاتی! پھر اس کے نیچے سے اس کو آواز دی کہ غم نہ کھا۔ تیرے رب نے تیرے نیچے پانی کا ایک چشمہ جاری کر رکھا ہے۔ اور تو اپنی طرف

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ إِذَا قَضٰىٓ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ ﴿٤٧﴾

۳۔ وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ إِذِ انتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾ فَاتَّخَذَتْ مِن دُونِهِمْ حِجَابًا فَأَرْسَلْنَآ إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾ قَالَتْ إِنِّىٓ أَعُوذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ إِنَّمَآ أَنَا۠ رَسُولُ رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتْ أَنّٰى يَكُونُ لِى غُلٰمٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِى بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۖ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ ۖ وَلِنَجْعَلَهُۥٓ ءَايَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ أَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانتَبَذَتْ بِهِۦ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَأَجَآءَهَا الْمَخَاضُ إِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ يٰلَيْتَنِى مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنتُ نَسْيًا مَّنسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰىهَا مِن تَحْتِهَآ أَلَّا تَحْزَنِى قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّىٓ إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِى وَاشْرَبِى وَقَرِّى عَيْنًا ۖ فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِىٓ إِنِّى نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنسِيًّا ﴿٢٦﴾ فَأَتَتْ بِهِۦ قَوْمَهَا تَحْمِلُهُۥ ۖ قَالُوا۟ يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿٢٧﴾ يٰٓأُخْتَ هٰرُونَ مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا ﴿٢٨﴾ فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا۟ كَيْفَ نُكَلِّمُ مَن كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ إِنِّى عَبْدُ اللّٰهِ ءَاتٰىنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِى نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ وَ

کھجور کی شاخ ہلا، تجھ پر پکی کھجوریں گریں گی۔ سو کھا اور پی اور آنکھ ٹھنڈی رکھ۔ اور جو تو کسی آدمی کو دیکھے تو کہیو کہ میں نے اللہ کے لیے روزہ کی منت مانی ہے۔ سو آج میں ہرگز کسی آدمی سے نہ بولوں گی۔ پھر مریم لڑکے کو اپنے لوگوں کے پاس اٹھا لائی۔ بولے: اے مریم! تو نے بہت بری حرکت کی۔ اے ہارون کی بہن! تیرا باپ بد آدمی نہ تھا۔ تیری ماں بھی خودسر نہ تھی۔ اس پر مریم نے لڑکے کی طرف اشارہ کیا۔ وہ بولے: ہم اس سے جو گود کا بچہ ہے کیونکر کلام کریں۔ وہ بولا: میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا۔ مجھے مبارک کیا۔

جہاں کہیں میں ہوں اور مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا، جب تک میں زندہ ہوں۔ اور مجھے ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا ٹھہرایا۔ اور مجھے ظالم، بدبخت نہیں بنایا اور مجھ پر سلام ہے، جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن میں مروں گا اور جس دن میں جی اٹھوں گا۔ یہ ہے عیسیٰ ابن مریم۔ سچی بات ہے جس میں وہ شک کر رہے ہیں۔

-مریم ۱۹: ۳۱-۳۴-

جَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَ اَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا۪ۖ وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَ لَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ۝ وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَ یَوْمَ اَمُوْتُ وَ یَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ۝ ذٰلِكَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِیْ فِیْهِ یَمْتَرُوْنَ ۝

۴۔ عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات

۴۔ وہ لوگوں سے گہوارے میں اور پوری عمر کا ہو کر کلام کرے گا۔ اور وہ نیک بختوں میں ہے۔

-آل عمران ۳: ۴۶-

۴۔ وَ یُكَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَهْدِ وَ كَهْلًا وَّ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝

۵۔ کہ میں تمہارے پاس تمہارے رب سے ایک نشان لے کے آیا ہوں۔ میں مٹی سے تمہارے لیے پرندے کی صورت بنا کر اس میں پھونک مارتا ہوں، تو وہ بحکم الٰہی ایک پرندہ ہو جاتا ہے اور مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو چنگا کرتا ہوں اور باذن اللہ مُردوں کو جلاتا ہوں۔ اور جو کچھ تم کھا کر آؤ، اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں رکھ کر آؤ، تو میں وہ بتلا دیتا ہوں۔ اس میں تمہارے لیے نشان ہے اگر تم مومن ہو۔

-آل عمران ۳: ۴۹-

۵۔ اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّیْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْـٴَةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ وَ اُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَ مَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِیْ بُیُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝

۶۔ جب اللہ کہے گا: اے عیسیٰ ابن مریم! میرا احسان یاد کر، جو میں نے تجھ پر اور تیری ماں پر کیا تھا، جب میں نے روح القدس سے تیری مدد کی۔ تو لوگوں سے گود میں بولتا تھا اور بڑا ہو کر بھی۔ اور جب میں نے تجھے کتاب اور حکمت اور تورات و انجیل سکھلائی تھی۔ اور جب تو میرے حکم سے مٹی سے پرندے کی صورت بناتا تھا۔ پھر تو اس میں پھونک مارتا تھا، تو وہ میرے حکم سے پرندہ بن جاتا تھا۔ اور تو مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے چنگا کر دیتا تھا۔ اور جب تو میرے حکم سے مُردے نکال کھڑے کرتا تھا۔ اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روکا تھا۔ جب تو ان کے پاس نشانیاں لایا تھا، تو جو ان میں کافر تھے، کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

۶۔ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِیْ عَلَیْكَ وَ عَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَیَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۫ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَهْدِ وَ كَهْلًا ۚ وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ ۚ وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّیْنِ كَهَیْـٴَةِ الطَّیْرِ بِاِذْنِیْ فَتَنْفُخُ فِیْهَا فَتَكُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِیْ وَ تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِیْ ۚ وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِیْ ۚ وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

-المائدہ ۵: ۱۱۰-

۵۔ مائدہ کا نزول

۷۔ جب حواریوں نے کہا تھا کہ اے عیسیٰ مریم کے بیٹے! کیا تیرے رب میں ایسی قدرت ہے کہ وہ آسمان سے ہم پر ایک خوان نازل کرے۔ کہا: اللہ سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔ وہ بولے کہ ہم چاہتے

۷۔ اِذْ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ هَلْ یَسْتَطِیْعُ رَبُّكَ اَنْ یُّنَزِّلَ

ہیں کہ اس میں سے کھائیں اور ہمارے دلوں کو اطمینان ہو اور ہم جان لیں کہ تو نے ہم کو سچ کہا ہے اور ہم اس پر گواہ رہیں۔ عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے اللہ، ہمارے رب! ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل کر کہ ہمارے لیے عید ہو ہمارے پہلے اور پچھلوں کے لیے بھی۔ اور تیری طرف سے ایک نشان ہو۔ اور ہمیں رزق دے اور تو بہتر رزق دینے والا ہے۔ اللہ نے کہا: وہ خوان میں تم پر نازل کروں گا۔ پھر جو کوئی اس کے بعد تم میں سے کافر ہو جائے گا، اسے ایسا دکھ دوں گا کہ ویسا دکھ جہاں میں کسی کو نہ دوں گا۔

-المائدۃ ۵: ۱۱۲-۱۱۵۔

۶۔ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے کھلی دلیلیں دیں

۸۔ اور عیسیٰ ابن مریم کو ہم نے کھلے نشان دیے۔ اور روح القدس سے اس کی مدد کی۔

-البقرۃ ۲: ۲۵۳۔

۹۔ جب تو ان کے پاس نشانیاں لایا۔

-المائدۃ ۵: ۱۱۰۔

۱۰۔ اور جب عیسیٰ روشن نشانیاں لے کر آیا۔

-الزخرف ۴۳: ۶۳۔

۷۔ عیسیٰ علیہ السلام کی اللہ نے روح القدس سے تائید کی

۱۱۔ اور ہم نے روح القدس سے اس کی مدد کی۔

-البقرۃ ۲: ۲۵۳۔

۱۲۔ جب میں نے روح القدس سے تیری مدد کی۔

-المائدۃ ۵: ۱۱۰۔

۸۔ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کا کلمہ ہیں اور اس کی طرف سے روح

۱۳۔ اپنے ایک کلمہ کی جس کا نام مسیح عیسیٰ ابن مریم ہے۔

عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا نُرِيْدُ أَنْ نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ أَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ قَالَ اللّٰهُ إِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَإِنِّيْٓ أُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ أُعَذِّبُهٗٓ أَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۸۔ وَآتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَأَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ

۹۔ إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

۱۰۔ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ

۱۱۔ وَأَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ

۱۲۔ إِذْ أَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ

۱۳۔ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝

۱۴۔ إِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ أَلْقٰهَآ إِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۡ

۱۵۔ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝

۱۶۔ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيْلَ ۝

وہ دنیا اور آخرت میں عزت والا اور مقربین میں سے ہے۔

-آل عمران ۳: ۴۵۔

۱۴۔ مسیح عیسیٰ ابن مریم تو صرف اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہے۔ جسے اس نے مریم کی طرف ڈالا تھا۔ اور روح ہے اس کی طرف سے۔

-النساء ۴: ۱۷۱۔

۹۔ عیسیٰ علیہ السلام کی دنیا و آخرت میں عزت

۱۵۔ اور دنیا میں عزت والا اور مقربین میں سے ہے۔

-آل عمران ۳: ۴۵۔

۱۰۔ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے حکمت کی تعلیم دی

۱۶۔ اور اللہ عیسیٰ کو کتاب اور حکمت اور تورات وانجیل سکھلائے گا۔

-آل عمران ۳: ۴۸۔

۱۷۔ اور جب عیسیٰ علیہ السلام روشن نشانیاں لے کر آیا، کہا کہ میں تمہارے پاس پکی بات لایا ہوں۔ اور اس لیے آیا ہوں کہ تمہارے لیے بعض باتیں بیان کروں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو۔ سو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔

۔الزخرف ۶۳:۴۳

۱۱۔ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے انجیل دی

۱۸۔ اور ان نبیوں کے پیچھے انہیں کے نقش قدم پر ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو تورات کا مصدق بنا کر بھیجا جو اس کے آگے تھی۔ اور ہم نے اسے انجیل دی۔ اس میں ہدایت اور نور ہے۔ اور وہ تورات کی جو اس سے پہلے نازل ہوئی تھی، مصدق ہے اور ہدایت اور نصیحت ہے پرہیزگاروں کے لیے۔

۔المائدۃ ۴۶:۵

۱۹۔ پھر ان کے پیچھے ان کے نقشِ قدم پر ہم نے اپنے رسول بھیجے۔ اور رسولوں کے پیچھے عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا اور اسے انجیل دی۔

۔الحدید ۲۷:۵۷

۱۷۔ وَلَمَّا جَاءَ عِيسَىٰ بِالْبَيِّنَاتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي تَخْتَلِفُونَ فِيهِ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝

۱۸۔ وَقَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِمْ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ ۖ وَآتَيْنَاهُ الْإِنْجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِلْمُتَّقِينَ ۝

۱۹۔ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنَاهُ الْإِنْجِيلَ

۲۰۔ وَمُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ

۲۱۔ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ

۲۲۔ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ

۲۳۔ وَلِأُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ ۚ وَجِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ

۲۴۔ قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا ۝

۲۵۔ لَنْ يَسْتَنْكِفَ الْمَسِيحُ أَنْ يَكُونَ عَبْدًا لِلَّهِ وَلَا الْمَلَائِكَةُ الْمُقَرَّبُونَ ۚ وَمَنْ يَسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا ۝

۲۶۔ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا ۝

۱۲۔ عیسیٰ علیہ السلام نے تورات کی تصدیق کی

۲۰۔ اور مجھ سے آگے تورات ہے، اس کا میں مصدق ہوں۔

۔آلِ عمران ۵۰:۳

۲۱۔ اس کے آگے جو تورات تھی، اس کا مصدق بنا کر بھیجا۔

۔المائدۃ ۴۶:۵

۲۲۔ مجھ سے آگے جو تورات ہے میں اس کا مصدق ہوں۔

۔الصف ۶:۶۱

۱۳۔ تورات کے بعض احکام منسوخ کیے

۲۳۔ اور اس لیے آیا ہوں کہ بعض چیزیں جو تم پر حرام ہوئی تھیں، میں ان کو تمہارے لیے حلال کروں اور تمہارے پاس تمہارے رب سے نشانیاں لایا ہوں۔

۔آلِ عمران ۵۰:۳

۱۴۔ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے تھے اور نبی بھی

۲۴۔ بولا: میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا ہے۔

۔مریم ۳۰:۱۹

۱۵۔ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کی بندگی سے عار نہیں

۲۵۔ مسیح اللہ کا بندہ ہونے سے ہرگز برا نہیں مانتا اور مقرب فرشتے بھی۔ اور جو کوئی اس کی بندگی سے برا منائے اور تکبر کرے گا تو اللہ ان سب کو اپنی طرف جمع کرے گا۔

۔النساء ۱۷۲:۴

۱۶۔ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے نبی ہیں

۲۶۔ اور مجھے نبی بنایا۔

۔مریم ۳۰:۱۹

رسول ہیں

۲۷۔ اور مسیح ابن مریم صرف ایک رسول ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۷۵۔

رسول اور کلمہ

۲۸۔ مسیح عیسیٰ ابن مریم صرف اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہے۔

۔النساء ۴:۱۷۱۔

۱۷۔ عیسیٰ علیہ السلام برکت والے اور نماز و زکوٰۃ کے پابند تھے

۲۹۔ اور مجھے مبارک کیا جہاں کہیں میں ہوں۔ اور مجھے نماز و زکوٰۃ کا حکم دیا جب تک کہ میں زندہ ہوں۔

۔مریم ۱۹:۳۱۔

۱۸۔ اپنی والدہ سے نیک برتاؤ رکھتے تھے

۳۰۔ اور مجھے ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا ٹھہرایا۔ اور مجھے ظالم و بدبخت نہیں بنایا۔

۔مریم ۱۹:۳۲۔

۱۹۔ عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کو توحید کی طرف بلاتے تھے

۳۱۔ اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔

۔آل عمران ۳:۵۰۔ و الزخرف ۴۳:۶۳۔

۳۲۔ بے شک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے۔ سو اسی کی عبادت کرو، یہی سیدھی راہ ہے۔

۔آل عمران ۳:۵۱۔

۳۳۔ اور مسیح نے کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل! اللہ کی عبادت کرو۔ جو میرا اور تمہارا رب ہے۔ بے شک جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا، اللہ اس پر جنت حرام کرے گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

۔المائدۃ ۵:۷۲۔

۳۴۔ بے شک اللہ جو ہے وہ میرا رب ہے اور وہ تمہارا

۲۷۔ مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ

۲۸۔ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ

۲۹۔ وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنتُ وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا

۳۰۔ وَبَرًّا بِوَالِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا

۳۱۔ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ

۳۲۔ إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ

۳۳۔ وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ

۳۴۔ إِنَّ اللَّهَ هُوَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ

۳۵۔ فَلَمَّا أَحَسَّ عِيسَىٰ مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ آمَنَّا بِاللَّهِ وَاشْهَدْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ

۳۶۔ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ

رب ہے۔ سو تم اسی کی عبادت کرو۔ یہ سیدھی راہ ہے۔ پھر جماعتوں نے اپنے درمیان اختلاف ڈال لیا۔ سو دکھ دینے والے دن کے عذاب سے ظالموں کے لیے افسوس ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۶۴-۶۵۔

۲۰۔ عیسیٰ علیہ السلام پر حواریوں کا ایمان لانا

۳۵۔ پھر جب عیسیٰ نے ان کا کفر معلوم کیا تو کہا کہ اللہ کی راہ میں میرا کون مددگار ہے۔ حواریوں نے کہا کہ ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ ہم اللہ پر ایمان لائے اور تو گواہ ہو کہ ہم مسلمان ہیں۔

۔آل عمران ۳:۵۲۔

۳۶۔ اور جب میں نے حواریوں کی طرف وحی بھیجی کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ تو انہوں نے کہا کہ ہم ایمان لائے۔ اور تو گواہ رہ کہ ہم مسلمان ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۱۱۱۔

۳۷۔ مومنو! تم اللہ کے انصار اور مددگار ہو جاؤ۔ جیسے مریم کے بیٹے عیسیٰ نے حواریوں سے کہا تھا کہ کون ہے جو اللہ کی راہ میں میری مدد کرے۔ حواری بولے: ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ پھر بنی اسرائیل میں سے ایک جماعت ایمان لائی اور ایک جماعت کافر رہی۔ سو ہم نے ان لوگوں کو جو ایمان دار تھے ان کے دشمنوں پر مدد دی۔ پھر وہ غالب رہے۔

۔الصف ۶۱:۱۴۔

۴۱۔ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کہنے والے کافر ہیں

۳۸۔ بے شک وہ کافر ہیں جو مسیح ابن مریم کو اللہ کہتے ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۱۷،۷۲۔

۴۲۔ عیسیٰ علیہ السلام اور مریم کے الٰہ نہ ہونے کی دلیل

۳۹۔ وہ دونوں کھانا کھایا کرتے تھے۔

۔المائدۃ ۵:۷۵۔

۴۳۔ عیسیٰ علیہ السلام کی مثال آدم سے

۴۰۔ بے شک عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی سی مثال ہے کہ اس کو اللہ نے مٹی سے بنایا۔ پھر اس سے کہا کہ ہو جا اور وہ ہو گیا۔

۔آل عمران ۳:۵۹۔

۴۴۔ عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں آنحضرت ﷺ کا عیسائیوں سے مباہلہ

۴۱۔ پھر جو کوئی بعد اس کے کہ تجھے علم حاصل ہو چکا ہے۔ اس بارہ میں تجھ سے جھگڑے تو کہہ دے کہ آؤ ہم اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جانیں اور تمہاری جانیں ایک جگہ جمع کریں۔ پھر گڑگڑا کر دعا کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجیں۔

۔المائدۃ ۵:۶۱۔

۳۷۔ يَآ أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ ۖ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ ۖ فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت طَّائِفَةٌ ۖ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَىٰ عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ ۝

۳۸۔ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ

۳۹۔ كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ ۗ

۴۰۔ إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ۝

۴۱۔ فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ۝

۴۲۔ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ آيَةً وَآوَيْنَاهُمَا إِلَىٰ رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ ۝

۴۳۔ إِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَىٰ إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۖ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

۴۵۔ عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی ماں اللہ کی قدرت کی نشانی تھے

۴۲۔ اور ہم نے مریم کے بیٹے اور اس کی ماں کو ایک نشانی بنایا۔ اور ان دونوں کو ایک ٹیلے پر جہاں پڑاؤ اور چشمہ تھا، جگہ دی۔

۔المؤمنون ۲۳:۵۰۔

۴۶۔ عیسیٰ علیہ السلام پر اللہ کی خاص عنایت

۴۳۔ جب اللہ نے کہا: اے عیسیٰ! میں تجھے وفات دینے والا ہوں اور اپنی طرف اٹھانے والا اور کافروں سے پاک کرنے والا۔ اور تیرے تابع داروں کو قیامت کے دن تک کافروں کے اوپر رکھنے والا ہوں۔ پھر میری طرف تمہیں لوٹنا ہوگا۔ پھر جس میں تم اختلاف رکھتے ہو اس میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا۔

۔آل عمران ۳:۵۵۔

۴۴۔ جب مریم کے بیٹے کی مثال بیان کی جاتی ہے، تب ہی تیری قوم کے لوگ اس پر تالیاں بجاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ۔ یہ جو اس کو مثال کے طور پر تیرے سامنے پیش کرتے ہیں تو محض جھگڑے کے لیے اور یہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو۔ وہ کیا ہے؟ صرف ایک بندہ ہے کہ ہم نے اس پر فضل کیا اور اسے بنی اسرائیل کے لیے ایک مثال ٹھہرایا۔ اور اگر ہم چاہیں تو تم میں سے فرشتے نکالیں کہ وہ زمین میں جانشین ہوں۔

۔الزخرف ۴۳: ۵۷۔۶۰۔

۴۴۔ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ۝ وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ ۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَلَائِكَةً فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ۝

۲۷۔ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی نشانی ہیں

۴۵۔ وہ عیسیٰ تو قیامت کی نشانی ہے۔ سو تم اس میں شک نہ کرو اور میرے تابع ہو جاؤ۔ یہ سیدھی راہ ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۱۔

۴۵۔ وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ۝

۲۸۔ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کو اہلِ کتاب پر گواہ ہوں گے

۴۶۔ اور اہلِ کتاب میں سے کوئی نہیں جو اس کی موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لائے۔ اور قیامت کے دن وہ ان سب پر گواہ ہوگا۔

۔النساء ۴: ۱۵۹۔

۴۶۔ وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ۝

۲۹۔ عیسیٰ علیہ السلام پر ان کی پیدائش، موت اور قیامت کو سلام

۴۷۔ مجھ پر سلام ہے جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن میں مروں گا اور جس دن میں جی اٹھوں گا۔ یہ ہے عیسیٰ ابن مریم۔ سچی بات ہے جس میں وہ (نصاریٰ) شک کر رہے ہیں۔

۔مریم ۱۹: ۳۳۔۳۴

۴۷۔ وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا ۝ ذَٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ ۝

۳۰۔ قیامت کو عیسیٰ علیہ السلام سے توحید کی بابت سوال اور ان کا جواب اور اپنے پرستاروں سے بیزاری

۴۸۔ اور جب اللہ کہے گا: اے عیسیٰ مریم کے بیٹے! کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ سے الگ، دو خدا مانو۔ وہ کہیں گے کہ تو پاک ہے۔ مجھ سے کیونکر ہو سکتا ہے کہ وہ بات کہوں جو میرا حق نہیں۔ اگر میں نے کہا ہوگا، تو تو جانتا ہوگا۔ تو میرے دل کی بات جانتا ہے اور میں تیرے دل کی نہیں جانتا۔ چھپی باتوں کا جاننے والا تو ہی ہے۔ میں نے ان سے صرف وہی بات کہی، جس کا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے اور جب تک میں ان میں رہا، ان کا نگہبان رہا، پھر جب تو نے مجھے وفات دی تو تو ہی ان کا نگہبان تھا۔ اور تو ہر شے پر گواہ ہے۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ

۴۸۔ وَإِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ ۚ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ ۚ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا مَا أَمَرْتَنِي بِهِ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا

تیرے بندے ہیں۔ اور اگر تو انہیں بخش دے تو تو ہی زبردست، حکمت والا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۱۱۸-۱۱۷۔

دُمْتُ فِيهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنتَ أَنتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿﴾ إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۖ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿﴾

۳۱۔ عیسیٰ علیہ السلام نہ قتل کیے گئے نہ صلیب دیے گئے

۴۹۔ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا ﴿﴾ بَل رَّفَعَهُ اللَّهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿﴾

۴۹۔ حالانکہ نہ اسے قتل کیا اور نہ اسے صلیب دی لیکن وہ شبہ میں پڑ گئے۔ اور وہ جو اس کے بارہ میں اختلاف رکھتے ہیں، اس کی نسبت شک میں ہیں، انہیں اس کا علم نہیں۔ لیکن وہ گمان کی پیروی کرتے ہیں۔ اور یقیناً اس کو قتل نہیں کیا بلکہ اسے اللہ نے اپنی طرف اٹھا لیا۔ اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۵۸-۱۵۷۔

۳۲۔ عیسیٰ علیہ السلام نے آنحضرت ﷺ کی بشارت دی

۵۰۔ وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿﴾

۵۰۔ اور جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا کہ اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں۔ مجھ سے آگے جو توریت ہے میں اس کا مصدق ہوں اور ایک رسول کی بشارت دیتا ہوں، جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمد (ﷺ) ہوگا۔ پھر جب وہ کھلی نشانیاں لے کر ان کے پاس آیا تو بولے: یہ تو کھلا جادو ہے۔

۔الصف ۶۱: ۶۔

۵۱۔ وَرَسُولًا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ

۵۱۔ اور بنی اسرائیل کی طرف رسول۔

۔آل عمران ۳: ۴۹۔

۳۳۔ عیسیٰ علیہ السلام کے متبعین کے دل میں نرمی اور محبت

۵۲۔ وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً ۚ وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۖ فَآتَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿﴾

۵۲۔ اور جو لوگ اس کے تابع ہوئے ان کے دلوں میں شفقت اور رحمت ڈال دی۔ اور دنیا چھوڑنا جسے انہوں نے خود نکالا اس کو ہم نے ان پر فرض نہیں کیا تھا۔ لیکن انہوں نے اس کو اللہ ہی کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے ایجاد کیا۔ سو جیسا اس کو نباہنا چاہیے تھا، ویسا نباہ سکے۔ پھر جو ایمان دار تھے ہم نے ان کا اجر انہیں دیا اور ان میں بہت بدکار ہیں۔

۔الحدید ۵۷: ۲۷۔

قصۂ اہلِ انطاکیہ

۱۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اپنے تین یاروں کو شہر انطاکیہ والوں کی ہدایت کے لیے بھیجنا، شہر والوں کا انہیں جھٹلانا

۱۔ وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿﴾ إِذْ

۱۔ اور تو ان کے لیے مثال کے طور پر ایک بستی والوں کا حال بیان

أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوٓا إِنَّآ إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ۝ قَالُوا مَآ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَآ أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ۝ وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ قَالُوٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ لَئِن لَّمْ تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ قَالُوا طَائِرُكُم مَّعَكُمْ أَئِن ذُكِّرْتُم بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُونَ ۝ وَجَآءَ مِنْ أَقْصَا الْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَسْعَىٰ قَالَ يَٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِينَ ۝ اتَّبِعُوا مَن لَّا يَسْـَٔلُكُمْ أَجْرًا وَهُم مُّهْتَدُونَ ۝ وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَٰعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَلَا يُنقِذُونِ ۝ إِنِّيٓ إِذًا لَّفِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ۝ إِنِّيٓ ءَامَنتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُونِ ۝ قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يَٰلَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ ۝ بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُكْرَمِينَ ۝ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِۦ مِنۢ بَعْدِهِۦ مِن جُندٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ۝ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَٰمِدُونَ ۝

کر۔ جب اس بستی میں رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو رسول بھیجے تو ان کو ان بستی والوں نے جھٹلایا۔ پھر ہم نے تیسرا رسول بھیج کر ان کی امداد کی۔ تب ان سب نے کہا کہ ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ وہ بولے: تم تو ہماری ہی مانند آدمی ہو اور رحمان نے تو کوئی شے نازل نہیں کی۔ تم سب جھوٹ بولتے ہو۔ بولے: ہمارا رب جانتا ہے کہ بے شک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارا ذمہ تو صرف کھول کر پیغام پہنچا دینا ہے۔ وہ بولے: ہم نے تو تمہیں نامبارک پایا۔ اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے۔ اور ہم سے تمہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا۔ رسول بولے: تمہاری نامبارکی تمہارے ساتھ ہے۔ کیا اس سے کہ تمہیں نصیحت دی گئی تم یہ بات کہتے ہو۔ نہیں تم خود حد سے گذرے ہوئے لوگ ہو۔ اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا۔ بولا: اے میری قوم! ان رسولوں کے تابع ہو جاؤ۔ ان کے تابع ہو جاؤ جو تم سے مزدوری نہیں مانگتے اور راہ پائے ہوئے ہیں۔ اور مجھے کیا ہوا کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم اسی کی طرف پھر واپس جاؤ گے۔ کیا میں اس کے سوا ایسوں کو معبود مان لوں کہ اگر رحمان مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو ان کی شفاعت میرے کام نہ آئے اور نہ وہ مجھ کو چھڑا سکیں۔ اس صورت میں میں صریح گمراہی میں ہوں۔ میں تمہارے رب پر ایمان لایا۔ سو تم مجھ سے سن لو۔ حکم ہوا کہ بہشت میں چلا جا۔ بولا: کاش میری قوم کو معلوم ہو کہ مجھے میرے رب نے بخش دیا اور مجھے عزت والوں میں شامل کیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی فوج نہیں اتاری اور ہم فوجیں نہیں اتارا کرتے۔ ان کا عذاب صرف ایک چنگھاڑ تھی کہ وہ فوراً بجھ رہ گئے۔

-یٰس ۳۶: ۱۳-۲۹-